ان من الشعر لحکمۃ و ان من البیان لسحرا

ہزار ہزار شکر اس ناظم کون و مکاں کا کہ زبان اردو کے شعرائے ماضی و حال کا یہ

مکمل تذکرہ موسوم بہ

تذکرہ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

جلد دوم

جو لالہ سری رام ایم اے منصف دہلوی خلف الصدق عالیجناب آنریبل رائے بہادر

لالہ مدن گوپال صاحب بیرسٹر ایٹ لا رئیس دہلی و لاہور کی لگاتار ۲۰ برس کی محنت و کوشش کا نتیجہ ہے

۱۹۱۱ء

رای گلاب سنگھ پریس لاہور میں چھپکر شائع ہوا

[illegible]

بار اول ۱۰۰۰ جلد قیمت فی جلد مجلد کاغذ قسم اول ... کاغذ قسم دوم ... بلا محصول

تذکرۂ ہزار داستان
معروف بہ
خمخانۂ جاوید ۱۳۲۵ھ
جلد دوم
مولفہ لالہ سری رام ایم۔ اے منصف دہلوی خلف الصدق
عالیجناب آنریبل رائے بہادر لالہ صاحب
سنہ ۱۹۱۱ء
امپیریل بک ڈپو پریس دہلی میں باہتمام لالہ جیون لال چھپا

بحضور اقدس اعلیحضرت قدرقدرت بندگانِ عالی متعالی مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ میر محبوب علیخاں بہادر

فتح جنگ آصفجاہ سادس جی سی ایس آئی جی سی بی شاہِ دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہٗ

ہندوستان میں زبانِ اُردو کی تصنیف یا تالیف کیلئے اس سے بڑی کوئی عزت نہیں ہوسکتی کہ شاہِ دکن اعلیحضرت **میر محبوب علیخاں** جی سی ایس۔ آئی جی سی۔ بی اپنے نام پر **اسکڈیڈیکیشن** منظور فرمادیں۔ یہ امتیاز جو آج توجہاتِ شاہانہ سے میری تالیف کو حاصل ہوتا ہی کہ اُردو کے سب سے بڑے سرپرستِ جو علاوہ سریرآرائے سلطنت ہونیکے خود اقلیم سخن کا بھی تاجدار ہی۔ اس ناچیز نذر کو خلعتِ قبول عطا فرمایا ہی میرے لیے ہمیشہ سرمایۂ ناز رہیگا۔ برسوں کی محنت کا صلہ بندگانِ عالی کی اس ذرّہ نوازی سے ملگیا ؎

غبارِ راہ گشتم۔ سُرمہ گشتم توتیا گشتم
بہر چندیں رنگ گشتم تا بہ چشمت آشنا گشتم

میں نہایت ادب کے ساتھ تذکرۂ "خمخانۂ جاوید" کو حضور کے نامِ نامی سے معنون کرتا ہوں۔ اور اُمید کرتا ہوں کہ اس مبارک نام کی بدولت یہ تذکرہ بھی حیاتِ جاوید پائے گا ✦

گزرانیدہ خادمِ انام سری رام

LALA SIRI RAM, M. A.

Engraved by Mehta Dial Dass Roorkee.

تذکرۂ ہزار داستان

معروف بہ

خمخانۂ جاوید

پابند

پابند - طالب علی نام، رسالۂ رہنمائے تعلیم لاہور کے اڈیٹر ہیں - کلام جو اُنہوں نے ارسال کیا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے ؎

بہت مشہور کوئے عشق میں فرہاد و مجنوں ہیں
تو اِس کوچے میں اپنے بھی انوکھی شان پیدا کر

نہ خواہش ہمیں جنت میں ہرگز مر کے جانے کی
اجازت ہو اگر کوچے میں اُس دلبر کے جانیکی

نہ ہرگز وصل کی شب کو اُٹھاؤ زلف تم رُخ سے
کہ جُوں جوں ہٹتی جاتی ہے سحر کو لاتی جاتی ہے

پادشاہ

پادشاہ - ابوالنصر سلیمان جاہ نصیر الدین حیدر ولی بادشاہ ملک اودھ - شاہ زمن ابوالمظفر غازی الدین حیدر بادشاہ اول اودھ کے خلف الرشید اور جانشین تھے - ۲۰ ربیع الاول ۱۲۴۳ھ ہجری مطابق ۱۲- اکتوبر ۱۸۲۷ء کو ۲۵ برس کی عمر میں مسند حکومت پر جلوس فرمایا مسند نشینی کی تاریخ یہ ہے

برتو اے بادشہِ فیض رسانِ عالم	تخت ایں مملکتِ ہند مبارک باشد
سالِ تاریخ جلوس طرب افزا بشنو	جاوداں سلطنتِ ہند مبارک باشد

ازبسکہ شکیل اور خوشرو جوان تھے۔ سلطنت ہاتھ آتے ہی لہو و لعب کی طرف مائل ہوئے۔ اور رفتہ رفتہ جملہ کاروبار ریاست سے غافل ہوگئے۔ نواب معتمد الدولہ آغا میر کو بوجہ پرخاش و خصومت زمانۂ ولیعہدی برخاست کرکے نواب اعتماد الدولہ فضل علیخان دہلوی کو وزیر بنایا۔ تین برس بعد نواب روشن الدولہ کا ستارہ چمکا۔ اور خلعتِ وزارت عطا ہوا۔ یہ بادشاہ داد و دہش میں اپنے زمانے کا حاتم تھا۔ شکار کا بہت شوق تھا۔ اور اکثر فوج کی درستی کیطرف بھی توجہ رہتی تھی۔ مگر تھوڑے عرصے میں خود غرض اور نمک حرام رفقا اور مصاحبین کے بدولت عیش کے بندے ہوگئے۔ انہیں لوگوں نے والدۂ مکرم نواب بادشاہ محل صاحبہ سے بھی بگاڑ کرادیا۔ بیگم صاحبہ اپنے پوتے منا جان کو لیکر الماس باغ جا رہیں۔ اسپر بادشاہ نے کوتہ اندیش مشیروں کے مشورہ سے ایک اشتہار اس مضمون کا تمام قلمرو اودھ میں شایع کرادیا کہ منا جان میرا بیٹا نہیں ہے۔ حالانکہ ولیعہدی کا خلعت اُنہیں پیشتر دیچکے تھے۔ حضرت کی شادی ایام ولیعہدی میں صاحبعالم مرزا سلیماں شکوہ برادر اصغر اکبر شاہ ثانی کی دختر سے شاہانہ دہوم دہام سے ہوئی تھی۔ یہی بیگم سلطان بہو کے خطاب سے مشہور تھیں۔ لیکن بادشاہ کو اس شاہزادی کی طرف کبھی التفات نہیں ہوا۔ اور بے اولاد رہیں۔

محلات تو صدہا تھے مگر اونمیں مفصلۂ ذیل قابل ذکر ہیں۔ نواب ملکہ زمانی۔ نواب تاج محل صاحبہ۔ نواب قدسیہ محل۔ ان محلات معلی نے اپنی علو حوصلگی۔ فراخدلی۔ اور سیرچشمی سے ایک عالم کو گرویدۂ احسان بنالیا تھا۔ ان کی شانِ امارت۔ کروفر اور اخراجات شاہانہ کے واقعی حالات اگر لکھے جائیں تو فسانوں سے زیادہ مزہ آئے۔ نواب ملکہ زمانی کو چھ لاکھ سالانہ کی جاگیر کے علاوہ ایک لاکھ روپیہ ماہوار جیب خرچ کے لئے ملتا تھا ایسے ہی بیش قرار مواجب دوسرے محلات کے تھے۔ نواب قدسیہ محل کا عروج و اقتدار جملہ دیگر محلات سے بڑھ گیا تھا۔ تقدیر کا کرشمہ دیکھو کہ انہیں ایام میں کسی روز ایک معمولی بات پر بادشاہ ان سے ذرا کبیدہ خاطر ہوگئے۔ اور بیگم نے اس رنج میں سفوف الماس

کھاکر خودکشی کرلی- اِس حادثۂ روح فرسا سے تمام لکھنؤ میں حشر برپا ہوگیا- بادشاہ کو انکی وفات سے کمال صدمہ ہوا- اور یہ داغ مدت العمر لوحِ دل سے نہ مٹا- بادشاہ کے حکم سے قدسیہ محل کے غم میں تمام شہر سوگوار بنا- اور عجیب کہرام برپا ہوا-

امام باڑہ ملحق عمارات چھتر منزل لکھنو- کربلا گومتی پار و تخت گاہ بنام نہاد بارہ امام محاذی حسین آباد آپ ہی کی عہد سلطنت کی یادگار ہیں- تخت گاہ میں قوم سادات کی دختران کمسن بہ لقب اچھوتی یعنی ازواج ایمہ معصومین تلاش کرکے جمع کیگئیں تھیں جہاں حضرت بادشاہ کی طرف سے اُنکی ہرطرح کی خدمت کیجاتی تھی اور لکھوکھا روپیے کے نقد جنس کے علاوہ زیورات مرصع وملبوس فاخرہ اُنہیں بطور نذر دیئے جاتے تھے- صرف یہی نہیں بلکہ کاروبار سلطنت میں اُنکا اور اُنکے اعزا اور اقربا کا بڑا دخل تھا- کوئی امر اُنکی مرضی کے خلاف نہونے پاتا تھا- الغرض شاہی اخراجات حدانذازہ وقیاس سے افزوں تھے اور اسی طرح سے اسلاف کا خزانہ بالکل خالی ہوگیا-

بادشاہ کے مزاج میں لاأبالی پن اور لہو ولعب کا شوق از حد تھا- تلوّن مزاجی اور غصہ کا یہ عالم تھا کہ وزرا اور ہم جلیسوں کی جان ہتیلی پر رہتی تھی- اراذل کا ہر وقت گرد ہجوم رہتا تھا- انگریزی طرز معاشرت کے دلدادہ تھے- چنانچہ اکثر انگریزی لباس زیب بدن ہوتا تھا حتی کہ ٹوپی بھی انگریزی پہنتے تھے- مے نوشی حدِ اعتدال سے متجاوز ہوکر بلائے جان ہوگئی تھی- رفتہ رفتہ قوائے جسمانی کمزور اور قوت اشتہا زائل ہونے لگی- اِسی اثنا میں ۳ ربیع الآخر ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ء دھنیا مہری نے جو مقرب خاص وہمراز تھی طمع دنیوی سے بادشاہ کو زہر دیکر کام تمام کردیا- ۳۵ سال کی عمر پائی اور ۱۰ برس ۵ روز سلطنت کی- اپنی کربلا میں جو گومتی کے اُس پار بنائی تھی دفن کئے گئے- اور خلد منزل خطاب پایا- اِس قلیل مدت سلطنت میں محاصل ملک کے علاوہ ۲۰ کرور روپیہ منجملہ اندوختہ متروکہ جد امجد نواب سعادت علیخان مرحوم صرف میں آیا- تاریخ رحلت ہے

رفت شاہِ جہاں سلیماں جاہ	سوئے جنت ز بارگاہِ اودھ
ہاتفے گفت از سرِ افسوس	بارم رفت بادشاہِ اودھ

آپ کے حقیقی چچا نواب نصیر الدولہ محمد علی شاہ کے لقب سے تخت نشین ہوئے۔ اگرچہ حضرت کی والدہ نواب بادشاہ محل صاحبہ نے فریدون بخت مناجان کو تخت نشین کر دیا تھا لیکن چونکہ بادشاہ اُنکی تہنیت سے انکار کر چکے تھے رزیڈنٹ نے اُنہیں تخت سے اُتار کر نواب نصیر الدولہ کو اورنگ نشین کر دیا۔ اور بیگم صاحبہ اور مناجان کو بجرم بغاوت چنارگڈھ میں نظربند کر دیا۔

حاصل کلام یہ کہ طبیعت موزوں رکھتے تھے۔ اور کبھی کبھی اُردو اور فارسی میں بھی شعر گوئی کا اتفاق ہو جاتا تھا۔ اُن کی اُردو کی یہ غزل بہت مشہور ہے۔ فارسی کے بھی چند اشعار تذکرۂ آفتاب عالمتاب اور روز روشن میں نظر سے گذرے۔

یہ کس مست کے آنے کی آرزو ہے　　کہ ساقی لئے ساغرِ مشکبو ہے
سمایا ہے جب سے تو نظروں میں میری　　جدہر دیکھتا ہوں اُدھر تو ہی تو ہے
جتاؤں میں کیا اپنا حالِ پریشاں　　عیاں زلفِ دلدار سے مو بمو ہے
چلو قبرِ فرہاد پر فاتحہ کو　　کہ آبِ شیریں سے لازم وضو ہے
نکل جائے دم تیرے قدموں کے نیچے　　یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے
گلستاں میں جا کر ہر اک گل کو دیکھا　　نہ تیری سی رنگت نہ تیری سی بو ہے
ستایا ہے ناحق ہمیں تو نے ظالم　　یہ انصاف اللہ کے روبرو ہے
کیا چاک وحشت نے ایسا گریباں　　دو بخیہ کے قابل نہ جائے رفو ہے
شفق سب نکلے ہوتا ہے گردوں پہ ظاہر　　یہ کس کشتۂ بیگنہ کا لہو ہے
عبث مجھکو ہنس ہنس کے دیتے ہو گالی　　زباں کو سنبھالو یہ کیا گفتگو ہے
اگر آپ کے بولا شبِ وصلِ جاناں　　چھری اور مرغِ سحر کا گلو ہے
رہے سایۂ پنجتن بادشاہ پر　　خداوندِ عالم نگہبان تو ہے

پارسا

پارسا۔ منشی فیض پارسا شیخ احمد سرہندی کی اولاد میں سے تھے۔ غدر سے ۲۰ - ۲۵ سال پیشتر دہلی کے مدرسے میں مدرس حساب تھے۔ گاہ گاہ شعر ریختہ بھی کہتے تھے۔ انہیں بزرگ کی تحریک سے

غازی الدین خان کے مدرسے میں جو اجمیری دروازہ کے باہر واقعہ ہے مجلس مشاعرہ کی بنا پڑی مدت تک یہ مشاعرہ نہایت رونق سے جاری رہا مشاہیر شعرائے پایۂ تخت مثل شاہ نصیر - مومن ذوق - آزردہ - غالب - شیفتہ - صہبائی اور اُنکے تلامذہ رشید جمع ہوکر دادِ سخنوری دیتے تھے - شاہ نصیر نے لکھنؤ میں بعض شعرائے نامی کی تحریک سے دو غزلیں کہیں تھیں جنکی ردیف اور قافیہ یہ تھا نفس کی تیلیاں - وہن تیتھر کے - جب اکثر شعرائے دہلی نے ان زمینوں میں غزلیں کہیں - تو شاہ نصیر کو یہ امر بہت ناگوار رہا - چنانچہ اُنھوں نے اس زمین میں پچاس غزلوں کے قریب کہکر اپنے تلامیذ کو دیدیں - اور اس جلسہ کے بعد یہ التزام ہوا کہ ہر مشاعرہ میں طرح کی غزل کے علاوہ یہ طرح بھی برابر جاری رہی - الحاصل کئی ماہ تک تیلیوں کی ردیف پر غزلیں ہوتی رہیں - یہانتک کہ صدہا غزلیں اس زمین میں لکھی گئیں - شاہ نصیر مرحوم کی تلاش قابل صاد اور لایق داد ہے - کہ وہ ہر بار نئے انتی شعر کا دو غزلہ پڑھتے تھے - ان کے علاوہ شاگردوں کی بھی غزلیں ہوتی تھیں - خاقانی ہند ذوق نے بھی اسی زمین میں ایک بڑا قصیدہ مرزا ابوظفر ولیعہد (جو بادشاہ ہوکر بہادر شاہ ہوئے) کی تعریف میں کہکر سر مشاعرہ پڑھا - انجام کار باہمی نزاع کیوجہ سے بزم مشاعرہ درہم و برہم ہوگئی اور اسکے بعد دہلی میں اس رتبے کا دوسرا مشاعرہ نہوا - جناب پارسا کے یہ دو شعر دستیاب ہوئے -

ہے فریاد و فغاں گریہ و زاری سے مُدام		کاش انساں نہ ہمیں حق نے بنایا ہوتا
کوئے الفت سے کے خاکسار اسے دل		مثل آئینہ صاف طینت ہیں ہو

پارسا

پارسا - منشی محرم علی پارسا - رندانہ مشرب بیباک وضع آدمی تھے - شعر گوئی میں مرزا صابر سے اصلاح لیتے تھے - یہ اُنکا کلام ہے ؎

جو دیوانے ہیں اُس پریرو کے		اُن کو کیا کام ہوشیاری سے	
نام کو پارسا ہوں میں لیکن		مست ہوں نرگس خماری سے	

پاکباز

پاکباز - میر صلاح الدین عرف پیر مکھن خلف شاہ کمال نبیرۂ شاہ جمال شاگرد مصطفےٰ خان یکرنگ شاہ مبارک آبرو کے بڑے عزیز دوست تھے - چنانچہ بعض اشعار میں بطور کنایہ اسطرف اشارہ کیا

ہے۔ اور یہ سجع بھی آبرو نے اُنکے نام کا کیا خوب کہا ہے "عالم ہمہ دروغ است و محمد کمن" ان سے تین ہزار بیت کا دیوان یادگار ہے۔ آدمی یارباش خوش وضع اور شکیل تھے۔ اکثر وقت ظرائف اور ریاضت میں صرف کرتے تھے۔ یہ آپ کے کلام کا نمونہ ہے۔

مجھے درد و الم رہتا ہے نت گھیرے میاں صاحب
خبر لیتے نہیں کیسے ہو تم میرے میاں صاحب

چھوڑ تو گھر سے نکلنا ورنہ او بانکی ادا
آجکل تلوار چلتی ہے تری رفتار پر

تلوار ڈھال کیونکہ کریں ایک دم جُدا
اس عاشقی میں رکھتے ہیں بہتو سے لاگ ہم

جلوے تمہارے حُسن کے نت ہیں یہ ہم کہاں
تو تو سجن ہمیشہ ہو افسوس ہم نہیں

پذیر۔ منشی محمد عشرت خان دہلوی۔ ان کے والد نوازش حسین خاں تنویر اچھے شاعر تھے۔ یہ خود دہلی کی عدالت میں سررشتہ دار رہے۔ اپنے والد کے ہمراہ نیپال بھی گئے تھے۔ سنہ ۱۲۶۶ ہجری سال ولادت ہے۔ مندرجہ ذیل کلام آپ سے منسوب ہے۔

سیماب کی طرح کسی کروٹ نہیں قرار
خانہ خراب ہو دلِ پُر اضطراب کا

آنکھوں کو شوقِ دید نے نرگس بنا دیا
جب سے بندھا خیال ہے اُس مستِ خواب کا

جب نہ ہو یار تو اُس جینے سے مرنا بہتر
تو بھی کہہ کیا ہے تری اے دلِ بیمار صلاح

دل ہے بیتاب وہ آتا کسی صورت سے نہیں
کچھ تو دے آج تو او ناصحِ غمخوار صلاح

کیا کیا ہیں بشر جینے پہ نازاں کوئی دن کے
سامان تو برسوں کے ہیں مہماں کوئی دن کے

حال اُس سے کہوں یا ملک الموت کو دم دوں
دم لب پہ جب آیا تو وہ لینے خبر آئے

پروانہ۔ راجہ جسونت سنگھ مرحوم معروف بہ کاکاجی ابن مہاراجہ بینی بہادر نائب نواب شجاع الدولہ شاگرد لالہ سروپ سنگھ دیوانہ۔ ظاہری وجاہت اور حسنِ اخلاق کے باعث اپنے ہمعصر امرا میں ممتاز تھے۔ ایک تذکرہ میں تو انکی خوبصورتی کی یہانتک تعریف لکھی ہے۔ کہ جوان یوسف مثال تھے۔ اور ایک زمانہ زلیخا وار انکا دیوانہ اور فریفتہ تھا۔ استعداد علمی بہت معقول تھی کچھ غزلیں میر مرحوم اور مصحفی کو بھی دکھائیں تھیں ۱۷۸۹ء میں لکھنؤ میں شان و شوکت سے زندگی بسر کرتے تھے۔ صاحبِ دیوان تھے

کلام بہت پاکیزہ اور عمدہ ہے خوش فکر اور طباع امیر تھے۔ ہندی کبت خوب کہتے تھے اور ارباب کمال کے بڑے قدردان تھے حضرت جرأت کا انتقال اُنکے زمانہ میں ہوا۔ چنانچہ اُنہوں نے تاریخ وفات کہی "کہو جنت نصیب جرأت ہے" ڈاکٹر اسپرنگر صاحب کے کتب خانے میں اِن کا دیوان موجود تھا۔ سنہ ۱۸۵۱ء میں انتقال کیا کلام بہم رسیدہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کیا کیجیے ہمدم کہ اُسے دیکھ کے ہم تو
کرتے تو کیا قتل یہ خوں بہتے جو دیکھا
آئینہ ساں سے صاحبِ جوہر کو زخم غم

ہر چند سنبھالے رہے پر دل کو غش آیا
ٹھہرا نہ گیا سامنے قاتل کو غش آیا
اس دور میں تو عیب و ہنر دونوں ایک ہیں

جو کثرت میں وحدت سدا دیکھتے ہیں
بتوں میں وہ نورِ خدا دیکھتے ہیں
جو وہ تیغ ابرو ہیں خونریز ایسے
تو اک دن یہ گردن جدا دیکھتے ہیں
پھلستا ہے پا سے لگا اسپہ ہر دم
ترے رُخ کی جب ہم صفا دیکھتے ہیں
مقرر یہاں غیر آتا ہے شب کو
ترے گھر میں ہم نقش پا دیکھتے ہیں
جُدا ہے جو پروانہ اُس شمع رو سے
نہایت دل اُسکا بجھا دیکھتے ہیں

چشمِ بد دور پری ہے کہ کوئی حور ہے تو
سر سے پا تک جو تجھے دیکھی اک نور ہے تو
لاکھ تدبیر کریں ہاتھ کوئی آتا ہے
اپنے نزدیک تو ایجان بہت دور ہے تو
بحرِ ہستی میں ترا جسم ہے مانندِ حباب
تپہ اک دم کی ہوا کھانے پہ مسرور ہے تو
اُسکی ہمچشمی انہیں آنکھوں نے بس اے نرگس
تجھ کو بینائی سے بہرہ نہیں معذور ہے تو
تن بدن میں جو لگی آگ تو اے پروانہ
کیا کرے اپنے جلا دینے میں مجبور ہے تو

ضعف ہے غش ہے ناتوانی ہے
بن ترے موت زندگانی ہے
کون مدفون ہے چمن میں صبا
جسکی تربت پہ گل فشانی ہے
پوچھتے اب ہو مرغِ دل کا حال
کب سے وہ جنت آشیانی ہے
آپ نے رات چھپکے پی ہے شراب
رنگ چہرہ کا ارغوانی ہے

آہ پروانہ شمع سے ہے لیکن
اے دل تو نہ ڈر حلقۂ گیسو سے کسی کے
دل یار سے اور درد سے دل سو کھے ہیں
تڑپتے جو دیکھی ہیں لاشیں تو دل رات
کہتی ہے عندلیب چمن میں پکار کے
جس نے دیکھا اُسے کیا سجدہ
دیکھ تو ہم سے راست بازو نے
ہم سے رکھکر غبار خاطر میں
اے دل آزار تو ہی کر انصاف
عہد کیا کیا تھے اور قول و قرار

زور اس میں شرر فشانی ہے
یہ سانپ ہیں کیلے ہوئے جادو کے کسی کے
جانے کا نہیں اب تو میں پہلو سے کسی کے
ترے کوچے کو کربلا جانتا ہے
اپنے بھی دن پھریں جو پھریں دن بہار کے
غرض اُس بت نے بھی خدائی کی
تو نے آخر یہ کج ادائی کی
جا کر اغیار سے صفائی کی
ہے یہی طرز دلربائی کی
آہ تیری بھی بے وفائی کی

قطعہ

سدا ہے جام سے شرمندہ چشم مست سے تیری
صراحی بھی خجل ہے اس تری تصویر گردن سے
ایک دن دیکھا نہ تو عاشق کی غمخواری کرے
بیوفا تجھ سے کوئی کب تک وفاداری کرے

کوچۂ گیسو میں دل کو ڈھونڈیئے
کیا ہوا گر راہ کا کچھ پھیر ہے
نسیم آوے نہ شاید کسی کے کی تاثیر
شگفتگی سی ترے غنچۂ دہاں پر ہے

پروانہ

پروانہ - منشی پروانہ علی مراد آبادی - رند مشرب - آزاد منش جوان اوراوائل میں منشی مراد علی حیرت کے شاگرد تھے پھر قیام الدین قائم سے تلمذ اختیار کیا - اکثر کلام بآواز بلند کوچہ و بازار میں شعر پڑھتے پھرا کرتے تھے - آخر کار دیوانے ہوگئے - آخر اٹھارویں صدی میں حیات تھے۔

ہمت حضرت قائم سے اگر ہو امداد
چند ایام میں کر لیجئے دیوان درست

کیوں میاں پروانہ ہوئے جل کر ڈھیر
پھر بھی کسی شعلہ رو کو چاہیے
کیونکہ پیغام بھیجے اُسکا زبانی آوے
نام سنتے ہی مرا جسکو گرانی آوے
جھوٹ کہتا ہے تو قاصد یہ زبانی پیغام
مجکو باور نہیں جب تک نہ نشانی آوے

پرویز

پرویز - منشی مرتضےٰ خانصاحب پرویز لکھنوی شاگرد حکیم سید علی ضامن صاحب شوق ابن جناب میر علی اوسط صاحب رشک لکھنوی آپ ۱۸۷۱ء میں حیات تھے اس سے زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ یہ چند اشعار آپ کے نتائج افکار سے ہیں۔

ترا احسان ہو دورِ فلک میں زندگی بھر کا	ہمیں ساقی جو دے ساغر شرابِ روح پرور کا
کسی صورت نہیں ہٹتی نہیں کھلتے رخ و عارض	نقابِ یار پر دھوکا ہوا سدِّ سکندر کا
سراے دہر حیرت زا مسافر سب ہیں وو دن کے	بنا ہے شکل عبرت دیکھو آئینہ سکندر کا
نہ کیوں عشاق ٹھنڈی سانسیں بھرتے بھرتے مرجائیں	چراغوں کو بجھا دیتا ہے جھونکا بادِ صرصر کا
دمِ تزئین وہ خود بیں دیکھکر صورت کو کہتا ہے	خدا کی شان میرے آگے آئینہ سکندر کا
ترس کھایا تڑپنے پر نہ کچھ پرویز کے اے بت	بتا بہرِ خدا تیرا کلیجہ کیا ہے پتھر کا

پرویز

پرویز - منشی سید یوسف حسین صاحب شاگرد مولانا بیدل آجکل حیدرآباد دکن میں مقیم ہیں - اور وہاں کے نومشق شعرا میں گنے جاتے ہیں یہ کلام کا رنگ ہے۔

ہوتی کیونکر دلنشیں تیری نصیحت ناصحا	دل میں تھے رخنے ہزاروں اور سینہ چاک تھا
سوزنِ تدبیر سے کیونکر رفو ہو چارہ گر	دامنِ تقدیر جب ہاتو نے اُنکے چاک تھا
کوئی واعظ سے پوچھے آپ کو کیا	جسے چاہا اُسے ہمنے دیا دل

پرویں

پرویں - لالہ انگ رائے نائب محافظ دفتر کچہری فرخ آباد - غالبًا نواب کلب حسین خاں صاحب نادر سے تلمذ تھا عرصہ ہوا انتقال کیا - کلام حاضر ہے۔

تیرے وصال کی نہ کبھی آرزو کریں	کیوں واغدار دل کو ہم اے لالہ رو کریں
دل کیوں جلائیں جان کو کیوں کھوئیں بے سبب	تجھ کو کبھی نہ پیار ہم اے لالہ رو کریں
مانگا جو میں نے بوسۂ شیریں تو ناز سے	بولے وہ ہنس کے آپ نہ یہ آرزو کریں

پریشان

پریشان - پنڈت منولال صاحب دہلوی شاہ نصیر کے فیض تلمذ سے بہرہ ور اور اپنے معاصرین میں نامور تھے - یہ انکے اشعار ہیں۔

خوباں کی ادا کوئی کب ناز سے خالی ہے	ہر بات پہ جھڑکی ہے ہر حرف پہ گالی ہے
ہم آئیں تو اُٹھ جاؤ غیر آئے تو آ بیٹھو	یہ وضع نئی جاناں کیا تم نے نکالی ہے

پریشان

پریشان ۔ مولوی رشید محمد واجد خلف شاہ تراب الحق۔ آپ داناپور پٹنہ کے پیرزادوں میں تھے اور مولوی ذاکر علی ذاکر بنارسی کے تلمذ سے بہرہ ور۔ عرصہ ہوا انتقال کیا۔ چند شعر ملے جنکا انتخاب درج ذیل ہے

دل بنا ہے سنگِ مقناطیس مجھ ناشاد کا	تا نہ طرفِ غیر جائے تیر اُس صیاد کا
خوب اے شیخ ریا کار رہا ہی توبہ	دل میں وہ بت ہے زباں پر ہے الٰہی توبہ

پریشان

پریشان ۔ شیخ محمد نیاز علی پریشان ابن شیخ رجب علی ساکن قدیم سندیلہ مقیم آگرہ۔ مرزا حاتم علی بیگ مہر کے شاگرد و صاحب تذکرہ شعراوسخن و مثنوی سرمایۂ عشق ہیں ۱۸۶۶ء میں اڑتیس سال کی عمر تھی۔ اور آگرہ میں مشاعرہ کیا کرتے تھے یہ اُنکا کلام ہے۔

نگاہیں پھیر کر صاحب تو بندے سے خفا ٹھیرے	تمہارے تیر مژگاں اور نشانے کی خطا ٹھیرے
بہاؤ چار آنسو بھی جو ہم کو قتل کرتے ہو	ملالِ خاطرِ نازک ہمارا خوں بہا ٹھیرے
کچھ ایسے پاؤں بہکے رہروانِ دشتِ الفت کے	بھٹک کر بتکدہ کی راہ سے کعبہ میں آ ٹھیرے

پنڈت

پنڈت ۔ پنڈت دیارام کشمیری خلف پنڈت روپ چند۔ نواب عماد الملک غازی الدین خان وزیر کی رفاقت میں باعزاز و آبرو زندگی بسر کرتے تھے۔ اسی وجہ سے اُنکی جاگیر کی دار الریاست فرخ آباد میں زیادہ تر قیام رہتا تھا۔ فارسی کلام میں حافظ غلام محمد آزاد سے مشورہ لیتے تھے۔ شاہ عالم ثانی کے زمانے میں فروغ پایا آپ کے کچھ شعر مولوی قدرت اللہ شوق کے تذکرہ سے انتخاب ہو کر درج کیے گئے

اُس نے ابتک ادھر گذر نہ کیا	آہ نے آہ کچھ اثر نہ کیا
کیا تو نے خراب خانۂ دل	اے صنم کچھ خدا کا ڈر نہ کیا
جان سے ہم گذر گئے لیکن	کبھی تو نے ادھر گذر نہ کیا
آیا جو وہ گل تو گل چمن میں	پھولے نہ سمائے پیرہن میں
اے جان اگر چلا تو یہ جان	تجھ بن نہ رہے گی جان تن میں

پہنچی ہیں جو لب کی تیری باتیں — بیقدر عقیق ہے یمن میں
لایا جو وہ جوئے شیر تو کیا — استاد تھا تیشہ کے وہ فن میں
آنکھوں سے بہاتا خوں کا دریا — طاقت یہ کہاں تھی کوہکن میں
اب تم بھی تو کچھ سلیقہ پنڈت — پیدا کرو شعر اور سخن میں
کیونکر دل اسپر شیدا نہ ہووے — جس کا کتانی پیدا نہ ہووے
اک عمر سے ہے زلفوں کا لٹکا — ڈرتا ہوں دل کو سودا نہ ہووے
سن سن کے ہمارے آہ و نالے — نالاں ہیں پاس رہنے والے
دیکھا ہے وہ جب سے لالہ رخسار — جینے کے پڑے ہیں ہمکو لالے
ہوتی ہیں مژہ کی برچھیاں پار — وہ شوخ ادھر جو دیکھے بھالے
بالا ہی بتاوے سرو بالا — ہیں کان میں جب سے پہنے بالے
ہم پر بھی نگاہ ڈالے پنڈت — اس بت کے خدا یہ دل میں ڈالے

پورن

پورن - منشی پورن سنگھ کایستھ ساکن شاہجہان آباد - نواب سعادت یار خاں رنگین کے تلامذہ میں مشہور اور شہر کے نامور اطباء میں انکا شمار تھا۔ سنسکرت سے بخوبی ماہر اور بالخصوص فن ویدک (طب) میں اپنے زمانے میں بےمثل تھے - گاہے گاہے تفنن طبع کے طور پر شعر بھی کہہ لیا کرتے تھے - غدر ۱۸۵۷ء سے دس بارہ برس پیشتر انتقال فرمایا - یہ ان کے اشعار ہیں -

ہم نام رہائی سے بیزار ہیں اے ہمدم — دل چاہ زنخداں میں ہے جب سے اسیر اپنا
شمشیر تو وہ ابرو اس دل پہ چلا بیٹھے — چھوڑا ہے نگہ ظالم تو بھی کبھی تیر اپنا
اس رہ میں روا رد ہی لازم ہے سدا پورن — ساماں سفر رکھے طیار فقیر اپنا
پیچ و خم کاکل میں مت جانیو دل شبکو — اس راہ میں تو چلکر ہووے نہ خجل شبکو

پہنچا

پہنچا - ان بزرگ کا نام معلوم نہیں ہوا - مسٹر ایف فیلن اپنے تذکرہ میں ان کے متعلق لکھتے ہیں کہ حضرت فردوس آرامگاہ کے عہد میں دہلی میں رہتے تھے - بعض لوگوں کا خیال تھا کہ ہندو تھے

بعض کہتے ہیں کہ مسلمان تھے۔ یہ تین شعر اُنکے ہیں۔

ہر چند کہا دل کو اُسنے نہ کہا مانا
پھر دیکھا تو سمجھا ہے دیوانیکا سمجھانا

چمن میں نکتہ کہا جب صبا نے تجھ لب کا
دہن جو گل کا کھُلا تھا مُنْد انہیں تب کا

زلف کو کہنا پریشاں عقل کی دوری ہے یہ
ہر گرہ میں اُسکے دل ہے گانٹھ کی پوری ہے یہ

پیام

پیام ۔ شرف الدین علیخان پیام سراج الدین علیخان آرزو کے شاگرد اور اکبرآباد کے رہنے والے تھے تذکرہ نویسوں نے انہیں طبقۂ دوم کے شعراء میں مانا ہے۔ محمد شاہ بادشاہ کے زمانے میں فروغ پایا تاباں کے دیوان میں انکی تاریخ وفات موجود ہے۔ فارسی میں بھی صاحبِ دیوان تھے۔ اور ضروریاتِ فن سے باخبر۔ فکرِ صائب و طبع رسا رکھتے تھے۔

قطعہ

دلی کے کج کلاہ لڑکوں نے
کام عشاق کا تمام کیا

ایک عاشق نظر نہیں آتا
ٹوپی والوں نے قتل عام کیا

تم ہو بوس و کنار کی صورت
ہم ہیں امیدوار کی صورت

سب بے نوا ہوں زکاۃ حسن کی دے
اومیاں مالدار کی صورت

بات منصور کی فضولی ہے
ورنہ عاشق کو آہ شولی ہے

پیام

پیام ۔ مرزا حیدر بیگ مغل پورہ من مضاف دہلی کے باشندے۔ اور اوائل میں وہیں رہتے تھے۔ دہلی میں شادی ہوجانے کے باعث یہاں آرہے تھے۔ غدر سے چند سال پیشتر کے مشاعروں میں شریک ہوتے رہے اوائل مشق کا کلام حاضر ہے۔

اس آہِ بے اثر نے کیا پھر نہ کچھ اثر
کل پوچھتا تھا میری گلی کا نشاں وہ شوخ

دیکھا تو کیا جوابِ نزاکت کہ کل پیام
بیتاب ہوگیا ترا سنکر فغاں نہ شوخ

مرجائے بھی کوئی تو تاسف نہ ہو اُسے
بالا پڑا ہے آن کے کس سنگدل کے ساتھ

میرے نالوں سے ہوا سینۂ گردوں افگار
کہ پڑا شام و سحر خون شفق ٹپکے ہے

پیرا

پیرا ۔ منشی مہاراج سنگھ ساکن متھرا۔ ذات کے چوبے اور جلائے تعجب ہے کہ بہت کم خوراک تھے۔ خط شکستہ

کی تحریریں اچھی مہارت حاصل تھی - اوائل میں جوان تخلص کرتے تھے - پھر یہ تخلص اختیار کیا - دہلی قبل از غدر اکثر آیا کرتے تھے -

رات دن کا ہے ترا مشغلہ آرائش زلف　　اس سے کیا تجکو کہ ہے حال پریشاں میرا
میں وہ خاکستر افسردہ ہوں جوں صبح کہ پیر　　داغ خورشید ہے اک اخگر سوزاں میرا
قبر پر فریادیوں کے اپنے تو ہرگز نہ جا　　تیرا پیچھا کب چھٹا اس خاکِ دامن گیر سے

پیرجی

پیرجی - پیرجی قمر الدین صاحب دہلوی - شاگرد نواب اسد اللہ خانِ غالب و سالک مرحوم - کتب فروشی اور معلمی سے بسر اوقات کرتے تھے - ۱۲۹۸ھ میں فوت ہوئے -

رہ و رسم و محبت سے خبر تمکو نہیں اصلا　　ٹھکانا زاہدوں کیا ہے تمہارے دین وایمان کا
پیرجی عشق میں گھلے ایسے　　اُڑ گیا گوشت رہگیا چھلکا
پوچھتا کیا ہے شب مجھکو ہوئی کیونکر بسر　　رات بھر چھاتی پہ رکھا ہے تری تصویر کو
وہ کیا غیر سے رشتۂ مہر توڑیں　　کہ یہ بھی نزاکت کے شایاں نہیں ہے
مرے دل کو کس طرح سے ہو مسرت　　کہ اس بزم میں ہائے رضواں نہیں ہے
ہر اک شعر اس کا ہے گنج معانی　　مقرر یہ غالب ہے شاداں نہیں ہے

تاب

تاب - پنڈت مہتاب رائے دہلوی - آپ کا اصل وطن کشمیر تھا مگر کئی پشت سے دہلی میں خاندان کی سکونت تھی - استعداد علمی معقول اور شعر نہایت اچھا کہتے تھے - اُنیسویں صدی کے شروع میں حیات تھے - لِنکے یہ دو شعر فرط شہرت سے انکی طباعی اور نکتہ سنجی کے کافی گواہ ہیں -

خُو ہوتی ہمیشہ سے تمھاری اگر ایسی	تو کاہیکو بنبھتی مری اسے فتنہ گر ایسی
یا تنگ نکر ناصح ناداں سب مجھے اتنا	یا چلکے دکھاوے دہن ایسا کمر ایسی

تاب

تاب - میر حیدر قوال ولد میر محبت علی ساکن پانی پت - غدر سے دس بارہ برس پیشتر دہلی میں رہتے تھے - فن موسیقی کو عالم شباب میں ایک درویش کامل و ہرم داس نامی سے جو اس فن میں عدیم النظیر تھے حاصل کیا تھا : نکاتِ فن سے کامل واقفیت کے علاوہ نہایت خوش گلو اور خوش لہجہ تھے - آواز میں غضب کا درد تھا - شعر گوئی کیطرف بھی کبھی توجہ ہو جاتی تھی - یہ دو شعر مرزا صابر کے تذکرے سے منتخب ہو کر درج ہوئے -

میں تو تھا عاقل زمانے کا یہ الفت کے طفیل	کوئی سودائی کہے ہے کوئی دیوانہ مجھے
کثرتِ دل ہر شکن میں دیکھ غیرت سے مُوا	آفتِ جاں ہوگیا زلفوں کا سلجھانا مجھے

تاب

تاب - مرزا الطاف حسین شرف تاب گورگانی - خلفِ مرزا امداد اشرف - غدر کے چھ مہینے بعد انھوں نے ظاہر ہو کر حکام سرکار انگریزی سے مددمعاش چاہی بعد تحقیقات پچاس روپیہ ماہوار پنشن مقرر ہوئی اور اور جزیرۂ مور دی سوگن کو بھیجے گئے - یہ ایک شعر انکا ہے -

دیا ہے ہمنے دِل اے تاب کس بمیہر کو دیکھو	کہ پروا ہو نہ اُسکو اور اُسپر اپنا دم نکلے

تابان

تابان - میر عبدالحی دہلوی، سلسلۂ نسب انکا حضرت علی موسی رضا علیہ السلام تک پہنچتا ہے - یہ دلی میں پیدا ہوئے - ایسے حسین و جمیل تھے کہ لوگ انکو یوسف ثانی کہتے تھے - دلی میں ان کی خوبصورتی کی یہ شہرت ہوئی کہ ایک بار خود شاہ عالم بادشاہ انکے دیکھنے کے مشتاق ہوئے - جبش خاں

کے پھاٹک کے پاس مکان تھا اور وہ بڑا دروازہ جو کوچۂ مذکور سے لاہوری دروازے کے بازار میں نکلتا ہے اُس کے بالاخانے پر انکی نشست تھی (یہ مکان ابتک موجود ہے)۔ ایک روز بادشاہ سوار ہو کر اِس راہ سے نکلے۔ انہیں بھی اِس کی پہلے سے اطلاع مِل چکی تھی۔ بازار کی طرف مونڈھا بچھا کر آ بیٹھے۔ بادشاہ جب اِس مقام پر پہنچے تو اسلئے کہ سواری ٹھیرائے کو ایک بہانہ ہو آبِ خاصہ مانگا اور اُسے نوش فرما کر دیکھتے ہوئے چلے گئے۔ میر تاباں حُسن یوسفی کے ساتھ عاشق مزاج بھی تھے۔ قاسم نے انہیں تیسرے طبقے کے شعرا میں لکھا ہے۔ یہ اپنے زمانے میں ہر دلعزیزی کے باعث امرا و رؤسا کے جلسوں کی جان سمجھے جاتے تھے۔ اور معمولی حیثیت میں بھی امیرانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ رنگین مزاج ایسے تھے کہ کوئی میلا تماشا بغیر جائے نہ رہتا تھا۔ شوق بھی اپنے تذکرے میں انکی حسن و خوبی اور خندہ جبینی کی تعریف کرتے ہیں۔ مشہور ہے کہ ابتدائے جوانی میں انکو اسقدر میگساری کا شوق ہوا کہ شب و روز مست و مخمور رہنے لگے۔ اس وجہ سے سخت بیمار ہوئے اور افسوس کہ عرصے قلیل میں وہ آفتاب تاباں افقِ ظلمت سے ہمکنار ہوا اور اپنی رحلت سے جہان کو تیرہ و تار کر دیا۔ میر تاباں حضرت میرزا مظہر جانجاناں علیہ الرحمۃ کے مرید تھے۔ فنِ سخن میں کئی اُستادوں سے فیض پایا تھا۔ شاہ حاتم نے اپنے دیوان کے دیباچے میں جہاں اپنے تلامذہ کا ذکر کیا ہے اِس زمرے میں انکا نام بھی لکھا ہے اور خود انکے کلام سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے میر محمد علی حشمت سے بھی اصلاح لی تھی۔ شیفتہ کا قول ہے کہ تاباں مرزا رفیع سودا کو اپنا کلام دکھاتے اور اُنکی شاگردی پر فخر کیا کرتے تھے۔ انکا لباس اکثر سیاہ رنگ کا ہوتا تھا۔ جو اُنکی دلکش شکل اور جامہ زیب بدن پر نہایت بھلا معلوم ہوتا تھا۔ قدیم تذکروں میں اِنکے حسن و جمال اور طرزِ معاشرت کی خوب خوب حالات لکھے ہیں۔ فیلن صاحب کہتے ہیں، میر تاباں ۱۷۹۶ء میں بقیدِ حیات تھے۔ بہر حال انہوں نے عالمِ شباب میں دہلی میں انتقال کیا۔ فنِ سخن میں بھی نامور ہوئے۔ صاحبِ دیوان تھے۔ اور زبان خوب کہتے تھے۔ خصوصاً معاملے کے اشعار نہایت صاف ہوتے تھے۔ دیوان انکا میرے کتب خانے میں موجود ہے۔ اسمیں سے اشعار ذیل منتخب ہوئے ؎

اے مرد خدا ہو تو پرستار بتاں کا
مذہب ہی میں مرے کفر ہے انکار بتاں کا

مجھے آتا ہے رونا ایسی تنہائی پہ اے تاباں
نہ یار اپنا نہ دل اپنا نہ تن اپنا نہ جان اپنا

آشنا ہو چکا ہوں میں سب کا
جسکو دیکھا سو اپنے مطلب کا

بلبلو کیا کروگے اب چھٹکر
گلستاں تو اُجڑ چکا کب کا

یاں پلک بھی نہ ہم سکیں جھپکا
ایسا قاصد تو جائیو لپکا

جفا پہ اپنی پشیماں نہ ہو ہوا سو ہوا
تری بلا سے مری جی پہ جو ہوا سو ہوا

بنائی خاک بھی تاباں کی تمنے پھر ظالم
وہ ایک دم ہے ترے روبرو ہوا سو ہوا

رخسار و زلف میں ہے اُس گلبدن کے مجھکو
مانند شمع و شبنم لیل و نہار رونا

تبسم دیکھ اُس غنچہ دہن کا
جگر ٹکڑے ہوا ہے ہر کلی کا

تاباں تو رشتۂ غم و اندوہ توڑ اب
تارِ نگہ میں اشک کے موتی پرو چکا

میں خواب میں دیکھا ہے اُسے مہندی لگائے
کیا جانئے کس کس کا لہو آج بہے گا

تاباں فلک سے کیونکہ بھرے ساغر مراد
رہتا ہے واژگوں یہ پیالہ حباب کا

کس کس طرح کی دلمیں گذرتی ہیں حسرتیں
ہے وصل سے زیادہ مزا انتظار کا

اُڑا دے صبا خاک میری اگر تو
تو کوچہ میں اُس بیوفا کے ہی لیجا

حرم کو چھوڑ رہوں کیوں نہ تبکدہ میں شیخ
کہ یاں ہر ایک کو ہے مرتبہ خدائی کا

اخگر کو تہ خاک چھپا رکھیں ہیں دیکھ کر بجھا
تاباں تو تہ خاک بھی جلتا ہی رہیگا

خزاں تک تو رہنے دے صیاد ہمکو
کہاں یہ چمن پھر کہاں آشیانا

ترے غم سے نسیاں ہے یاں تک کہ مجھکو
ادھر بات کہنی اُدھر بھول جانا

کمی کیا مے کی ہو جاویگی میخانہ میں اے ساقی
اگر ہمکو پلا دے گا کبھی اک جام کیا ہو گا

اسباب جہاں کی تو دلا فکر نہ کر تو
حاصل نہیں کچھ اسمیں بجز رنج و مشقت

یہ وہ بت ہیں جنہوں نے رام عالم کو کیا اپنا
کوئی انسے لگا کر دل چھڑا سکتا ہے کیا قدرت

ہنستا ہے گل چمن میں تو نالاں ہے عندلیب / دو دل خوشی نہ دیکھے کبھی اس جہاں کر بیچ

دیکھ اسکو خواب میں جب آنکھ کھل جاتی ہر صبح / کیا کہوں میں کیا قیامت مجھپہ تب لاتی ہر صبح

آگے تو اپنے حسن پہ مغرور تھا ہی تو / اب چاہنے سے میرے ہے دونا ترا گھمنڈ

ہجر میں ساقی کے یارو جب کبھی آتا ہے ابر / تب ہمارے سر پہ کیا روز سیہ لاتا ہے ابر

جو عاشق مرے عشق کی راہ میں / کرو کوچۂ یار میں اسکی قبر

لے میری خبر چشم مرے یار کی کیونکر / بیمار عیادت کرے بیمار کی کیونکر

منصور کو ہوتی نہ اگر دار سے سیڑھی / تو راہ وہ پاتا ترے دیدار کی کیونکر

گل زمیں سے جو نکلتے ہیں برنگِ شعلہ / کوئی جاں سوختہ جلتا ہے تہ خاک ہنوز

دیکھ قاصد کو مرے یار نے پوچھا تاباں / کیا مرے ہجر میں جیتا ہے وہ غمناک ہنوز

دل مرا بسکہ ہے لبیکِ حرم سے بیزار / جا کے بتخانہ میں سنتا ہے صدائے ناقوس

پالکی بھی سب مجھے خدا نے دی / تو بھی تاباں رہا میں خانہ بدوش

کسی سے اسلئے کرتے نہیں ہیں ہم اخلاص / کہ بے نفاق زمانہ میں اب ہے کم اخلاص

ان بتوں کو تو مرے ساتھ محبت ہوتی / کاش بنتا میں برہمن ہی مسلماں کے عوض

ماہ پہونچے ہے کہاں منہ کی جھلک کو تیرے / وہ بھی ہر چند کہ روشن ہے پہ یہ نور نہیں

کوئی دن دیکھنے دے موسم گل / ارے صیاد پھر بہار کہاں

گلشن میں بیٹھنے کو تمہارے دہن کے ساتھ / کھولا تھا منہ کو کلیوں نے پر کچھ نہ بولیاں

سودے میں گذرتی ہے کیا خوب طرح تاباں / دو چار گھڑی رونا دو چار گھڑی باتیں

سن فصلِ گل خوشی ہو گلشن میں آئیاں ہیں / کیا بلبلوں نے دیکھو دھومیں مچائیاں ہیں

انجان ہو تو اس سے کوئی دردِ دل کہے / جو جانتا ہو میں اسے آگاہ کیا کروں

ورا اسے گل نہ آیا رحم اس صیاد کے دل میں / رہی حسرت چمن کی بلبلِ ناشاد کے دل میں

اسی کا کام تھا جو بات کہکر جی دیا اپنا / نہ آیا کچھ بھی دھڑکا جان کا فرہاد کے دل میں

مرے نزدیک شادی اور غم دونو برابر ہیں
کہ اصلا غم نہیں ہوتا کبھی آزاد کے دلمیں

کوئی عاشق ہوا اسیر تو اسکو قتل کرتا ہے
ترحم کچھ نہیں تاباں مرے جلاد کے دلمیں

یہانتک تپش ہے عشق کی مجھ میں کہ بعد مرگ
گل بھی مرے مزار پہ گل کر گلاب ہو

مرتے ہیں آرزو میں اس وقت آن پہونچو
ٹک تمکو دیکھ لیں ہم جلدی سے جان پہونچو

ترے کمند زلف کے ملک بہ ملک ہیں اسیر
بسمل خنجر نگاہ خانہ بخانہ کو بہ کو

گر اسے شعلۂ سوز جگر پروانہ
آپ سے آپ جلیں بال و پر پروانہ

جو بخت مغز ہیں سو سوز دل نہیں رکھتے
کسی نے شمع سے جلتے میں کچھ سنا بھی ہے

عاشق کے واقعہ کو کہا سنکے یار نے
مرنے دیتا اسکو جو ہوتی خبر مجھے

اے باغباں اب تو جاتے ہیں ہم قفس میں
چھوٹے تو پھر ملیں گے گر بال و پر رہینگے

جاتی ہے عمر سر دم ہمکو خبر نہیں ہے
کیا جانئے کہ کبتک ہم بے خبر رہینگے

نہ تجھے شرم بے وفائی ہے
نہ مجھے طاقت جدائی ہے

ظالم میری وفا کا جو لیتا ہے تو حساب
اپنی جفا و ظلم کا بھی کچھ شمار ہے

بیاں کیا کروں ناتوانی میں اپنی
مجھے بات کرنے کی طاقت کہاں ہے

کروں دعوئے خوں میں قاتل سے اپنے
کب آئے گی یارب قیامت کہاں ہے

میں شکوہ کروں جور ظالم کا لیکن
مجھے آہ و نالے سے فرصت کہاں ہے

اسیری سے یاںتک ہوئی اب تو الفت
کہ شام قفس ہمکو صبح چمن ہے

مقرر نہیں کوئی تاباں کا مذہب
کہیں ہے مسلماں کہیں برہمن ہے

علاج دلفگاراں ہے تری آنکھوں کی مخموری
کہ حد نافع ہے زخمی کے تئیں صہبائے انگوری

تجھے اے ماہرو میں شمع سے تشبیہ دوں کیونکر
کہ کچھ نسبت نہیں ہے اسکو وہ ناری ہے تو نوری

کس سے فریاد کروں میں کہ وہ ہرجائی ہے
آہ اس بات میں میری بھی تو رسوائی ہے

محفل کے بیچ سنکے مرے سوز دل کا حال
بے اختیار شمع کے آنسو ڈھلک پڑے

کاٹیں ہیں بتاں تاباں جوں شمع زباں میری		یاں بات کے کہنے کی ہوتی ہے گنہ گاری
تو مے پی اسقدر ظالم کہ تجکو کیف کم ہووے		ترا بیہوش ہو جانا ہمارا ہوش کھوتا ہے
قیامت مجھپہ کل کی رات اسکے ہجر میں لائی		نہ آیا یار میرا آج بھی وہ رات پھر آئی
ہوتا ہوں ترا جو اشتیاقی ساقی	رباعی	بیخود ہو پکارتا ہوں ساقی ساقی
ہے مجکو خمار شب کا۔ لا صبح ہوئی		شیشہ میں جو کچھ کہ مے ہے باقی ساقی
آتش عشق کی کب ہے دل بیتاب کو تاب		قایم النار بھی سیماب کہیں ہوتا ہے
سبھے فصلوں سے کیا تاباں کے ناصح		وہ جانے اور اسکا کام جانے

تضمین

میں تیرے عشق سے از بسکہ کفر میں آیا — طریق مسجد و بتخانہ ایک سا سوجھا
تمام خلق نے مشہور ملحد و بے دیں کیا — دیا ہے قتل کا قاضی نے بھی مگر فتویٰ

بجرم عشق توام میکشند غوغائیست
تو نیز بر سر بام آکہ خوش تماشائیست

مری حیرت کی صورت دیکھ آئینہ ہوا حیراں — مری فریاد سنکر جرس بھی ہے سدا نالاں
مرے افسردہ دلکو دیکھکر کمہلا گئیں کلیاں — مری واسوختگی کو سنکے ہر شب شمع ہے گریاں

مری بیتابیوں کو دیکھکر جلتا ہے پروانہ

تاباں

تاباں ۔ مرزا شجاع الدین احمد خاں تاباں خلف الرشید نواب شہاب الدین احمد خاں ثاقب مرحوم خلف اکبر نواب ضیاء الدین احمد خاں بہادر مغفور رئیس لوہارو ۱۸۶۰ء میں پیدا ہوئے۔ علوم مشرقی میں معقول دستگاہ رکھتے ہیں۔ فن سخن میں پہلے نواب حسین علیخان شاداں مرحوم سے تلمذ اختیار کیا پھر حضرت داغ سے مستفید ہوئے۔ آپکے دو دیوان مرتب ہو چکے ہیں۔ کچھ عرصے سے ریاست حیدرآباد میں بھی وظیفہ خوار رہے۔ اب دہلی میں خانہ نشین ہیں۔ میرزا باقر علیخان کامل خلف متبنی حضرت غالب کی بیٹی انکے نکاح میں ہیں۔ آپ کا منتخب کلام اچھا ہوتا ہے۔ مشتاق اور ر

زود گو ہیں اور کم و بیش جملہ اصناف سخن میں دخل رکھتے ہیں۔ شطرنج کا شوق ہے اور اچھا کھیلتے ہیں راقم تذکرہ کے دلی عنایت فرما ہیں زبان صاف بندش درست ہے۔ طبیعت میں آمد غضب کی ہے۔ اور کیوں نہو شبانہ روز یہی مشغلہ ہے۔ اپنی نازک خیالی اور شاعری پر فریفتہ ہیں۔ کلام کا جو انہیں کا عطیہ ہے انتخاب درج ذیل ہے۔

لیا ہے پہلے دل اب جان لیلے	کریگا اور الفت آزما کیا
ہوا تا باں کو جینا مرنے سے بدتر جو یاد آیا	طلب کا جاں بحق ہونا دہر مغفور مائل کا
ارمان رہے نکل کے شب وصل یار میں	بیچلے نزہ سکے دل امیدوار میں
آئینہ سے بھی رشک رقابت ہے کس لئے	وہ بھی تو دیکھتا ہے بناؤ سنگار میں
نااستواریاں تیرے وعدہ کی بیوفا	ہیں استوار وعدۂ نااستوار میں
پریشاں کر چکی ہیں میری آہیں	یہ ممکن ہے کہ وہ غیروں کو چاہیں
تلوّن انکا شیوہ ہو گیا ہے	محبت ایک سے کیونکر نباہیں
کیا زخمی مرے دل کو جگر کو	چلیں ہیں تیر بن بنکر نگاہیں
نہ آیا راہ پر وہ شوخ ہے ممتے	نکالیں سینکڑوں ملنے کی راہیں
دھرا کیا ہے بجز اُسکے تن زار محبت میں	کہ ہے تار نفس اُلجھا ہوا تار محبت میں
کسی پر مر مٹے ناصح تو اُسکو حال کھل جائے	کہ کیونکر رات دن کٹتی ہے افکار محبت میں
ہوا ہے سب سے بیگانہ زمانہ میں یگانہ ہے	عجب وارفتگی پاتا ہوں سرشار محبت میں
کہتے ہو تم کہ مجھسا بھا نہیں جہاں میں نہیں	آئینہ دیکھکر بھی کھو گئے کہیں نہیں
تری شوخیاں اور مری حسرتیں	سر بزم سب کچھ بیاں کر چکیں
نگاہیں تری اُسپہ پڑنے لگیں	نگہبانیاں پاسباں کر چکیں
وعدہ وہ وعدہ ہے جو وقت پہ ایفا ہو جائے	یوں تو ہر ایک سے وہ وعدہ کیا کرتے ہیں
نظر آگیا جو وہ جلوہ نہیں ہے	اُسے دیکھنا کچھ تماشا نہیں ہے

جو اُس بت کی چوکھٹ کو چوما تو بولا
ہاتھ سے وضع دیدیئے ہی بنی
وہ جو رُوسے شراب بھی چھوٹی
دل کے لیتے ہی دین بھی مانگا
آج تاباں سے مشق کو بھی
ابرو کی تیغ سے سر مقتل لٹا مجھے
خیالات زاہد کو ہیں دُور سے کے
یہ ہونا ہے اکدن کہ تجھے چھوڑ کے بیٹھیں
یہ دعائیں مانگتا ہوں عمر دل میں آپ ہی
جفا پر وفا مجھ وفادار کی
تو ہی بتادے ناصح ناداں میں کیا کروں

یہ کعبہ نہیں ہے کلیسا نہیں ہے
غیر سے آشتی کیے ہی بنی
من گئے جب کبھی پیئے ہی بنی
جو کہا اُسنے وہ کیئے ہی بنی
دُرد آلودہ مے پیئے ہی بنی
مرجاؤ نہیں تو بن کے مسیحا جلا مجھے
مزے چل کے جنت میں لو حور کے
کب تک ترا کہنا دلِ ناشاد کرینگے
آپ کا تیر نظر خنجر بنے اور ٹوٹ جائے
زبانوں پہ بن کر کہانی رہے
دل اختیار میں ہے نہ وہ اختیار کے

تاباں - منشی احمد خاں خلف منشی عباد اللہ خان متوطن خورجہ ضلع بلند شہر۔ آغا شاعر دہلوی سے اپنے کلام میں مشورہ کرتے ہیں۔ طرز جدید میں بھی فکر کرتے ہیں۔ اگرچہ ابھی نو مشقی کا عالم ہے مگر طبیعت تیز اور ذہین ہے اگر کہے گئے تو اچھی ترقی کر جائیں گے۔ زبان کی صفائی کی طرف توجہ زیادہ ہے۔ صاف شعر کہتے ہیں۔ ۱۸ برس کی عمر سے فکر کرتے ہیں ۲۶ برس کی (۱۹۰۸ء) عمر ہے اور گوالیار امپیریل سروس انفنٹری میں کپتان ہیں۔ یہ آپ کا کلام ہے۔

گھر کر گئی ہے دل میں یہ کچھ لذت ستم
یہ مقتضا طرز تمدن ہے ورنہ شیخ
یاروں کی ایک چال تھی یہ بھی ڈرو نہیں
کیا پوچھتے ہو جیتے ہیں مرنے کی آس پر
بیجسم ہم آپ شوق سے سر کاٹ لیجیے

ڈرتا ہوں ہو نجائے وہ بت مہرباں کہیں
دوزخ کہیں ہے اور نہ باغ جناں کہیں
دنیا میں حشر کرتی ہیں آہ و فغاں کہیں
وہ دن خدا دکھائے کہ آئے قضا کبھی
پھیریں گے منہ نہ تیغ سے اہل وفا کبھی

آج وہ برگشتہ مژگاں غیر کی محفل میں ہے	ہائے کیا چبھتا ہوا کانٹا ہمارے دل میں ہے
سُنا منصور کا قصہ تو مجھ سے ہنس کے فرمایا	گنہ گارِ محبت کے لئے یہ بھی سزا کم تھی

تابش

تابش - محمد جعفر نام - اِنکا اصلی وطن الہ آباد تھا مگر غدر سے بیس پچیس برس پیشتر دہلی میں آن رہے تھے جوانی میں معقول عہدوں پر ممتاز رہے - موزوں طبع تھے اور اسطرح کہتے تھے -

کبھی بن بادہ رہ نہیں سکتے	توبہ کچھ ہم کو سازگار نہیں
دل میں خوش ہیں عدو پراے تابش	وہ ستمگر کسی کا یار نہیں

تابش

تابش - محمد عبد الباری نام، خلف منشی سید محمد قاسم مرحوم، مولد و مسکن صاحب گنج گیا ہے - عمر ۱۹ سال کی ہے - فارسی بقدر مناسب جانتے ہیں اور ہنوز زیر تعلیم ہیں - حافظ محمد عبد الرحمٰن بسمل سُنھاروی کے حلقۂ درس میں داخل ہیں - منشی سید مہدی حسن سازش جونپوری خلف اوسط مولوی حکیم سید اولاد علی کاہش جونپوری کے نواسے ہیں - اِنکے والد بھی شاعر تھے اور قمر تخلص کرتے تھے - وہ مولوی فصیح احمد حشر بتھیوی سے اصلاح لیتے تھے - تابش کو عرصہ قلیل سے شعر گوئی شوق ہوا ہے - خواجہ محمد عبد الرؤف عشرت لکھنوی شاگرد شیخ محمد جان شاد پیر و میر سے تلمذ ہے - ایک غزل اُنکی ہمیں ملی، اُسمیں سے یہ شعر منتخب ہوئے -

صاف انکار سے وعدہ تو نہ ٹالا ہوتا	معذرت کا کوئی پہلو بھی نکالا ہوتا
اور کیا تھا جو میں دیتا عوض اک بوسے کے	نقد دل پیشکش خدمت والا ہوتا
عشق کرنا تھا حسینوں سے اگر اے تابش	پہلے اپنے دلِ نالاں کو سنبھالا ہوتا

تاثیر

تاثیر - خواجہ محمد جانصاحب لکھنوی شاگرد نسیم دہلوی - عرصہ ہوا انتقال کیا - کچھ غزلیں نظر سے گزریں اُنکا انتخاب حاضر ہے -

بال کھولے ہوئے زلفوں کی پریزاد آیا	دام بر دوش چمن میں مرا صیاد آیا
بتکدے سے طرفِ کعبہ چلے ہم آخر	ایسا اُس بت نے ستایا کہ خدا یاد آیا
ہے وہ تیزی کہ تصور نے بنایا بسمل	آپ کا خنجر ابرو جو مجھے یاد آیا

خوب ہشیار کیا اُسکے تغافل نے مجھے	بھولا وہ بت مجھے ایسا کہ خدا یاد آیا
ستاتے ہیں لحد مٹی مری برباد کرتے ہیں	ستم ایجاد ابتک یہ ستم ایجاد کرتے ہیں
وہ بلبل ہیں ہمیں صیاد جب آزاد کرتے ہیں	عوض شورِ مبارکباد کے فریاد کرتے ہیں
نشانِ جسم تک باقی نہیں ہے ناتوانی سے	عبث تدبیرِ محبوسی مرے صیاد کرتے ہیں
واقف ہے دردِ دل سے مگر خوب وہ حسیں	کیوں پوچھتا ہے پھر سببِ انتشارِ دل

تاثیر

تاثیر۔ لالہ کنھیالال ولد لالہ کیول کشن باشندہ فرخ آباد۔ منشی سید اسمٰعیل حسین صاحب منیر کے تلامذہ خوش فکر سے تھے۔ ایام غدر میں حیات تھے۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ یہ اُنکے اشعار ہیں

خنجر سے دل کے سینکڑوں ٹکڑے جو کر دیئے	میرا کلیجہ بڑھ گیا اے گل ہزار ہاتھ
ہاتھوں کو ناچ میں جو بکر اُٹھائیے	دریائے حسن آپ کا بڑھکے چار ہاتھ
تاثیر کوئے دامنِ قاتل نہ چھو سکا	دوڑا کے بسملوں نے عبث بار بار ہاتھ

تاثیر

تاثیر۔ حافظ محمد حسین دہلوی۔ غدر سے پیشتر دہلی میں موجود اور خدابخش خاں تنویر کے شاگرد تھے۔ زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ کلام ہے۔

وہ ہوا پاس تو تھا بو میں دل اپنا نہوا	ہائے مطلب تو ہوا حسبِ تمنا نہوا
بیمار کیا اور بھی اس کم نظری نے	ظالم ہمیں مارا تری بیدادگری نے
تجانے کے خیال نے کعبہ جھکا دیا	الفت بتو نکی لائی کہاں نے کہاں مجھے

تاثیر

تاثیر۔ حکیم محمد حسن خاں۔ ساکن ریاست پٹیالے کے رہنے والے اور موجودہ کے شعرا میں ہیں۔ آپکو غالباً مولانا شوکت سے تلمذ رہا ہے۔ کلام ملاحظہ ہو۔

وصالِ یار سے بڑھکر ہے لذت سوزِ فرقت میں	مزہ پاتا ہوں دوزخ میں مرا جاتا ہوں جنت میں
چراغ مہر لیکر ڈھونڈھنے کو مہر نکلا ہے	مری گمگشتہ قسمت کو غبارِ شامِ غربت میں
آبلہ پا ہوں مجھے چھوڑا ہے کیوں گلزار میں	لیچلو مسکن ہے میرا وادیِ پرخار میں
کیوں نہ آجائے قیامت کھیلتی بازار میں	خود اُلجھتے آرہے ہیں اپنی ہی رفتار میں

تاج

تاج - منشی محمد تاج مقیم انبالہ۔ آپ کو مولانا شوکت میرٹھی سے تلمذ ہے۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

پہلو میں رشکِ ماہ تھا دورِ شراب تھا
اک برج میں قران مہ و آفتاب تھا

پل پل جب انگلیوں پہ گنے ہمنے روزِ ہجر
اپنے حساب تو وہی روزِ حساب تھا

سینے پہ بحرِ حسن کے ابھرا ہوا تھا کچھ
یہ قلزمِ شباب کا شاید حباب تھا

آنیسے یہاں کر کرتے ہو ایجان جاں نہیں
ای میریجان جانئیں اب میری جاں نہیں

کیوں پست حوصلہ ہوں مقدر کے سامنے
ہے یہ تو شکوہ عدل کا داور کے سامنے

خورشید یوں ہے عارضِ انور کے سامنے
جیسے چراغ مہرِ منور کے سامنے

اس چاہ نے خدا سے مجھے سرنگوں کیا
کرتا ہوں سجدہ اک بتِ کافر کے سامنے

آنکھوں میں کس غضب کی ہے تسخیر سامری
افسوں چلے نہ چشمِ فسوں گر کے سامنے

تاج

تاج - سید عظمت شاہ صاحب رامپوری شاگرد منشی عابد حسین اوج رامپوری زمانۂ حال کے خوشفکر لوگوں میں ہیں۔ یہ کلام کا انتخاب ہے۔

میکشی سے خاک اب توبہ کریں
ایک دو دم زندگانی اور ہے

توبہ بھی کر لینگے ناصح پی تو لیں
کوئی دن کی یہ جوانی اور ہے

کیا ہوا گر حشر تک زندہ رہے
خضر عمرِ جاودانی اور ہے

فائدہ کیا جبہ و دستار سے
دین کی زاہد نشانی اور ہے

تاسف

تاسف - سید محمد حسن صاحب حضرت پوری تلمیذ حضرت عشق لکھنوی آپکا مطبوعہ دیوان موجود ہے۔ جسکا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے۔ باوجود تلاش حالات دستیاب نہو سکے۔ کلام سے یہ بات ظاہر ہے کہ شعر گوئی میں خاصی قدرت رکھتے تھے۔ مضمون کی طرف بھی طبیعت دوڑتی ہے نشست الفاظ اور انداز بیان بھی خاصہ ہے۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

کیا ترحم آگیا کچھ دل کو تیرے وقتِ ذبح
ہاتھ کیوں چلتا ہے قاتل حلق پر رکتا ہوا

شعلۂ عشق سربلند رہا
اس پہ دل صورت سپند رہا

سوختہ قسمت ہوں ایسا مزرع امید پر
برق گرتی ہیں اگر باران رحمت مانگتا

آب رحمت سے بجھاتا گر نہ خالق روز حشر
شعلۂ دل سے امان مہر قیامت مانگتا

وہ آگ دل میں لگی تھی تمہاری فرقت سے
کہ ابر دیدۂ گریاں جسے بجھا نہ سکا

رخ محبوب جب پیش نظر تھا
چراغ طور گویا جلوہ گر تھا

پس مرگ بھی حشر برپا رہا
ہماری محبت کا چرچا رہا

مسیحا کی صورت نہ آئی نظر
مریض غم ہجر مرتا رہا

ہم تھے قریب مرگ کہ وہ مہرباں ہوا
پیری جب آئی بخت ہمارا جواں ہوا

ہوا ممنون میں تیر نظر کا
نشاں بھی اب نہیں درد جگر کا

شہرہ ہمارے قتل سے انکا سوا ہوا
ناحق کا خون غازۂ تیغ جفا ہوا

ہوا سے اڑ گئیں زلفیں جو انکے روئے روشن پر
ہوا ستو نہیں غل کالی گھٹا چھائی ہر گلشن پر

اے فلک جاؤں کدھر میں کوئے جاناں چھوڑ کر
بلبل نالاں کہاں جائے گلستاں چھوڑ کر

رخسار سے بہم ہیں جو گیسو الگ الگ
بل کھا رہے ہیں کیا یہ سیہ رو الگ الگ

باندھا گلا کسی نے تو کاٹا کسی نے سر
کرتے ہیں ظلم گیسو و ابرو الگ الگ

ہو کے ابرو نگہ سے تری بسمل قاتل
لذت قند مکرر ہوئی حاصل قاتل

تیز بھوں سے بھی خنجر کو نہیں کرتا ہے
حق نے پتھر کا بنایا ہے ترا دل قاتل

ہزاروں عاشقوں کا خون ہوگا وہ نکھرتے ہیں
دھرا ہے سامنے آئینہ کو گیسو سنورتے ہیں

ہر جا ہے اسکا جلوۂ رخ وہ کدھر نہیں
پر جس سے دیکھ لیں وہ ہماری نظر نہیں

مضمون درد قابل شرح و بیاں نہیں
تم جسکو سن سکو وہ مری داستاں نہیں

چرخ کو چکر زمیں کو زلزلہ لرزاں ہیں کوہ
خوف میری آہ سوزاں سے تمہیں لیکن نہیں

کیونکر نہ زندگی ہو بسر اضطراب میں
دل پھنس گیا ہے کاکل پر پیچ و تاب میں

تمہارے گیسو و خالِ جبیں کا وصف ہو کیونکر	نہ ایسا دام دیکھا ہے نہ اس انداز کا دانہ
محب اندوہ سے بہتر نپایا کوئی دنیا میں	بچھوڑا ساتھ ہونے پر اسے کہتے ہیں یارانہ
زلفِ سنبل اور ہے گیسوئے جاناں اور ہے	زلف پیچاں اور ہے زلفِ پریشاں اور ہے
بجائے اشک اب خونِ جگر آنکھوں سے بہتا ہے	الٰہی کس طرح کا درد ہے جو دل میں رہتا ہے
خلوت ہے کنج باغ ہے فصل بہار ہے	ساقی شتاب آ کہ ترا انتظار ہے
یا د تیرے زلف و ابرو کی ہیں بھولوں کس طرح	پاؤں میں زنجیر ہے اور حلق پر شمشیر ہے
گلے سے لگا سکیں کے قابل نہیں ہے	ولاماہِ نو تیغِ قاتل نہیں ہے
تاسف وہ گل کیا ترے بس میں ہو گا	کہ قابو میں تیرے ترا دل نہیں ہے
کہتے ہیں وہ نظر مری تجھ پر رہا تو کی	لایق اگر وفا کے نہ تھا تو جفا تو کی
شکوہ کیا نہ آنے کا اُسنے تو یہ کہا	دل میں تمہارے یاد ہماری رہا تو کی
آہ اب تک کوئی نکلی نہ شرر سے خالی	اشک ٹپکا نہ کوئی لختِ جگر سے خالی
جُدا ہی کر دیا تیغِ جفا سے	بہت اچھی دوا ئے دردِ سر کی
تعلق دستِ وحشت کو ہوا اپنے گریباں سے	بہار آتے ہی جنگل کو چلے اُٹھ کر گلستاں سے

تاسف - جناب ناصر الدین حیدر صاحب خورجوی ضلع بلند شہر -

ناکام آرزوئے محبت کا کام کر	ابرو سے کام لے کوئی خنجر اگر نہو
ہم اور ترکِ عشقِ بتاں واہ ناصحا	یہ تو کبھی نہ ہم سے ہوا عمر بھر نہو

تائب - مولوی محمد حسین تائب برادر زادہ حقیقی مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی - فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون کے تلمذ سے فیضیاب تھے - شعر بہت کم کہتے تھے مگر سخن فہم اعلےٰ درجے کے تھے - دور موجودہ کے مشہور شاعر قاضی غیاث الدین خورشید آپ ہی کے شاگرد ہیں - ونل بارہ سال ہوئے انتقال فرمایا - یہ آپکا کلام ہے -

مجھکو جب عہدِ وفا یاد آیا	اُسکو بھی شغلِ جفا یاد آیا

تاسف

تائب

کہے اُس بت کو مشابہ کس کے — دیکھکر جس کو خدا یاد آیا
عہد پیری میں جوانی کی اُمنگ — آہ کس وقت میں کیا یاد آیا
پھر کتاں وار جگر چاک ہوا — پھر کوئی ماہ لقا یاد آیا

تائب

تائب - ان کا اور حال معلوم نہوا۔ صرف اسقدر واقفیت ہے کہ سنہ ۱۳۰۶ھ کے گلدستۂ شعراء میں ان کی غزلیں دیکھی گئیں انہیں کا انتخاب درج تذکرہ ہے۔ کلام کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آدمی مشاق اور طبیعت دار تھے۔

غضب ہے یار ترے پھول سے بدن کی بہار — بنائے گی ہمیں دیوانہ اس چمن کی بہار
جو دیکھ پائیں عنادل ترے بدن کی بہار — نظر میں اُنکے ابھی خار ہو چمن کی بہار
دکھا رہا ہے عجب رنگ کوہ پر لالہ — پس فنا ہے عیاں خون کوہکن کی بہار
ضرور عارض گلرنگ تیرے دیکھے ہیں — نہیں سفید ہے بوجہ نسترن کی بہار
کسی روش نہ ریاض جہاں پہ ہو راغب — کہ پنج روزہ ہے تائب بس اس چمن کی بہار

وہ لڑکپن کی چال چلتے ہیں — بوسہ دینے پہ بھی مچلتے ہیں
ہم اِدھر ہو رہے ہیں سینہ سپر — تیر مژگاں اُدھر سے چلتے ہیں
باغ دنیا میں وہ شجر ہیں ہم — پھولتے ہیں کبھی نہ پھلتے ہیں
ٹکڑے ہیں دامن و گریباں کے — خوب وحشت کے ہاتھ چلتے ہیں
ڈھونڈھتا ہوں انھیں جو اے تائب — خانۂ دل میں وہ نکلتے ہیں

تائب

تائب - مولانا حافظ نثار احمد خان شاہجہانپوری عرف بدھن خاں خلف رن باز خاں عربی فارسی کے جید عالم اور سن رسیدہ آدمی ہیں۔ شاہجہانپور روہیلکھنڈ کے متوطن اور قوم کے پٹھان ہیں۔ سنہ ۱۲۵۳ھ سال پیدایش ہے اس حساب سے اب ۷۵ سال کی عمر ہے۔ بچپنے ہی میں عارضۂ چیچک کی بدولت آنکھوں سے معذور ہوگئے۔ لیکن چونکہ حافظہ بہت درست پایا تھا اُستاد کی اندک توجہ سے حافظ قرآن ہوگئے۔ اسی طرح کتب درسیہ اکثر حفظ کرلیں۔ نواب غلام احمد خاں

رئیس سے فارسی پڑھی اور اُنھیں کے فیضانِ صحبت سے شاعری کیطرف توجہ ہوئی بعد فراغ تحصیل علوم درس دینا شروع کیا۔ اکثر منتہی طالبعلم اُنسے درس پاچکے ہیں۔ سنہ ۱۳۰۲ھ میں مدرسہ اسلامی بمبئی کے مدرسی کے واسطے طلب ہوئے مگر چند ماہ بعد ملازمت ترک کرکے اپنے ہموطن دوست معشوق علیخان صاحب جوہر کے پاس بھوپال چلے گئے۔ اُنکی وساطت سے نواب عالمگیر محمد خاں کی سرکار سے تیس ۳۰ روپیہ ماہوار اور خاصہ مقرر ہوگیا۔ ۶ ماہ وہاں قیام کیا اور طلبار کو درس دیتے رہے۔ ریاست میں باضابطہ ملازمت کا سلسلہ درپیش تھا کہ ناموافقت آب و ہوا کے باعث علیل ہوکر وطن چلے آئے۔ اور پھر ۱۶ برس تک مدرسہ عربی کے ہیڈ مولوی رہے۔ اب بطور خود منتہی طلبار کو گھر پر درس دیتے ہیں۔ شعر کا بہت شوق ہے۔ شاہجہانپور کے شاعروں کی رکن رکین سمجھے جاتے ہیں۔ تصانیف میں دیوان اُردو کے علاوہ انشا مشہد عشرت نام بڑی ضخیم کتاب ہے جسمیں متعدد اقسام نثر کے نمونے دکھائے ہیں۔ آپ کے شاگرد بکثرت ہیں جن میں تحمل جلالپوری صاحب دیوان ہیں۔ انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

داغ بیچارہ کے دلمیں نہو کیونکر ساقی
ساغرِ مے نہوا لالۂ گلشن اُن کا

نہیں چلتا کوئی فقرہ نہیں بنتا کوئی حیلہ
بسانِ کوششِ بیجا برنگِ سعیِ باطل ہوں

تنگِ وجود مجھسا جانیں کہیں نہیں
آنسو کے پونچھنے کیلئے آستیں نہیں

کھینچے ہوئے ہیں چلہ گماں کی کمان کا
چٹکی سے چھوٹنے کا خدنگِ یقیں نہیں

سر پر نہیں یہ چرخ ہے اُڑا ہوا دھواں
چھالا پڑا ہے پاؤں کے نیچے زمیں نہیں

بلبل کے سوزِ دل نے بھڑک کر جلا دیا
کلیاں قبای گُل میں نہیں آستیں نہیں

بدتر کسی کی موت سے یوں زندگی نہو
جیسا میں بدنصیب ہوں یارب کوئی نہو

برسوں جو میں سسکتے نکلتی نہیں ہے جان
مرجانا عاشقوں کا ترے دل لگی نہو

دفتر مرے گنے گئے جو دے کر رک گئے
تیوری جو مغفرت نے چڑھائی ٹھٹک گئے

غم نہیں تلخیِ دشنام نے گر زہر دیا
لبِ قاتل میں ہے اعجازِ مسیحائی بھی

شہیدِ ناز کا مٹھی میں کسدن خوں بہا لائی
شہادت کا مسک شوخیٔ رنگِ حنا لائی

گلا ہم سخت جانوں کا اجل سے کٹ نہیں سکتا
چڑھا کر سان پر سو بار شمشیرِ قضا لائی

خدا کے سامنے ہوگا مرا ہاتھ اور ترا دامن
جو اس کوچے سے میری خاک بادِ صبا لائی

تھے کدھر اے مری آنکھوں سے گذرنے والے
شیشۂ دل میں پری بن کے اترنے والے

دے اگر اللہ دل انسان کو رکھدے اسمیں داغ
عشق کا سودا عطا کر دے جو سر پیدا کرے

واہ ری قسمت کہ ہم پیدا ہوئے اس عہد میں
عیب سے بدتر ہے گر کوئی ہنر پیدا کرے

رند کہتے ہیں خدا انساں سے پوشیدہ نہیں
دیکھنے کے واسطے زاہد نظر پیدا کرے

بے خبر ہیں نہیں کچھ ہمکو خبر ہوتی ہے
صبح ہوتی ہے کہاں شام کدھر ہوتی ہے

ضعف کا بعدِ فنا بھی یہ اثر ہے باقی
میرے مرنیکی جو برسوں میں خبر ہوتی ہے

بیقراری سے دلِ مضطر کی کیا حاصل مجھے
کر چکا تیرِ نگاہِ جانستاں بسمل مجھے

کچھ نہیں معلوم کس آفت کی ہے تاثیرِ حسن
بھول جاتا ہے تجھے پاتے ہی میرا دل مجھے

ابر کے پردہ سے باہر آفتاب آنے کو ہے
توڑ کر جوبن کی دیواریں شباب آنیکو ہے

رخصت اے وسوسۂ توبہ کہ ہے فصلِ بہار
خیر مقدم ہوسِ بادہ کہ بادل آئے

شمع فانوس ہوئے بزم میں اندھیر ہوا
تم جو آنکھوں میں لگائے ہوئے کاجل آئے

خوبرویوں میں جلا کرتا ہوں تائب مثلِ شمع
ہیں پری پیکر سمجھتے مشعلِ محفل مجھے

تائب

تائب - مولوی عبد القادر - مولانا شوکت میرٹھی کے شاگرد ہیں - قصبہ بوڑیہ ضلع انبالا انکا وطن تھا اور ۱۸۸۴ء میں شملے میں آرمی پریس کے مالک تھے - یہ چند شعر انکے نتائجِ افکار سے ہیں -

کیا فائدہ سر لاکھ زمیں پر کوئی رگڑے
پیشانی کا لکھا کبھی زائل نہیں ہوتا

طے ہو نہیں سکتے کبھی عرفاں کی منازل
رہبر جو کوئی مرشدِ کامل نہیں ہوتا

تیغِ ابرو سے شہادت ہے مری قسمت میں
مجکو دم دیتا ہے ہر دم دمِ شمشیر عبث

کب کسی کے یہ ہوئے ہیں بتِ بے پیر کہو
جان پر کھیلتے ہیں عاشقِ دلگیر عبث

سیم و زر خاک کا ہے ڈھیر قسمت میں نہو	سنگِ پارس ہے عبث نسخۂ اکسیر عبث

تابؔ

تابؔ ۔ منشی کھنولال صاحب خلف منشی جھاؤلال صاحب تلمیذ و نبیرۂ جناب واجب لکھنوی ملازم کوٹھی خزانہ میرٹھ بنک۔ آپ قوم کے کایستھ ہیں اور ریاست حیدر آباد میں کچھ وظیفہ پاتے ہیں عرصہ تک وہاں رہے بھی ہیں۔ دو تین چھوٹے چھوٹے رسالے جنمیں گانے کی چیزیں جمع کی ہیں تالیف کرکے شایع کرا چکے ہیں۔

اب کس طرح سے کہیے جئیگا وہ غمزدہ	تابؔ کو تمنے وصل سے ٹھلایا یہ کیا کیا

کھول کر بال جو وہ گیسوؤں والا نکلا	کوئی مجنوں کوئی مفتوں کوئی شیدا نکلا
قیس نے دشت میں دیکھا جو بگولا اٹھتے	دوڑکر کہنے لگا ناقۂ لیلیٰ نکلا

چاہت میں جوانی ہوئی برباد ہماری	سنتا نہیں اب بھی دلِ ناشاد ہماری
بیکار چبھوتا ہے مرے جسم میں نشتر	خالی ہیں رگیں خون سے فصاد ہماری
صحرا میں مجھے دیکھ کے مجنوں یہ پکارا	اس وقت مدد کیجیے استاد ہماری
دیکھیے کس کسکے ماتھے جائے کس کسکا ہو خون	نیمچہ زیب کمر ہے ہاتھ میں شمشیر ہے
دل کھنچا آتا ہے میرا خود بخود آنکھوں کی راہ	ہائے کس کافر کی یہ جادو بھری تصویر ہے
کہتے ہیں جسکو تیرگیٔ شام ہجر لوگ	سائے ہیں وہ فقط مرے بختِ سیاہ کے
مرے آپکے حسن و الفت کا قصہ	جہاں دیکھیے اب وہاں ہو رہا ہے

دیکھو نکر عاشق جانباز تیرا دل سے بندہ ہو	عجب اللہ نے اے بت تری صورت بنائی ہے
نہیں طاقت ہے مجھ میں دو قدم بھی راہ چلنے کی	کشش تیری محبت کی یہانتک کھینچ لائی ہے

تبارک

تبارک ۔ ابو البرکات سید محمد تبارک حسین صاحب سہسرامی مقیم شہر کلکتہ تلمیذ حضرت داغ دہلوی۔ زیادہ حال معلوم نہیں یہ چند شعر انکے ہیں۔

اثر تجھ میں بھی گر اے نالہائے بے اثر ہوتے	وہ مجھپر نام ہی کو مہرباں ہوتے مگر ہوتے
زمیں پاؤں کے نیچے سے سرک جاتی ہے ہجر میں	کسیکو بھی نہ دیکھا ہے نے حامی وقت پر ہوتے

فلک کو دور کیوں ہوا سے دلِ دردآشنا میرا | کسیکے دل میں کیوں پیدا ہوا یہ میرا جگر ہوتے

تبسم

تبسم۔ شیخ الٰہی بخش لکھنوی ملازم حضرت واجد علیشاہ بخشی گری کی خدمت پر ممتاز اور منشی مظفر علی ہنر کے شاگرد تھے۔ عرصہ دراز تک مٹیابرج کلکتے میں رہے ۱۸۹۵ء میں زندہ و سلامت موجود تھے یہ ان کا کلام ہے ؎

جس کا دل ہو نہ گرفتار اُسے قید کرو
باغباں اُنکے لئے پھولونکا زیور لیجیلا
رل چکے مٹی میں بھی ہم ہو چکے برباد بھی
بیکار نہیں ناخنِ تدبیر کسی وقت
اِسقدر ہے اُسکے بسمل کو تڑپنے کی ہوس
انقلابات زمانے کے یہ دیکھے ہمنے
عشق کے ہاتوں سے ہم در پہ اُٹھے بیٹھے ہیں
آرزو یہ ہے کہ وہ خوش رہیں آباد رہیں

مجکو دکھلاتے ہو تم زلف گرہ گیر عبث
غنچہ مٹھی میں بچھاور کے لئے زر لیجیلا
اب کہاں یہ خاک اے چرخِ ستمگر لیجیلا
کھلتا نہیں پر عقدۂ تقدیر کسی وقت
خود بخود جھکتا ہے قاتل کے نمکداں کیطرف
کل جو آباد تھی ہے آج وہ صحبت برباد
کر چکے صبر و شکیبائی و طاقت برباد
اے تبسم ہوئے ہم حسن کی بدولت برباد

قانع وہ ہوں کہ میری قناعت یہ کہتی ہے
دستِ طلب ہو قطع بریدہ ہو پائے حرص
درد کیوں رکھے یہ حسن و عشق کا افسانہ شمع
شمع کا پروانہ کشتہ یار کی پروانہ شمع
رُخ سے اُٹھا دیا ہے جو اُسنے نقاب کو
دن کر دیا ہے آج شبِ ماہتاب کو
لازم ہے راہِ عشق میں ثابت قدم رہے
رحمت خدا کی سمجھے بتوں کے عتاب کو

تبسم

تبسم۔ نواب سید علی محمد تبسم رئیس تحصیل مرادآباد۔ فن شعر کا بھی شوق ہے یہ چند اشعار اُنکے ہیں۔

کب تک رکھوگے منہ کو چھپائے نقاب میں
کبتک رہے گا چاند سا مکھڑا احجاب میں
کہتے ہو پھر کہ ہمسے تعلق کسیکو کیں
لیتے ہو چٹکیاں دلِ خانہ خراب میں
کہتے تھے ہم بتوں سے لگاؤ نہ اپنا دل
آخر کو پھنس گئے نہ تبسم عذاب میں

تبسم۔ خواجہ مرتضیٰ حسین شاگرد حضرت داغ۔ پیام یار سے کلام نقل ہوا۔

ہجر صنم میں مجکو عجب اضطرار ہے
کچھ یاس کچھ اُمید ہے کچھ انتظار ہے

عاشق کی زندگی ہو کہ معشوق کی وفا
دنیا میں کب کسیکو ثبات و قرار ہے

تپاں

تپاں۔ منشی سید ابرار حسین تپاں شاگرد منشی بشیر حسین نسیم بھرتپوری۔ طبیعت شوخ پائی ہے شعر مزیکا کہتے ہیں اور زبان اور بندش کا بھی خیال رکھتے ہیں فتحپور سیکری ضلع اگرہ کے رہنے والے ہیں۔ اِن کے اشعار آمد سے خالی نہیں ہیں۔ ولی کا رنگ اِن کے کلام میں پایا جاتا ہے۔ ترتیب تذکرہ کے وقت کچھ کلام موصول ہوا اُسمیں سے کچھ اشعار منتخب ہو کر درج ہوئے۔

غرضِ مطلب پہ وہ کہتے ہیں ابھی صبر کرو
ہائے کیا سہل سی تدبیر بتا دیتے ہیں

چرخ سے ہے ہمیں شکوہ نہ رقیبوں سے گلا
ہم تو بیٹھے ہوئے قسمت کو دعا دیتے ہیں

ایک تم ہو کہ وفا پر بھی جفا کرتے ہو
ایک ہم ہیں کہ ستم سہکے دعا دیتے ہیں

بھولے بھالے ہیں حسیں جور و جفا کیا جانیں
چاہنے والے ہی کمبخت سکھا دیتے ہیں

خلوت گزیں وہ رات سے دشمن کے گھر میں ہے
بیتاب میری آہ تلاشِ اثر میں ہے

آساں نہیں ہے اُس بتِ بدخو کا سامنا
قاصد کا سر ہتیلی پہ ہے خط کمر میں ہے

دونوں کی فکر رہتی ہے ہر حال میں مجھے
تم ہو جو میرے دلمیں تو دشمن نظر میں ہے

داغوں کی سیر دیکھئے پہلو میں بیٹھکر
اِک باغ سا کھلا ہوا میرے جگر میں ہے

سر مارتا ہے بادہ پرستوں سے راتدن
شوریدگی کمال کی واعظ کے سر میں ہے

کہتا نہ تھا کہ غیر کی نیت پہ یوں ״ ״ ״
اب درد میرے سر میں ہے یا تیرے سر میں ہے

اسی سے کرتے ہو اقرار وصل کا مجھسے
یہی زبان عدو کے دہن میں دی ہوگی

تم اپنے وصل کے ارماں بھی ساتھ لیجاؤ
پرائے مال کی ہمسے نہ چوکسی ہوگی

ترے خیال سے واعظ یہاں تو پی نہ سکے
خدا نے چاہا تو کوثر پہ ڈٹ کے پی ہوگی

رنگے ہیں میرے لہو میں کسی نے اپنے ہات
حنا بھی دیکھ کے دل میں بہت پسی ہوگی

دلمیں دل دشمن کے ڈالا دوستی کے واسطے
جو نہ کرنا تھا کیا اُن کی خوشی کے واسطے

کاہشیں سی کاہشیں ہیں حسرتیں سی حسرتیں — لوگ کیوں مرتے ہیں ایسی زندگی کیواسطے

ہم سے اچھا ہے عدو؟ دیکھو خدا لگتی کہو — اپنا کیوں ایمان کھوتے ہو کسی کے واسطے

گواہِ خونِ عاشق اور کوئی تھا تمہیں کہدو — تمہاری آستیں محشر میں ہاں آستیں نکلی

شبِ غم تو بھی گھر جاتے ہوئے غیروں کے ڈرتی ہے — تجھے کمبخت ہمنے جب کبھی دیکھا نہیں نکلی

تپاں آتے ہیں آنا کیا جو وہ آئے دمِ آخر — تمنا میں تمنا کیا جو وقتِ واپسیں نکلی

تپش

تپش - مرزا محمد اسمٰعیل معروف بہ مرزا جان - ان کے والد مرزا یوسف بیگ دراصل بخارا کے رہنے والے تھے - مگر تپش کی ولادت خاص شاہجہاں آباد دہلی میں ہوئی - نسبی سلسلہ سید جلال الدین جلال بخاری سے ملتا ہے - آپ طبقۂ دوم کے مشاہیر شعرا میں گذرے ہیں - بقول فیلن سنہ ۱۱۸۰ھ آپ کا سال ولادت ہے - آپ کو فن سخن میں خواجہ میر درد سے تلمذ حاصل تھا - اور زبان سنسکرت میں بھی فی الجملہ مہارت حاصل تھی - ایک کتاب شمس البیان - مثنوی بہار دانش اور ہندی میں ضرب الامثال کی کتاب ان کی تصنیف سے مشہور ہیں - سپاہی پیشہ مرد اور مرزا جہاندار شاہ جواں بخت ولیعہد کی سرکار میں افسر ہو کر اُنکے ہمراہ بنارس بھی گئے تھے - شعر سے دلی عشق تھا - چنانچہ زبان میں صفائی - فصاحت اور مضمون کی تازگی کلام کا لطف بڑھاتی ہیں سنہ ۱۸۱۲ء میں کلکتے میں موجود تھے - انکی مثنوی بہار دانش کا انگریزی میں ترجمہ ہوا ہے - کلام میں درد ہے اور چونکہ

تو گیا پہلو سے پہلو متصل دکھتا رہا — رہ گیا اٹھنے سے جب پہلو تو دل دکھتا رہا

ہماری شمع نے دیکھی جو اشکباری رات — کٹی بچاری کو روتے ہی روتے ساری رات

مرگ سر کے پٹک پر مچل مچل جانا — یہی ادا تو ہمیں بھا گئی تمہاری رات

ترا وہ نامہ جو تھا ہمنے کر رکھا تعویذ — سو بعد مرگ ہوا وہ ہی قبر کا تعویذ

نہ تیغ چل سکی مجھپر تو منفعل ہو کر — لگا یہ کہنے کوئی اسکے ہے بندھا تعویذ

آئے تو ہو کہیں سے آخر ملے ولے تم — کیا ہو جو پھر مرے بھی لگجاؤ اب گلے تم

آواز میری سنکر غرفہ سے جھک کے بولا — کس واسطے کھڑے ہو دیوار کے تلے تم

جیوں کہا میں دیکھ میرا تجھ سوا کوئی نہیں ۔ سنتے ہی بولا کہ ہاں سچ ہے ترا کوئی نہیں

تم تو کہتے ہو کہ دم کے بعد آجاتا ہوں میں ۔ پر خدا جانے ہمیں دم کا بھروسا کچھ نہیں

دشنام کا نہیں کبھی انعام کا نہیں ۔ خود کام وہ مرا تو کسی کام کا نہیں

ساقی سے ہے دور ہے شب ماہتاب ہے ۔ لیکن یہی غضب ہے کہ تو مست خواب ہے

رشک سے تیرے لعل گلگوں کے ۔ غنچے پیاسے ہیں اپنے ہی خوں کے

کس کی طرف سے آج تپش تجھکو یاس ہے ۔ سچ کہہ ہمارے سر کی قسم کیوں اداس ہے

میں نے کہا کہ رکھتا ہوں کچھ تم سے التماس ۔ کہنے لگا کہ سمجھے ہیں جو التماس ہے

[illegible]

ناز سے انداز سے ہر دم نئی اک آن سے ۔ دلربائی کا غرض تیار سب سامان ہے

شاعر اکثر آئینہ رو کہتے ہیں معشوق کو ۔ لیکن آئینہ کو بھی دیکھا تو یاں حیران ہے

کبھی تو پاؤں کی ٹھوکر سے تیرے آشنا ہوتے ۔ اگر خوابیدہ کوچے میں ترے جیوں نقش پا ہوتے

ہمیں تو اشک کے قطرے کا بھی ہے تھامنا مشکل ۔ بھلے وہ لوگ ہیں جنکے تپش دل تھام آتا ہے

قطعہ

ہر طرف آج ہے بسنت کی دھوم ۔ سیر میں سے ہر اک تماشائی

کتنے گل رو جو ہیں بسنتی پوش ۔ جی میں کھٹکے ہے جنکی رعنائی

کہتے ہیں آن کے مجھے ہنس ہنس ۔ دیکھکر میری ناشکیبائی

ہو مبارک تمہیں جنون تپش ۔ پھر نئی رت نئی بہار آئی

تپش

تپش - دہلوی - منشی یوسف علی تپش دہلوی - شاگرد مرزا قادر بخش صابر - خوش مزاج خندہ پیشانی شخص تھے - مرزا صابر کے تذکرے کی ترتیب کیوقت (۱۸۵۲ء) دہلی میں موجود تھے یہ انکا کلام ہے

غصہ اٹھا اٹھا کے یوں ہی بار بار کا ۔ اے دل مزاج تو نے بگاڑا ہے یار کا

اک روز لے تپش کوئی آفت اٹھائیگا ۔ حسرت سے دیکھنا یہ ادھر بار بار کا

اضطراب دل سے کہتے ہیں تپش نہ جانئے ۔ روز کے جھگڑوں سے چھوٹا مر گیا اچھا ہوا

سب طرح پھنس گیا ہے مصیبت میں بہو ۔ آتا ہے رحم اس دل ناکردہ کار پر

دل کھینچتی ہیں اور کسی کو خبر نہیں	کرتی ہیں کام تیری نگاہیں نقاب میں
کوئی مرجائے یا کوئی تڑپے	وہ تو خنجر کو آزما بیٹھے

تپش

تپش - منشی غلام محمد خاں تپش سابق اڈیٹر اودھ اخبار و مالک مشیر قیصر کئی برس تک نواب اکبر علی خان - والی پاٹودی کی مصاحبت میں رہے - پھر پندرہ بیس برس تک مختلف مقامات میں اقامت گزیں رہے - اردو فارسی میں ملکۂ راسخہ حاصل تھا - اخبار نویسی میں اچھا نام پایا تھا - شعر بھی خاصہ کہتے تھے - زبان شستہ بندش درست ہے - لکھنؤ میں عرصے تک اودھ اخبار اور مشیر قیصر کے اڈیٹر رہے - دہلی کی زبان کی حمایت میں اکثر مضامین لکھا کرتے تھے ۱۸۹۰ء کے قریب انتقال کیا - یہ چند شعر اُنکے نتائج افکار سے ہیں -

زاہد و ذکر خدا ہم کیا کریں	ہے بتوں کی یاد ہر دم کیا کریں
اپنے غم میں مر رہے ہیں آپ ہم	غیر کے مرنے کا ماتم کیا کریں
میرے مرنے کی خبر سُنکر تپش	بولے وہ بیساختہ ہم کیا کریں
شکوۂ جور و ستم سُنکے زباں سے میری	بولے وہ عشق میں جتنی ہو مصیبت اچھی
بھولکر مجلس رنداں میں نجانا واعظ	صحبت بد نہیں اکدم کی بھی حضرت اچھی
ہمیں آب خنجر سے دیں گے وہ تسکین	اگر شکوۂ تشنہ کامی کریں گے
ہوئے ایک جلوہ میں بیہوش موسے	تو کیا دعوئے ہمکلامی کریں گے

تپش

تپش - مولوی سید مدد علی خلف مولوی میر نجف علی جعفری سبزواری ۱۸۱۹ء سال ولادت تھا اور ۱۸۶۹ء میں آگرہ میں بود و باش تھی - فن شعر میں پہلے حضرت نظیر کے صاحبزادے خلیفہ گلزار علی کو چند غزلیں دکھائیں پھر مرزا غالب کی خدمت میں حاضر ہوئے - فارسی اور اردو دونو میں فکر کرتے تھے - شعر گوئی کا ملکہ اچھا تھا - اور صاحب استعداد تھے - خزینۃ القواعد - مجاربات ہند جغرافیہ منظوم - کئی رسالے اِن سے یادگار ہیں - ۱۸۶۹ء کے مشاعرے کی غزل کے چند شعر حاضر ہیں -

کبھی ناداں بنے ہم گاہ فرزانہ کیا ٹھیرے
کبھی رند شرابی اور کبھی ہم پارسا ٹھیرے

گدا تیرے کرم سے خسروِ حاجت روا ٹھیرے
تری دیوار کے سایہ تلے اگر ہما ٹھیرے

بسانِ دانۂ تسبیح جس کو ہو سدا گردش
قضا کے ہاتھ پھر کیونکر نہ اُسکا فیصلا ٹھیرے

غم و درد و الم رنج و مصیبت ساتھ ہیں میرے
خدا جانے یہ کس منزل پہ جاکر قافلہ ٹھیرے

رہوں چپکا تو کہتے ہیں زباں کیا کٹ گئی تیری
کبھی کچھ بولتا ہوں تو وہ شکوہ اور گلہ ٹھیرے

تجلّی - دہلوی - میر حسین عرف میر حاجی دہلوی - پسر میر حسن کلیم - شاگرد و خواہر زادہ حقیقی ملک الشعرا میر تقی مرحوم - لیلی مجنوں کا قصہ اُردو میں نظم کیا تھا - طبیعت ظریف اور نکتہ سنجی کیطرف مائل تھی اپنے زمانہ کے مشہور شعرا میں سے تھے زبان بھی شیریں ہے اور کلام میں مزا ہے اور کہیں کہیں حضرت میر کا پرتو آشکارا ہے - دہلی میں بیگم کے باغ واقعہ چاندنی چوک میں رہتے تھے - یہ انکا کلام ہے

مری وفا پہ تجھے روز شک تھا اے ظالم
یہ سر یہ تیغ ہے اب تو اعتبار آیا

یہ شوق دیکھو پسِ مرگ بھی تجلّی نے
کفن میں کھولدیں آنکھیں سنا جو یار آیا

حال ہووے گا بھلا یا کہ بُرا ہووے گا
دل تو ہم دے چکے اب دیکھئے کیا ہو ویگا

کر گلہ شکوہ کو موقوف میاں بس چپ رہ
میں بھی بولونگا تو ناحق تو خفا ہو ویگا

عشق میں تیرے تجلّی نے کیا ترک لباس
بے نوا وار سرِ راہ کھڑا ہووے گا

آنکھیں خدا نے دیکھنے کو دی ہیں میر جاں
دیکھا تری طرف کو کسی نے تو کیا ہوا

عشق میں کرتے ہیں بدنام تجلّی کو عبث
وہ بچارا کبھی اس کوچے میں آیا نہ گیا

یہاں تک گریہ میں روئے سحر تک
گلی کوچے میں پانی ہے کمر تک

تر دامن آگیا جو ہیں روزِ حساب میں
کہنے لگے بٹھاؤ اسے آفتاب میں

جب رات تھی دراز ملاقات کم ہوئی
ملنے کے دن جو آئے تو بات کم ہوئی

ہم زیرِ خاک لیکے جو یہ چشم تر گئے
اندھے کنوئیں بھی جتنے تھے پانی سے بھر گئے

لوگ اُسکی تو جفاؤں کی خبر رکھتے نہیں
بیوفا مجکو ہی کم ملنے سے ٹھیرانے لگے

حال تیرا اُنسے کیا کہتا تجلی ہیں بھلا
وہ تو تیرے نام ہی کو سُنکے شرمانے لگے

وہ ابتو ہمیں بھول گئے ہیں یہ تجلی
جب ہم نہیں ہونگے بہت یاد کرینگے

تجلی

تجلی - تجلی علی شاہ ساکن حیدرآباد، نہایت نیک خصلت پاک طینت درویش مشرب تھے ۵

دامن کا کس کے عکس پڑا ہی کہ آجتک
پھیلا رہے ہیں سرو لب جویبار ہات

تجلی

تجلی - منشی محمد افضل خلف مولوی رجب علی - قوم کے شیخ صدیقی اور سندیلہ ضلع ہردوئی کے قدیم متوطن تھے - لیکن اِنکے دادا مولوی محمد مکین ۱۸۰۵ء میں بہ تقریب ملازمت آگرہ آئے اور پھر یہیں سکونت اختیار کرلی - ان کے بھائی ڈپٹی مولوی سید محمد حسن فیروزآباد کے تحصیلدار تھے - فن شعر میں مرزا عنایت علی بیگ ماہ سے استفادہ کرتے تھے آپ خود ۱۸۶۹ء میں اگرہ کی منصفی میں سررشتہ دار تھے - ۱۸۴۵ء سال ولادت اور یہ کلام کا انتخاب ہے -

مریجاں آپ رُستے میں مسیحا سے سوا ٹھیرے
تن بیجاں میں جان آئی سرہانے جو آ ٹھیرے

خریدے نقدِ جاں دیکر زلیخا حسن کا سودا
جو شہر مصر میں جاکر مرا یوسف لقا ٹھیرے

پری تمثال ہو خورشید وش ہو ماہِ کامل ہو
میں کیا تمکو بتاؤں تم مری نظروں میں کیا ٹھیرے

تجلی

تجلی - لٹے جی متخلص تجلی شاگرد منشی مینڈو لال زار لکھنوی - واجد علیشاہ کے زمانہ کے شعرائے لکھنو میں سے تھے - ۱۸۷۴ء تک حیات تھے - یہ اُنکا کلام ہے ۵

مختار ہے چاہے وہ مجھے دیکھے نہ دیکھے
آنکھ اپنی تو اُس رونقِ محفل سے لگی ہے

مر جائیے کچھ کھا کے یہی دل سے لگی ہے
کیوں آنکھ مری اُس بتِ غافل سے لگی ہے

صورت اُسے دکھلا دے ذرا سنتی ہے لیلی
مجنوں کی نظر پردۂ محمل سے لگی ہے

لے آئے گی اگر وہ اُسے میری طرف کو
شمشیرِ قضا قبضۂ قاتل سے لگی ہے

موسی کو نظر آیا تھا جس دشت میں جلوہ
لو اپنی تجلی اُسی منزل سے لگی ہے

تجلی

تجلی - کنور شنکر دت صاحب دوبے بہادر تجلی - برادر راجہ جونپور - وسیم خیرآبادی سے اصلاحِ سخن لیتے ہیں - ۲۷-۲۶ برس کی عمر اور یہ کلام ہے -

مصحفِ رخ پہ لٹکتا ہے وہ گیسوئے سیاہ
بوسے قرآن کے لیتا ہے یہ ہندو ہوکر

کھیلتی ہیں تیری آنکھیں دلِ عاشق کا شکار
صیدِ شیر ونکو یہ کرلیتی ہیں آہو ہوکر

لبِ ہر زخم سے نکلی یہ صدا بسم اللہ
دل میں بیٹھا جو ترا تیر ترازو ہوکر

کبھی آتا تو ہے تو اُسکی عیادت کیلئے
یہ بُرا بھی ترے بیمار کا حال اچھا ہے

تصویر سے گھٹا مری چشمِ پرآب کی
بجلی ہے ایک موج مرے اضطراب کی

وہ مستِ ناز ہاتھ سے اپنے جو مے پلائے
پھر کس کو سوجھتی ہے عذاب و ثواب کی

تجلی

تجلی - منشی سید منتخب الدین۔ شاگرد مرزا ضیا گورگانی و حضرتِ داغ پہلے خمار تخلص کرتے تھے ۴۴ ۳۵ برس کی عمر ہے۔ اور کلام صاف ہے۔ زبان اور بندش بھی قابلِ ستایش ہے۔ معاملہ گوئی کا شوق ہے۔ طبیعت اِس فن سے مناسبت رکھتی ہے۔ مشق جاری رہی تو اُمید ہے کہ اچھا کہنے لگیں گے کلام ملاحظہ ہو۔

سُرخ ہوجائیں دشت کے کانٹے
جب مزا ہے برہنہ پائی کا

دیر سے زاہد میں کیوں جاتا وہاں
کیا حرم میں ہی خدا کا نور تھا

تارِ نظر سے دل کا ہوا ہے چارہ گر رفو
ہے زخم میرے دل پہ کسی کی نگاہ کا

خواہاں ہیں آپ دل کے تو حاضر ہے لیجئے
اِس شرط پر کہ قول ہو پہلے نباہ کا

کیا بدحواس آئے ہو تم دلکو تھام کر
دیکھا اثر ستائے ہوئے دل کی آہ کا

شیخ کل میکدہ میں بیٹھا تھا
آدمی کیا تھا اک تماشا تھا

جو تمہاری جفائیں سہتا تھا
وہ مرا دل مرا کلیجا تھا

دیکھکر اسکو کیوں تڑپتا تھا
اے دل مبتلا بتا کیا تھا

میں تو دل اپنا مُفت دیتا تھا
کیوں نہ تمنے لیا بُرا کیا تھا

دشمن بنا ہے جالگا میری وہ ہائے ہائے
اپنوں کو جس کے واسطے بیگانہ کر دیا

حضرتِ دل زلف میں پھنسکر نکلنے کا خیال
توبہ توبہ ہے بہت مشکل رہائی آپ کی

چھوڑنے پنائے زلف کہ دل کی طلب ہوئی
پہلے تصور کرنے سے جرمانہ کر دیا

شوخی غضب ہے قہر ہیں انداز یار کے
خواہاں کبھی ہیں و لگے کبھی جانِ زار کے

تجمل

تجمل - محمد عظیم بیگ - لکھنؤ میں رہتے تھے یہ حضرت جرأت کے شاگردی سے نامور تھے - ظریف اور شوخ طبع شخص تھے - یہ شعر انکے ہیں -

سمجھنا سخت مشکل ہے مری شیریں مقالی کا
کوئی خسرو سے پوچھے لطف اس مضمون عالی کا

مزے کہاں سے اٹھیں عیش زندگانی کے
وہ ولولے نہ رہے عہدِ نوجوانی کے

کتابِ قصۂ فرہاد و دفترِ مجنوں
یہ دو ورق ہیں مری عشق کی کہانی کے

تجمل

تجمل - کسی لکھنؤ کے خوش فکر کا تخلص ہے جو قدرت اللہ شوق کے تذکرہ کی تیاری کیوقت وہاں بہ اطمینان زندگی بسر کرتے تھے - کلام سے زبان کی صفائی اور خوش گوئی ظاہر ہے کیا خوب کہتے ہیں

چلے سیر باغ کو وہ کوئی جسے بیخ و غم سے فراغ ہو
اُسے لالہ زار سے کام کیا جسے سینہ اپنا ہی باغ ہو

شبِ ماہتاب میں ساقیا لبِ آبجوئی رواں نکل
عجب اک بہار ہو گر تجھے سر ذوق شربِ ایاغ ہو

گل داغ داغ سے ہجر کے مرا سینہ رشکِ بہار ہے
ذرا تو بھی آن کے سیر کر جو ہوائے گلشن و باغ ہو

یہ وہ عشق خانہ خراب ہے کہ زمیں پہ اہلِ غرور کو
کوئی دن میں خاک نشیں کرے اگر آسمانپہ دماغ ہو

نکرا ے تجمل خوش سخن کسی بد زباں سے برابری
نہیں خوب بلبلِ خوش نوا جو چمن میں ہمسر زاغ ہو

تجمل

تجمل - حکیم تجمل رسول خاں تجمل - خلف ممتاز الدولہ نواب غلام رسول خاں دہلوی شاگرد آغا جان عیش - ایک دیوان اور قصہ طوطا مینا اور چند رسائل ان سے یادگار ہیں مہاراجہ ہندو راؤ رئیس گوالیار مقیم دہلی کی سرکار میں بزمرۂ اطبا ملازم تھے - اکثر خطوط بہت عمدہ لکھتے تھے - اس فن کو خاص محمد امیر پنجکش سے حاصل کیا تھا - ۱۲۹۲ھ میں بعمر پچاس سال انتقال کیا - یہ کلام کا نمونہ ہے -

رکھا رہے گا طاق پہ اعجازِ عیسوی
کُشتہ ترے ستم کا جلایا نجائیگا

منظور ناصحا تری ساری نصیحتیں
پر اسکا دھیان دل سے بھلایا نجائیگا

مطلب ہزار دلمیں ہیں پر اُسکے روبرو
سچ تو یہ ہے کہ لب بھی ہلایا نجائیگا

قطعہ

جس چرخ بدکیش کو کیا کوسوں بچھوڑی اسنے
وہ نزاکت بھرے انسان وہ اہلِ تسکین

خوں رُلایا انہیں جلّادِ فلک نے کیا کیا		وہم سے کرتے نہ جو ہاتھ حنا سے رنگین
سوسو اٹکھیلی سے چلتی تھی جہاں بادِ نسیم	قطعہ	بادِ صرصر کا بھی دیکھا تو نہ تھا نام کہیں
آشیانے ہیں وہاں زاغ و زغن کے صدہا		تھے جہاں سینکڑوں طاؤس ہزاروں شاہیں
ہفت اقلیم میں یا اس شہر کی تھی وہاک بڑی	ازمغان دہلی	کوئی دنیا میں تھا شہر بسانِ دہلی
ہر گلی کوچہ تھا اس شہر کا صد رشکِ ارم		غیرتِ خلد تھا ہر ایک مکانِ دہلی
ہائے رے حبِ وطن صدمے اُٹھائے کیا کیا		آپ بھی آن بسے لوگ میانِ دہلی
چشم نمناک دل افسردہ و صد پارہ جگر		بیٹھے اس طرح سے ہیں غمزدگانِ دہلی
اور مت آگ لگا شمع خیالِ جاناں		خود جلے بیٹھے ہیں دل سوختگانِ دہلی
ڈھونڈتی پھرتی ہیں آنکھیں ہر جا		کیا ہوئے اہلِ کمالِ دہلی

تجمل - حکیم تجمل حسین خاں ابن عبد العلی عظیم آبادی۔ محکمہ ڈاکٹری کے ہاسپٹل اسسٹنٹ ہیں دو دیوان ان کے آگرہ میں چھپے ہیں وہ نظر سے گذرے۔ طبیعت تشبیہ و استعارہ کیطرف مائل ہے اور اس رنگ میں خاصہ کہتے ہیں۔ چند شعر انتخاب ہو کر درج تذکرہ ہوئے ؎

بیاں مخلوق سے کب ہو سکے خالق کی قدرت کا		جز خود مصنوع ہو وہ کہہ سکے کیا راز صنعت کا
ہوئے کونین اک کُن سے تماشا ہے یہ قدرت کا		خدائی میں تری خالق کسے ہے دخل حجت کا
جُدا اک کُل سے ہے جز جز سے کب کُل ہے جدا یارو		عجب بیفائدہ جھگڑا ہے ہندو اور مسلماں کا
یارب نہ ہم سے پوچھ تو اپنے کرم کو دیکھ		غیر از سکوت کیا ہے گنہ گار کا جواب
گردنِ تسلیم رکھدی جھک کے مقتل پر دلا		یار کی تیغ نگہ کا امتحاں ہونے کو ہے

تجمل - ڈپٹی سید تجمل حسین خاں صاحب رئیس فیض آباد و گونڈہ۔ آپ کو حضرت اسیر لکھنوی کے بڑے صاحبزادے جناب سید غضنفر علیخان بہادر صولت جنگ متخلص بہ حکیم سے تلمذ رہا۔ موزوں طبع شاعر اور اچھے مشاق ہیں۔ زبان اور بندش بھی صاف ہے مگر درد ذرا کم ہے۔ آپ کا مطبوعہ دیوان نظر سے گذرا اُس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کم و بیش جملہ اصناف سخن

ہیں آپ کو دسترس حاصل ہے۔ آپ عرصہ تک نواب گنج میں ڈپٹی کلکٹر رہے۔ اب پنشن
لیتی ہے۔ مطبوعہ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

خلیل اللہ کو نمرود نے چاہا جلا ڈالے
گلستاں بنگئی آتش ہوئے گل نار سے پیدا

وہ آدم ہی ہے بعد مرگ بھی جو عشق رکھتا ہو
نہیں جلتا ہے شمعِ مردہ پر محفل میں پروانہ

دیکھکر سینۂ صد چاک کو ظالم رو یا
داغ جب عشق کا اُسکے مرے دل پر نکلا

دولتِ دنیا کی عجب سے ہوس
قبر میں جب ہاتھ خالی جائیگا

نہیں علم و ہنر جسمیں بہائم سے وہ بدتر ہے
وہی انساں ہے دنیا میں جسے کچھ بھی کمال آیا

کہے گا مسیحا نہ کوئی جہاں میں
نہ بیمار کی گر دوا کیجئے گا

ہو گیا آرام ہمکو رنج رخصت ہو گیا
موت کا آنا شبِ فرقت غنیمت ہو گیا

بتوں کے در پہ گئے سجدے سارے عالم نے
صنم کدہ تھا مگر کعبے کا جواب رہا

آنکھ کھلتے ہی ملا کنجِ قفس سے صیاد
پوچھتا کیا ہے کہ کب تجھسے گلستاں چھوٹا

دامنِ دشت سے منہ ڈھانپ کے کانٹے روئے
مر کے مجھ آبلہ پا سے جو بیاباں چھوٹا

دل دے چکے تھے جان بھی اب نذرِ یار کی
کہنے سے فائدہ نہیں جو کچھ دیا دیا

اے دلِ بیقرار کیا کہنا تجھ
برق سے ہے شرمسار کیا کہنا

بشر اسکو کہنا مناسب نہیں
نہو جس سے دنیا میں کارِ ثواب

زباں ایک احسان لاکھوں ترے
کروں شکر یارب ادا کس طرح

ہیں رن میں قاتل کے اور تو دستیاں ہے سینے میں قلب مضطر
مہم ہو کس طرح دیکھئے سر اُڑ کا ہے قاتل کھینچا ہے خنجر

مفلسی اپنے کو بیگانہ بنا دیتی ہے
پوچھتا کون ہے ان کو جو ہیں نادار عزیز

ملا ہے خونِ عاشق کا جو اپنے دستِ رنگیں میں
ذرا سے کیجئے قصاص اسکا نہیں کیا آپ کے دیں میں

کہتا ہے وہ مسیح ہے عالم مرا ہوا
میں ایک جا کے مردے جلاؤں کہاں کہاں

فغاں سے عرشِ معلےٰ ہلا دیا کس نے
یہ نعرہ کس کا ہے اے دل بتادے تو تو نہیں

حیراں ہیں سب کہ بول رہا ہے بدن میں کون
کھلتا نہیں کسی پہ یہ راز اس پیرہن میں کون

یہ کیوں آپ تیغ و سپر باندھتے ہیں
یہ کس بیگنہ پر کمر باندھتے ہیں ؎

یونہیں وعدہ کیا کرتی ہیں آتی ہیں نہ جاتی ہیں
نہ میرے گھر وہ آتے ہیں نہ اپنے گھر بلاتے ہیں

غضب کی بیقراری ہے کہ اسپر بھی نہیں تھمتا
دلِ بیتاب کو ہم دونو ہاتھوں سے دبائے ہیں

پڑتا اگر نہ عکسِ رُخِ یار رات دن
ہوتی نہ روشنی کبھی خورشید و ماہ میں

اللہ ہو گئی ہے جوانی کی شام صبح
لیکن شبِ فراق کی پیدا سحر نہیں

شوق کے معنی یہ ہیں گو وہ نہیں لکھتا جواب
خط ہزاروں جا چکے پھر نامہ بر جانیکو ہے

ہوں قائل ظاہری اسلام کے کیا اہلِ بتخانہ
خدا کے گھر میں رہکر شیخ محوِ بت پرستی ہے

تری فرقت میں ایسی نیند عاشق کی اچٹتی ہے
نہیں کاٹے کسی صورت سے کالی رات کٹتی ہے

مرقد پہ کیوں نہ پاؤں سے ٹھوکر لگا گئے ؎
قُم کہکے کیوں نہ مجھکو مسیحا جِلا گئے

کیا بیکسی کا وقت ہے اللہ کی پناہ
مُردے کو زندے لاکے لحد میں لٹا گئے

گلے سے اپنے اے مہرو لگا کر
یہ سارے داغ سینے کے مٹا دے

کس لئے ہو گئے خفا مجھ سے
بولتے کیوں نہیں بھلا مجھ سے

ہمارے دلمیں ایسی اندنوں وحشت سمائی ہے
کہ چھینیں نجد مجنوں ذہن میں یہ بات آئی ہے

آئی ہے پھر بہار چمن سب ہرے ہوئے
ہر شاخِ گل ہے پھولوں سے دامن بھرے ہوئے

چلیں گے کوچۂ جاناں میں شام ہونے دو
ابھی سے حضرتِ دل بیقرار ہونے لگے

عشق میں تیرے ہم تو مرتے رہیں گو
تجھکو اسکی خبر نہیں نہ سہی

تجمل

تجمل ۔ سید تجمل حسین صاحب بریلوی شاگرد میر سعادت علی صاحب عیش ۔ کہنہ مشق شاعر تھے بندش اور زبان اچھی ہے ۔ عرصہ ہوا انتقال کیا ۔ بریلی کے مشاعرے کی غزل کے چند شعر درج ذیل ہیں ؎

زندگانی ہوگئی دشوار ہجر یار میں
روتے روتے پڑ گئے ناسور چشم زار میں

شاخ گل کی ہوئیں تختے دامن گل کا کفن
دفن بلبل اُس روش سے چاہئے گلزار میں

یہ مہینہ بھی نہ جائے یار خالی قتل سے
ماہ نو تم دیکھ کر منھ دیکھ لو تلوار میں

کس سہی قد کی ہے آمد باغ میں جو بلبلیں
شاخ گل پر چھپ رہی ہیں پھول سے منقار میں

عشق نے خود رفتہ اُسکو رفتہ رفتہ کر دیا
جو کہ تھا پردہ نشیں پھرتا ہے وہ بازار میں

تجمل

تجمل - منشی میر تجمل حسین تجمل - اُستاد اور بڑے قابل - ذکی اور طبیعت دار آدمی ہیں - ۳۰-۳۵ برس سے آپ محمود آباد میں ریاست کے وظیفہ خوار ہیں - آنریبل راجہ سر امیر حسن خانصاحب مرحوم رئیس محمود آباد اپنے کلام میں آپ سے مشورہ بھی کیا کرتے تھے - اکثر شعرائے گرامی کے روشناس ہیں اور خود بھی اچھے مشاق ہیں - سن شریف اب ۶۲-۶۳ برس سے زائد ہے - اور یہ کلام کا انتخاب ہے - اوائل مشق سخن میں آپنے خواجہ آتش کے شاگرد محمد عباس سلیم کو چند غزلیں دکھائیں اُنکے انتقال کے بعد نواب احمد حسین خاں شیدا [illegible]

آئینہ روبرو ترے آٹھوں پہر نہ تھا
خود بینی کا رواج کبھی پیشتر نہ تھا

صبح شب وصال قیامت کی صبح تھی
کم صور سے وہ نالۂ مرغ سحر نہ تھا

قتل بے تیغ ہوئے دیکھی جو ابرو کی طرح
چبھ گئی دلمیں مژہ تیر پہ پہلو کی طرح

پہلوئے یار سے اُٹھنے کو تو اُٹھے لیکن
درد کیطرح اُٹھے - گر پڑے آنسو کی طرح

لحاظ شرط ہے پست و بلند عالم کا
زمیں پہ رہ کے اُٹھا سر نہ آسماں کیطرح

مقر گناہ کے اے کردگار ہم بھی ہیں
غفور تو ہے تو امیدوار ہم بھی ہیں

جو آج جائزہ لیتا ہے جاں نثاروں کا
ہمارا نام بھی لے کر گنہگار ہم بھی ہیں

فلک پہ برق کو تنہا نہیں ہے بیتابی
زمیں پہ ہجر میں اک بیقرار ہم بھی ہیں

سوئے رقیب کرم کی نظر نہیں چھپتی
میں دیکھتا ہوں چھپاتے ہو پر نہیں چھپتی

کلام شاعر بے علم چھپ نہیں سکتا
صفیر بلبل بے بال و پر نہیں چھپتی

رقیب سے نہ ملے تھے تو کل یہ شہرت تھی
ہزار آج چھپاؤ مگر نہیں چھپتی

ہزار اپنی خطا کو چھپائے بندہ پر
مگر اب ہجر کے حق میں لب آمہر و نکلتا ہے
مری تقدیر کی ذلت بھلا وہ کیا مٹائیں گے
ترے چہرے کی رنگت رنگ گل سے کچھ فزوں ہوگی
خدا اچھوں کے باعث کار مشکل سہل کرتا ہے
جگہ دینے پہ ہے پہلو میں اپنے عشق خوباں کو
مصیبت حد سے جب گذری تو ظاہر ہو نہیں سکتا
تجمل تیرے دل نے کچھ کہیں صدمہ اٹھایا ہے
سمجھے تھے مسیحا اُسے بیمار تپ ہجر
خستہ کی راحت کو لحد والوں سے پوچھو

خدا سے اے مجب بیداد گر نہیں جیتی
نہ تن سے جان نکلتی ہے نہ دل سے تو نکلتا ہے
جو دل سے تم بھی کہتے تھے زباں سے تو نکلتا ہے
ذرا شمشاد سے کچھ قامت دلجو نکلتا ہے
محبت میں گلوں کے دم برنگ بو نکلتا ہے
ہمارے دل کی بات تو نے برا پہلو نکلتا ہے
بہت غم میں۔ بہت کم آنکھ سے آنسو نکلتا ہے
ترے ہر شعر سے اک درد کا پہلو نکلتا ہے
واں فضل الٰہی سے دوا بھی نہیں آتی
اُس گھر میں ہیں جس گھر میں ہوا بھی نہیں آتی

تجمل — حاجی تجمل حسین جلال پوری آپ کو حافظ نثار احمد صاحب تائب شاہجہانپوری سے تلمذ ہے۔ عرصہ دراز سے بمبئی میں سکونت پذیر اور مطبع کریمی میں ملازم ہیں۔ بعد بزرگوں میں بمبئی میں آپکے شاگرد بھی بکثرت ہیں دو دیوان شایع کر چکے ہیں۔ راقم تذکرہ سے بمبئی میں ملاقات ہوئی تھی۔ منکسر المزاج اور خلیق شخص ہیں۔ ۴۲-۴۳ برس کی عمر اور یہ کلام کا نمونہ ہے

شاد مانی یہ مرے دل کو خبر دیتی ہے
بنجاتی ہے کیا کیا دل مضطر یہ ہمارے

نامہ بر آتا ہے پیغام خوشی کا لیکر
جاتے ہیں کبھی رہ جو برابر سے نکلکر

اُس مست ناز کو جو کہیں دیکھ پائے دل
اٹھ کے بستر سے روانہ ہوں سوئے منزل قبر
جمع اغیار بہت رہتے ہیں اُس کوچے میں
رد گئے حشر کے دن اہل عبادت محروم
گھر میں چھپ چھپ کے تجمل وہ پیا کرتے ہیں

محشر میں ایک اور نہ محشر اٹھائے دل
طاقت اتنی بھی نہیں اب ترے بیمار و نیں
چُن دیئے جائیں کہیں روزنِ دیوار وں میں
خوان رحمت ہوئے تقسیم گنہگاروں میں
زہر کی لیتے ہیں جب بیٹھکے میخواروں میں۔

کسکا جادو چل گیا کسپر بتاؤ تو سہی
تم فسوں گر ہو زیادہ یا فسوں گر آئینہ

پہنچے کعبہ میں کبھی تو کبھی بتخانہ میں
تیرے ملنے کیلئے ہمنے کیا کیا کیا کچھ

صورتِ حرفِ غلط مٹ چکے اے بخت مگر
نہیں معلوم کہ ہے اور لکھا کیا کیا کچھ

نہ ساقی مُڑ کے گردشِ جام سے
کٹے عمر پیتے پلاتے ہوئے

داورِ محشر نے بھی مجرم ٹھیرایا ہے
ہائے یاں بھی بات اس ظالم کی من مانی ہوئی

تمکو دل بے آزمائے بندہ پرور دیدیا
ہاں ہمیں چوکے ہمیں سے سخت نادانی ہوئی

ہائے کیا فتنہ محشر کو کریں گے بیدار
اپنی سوتی ہوئی قسمت تو جگائی نہ گئی

اپنا عالم ہی جدا ہے عشق میں
اپنی حوریں اپنی جنت اور ہے

سارے جہانسے اے بتِ کافر چھڑا دیا
ملکر تری نگاہ نے میری نگاہ سے

دلِ صدپارہ کیوں پھوٹی ہوئی قسمت اُٹھا لائی
بھلا کس کام کی ہے یہ نکمی چیز کیا لائی

نہ اُٹھتے کشتۂ تیغِ تغافل خواب مرقد سے
نہ آتے سوئے محشر تیرے گھونگرو کی صدا لائی

جمال اُس برق وش کا اے نظر تو دیکھ سکتی تھی
دکھلائے تجھے ہم یا کہ تو ہمکو دکھلائی

نہ پوچھو میرے آنیکا سبب کچھ اپنی محفل میں
جو خوش ہو آپ آئے ہم جو ناخوش ہو قضا لائی

عجب عالم میں ہیں ہم کس سے پوچھیں کون تبلائے
کہاں آئے کہاں ہمکو تلاشِ دلربا لائی

تحسین

تحسین - علی مولا خاں باشندہ شاہجہانپور ۱۸۵۲ء میں انکا عنوانِ شباب تھا۔ وجیہہ اور خوبرو جوان تھے۔ اور دہلی میں رہتے تھے۔ مزاج میں ظرافت اور طبیعت میں بیحد شوخی تھی صرف ایک شعر ملا نا حسن بدل معلوم ہوا اِسلئے درج کیا گیا ۵

کیا لکھیں اور ذرا غور کریں آپ اسے
ڈرتے ڈرتے یہ لکھا ہے کہ پڑہیں آپ اسے

تحسین

تحسین - منشی محمد حسین خان تحسین مالک مطبع مصطفائی - دہلی غدر سے پہلے انکا چھاپہ خانہ دہلی میں بہت مشہور تھا۔ غدر کے بعد میرٹھ میں مطبع احمدی جاری کیا۔ فن سخن میں حضرت ذوق سے فیض پایا تھا۔ نہایت خلیق - بامروت اور کارگذار شخص تھے۔ اِنکے مطبع کی چھپی ہوئی کتابیں نہایت شوق

سے خریدی جاتی تھیں۔ گاہ گاہ شعر بھی کہہ لیتے تھے۔ چنانچہ اشعار ذیل انہیں کے نتائج افکار سے ہیں ؎

آزار رہا اسکو مگر عشق بتاں کا
جب بت سے نہ راضی ہوں تو تجکو نہیں کیا کام
اے دل تو عشق کیجو مگر دیکھ بھال کے
کوئی کیوں کر بچائے جاں ہمدم
لب کی خوبی میں کیا سخن ہے پر
صیاد اس طرح جو نہ گرم عتاب ہو
تحسین ان کو دیکھنے جاتے تو ہو مگر
خیال بتاں دل میں رکھتے ہو تحسین
ہوئے ذلیل تو عزت کی جستجو کیا ہے
یار کہوے کہ اٹھو رہے دبے

بے طور ہے نقشہ دل بیتاب و تواں کا
تحسین چلو کعبہ کو جھگڑا ہے کہاں کا
غافل کو چاہیے کہ کرے فکر دور کا
ایک خنجر گذار ہیں آنکھیں
فتنۂ روزگار ہیں آنکھیں
کیوں آشیاں چمن میں ہمارا خراب ہو
ایسا نہو کہ جاں کو وہی پھر عذاب ہو
گر تم بھی رسوا ہوا چاہتے ہو
کیا جو عشق تو پھر پاس آبرو کیا ہے
دل یہ کہوے یہیں رہا کیجیے

تحصیل

تحصیل۔ منشی محمد کبیر صاحب تحصیل ساکن ترڈگڑہ ریاست میسور شاگرد حضرت داغ۔ موجودہ زمانہ کے موزوں طبع شعرا میں ہیں۔ اور خاصہ کہہ لیتے ہیں۔ اکثر رسالوں اور اخباروں میں انکا کلام شایع ہوتا رہتا ہے۔ ۴۰ برس کے قریب عمر ہے۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے ؎

کیا لڑکپن کہوں میں قاتل کا
آزادی ہو نصیب کہاں اہل طمع کو
ہے چراغ حسن پر کس ماہ کے پروانہ شمع
کہو تھی کونسی وہ بات ایسی ہو
مریض عشق کو مرنا شفا ہے
مریض عشق کو آرام کب ہوا ان طبیبوں سے

تحصیل سمجھا تڑپنا بسمل کا
چھوٹے کبھی نہ قیدی دام بلائے حرص
رات بھر جلتی ہے اور گلتی ہے بیتابانہ شمع
نہ نکلی منہ سے جو آکر زباں تک
ملا دو زہر کچھ میری دوا میں
کہ اسکا تو مرض تم ہو دوا تم ہو شفا تم ہو

لالے کی طرح دل نہ کوئی داغدار ہو
یارب یہ گل کسی کے گلے کا نہ ہار ہو

تحیرؔ

تحیرؔ - مرزا محمد بیگ ولد مرزا رستم بیگ خراسانی مقیم لکھنؤ - آپ کو میر امداد علی بحرؔ سے تلمذ تھا - کلکتے بھی بطریق سیر گئے تھے - یہ انکا کلام ہے ؎

شکارِ مرگ ہوئی ہے فراقِ یار میں روح
پھڑک رہی ہے بہت دامِ انتظار میں روح

لگا کے تیر مجھے بوئے گل نے صید کیا
رہی خزاں میں سلامت گئی بہار میں روح

کیا ہے عشق نے مجبور سر بسر مجھکو
نہ اختیار میں دل ہے نہ اختیار میں روح

میں تڑپتا ہوں اِدھر اُسکو خبر کچھ بھی نہیں
بدنصیبوں کی محبت میں اثر کچھ بھی نہیں

سینکڑوں ذبح ہوئے سینکڑوں مرکر چھوٹے
ہم اسیروں کی رہائی کی خبر کچھ بھی نہیں

مجھ خزاں دیدہ کے بیگانہ مزاجی دیکھو
کب بہار آئی گئی مجھکو خبر کچھ بھی نہیں

نیست نابود تحیرؔ نظر آیا عالم
ہم اِدھر سیر کو نکلے کہ جدھر کچھ بھی نہیں

تحیرؔ

تحیرؔ - غلام مصطفےٰ خلفِ مولانا شاہ رفیع الدین دہلوی - ان کے خاندان کی بزرگی اور سببِ شہرت محتاجِ بیان نہیں - جناب تحیرؔ مولینا شاہ عبدالعزیز صاحب تحفۂ اثنا عشریہ کے بھتیجے اور حکیم ثناء اللہ خاں فراقؔ کے شاگرد تھے - مگر اپنے خاندانی ورثہ یعنی علم و فضل سے محروم رہے - اوصافِ حمیدہ اور اخلاقِ پسندیدہ رکھتے تھے - موزونیِ طبع کی مدد سے کبھی کبھی فکرِ سخن کیا کرتے تھے چنانچہ یہ شعر اُن کے ہیں -

عید کے دن مجھے کہتے یہ ہر اک یار لگا
ہو مبارک تری چھاتی سے وہ دلدار لگا

جُدا مجھسے جب وہ دل آرام ہوگا
اجل کا اُسی وقت پیغام ہوگا

فکرِ اطفال کو ہے سنگ اُٹھا لانیکی
آمد آمد ہوئی شاید ترے دیوانہ کی

تدبیر

تدبیرؔ - شیخ محب اللہ ساکن دیوبند مردِ خلیق و خوش مزاج تھے - غدر سے پیشتر کسی تقریب سے دہلی آئے اور یہیں کے ہو رہے زیادہ حال معلوم نہیں -

اور ہی کچھ ڈھنگ ہے اپنی گرفتاری کا ہائے
یوں تو زلفوں میں تری کس کسکا دل اُلجھا نہیں

تدبیر

تدبیر ۔ دہلوی ۔ مرزا محمد سکندر قدر ابن میرزا خورشید قدر قیصر گورگانی نبیرۂ شاہ عالم ثانی لکھنؤ میں مقیم تھے ۔ یہ انکے اشعار ہیں ۔

دل ہو تو کچھ بیان کریں ماجرائے دل	معلوم ہی نہیں کہ کہاں بھول آئے دل
دل ہے تو کو بھی خدا نے دیا ہے بت تو ڈرو	بے درد یو لینے تم نہ دکھاؤ پرائے دل
دل سوز جانتا ہے اُسی شمع رو کو ہم	پروانہ وار جس نے ہزاروں جلائے دل
راحت سے کام کچھ نہیں میں رنج دوست ہوں	پہلو میں رکھدو سنگِ جراحت بجائے دل
شکوہ جفا کا سُن کے یہ کہتے ہیں ناز سے	کچھ دل لگی نہیں جو کسی سے لگائے دل

تراب

تراب ۔ نواب حشمت الدولہ افتخار الملک مرزا ابوتراب خاں متخلص بہ تراب ۔ آپ نواب مرزا ابو طالب خاں کے صاحبزادے اور حضرت محمد علی شاہ اودھ کے داماد تھے ۔ فکرِ رسا کی امداد سے صاحبِ دیوان تھے ۔ مگر ہمیں صرف دو شعر دستیاب ہوئے ۔

اُڑا کے لیگئی اکبار کوئے قاتل میں	ہماری جان کی دشمن ہوئی ہوا دل کی
ہیں لوگ قصۂ فرہاد و قیس بھول گئے	کہانی ہوتی ہے اب میری جابجا دل کی

تراب

تراب ۔ شاہ تراب علی مرحوم ولد شاہ کاظم مغفور سجادہ نشین درگاہ قصبہ کاکوری ۔ بڑے خدا پرست درویش حق آگاہ تھے ۔ اِن کا کلیات چھپ گیا ہے ایک مثنوی مسمیٰ عاشق و صنم بھی اُنکی تصنیف سے یادگار ہے ۔ تراب مرحوم کا کلام معرفت سے پُر اور نہایت دردانگیز ہے انکی اکثر ٹھمریاں مشہور ہیں ۔ کہنہ مشق شاعر تھے ۔ کلام میں سنجیدگی اور متانت بہت ہے اکثر اخلاقی مضامین نہایت نفاست سے باندھا جاتے تھے سنہ ۱۲۷۵ھ میں انتقال کیا ۔

کاکُل کہ چند موئے پریشاں کا نام ہے	دل کے لئے خدا نے اُسے دام کردیا
کوئی اِس نا آشنا سے آشنائی کیا کرے	آشنا سے اپنے جو نا آشنائی کر گیا
ہم نہیں کرنے کے اِسکی خیرخواہی میں قصور	کیا ہوا گر ہم سے وہ ظالم بُرائی کر گیا
وصف اُسکا میں کیا کہوں ناصح	وہ تو کچھ ہے بیان سے باہر

قطعہ

چمن میں جب میں اس گلفام کے ساتھ
گیا جوں بادِ صرصر بے تکلف

کہا بارے مجھے تیری بدولت
ہوئی جنت میسر بے تکلف

یارو صورت میں نظر باز حقیقت کم ہیں
آنکھ والے ہیں بہت اہل بصیرت کم ہیں

یہ کہتا ہے جرس اپنی زباں میں
مسافر ہیں سبھی اس کارواں میں

ہمارے یار کے دو ہی پتے ہیں
کمر پتلی صراحی وار گردن

مجھے بارے اب یہی گفتگو ہے
جو تو ہے سو میں ہوں جو میں ہوں سو تو ہے

اُسے کیا درد ہے گر صید بسمل آہ کرتا ہے
جو بیدردی سے وقتِ ذبح بسم اللہ کرتا ہے

بہت امید جنت پر بہت دوزخ کی دہشت سے
کوئی کمتر عبادت خالصاً للہ کرتا ہے

جی کسی پر کوئی فدا نکرے
دل کسو سے لگے خدا نکرے

عشق کا امتحان ہو کیونکر
گر کسی پر کوئی جفا نکرے

محمود و ایاز ہو گیا ہے ہو
کیا ناز نیاز ہو گیا ہے

بُتِ ظالم نہیں سنتا کسی کی
غریبوں کا خدا فریاد رس ہے

دلیل کارواں بانگِ جرس ہے
گواہِ دردِ دل اک نالہ بس ہے

عبث ہے آرزو دنیا و دیں کی
تراب اللہ بس باقی ہوس ہے

دیدار کی سنا پیچ سہی جل گئے تمام
پروانے جا کے شمع سے جب متصل ہوئے

وحدت کا پیا جام دوئی سے نرہا کام
ہے ترک خودی نسبتِ تفرید ہماری

تیرے لطف و کرم سے اک جہاں معمور ہے پیارے
عجب ہے رہ گئے تیرے کرم سے ایک ہم خالی

موت سے یارو وہی بے ڈر رہے
زندگی میں آپ سے جو مر رہے

ہم سے کیا کہتا ہے عشق خوبرویاں چھوڑ دے
شیخ تو ہی آرزوئے حور و غلماں چھوڑ دے

نیکی کرو کام آئے گی آخر کو نکوئی
ساتھ اپنے عمل ہوں گے وہاں اور نکوئی

کعبہ و مسجد میں جاتے ہو بھلا جی کس لئے
وہ تو ہے دل میں تمہارے پھیرتے ہو تم جس لئے

ترحم

ترحم - مرزا اکرم بخت گورگانی میرزا قیصر بخت فروغ خلف الرشید میرزا قادر بخش صابر گورگانی کے خلف اصغر اور جناب آثم کے برادر خرد ہیں - آپ کی ولادت شہر بنارس میں جہاں آپ کی ننھیال ہے واقع ہوئی اور وہیں ہوش سنبھالا - فارسی اردو کے علاوہ زبان انگریزی میں بھی معقول دخل حاصل ہے - الغرض تعلیم یافتہ اور مہذب نوجوان ہیں شاعری اور زباندانی آپ کی میراث سمجھنا چاہیے - چند غزلیں اپنے والد نامدار کو دکھائی تھیں پھر اُن کے انتقال کے بعد سے بطور خود کہتے ہیں - ہنگام ترتیب تذکرہ کچھ کلام عنایت فرمایا اُس کا انتخاب ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے اب (۱۹۰۸ء) میں آپ کی عمر ۳۴ و ۳۵ برس کے قریب ہے - اور بنارس محلہ شوالہ میں قیام ہے -

تمہیں سے ہے منور گھر نشاط و کامرانی کا
تمہارا حسن ہے شعلہ چراغ زندگانی کا

دہن ہے چشمۂ حیواں اور اُسمیں میرا نام آیا
دیا خلعت مجھے تم نے حیاتِ جاودانی کا

وُہ خوش آب مضموں کیوں نہ ہاتھ آئیں ترحم کو
کہ اُسکی فکر میں عالم ہے دریا کی روانی کا

سوزِ شب فرقت کا مداوا ہو ترحم
مل جائے جو تھوڑا سا بھی کافورِ سحر آج

پتنگ شمع کا جلنا نہ دیکھ سکتے تھے جو غریب جان نہ دیتے تو اور کیا کرتے -

حسن میں حسن گر ہوا نہ کرے
جان اپنی کوئی فدا نہ کرے

مجھ سے سیکھو اگر نظر بازی
کبھی یہ تیر ہو خطا نہ کرے

جب کہا میں نے مجھ پہ مرتا ہوں
ہنس کے کہنے لگے خدا نہ کرے

ہوس و عشق میں تمیز نہو
وہ جو عشاق پر جفا نہ کرے

اے ترحم مجھے یہ وحشت ہے
کہیں دشمن اُنھیں خفا نہ کرے

نگلی فلک نے شام کو اُگلی سحر کے وقت
یہ تیغ نہیں ہے نانِ تنتیل آفتاب کی

یہ کان بھرنے کی عادت بری ہے غیروں کو
شکایت اُن کو جو کرنی تھی بر ملا کرتے

کسی سے کچھ نہیں ہمنے کہا قسم لے لو
زبان کٹتی اگر آپ کا گلہ کرتے

ہمیں کو خوف سے اعدا کی بدمزاجی کا
اگر وہ مجھ سے بگڑتے تو میرا کیا کرتے

ترسان

ترساں - میاں بہادر علی - لکھنؤ کے ایک موزوں طبع سخنور تھے - ایک قدیم قلمی بیاض میں جو سوا سو برس کی لکھی ہوئی ہے کچھ کلام نظر سے گذرا - اُسکا انتخاب ضبط تحریر میں آیا - آصف الدولہ اور نواب سعادت علی خاں کا زمانہ پایا تھا اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ میر و میرزا کے ہم عصر ہوئے - سیدھی سادی زبان میں اچھے مضامین نظم کئے ہیں - اب کلام ملاحظہ ہو -

تاب و تواں و ہوش و خرد سارے چل بسے
تیرے ہی بیٹھنے سے ہماری ہے زندگی
آج مجلس میں بہت ترساں کو دیکھا مضطرب
رات کس کا ذکر تھا ترساں کہ سن سنکر جیے
کس لئے ترسانکو تری بزم میں روتے دیکھا
کیا کرے کوئی گلہ اُسکی ستمگاری کا
دیکھکر آج مسیحا نے دیا مجکو جواب
گھر میں جو بیٹھ گیا دیکھ کے تو ترساں کو
اُسی کی سب نے خاطر کی میں دکھ رویا جہاں جا کر
مرا دل اُس کی زلفوں میں ہوا گم آج اے ترساں

جس وقت میرے پاس سے وہ دلستاں اٹھا
اُٹھ جائینگے جہان سے ہم تو جہاں اٹھا
اُس فلک ماریکا شاید دل کہیں جاتا رہا
اشک سرخ آنکھوں سے یا تو ہر آن بھر لاتا رہا
اُس پہ ناحق تجھے طوفان اٹھانا کیا تھا
جس کا شیوہ ہو پڑا[۵] اُس کی دل آزاری کا
اب معالج ہو خدا اس تری بیماری کا
اُس سے تھا کونسا موجب تجھے بیزاری کا
کوئی سر ٹیکے اپنا اے یارو اب کہاں تک جا کر
اندھیری رات ہے دونو طرف ڈھونڈوں کدھر جا کر

ہم دردِ عظیم ہم دوا ہو
وہ جانے ہمارے غم کو ترساں

تم حضرتِ عشق ہو بلا ہو
جس کا کہ کسی سے دل لگا ہو

دیا تھا آگے بھی دل لیکن آہ چھوٹ گئی
میں کیا کیا ہو جو گھر تک تو اسے بدہوش چلے
ہمنشیں اُسکو مرے ساتھ یہاں تک ہے ضد

عنانِ صبر مرے اختیار سے اب کے
سُن کے بولا کہ ترے گھر مری پاپوش چلے
راہ میں دیکھے کبھی مجکو تو روپوش چلے

[۵] بیڑوں کی —

درد کہنے کو تو ہم آئے تھے ترساں لیکن	دیکھ کر چپ ہمیں یار کو خاموش چلے
چاک گل کا پیرہن گلشن میں تھا کس کے لئے	صبح تک شبنم بھی روتی تھی صبا کس کے لئے
مر گیا ترسا ترے دیوار کے سایہ تلے	تو نے کچھ جانا کہ اسنے جی دیا کس کے لئے

ترقی

ترقی - نواب اسد الدولہ رستم الملک مرزا محمد تقی خان بہادر مرحوم خلف سید محمد امین خاں باشندۂ نیشاپور مقیم فیض آباد، نواب شجاع الدولہ بہادر صوبہ اودھ کے خاندان سے تھے اور میر محمدی سوز کے شاگرد تھے آپنے محفل مشاعرہ بھی قایم کی تھی - نہایت خوش کلام اور رنگین طبع امیر تھے - آپ کا اساتذۂ قدیم میں شمار ہے - متانت اور سنجیدگی کے پہلو بہ پہلو لطف زبان اور معاملہ بندی اپنا مزا دکھاتے ہیں - کلام میں درد اور دلکشی بھی موجود ہے - زبان صاف اور شیریں اور لطف محاورہ بھی اُس میں موجود ہے - استعارات و تشبیہات سے کلام پاک ہے - آپ کا خاندان ابتک لکھنؤ میں موقر و معزز خیال کیا جاتا ہے - آغا ابو صاحب رئیس اعظم لکھنؤ آپ ہی کے خاندان میں ہیں -

گر ایک شب بھی وصل کی لذت نہ پائے دل	پھرتے کس اُمید پہ کوئی لگائے دل
بھولا تمہارے عشق میں دنیا و دین کو	جو چاہو اب کرو کہ یہی ہے سزائے دل
پہلو کل اُسنے چیرا جو دل کے لئے مرا	جز داغ حسرت اور نہ کچھ تھا بجائے دل
ترغیب دی ہے کس لئے کعبے کی تو ہمیں	زاہد خدا کا گھر نہیں کوئی سوائے دل
اُس کی گلی میں کون یہ بیدل ہوا ہے دفن	آواز متصل یہی آتی ہے ہائے دل
اک دل تجھے مدام ستانے کو چاہیے	تیرے لئے کہانسے کوئی روز لائے دل
اُس کو میں جب سے بیٹھے ہیں مانند نقش پا	رکھتا ہے تب سے خاک میں ہمکو ملائے دل
لکھ دیویں ہمتو خط غلامی اُسے بجاں	جو عشق کی بلا سے ہمارا چھڑائے دل
اُترا نہ آکے یہاں کوئی جز کاروان غم	ماتم سرا سے کم نہیں یار و سرائے دل
دن بھر تو اک نحیف سی آواز سنتے تھے	آتی نہیں ہے رات سے لیکن صدائے دل

کہتے ہیں درد مند ترقی کا حال دیکھ

یوں تہ زلف نمودار وہ رخ ہوتا ہے

کارگر دل میں کسی کے جو نہیں ہوتی ہر

لا دوا زخم سمجھ پہلو تہی کرتا ہے

یارب کبھو کسی پہ کسی کا نہ آئے دل

ابر سے آئے نظر جیسے قمر کا پہلو

چھٹ گیا آہ سے شاید کہ اثر کا پہلو

دیکھتا ہے مرا جراح جدھر کا پہلو

[illegible]

دل کو وہی بیکلی ہے تجھ بن

قبلہ ہو نہ کیجے منہ اودھر کو

دشمن پہ کرے نہ کوئی یہ ظلم

شرم آتی ہے کیا بیان کیجے

افسوس کہ خاک بھی ہماری

اب رو نہ زیادہ اے ترقی

اے ترقی بات جی کی جی میں رکھ

ساکنان کعبہ نے کی بت پرستی اختیار

جرم کچھ ٹھہرا لے قاتل پھر مجھے تو قتل کر

دیکھیے اب کس مسلماں کو کریگا قتل تو

آتش دل اشک سے سینہ میں بھڑکی اور بھی

دست گلچیں عندلیبو کیجیے کیونکر قلم

ہے ترقی میرے اس سینہ میں وہ آتش نہاں

[illegible]

مر کر بھی چھٹے نہ تیرے غم سے

دل ٹوٹ گیا ہو جس صنم سے

مارا مجھے تو نے جس ستم سے

جو تو نے کیا سلوک ہم سے

محروم رہی ترے قدم سے

طوفاں اٹھے نہ چشم نم سے

منہ سے نکلی اور پرائی ہو چکی

وہ صنم نام خدا کیا اندنوں جوبن پہ ہے

بیگناہی میری ثابت دوست اور دشمن پہ ہے

آج غصہ بے طرح کافر تری چتون پہ ہے

اب تو آب چشم کو میری شرف روغن پہ ہے

آفت نو جسکے ہاتھوں سے سدا گلشن پہ ہے

طعنہ زن جسکا شرر ہر شعلہ گلخن پہ ہے

[illegible]

تو نے عاشق کی بھی کچھ اپنے خبر پائی ہے

اُسنے تو دکھ یہ دکھایا ہے کہ جی جانے ہے

لیجائے ہے وہ روز نیا صید مار کے

اک عمر بعد آئی ہے اب زیر خاک نیند

جان دیتا ہے وہ اور خلق تماشائی ہے

پر مزا اسنے یہ پایا ہے کہ جی جانے ہے

لایق نہیں ہیں آہ مگر ہم شکار کے

تربت پہ میری روؤ نہ یارو پکار کے

ویرانہ اب کے دیکھئے ہوتا ہے کون کون ۔۔۔ آتے ہیں زور شور سے پھر دن بہار کے

دیکھا جو چشم مست کو اُسکی چمن کے بیچ ۔۔۔ نرگس کی آنکھ جھک گئی مارے خمار کے

روزن نہ کچھ بجز حدا در کا اپنے بند ۔۔۔ دیوار سے ہیں پھوڑو نگا سر اپنا مار کے

باشندے ہم ہے شہر کے کس طرح سے ملیں ۔۔۔ اُجڑے ہوئے ہیں ہائے ہم اپنے دیار کے

اے گل سُنا نہ تو نے مرا حال اور میں ۔۔۔ سُنتا ہوں تیرے واسطے طعنے ہزار کے

قطعہ

مدت کے بعد ہمکو جو لایا فلک وہاں ۔۔۔ طفلی سے رہنے والے تھے ہم جس دیار کے

دیکھا عجب ہے رنگ کہ بس ہوش اُڑ گئے ۔۔۔ کیونکر بھلا نہ روئیے پھر ڈاڑھیں مار کے

جو گل زمیں تھی آہ وہ رشکِ خرابہ ہے ۔۔۔ ہیں جا بجا لالہ زار پڑی ڈھیر خاک کے

کیجے جدھر نگاہ وہ ہُو کا مقام ہے ۔۔۔ خالی مکاں پڑے ہیں ہر اک دوستدار کے

وہ یار جن سے رہتی تھیں دن رات صحبتیں ۔۔۔ ملتے نہیں نشاں کہیں اُنکے مزار کے

منع فغاں نکر تو ترقیؔ کو ناصحا نہ ۔۔۔ واقف نہیں ہے غم سے تو اُس سوگوار کے

ترکی

ترکی - ترک علی شاہ - اصل وطن لاہور ہے مگر اب عرصہ سے بہ سلسلہ روزگار حیدرآباد دکن میں مقیم ہیں دربار دکن کے فارسی شعرا کے زمرہ میں ملازم ہیں - اور کہتے بھی نہایت صاف اور عمدہ ہیں - اب ۵۰ برس کے قریب عمر ہے - کلام میں جتنی شوخی و طراری ہے اُسی قدر جدت بھی موجود ہے - مزاج میں ظرافت ہے - مہاراجہ مدار المہام کے خاص مصاحبوں میں ہیں - چند سال سے کبھی کبھی اُردو بھی کہہ لیتے ہیں - چنانچہ اشعار ذیل آپ ہی کے طبعزاد ہیں -

وہ بوئے مُشک ہے اے شوخ تیرے بالوں میں ۔۔۔ کہ دھوم جسکی ہے تاتار کے غزالوں میں

مرا کمال تو دیکھو کہ ہو کے لاہوری ۔۔۔ غزل میں بیٹھ کے پڑھتا ہوں دہلی والوں میں

یہ کی تلاش کہ گم ہو گیا میں خود لیکن ۔۔۔ نہ مسجدوں میں ملا اور نہ وہ شوالوں میں

تسخیر

تسخیر - مرزا محمد سلیمان قدر بہادر تسخیر نبیرہ مرزا آسمان قدر ہنود گورگانی مقیم لکھنؤ شاگرد

میر ہادی بیخود غدر کے بعد والدِ بزرگوار کے ہمراہ بنارس چلے گئے۔ وہاں مرزا صابر کی تحریک سے شاعری کی ابتدا ہوئی۔ اِن کی وفات کے بعد ۱۳۰۵ھ میں پھر لکھنؤ میں رہائش اختیار کی اور مشاعرے کی بنا ڈالی۔ اِن کے بیٹے مرزا حید رقدر ماہ نے اس کا دیوان چھپوا دیا ہے۔ جسکا انتخاب درج ذیل ہے۔

کرونگا حشر میں نالش تیونکی پیشِ خدا
اُسی کچہری میں اب ہوگا فیصلہ دل کا

بڑا دھوکا دیا او تیغِ قاتل
گلے مِل کر مرا کاٹا گلو آج

ہمیں دکھا دے اسیری میں کچھ چمن کی بہار
قفس میں پھول کی رکھدے پیالیاں صیاد

بیگانہ وار سب سے ہے تسخیر اِس لئے
باخلق آشنا نشو و آشنائے دل

کچھ تن بدن کا ہوش نہیں ہے تمہیں ذرا
تسخیر بیخودی ہے یہ کس کے خیال میں

شکوۂ جور جو کرتا ہوں تو وہ کہتے ہیں
سینے کچھ مانگا تھا کیوں تمنے دیا دل مجکو

مژدہ اے موت کہ خوں ہوتے ہیں دو بُت تراجہاں دل
لیچلا ہے اُسی کوچے میں مرا دل مجکو

آپ کو قدر نہیں دل کی ہمارے تو نہو
اِسکو وہ لے گا جو رکھتا ہے خریدار نگاہ

۔۔۔نہیں یار کو گر پاک نظر سے دیکھا
نہ گنہگار ہیں کچھ ہم نہ گنہگار نگاہ

بتوں میں ہے نہاں قدرت خدا کی
طلسمِ حسن ہے یہ برجِ حنا کی

۔۔۔قفس میں منت و زاری ہزار کی
صیاد نے پر ایک نہ مانی ہزار کی

۔۔۔نالۂ جانکاہ جو ولپسر ہو جائے
بیقراری میں وہ بُت میرے برابر ہو جائے

زہر کھاتے ہیں جو عشقِ لبِ جانبخش میں ہم
کیا مزہ ہے اثر آبِ بقا ہوتا ہے

۔۔۔ولے دیکھا جو مجمعِ عشاق
میری صورت کوئی تماشا ہے

رباعی

فرزند و عزیز میں نہ الفت پائی
احباب و رفیق میں نہ شفقت پائی
تسخیر کے مرقد پہ یہ کندہ کرنا
جو کچھ پائی وہ زر سے راحت پائی

تسخیر

تسخیر۔ جناب داروغہ سید واجد علی صاحب تسخیر رئیس شہر لکھنؤ ارشد تلامذہ حضرت اسیر مدظلہ۔ آپ حضرت واجد علی شاہ کی بیگم سلطان محل کے داروغہ تھے اور محلات شاہی میں اور بھی خدمتیں ان سے متعلق تھیں۔ ایام غدر میں جب مرزا برجیس قدر کا دور دورہ ہوا تب آپ حضرت محل کے صلاحکاروں میں رہے مگر جب آپ کو یہ معلوم ہوا کہ اس بدنظمی کا انجام اچھا نہیں تو از راہ دور اندیشی آپ سرکار انگلشیہ کے ہوا خواہ ہو گئے اور خدمات شایستہ اُس سرکار کی ادا کیں۔ چنانچہ بجلدوے خیر خواہی بعد فرو ہنگامہ چند مواضع بطور انعام پائے اور زمرۂ تعلقہ داران میں محسوب کئے گئے۔ تمام عمر باعزاز و آبرو بسر کی۔ آپ کے بڑے صاحبزادے نظیر حسن تعلقہ دار ہوئے۔ چھوٹے امیر حسن فروغ حیدر آباد میں وکالت کرتے ہیں شعر و سخن کا بھی ذوق تھا اور مذاق سلیم سے کافی بہرہ حاصل تھا۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل اشعار کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگا۔

نہ آیا فاتحہ پڑھنے وہ مہر و مہرباں ہو کر
زمین قبر کیوں پیسے نہ ہمکو آسماں ہو کر

نکل سکتا ہے وحشی کس طرح زلفوں کے پھندوں سے
پڑا ہے پاؤں میں اُنکا تصور بیڑیاں ہو کر

لحد میں یاد جب آئی کشاکش زلف پیچاں کی
کفن کے بند جتنے تھے وہ لپٹے رسیاں ہو کر

نہ کھینچ اب تیغ ابرو دل نشانہ ہو چکا ظالم
در آئی ہر مژہ کی نوک سینہ میں سناں ہو کر

تلاش ناقۂ لیلیٰ میں دی مجنوں نے جان اپنی
اُسی کی خاک پھرتی ہے غبار کارواں ہو کر

ازل سے دل مرا مشتاق ہے ابرو کی پیکاں کا
نہ مارا تمنے اک تیر نگہ ابرو کماں ہو کر

جفا تیری وفا میری الم نشرح ہے اب گھر گھر
یہی قصہ بیاں ہوتا ہے ہر جا داستاں ہو کر

تمھیں پر ہمنے گل کھائے تمھیں نے قتل کر ڈالا
اُجاڑا تمنے حو گلزار اپنا باغباں ہو کر

نہ حرف تلخ لب پر لائیے شیریں زباں ہو کر
سخن میں رنگ و بو دکھلائیے غنچہ دہاں ہو کر

اسے وزارت پامالی اُسے چکر میں بچا لی
نہ یاں راحت زمیں ہو کر نہ آرام آسماں ہو کر

عدم کے جانیوالے منزل آخر پہ جا پہنچے
میں تنہا رہ گیا پیچھے غبار کارواں ہو کر

نزاکت کس قدر ہے پھول کے گجرے پہنتے ہیں / جھکے جاتے ہیں دونوں ہاتھ گل کی ڈالیاں ہو کر
دلا گر چاہتا ہے دلربا تنہا ملے تجھ کو / پتا دیں راستہ سیدھا تو جاوے لامکاں ہو کر
تلوّن ہے طبیعت میں تمہاری کس قدر توبہ / نہیں پھر ہو گئی لو وصل کے وعدہ پہ ہاں ہو کر
نجف کی راہ لو تسنیم پھرتے ہو کہاں در در / لگاؤ بسترا مولیٰ کے در پر پاسباں ہو کر

تسکین

تسکین ۔ پنڈت گنگا داس ۔ زیادہ حال ان کا معلوم نہیں ۔ مسٹر فیلن نے اپنے تذکرے میں ان کا حال اس طرح لکھا ہے " ایک جوان تھا نیک عقیدہ کشادہ رو مہذب و خوش خو ۔ گاہے گاہے رخش ہمت کو میدان ریختہ گوئی میں پر یوں دوڑاتا تھا " یہ اُن کا کلام ہے ۔

ناصح یہ نصیحت اب تم کرتے ہو کیا بیٹھے / جو ہووے سو ہو بہتر دل اُس سے لگا بیٹھے
عقل و خرد و طاقت اور صبر و شکیبائی / جب سامنے وہ آیا ہم سب یہ لٹا بیٹھے
کیا غم ہے ہمیں تسکیں آفات زمانہ سے / اب ہم شہ مرداں کے داماں تلے آ بیٹھے

تسکین

تسکین ۔ میر سعادت علی دہلوی ۔ خلف میر علی حامد برادرزادہ و شاگرد ملک الشعرا میر قمر الدین منت ۔ عنفوان شباب میں دہلی چھوڑ کر لکھنؤ جا رہے تھے باوضع اور خوش فکر شخص تھے ۔ ۱۸۴۸ء میں ۵۰ برس کا سن تھا یہ آپ کا کلام ہے ۔

سر میں مرے بھری ہے ازل سے ہوائے عشق / مجھ سا جہاں میں کوئی ہے کم مبتلائے عشق
یک لخت عقل و صبر سے بیگانہ ہو گئے / یہ جانتے تو ہوتے نہ ہم آشنائے عشق
نالاں ہے ابتدا ہی میں بلبل کو کیا خبر / پروانہ جانتا ہے جو ہے انتہائے عشق
شیریں سا حکمراں تو کوئی ہووے آج بھی / بہتیرے کوہکن سے ہیں زور آزمائے عشق
تسکیں جو قیس عشق میں مجنون ہو گیا / عیب اُس کا کچھ نہیں کہ یہ ہے مقتضائے عشق
کرتا نہیں ہے جنس دو عالم پسند دل / خواہاں متاع درد کا ہے دردمند دل
بیرحم پھر نہ لونگا کبھی دوستی کا نام / جانبر ہوا جو اب کے اٹھا کر گزند دل

آشفتگی کا اپنی سبب تجھ سے کیا کہوں　　مدت ہوئی کہ زلف میں تیری ہے بند دل
بکتا ہے ایک نگاہ پہ لے لیجے مفت ہے　　تسکین کا گر آپ کو آیا پسند دل

ہر دم کرے ہے یہ دل کارِ سناں بغل میں　　ہے وہ مثل مطابق دشمن کہاں بغل میں

بسکہ ہم دل میں تپِ عشقِ تپاں رکھتے ہیں　　آتش اک سینہ میں جوں سنگ نہاں رکھتے ہیں
نوبتِ ضعف یہ پہونچی کہ ہم اب اے ہمدم　　طاقتِ ضبط نہ یارائے فغاں رکھتے ہیں
خشک لب دیدۂ تر حال پریشاں رُخ زرد　　عاشقی کے بھی عشاق نشاں رکھتے ہیں
ساغرِ مے سے ہمیں پیر سمجھکر ساقی　　ہاتھ مت کھینچ کہ ہم طبع جواں رکھتے ہیں

اللہ رے نزاکت اُس نازنیں صنم کی　　پڑتے ہیں اک نگاہ سے سو آبلے بدن میں
آوے جو بعد مردن خط کا جواب اُن سے　　جائے جواب رکھیو نامہ مرے کفن میں
کوچے کا گلرخوں کے عالم اگر کہوں میں　　تسکیں لگے نہ دم بھر بلبل کا جی چمن میں

کون کہتا ہے یہاں آپ گذارا نہ کریں　　مدعا یہ ہے کہ آتے ہی سدھارا نہ کریں
غم پریشانیِ عاشق کا کرے اون کی بلا　　ہو یہ کیونکر کہ وہ زلف اپنی سنوارا نہ کریں
ہووے کیا آپ سے تصویر صنم ہم آغوش　　کوہکن تو نے کہا ہم تو گوارا نہ کریں
دلِ بیتاب کو میرے نہ کبھی ہو تسکین　　مر کے تسکیں جو مجھے آپ پکارا نہ کریں

کیا خاک ہو صفائی بھلا ہم میں یار میں　　خط بھی لکھا جو ہم کو تو خط غبار میں

حالِ دل کہتے تو ہمسے وہ صنم رُکتا ہے　　اور چپ رہیے تو مشکل ہے کہ دم رُکتا ہے
کس کا کوچہ ہے یہ یارب نہیں معلوم ہمیں　　خود بخود یہاں کے پہنچتے ہی قدم رُکتا ہے

تسکین

تسکین - میاں تسکین نام - نواب آصف الدولہ کی سرکار میں خواجہ سرا تھے - ذہن رسا اور طبع نکتہ سنج پائی تھی - الفاظ رنگیں اور خیالات تازہ کی تلاش میں سرگرم رہتے ہیں - زبان اگرچہ پرانی ہے تاہم کلام پُرلطف اور شیریں ہے - ایک پُرانے تذکرے میں کچھ اِن کے اشعار نظر سے گذرے اُنکا انتخاب درج ذیل ہے -

انداز فغاں کا مری بلبل نے اوڑایا
بس شور نکر اس قدر اب اے دلِ ناداں
سمجھا نہ گیا ہے ہمیں کچھ اُسکا غضب ولطف
کیا گذری جو اس طرح سے ہے سوچ میں اپنی
تھی اپنی دل آویزی کب آشفتگی اُسمیں
دیکھی جو سحر اشک فشانی مری تسکیں
کیا خاک ہو صفائی بھلا ہم میں یار میں[۱]
یوں مجھ میں اُسمیں بگڑی سدا اور سدا بنی

نقشہ کو نزاکت کے تری گل نے اُڑایا
اک خلق کا تو مغز تری غل نے اُڑایا
اک عمر ہمیں اُسکے تغافل نے اُڑایا
ہوش اپنا تو قاصد کے تامل نے اُڑایا
یہ طور اُسی زلف کا سنبل نے اُڑایا
شبنم کے تئیں چٹکیوں میں گل نے اُڑایا
خط بھی لکھا جو اُسنے تو خطِ غبار میں
کچھ اب کے ایسی بگڑی کہ بس جی پہ آ بنی

تسکین

تسکین دہلوی۔ شاعر نکتہ سنج و متین میر حسین صاحب تسکین شاہجہان آبادی خلف میر حسن عرف میرن صاحب۔ اُنکا نسبی سلسلہ فرخ سیر بادشاہ کے وزیر حسین علی کے قاتل میر حیدر سے ملتا ہے۔ ان کی ولادت ۱۲۱۸ھ میں دہلی میں ہوئی۔ فارسی کی تکمیل مولوی امام بخش صہبائی سے کی۔ طبیعت نہایت ذہین اور موزوں واقع ہوئی تھی۔ شعرگوئی اور سخن سنجی کا مذاق نہایت صحیح و شستہ تھا۔ عنفوان شباب میں جو کچھ کہا اُسمیں شاہ نصیر مرحوم سے مشورہ کیا۔ اُن کی وفات کے بعد حکیم مومن خانصاحب کی خدمت میں حاضر ہوکر حلقۂ تلامذہ میں داخل ہوئے۔ تھوڑے ہی عرصہ میں حکیم صاحب کی توجہ سے اس فن میں درجۂ کمال حاصل کرلیا۔ مولوی محمد حسین آزاد لکھتے ہیں کہ شاہ نصیر مرحوم کا دیوان انھوں نے مرتب کیا تھا مگر اُسی زمانے کے ایک قلمی نسخہ سے یہ معلوم ہوا کہ منشی مہاراج (جو شاہ نصیر مرحوم کے تلامذہ میں سے تھے) اس خدمت کو انجام دیا تھا۔ تلاش معاش کی فکر میں حضرت تسکین لکھنؤ بھی گئے مگر ناکام واپس آئے۔ کئی برس میرٹھ میں قیام کے بعد رامپور پہونچے اور وہاں کسی معقول خدمت پر مقرر ہوگئے۔ بہرحال تسکین اپنے وقت

[۱] شیفتہ نے اسی شعر کو سعادت علی تسکین کے نام سے لکھا ہے۔

کے شعرآئے مشاہیرے تھے۔ طرزِ سخن کمال دلکش خصوصاً عاشقانہ کلام نہایت پُرلطف اورسامزہ ہے۔ زبان صاف اور شیریں۔ اور بندش نہایت چست ہے۔ نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ سے اکثر صحبت رہتی تھی الغرض حضرت مومن کے شاگردوں میں تسکین رکن رکین تھے اور اُستاد بھی انہیں نہایت عزیز رکھتے تھے۔ بلکہ اِن کے صاحبزادہ میر عبدالرحمن کو اپنی فرزندی میں لے لیا تھا مومن کا دیوان میر عبدالرحمن ہی کا مرتب کیا ہوا ہے۔ غدر کے بعد میر عبدالرحمن کی سخن فہمی کی بڑی دھوم تھی۔

جناب تسکین کا دیوان اب نہیں ملتا آپ نے اُستاد کی شوخ بیانی طرز ادا معاملہ اور معاملہ بندی کے ساتھ ساتھ سادگی اور صفائی روزمرہ کا خوب سلیقہ بہم پہنچایا تھا۔ پچاس برس کی عمر پاکر ۱۲۶۶ھ ۱۷ شوال کو رامپور میں قضا کی اور وہیں نواب احمد علی خاں بہادر کے مقبرے میں دفن ہوئے۔ سالک نے تاریخ کہی ؎

کہا دل نے کہ داخل ہوگئے سب	ارم میں عارف و تسکین و مومن

آپ کے صاحبزادے میر عبدالرحمن آہی بھی بڑے نازک خیال اور طباع شاعر تھے ان کے کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

تھا میری طرح غیر کو بھی دعوئ الفت	ناصح تو اُسے دینے کو الزام نہ آیا
بے بال و پری کھوتی ہے توقیر اسیری	صیاد کبھی لے کے یہاں دام نہ آیا
تسکیں کروں کیا دل مضطر کا علاج اب	کمبخت کو مر کر بھی تو آرام نہ آیا
ہر روز وہ ڈھونڈھے ہے کوئی تازہ خریدار	صورت تمہاری ہر روز بدل جائے تو اچھا
مرجائیں گے پر دل نہ لگائینگے کسی سے	جی اور کسی ڈھب سے بہل جائے تو اچھا
کہتے ہیں رنجش ظاہر میں مزا آتا ہے	یونہیں تم مجھ سے ذرا ہو کے خفا جاتا
تمھیں بھی کھولنی زلفیں پڑیں گی	دل گم گشتہ اپنا گر نہ پایا ہز ہز
ہزاروں مرگئے دیکھا جو عالم سوگ میں اُسکا	لباس آیا تھا وہ کافر پہن کر میرے ماتم کا

یہاں آنے سے کس واسطے جلتا ہے ہمارے
اُس در سے نجاؤنگا کبھی لاکھ کہو تم
دیکھیں کیا میری طرف یا وہیں اُنکو اپنی
بات کرنی میں جو ہر دم ہے حجاب آئینہ
جان دیتا ہے ہر اک بات پہ تسکیں کر یاد
رہنے والونکو ترے کوچے کے یہ کیا ہو گیا
زندگی ہو ویگی کس طور سے یارب اپنی
آج جو عرش پہ ہے اپنا دماغ اے ظالم
اتنی سرخی شفق چرخ پہ کس دن تھی مگر
حق کے کہنے سے نہیں ملتی ہے سولی منصو

عاشق تو نہیں ہے کہیں دربان تمہارا
دشمن ہی سہی تابع فرمان تمہارا
چشمکیں غیر سے کرنی مجھے دکھلا دکھلا
دیکھتا کیا ہے مجھے بھی تو خود آرا دکھلا
تم نے کیا اُسکو دیا اپنا سراپا دکھلا
میرے آتے ہی یہاں ہنگامہ برپا ہو گیا
دم میں سو بار اگر یوں وہ خفا ہووے گا
کوئی دشمن تری نظروں سے گرا ہو ویگا
عاشق زار کا کچھ رنگ اُڑا ہووے گا
تو نے دعویٰ کہیں الفت کا کیا ہووے گا

بھول جائیں گے وہ اغیار کو میں
وحشت اب لاش کو لے بھاگے گی
کوچۂ یار میں میں نے تسکین
سہل سمجھے ہوا اسکا آجانا

مر گئے پر بھی اگر یاد آیا تو
تنگی گور سے گھر یاد آیا تو
پاؤں رکھا تھا کہ سر یاد آیا
تم نے تسکین دل کو کیا جانا

کچھ نمک کچھ نشک کچھ الماس ہو اچار وگر
ساکنانِ فلک پر دیکھئے کیسی بنے
بیٹھے تسکیں سے تھے روٹھ کر۔ وہ شوخ
جسوقت نظر پڑتی ہے اُس شوخ پہ تسکین
اس سے بہتر تھا جو دوزخ میں ٹھکانا ہوتا
خوبصورت نہو کوئی تو نہو بدنامی
اپنے مارا خلق کو اُسنے ڈبویا اک جہاں

پھر خدا چاہے بھرے دم وہ نہیں سنتا سوز کا
نالۂ سوزاں نکلے ہے اب کے ارادہ دور کا
دے کے وہ جھڑکیاں اُٹھا لایا
کیا کہئے کہ جی میں مرے کیا کیا نہیں آتا
بزم دشمن میں ترے ساتھ نہ جانا ہونا
سچ تو یہ ہے کہ بُرا ہوتا ہے اچھا ہونا
تیرا ہنسنا اور مرا رونا برابر ہو گیا

شور یہ برپا کیا اُس کے خرام ناز نے
گیا مجنوں نکل صحرا کو یہ دیوانگی دیکھو

غیروں کو اشارا ہے مرے قتل پہ ناحق
تمکو بھی تو غیروں سے یہ اخلاص نہیں ہے

چُپ لگی مجکو تو چرچا بھی پھر وہاں ہو گا

دیکھیو خانہ خرابی غیر وہاں قابض ہوا
ہمکو اپنی خبر نہیں ہمدم

اُس کُو میں مجکو جانے سے کرتا ہی منع ہائے
اُس گلی میں اژدحام اغیار کا یاد آگیا

دیکھنا شوخی یہ کہتے ہیں مرے دشمن ہیں وہ
گر مر کے چھٹے دل کی طپش سے تو عزیزو

اے چشم سرمگیں تری گردش نے کیا کیا
رو کے ہے مجکو ڈبو کر چشم تر کو کیا کہوں

ایسی ہے غیر کی خاطر کہ مرے حال کو سُن
راز شوق [illegible] کھولا ہے یہ کس نے یارب

کبھی کہتا ہوں وصل مشکل ہے
یاں انتظار میں ہے کٹی مجکو ساری رات

دیکھوں تو لے ہے جان ملک الموت کسطرح
تسکیں سنے لے کے نام ترا وقت مرگ آہ

عیاری دیکھنا جو گلے ملنے کو کہو
اشک سرخ آنکھوں میں آئے روتے رو دیکھنا

داورِ محشر کا سارا کھیل ابتر ہو گیا
فضائی کوچۂ لیلیٰ کو اُسنے تنگ ٹھہرایا

یہ جنبشِ ابرو ہے تو سر کاہے کو ہو گا
جو ربط کہ اُس دست و گریبان میں دیکھا

راز اپنا نہ خموشی سے بھی پنہاں ہو گا
جسکے گھر کو ہم یہ سمجھے تھے کہ اپنا ہو چکا

دیکھیو تو آکے مر گئے شاید
ناصح کو کوئی جا کے کرے پاسبانِ غیر

دلمیں جو رش حسرت و یاس و تمنا دیکھ کر
کیا ہنسی آئی مجھے تسکیں کو روتا دیکھکر

تا حشر نہ نکلیں گے کبھی گور سے باہر
راحت پذیر تھے ستم آسماں سے ہم

وہ ہی آتا تھا پسند اپنی نظر کو کیا کہوں
دل میں روتے ہیں بظاہر یہ ہنسنے دیتے ہیں

کہ مرے پاؤں کی زنجیر کسے دیتے ہیں
کبھی کہتا ہوں کہ محال نہیں

واں وعدہ کیا کیا تھا اُنھیں یاد بھی نہیں
تم وقتِ مرگ پاس سے اٹھنا ذرا نہیں

کیا جانے کیا کہا تھا کسی نے سُنا نہیں
کہتا ہے میں تو تسے ہوا کچھ خفا نہیں

لعل کی اب تک سُنی تھی کسنے معدن آب میں

باتوں ہی سے کہ مشفق ہیں مرے حضرت ناصح
دو دن تو رہیں پاس مرے رنج و محن میں

چھیڑوں ہزار طرح سے تمکو خفا کروں
قابو میں میرے دل ہو تو کیا جانے کیا کروں

پر تو یہ سچ ہے کہ جو تم چاہو گے کر گزرو گے
پر یہ ممکن نہیں ہے کبھی بیداد نہو

مجھ بیگنہ کے قتل پہ گر ہے خوشی غیر
ظالم تو میرے واسطے اندوہگیں نہو

آرام سے وہ پہلو میں بیٹھے کوئی گھڑی
تسکیں جو اضطراب ہے تجھے اسقدر نہو

بیٹھے رکھا جو پاؤں پر سر کو
بولے وہ ناز سے کہ بس سر کو

وہم آتا ہے مٹا کر خطِ پیشانی ہائے
اسمیں لکھا نہو اُس در کی جبیں سائی کو

آتے ہی انکے جان گئی واہ رے نصیب
نکلے جو آرزو تو دم واپسیں کے ساتھ

تھے جنسے گمان دوستی کے
دشمن وہ ہوئے ہمارے جی کے

دل دینے کی قتل ہی سزا ہو
قائل ہیں تمہاری منصفی کے

کیا تجھسا دکھا دیا ہے بدخو
کیوں ٹکڑے کئے ہیں آرسی کے

وہ اپنے وعدہ پہ محشر میں جلوہ فرما ہیں
نہیں ہے ضعف سے انبوہ میں گذار مجھے

شب وصال میں سننا پڑا فسانۂ غیر
سمجھتے کاش وہ اپنا نہ رازدار مجھے

ہزار طرح سے کرنی پڑی تسلّی دل
کسی کے جانے سے گو خود نہیں قرار مجھے

مزے یہ دیکھے ہیں آغازِ عشق میں تسکیں
کہ سوجھتا نہیں اپنا مآلِ کار مجھے

مرے قصور سے دیدار میں ہوئی تاخیر
نہ دکھینا تھا تماشائے روزگار مجھے

جان ٹھیری نہ اُس ابروئے خمدار کے آگے
سچ ہے نہیں تھمتا کوئی تلوار کے آگے

میں تیرے لئے ناصح مشفق سے لڑوں اگر
تو کہے بُرا یوں مجھے اغیار کے آگے

تیغ نگاہ یار اُچٹنے لگی تھی پر
برسوں گذر گئے مجھے آزار کھینچتے

اُس چشم پہ مرتا ہوں یہ وسواس ہے کیونکر
میں ذکر کروں مرنیکا بیمار کے آگے

ناز و ادا و غمزدے نے یوں دل لیا مرا
لیجائیں جیسے مست کو ہوشیار کھینچتے

یہ کہہ کے شبِ ہجر میں کرتا ہوں تسلی
جو رنج و مصیبت ہے سو انسان کیلئے ہے

دیکھتے ہی شوق نے ایسا کیا بے اختیار
حالِ دل کہنے لگے ہم یار کی تصویر سے

وہ مسیحا لب اگر آئے تو جی اٹھوں ابھی
ہاتھ اٹھایا چارہ سازو تم نے کیوں تدبیر سے

چین سے بیٹھے رہے محفل میں تسکیں رات بھر
اُس نے پہچانا ہمکو رنگ کی تغییر سے

کرسکے دفن نہ اُس کوئے میں جو احباب مجھے
خاک میں دل کی کدورت نے دیا داب مجھے

ہجر میں پاس نہ ہے زہر نہ خنجر افسوس
نہ دئیے موت کے بھی چرخ نے اسباب مجھے

قاصد آیا ہے وہاں سے تو ذرا تھم تو سہی
بات تو کرنے دے اِس دلِ بیتاب مجھے

نام تسکین اور یہ مضمون تپش نازیبا
تھا تخلص جو سزاوار تو بیتاب مجھے

اب یہ حالت ہے کہ اُن سب لبے ورد
میرے بچنے کی دعا مانگے ہے

بنا تسکین نہ وہ بُت دوست اپنا
بگاڑ ہی کس سے لئے سارے جہاں سے

بیتابیوں کی او ہوس ہو تو آن کے
سیماب سے کہو دلِ مضطر میں گھر کرے

اے دل یہ تیرا خاک میں ملنا ہے بے اثر
وہ کر جو اسکی طبعِ ستمگر میں گھر کرے

کسکو جی جانے سے ناصح تو ڈرا جاتا ہے
یہی جاتا ہے محبت میں تو کیا جاتا ہے

دل کے لیتے ہی چلی جان یہ جلدی کہ نہ پوچھ
صبر بھی چند قدم پیچھے رہا جاتا ہے

عشق اور حسن میں ہے ربط ستم مجبور ہے
جوں جوں میں اُسکو چھپاؤں وہ نمایاں ہوتا ہے

[illegible]

تسکین

تسکین - مرزا مظفر علی بیگ تسکین دہلوی۔ ایک تذکرے میں آپ کو مومن خاں کا شاگرد لکھا ہے مگر راقم کے خیال میں اِن کے نام میں غلط فہمی ہوئی ہے اور میر حسین مذکورہ سابق دراصل ایک ہی ہیں۔ بہرحال یہ انکا کلام ہے ؎

سر پر چڑھائے یا کہ رکھے ہمکو مار کے
بندے ہیں بال باندھے ہوئے زلفِ یار کے

افسوس پر نکلتے ہی کنجِ قفس ملا
دیکھے نہ دن خزاں کے نہ ہم نے بہار کے

ہیں روز و شبِ وصال تو گریاں بروزِ ہجر
یکساں ہیں دن خزاں کے ہمیں اور بہار کے

اتنا تو مانیو مرا باد صبا کہا
خاک کے اوڑائیو نہ ہمارے غبار کے

برباد یاں نہ اپنی پس مرگ بھی گئیں
بن بن بگولے پھرتے ہیں میرے غبار کے

تسلیؔ - رائے ٹیکارام تسلی خلف بخشی گوپال رائے برادر خورد رائے بھولا ناتھ دیوان کچہری بخشی گری نواب شجاع الدولہ صوبہ اودھ پرگنہ کریل ضلع اٹاوہ وطن تھا مگریہ لکھنؤ میں پیدا ہوئے اور وہیں تربیت پائی۔ ریختہ میں مصحفی اور فارسی میں مرزا فاخر مکین کے شاگرد تھے امیرانہ بسر کرتے تھے۔ ۱۲۰۸ھ میں حیات تھے۔ نہایت مہذب۔ خلیق قدردان اہل ہنر و کمال اور شعر و سخن کے دلدادہ تھے۔ کتاب سے عشق تھا۔ چنانچہ ہزار ہا روپیہ کے صرف سے نادرالوجود دیوانوں کے نسخے کتب خانے میں جمع کئے تھے۔

دیکھے سماں جو اس مژۂ اشکبار کا
ہوجائے شق جگر رگ ابر بہار کا

آنکھیں سحر تلک مری در سے لگی رہیں
کیا پوچھتے ہو حال شب انتظار کا

جسکے قدم تلے دل خوباں ملے گئے
مذکور کیا ہے اپنے دل خاکسار کا

فہمیدوالے کرتے ہیں دولت پہ کب گھمنڈ
کیا اعتماد زندگی مستعار کا

بھاگتا ہے مرے تصور سے
کس قدر بدگمان ہے کافر

دن پھرے پھر مگر تسلی کے
اندنوں مہربان ہے کافر

کیا مونھ جو کوئی آوے ترے تیر کے مونھ پر
یہ ہم ہیں کہ مونھ رکھدیا شمشیر کے مونھ پر

جیسی تری تصویر لکھی کلک قضا نے
وہ حسن نہ دیکھا کسی تصویر کے مونھ پر

گر دلیں ہے خفا تو بھر اس بات کو ناداں
کہہ بیٹھیو مت عاشق دلگیر کے مونھ پر

جانے دے تسلی تو نکر فکر سخن کا
پھبتا ہے سخن مصحفی و میر کے مونھ پر

کب مینے کہا پیارے تم مجھسے جدا بیٹھو
پہلو سے مرے تکیہ پہلو کو لگا بیٹھو

آتے ہی کہا تمنے بس گھر کو میں جاؤنگا
آخر کو تو جاؤگے یکدم تو بھلا بیٹھو

کیا جانے تمھیں کسنے یہ بات سکھائی ہے
جب پاس مرے آؤ تب مُنہ کو بنا بیٹھو

مانگا جو تسلیؔ نے اک بوسہ تو دو پیارے	موںہہ پھیر کے ظالم نے یوں ہنسکے کہا بیٹھو
جو چاہے سلطنت اُسے ظلِ ہما ملے	مجھکو یہی ہوس ہے کہ دو مجھسے آ ملے
دیتے نہیں تسلیؔ کو ہوا اور کچھ تو تم	بوسہ ہر ایک شعر کا اُسکے صلہ ملے
اب بھی اس نیمجان میں کچھ ہے	فائدہ امتحان میں کچھ ہے
کیوں ستاتا ہے دیکھ تو پیارے	اس دلِ ناتوان میں کچھ ہے

تسلی

تسلیؔ - منشی میر شجاعت علی دہلوی شاگرد عزیز شاہ نصیر مرحوم مناجاتیں خوب کہتے تھے جن میں سے بعض ابتک مجالس صوفیہ میں پڑھی جاتی اور سامعین کے دلوں کو گرماتی ہیں - ایک پرانی بیاض میں چند غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب پیش کیا جاتا ہے - مضامین عاشقانہ اور معاملہ بندی کیطرف زیادہ توجہ مبذول رہتی تھی - طرز شعرخوانی ایسا مرغوب و پسندیدہ تھا کہ اُسکے انداز سے ظاہر ہوتا تھا کہ خود اپنا افسانہ بیان ہو رہا ہے - شاہ نصیر کے تلامذہ میں اپنے وقت کے جرأت سمجھے جاتے تھے آخر میں تعلقات دنیوی سے کنارہ کشی اختیار کرکے درگاہ قدم شریف میں سکونت اختیار کر لی تھی - اور وہیں غدر سے چند سال پیشتر انتقال کیا - کلام ملاحظہ ہو -

مجھ سے بدنام عبث لوگ اُسے کرتے ہیں		ہم نشیں وہ تو مرے پاس نہ آیا نہ گیا
سینے ہاتھ اُنکے جو ابرو کو لگایا تو کہا		ہے سزا تیری کہ کاٹوں ترے شمشیر سے ہاتھ
اس طرح میلے کچیلے تو یہ آفت ہو تم		گر تکلف کرو کچھ پھر تو غضب لاؤ اُجی
کیسی ٹھوکر جڑی ہے حضرتِ دل		پاؤں پر اُسکے سر دھرو تو سہی
مار ڈالا ہمیں کہتے ہی سنتے		کہ سحر ہو گئی اُٹھو تو سہی
جب کہا میں نے تپ سے مرتا ہوں	قطعہ	تم گلے سے مرے لگو تو سہی
بولے وہ کیا مزے میں آئے ہیں		خیر ہے کچھ پرے ہٹو تو سہی
غیر کے کل وہ لگ کے چھاتی سے	قطعہ	مجھے کہنے لگے سنو تو سہی

اسلئے اُسکے ہم گلے سے گلے
کہ ذرا جی میں تم جلو تو سہی

میاں جو کچھ تری سج دہج میں مرزائی نکلتی ہو
کہاں مرزا مزاجوں میں وہ رعنائی نکلتی ہو

صبا نذر کو جب کچھ لیحلپے تیری زلفوں کا
چمن سے بوے سُنبل ہو کے رُسوائی نکلتی ہو

خدا سے ڈر برابر کر نہ اوروں کے تسلی کو
کہ تیرے عاشقوں میں اپنی یکتائی نکلتی ہو

تسلی ۔ ابو الخیر قطب الدین علی تسلی تلمیذ جناب علوی ۔ حیدرآباد دکن محلہ شیدی عنبر میں اقامت گزیں ہیں ۔ ۴۴ ۔ ۳۳ ۔ ۳۳ برس کے نوجوان روزگار پیشہ ہیں ۔ طبیعت ذہین اور مذاق ستھرا ہے یہ اُنکا کلام ہے ۔

اچھی لڑائیاں ہیں یہ اچھا ملاپ ہے
ٹھہرا ہے عین صلح لڑانا نگاہ کا

بخت سیہ پہ لپٹنے میں کیسے نہ جان دوں
پورا جواب ہے تری زلفِ سیاہ کا

عاشق کو کس سہارے سے اُمید زیست ہو
ملنا بھی اُس نے چھوڑ دیا گاہ گاہ کا

کس طرح دل چرانے کا تیر گماں نہو
چوری کا ہے ثبوت چُرانا نگاہ کا

خدا سمجھے خدا سمجھے بتوں سے
میرا دل اور میرا ہی عدو ہو

بیوفائی تیری کیا خاک ہمیں یاد رہے
یاد آتا ہے جو تُو خود کو مٹا دیتے ہیں

مسیحا ہو مری جاں یہ مسیحائی کی باتیں ہیں
نہ پوچھا بھول کر بھی حالت بیمار کیسی ہے

الٰہی دونوں آنکھوں سے نظر تو ایک آتا ہے
لڑائی پھر میانِ کافر و دیندار کیسی ہے

وہ غمخواری کے پردے میں مٹائے جاتے ہیں مجکو
یہ ہر دم پرسشِ حالِ دلِ بیمار کیسی ہے

تسلیم ۔ منشی محمد کبیر خاں خلف امیر الدین نبیرہ بدو خاں سرغنۂ افاغنۂ رامپور جوان وجیہ بردبار ۔ متحمل مزاج اور خوش خلق تھے ۔ نظم و نثر انشا پردازی میں طاق ۔ شعر فہمی اور سخن سنجی میں اپنے معصروں میں ممتاز تھے ۔ علوم و فنون سے بقدر ضرورت ماہر تھے فکر رسا و فہم ذکا کی امداد سے کبھی کبھی شعر گوئی کی طرف بھی متوجہ ہو جاتے تھے ۔ سو برس سے اوپر ہوئے جب قدرت اللہ شوق نے اپنا تذکرہ مرتب کیا تو آپ کا عالم

شباب تھا۔ کلام اُس تذکرہ سے منتخب کرکے درج کیا جاتا ہے۔ انتخاب سے ارباب فہم پر ظاہر ہو جائے گا کہ شعر بھی بُرا نہیں کہتے تھے۔ ملاحظہ ہو۔

اگر مدعا ہے مرا خوں بہانا — تو پھر کس لئے ڈھونڈتے ہو بہانا

ہوا سب کا تسلیم دشمن نہ تو بھی — کبھو دوست جانے نجانا نجانا

والے اے بختِ سیہ پھر یہ ستم کیا ہو گیا — وہ جو سوتا تھا بغل میں رات میری سو گیا

مصروف ہے ازبس کہ تری وصفِ دہاں کا — ہے فکر عدم کام دلِ ہیچمدان کا

وہاں اُسنے ادا کی یہاں ہم ہو گئے تمام — سچ ہے کہ مرد مرتے ہیں تسلیم آن پر

رکھے ہے بسکہ وہ دلدار مجھسے دلمیں غبار — بجا ہے نامہ گر اُسکو لکھوں بخط غبار

مہر سکوت لب پر مثلِ نگیں ہے میرے — اب قدرداں سخن کے تسلیم کم رہے ہیں

ہمیں کیا واعظا اندیشے سے محشر کے ڈراتا ہے — گلی میں اُسکی ہو رہتے ہیں ایسے شور و شر لاکھوں

غیروں کے تو گھر جا جا تم باتیں بناتے ہو — پھر یہاں تک جو آتے ہو کچھ اور بن آتے ہو

منظور اُٹھانا ہے میرا ہی مگر صاحب — غیروں کو جو تم ہر دم پاس اپنے بلاتے ہو

قطعہ

انصاف بھلا کیجے کس طرح بنے تم سے — اسطور سے ہر اک پر غصہ میں جو آتے ہو

گر بات کہی سیدھی تو ہوتے ہو ٹیڑھے تم — اور کاش کہ ٹیڑھا ہو تو سیدھی سُناتے ہو

بھلا یہ کس نبی کا معجزہ تھا منصفو دیکھو — کہ دروازہ پہ جسکے ہوں کھڑے پیغامبر لاکھوں

ہم نشیں مت تنگ کر مجکو عبث — بات ہے کچھ اُس دہاں کی گو مگو

اب تو اپنی جان سے تسلیم ہم — دل اُٹھا بیٹھے ہیں ہونا ہو سو ہو

تاب و توان و صبرِ دلِ زار چل بسے — تھے اِس جہاں میں اپنے جو غمخوار چل بسے

لختِ جگر جو پلکوں پہ رہتے تھے ہر گھڑی — ان پلٹنوں کے ہائے وہ سالار چل بسے

وہ جو قصہ نہیں سُنا کرتے تھے ہم طوفانِ نوح — سو وہ اِک پل میں دکھایا دیدۂ غمناک نے

پھر تو اُس آشنا کُش کی دلا یاد تو نہ جاتا ہے — مجھے اِس سادگی پر تیری ناداں رحم آتا ہے

اسی مُنہ سے مسیحا اُسکا روکش ہوگا منہ دیکھو
آفت جاں کچھ نہ اک ابرو کی وہ شمشیر ہے
ہاتھ سے ان سیم بدنوں کے دلا سیماب وار
کھڑا ہو بات تو سن لی مری ٹک او میاں بانکے
کیا ہے دیکھنے کو دل نے اُس محبوب کے روزن
حال اپنا کیا کہوں ہمدم کہ اُسکے ہجر میں
ملگیا تھا رات تو خلوت میں وہ تنہا پر آہ
کچھ تو اس شوخ نے دلمیں لیا ہی جان مجھے
اگر وہ وحشی رم خوردہ میرا رام ہو جاوے
جو وقت نزع ہی وہ تسلیم وہ خود کام آجاوے

وہ اک ٹھوکر سے سو مردونکو دم میں جلاتا ہے
کج نگاہی بھی تو جیسے بازگشتی تیر ہے
کشتہ ہوجانا ہی حق میں تیرا اب اکسیر ہے
پڑا ایسے کہانتک پاؤں کہ اس تیر دہاں کے
نہ یجو زخم کو سینہ کے اے جراح تو ٹانکے
خون دل پیتے رہے اور روو غم کھاتے رہے
کچھ تو شرایادہ اور کچھ ہم بھی شرماتے رہے
اسقدر جان کے ہوتا ہے جو انجان مجھے
تو پھر کیا اس دل بیتاب کو آرام ہو جاوے
تو اس ناکام کا پھر اک نگہ میں کام ہو جاوے

تسلیم

تسلیم۔ حاتم خاں قوم سے افغان اور رامپور رہیل کھنڈ کے رؤسا میں تھے علی بخش خاں کی شاگردی کا دم بھرتے تھے اور خوش کلام سخن ور تھے قبل از غدر حیات تھے۔ یہ چند شعر ان کے ہیں۔

شباب گیسوئے مشکیں کے عشق میں گذرا
کچھ اسکے حق میں بھلے ہونگے وہ لب میگوں
پہلے اے غنچہ دگل منہ تو ذرا بنوا لے
کہربا کا ہے کو اس طرح سے تنکے چنتا

پھر اگیا میں خطا میں تمام شب بہکا
یہ بات کیا ہے کہ تسلیم بے سبب بہکا
کیجیو پھر دہن یار سے نسبت پیدا
تیرے دیوانے کی کرتا جو نہ رنگت پیدا

تسلیم

تسلیم۔ مولانا ابو البیان محمد سلیم الدین احمد نارنولی مصنف حدیقۃ المذہب جو مطبع یوسفی الور میں ۱۳۰۵ھ ہجری میں چھپی ہے ابہت طباع اور ذہین شخص تھے۔ استعداد علمی عالمانہ تھی۔ مسدس حالی کے جواب میں ایک مسدس بھی لکھا ہے۔ ریاست ہاے الور اور سبجے پور میں تمام عمر عہدہ ہاے جلیلہ پر ممتاز رہے۔ دریغا حسرت۔ ہے ہے فاضل عصر ۱۳۱۱ھ ۱۸۹۴ء

یہ دونو تاریخیں آپکی وفات کی ہیں۔ ۶۰ برس کی عمر میں بمقام نارنول انتقال کیا۔

مرا ایمان اسے کافر تری نازک ادائی پر دیکھا ہو جنے وصل وہی جائے ہجر کو		کہ تقوی کھو دیا تسلیم سے مرد مسلماں کا اپنی تو ساری عمر کٹی انتظار میں
اُنھیں سرگراں مجکو شاکی رکھا		برا ہو تمنائے دشوار کا
اجابت کو پہنچیں یہ دونوں دعائیں بلائیں یہ امت پہ آئیں نہ آئیں	از مسدس	ہوئیں گرچہ اور ہو رہی ہیں خطائیں نہ بدلیں نہ بدلیں گی شرعی بنائیں

قیامت سے کے ڈھب میں غضب کے فسوں ہیں
مگر اہل امت وہی جوں کے توں ہیں

گر ایسا نہ ہوتا ازل میں مقدر تو ہر گز دعایوں نکرتے پیمبر		کہ ڈوبے گی امت گناہوں میں اکثر ہر اک بات کا اک محل ہے مقرر

اُسی کے لئے عافیت کی دعا ہے
جسے کوئی بیمار ہئیے جانگزا ہے

سو یہ حالت اب اہل اسلام کی ہے نہ رغبت شریعت کے احکام کی ہے		مسلمانی اُن میں فقط نام کی ہے نکچھ فکر آغاز و انجام کی ہے

نہ شرم نبی ہے نہ خوف خدا ہے
غم نفس ہے اتباع ہوا ہے

تسلیم

تسلیم۔ سخنور ذکی فہیم منشی انوار حسین۔ تسلیم سہسوانی خلف منشی احتشام الدین مدت مدید تک منشی نول کشور کے مطبع کے متوسل رہے۔ شیخ علی بخش بیمار کے شاگرد رشید تھے۔ آپ فن سخن میں مشاہیر سے تھے۔ تاریخ گوئی میں ایسا ملکہ رکھتے تھے کہ اُن کی مثال کم نظر آتی ہے۔ چنانچہ انواع و اقسام کی صنائع و بدایع سے آپکی تاریخیں مملو ہوتی تھیں۔ ان کے شاگردوں میں راجہ کشن کمار وقار رئیس سہسور بلاری بڑے خوش کلام ہیں۔

حضرت تسلیم کی عزیز زندگی کا بڑا حصہ اُنھیں کی سرکار میں گذرا۔ اُنکی تصنیف سے ذیل تاریخ مثنوی سعدین المخلص تسلیم۔ چھپکر شایع ہوچکی ہیں اور راقم کے کتب خانہ میں موجود ہیں مگر ابھی دیوان شایع نہیں ہوا ہے۔ شعر اچھا کہتے تھے۔ عاشقانہ اور تشبیہ دونو طرزیں ملی جلی ہیں سادگی اور صفائی بھی موجود ہے۔ اِن کے پختہ مشق اور مشاق سخنور ہونے میں کسکو کلام ہوسکتا ہے۔ فارسی بھی کہتے تھے۔ تاج المدائح فن ضائع و بدایع میں فارسی زبان میں مدح نواب کلب علیخاں بہادر والئے رامپور میں اور مثنوی تاج الکلام مدح نواب شاہجہاں بیگم والیہ بھوپال میں لکھی ہیں۔ ۶۰ و ۷ سال ہوئے عالم ضعیفی میں انتقال کیا۔ ۱۲۔ رجب ۱۲۳۴ھ ہجری کو پیدا ہوئے اور ۱۲ شوال ۱۳۰۹ھ ہجری روز دوشنبہ کو وفات پائی خورشید علی انکا تاریخی نام ہے۔ افسوس باوجود انتہا درجہ کی کوشش کے صرف اِسی قدر کلام ملا ملاحظہ ہو۔

ہے مومیا شکستہ دلوں کو شکستِ زلف
مشکل کشائے جوشِ جنوں بند و بستِ زلف

ایک ایک حلقہ بنتا ہے حلقہ کمند کا
ہے فتح کا نشان سراسر شکستِ زلف

تسلیم کہئیے یار سے اندھیر ہے یہ کیا
عشقت سپرد کیسۂ ما را بدستِ زلف

نکتہ داں ہوں کیوں کہوں اسکا دہاں نہیں
نقطۂ نونِ دہن سے کیا نشاں ملتا نہیں

آفتابِ اوجِ شہرت میں نہیں سکتا ہے حسن
جب تک اسکو کوئی رسوائے جہاں ملتا نہیں

گھل گیا اپنا بدن غم میں ترے اے شعلہ رو
مثلِ شمعِ سوختہ اک استخواں ملتا نہیں

پھیر دی جھاڑو یہ کیسی ہائے میرے باغ میں
آنکھ پر رکھنے کو تنکا اے خزاں ملتا نہیں

میرا فریاد ہی سوال اور انکا شاکی ہے جواب
بے دہن دلبر سا مجھ سا بے زباں ملتا نہیں

رنگ سب جتنے کا نہیں تسلیم اس گلزار میں
ہمصفیروں سے میرا طرزِ بیاں ملتا نہیں

مانند ابر اشک سے دامن بھگوئیں کیوں
اک بوند آبرو ہے اُسے ہم ڈبوئیں کیوں

یہ عشق نے کمر کے کیا ناتواں مجھے
ہے رشتۂ حیات بھی بارِ گراں مجھے

بوسے کا نام سنکے چباتا ہے اپنے ہونٹ / میرا یہ موہنہ کہ وصل کی دے وہ زباں مجھے
دیکھا جو اُس نے تختۂ نرگس میں آئینہ / لاکھ آنکھوں نمیں دکھائی دیں دو پتلیاں مجھے
یہ پیسکے غمزے یہ کرو اُٹھو چلو بیٹھو / اپنی سلامتی ہے تو سو دلستاں ہے مجھے
داغِ فراقِ یار کے سر پر سے قدم / مدت کے بعد ایک ملا میہماں مجھے
میرے وضو کو لاؤ شرابِ دو آتشہ / کرنی ہے آج بیعتِ پیرِ مغاں مجھے
سچ ہے مثل بھلائیگا بدلہ بُرائی سے / میں دوں دعائیں دیتے ہو تم گالیاں مجھے
کرتے ہیں یاد وہ کہ اجل نے کیا ہے یاد / آتی ہے آج ہچکیوں پہ ہچکیاں مجھے
ہر معرکہ میں کھلتے ہیں جوہر کمال کے / مانندِ تیغ تیز ملی ہے زباں مجھے
حال یہ اُن کی انجمن میں ہے / ہر سخن معرضِ سخن میں ہے
درج نئی تازہ اوج وہ مری فریاد کی ہے / باغباں لوٹ ہے حالت بُری صیاد کی ہے
شانِ محبوبی کی دشمن ہے رکھائی آپکی / دیکھو دیکھو چھوٹی ہوتی ہے بڑائی آپکی
باج لے تارِ نظر سے اور رگِ جاں سے خراج / آپ کی پتلی کمر نازک کلائی آپ کی
ننگے ہو جاتے ہو بزمِ غیر میں پی کر شراب / خوب کُھل کھیلی ہے ابتو پارسائی آپ کی
یاد رکھو میں بھی اپنے نام کا تسلیم ہوں / گڑگڑا کر ہو گی منت کش رکھائی آپکی

تسلیم

تسلیم۔ لالہ دیبی پرشاد تسلیم فرخ آبادی ابن لالہ مادھو رام جوہر شاگرد سید اسمعیل حسین منیر شکوہ آبادی۔ قوم کے ویش اور بڑے نامی گرامی ساہوکار تھے۔ غدر کے بعد تک حیات تھے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

بیمارِ محبت کو شفا ہو نہیں سکتی / اچھا یہ مرض ہے کہ دوا ہو نہیں سکتی
فریاد سے کیا فائدہ ہنگامِ مصیبت / کچھ آہ ضعیفی میں عصا ہو نہیں سکتی
تیرِ نگہ یار سے کیوں دل کو بچائے / تسلیم سے ہرگز یہ خطا ہو نہیں سکتی

تسلیم

تسلیم۔ سخنور ہمپایۂ قدسی و کلیم۔ منشی امیر اللہ صاحب تسلیم۔ خلف مولوی عبد الصمد مرحوم۔

اصل وطن فیض آباد ہے۔ پہلے مدتوں لکھنؤ رہے اب عرصہ دراز سے متوسل سرکار
رام پور رہیں مرزا اصغر علی خاں مرحوم نسیم دہلوی کے شاگرد رشید بلکہ فدائی ہیں۔ مدت ہوئی
کہ آپ کا پہلا دیوان موسوم بہ نظم ارجمند چھپا تھا اس کے بعد دو دیوان اور مرتب کئے ہیں۔
مثنوی نالۂ تسلیم و دل و جان و صبح خنداں ان کی تصانیف سے مشتہر ہو چکی ہیں اس وقت
نوے برس کے قریب عمر ہے۔ متاخرین شعرا میں آپ ہی جیسے دو ایک دم باقی رہ گئے
ہیں۔ سن ولادت کے بارہ میں آپ ارقام فرماتے ہیں کہ جس سال غازی الدین حیدر
مسند نشین ہوئے میں پیدا ہوا اس حساب سے ۱۸۲۰ء سال ولادت سمجھنا چاہئے۔ نواب
کلب علیخاں بہادر کی زندگی تک بہ آسایش بسر کی اس وقت تمام مشاہیر شعرائے ہند کا
مجمع رام پور میں تھا اور باہم ایک دوسرے کو خوش نوایانِ سخن کے ساتھ زمزمہ سنجی کا لطف
آتا تھا۔ آپ کے مسلم الثبوت استاد اور موجودہ شعرا میں نہایت بلند پایہ اور عالی رتبہ ہونے میں
کس کو کلام ہو سکتا ہے۔

راقم تذکرہ پر کمال عنایت فرماتے ہیں۔ اپنا دوسرا دیوان بھی عنایت کیا تھا۔ آپ کے
شاگرد رامپور اور لکھنؤ میں بکثرت موجود ہیں جنمیں فی زماننا فضل الحسن حسرت موہانی و عرش
مشہور ہیں۔ کلام کے متعلق خود دیوان کے دیباچہ میں تحریر فرماتے ہیں "ہنوز نظر ثانی کی
نوبت نہ آئی تھی اطمینانِ خاطر نے صورت نہ دکھائی تھی۔ دیوان مجزا تھا مجلد نہوا تھا کہ احباب
دیکھنے کے واسطے لے جانے لگے۔ مزہ نظم کا اٹھانے لگے جب مجکو واپس دیئے گئے
تو میں نے صندوق میں رکھدیا۔ پھر مدت تک نہ دیکھا جب صاحبانِ طبع نے واسطے طبع
کے طلب فرمایا تب خیال آیا کہ ایک نظر دیکھ کر اطمینانِ دل حاصل کروں نقصانات کو نکالکر
کامل کروں۔ دیکھا تو جا بجا سے ابتر پایا اکثر کمتر پایا نہ معلوم یاروں کی بے پروائی سے تلف ہوا
یا اپنا دیوان ناقص کامل کرنے کی غرض سے کلام چرا لیا۔

ناچار پھر باقی ماندہ کو ردیف وار لکھا از سر نو رطب و یابس پھر ایک جگہ جمع کیا" اس

دوسرے دیوان کا نام آپ نے نظم دل افروز رکھا ہے۔ کلام میں فصاحت بلاغت۔ متانت شوخی۔ کمال کے درجے تک پہنچی ہوئی ہے۔ قوت متخیلہ و قوت ممیزہ دونو اعلیٰ درجہ کی زبردست عطا ہوئی ہیں۔ ہر وقت طلب مضمون کو اس سادگی اور صفائی سے قلم بند فرماتے ہیں کہ اس کی تعریف نہیں ہوسکتی۔

نہایت منکسر المزاج اور باوضع بزرگ ہیں۔ خوش نویسی میں بھی ید طولیٰ حاصل ہے ابتدائے زمانہ میں یہی شغل رہتا تھا۔ اب بھی کبھی کبھی اسکے مشق جاری رہتی ہے۔ واقعی اس وقت آپکا دم مغتنمات روزگار ہے۔ اللہ تعالیٰ آپکے انفاس میں برکت دے۔ آپکا اصل وطن گو قصبۂ منگ السّرا عرف بدوسرائے مضافات دریاآباد میں ہے اور عمر شریف کا بہت سا حصّہ بھی لکھنؤ ہی میں بسر ہوا ہی مگر آپ کو اپنے اُستادِ والا نژاد حضرت نسیم دہلوی سے اس قدر عقیدت و ارادت ہے کہ ہمیشہ سے آپکی وضع بھی قدیم دہلی کے درباری لوگوں کی سی رہی اور دلّی کی تعریف بھی آپ ہمیشہ فرماتے رہتے ہیں چنانچہ آپکا قول ہو کہ "میں ہوں تسلیم شاگردِ نسیم دہلوی + مجکو طرز شاعرانِ لکھنؤ سے کیا غرض"۔ آپکے کلام کا رنگ بھی وہی ہو اور اکثر اوقات آپنے بالخصوص اہلِ دہلی کے رنگ میں غزلیں کہی ہیں اُستاد کو بھی آپکی شاگردی پر فخر تھا اور ابھی فخر تھا آپکے کلیات میں حضرت نسیم کی ایک تاریخ ہے جس سے اُستاد کا وہ اعلیٰ خیال صاف مترشح ہوتا ہی جو اپنے شاگرد کے متعلق اُنکے دلمیں تھا تاریخ از نسیم دہلوی

چوں نظم نمود این فسانہ	تازہ گلبنِ زباغِ تعلیم		گفتم نسیم سالِ تصنیف	قربانِ بجمالِ فکرِ تسلیم

کعبہ سے بتکدہ کو گیا بھی تو کیا ہوا
شانِ خدا جو دیکھ لی حسنِ بتاں میں شیخ
دم دیا ہے حرم و دیر میں کس کافر نے
جلوہ گر ہے کون کسکا کرتی ہے حسرت طواف
شبنم گری تو سمجھے دیا آسماں نے غسل
پھولوں سے مرقد کا نظارا ہمیں کرنے نہ دیا

میں دیکھتا وہاں بھی تری شان ہی رہا
اتنی سی بات میں ہیں گنہ گار کیا ہوا
کلمہ پڑھتے ہیں یہ سب گبر و مسلماں کس کا
کعبۂ دل پر مرے عالم ہے بیت اللہ کا
خاک اُڑکے آپڑی تو ہمارا کفن ہوا
دامنِ دل گلِ اُمید سے بھرنے نہ دیا

ہٹ اُسکی رہ گئی یہ بڑی بات ہے مجھے
اب ہاتھ کیوں اُٹھاتے ہو تم سوئے آسماں
مایوس داد خواہِ ستم کیوں ہیں حشر میں
کل گئے ہیں آج وہ آئینگے لیکن کیا کہوں
کیونکر کہوں وہ فتنۂ محشر نہیں ملتا
گیسو کی محبت میں سنبھلا ہی نہیں جاتا
دریائے محبت میں ڈوبا ہوں کچھ ایسا میں
دل ہوا زخمی جگر محروم پیکاں رہ گیا
پارسائی کیسی اے زاہد بتوں کے عشق میں
محتسب لذتِ مے سے نہیں واقف ورنہ
گلفشانی گر یہی ہے شمع تربت کی مری
ہائے کیونکر نہ کروں میں گلہ محرومی کا
عمر بھر رشکِ عدو ساتھ تھا کہتا کیا حال
پردۂ محمل تو اُٹھے وہ دیدِ لیلےٰ کے لئے
شکر کر سر حلقۂ رنداں بادہ نوش ہے
روز جانے سے یار بدظن تھا
شکر کرکے رہ گئے زخمِ جگر
قطرۂ خوں بھی نہیں دل میں مرے
کچھ کہو جھوٹ سچ کہ توقع بندھی رہے
قربان ہوگا اور کی بانکی ادا پہ کب
تسلیم کس کے واسطے بیٹھے ہو گھر چلو

دل چھیڑ گیا تھا ہاتھ سے اپنے گیا گیا
بالیں پہ موت آگئی وقتِ دعا گیا
اللہ بھی بتوں کا طرفدار ہو گیا
دو ہی دن میں دلکو میں دل مجکو دوبھر ہو گیا
ملتا ہے مگر دل سے ستمگر نہیں ملتا
اس پیچ سے کیا نکلوں نکلا ہی نہیں جاتا
ہر چند ابھرتا ہوں اُبھرا ہی نہیں جاتا
ایک کا ارمان نکلا اک پیرِ ارماں رہ گیا
میں اسی کا شکر کرتا ہوں کہ ایماں رہ گیا
سر بازار لئے شیشہ و ساغر پھرتا
دیکھ لینا قبر پر پھولوں کا بستر ہو گیا
لاکھ ارمان تھے اور ایک بھی پورا نہوا
وہ ملا بھی کبھی تنہا تو میں تنہا نہ ہوا
ذرہ ذرہ چشم قیس ناتواں ہو جائیگا
اور کیا اے شیخ تو پیرِ مغاں ہو جائیگا
شوقِ دل دوستی کا دشمن تھا
کہہ گئی قاتل زبانِ تیر کیا
ہائے تر ہو گی زبانِ تیر کیا
توڑو نہ آسرا دلِ امیدوار کا
دل ہی نہیں رہا وہ ترے جاں نثار کا
کیا اعتبار وعدہ کا بے اعتبار کا

ایسے خوش خوش چلے آتے ہیں حرم سے تسلیم
جیسے بت خانہ گئے تو خدا کا دیکھا

خاک ہونے سے خاک ہاتھ آیا
جیب میں تیرا ہی نقشِ پا نہوا

ہمنے کعبہ میں بھی نہ سجدہ کیا
جس جگہ تیرا نقشِ پا نہ ہوا

ق

برسوں لبیک خواں رہا تسلیم
حجِ کعبہ کبھی قضا نہ ہوا

پر خدا جانے بت پرستی میں
کیا مزا تھا کہ پارسا نہ ہوا

عیش و غم وادیِ غربت میں خدایا کیسا
دھوپ کیسی سرِ پُر شور پہ سایہ کیسا

مرنے سے کیا ہمارے تمکو ملال ہوگا
وہ ہم نہیں پیارے جس کا ملال ہوگا

میں کیا کہوں بتو تمکو پیارے ہیں کیوں لہو کے
مذہب میں کافروں کے یہ بھی حلال ہوگا

دل مرا تھا گر گیا گم ہو گیا جاتا رہا
غم تمھیں کاہے کا ہے جاتا رہا جاتا رہا

ڈھونڈھتا ہے روز و شب لیکر چراغِ مہر و ماہ
کیا ترا اے آسمانِ پر جفا جاتا رہا

وعدہ جو کیا شام کو وقتِ سحر آئے
اس ماہ میں خورشید کا عالم نظر آیا

کیا خاک رکھا تھا دلِ پُر شور سے باقی
جو اور جلانے مجھے داغِ جگر آیا

اللہ رے ہمدردیِ یارانِ خرابات
خالی جو ہوا شیشۂ دل جام بھر آیا

جیتا ہوں نہیں جینے کی جبتک ہے مجھے امید
مر جاؤں گا بالیں پہ مسیحا اگر آیا

آرام نہیں گردشِ ہجران سے کسیکو
عالم مجھے فانوسِ خیالی نظر آیا

اے واعظِ مسجد رہ بتخانہ بتا دے
مستی میں نہیں ہوش کدھر تھا کدھر آیا

دے دلمیں جگہ صورتِ آئینہ ہمیشہ
حیرت کدۂ دہر میں جو کچھ نظر آیا

تسلیم بیاباں سے سوئے خانہ پھروں کیا
آیا دلِ عاشق کیطرح میں جدھر آیا

خوب ہوتی ہے بسر میخانہ میں لیل و نہار
رات بھر کرتے ہیں توبہ پیتے ہیں دن بھر شراب

مرقد میں سفیدی جو کفن کی نظر آئی
سمجھا میں پسِ مرگ مرے ساتھ گڑی دھوپ

ہر اک ذرہ ہے چشمِ قیس لیلی
اُٹھانا پردۂ محمل سمجھ کر

سزاوار ادب ہے کوئے قاتل — اوڑانا خاک او بسمل سمجھ کر

وقتِ پیری لے اُڑی آخر ہوائے میکشی — شیخ بتخانہ میں جا بیٹھا مصلے چھوڑ کر

غنچہ بھی خاموش گل خنداں عنادل نعرہ زن — اُڑ گئی بادِ صبا اچھا شگوفہ چھوڑ کر

بوند بھر پانی کی بھی اُمید اپنے سے نہیں — دیکھ دریا چلدیا ساحل کو پیاسا چھوڑ کر

یہ قسمت اپنی اپنی تن پڑا ہے بے کفن ابتک — جگہ دی آسماں نے خون کو قاتل کے دامن پر

میں عاشق ہوں تو تم کیا ملو اب شیخ کعبہ سے — کہ بیعت کر چکا ہوں دیر میں دستِ برہمن پر

کون آیا تھا نہانے کو کہ جسکے ہجر میں — موج دریا سر پٹکتی ہے لبِ ساحل کے پاس

جلاتی ہے خموشی صورتِ شمع — کبھی دل کی نہیں آتی زباں تک

کیا خبر مجکو خزاں کیا چیز ہے کیسی بہار — آنکھیں کھولیں بینے اگر خانۂ صیاد میں

اور ہیں جنکو ہے شاگردی پر اے تسلیم ناز — میں نسیمِ دہلوی کے کفش برداروں میں ہوں

تھک گئے ہم حسرتِ شوقِ شہادت کم نہیں — مجھ سے دم لیلو اگر تیغِ ستم میں دم نہیں

وائے غفلت اب بھی اُمیدِ شفا یاروں کو ہے — دم دعائیں کر رہے ہیں اور مجھ میں دم نہیں

بیخودی کا ہو برا کیسے پشیماں آج ہیں — آپ آئے آپ میں بدقسمتی سے ہم نہیں

سرسبز باغِ دہر میں اہلِ قلم نہیں — دیکھی ہری بھری کبھی شاخِ قلم نہیں

کیونکر کہوں کہ لطف بھی انکا ستم نہیں — کب آئے دیکھنے کو کہ جب مجھ میں دم نہیں

اُسکی سحر نہ اسکی زمانے میں شام ہے — فرقت کی شب بھی روزِ قیامت سے کم نہیں

کھنچتے ہیں آنکھ ملتے ہی دلہائے خلق کیوں — جادو اگر نہیں ہے تمہاری نگاہ میں تو

واعظ خدا شناس نہ ہوگا تمام عمر — ابتک پڑا ہوا ہے حرام و حلال میں

وہ برق میں شوخی وہ لگاوٹ تھی ہوا میں — دی رخصتِ مے خود مجھے توبہ نے گھٹا میں

پسنا ستمِ چرخ سے منہ اُف سے نکرنا — یہ بات مرے دل میں ہے یا برگِ حنا میں

غیروں ہی سے ہر دم نہ لڑایا کرو آنکھیں — حصّہ ہے مرا بھی نگہ ہوش ربا میں

اللہ سے کہتا کہ حسینوں کو وفا دے
شکر کر شکر کہ میخانہ میں اے پیرِ مغاں

کون آنکھوں میں سمایا ہے کہ ہم کو ہردم
صفتِ مردمکِ چشم ہیں گوشہ نشیں

افسوس پڑ گئے ہیں کفِ پا میں آبلے
بھلائی کی آنکھوں سے جب دیکھے

قیامت کی ہے بیتابی سرشکِ چشمِ گریاں میں
دمِ طفلی سے میں ہوں آشنائے مرگ دوراں میں

بنی ہے یہ مرے دم پر کہیں پچھلے پہر آخر
نظر کرلے ستمگر ربط باہم اسکو کہتے ہیں

بھڑک اٹھی لگی دل کی ہجومِ اشکِ گریہ سے
شہیدانِ محبت کا نرالا سب سے کعبہ ہے

ہوا میں زندۂ جاوید ہو کر قتل اے قاتل
جھکا دو شرم سے عالم دکھا کر قدِ موزوں کا

چلو گھر خاک بھی ڈالو حنا کا خون ہوتا ہے
حسینوں سے بگڑنا اور دلکو داغ دیتا ہے

شہیدِ تیرِ قاتل ہوں مجھے کیوں غسل دیتے ہیں
بہت دیکھا سنا ہے ایک ہو تم دونوں عالم میں

نکل جاونگا مثلِ نالۂ زنجیرِ زنداں سے
تہِ مدفن کھلی آنکھیں تو اس دنیا کو یہ سمجھے

ڈراتا کیوں ہے اے تسلیم واعظ مجکو دوزخ سے
تسلیم جو پاتا میں اثر اپنی دعا میں

ایک عالم کو تر او ستِ نگر دیکھتے ہیں
وہی صورت نظر آتی ہے جدھر دیکھتے ہیں

گھر میں بیٹھے ہوئے عالم کو مگر دیکھتے ہیں
آیا ہے بے وفا کبھی مجھ تک جو خواب میں

سوا اپنے کوئی بُرا ہی نہیں
کبھی پہلوئے مژگاں میں کبھی آغوشِ داماں میں

فلک نے مجکو پالا دامنِ شمشیرِ عریاں میں
اجل کو ڈھونڈھنے نکلا شبِ تاریکِ ہجراں میں

کہ پیکاں دلمیں ہے دِل نازبردارِ پیکاں میں
تماشا ہے مرا گھر جل رہا ہے عین باراں میں

جھکائے سر ہیں محرابِ خمِ شمشیرِ عریاں میں
بجھی تھی کیا تری شمشیر موجِ آبِ حیواں میں

اُٹھایا ہے بہت سروِ سہی نے سر گلستاں میں
کفِ افسوس ملتے ہو کھڑے گنجِ شہیداں میں

بہت روئی زلیخا بھیجکر یوسف کو زنداں میں
کہ میری جان نکلی ہے نہا کر آبِ پیکاں میں

نہ پریاں قاف میں ایسی نہ حوریں باغِ رضواں میں
مرے بدلے مرا ہوگا تصور چشمِ درباں میں

نظر آتی تھیں کچھ شکلیں ہمیں خوابِ پریشاں میں
مرا حصہ نہیں ہے کیا خدا کے فضل و احساں میں

لے چلے ہیں وحشت سے کیوں اقربا سوئے وطن
ابتو مجکو وادیِ غربت بھی گھر سے کم نہیں

خاک عزت نہیں نوکر ہیں کریں کیا تسلیم
آٹھویں ساتویں دربار چلے جاتے ہیں

ہجومِ مستی ہی بیخودی ہے خمارِ جوشِ شباب میں ہوں
یہ دیکھنے کو کھلی ہیں آنکھیں وگرنہ بیہوش خواب میں ہوں

تماشے بحرِ جہاں کے دیکھوں فنا سے اتنی کہاں ہے فرصت
ہوا کی مانند کوئی دم گو اسیرِ قیدِ حباب میں ہوں

اتنی مدت گذری غربت میں کہ دل تنگ ہوکر
ابتو یارانِ وطن کی یاد بھی آتی نہیں

بادہ کش میں نہ کہونگا کبھی واعظ کو غلط
مے کا شیشہ وہ دھرا ہے تہِ منبر دیکھو

گردشِ بخت بہت دیکھ چکے اے تسلیم
چلکے میخانہ میں اب گردشِ ساغر دیکھو

دو پھول کے لئے بھی ترسا پڑے ہمیں
شمعِ سرِ مزار اگر گلفشاں نہ ہو

کرتے ہیں سجدے اس لئے دیر و حرم میں ہم
کیا جانئے وہ شوخ کہاں ہو کہاں نہ ہو

بلا سے وہ نہیں آتے ہیں یاد انکی تو آتی ہے
غنیمت جانتا ہوں میں شبِ تاریک ہجراں کو

نکالی ہمنے یوں تسلیم حسرت وصلِ قاتل کی
لگایا ہے گلے سے تیغ کو سینے سے پیکاں کو

امانت جانکر اے داورِ محشر کلیجے سے
لگا رکھا ہے مینے آج تک قاتل کے پیکانکو

ملیں صبحِ وطن کی آرزوئیں خاک میں آکر
مبارکباد دے اے بیکسی شامِ غریباں کو

کعبے کا ارادہ کئے نکلے تو ہیں گھر سے
آجائے وہ بت سامنے اس دم تو مزا ہو

طفلی سے جو بت شوخ ہو آفت کا بنا ہو
وہ فتنہ جوانی میں قیامت نہ ہو کیا ہو

اب تجھیں کام مرے حالِ زبوں سے کیا ہے
جسطرح ہوتی ہے اوقات بسر ہونے دو

میرے ہر اشک سے عالم میں اک طوفان برپا ہے
طلسم تازہ ہے آغوش میں قطرہ کے دریا ہے

نہ پوچھو ماجرا داغِ جگر کا ہمنشیں مجھ سے
چراغِ طور ہے بے روغن و آتش کے جلتا ہے

نہ پوچھو کس پہ مرتا ہوں یہ منہ پھیرے جو بیٹھے ہیں
انھیں پر جان جاتی ہے انھیں پر دم نکلتا ہے

وہ مجنوں ہوں کہ لطفِ وصل حاصل ہے جدائی میں
ہر اک تارِ نفس سے آتی بوئے زلفِ لیلیٰ ہے

شان اللہ کی تسلیم بھی بت خانے سے
آج کعبے کو چلے شیخ کے بہکانے سے

جی گیا ہجر میں اے مرگ ترے آنے سے
زندگانی نظر آئی مجھے مر جانے سے

نہ آئے تم مری اُمید مجھ سے
سحر تک طعنے دے دے کے لڑی ہے

میں شرم خاک کروں خرقۂ ریائی کی
کہ چھینٹ بھی نہیں زاہد میں پارسائی کی

ہزار بار رلائی ہے اور ہمیں سے شیخ
حرم میں بیٹھ کے لیتا ہے پارسائی کی

بخت برگشتہ ہے اچھی بھی بُری ہو جائیگی
دوستی جس سے کرونگا دشمنی ہو جائے گی

دیر کیا آنے میں ہے اے شورِ محشر آ کہیں
دو گھڑی یار رونکی تجھ سے دل لگی ہو جائیگی

دل ہے داغستاں ہزاروں داغ ہیں اے چارہ گر
ایک دو مٹنے سے ظالم کیا کمی ہو جائیگی

کیا جمالِ یار دیکھیں گے کہ موسیٰ کی طرح
دشمنِ نظارہ اپنی بیخودی ہو جائے گی

کہیں کیا دین و ایماں کیا ہے تسلیم سیہ رو کا
وہ اک مردِ خراباتی ہے رندِ لاوبالی ہے

اے جاں شبِ فراق کے صدمے نہ پوچھئے
یہ حال تھا کہ موت بھی بالیں سے ٹل گئی

دل چُرا کر لے چلے ہو دیکھو یہ اچھا نہیں
منہ چھپاؤ لاکھ تم صورت ہے پہچانی ہوئی

اب آؤ یا نہ آؤ موت سے فقرہ نہیں چلتا
کہیں اے یار وقت آیا ہوا وعدوں سے ٹلتا ہے

لبوں تک آ کے پھر جاتی ہے جانِ منتظر میری
نہ وہ بے رحم آتا ہے نہ میرا دم نکلتا ہے

بُرا ہو سوزشِ دل کا کہ تنگ آیا جو سینے میں
دھواں بنکر خیالِ کاکلِ پر خم نکلتا ہے

یہ رتبہ ہے ترے ناوک کا جب آتا ہے او قاتل
پئے تعظیم درد اُٹھتا ہے تن سے دم نکلتا ہے

بدل جاتی ہے دو ساغر میں کیفیت طبیعت کی
فقیر آتا ہے میخانے سے بنکر جم نکلتا ہے

یارب نہ پڑے دل بُتِ بدکیش کے پالے
یہ دوست نہ ہو دشمنِ کافر کے حوالے

آرام ہے معشوق کے ہاتوں سے اذیت
گر داغ بھی دیجئے ہے چھاتی سے لگا لے

سچا ہے اگر دعویٰ دل اے بُتِ کافر
رکھدیں اسے مسجد میں قسم کھا کے اُٹھا لے

عزت یہ ملی برہنہ پائی سے جنوں میں
سر پر لئے پھرتے ہیں سب مجھے پاؤں کے چھالے

بے گور و کفن لاش غریبوں کی پڑی ہے
اے دامن صحرا اے جنوں تو ہی چھپالے

اُٹھکر مری بالیں سے وہ جاتے ہیں دم نزع
یا تو نہیں گھڑی بھر کوئی اللہ لگا لے

کیا رشک ہے کہتا نہیں اس سے دم رخصت
اللہ نگہبان ہو خالق کے حوالے

تسلیم کہیں دشت نوردی کے شرف کیا
ہیں تاج سر خار جنوں پاؤں کے چھالے

انتخاب قصیدہ در مدح نواب حامد علیخان صاحب والیِ رام پور

فریدوں مرتبہ حامد علیخاں صاحبِ شوکت
کہ جس کا نقش پا ہے تاج فرقِ سنجر و قیصر

مجھے حیرت ہے دوں تشبیہ کس سے شانِ شوکت میں
نہ دارا شہ کا ہمرتبہ نہ ہمپایہ ہے اسکندر

بلندی پر جو آئے خاک اس کے اسپ جولاں کی
بنالے آسمانِ پیر کحل دیدۂ اختر

نہیں ہیں نام کے بدکار بھی تقدیر سے بے غم
چھپا مٹی میں معشوقوں کی ہے وزد حنا جاکر

مقابل اس شجاع دہر سے کیا فوج اعدا ہو
نکلتی ہے اجل بھی سایۂ شمشیر سے بچ کر

برش دکھلائے دشمن کو اگر تیغِ دو پیکر کی
نظر آئے نہ سر تن پر نہ سر پر آہنی مغفر

دمِ بخشش جو دیکھے در فشانی دستِ ہمت کی
خجالت سے مٹا پھر جائے پانی ابرِ نیساں پر

گرائے اپنی نظروں سے جو اسکی ہمتِ والا
برنگِ قطرۂ شبنم بنے بے آبرو گوہر

یہانتک عہد میں اسکے ستمگر مہر پیشہ ہیں
کہ شیرِ گرسنہ جیتا ہے غم روباہ کا کھا کر

چمن میں بھی پڑھا جاتا ہے خطبہ اسکی عظمت کا
خطیبِ خوش بیاں بلبل ہے شاخِ نخل گل ممبر

تسلیم

تسلیم۔ جناب منشی رام سہائے صاحب تسلیم سابق ڈپٹی کلکٹر ضلع علی گڑھ ارشد تلامذہ مرزا حاتم علی بیگ مہر مغفور شاگرد رشید شیخ ناسخ مرحوم ان کے دو دیوان مسمی غنچۂ مراد و نغمۂ آرزو نظر سے گذرے شعر اچھا کہتے تھے۔ زبان میں صفائی۔ بیان میں رنگینی اور طبیعت میں مشاقی پائی جاتی تھی۔ ۶۵ برس کے قریب اب آپ کا سن ہے

انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

آپس میں جھگڑتے ہیں عبث شیخ و برہمن
کعبہ نہ کسی کا ہے نہ بتخانہ کسی کا

ڈھونڈے انسان تو وہ ہی خانۂ دل میں موجود
کعبہ کیسا مرے نزدیک کلیسا کیسا

وہ عندلیب ہوں گلشن سے جب بہار گئی
زمانہ آیا قفس سے مری رہائی کا

جوشِ وحشت میں یہ کچھ خاک اڑائی تسلیم
بادِ صرصر کے سر و دوش پہ صحرا دیکھا

غم میں نہیں کھاتا ہوں تو خوشدل نہیں ہوتا
بے رنج مزا عیش کا حاصل نہیں ہوتا

کیوں نہ وحشت ہو نہوں کیونکر ہرے داغِ جگر
موسمِ گل آگیا سرسبز گلشن ہو گیا

ہر روز تو میں یہ نہیں کہتا کہ آئیے
فرصت نہیں ہے آپکی بھی گاہ گاہ کیا

کس نے سرو قدوں سے کہیں بھی پھل پایا
لگاکے دل کوئی تم سے نہال کیا ہو گا

طالبِ حق نہیں پابند کبھی مذہب کے
شیخ سمجھے جسے تسلیم برہمن نکلا

رہے گی حضرتِ واعظ کی آبرو کب تک
چھپے رہیں گے بغل میں خم و سبو کب تک

ہاتھ رکھکر مرے سینہ پہ وہ فرماتے ہیں
سچ بتا دے ہمیں اب دردِ جگر ہے کہ نہیں

گریۂ عاشقِ ناشاد پہ ہنس دیتے ہو
اے بتو کچھ تمہیں اللہ کا ڈر ہے کہ نہیں

یکساں ہوا نہیں چمنِ دہر کی کبھی
کچھ دن بہار کے ہیں تو کچھ دن خزاں کے ہیں

کیا کریں تم سے شکوۂ بیداد
اپنا یہ شیوہ یہ شعار نہیں

طور و موسیٰ کی حقیقت نہیں کس پر روشن
جلوۂ یار سے رہتے ہیں بجا ہوش کہیں

کوچہ تمہارا گنجِ شہیداں سے بڑھ گیا
بسمل تڑپ رہے ہیں کہیں نیم جاں کہیں

بیداد گر سے دل طلبِ داد کیا کرے
حاکم نہ داد رس ہو تو فریاد کیا کرے

اس آسماں نے خاک میں ہمکو ملا دیا
اب اور دیکھئے ستم ایجاد کیا کرے

کب نظر آئیگا شوخ ماہ سیما دیکھئے
کب مرے طالع کا چمکے گا ستارا دیکھئے

نہ تو آئی خبر نہ یار آئے
کس طرح دل کو پھر قرار آئے

جوشِ گریہ نہیں ممکن دلِ مضطر روکے
کیوں عبث گریہ و زاری میں ہے مصروف ایدل
بحث اے ابر نکر ہم سے اگر ہم چاہیں
اُٹھتے ہیں غضب شعلے مرے داغ جگر سے
گور تیرہ میں رہا تنہا نہ میں مرنے کے بعد
ایسے ہم عشق میں ہیں محو خبر یہ بھی نہیں
یہ وہ دولت ہے گدا کو بھی شہنشاہ کردے
حالِ دل سن کے مرا کہتے ہیں کس ناز سے وہ

برق کیا بارشِ باران کو تڑپ کر روکے
کون وہ ہو سکتا ہے تحریرِ مقدر روکے
تو بہا دیں ابھی آنکھوں سے سمندر روکے
کیا کیجئے تدبیر لگے آگ جو گھر سے
دفن میرے ساتھ میری دل کی حسرت ہو گئی
عیش کہتے ہیں کسے اور مصیبت کیا ہے
ہم سے پوچھے کوئی تسلیم قناعت کیا ہے
اپنی عادت ہے کہ جو ذکر سنا بھول گئے

تسلیم۔ جناب منشی بالگوبند صاحب تسلیم۔ ممبر میونسپل بورڈ و دسٹرکٹ بورڈ اٹاوہ زیادہ حال معلوم نہیں ہوا۔ گاہ گاہ شعر بھی کہہ لیا کرتے تھے۔ چند اشعار پیش کش ناظرین ہیں

خطا میری سراسر ہے نہیں تیری خطا مطلق
محبت میں تری اُس نے نہ کیا کیا سختیاں جھیلیں
مثالِ نقشِ پا جس تھا فرطِ ناتوانی سے

نہ دیتا دل اگر تجھکو تو تو برباد کیا کرتا
نہ دیتا جان اے شیریں تو پھر فرہاد کیا کرتا
مرے پاؤں نہیں بیڑی ڈال کر حدّاد کیا کرتا

تسلیم۔ منشی تسلیم حسین کیرت پور کے رہنے والے مرزا داغ دہلوی مرحوم کے شاگرد اور موزوں طبع شاعر ہیں کلام سے ظاہر ہے کہ ابھی شاعری کی ابتدا ہے اگر مشق جاری رہی تو خاصا کہنے لگیں گے کچھ اشعار انتخاباً درج ذیل ہیں۔

لاکھ تدبیر کرے کوئی تو کیا ہوتا ہے
گردشِ چرخ ستمگر کا عبث ہے شکوہ
ہائے کہنا وہ کسی کا دمِ رخصت مجھ سے
رنج و غم سہتے سہتے ہائے ستم
رستے ہے آباد میکدہ واعظ تو

غیر ممکن ہے ترا وصل میسر ہونا
تیری قسمت میں دلِ زار ہے مضطر ہونا
کہے دیتا ہوں جدائی میں نہ مضطر ہونا
ہو گیا دل ہمارا پتھر کا ئو
ذکر کر تو نہ حوضِ کوثر کا ئو ئو ئو

دکھاؤں کیا تجھے کیا فائدہ کچھ ہو نہیں سکتا
نہیں ہے چارہ گر زخم جگر تدبیر کے قابل

نہ وہ آنا نہ وہ جانا نہ وہ رسم الفت
نہ تمھاری وہ محبت کی نظر دیکھتے ہیں

نہ وہ شوخی نہ شرارت نہ ادائیں پہلی
کچھ عجب طور نئی شام و سحر رکھتے ہیں

تسنیم

تسنیم ۔ منشی محی الدین حسین خاں ۔ تسنیم ۔ نواب سپہدار جنگ بہادر رئیس مدراس کے خویش نواب کرناٹک کے قرابت دار اور مولانا کوثر خیر آبادی کے شاگرد رشید ہیں ۔ ان کے بزرگ مدراس کے قدیم شرفا میں سے تھے اب یہ عرصے سے دکن میں سکونت پذیر اور وہاں کے کالج میں پروفیسری کے عہدے پر ممتاز ہیں شعر اچھا کہتے ہیں ۔ مذاق صحیح اور عمدہ ہے مضمون کی طرف خیال کی رسائی ہے کلام میں بات پیدا ہوتی ہے زبان صاف اور بندش چست ہے سنا ہے کہ جناب فصاحت سے بھی مشورہ لیا ہے سن شریف ۴۵ برس کے قریب ہے سرکار نظام سے کچھ منصب بھی پاتے ہیں مشاق اور زود گو ہیں ۔ زندہ دل خوش مزاج ۔ خوش خلق آدمی ہیں ۔ ترتیب تذکرہ جلد دوم کے زمانہ میں جو کلام انھوں نے ارسال کیا اُسکا انتخاب پیش کیا جاتا ہے ۔

دیدۂ اشکبار کیا کہنا
ابر ہے شرمسار کیا کہنا

تیر تیز نگاہ اے ظالم
ہو گیا دل کے پار کیا کہنا

گھٹ گھٹ کے اسیران قفس کیونکر فنا ہوں
رستہ نہیں رکھتا قفس تنگ ہوا کا

یوں موسم شباب ہمارا گذر گیا
گویا چڑھا ہوا کوئی دریا اتر گیا

ہمسر تھے رخ سے پھول کیا ذبح انکو کیوں
گلشن میں بلبلوں کا بھلا کیا قصور تھا

وہ آئینہ رو چھپ کے کہتا ہے کہ کچھ
ایسا بھے سکتا ہے کہ کچھ کہہ نہیں سکتا

اس آنکھ نے کیا عجب اعجاز بزم میں
ہر ایک جانتا ہے اشارہ ادھر ہوا

تیر کے پر جبکہ اے ناوک فگن دیں گے ہوا
زخم سوزاں قلب کے ٹھنڈے نہ ہو جائیں گے کیا

دور میں چرخ دنی کے کسب نعمت کی اُمید
غم نہ کھائیں گے اگر اب ہم تو پھر کھائیں گے کیا

پہلو میں میرے دل کا ٹھہرنا محال ہے
میانِ حشر ہوئی کس کے خون کی پرسش
چاند سی صورت کا دلبر جسکے پہلو میں رہے
شکایت روح یوں کرتی ہے ہو کر غرقِ عصیاں میں
ملا کیا خوب ثمرہ گلشنِ جنت بنانے کا
کنشت چھپائے ہوئے میخانے سے جاتی ہیں وہ شیخ
پکار کر یہ تجلّی کسی سے کہتی ہے
میں سے نے لیلےٰ کو بے وفا جو کہا
زعفراں زار ہے یا آنکھوں میں سرسوں پھولی
بعد مرنے کے بھی صیاد کا یہ خوف رہا
دونوں کو بچاتا ہوں ترے تیرِ نظر سے
بہت مواج ہے دریائے الفت
شبِ وصلت حجاب و شوق کا جھگڑا نہ طے ہوتا
گرچہ روشن ہیں ہزاروں قبرِ منعم پہ چراغ
شیشہ نہ ایک بوند لہو کی نہ آبلہ کو
طلب کرتے ہی فوراً دے دیا دل
چرایا کس نے کس کا نام لوں میں
گناہگار ہوں عاصی ہوں شرمسار ہوں میں
مجھے رسوا کرینگے گرد کیوں غمخوار بیٹھے ہیں
اٹھیں گے تو دھواں بنکر اٹھیں گے خاک سے اپنی
دو نور خار ماہ پارے ہیں

حالت یہ ہے کہ آج گیا اور کل گیا
ذرا سا ہو گیا چہرہ مرے ستمگر کا
پوچھئے اُن خوش نصیبوں سے مزا برسات کا
مجھے اے قالبِ خاکی نہ یوں برباد کرنا تھا
تجھے دعویٰ خدائی کا نہ اے شدّاد کرنا تھا
میکشو ہیں یہ بڑے مرشدِ کامل لینا
جلا کے سرمہ بجھے کوہ طور ہم نے کیا
آپ کیوں ہو گئے خفا صاحب ہو
کس لئے ہنستا ہے دیوانہ ترا آپ ہی آپ
روح گلزار میں بلبل کی چھپی بو ہو کر
اک ہاتھ مرا دل پہ ہے اک ہاتھ جگر پر
الٰہی اس سے ہوں میں پار کیونکر
نکرتی فیصلہ گر دو خطِ رز درمیاں ہو کر
فائدہ کیا گھر تو ہے تاریک ہیں باہر چراغ
میں کیا بتاؤں تمکو مریجان کیا ہے دل
یہ میرا حوصلہ ہے یہ مرا دل
میرے پہلو میں پاس تھے آپ یا دل
ترے کرم کا الٰہی امیدوار ہوں میں
اِدھر دو چار بیٹھے ہیں اُدھر دو چار بیٹھے ہیں
کہ ہم دھونی رمائے تیرے در پر یار بیٹھے ہیں
گورے گورے ہیں پیارے پیارے ہیں

جنوں کا ایسا اب کے جوش ہے فصلِ بہاراں میں
کہ پرزے پرزے خود جیب و گریباں ہوتے جاتے ہیں

ہوائے آہِ بلبل کسقدر ہے تند و تیز اے دل
سب اوراقِ گل گلشن پریشاں ہوتے جاتے ہیں

قیامت میں جو لپٹی شوق میں دامن سے قاتل کے
اُسے یہ بدگمانی ہے کہ ہم فریاد کرتے ہیں

ہر جگہ عشق دکھاتا ہے نیا رنگ اپنا
سر میں درد آنکھ میں آنسو ہے تمنا دل میں

نچوڑوں میں تو اک عالم ہو سیراب
لڑا لے ابرِ تر دامن سے دامن

ترے تیرِ نگہ کو اے ستمگر
کلیجے سے لگایا چاہتا ہوں

بہت پُر درد ہے میری کہانی
تجھے ظالم سُنایا چاہتا ہوں

تمنا اپنے ملنے کی تم انکے دل میں رہنے دو
یونہی غیروں کو برسوں سعی لاحاصل میں رہنے دو

نہ یہ کچھ سُننے والی ہے نہ یہ کچھ کہنے والی ہے
کروں تصویر سے باتیں تو کوئی بدگماں کیوں ہو

وہ ہنس ہنس کر مجھی سے پوچھتے ہیں
ہمارے چاہنے والے تمہیں ہو

گر کرے حاصل ضیاء روئے دلبر آئینہ
حسن کی اقلیم کو کر لے مسخر آئینہ

ہاتھ سے رکھتا نہیں وہ شوخ دم بھر آئینہ
مجھ میں اسمیں بن گیا سدِّ سکندر آئینہ

کب چھپائے سے بھلا چھپتی ہے صورت عشق کی
دیدۂ تر آئینہ ہے دامنِ تر آئینہ

سحر حیرت چل گیا دونوں پہ یکساں حسن کا
وہ ہیں آئینہ سے ششدر اُن سے ششدر آئینہ

جنابِ شیخ ہیں یا حضرتِ زاہد ہیں اے رندو
چھپائے منہ چلا آتا ہے کوئی سوئے میخانہ

پرستش گاہ دونوں ہیں نہیں کچھ فرق دونوں میں
جو بتخانہ ہے وہ کعبہ جو کعبہ ہے وہ بتخانہ

دلِ مضطرب جگر کے جگر دل کے سامنے
بسمل تڑپ رہا ہے یہ بسمل کے سامنے

بٹھایا وہیں دردِ دل نے ہمیں
جو ہم تیرے محفل سے اُٹھ کر چلے

میں سخت جاں ہوں وہ سنگ دل ہے کسی طرف سے کمی نہ ہو گی
چھری سے رگڑے وہ لاکھ دیگا پہ قطع شہرگ مری نہ ہو گی

شبِ وصل اُنکی شرم اور میری حیرت اک تماشا تھی
ادھر تھا بے خبر میں بھی اُدھر تھے سرنگوں وہ بھی

ملا ہے دل مگر میری طرح وقت جنوں وہ بھی
ملا ہے سر مگر سنگِ ستم سے غرق خوں وہ بھی

ہجر کی شب خوف ہے ایسا نکلنے کے لئے
جان میرے جسم میں پھرتی ہے گھبرائی ہوئی

تو کہا کرتا تھا اکثر ایک بھی مرتا نہیں ہے
تیرے در پر دیکھ یہ کس کی ہے لاش آئی ہوئی

مئے گلفام پئیں ہم تو سمجھے کیا زاہد
ہم نے مانا کہ گنہ گار ہیں کس کے اسکے

وہم یہ ہے کہ نہ ٹھوکر سے کہیں جی اٹھے
لاش کرتا نہیں پامال ستمگار مری

ہے خوشی کی طرح غم بھی بے ثبات
کرے یوں دل شادیوں کیسی کبھی ہے

عالمِ وحدت میں ہم گمنام تھے
باعثِ شہرت یہ کثرت ہو گئی ہے

خلوتِ یار میں بیگانے کا آنا کیسا
سر دھنا شمع نے جس وقت ہوا بھی آئی

کیا قتل اور چھپے میرے ہی دلمیں
غضب کا ڈر قیامت کے نڈر بھی

میں کب سے سینچتا ہوں نخلِ امید
کبھی یارب یہ ہوگا بارور بھی ہے

وہ میری سخت جانی ذبح کے وقت
کسی کا تھک کے یہ کہنا کہ مر بھی

سات پردوں میں وہ رہتے ہیں مگر دادِ شوق
بند آنکھوں سے کیا انکا نظارا میں نے

خون سے میرے سرخ ہے دامن
جلد دھلوائیے خدا کے لئے

زلف الجھی تو آپ بھی الجھے ہے
بال سلجھائیے خدا کے لئے

قتل کرکے مجھے قاتل ہی کے ٹپکے نہیں اشک
چشم جوہر سے لہو رونے لگا خنجر بھی

عاصیوں کو دیکھکر کہتے ہیں زاہد حشر میں
جوش پر ہے ابر رحمت دیکھئے کیسی بنے

تشفّی

تشفّی۔ منشی محمد چاند صاحب حیدرآبادی شاگرد سید منتخب الدین تجلّی زمانۂ حال کے نومشق کہنے والوں میں ہیں۔ یہ کلام کا رنگ ہے۔

منتظر ہے دخترِ رز بادہ کش بے چین ہیں
شیخ جی چلئے درِ میخانہ کب کے باز ہے

مجھ سے کہتے ہیں اشارہ کرکے دشمن کی طرف
میرا عاشق گر کوئی ہے تو یہی جانباز ہے

کہتے ہیں وہ سچ کہو تمکو مرے سر کی قسم
ہم سے جو پوشیدہ ہو ایسا بھی کوئی راز ہے

تشنہ

تشنہ۔ منشی محمد علی نام باشندہ دہلی۔ پہلے اُستاد ذوق کے شاگرد تھے ان کی وفات کے بعد حکیم آغا جان عیش سے مشورہ لیتے رہے۔ بڑے خوش فکر وارفتہ مزاج درویش وضع شخص تھے۔ کبھی لباس زیب بدن کرتے کبھی عریانی کو اپنا لباس بے تکلف قرار دیتے انکا ذہن بہت رسا تھا اور حافظہ اس بلا کا تھا کہ صدہا غزلیں نوک زبان تھیں گویا آپ مجسم اپنا دیوان تھے۔ اپنے سوا اور لوگوں کا کلام بھی بہت یاد تھا شراب بکثرت پیتے تھے اور اکثر اُسکے نشہ میں بدمست و مخمور رہا کرتے تھے۔ ۱۲۸۲ھ سے دو سال تک میرٹھ۔ سہارنپور پٹیالہ۔ امرتسر۔ لاہور۔ ملتان کی سیر کی۔ پھر ۱۲۸۴ھ میں دلی چلے آئے۔ دیوان ذوق کے بارے میں انکا بیان تھا کہ متفرق مطلعوں میں کئی مطلع شاہ نصیر اور کئی مطلع معروف اور تحریر وغیرہ کے لکھے گئے ہیں ۱۲۸۶ھ میں وفات پائی۔ ان کی تاریخ وفات اس جملہ سے۔ "تشنۂ شراب ابد کا" نکلتی ہے۔ بعض تذکرہ نویسوں نے لکھا ہے کہ پورب میں انتقال کیا۔ مگر حضرت ظہیر مدظلہ العالی کا بیان ہے کہ الور میں وفات پائی۔ سنا ہے کہ ان میں یہ بڑا عیب تھا کہ اپنے ہمعصروں کا کلام بے تکلف اپنے نام سے پڑھ دیتے تھے۔ چنانچہ اپنے اُستاد بھائی حضرت داغ کے کلام پر بہت ہاتھ صاف کیا جیسا کہ ان کے مندرجہ کلام سے معلوم ہوگا۔ بہرحال ان کے مشاق سخن سنج ہونے میں کسی کو کلام نہیں۔ شعر بہت اچھا کہتے تھے۔ روزمرّہ زبان پر اچھا عبور تھا۔ ان کی غزلیں ان کی حیات میں بھی رائج ہوگئی تھیں اور اکثر ارباب طرب کی زبانوں پر چڑھکر مجالس کی رونق دوبالا کرتی تھیں ان کے کلام میں اکثر ایسے بلند پایہ اور عدیم النظیر اشعار پائے جاتے ہیں جس سے انکا رتبۂ اُستادی مسلّم ہوتا ہے۔ آپ حضرت داغ انور ظہیر وغیرہ کے ہم مشق وہم صحبت تھے انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

ٹھنڈا چراغ ہوگیا پیری میں عمر کا	تھا رات بھر دیئے کا اُجالا سحر نہ تھا
جبتک کہ اُسکی زلف مسلسل کا تھا نہ دور	اندھیر تھا جہاں میں مگر اسقدر نہ تھا

نزع کے وقت جو وہ حورِ شمائل آیا
ملک الموت کو بھی غش مرے شامل آیا

کہدو پروانے سے اب نالۂ بلبل سیکھے
شمع گل ہوگئی جو وہ رونقِ محفل آیا

حوصلہ دیکھا ہمارے زخمِ دامن دار کا
لال مُنہ کر کر دیا قاتل تری تلوار کا

وہ تشنہ دہن ہوں کہ دمِ ذبح بھی میرا
آبِ دمِ خنجر سے گلو تر نہیں ہوتا

پھانسی گلے میں وہی ہے تو وہی تارِ زلف کی
میرے لئے نکر تو ستمگر رسن خراب

گر تشنہ چھوٹتا نہ ہمارا وطن تو پھر
اسطرح پھرتے کا ہیکو ہم بے وطن خراب

کہا ہنسکے کہ اے جانِ جہاں ہم تپ پہ مرتے ہیں
تو فرمایا کہ مجھ پر آپ کچھ احسان کرتے ہیں

کبھی یہ دل تماشا گاہِ صد عیش و مسرت تھا
اب اسمیں حسرت و یاس و تمنا سیر کرتے ہیں

الٰہی خیر کچھ بد خبر سُننے میں آتی ہے
جو آتا ہے وہ کہتا ہے تمہارا ذکر کرتے ہیں

جہاں میں ایک تو ہم ہیں کہ تنگ آئے ہیں جینے سے
اور ایک خضر و مسیحا ہیں کہ اس جینے پہ مرتے ہیں

الٰہی دیدۂ و دل تو نہ ٹھہرے رہگذر ٹھہرے
کبھی حسرت گذرتی ہے کبھی ارماں گذرتے ہیں

طبیعت کی روانی ایک سی رہتی ہے یاں تشنہ
وہ دریا ہیں کہ جو چڑھتے ہیں پھر دم میں اترتے ہیں

کیا کہا پھر بھی کہو دلکی خبر کچھ بھی نہیں
پھر یہ کیا ہے خمِ گیسو میں اگر کچھ بھی نہیں

جذبۂ دل سے نے کیا ہائے اثر کچھ بھی نہیں
ہم یہاں مرتے ہیں اور اُنکو خبر کچھ بھی نہیں

اک جفا تیری نہیں کچھ بھی مگر ہے سب کچھ
اک وفا میری کہ سب کچھ ہے مگر کچھ بھی نہیں

آنکھ پڑتی ہے کہیں پاؤں کہیں پڑتا ہے
سب کی ہے تمکو خبر اپنی خبر کچھ بھی نہیں

شمع بھی گل بھی ہے بلبل بھی ہے پروانہ بھی
رات کی رات یہ سب کچھ ہیں سحر کچھ بھی نہیں

حشر کی دھوم ہے سب کہتے ہیں یوں ہے یوں ہے
فتنہ ہے اک تری ٹھوکر کا مگر کچھ بھی نہیں

شمع مغرور نہو بزم فروزی پہ بہت
رات بھر کی یہ تجلّی ہے سحر کچھ بھی نہیں

نیستی کی ہے مجھے کوچۂ ہستی میں تلاش
سیر کرتا ہوں اُدھر کی کہ جدھر کچھ بھی نہیں

لامکاں میں بھی تو کچھ جلوہ نظر آتا ہے
بیکسی میں تو اُدھر ہوں کہ جدھر کچھ بھی نہیں

ایک آنسو بھی اثر جب نکرے اے تشنہ
فائدہ رونے سے اے دیدۂ تر کچھ بھی نہیں

کان سے پردے لگا دیجے ترے والان میں
گھر میں اپنے رہیے اور سنیے تری آواز کو

نہ دل زلفوں سے چھوٹا ورنہ تم زلفیں بنانے سے
یہ وہ جنجال ہے جس سے نہ تم نکلے نہ ہم نکلے

نہ اُترا مفلسی میں بھی نشہ دولت کا اے تشنہ
گدائی کو بھی ہم نکلے تو لیکر جامِ جم نکلے

تمھاری ہمکو خبر کیا کہ ایک مدت سے
یہ بے خبر ہیں کہ اپنی خبر نہیں رکھتے

نہوں وہ لب جو کھلیں شکوۂ جفا کے لئے
وہ ٹوٹیں ہاتھ جو اُٹھیں کبھی دعا کے لئے

ہوئی تھی ایسی کہاں کی صفائی اُس بت سے
کہ آسماں نے عوض خاک میں ملا کے لئے

وہ رخی گوٹ ہے رضائی کی
طرز ٹپکے ہے آشنائی کی

میری گردن بھی ہے اور تیغ بھی جلاد کی ہے
موت کی دیر ہے یا آپکے ارشاد کی ہے

سب میں ایک ایک صفت گلشنِ ایجاد کی ہے
قد بڑا سرو کا چوٹی بڑی شمشاد کی ہے

کون فریاد کرے کون دم الفت کا بھرے
آہ تاثیر سے خالی دلِ ناشاد کی ہے

آبرو رکھ لے خدا وقتِ شہادت اپنی
نیتِ قتل بُری طرح سے جلاد کی ہے

دیدِ گُل ہوگی اسیری میں نصیبِ بلبل
منتظر فصلِ بہار آمدِ صیاد کی ہے

شعلۂ رخسار کوئی اور ہے وہ جلوۂ نور
حور کے سامنے کیا اصل پریزاد کی ہے

شعر برجستہ ہوئے جس میں تو پھر اے تشنہ
طرح کیا خوب نکالی کسی اُستاد کی ہے

انتخاب از شہر آشوب

عجب کوچہ رشکِ جنان تھا دھلی کا
خطاب خطۂ ہندوستان تھا دہلی کا

دماغ برسر ہفت آسماں تھا دھلی کا
بہشت کہتے ہیں جسکو مکاں تھا دہلی کا

غضب ہے اُسکو کوئی شادماں نہ دیکھ سکا

زمیں نہ دیکھ سکی آسماں نہ دیکھ سکا

یہاں کی خاک میں کیفیت ابر باراں کی
یہاں کی بادِ بہاری ہوا زمستاں کی
یہاں کے آب میں تاثیر آب حیواں کی
یہاں کی آگ میں گرمی تھی شعلہ رویاں کی

ہر ایک شخص کے حق میں یہ شہر اچھا تھا
مریض عشق کے بھی واسطے مسیحا تھا

یہ لوگ کہنے لگے آگ اِس وطن کو لگے
سُنائے اہلِ سخن صاحبِ سخن کو لگے
نظر نہ ایسی الٰہی کسی چمن کو لگے
جو ایک تار بھی باقی ہو تو کفن کو لگے

تمام شہر تلنگوں نے آکے لوٹ لیا
مثل ہے بھوکوں کو ننگوں نے آکے لوٹ لیا

رہی نہ جنس محبت کی اب خریداری
اُٹھائے کون حسینوں کی ناز برداری
جو یوسف آئیں تو تو بھی گرم بازاری
لگائے دِل کوئی - جان کسکو ہے بھاری

بقول شخص عجب مُلکِ حُسن بستی ہے
کہ دل سی چیز یہاں کوڑیوں کو سستی ہے

کوئی کہے کہ تپِ غم کی بسکہ شدت ہے
تو یوں کہیں کہ ہمیں آپ ہی حرارت ہے
چڑھا ہوا ہے بخار آجکل یہ نوبت ہے
تم اپنا کام کرو جاؤ تم کو صحت ہے

مریض جاکے کریں کیا کہ طعن کرتے ہیں
طبیب اپنا مرض خود بیان کرتے ہیں

تشنہ - حافظ محمد یوسف خاں - بلند شہر کے رہنے والے اور نواب فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کے قدیم شاگردوں میں سے تھے - اِن کی ولادت ایک پٹھان سپاہی پیشہ گھرانے میں بمقام مالاگڈھ ہوئی تھی - کچھ عرصہ سوداگری کرتے رہے پھر ایک برس کے قریب حضرتِ داغ کے پاس دکن میں قیام رہا - دیوان کئی برس ہوئے چھپا تھا - عمر سے کچھ

کافی بہرہ نہ تھا مگر مشاق اچھے تھے اور شعر خاصا کہتے تھے۔ آخر عمر میں نابینا ہوگئے تھے۔ ان کے بیٹے ضمیر الدین ضمیر اُستاد ظہیر کے شاگرد ہیں۔ سنہ ۱۹ء میں بعالم ضعیفی انتقال کیا۔ یہ آپکا کلام ہے۔

دلمیں ہے یہ پوچھوں اُس سے جاکر	کیا تجھکو ملا ہے مجھے ستا کر تو
اتنا نہ ستا کہ پھر دل زار	فریاد کرے کسی سے جب کر
کہتے ہیں چل کہ تو ہی تو اک جاں نثار ہے	تیرا ہی دل جہاں سے سوا بیقرار ہے
مصیبت میں دل ہی ہوا جب نہ اپنا	کسی اور کا کیا بھروسہ کریں گے
ملو تو صورتِ آئینہ صاف ہو کے ملو	مزہ نہیں ہے دلوں میں اگر غبار رہے
ہر چیز کو ہے نشو و نما تیرے کرم سے	خالق ترے انعام بیاں ہونگے نہ ہم سے
دنیا میں مزہ زیست کا ہے یادِ صنم سے	اے ناصحِ ناداں نہ اُلجھ اسمیں تو ہم سے
اسپر بھی تو تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا	رگڑی ہے جبیں ہمنے ترے نقشِ قدم سے
وعدہ پہ قسم سو چلکے کھاؤ مرے آگے	جھوٹے نہ ٹھہر جاؤ کہیں جھوٹی قسم سے
اے تشنہ کہاں ذوق کہاں مومن و غالب	اِس فن کا فقط نام ہے اب داغ کے دم سے

تشنہ

تشنہ۔ سید الطاف حسین تشنہ فریدآبادی۔ پہلے الطاف تخلص کرتے تھے۔ اب تشنہ تخلص کرتے ہیں۔

مرگِ تشنہ پہ اک جہاں رویا	اُسی ظالم کی چشم تر نہ ہوئی
عاشقوں کے جان و دل پر پھر قیامت آگئی	پھر تمہاری چال سے فتنے بپا ہونے لگے
کیوں کسیکو منہ لگایا تھا مری جاں آپنے	بوسہ لینے پر جو آپ ایسے خفا ہونے لگے
تشنۂ ناشاد پھرتے ہو جگر تھامے ہوئے	پھر نہ کہنا ہم کسی پر کیوں فدا ہونے لگے

تشہیر

تشہیر۔ مرزا اسمٰعیل بیگ ساکن شاہجہان آباد۔ جوان نیک نہاد اور شریف نژاد تھے حضرتِ مومن خاں کے شاگرد رشید غلام مولیٰ قلق سے مشورۂ سخن کیا کرتے تھے عرصہ

ہوا انتقال کیا یہ چند شعران سے یادگار ہیں۔

مرے سینے کی آہِ آتشیں بھی برق ہے گویا	کہ اک دم میں یہاں پھونکا تو اک پل میں وہاں پھونکا
کیا خاک نشیمن کوئی گلشن میں بنائے	گل خوش ہیں اگر ہم سے تو صیاد غضب ہے
خوبان جہاں یاد رہے تمکو بھی یہ بات	تشبیہ بھی کمبخت اِک آزاد غضب ہے

تصدق

تصدق۔ منشی تصدق حسین خاں ولد قاسم علیخاں باشندۂ لکھنؤ مولوی محمد بخش شہید کے شاگرد تھے۔

گویا ڈھلی ہیں نور کے سانچے میں اے قمر	ہیں شمع طور یا ہیں تمھاری کلائیاں
کہتے ہیں ناز سے یہ تصدق سے اپنے وہ	نازک ہیں شاخ گل سے ہماری کلائیاں

تصور

تصور۔ میر فضل علی صاحب غالباً نواح لکھنؤ کے باشندے تلمذ کی کیفیت معلوم نہیں کہ کس سے تھا۔ ایک غزل کے چند شعر حاضر ہیں۔

کھلا جوڑا مہک پھیلی وہ زلفِ عنبریں نکلی	ہوئی خون ناف آہو میں نہ بوئے مشک چیں نکلی
اجل عاشق کے دم کیواسطے صورت بدلتی ہے	کہیں شیریں کسی جا لیلیٰ پردہ نشیں نکلی
نمک پاش جراحت ہیں سخن شیریں اداؤنکے	جو پوچھا پھر بھی آؤ گے بہم ہاں کے نہیں نکلی
گراں سر تن کو تھا کاٹا گلا احسان ہے قاتل	دہانِ زخم خنداں سے صدائے آفریں نکلی

تصور

تصور۔ منشی سید احسان تصور۔ سادات زیدیہ مقیم نبکوڑا کے ایک شریف خاندان کی یادگار حیدر حسین خاں کے بیٹے اور حضرتِ جرات کے تلامذہ میں مشہور تھے۔ جناب شیفتہ نے انکا نام حیدر حسین لکھا ہے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ کی ترتیب کے وقت زندہ وسلامت موجود تھے سنہ ۱۲۴۸ء تک زندہ تھے۔ فیلن صاحب نے اپنے تذکرہ میں انکا نام حیدر علی لکھا ہے معاملہ خوب کہتے تھے مہذب متین باعلم نوجوان تھے ایک قلمی بیاض میں آپکا کچھ کلام نظر سے گذرا اسکا انتخاب درج ذیل ہے۔

ناصح تو کسی بت سے تو جا آنکھ لڑا دیکھ	سُن میری نصیحت یہ نمک اسکا بھی مزا دیکھ

کیا اسکے تصور میں تری بن گئی صورت
لے آئینہ شکل اپنی تصور تو ذرا دیکھ

دیکھے جو تری چشم سیہ مست کو اک بار
پھر حشر تلک وہ کبھی ہشیار نہووے

لے گئے یوں تیرے کوچے سے تصور کو لوگ
جیوں اٹھاویں کسی بدمست کو میخانے سے

شب ہم جو ذکر ہجراں وصل میں ہونے لگے
وہ ادھر رونے لگے اور ہم ادھر رونے لگے

مجھے بیتاب آتے دیکھکر کوچے میں یوں بولا
بھلا کیوں دوڑ دوڑ آتا ہے یہ کیا اسکی شامت ہے

تصور گرم جوشی یار کی مجکو رلادے گی
بہت گرمی کا ہونا مینہ برسنے کی علامت ہے

رونا کوئی موقوف کریں ہیں مری آنکھیں
جب تک نہ تسلی کو دل آئے جگر آئے

صدمۂ غم متصل جب تیرے مائل پر رہے
ہاتھ اس مضطر کا ہر دم کیوں نہ پھر دل پر رہے

لگ جائے تصور کے گلے آکے وہ بت آج
اللہ کرے اسکی یہ امید بر آئے

تصور

تصور۔ منشی نبی بخش تصور خلف میر تاج الدین۔ شاہ نصیر مرحوم کے نول سے تھے ۱۲۶۶ھ میں عین عالم شباب میں درد گردہ میں مبتلا ہوکر انتقال کیا حالت نزع میں اپنا دیوان چاک کر ڈالا تھا۔ سید حسن رسول نما کے احاطہ میں دفن ہوئے۔ نہایت ستودہ خصال پاک طینت خوش وضع نوجوان تھے کچھ اشعار منتخب درج ذیل ہیں۔

ہم بھی مثال آئینہ ہیں تجھ سے سینہ صاف
دل سے ترے غبار اگر دور ہوگیا

کیا کیا خیال دلمیں گذرنے لگے جو آج
دروازہ اسکا شام سے معمور ہوگیا

اسکے خیال زلف میں کچھ سوجھتا نہیں
آنکھوں میں اپنے دن شب دیجور ہوگیا

کس نے کہا تھا تجھ سے تصور کہ اس سے مل
دل اپنا دیکے آپ تو مجبور ہوگیا

عشق بازی اے تصور کھیل لڑکوں کا نہیں
جان کا اسمیں بچانا کام ہے ہشیار کا

خواب کا کیا بس چلے اس دیدۂ بیدار پر
چور کو آتے نہیں دیکھا کبھی ہشیار پر

اسکی باتوں نے زباں کے کردیئے ٹکڑے مگر
لیگئی سبقت زبان یار بھی تلوار پر

آبلوں نے پاؤں کے پانی پھرایا اسقدر
تشنگی سے پڑگئے کانٹے زبان خار پر

تصور

تصور۔ عالیجناب کنور فتح بہادر مرحوم مغفور رئیس و تعلقہ دار کوڑا جہان آباد ضلع فتحپور
ہنسوا۔ عالی جناب رائے لال بہادر مرحوم کے پوتے اور جانشین تھے جن کے مورث
اعلی شاہان اودھ کے ہاں مناصب جلیلہ پر ممتاز اور مقتدر امیر تھے یہ نوجوان امیرزادہ
حسن صورت میں بے مثل حسن سیرت میں فرد۔ خوش خلق۔ خوش رو، طباع اور ہونہار
تھا خالق حقیقی نے جملہ صفات حسنہ اسکی ذات میں کوٹ کوٹ کر بھر دی تھیں۔ سیر چشم
مسافر نواز با مروت اور خندہ پیشانی رئیس زادہ تھا۔ افسوس کہ عین عنفوان شباب میں بعمر ۲۲
سال چمن ہستی سے دیکھتے دیکھتے بوئے گل کی طرح ہوا ہو گئی طبیعت میں موزونی
اور مضمون آفرینی خداداد تھی۔ افسوس ہے کہ اس نونہال گلزار معانی کو قضا نے
اس سن تک پہنچنے نہ دیا کہ یہ اپنے اعجاز کلام سے چار دانگ ہند میں غلغلہ ڈالدیتا
اس عمر میں یہ کلام گویا ان کی ماں کے پیٹ سے شاعری کی بے بہا قابلیت ساتھ لیکر نکلے تھے۔
نغز گوئی اور معانی میں نئے نئے پہلو نکالنا انکا حصہ تھا۔ آغا ظفر علی بیگ شاعر دہلوی
سے جو اس زمانے میں انہیں کی سرکار کے دعاگو تھے کلام میں مشورہ کیا کرتے تھے۔
نثر بھی شگفتہ لکھتے تھے نظم کا انداز دلفریب محاورات کا اسلوب جانفزا ہے۔ فی الجملہ انکا
کلام ایک تصویر دلربا ہے۔ دیکھئے اور حسن صورت و معانی کی داد دیجئے ہائے ہائے جان ملا
آہ کنور بہادر تصور" سمت ۱۹۵۴ تاریخ وفات ہے۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

دیکھتے دیکھتے نذارد ہیں
ہمسے نازک حباب کیا ہو گا

فدا ہونے لگی تو یہ ہر اک بیکس کے ارماں پر
گھٹا بنکر چلا ہے ابر رحمت پھر گلستاں پر

بجھائی شمع اُف اُف کرکے اور جلتے ہوئے سید تھے
تاسف کرکے یوں کہتے ہیں وہ گور غریباں پر

نظر میں پھرنے لگتی ہیں مری تاروں بھری راتیں
لئیں جب گل کی آپڑتی ہیں اس کاغذی فتاں پر

کہیں پھر بن سنور کے جاؤ گے معلوم ہوتا ہے
قسم ہے بدگماں ہوتے ہیں ہم اس نازو ساماں پر

رسیلے پن کہاں سرشار ہی بیخود ہے وحشی ہے
تری آنکھوں نے تصدق کر دیا چشم غزالاں پر

کہ آخر سایہ بنکر چڑھ گیا دیوارِ زنداں پر
گرہی ہیں چپکے چپکے بجلیاں کیا کیا دل و جاں پر
سنبھالا ہے مجھے دردِ دل نے سنبھل کر
ہمیں خاک ہونا ہے اِک روز جل کر
ہمیں کھینچ لایا یہ ظالم مچل کر
ستم ڈھا گیا مجھپہ وہ چال چل کر

بھلا ہونا توانی کا اُسی نے کچھ رہائی کی
کن انکھیوں سے اِدہر وہ دیکھکر ہنسنا قیامت تھا
قضا آئی اور پھر گئی ہاتھ مل کر
نہ پوچھے کوئی خیر قسمت ہماری
نہ پوچھو کہ کیوں آئے ہیں دل بلا سے
یں صورت کو دیکھا کیا دل ندارد

تصویر

تصویر - صاحبِ طرزِ دلپذیر۔ میاں غلام احمد تصویر عرف میاں بتن دہلوی علمی استعداد کچھ نہ تھی بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ محض اُمّی تھے مگر طبیعت کی موزونی خداداد بات ہے ؏

پروردگار جسکو یہ نعمت عطا کرے

فکر کی بلندی اور برّاقیِ طبع نے اِس فطری موزونی کو اور بھی چار چاند لگا دیئے۔ تصویر اور میاں توقیر دو نو میاں تنویر کے شاگرد تھے مگر کثرتِ مشق نے تھوڑے ہی عرصہ میں اُستاد اور شاگرد کے کلام میں اندھیرے اُجالے کا فرق دکھا دیا۔ بعض غزلوں کی اصلاح پر اُستاد سے شکر رنجی ہو گئی اور پھر حضرتِ ذوق کی خدمت میں حاضر ہو کر شرفِ تلمذ حاصل کیا اور آخر تک اُنہیں کی شاگردی کا دم بھرتے رہے۔ دہلی میں زمانہ ناساعد کی مجبوریوں سے غدر سے پہلے نیچہ بندی کر کے گذر اوقات کرتے تھے۔ اِس کے بعد مہاراجہ شودان سنگھ کے وقت میں الور چلے گئے وہاں ایک وبا پیدا ہوئی اور دو بیٹے اِنکے سفرِ آخرت ہو گئے یہ وہ زمانہ ہے کہ حضرتِ ظہیر۔ مجروح۔ تشنہ بھی مہاراجہ صاحبِ ممدوح کی قدر دانی سے الور میں ملازم ہیں۔ کلام کا شہرت نہ پانا اور چیز ہے۔ مگر جیسا ملکہ راسخہ اور مذاقِ سلیم اِن کے اشعار سے ظاہر ہے یہ بات بڑے بڑے جیّد عالموں کے کلام میں بھی نہیں پائی جاتی۔ ہر شعر میں کوئی نہ کوئی بات ایسی نکلتی ہے کہ بے ساختہ دل میں چٹکی سے لیتی ہے۔ تخیل کی پرواز اور معاملہ بندی کی پُرلطف چاشنی اور جا بجا

یاس و حسرت کی دلگداز تصویریں ایسے دلچسپ اور موثر پیرایہ میں کھینچی ہیں کہ بادیشاید۔ مضامین کی ندرت اور بندش کی چستی اُن کی قادرالکلامی کا بیّن ثبوت ہے سُنا ہے کہ جب مشاعروں میں غزل پڑھتے تھے تو اکثر اچھے اچھے مشاق شاعروں کے ہوش اُڑجاتے تھے۔ ابتدائے چند غزلوں میں رونق وہین بھی تخلص کیا تھا حق یہ ہے کہ اِنکا کلام بڑے بڑے اُستادوں کے کلام سے ٹکر کھاتا ہے روزمرہ کی صفائی اور لطافت اور مضامین کی شوخی اور برجستگی قابلِ داد ہے۔ دیکھئے اور لطف اُٹھائیے ۵

مزاج اُس سنگ در کا شانِ محبوبی سے برہم ہے۔
کبھی کیا میں نے بوسہ لیا تھا حجر اسود کا

کچھ نہ بن آیا تو شب کو آپ کھکر اپنے ظلم
ہو چکا ٹھنڈا کبھی کا زخمیٔ تیغ ستم

بات بھی کچھ اُسنے کی تو ذکرِ دشمن کا کیا
فدا نا آشنائی پر تو ہیں لاکھوں دل وجاں سے

صبر اسکی جان پہ ہے حسرت دیدار کا
دل پہ بیٹھا تھا جو پھر دیکھا جگر کے پار تھا

کہتے ہو فرصت ہوئی ہمکو تو آئینگے ضرور
یہ نہیں بند قبا تیری کہ ہر اک کھول لے

بوسۂ لب میں جو ہے قندِ مکرر کا مزا
اسکی اک ٹھوکر پہ سو ہنگامۂ محشر نثار

کہاں میں اور کہاں تیرا دامِ عیاری
جو لب پہ آہ و فغاں ہو تو کچھ اثر بھی ہو

سب بے مزہ رکھنے کو وہ میرے پشیماں ہی رہا
اے ستمگر ڈھونڈتا پر تو نمکداں ہی رہا

وائے قسمت وہ کھُلا بھی ہم سے تو کیونکر کھلا
اگر وہ بُت کسیکا آشنا ہوتا تو کیا ہوتا

بند جسنے کر دیا روزن تری دیوار کا
دیکھنا کیا تو ٹوٹے تیر نگاہ یار کا

میری جہاں یہ بھی کوئی انداز ہے اقرار کا
کھولنا مشکل ہے میرے عقدۂ دشوار کا

غور سے دیکھا تو سارا لطف ہے تکرار کا
پوچھ مت تصویر عالم یار کی رفتار کا

یہ اتفاق ہے صبا و آب و دانے کا
وگرنہ لطف نہیں شور و غل مچانے کا

ہزار طرح سے تڑپے بوقتِ ذبح مگر
نہ پایا ڈھب ترے پاؤں پہ لوٹ جانے کا

جو دل بھی دونگا تو دینے کی طرح سے ظالم
ہیں دل سی شئے کو نہیں خاک میں ملانے کا

بچا بچا کے جو رکھا تو دل کو کیا رکھا
مزا ہے جانِ پہ الفت میں کھیل جانے کا

خدا دکھائے نہ دشمن کو انتظار کی رات
قضا سے ہمکو تو شکوہ ہے بھول جانے کا

وہ نیچی نیچی نگاہیں وہ بھولی بھولی شکل
جو سر پہ دیکھو تو ہے خون اک زمانے کا

تمہاری شکل سے نفرت ہے یا حیا تصویر
کھلا نہ بھید ہمیں اِن کے منہ چھپانے کا

سوئے وہ شبِ وصل عدو کیوں نہ سحر تک
جھونکا ہے مری آہ بھی اک بادِ سحر کا

دے بازوئے نازک کو ذرا اور بھی تکلیف
قاتل ترا بسمل ہے ادھر کا نہ ادھر کا

کس ناز سے کہتے ہیں وہ اکثر شبِ عدہ
ہم آئے کہاں اور ارادہ تھا کدھر کا

اے دیدۂ خونبار ذرا اور بھی ہمت
کچھ رنگ تو بدلا ہے مرے خونِ جگر کا

ایسا ترے فراق میں بیمار ہو گیا
میں چارہ گر کی جان کو آزار ہو گیا

وہ اگر کھنچنے لگا تجھ سے تو وہ معشوق ہے
تو تو اے تصویر عاشق ہے تجھے کیا ہو گیا

جب کہا میں نے کہ کبتک دور سے دیکھا کروں
اک ادا سے ہنسکے فرمایا کہ دیکھا جائیگا

زلف کو چھیڑا تو اک انداز سے بولا وہ شوخ
پاس جب بیٹھوگے تم نچلا نہ بیٹھا جائیگا

صرفہ نہیں نمک کا تو پھر سوچتے ہو کیا
بسمل ابھی تو آپ کا ٹھنڈا نہیں ہوا

بیٹھے وہیں سے کہتے ہیں بچ جائے یہ مریض
اگر خبر تو پوچھتے اتنا نہیں ہوا

بوسہ تو اُسکا حضرت دل تمنے لے لیا
لیکن تمہارے حق میں یہ اچھا نہیں ہوا

وہ تو لحد بھی میری پامال کر گئے تھے
پر نقشِ پا نے اُنکے کچھ کچھ نشاں بنایا

تصویر عاشقوں کا کیا پوچھتے ہے مسکن
روزِ ازل سے ہمکو بے خانماں بنایا

تمنا تھی کہ وہ ضد سے پلائے بادۂ گلگوں
فقط دعوٰی کیا تھا اِسلئے پرہیزگاری کا

وہ غش اچھا تھا میرا سر تو تھا اس گل کی زانو پر
ہوا میری ہی اوپر وار میری ہوشیاری کا

دیکھکر قاتل کو آتے جان تن میں آگئی
قتل ہونیکی خوشی میں خون اپنا بڑھ گیا

کوئی تجھسا نظر نہیں آتا
دل کسی اور پر نہیں آتا

میکشوں کے مزار پر روئے
کوئی بجز ابر تر نہیں آتا

ہر دلمیں ہی غبار رہا جسکے واسطے
ہے ہے وہ میری خاک سے دامن کشاں ہوا اب

کہتا ہے مجھ سے نزع میں کہہ اپنا حال دل
جاناکہ لب ہلانیکی طاقت کہاں ہے اب

تو نے جس جا پہ قدم رکھکے اٹھایا ظالم
رہ گیا نقش قدم چشم تمنا ہو کر

جاں بلب تھا تو عیادت کو بھی آجاتے تھے
ہیں تو لو اور برا ہو گیا اچھا ہو کر

نہ لگا ہاتھ پہ ٹھوکر تو لگا جا ظالم
کاش اٹھ جائے جنازہ مرا ہلکا ہو کر

اسکو کہتے ہیں وفادار کہ دیکھا تو نے
مٹ گیا در پہ ترے نقش کف پا ہو کر

خواب گہ سے اٹھتے ہی آیا جو یاں وہ مست ناز
دلمیں کیا کیا شک گئے زلف پریشاں دیکھکر

سر جھکاتے ہیں بھونکو تان کر
یہ اشارہ ہے کہ قرباں جان کر

سر اٹھاؤ ہو چکی بس سرکشی
اب تو من جاؤ خدا کو مان کر

اس کے عارض ہیں وہ گل رنگین
منفعل جس سے ہوں گلاب کے پھول

آزاد ہو کے عشق میں اک نازنیں سے ہم
قصہ سے خوب پاک ہوئے کفر و دیں کے ہم

اے آسمان تو بھی ستم میں کمی نہ کر
یاں بھی یہی ہے جسمیں کہ اب تو نہیں کہ ہم

سوئیں گے جاکے چین سے زیر زمیں بھی ہم
آرام پائیں گے دل مضطر کہیں بھی ہم

یہ جنازہ ترے تصویر دل افگار کا ہے
ساتھ جانا تو تجھے چاہئے دو چار قدم

اللہ رے ربط غیر سے تیرا کہ لمحہ بھر
دل میں ترا خیال بھی تنہا رہا نہیں

وہ کونسی جفا ہے کہ جو تم نے کی نہیں
وہ کونسا ستم ہے جو ہمنے سہا نہیں

اک اک کو جانتا ہے وہ عیار بزم میں
پر جانتا نہیں تو ہمیں جانتا نہیں

جلوہ کو اسکے دیکھکے کچھ غش سا آگیا
اسکا پتہ ملا تو پھر اپنا پتا نہیں

کس کا رقیب کیسی وفا اے دلِ حزیں
دل لیکے پھر کسی کا بھی وہ آشنا نہیں

وے سرو قد نہ اُٹھکے تو تعظیم غیر کی
بیٹھے بٹھائے دیکھ یہ فتنہ اُٹھا نہیں

کہیں نہ اُسنے چرانی پڑیں مجھے آنکھیں
خدا کے واسطے اے چشم اشکبار نہیں

حریصِ لذت آزار میں ہی ہوں سچ ہے
خدا نخواستہ تم تو ستم شعار نہیں

ایسا بھی تفرقہ نہ پڑے اے خدا کہیں کہ
مدت سے ہم کہیں ہیں دل مبتلا کہیں

اک برق تھی کہ کوند گئی بے بلے شوخیاں
وہ خود کہیں ہیں اور ہے آوازیا کہیں

کعبہ تو کعبہ دیر میں سجدے کروں ہزار
پر آشنا ہو وہ بتِ نا آشنا کہیں

تصویر میں تو غش ہوں نقاہت پہ آپکی
ہو رند بادہ خوار کہیں پارسا کہیں

خدا ہی جانے بتوں کی نگہ میں سحر ہے کیا
قیامت ہوتی ہے برپا جدہر کو دیکھتے ہیں

یہ ہے وہ وحشتِ محبت کہ اے دلِ ناداں
یہیں تو ٹھوکریں کھاتے خضر کو دیکھتے ہیں

بگڑ جاتا ہے از بس تند خو وہ باتوں باتوں میں
ہم اسکے دلکو رکھتے ہیں دم تقریر ہا تو نہیں

قفس میں رشک سے صیاد میں کیا تڑپتا ہوں
کوئی دم توڑتا ہے جب ترے نخچیر ہا تو نہیں

جو اس حسرت سے ہر دم تو کفِ افسوس ملتا ہے
وہ دامن آگیا تھا کیا تری تصویر ہا تو نہیں

رکھتا ہے اس روش سے وہ اندر چمن کے پاؤں
گل چومتے ہیں اُس بتِ غنچہ دہن کے پاؤں

کوچہ میں لیکے جاتے ہیں اس تیغ زن کی پاؤں
دشمن بنے ہیں ہائے یہ سایہ بد نکلے پاؤں

آنکھیں ہزاروں پھوٹتے ہیں ہو کے آبلے
سر اس گلی میں ٹھوکریں کھاتے ہیں بنکے پاؤں

راہِ طلب میں اسکے یہ کہتا ہے دل مرا
اے کاش ہوتے بدلے ہر اک عضو تن کے پاؤں

بے اختیار رہ کے لئے چوم ۔ دوڑ کے
مجنوں نے دیکھکر مرے باہر کفن کے پاؤں

قطع و برید دامنِ صحرا کا شغل ہے
کرتے ہیں کام ہاتھ کا مجھ بے وطن کے پاؤں

عصمت کی معنی یہ ہیں جبلی سر سے پا تلک
لیکن نہ رکھا شمع نے باہر لگن کے پاؤں

سوزشِ دل سنائی کیوں داغ جگر دکھائی کیوں
دیکھو عشق ہوئے مدت سے دم چرائے کیوں

عاشق زار میں نہیں پتہ نشاں بھی نہیں تُو
جو ہر عشق سے یہی ٹکڑے ہو جیب و آستین
مل چکی ہم ظلم کے ماروں کی داد
کرتے ہو باتیں در و دیوار سے
ہوا خوش چھیڑ کر ہمسے نہ کوئی رند مشرب کو
تجھسا ہمیں جہاں میں جو پیدا حسیں نہو
دے بیٹھے ہائے تجھ سے بت بدگماں کو دل
تصویر تیرے جاں بھی دیدے گا ایک ن

مجھکو یہ انفعال ہے میں نے ستم اٹھائے کیوں
جسکو جنوں سے ننگ ہو عشق کی خاک اڑائے کیوں
گر وہ آئے حشر کے میداں میں
آج ہو تصویر کس کے دھیاں میں
پڑھی ہمنے نمازیں محتسب کی بے وضو برسوں
پھر کیونکہ ہم پہ نازِ جہاں آفریں نہو
ہمسا بھی کوئی دشمنِ ایماں و دیں نہ ہو
ہمکو تو اعتبار ہے تمکو نہیں نہ ہو

کہو کب تھیں تم میں یہ شوخیاں کہو کب تھیں تم میں یہ گرمیاں
کبھی آپ سے بھی تھی حیا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
کبھی آکے مجھسے جمٹ گئے کبھی پاس سے میرے ہٹ گئے
وہ وفورِ رات کے نشہ کا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
میں اُٹھا جو جانے کو پاس سے مجھے دیکھ دیکھ کے یاس سے
وہ ادا سے کہنا نجا تمھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

شمع بزمِ غیر وہ تھا روئے روشن رات کو
قیس نے جنگل کیا آہوں سے روشن رات کو
رات کو جاتا ہوں تو کہتا ہے دن کو آئیو
سبلے وقت آؤں سے بھی وفا تصویر
ایسی وفا بھی ظلم ہے مجھ خستہ تن کے ساتھ
بوسہ اگر دیا بھی تو دیں گالیاں ہزار
جیتے پھرے تو آئینگے کعبہ کو زاہدا

دن بنا دیتی تھی آہِ شعلہ افگن رات کو
وادیِ ایمن بنایا نجد کا بن رات کو
دنکو جاتا ہوں تو کہتا ہے وہ پرفن رات کو
یہ نہ خوش آئی تیری خو مجکو
جانِ حزیں گئی نہ دلِ پرمحن کے ساتھ
آئے وہ راستی پہ بھی اک بانکپن کے ساتھ
ابتو چلے ہیں دیر کو اک برہمن کے ساتھ

عاشق زمانہ ہوتا ہے لیکن نہ اسطرح
کرتی ہیں ہمکو ذبح تری کم نگاہیاں
دشمن ہی کو پیئے جو مرے پاس سے اُٹھے
تم وہ ہو سنگدل کہ تمھیں نے خبر نہ لی
عاشق کے ذبح کرنمیں ایسا ہے اضطراب
برچھی تری نگاہ کی پہلو میں کیا لگی
دامن پہ وہ رکھے نہ رکھے دلربا لگی
سینے کہا عدو پہ تو عاشق ہی ہو گیا
بس بس خرام ناز کہ محشر ہوا بپا
ہر رات ہمکو رہتی ہیں اختر شماریاں
مقرر آج کچھ دشمن میں اسمیں ساز ٹھیرا ہے
کیا ہے ظلم جب تنے کوئی الفت کے پردہ میں
عداوت تو نہیں خلق خدا سے اس ستمگر کو
الٰہی عشق بھی آفت ہے کیا انساں بنانے کا
تم آئے تو غنیمت ہے : آئے تو شکایت کیا
مقرر غیر کے زانو پہ لی اُس شوخ نے چٹکی
جلانا تھا جسے اُسکو جلایا ایک ٹھوکر میں
محتسب آتا ہے تو آنیدو ہم ستونکے پاس
یہ نہ کئیے ہم کسی کے آشنا ہرگز نہیں
نہ آئے گرچہ نہیں جان جا کی آنے کی
یہاں تلک میں بنا پارسا کہ اُس بت نے

اے دل کبھی تو جانب سود و ضرر تو دیکھ
گر دیکھتا ہے یار تو بھر کر نظر تو دیکھ
اس سے تو نہیں کوئی قسم اور زیادہ
جبتک کہ میرے سر پہ قیامت گذر نہ لی
ظالم ذرا بھی تو نے چھری تیز کر نہ لی
پہلوے دلمیں دل سے کلیجہ میں جا لگی
لیکن ہماری خاک ٹھکانے سے آ لگی
ہنسکر کہا کہ آپ ہی کی بد دعا لگی
لینے تمھاری چال سے خلق خدا لگی
ہر روز اپنے حق میں تو روز حساب ہے
جو دم بھر بھی مرے پہلو میں وہ دم باز ٹھیرا ہے
کبھی وہ ناز ٹھیرا ہے کبھی انداز ٹھیرا ہے
تڑپنے میں ذرا بسمل سے کے اسکا دل بہلتا ہے
کوئی عاشق ہو یا مجنوں یاں سیانے ہیں ڈھونڈھتا ہے
محبت میں کسیکا کب کسی پر زور چلتا ہے
ہمارے دلکو کوئی آج چٹکی میں مسلتا ہے
خرام ناز کے پردہ میں ظالم چال چلتا ہے
شیشہ و ساغر کو کیوں ہو کر ہراساں توڑیئے
یوں نہ امیدیں ہماری آمر یجاں توڑیئے
قضا بھی پھر نہیں اک بار آکے آنے کی
عدو سے شرط بدی مے پلا کے آنے کی

سکے ہی ڈالتی ہے قتل و ذبح سے پہلے
یہ جی میں ہے کہ کروں بندوبست وہ شبِ وصل
گلہ نہ کر سکے تا کُشتۂ جفا کوئی
سکے ہو کے غم دوری اگر فرقت میں دم نکلے
عبث ہے دم خفا ہیں ہم کہاں ہے دم کہ دم نکلے
وفا کی ہم نے تم سے اور ملتے غیر سے اب تک
کس خوشی سے مرے آقا نے لٹائے رنگترے
کل سے کچھ گرمی سی تھی ساقی شراب ناب سے
حور و غلماں جانکر کہتی تھی مہ رویوں کو خلق
دور کیں جس وقت پھانکیں بنگئے جام شراب
اگر اک نے لیا بوسہ خطا اسکو نہیں کہتے
تمنا جو نہ رکھتا ہو چھپائے وہ نظر کس سے
تمھیں سے ہے دوستی امیر بچا لیں تو نظر کس سے
کہا دشمن سے کچھ ہنس ہنس کے اور مجھ سے لگا کہنے
ہمیں تو شامِ عیش و صبحِ غم یکساں نظر آئی
ہمیں تو آزمائش ہی بہت بے پیر اتنی تھی
کیا بری چیز ہے محبت بھی ہئے
میرے ہر کام میں ہے ناکامی
عدم کی راہ تو نزدیک ہے گلی سے تری
مجھکو تو قبر کی تاریکی سے زاہد نہ ڈرا
مجھکو وہاں بلایئے یا آپ آئیے

ادا وہ ناز سے خنجر اٹھا کے آنے کی
رہے نہ راہ کہیں سے حیا کے آنے کی
یہ طرز خوب ہے سرمہ لگا کے آنے کی
دم ہی تک سب بکھیڑا ہے جو دم نکلے تو غم نکلے
جسے سمجھا ہے غم ارمان ہے غم ہو تو غم نکلے
طریق عشق سے باہر نہ تم نکلے نہ ہم نکلے
باغ موتی ڈونگری میں رنگ لائی رنگترے
ہو گئی فرحت ابھی اک دو جو کھائے رنگترے
لوٹنے کیا باغ جنت سے یہ آئے رنگترے
باغ میں کل اسے پریرو کام آئے رنگترے
محبت کہتے ہیں ترکِ حیا اسکو نہیں کہتے
اُسے شادی و غم کیسا اُسے سود و ضرر کس سے
اشارے ہوتے ہیں ہر دم ادھر کس سے اُدھر کس سے
ہمیں کرتی تھی کس سے بات اور کی بھولکر کس سے
خدا جانے ترا وعدہ تھا شب کس سے سحر کس سے
کہ تو جلاد آشنا تھا تری شمشیر اتنی تھی
بات کرنے میں آنکھ بھر آئی
آہ بھی لب پہ بے اثر آئی
یہ کچھ جو تاب و تواں جان زار میں ستائے
ہجر کی شب سے زیادہ ہے بلا اور کوئی
اپنی تو ہے وصال تمنا کہیں سہی ہو

مقرر دل میں اس ظالم کی کچھ پوشیدہ الفت ہے
ہجر کی شب تو سحر ہو یارب

جان بیکار تو اپنی نہ گئی
مجھ سے اتنا بھی نہ پوچھے صاحب

جذبۂ دل نہیں لایا تمکو
کفن کی سفیدی سے ثابت ہوا

عجب سحر دیکھا تری آنکھ میں
کیا خبر تھی جب طبیعت مبتلا ہو جائے گی

حالِ دل بھی کھو نگا چارہ گر و
اُٹھتے ہیں تعظیم کو فتنے در و دیوار سے

کچھ مزہ شورِ تبسم نے تمھارے ہی دیا
یہ بھی کوئی ہنسی ہے کہ رخصت کا لیکے نام

کیا پوچھتے ہو خاک میں کس نے ملا دیا
آج کی شب نہ خفا ہو ترے قرباں ہم سے

کون موسیٰ تھا کہاں طورِ کیسے غش آیا
عالم کی اک امید پہ گذرے ہے جہاں میں

تصویر تو اتنا غمِ الفت سے نہ گھبرا

لبوں پر لے سکے دشمن کی شکایت آہی جاتی ہے
وہ نہ آیا تو قیامت ہی سہی ؎

اے ستمگر تری شہرت ہی سہی
آپ پر میری طبیعت ہی سہی

آپ کی خیر عنایت ہی سہی
شبِ ہجر اپنی سحر ہو گئی

کہ ملتے ہی تاب و تواں لے گئی
اُن کی آنکھوں میں جو ہے شوخی حیا ہو جائیگی

ہوئی فرصت جو دیدۂ تر سے ہمکو
آپ کیا آئے مرے گھر میں قیامت آئی ہے

یوں تو زخموں پہ بہت ہمنے نمکداں لُٹے
سو بار بیٹھے بیٹھے ہمیں تم رُلا چکے ؎

جو کچھ کیا سو آپ کے دل کے غبار نے
کل تو لیوے ہی گی بدلا شبِ ہجراں ہم سے

ایک یہ بھی تھی مری جان شرارت تیری
رکھتا ہے کوئی رات کے ارماں کوئی دن کے

یہ رنج بھی دنیا میں ہیں ناداں کوئی دن کے

تعشق

تعشق - ادیب نامور حکیم سید محمد دھلوی تعشق ہیں۔ پرانے دہلی کالج میں سو روپیہ ماہوار کے مشاہرہ پر فارسی و عربی کے مدرس تھے۔ آخر عمر میں شعر گوئی ترک کر دی تھی پھر بھی شوق کا یہ عالم تھا کہ اچھا شعر سُنکر بیتاب ہو جاتے تھے۔ حکیم عزت اللہ عشق کے داماد اور شاگرد تھے۔ ۷۵ برس کی عمر پا کر ۱۲۷۲ھ ۱۸۵۵ع میں انتقال کیا۔ جمیع علوم مشرقی میں

معلومات تام حاصل تھیں۔ اور فن طب میں مولوی رشید الدین خاں اور حکیم قدرت اللہ خاں قاسم کے شاگرد رشید تھے۔ اور معالجات میں خوب دخل تھا تھا۔ طبیعت میں استحضار غضب کا تھا۔ ان کو ہمہ دانی کا دعویٰ تھا اور فی الحقیقت جامع الکمالات انسان تھے۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔

تجکو اس میری آہ و زاری پر
رحم اے فتنہ گر نہیں آتا

وعدۂ شام تو کیا ہے و لے
کچھ وہ آتا نظر نہیں آتا

تیرے بیمار کا ہے یہ عالم
ہوش دو دو پہر نہیں آتا

تو اے پیماں شکن وعدہ پہ کس دن مرے گھر آیا
سدا گنتے رہے یونہی کہ شام آیا سحر آیا

کہوں کیا حال اسے گل رو تری فرقت میں آنکھوں سے
کبھی خونناب دل ٹپکا کبھی لخت جگر آیا

سامنے دیکھو آتا ہے تعشق وہ کون
باری کہ اب تو ہوا خوش دل محزوں تیرا

سنتا ہی نہیں میری بلبل کی جو گل آہ
کیا تو نے شگوفہ یہ صبا کان میں چھوڑا

حضرت دل اسکے کوچہ میں نہ جایا کیجے
کہہ چکے اپنی طرف سے آگے ہیں مختار آپ

کہتے نہ تھے تعشق جاؤ نہ اس گلی میں
آئے نہ وہاں سے دیکھا خوار و تباہ ہوکر

رویا کیا سحر تک میں رشک سے عزیزو
سنتے سنا جو اسکو غیروں سے انجمن میں

ہوتے ہیں دل کے ٹکڑے آتا ہے یاد جس دم
کچھ چپکے چپکے کتنا اسکا لب و دہن میں

کس پری سے ہے تعشق گرمجوشی اندنوں
پھر فزوں ہمکو نظر آتی ہے وحشت آپکی

تجکو لیجائے وہاں یا اسکو لے آئے یہاں
میں تو حیراں ہوں دلا تو ہی بتا کیا کیجے

خواب میں تجکو دیکھے کیوں کر ہم
تیرے بن نیند کس کو آتی ہے

تعشق

تعشق۔ سخنور نازک خیال ناظم خوش مقال سرمایۂ ناز و موجب افتخار لکھنؤ جناب سید مرزا صاحب لکھنوی خلف الرشید محمد مرزا انس و برادر حقیقی سید حسین مرزا عشق شیخ ناسخ کے ارشد تلامذہ میں تھے۔ نہایت قابل اور نازک خیال سخنور اور مرثیہ گوئی میں خصوصاً شہرۂ آفاق تھے۔ نزاکت خیال

سے کے ساتھ زبان کی لطافت اور مضمون کی نفاست قابلِ داد تھی آپ کا کلام بہت پُر تاثیر اور درد سے لبریز ہے مرثیہ گوئی میں آپ کا ایک خاص رنگ تھا سوز و گداز جس قدر ان کے کلام میں ہے لکھنؤ کے کسی اُستاد کو یہ بات نصیب نہیں ہوئی مضمون آفرینی کے ساتھ ساتھ پختہ کلامی اور متانت غضب کی تھی۔ مشاہدات وغیرہ و جذبات حسن و عشق سے اسقدر واقفیت تھی کہ مضامین کے ذریعہ واقعات کی تصویر کھینچ دیتے تھے اور ایسے دلفریب پیرایہ میں مضمون باندھتے تھے کہ بیساختہ داد دینے کو جی چاہتا تھا۔ لیکن آپ کے کلام نے جیسی چاہیئے شہرت نہ پائی۔ غالبًا اسکا باعث یہ ہی کہ خود جناب نقش مرثیہ گوئی کے مقابلہ میں غزل گوئی کو ہیچ سمجھتے رہے۔ اور کبھی اسکے ذریعہ سے عرصۂ ناموری میں قدم رکھنے کی ضرورت محسوس نہ کی۔ راقم تذکرہ نے جس محنت و جانفشانی سے یہ مختصر مجموعۂ کلام مرتب کیا ہی اس سے کچھ دل ہی خوب واقف ہے جس حالت میں کہ مرحوم کے قریبی اعزا اور شاگرد باوجود بار بار تقاضوں کے اُن کے کلام کی اشاعت نہ چاہیں تو غیروں کے تغافل اور تساہل کا کیا گلہ ہو سکتا ہے لکھنؤ کے قابلِ قدر رسالہ معیار میں جو عالمِ خواب کے مشاعروں کی دلچسپ کیفیت لکھی ہے اُسکے معائینہ سے پایا جاتا ہے کہ جناب نقش کس پایہ کے شاعر تھے۔ مورخ مذکور کا دعویٰ ہے کہ اکیلے نقش کے بھروسے پر حضرات لکھنؤ جملہ شعرائے ماضی و حال و اساتذۂ دہلی کے کلام کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ بہرحال اسمیں شک نہیں کہ جسقدر درد و اثر سید صاحب مرحوم کے کلام میں پایا جاتا ہے وہ ہمنے لکھنؤ کے کسی استاد کے کلام میں نہیں دیکھا۔ آپ ایک عرصہ دراز تک کربلا میں مقیم رہے پھر ہندوستان چلے آئے اور یہیں لکھنؤ میں ۱۵ برس ہوئے انتقال کیا۔ مراثی کے دو مجلد آپ کی تصنیف سے مشتہر ہو چکے ہیں۔

آپ کا حال اور کلام کاتب کو نقل کیلئے دیا جا چکا تھا کہ رسالہ معیار اگست سنہ ۱۹۰۹ء میں موصول ہوا اور اُسمیں آپ کا مجموعۂ کلام (۴۰ صفحہ) جو اڈیٹر معیار نے بڑی کوشش سے دستیاب کر کے شایع کیا ہے نظر پڑا چونکہ ہمیں ان کے کلام سے خاص رغبت تھی بڑے شوق سے اُس مجموعہ کا مطالعہ کیا اور اپنے مذاق کے موافق کچھ اشعار اور منتخب کر کے داخل انتخاب کئے

کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ جدت خیال اور تازگیِ مضامین کیطرف آپ کی طبیعت کا خاص رجحان تھا۔ چنانچہ جہاں کہیں کوئی نیا مضمون صاف زبان میں نکل آیا ہے وہ فی الواقع قابلِ داد ہے۔ لیکن باوجود کہنہ مشقی کے ۵۵ غزلیات کے مختصر مجموعے میں بھی ایسے اشعار کی تعداد بمقابلہ دیگر مستند اساتذۂ دہلی بہت کم ہے۔ حیرت ہے کہ اہالیانِ معیار نے کس بنا پر ایسے پرزور الفاظ میں جناب تعشق کے متعلق بحث چھیڑ کر اہلِ دہلی کی دل آزاری پر کمر باندھی۔ ہمارا منشا ہرگز اس مضمون پر قلم اُٹھانیکا نہ تھا مگر چونکہ معیار میں مکرر سہ کرر یہ چیلنج دیا گیا لہذا بجبوراً اسکی تردید کی زحمت اُٹھانی پڑی۔ افسوس ہے کہ اڈیٹر صاحب معیار خود اپنے مشہور اصول کی پابندی سے انحراف فرماتے ہیں اور کلمۂ حق کے اعلان میں بے باکی کو معیوب سمجھتے ہیں۔ اگر بہ نظرِ انصاف دیکھا جائے تو اکثر موزوں طبع نوجوانوں کے کلام میں بھی ایک دو شعر ہر غزل میں اچھے نکل آتے ہیں۔ اندریں صورت اگر جناب تعشق جیسے مستعد کہنہ مشق اُستاد کے ہاں اگر ہر غزل میں چار پانچ شعر نفاست خیال و لطافت زبان کے لحاظ سے ممتاز نکل آئے تو کچھ جائے عجب نہیں۔ البتہ حیرت ہے تو یہ کہ کیوں پوری غزل مرصع نہیں ہوئی جیسا کہ اُن کے طرفداروں کی پرجوش تحریروں سے ہمیں یقین ہوتا چلا تھا۔ ہم نے ارادتاً سست اشعار کا انتخاب درج تذکرہ نہیں کیا اور صرف اپنے مذاق کے بموجب جن اشعار کو اچھا سمجھا ہے انھیں کو لیا ہے بہرحال اس امر میں ہمیں ضرور اڈیٹر صاحب معیار سے اتفاق ہے کہ جناب تعشق خوش گویانِ لکھنؤ میں مردِ کامل تھے۔ اور وہاں کے کسی اُستاد کے کلام میں وہ دلآویزی نہیں پائی جاتی جو مندرجہ ذیل کلام کا خاص حصہ ہے۔

وہ پھیرے تھا منہ ذبح میں ہو رہا تھا	خدا جانے ہنستا تھا یا رو رہا تھا
شبِ ہجر تھی اور میں رو رہا تھا	کوئی جاگتا تھا کوئی سو رہا تھا
دبے پاؤں آئی گئی صبحِ محشر	کہ جاگا شبِ ہجر کا سو رہا تھا
یہاں دل وہاں ڈوبتے تھے ستارے	شبِ وصل آخر تھی میں رو رہا تھا

شہیدوں کے لاشے تھے سنے غسلِ میت
بدلتا تھا میں دردِ دل سے جو پہلو
میں باغ میں ہوں طالبِ دیدار کسی کا
گھیرتے ہیں وہ مُرغ جب آجاتی ہے آندھی
دیکھ آؤ کہ بیمار تمھارا تو نہیں ہے
شبِ وصل تھی خواب اے صبحِ فرقت
اُنس ہے خانۂ صیاد سے گلشن کیسا
اپنی آزردہ دلی بعدِ فنا کام آئی
کہدیا بس کہ تری آہ میں تاثیر نہیں
جل گئے صورتِ پروانہ تپِ عشق سے ہم
کچھ نہ کچھ گورِ غریباں پر بھی ساماں ہو گیا
کیا معاذ اللہ مری وحشت نے پھیلائے ہیں پاؤں
دل ہے مردہ خلد میں جانیسے کیا ہو جائیگا
ناز پرور ہے ذرا بھی دل سے بگڑینگے جواب
جمع ہیں محفل میں سب مجھسے خفا ہو... ہو کیوں
عشق کی وہ شورشیں وہ ولولہ جاتا رہا
گاہ وحشت میں ہنساتا تھا رُلاتا تھا کبھی
اے جنوں بیڑی پہنا... تھے ہم انکو برسوں
جو ہے وہ مردہ نظر آتا ہے اُسکے عشق میں
نہ چونکے حضور آپ سوتے تھے غافل
جنازے کے ہمراہ آتا ہے قاتل
یونہ تو حرفِ خطِ تقدیر نہیں مٹنے کا
دل جو مرجائے ہمارا تو کرے کون آہیں

[illegible]

مگر آپنے خنجر کو وہ دھو رہا تھا
زمانہ اودھر کا اُدھر ہو رہا تھا
گُل پر ہے نظر دھیان میں رخسار کسی کا
دیکھا ہے ہوا زخمِ دلِ زار کسی کا
رکھا ہے جنازہ سرِ بازار کسی کا
ابھی میرے زانو پہ تھا سر کسی کا
ناز پرورِ قفس ہوں میں نشیمن کیسا
ڈھیریاں گردِ کدورت کی ہیں مدفن کیسا
یہ نہ دیکھا کہ یہ سینے میں ہے روزن کیسا
پھینکدے لاش اُٹھا کر کوئی مدفن کیسا
چار تارے چرخ سے ٹوٹے چراغاں ہو گیا
راہ برسوں کی مرا جیبِ گریباں ہو گیا
ہم جہاں ہونگے وہ گھر ماتم کدہ ہو جائیگا
یہ بھی اپنی زندگانی سے خفا ہو جائیگا
بھڑکے بیٹھونگا اگر میں بھی تو کیا ہو جائیگا
اک جوانی کیا گئی سب حوصلہ جاتا رہا
دل نہیں جاتا رہا اک مشغلہ جاتا رہا
جب سے منت بڑھ گئی وہ سلسلہ جاتا رہا
ہستی و ملکِ عدم کا فاصلہ جاتا رہا
پکارا کیا رات بھر دل کسی کا
جھکائے ہوئے سر کو قاتل کسی کا
آپکے در پہ ارادہ ہے جبیں سائی کا
سو گیا جاگنے والا شبِ تنہائی کا

تھا کبھی دورِ اسیرانِ قفس ہائے صیاد

تلاش یار کا تھا دھیان کل تک

ہوا ترکِ محبت پر نہ راضی ہو

کشاں کشاں مرا لاشہ تو لے گئے احباب

کیا تصور ہے کہ ہوں ہر وقت ہم پہلوئے دوست

وائے حسرت کسطرح وہ قتل کرتے ہیں مجھے

ظلم اٹھاتا ہوں مگر شکوہ میں کر سکتا نہیں

خونِ ناحق کا عوض آخر ہوا کس حسن سے

قتل گر میں اپنی اپنے کام میں تھے حسن و عشق

دل کے معاملہ میں نہو دخل غیر کو

خبر کسی کو ضعیفوں کے قتل کی نہوئی

ترے مریضِ محبت نے قبر کی آباد

ہاتھ اٹھا کر مہ تو تمکو یہ دیتا ہے دعا

کل نہ ہم ہونگے مسیحا نہ یہ بیماریِ دل

بال بال آپکی زلفوں کی سبنے گا جو زبان

غربت میں پسند آتی ہے واماندگی اپنی

پڑ گئی کیا نگہِ مست ترے ساقی کی

یا کہیں نشہ میں ڈوبی ہوئی آنکھیں کسکی

ہر طرف حشر میں جھنکار ہے زنجیروں کی

کبھی تو شہیدوں کی قبروں پہ آؤ

گریگا زمیں پر نہ خونِ شہیداں

جو ہے گھر کے اندر وہی گھر کے باہر

وہ کھڑے کہتے ہیں میری لاش پر

اب تو اک پھول کو محتاج ہیں گلشن کیا

ہمیں ہے اپنے دل کی جستجو آج

رہی تا دیر دل سے گفتگو آج

نکل کے تنگیٔ قالب سے کر گئی یہ بریں روح

ہر گلِ داغ جگر سے آرہی ہے بوئے دوست

غیر چہرے سے ہٹاتے جاتی ہیں گیسوئے دوست

جسقدر دل سخت ہے اتنی ہی نازک خوئے دوست

نام سے تعویذ کے باندھے گئے بازوئے دوست

اسکی آنکھیں تیغ پر تھیں میری آنکھیں سوئے دوست

لینا جو ہو تو لیجئے اپنی نگاہ پر

ہم ایک قطرۂ خوں تھے زبانِ خنجر پر

عجب طرح کی اداسی ہے آج بستر پر

عمر بھر حسن رہے زیبِ کنارِ عارض

آج بس اور ہے تکلیف پرستاریِ دل

نہ گنے جائیں گے ایام گرفتاریِ دل

ہم آپ چھو لیتے ہیں کانٹے کفِ پا میں

لڑکھڑاتے ہوئے میخوار چلے آتے ہیں

غش ہے تجھے اے دلِ بیمار چلے آتے ہیں

اُن کی زلفوں کے گرفتار چلے آتے ہیں

یہ سب گھر تمھارے بسائے ہوئے ہیں

عبث آپ دامن اُٹھائے ہوئے ہیں

وہ آنکھوں میں دلمیں سمائے ہوئے ہیں

ہم تو سنتے تھے کہ نیند آتی نہیں

لاشس پر بھی آئے منہ ڈھانکے ہوئے
تلاشِ شبِ وصل میں پھر رہا ہوں
دُور سے دیکھ کے تمکو کوئی جی بھرتا ہے
لطف دیکھا نہ کسی چیز کا اشکوں کے سوا
کور ہو جاؤں مگر عشق میں رونیکو نہ روک
سینکڑوں شیشۂ دل بادہ کشوں کے ٹوٹے
قدمِ اہلِ زمیں آنکھوں نے رو رو کر لگاتے ہیں
نہیں تسکین ہوتی ایک جا پر کوئے جاناں میں
چھڑا لینے کی باتو پوچھتے پھرتے ہیں تدبیریں
جگر جل جل کے دیتے ہیں دعائیں شعلہ رویوں کو
دوہرے پردے ہوں چھپاؤں تمھیں لیا دیں
شام کو حسن جو بیا تھا کہ بتاتے ہیں وہ بال
کدے ہے قاتل کو نئی طرزِ جفا پیدا کروں
مجھسے لاکھوں خاک کے پُتلے بنا سکتا ہے تو
کٹتے ہو زلف میں دل اندوہگیں نہیں
آہوں میں اور آنسوؤں میں ہے مقابلہ
بجلی گرائی آہ کی یا ذبح ہو گئے
چلا گھر سے وہ بحرِ حسن اللہ رے کشش دل کی
دلِ وحشی قیامت کا ہے وحشت خیز وحشت زا
گُلوں کے ہجر نے نکہت بنایا جسمِ لاغر کو
ہمیں بھی عزمِ عدم ہے گلے ملیں اُٹھو
قفس میں بھی ہے اسیرو تمہیں وہی سودا
رہے تے روتے شبِ فرقت میں جو سوجاتا ہوں

بدگمانی آپ کی جاتی نہیں
مرا آپ دیوانہ پن دیکھتے ہیں بد
کر رہی ہیں لفظ ایام گذاری آنکھیں
آئیں تھیں رونے کو دنیا میں ہماری آنکھیں
ناصحا دل سے زیادہ نہیں پیاری آنکھیں
محتسب ہیں زیادہ وہ خماری آنکھیں
نکل آتا ہے پانی جس جگہ ٹھوکر لگاتی ہیں
گدائے حسن موقع دیکھکر بستر لگاتے ہیں
کبھی یہ فکر تھی ہمکو کہ دل کیونکر لگاتے ہیں
رہیں ٹھنڈے دل اُنکے آگ جو گھر گھر لگاتی ہیں
دل سینے میں سما جائے کلیجہ دل میں سا
رات بھر آج خیال آئے ہیں کیا کیا دل میں
خود قضا کی جان جائے وہ ادا پیدا کروں
میں کہاں سے ایک تیرا سا خدا پیدا کروں
پس جب یہاں نہیں تو یہ جانو کہیں نہیں
اب آج آسمان نہیں یا یہ زمیں نہیں
صیاد اب کے سال نہیں یا ہمیں نہیں
عجب قطرہ ہے جو کھینچے لئے جاتا ہے دریا کو
بغل میں تیرے دیوانے لئے پھرتے ہیں صحرا کو
بہت ہے بوریا موجِ ہوا کا میرے بستر کو
جو تم پہن کے سفر کا لباس بیٹھے ہو
لگائے فصلِ بہاری کی آس بیٹھے ہو
چٹکیاں لے کے جگاتا ہے مرا دل مجھکو

غیر پھر غیر ہیں آخر ہیں پھر اپنے اپنے
یاد کرتا ہے ترے پاس مرا دل مجھکو

سرشت میں ہے نزاکت حیا ہے خو تیری
نکل سکی نہ کبھی پیرہن سے بُو تیری

عدم سے دہر میں آنا کسے گوارا تھا
کشاں کشاں مجھے لائی ہے آرزو تیری

مرا پیام صبا میرے گُل سے کہدینا
چلی گئی ہے مجھے بیہوش کرکے بو تیری

ہُوا ہے چھوٹ کے تجھسے وِلا یہ حال اپنا
جگر پہ ہاتھ ہے ہر سمت جستجو تیری

تمام رات رہا دل سے ذکرِ خیر ترا
گلہ کیا ہو تو شاہد ہے آرزو تیری

صبح کے پہچاننے والو میں رسوائی ہوئی
شب کی خبریں دے رہی ہے آنکھ شرمائی ہوئی

بڑھ گیا شاید اسیرانِ قفس کا اختلاج
باغ میں بادِ صبا پھرتی ہے گھبرائی ہوئی

قبر میں تو کوئی دم آرام لینے دے مجھے
بس دلِ مضطر اُڑی جاتی ہے نیند آئی ہوئی

کان میں شاید صدائے آہِ مجنوں آگئی
نجد کو لیلیٰ چلی جاتی ہے گھبرائی ہوئی

اُٹھتے جاتے ہیں بزمِ عالم سے
آنے والے تمہاری محفل کے

داغِ دل گھٹ رہے ہیں پیری میں
بجھ رہے ہیں چراغ محفل کے

دعوئے صبر ہو گیا باطل
درد نے ہوش کھو دئے دل کے

نجد کے جانب سے لیلےٰ جو ہوا آتی ہے
دلِ مجنوں کے دھڑکنے کی صدا آتی ہے

مرکے بدنام کیا نام محبت سینے
مُنہ پہ کچھ ڈالدو کوئی کہ حیا آتی ہے

مجکو مل جاتی ہے اپنے دلِ زخمی کی خبر
ٹوٹتا ہے کوئی ٹانکا تو صدا آتی ہے

آئے ہیں کون سے عاشق کے گلے ملکر حضور
آپ سے آج مجھے بوئے وفا آتی ہے

وصل میں شام سے منہ ڈھانپ کے سونا کیسا
نیند بن کر تری آنکھوں میں حیا آتی ہے

کہتے ہو کیوں ہے تعشق ترے منہ پر زردی
ہجر میں نیند کم اے ماہ لقا آتی ہے

چھوٹ جائیں ہم عذاب ہجر سے
ابتو ایسی کوئی صورت کیجئے

اسقدر نایاب دنیا میں محبت ہو گئی
چشمۂ آبِ بقا چشم مروت ہو گئی

ابتو یہ طولِ شبِ فرقت سے حالت ہو گئی
دل سے رو رو کر امید وصل رخصت ہو گئی

عمر بھر چھانی جو خاک اس در کی یہ حاصل ہوا
ایک تربت کی جگہ ہمکو عنایت ہو گئی

آنسو بھر آئے دیکھ کے بادل بھرے ہوئے
خالی ہوئے جو آنکھوں کے بادل بھرے ہوئے
چمکی جو جوش میں ترے وحشی کی برقِ آہ
کھینچو نہ میرے سینے سے لے قاتل جہاں
وحشت سر سے دہر میں آیا نہ پھر کوئی
دلِ مجنوں میں کیا بُرائی تھی تجھ
رات بھر مطلق نہ آئی نیند ایسا جی لگا
موسم گل ہو گیا آنا وہ جانے کے لئے
بجھ رہے ہیں داغِ دل تربت میں جانے کیلئے
ہوں وہ بلبل جب گرا صیاد میرا آشیاں
قدر دانی آپ کی ہم ناتواں کیا روئیں گے
رنج غیروں کو ہوا ایسے ہوئے برباد ہم
حشر کو کہتے اُٹھے جو ابیدگان کوئے دوست
دیکھلوں میں آخری دیدار آنکھیں کھول کر
دل جگر میں ہو گئے ناسور کیا جی خوش ہوا
باغباں کیا کیا مرے دم ہیں جلکو باغ میں
تھا وہ پروانہ کہ روئی شمع محبت کو رات بھر
دستِ نرگس سے گرا ہے دل مرا جب شاخ گل
ہم بہل جاتے ذرا زندہ جو ہوتا آج قیس
یوں نہ آئے ایکدن لاشے پہ آج آئے حضور
زخم اے جراح ہیں اس شرنگیں کی تیغ کے
باغ میں پھولوں کو روندا آئی سواری آپ کی
بیوفائی آپ کی غفلت شعاری آپ کی

صحرا کے ساتھ زخم جگر کے ہرے ہوئے
گلزار و کوہ و شہر و بیاباں ہرے ہوئے
بیٹھے ہیں آشیانوں میں طائر ڈرے ہوئے
تم کیا کرو گے تیر لہو میں بھرے ہوئے
لیے گئے یہاں سے مسافر اُڑے ہوئے
تجھکو لیلیٰ جو فکرِ محمل ہے ہر
صبح تک باتیں سُنیں ہمنے دل ناشاد کی
اور جگہ ڈھونڈا کئے ہم آشیانے کیلئے
روشنی کم ہو رہی ہے نیند آنے کے لئے
برق دوڑی ہاتھ پھیلا کر اُٹھانے کے لئے
دل میں طاقت چاہئے آنسو بہانے کیلئے
قبر پر آئے بگولے خاک اُڑانے کیلئے
کیا مزے کی نیند میں آئے جگانے کیلئے
آپ اُتریں قبر میں شانہ ہلانے کے لئے
اور دو آنکھیں ملیں آنسو بہانے کے لئے
برق جگنو بن گئی ہے آشیانے کے لئے
صبح کو آئی صبا لاشہ اُٹھانے کے لئے
فصلِ گل دوڑی ہے آنکھوں سے اٹھانے کیلئے
دو گھڑی بل بیٹھتے رونے رُلانے کے لئے
کچھ بہانہ ڈھونڈتے تھے آپ آنے کے لئے
آئے تو منھ پھیر کر تا کہ لگانے کے لئے
کس قدر ممنون ہے بادِ بہاری آپ کی
میرے دل نے عادتیں سیکھی ہیں ساری آپ کی

سے یقیں باہم گلے ملنے کو اُٹھیں دستِ شوق
میکدہ وہ نہیں ٹوٹے جاتے ہیں ہم لڑ لڑ کے جام
آج کس پر رحم آیا کس کو روتے ہیں حضور
جفا وہ کرتے ہیں اے دل وفا کئے جا تو
چراغ داغ میں دن سے جلائے بیٹھا ہوں
گیا شباب پھر اُترا رہا تعلقِ عشق
فراقِ یار میں پھرتے ہیں پوچھتے ہوئے ہم
نسیم کوچۂ جاناں میں جلد پہنچا دے
تمام رات وہ کہتے ہیں کروٹیں لے کر
یاد ایام کہ ہم رتبۂ رضواں ہم سے تھے
دھجیاں جیب کی ہاتھ نہیں ہیں آج او وحشت
جان لی گیسوؤں نے الفتِ رُخ میں آخر
قفسِ تنگ میں گھٹ گھٹ کے نہ مرتے کیونکر
دل کے دینے میں تامل ہمیں ہوتا کیونکر
شعلۂ حسن سے تھا دودِ دل اپنا اول
دیتے پھرتے تھے حسینوں کی گلی میں آواز
طوقِ منت کے گلے میں تھے وہ دن یاد کرو
ڈوبتے جاتے تھے رہ رہ کے تعشق تارے
دور سے جو آج مدت بعد چار آنکھیں ہوئیں
پہ جنکے افشاں بام پر آئے جو اے رشکِ ماہ
شبِ وصال وہ سر رکھ کے جب پہ سوئے تھے
جھنجلا کے مجکو ذبح تو صیاد نے کیا
وہاں اُٹھتے نہیں پردے ہوا ہوں دفن میں جب سے

ہو اگر تصویر بھی یکجا ہماری آپ کی
مفسدہ پرواز ہے چشمِ خماری آپ کی
ہے نصیبِ دشمناں آواز بھاری آپ کی
نہ مضطرب ہو یونہی رسم و راہ ہوتی ہے
سُنا ہے جو شبِ فرقت سیاہ ہوتی ہے
دل و جگر میں تپک گاہ گاہ ہوتی ہے
اثر جو رکھتی ہے کیسی وہ آہ ہوتی ہے
کہ مشتِ خاک ہماری تباہ ہوتی ہے
جگر کے پار تعشق کی آہ ہوتی ہے
باغبانِ چمنِ محفلِ جاناں ہم تھے
جامہ زیبوں سے کبھی دست و گریباں ہم تھے
کافروں نے ہمیں مارا کہ مسلماں ہم تھے
نازپروردۂ آغوشِ گلستاں ہم تھے
یہ حسینوں کی امانت تھی نگہباں ہم تھے
آگ دنیا میں نہ آئی تھی کہ سوزاں ہم تھے
کبھی آئینہ فروشِ دلِ حیراں ہم تھے
میر اس عہد میں بھی چاک گریباں ہم تھے
مثلِ ابر آخرِ شبِ وصل میں گریاں ہم تھے
آبدیدہ ہو کے کچھ باہم اشارے ہو گئے
چاندنی میلی ہوئی بے نور تارے ہو گئے
تڑپ رہا ہوں وہ تکیہ گلے لگائے ہوئے
اب رو رہا ہے منہ کو قفس پر دھرے ہوئے
یہی ضد ہے کہ گھر میں اُٹھ کے خاک آئے نہ باہر کی

یاں اُترتا ہے داغ سے پھاہا
ہل رہے ہیں تمام جزوِ بدن

تھرتھری جسمِ آفتاب میں ہے
کسقدر رعب بے قراری دل ہے

تیرے در کی زمین کیا کھنا ئو
ہجر میں رونے کو بیٹھے تھے اب اٹھ سکتے نہیں
خفا نہو جو تمہاری گلی میں دفن ہوئے
درد چھپتا نہیں انسان سے کہے یا نہ کہے
ہے دفن ہونے کو لاشہ تمہارے گریاں کا
بھری ہیں نشے سے ایسی وہ نرگسی آنکھیں
ایسی دلدوز حسینوں کی پلک ہوتی ہے
برگِ گل میں کوئی کانٹا نہ چھپا ہو صیاد
دل سے منہ پھیرتی ہیں تاب و توانی ہوئیں
یاد آتے ہیں جو گیسو تو چمک جاتے ہیں داغ
اے مسیحا تو نے جس دن سے توجہ چھوڑ دی
پونچھ کر دانتوں کی مستی ہنستے فرمانے لگے
آخر ان جادو بھری آنکھوں نے میری جان لی
دل سوختہ تھے چاہنے والوں نہیں تمہارے
ملتے ہی لبِ یار سے لب دل نکل آیا
نہ اُٹھے پھر کبھی راتوں کے بیدار اس طرح سوئے
نہ بجھنے پائے چھپا قبر میں بھی داغِ سوزاں سے
کسی دل کو غم و اندوہ سے فرصت نہیں دیتا
ہیں یہ سرشار قناعت رفتگاں آنکھیں ہیں بند
ہیں وہی ناز جو تھے عاشق رفتار کے ساتھ
مجھ سے کیا پوچھتے ہو داغ ہیں دل میں کتنے
جھک جائے تو ذرا تھ گلے سے لگائیں ہم
ہم وہ ضعیف ہیں کہ ہزار آندھیاں چلیں
نقشِ پا تعویذ تربت سے کیجیئے ہو

یہ جگہ تو لحد کے قابل ہے
گیسے آنسو تھے کر ساری دل کی طاقت لے گئے
ہزار بار سب آئے ہم ایک بار آئے
کب بڑے دہنِ زخم زباں لازم ہے
مگر زمین کی مٹی خراب ہوتی ہے
کہ جیسے جام میں مملو شراب ہوتی ہے
سانس لینے سے کلیجے میں کھٹک ہوتی ہے
ہم اسیروں کے کلیجے میں کھٹک ہوتی ہے
حسن کی ناز کے جانب سے کمک ہوتی ہے
شبِ یلدا میں ستاروں کی جھلک ہوتی ہے
تیرے بیماروں کو امید شفا جاتی رہی
لیجئے تارے نکل آئے گھٹا جاتی رہی
بات تیری اے لبِ معجز نما جاتی رہی
لیکن سبب گرمی بازار ہمیں سے تھے
مارلب سے عیسیٰ نے وہ بیمار ہمیں سے تھے
مگر کروٹ بدلوانے کو آئی صبحِ محشر کی
کہ رنگت سانولی ہو جائیگی خورشید محشر کی
قسم کھائی ہے گردوں نے زمین کو ڈالبر کی
دیکھے جسکو وہ ایک دو گز کفن میں مر بیٹھے
میرے تابوت کے ہمراہ سوار آتا ہے
تمکو ایام جدائی کا شمار آتا ہے
پیدا ہوئے ہیں ہاتھ ہمارے مزار سے
اُٹھا گیا نہ ایک دن اپنے غبار سے
جاں نثاروں پر عنایت کیجیئے

تعشق

تعشق - راجہ تعشق حسین خاں تعشق ساکن مانک پور ضلع الہ آباد شاگرد نواب احمد حسین خاں جوش - خوش فکر ہونے کے علاوہ زبان بھی صاف تھی - مذاق ستھرا اور کلام عیوب سے پاک ہے - سیدھا سیدھا صاف صاف خوب کہتے ہیں - دیوان مطبوعہ کا انتخاب درج ذیل ہے -

گرایا چاہ میں یوسف کو بھائیوں نے تو کیا
غلام ہو کے اسے بادشاہ ہونا تھا

آیا نہ کبھی فاتحہ خوانی کو وہ گلرو
سبزہ لحد کا ہوا پامال ہمارا

جب سے اس عالم فانی میں ہوئے ہم پیدا
کشور دل میں اسی دن سے ہوا غم پیدا

مے الفت سے رہی ہے یہاں تک بیخودی ساقی
نظر آتا نہیں کچھ فرق ہمکو دوست دشمن میں

نقد دل لوگ لئے پھرتے ہیں بازاروں میں
اک جہاں ہے مرے یوسف کے خریداروں میں

جس گھڑی نظروں سے وہ مستور آنکھیں ہو گئیں
عاشق ناشاد کی بے نور آنکھیں ہو گئیں

میں نے کہا اگر رخ انور دکھائیے
بولا وہ شوخ طاقت دیدار بھی تو ہو

رازق ما رزق بے منت دہد
کوشش اسے پائے ہوس نے سود ہے

تشنہ لب ہیں آب تیغ سفاک ہم
سیر کر آب دم شمشیر سے

بھولے سے بھی گر آپ ہمیں یاد کرینگے
قدموں پہ تصدق دل ناشاد کریں گے

جب سے نہیں ہے تو بت بے پیر سامنے
رہتی ہے رات دن تری تصویر سامنے

تفتہ - سخنور ہمپایہ طالب و کلیم - منشی ہرگوپال صاحب تفتہ الملقب بہ میرزا تفتہ حضرت غالب مرحوم کے عزیز ترین اور ارشد ترین شاگرد تھے - فارسی کلام آپکا اس پایہ کا ہوتا تھا کہ جسے سنکر اہل زبان ستائش کرتے تھے - ہمیشہ فارسی کہتے رہے اردو کی طرف کبھی توجہ نہ ہوئی سنہ ۱۲۱۴ھ میں پیدا ہوئے اور زیادہ حصہ عمر کا اپنے وطن سکندر آباد نواح دہلی میں گذار دیا - مجلد کلام فارسی میں جسمیں ہزاروں غزلیں - ظہوری - نظیری صائب - حافظ - عرفی - خسرو - جامی کی ہم طرح زمینوں میں ہیں - ان سے یادگار ہیں -

مرزا غالب کو اِن سے دلی اُنس ہی نہ تھا بلکہ اُنھیں اپنا سرمایۂ نازش سمجھتے تھے اور ہمیشہ عزیز داری کا سا برتاؤ کرتے تھے۔ مرزا تفتہ کا لقب انہیں نے عنایت کیا تھا۔ اُردوے معلیٰ میں اکثر خطوط اُنکے نام کے موجود ہیں۔ عالم ضعیفی میں مرزا کی وفات کے دس برس بعد انتقال کیا۔ اِن کے اُردو کلام میں صرف حضرت غالب کی تاریخ وفات دستیاب ہوئی ہے جسے ہم تبرکا درج ذیل کرتے ہیں۔

غالب وہ شخص تھا ہمہ داں جسکے فیض سے ہمسے ہزار ہیچمداں نامور ہوئے
فیض و کمال صدق و صفا اور حسن و عشق چھ لفظ اِسکے مرتے ہی بے پا و سر ہوئے

تفتہ

تفتہ۔ قاضی محمد شمس الضحیٰ تفتہ۔ قاضی پوری حضرت داغ کے شاگرد ہیں۔ اب اخگر تخلص کرتے ہیں۔ زیادہ حالات معلوم نہ ہوئے۔ یہ چند اسکے ہیں۔

ہے درد ہمارے دلمیں یا دُکھ صدقے سب کچھ ہے آپ ہی کا
جادو آنکھوں کا کہہ رہا ہے کیا پوچھئے سحر سامری کا

کچھ نہ سوجھا اُس بت نازک ادا کو دیکھ کر رہ گئے سکتے میں ہم شان خدا کو دیکھ کر
مجھ سا زمانے میں کوئی پامال غم نہیں مجھ پر ہوا نہ ہو کوئی ایسا ستم نہیں
جینے کی کیوں دعائیں وہ کرتے ہیں نزع میں اللہ میرے آپ سے مجھے تاب ستم نہیں

مزہ مل گیا آپ کو اس میں کیا کہ اب سے ہی شیخ جی سوجھتی ہے
نازک مزاج آپ سا دیکھا نہیں کہیں بیٹھے بٹھائے روٹھ گئے بات کیا ہوئی

تفتہ

تفتہ۔ مولوی بدرالدین خاں مفتی سابق مدار المہام ریاست بھوپال۔ آپ مفتی سلطان حسن صاحب سب جج مرحوم رئیس بانس بریلی کے خلف الرشید ہیں۔ تحصیل علمی کے بعد آپنے بھوپال میں ملازمت اختیار کی اور درجہ بدرجہ ترقی کرکے صدر المہام کے جلیل القدر عہدہ پر ممتاز ہوئے۔ نواب شاہجہاں بیگم کے انتقال کے بعد آپنے ملازمت ترک کردی اب اپنے وطن میں قیام پذیر ہیں۔ چند غزلیں نظر سے گذریں۔ اُن کا انتخاب

حاضر ہے۔

لذت ہے غم عشق کی بیداد و جفا میں — صحت ہے مری درد میں ہے درد شفا میں

اس کوچے سے کیا پاؤں اٹھانیکی ہو ہمت — دل پر ہیں مرے آبلہ چھالے کف پا میں

ان شوخ نگاہوں کا تو گھر ہے دل بیتاب — بیٹھے ہیں کہاں جاکے وہ آغوش حیا میں

الہی سوز پنہاں کو لگے آگ — جلایا دل کو آہوں کے شرر سے

لگے کیا خاک حوروں میں طبیعت — بشر کا دل بہلتا ہے بشر سے

نہ دیکھا آتے جاتے تیر کوئی — دل تفتہ ہوا زخمی کدھر سے

تفضل

تفضل — سید تفضل حسین صاحب تفضل مقیم قصبہ برست ضلع پانی پت کرنال شاگرد مرزا صابر صاحب بہادر زیادہ حال معلوم نہیں کلام کا نمونہ ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے۔

میں اپنے شیشۂ دل میں اتار لوں تصویر — تمھیں ذرا بھی تصور میں گر قرار رہے

خمیدگی کبھی لازم نہیں تواضع میں — کہ موج صورت سیماب بیقرار رہے

پڑا یہ صبر مرے اضطراب کا ان پر — کہ وہ بھی طبع کی شوخی سے بیقرار رہے

تفضل اپنی نظر مرہم جگر ہو جائے — گر اپنی آنکھ کی پتلی بشکل یار رہے

تفکر

تفکر — منشی میاں خاں محرر منصفی باشندۂ سنبل مرادآباد حضرت آغا شاغل دہلوی کہیں برادر داغ سے فن سخن میں استفادہ حاصل کیا

جو بلائیں تری اے زلف دوتا لیتی ہیں — ان کو سودا ہے کہ سر آپ بلا لیتے ہیں

دست نازک میں وہ کیوں تیغ جفا لیتی ہیں — ہم تو خود مول جو بکتی ہو قضا لیتے ہیں

اور کیا ہمسے ہو مہمان کی خاطر داری — تیر آتا ہے تو پہلو میں بٹھا لیتے ہیں

کچھ مروت بھی ہے عادت سے بھی کچھ ہیں مجبور — وعدہ بھی کرتے ہیں مہندی بھی لگا لیتی ہیں

لاکھ بن بن کے دکھائے یہ عروس دنیا — کب اسے مفت بھی مردان خدا لیتے ہیں

تقی

تقی — منشی محمد تقی خاں لکھنوی۔ خلف بہادر خاں آپ کو خواجہ وزیر سے تلمذ تھا اور

تفکر

قبل از غدر کانپور میں سکونت پذیر تھے کلام بہم رسیدہ کا انتخاب درج ذیل ہے۔

مست دلِ پُرخوں مری آنکھوں سے بہیں گے	اب پتلیاں دیکھیں گی تماشہ مرے دل کا
خون رونے سے سب رازِ نہاں ہو گیا ظاہر	فاش آنکھوں نے آخر کیا پردہ مرے دل کا
فریاد کروں آہ تقی کس سے میں جا کر	پُر درد پُر افسوس ہے قصہ مرے دل کا
شیشہ ٹوٹا تو برا بر ہی مرا دل ٹوٹا	ٹھیس ساغر کو لگی درد ہوا آنکھو نمیں
نہ کھار وز سیہ مجکو خدا اے حور	مان کہنا مرا سرمہ نہ لگا آنکھو نمیں

تقی

تقی۔ ابو الکلام مولوی محمد تقی صاحب تقی۔ شعلہ مرحوم کے شاگرد۔ حیدر آباد کے رہنے والے اور کتب خانۂ آصفیہ کے مہتمم ہیں۔

جھلکی دکھائی سامنے آئے سرک گئے	عاشق کو ہر طرح سے وہ ترسائے جاتے ہیں
وعدہ تو روز ہوتا ہے آتے نہیں کبھی	عاشق کو انتظار میں ترپائے جاتے ہیں
آپکے کہنے سے آجاتا ہے مجکو تو یقیں	بات لیکن آپ کی سچی کوئی ہوتی نہیں
غم مری قسمت کا ہے اغیار کو کیونکر ملے	ان کو غم ہوتا نہیں مجکو خوشی ہوتی نہیں
واعظا تیری نصیحت کا ہوا کچھ بھی اثر	بات کوئی کبھی رندوں نے تری مانی ہے

تقی

تقی۔ نواب مبین صاحب لکھنوی۔ آجکل کے شعرا میں ہیں۔ جو چند شعر نظر سے گذرے اُن سے پایا جاتا ہے کہ آپ کا مذاق پاکیزہ ہے اور مضمون نکالنے کی طرف توجہ زیادہ ہے۔ جناب نشتر سے تلمذ ہے اور رسالۂ معیار کی کمیٹی کے ممبر ہیں آپکے کلام کا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے ملاحظہ ہو۔

خوں بہاتا ہے جو دھوئے سے کسی دلگیر کا	وہ اُٹھے ہیں آج قبضہ چوم کر شمشیر کا
مشق نظارہ نے اتنا جذب تو پیدا کیا	صفحۂ دل پر ہے نقشہ آپ کی تصویر کا
دیکھنے والوں کی نظروں کو کیا ہے مضطرب	رنگ اتنا شوخ ہے ظالم تری تصویر کا
شام ہونا غمِ فرقت میں سحر ہو جانا	یوں مری عمر دو روزہ کا بسر ہو جانا

رُوح کر دیتا ہے تحلیل یہ وہ صدمہ ہے
آج بیمارِ محبت کی بُری حالت ہے
تیرا آنا ہے مرے واسطے اُمیدِ حیات
ناتوانی شبِ فرقت میں بڑہی ہے اتنی
آنے والی ہے قیامت یہ خبر دیتا ہے

دلِ ناشاد کا نا کامِ اثر ہو جانا
ہو مناسب تو کسی وقت اِدہر ہو جانا
تیرا جانا مرے مرنے کی خبر ہو جانا
میری کروٹ کا بدلنا ہے سحر ہو جانا
آپ کا گورِ غریباں سے گذر ہو جانا

تکلف

تکلف ۔ مرزا اکبر علی بیگ شاگرد مولوی سید محمد جعفر صاحب آسان کانپوری کانپور کے ضلع میں کسی تھانہ میں محکمہ پولیس میں محرر تھے۔ اور اس طرح سخن طرازی کرتے ہیں۔

کس جا پہ ترا ڈھونڈنے والا نہیں جاتا
گانے سے اُسکے آتش الفت بھڑک اُٹھی
خفا نہو جو کیا میں نے ظلم کا شکوہ
کیا جو بوسہ طلب اُس نے سر جھکا کے کہا

کعبے نہیں جاتا کہ کلیسا نہیں جاتا
جل جل گئے ہیں شعلہ حسن صدا سے ہم
چلو وہ یونہی سہی تمکو جفا نہیں آتی
تمیں یہ کہتے ہوئے کچھ حیا نہیں آتی

تُلسی

تلسی ۔ بابا تلسی داس گسائیں سرجوپاری برہمن تھے۔ اُن کی ماں کا نام ہُلسی اور باپ کا نام آتما رام تھا۔ اُن کے والدین نے روزِ پیدایش ہی سے ان کو علیحدہ چھوڑ دیا تھا بعض مورخوں کا قول ہے انکی پیدایش سمت ۱۵۸۳ میں ہوئی بعض کا خیال ہے کہ سمت ۱۵۸۹ بکرمی کا جنم ہے ان کی تعلیم و تربیت و تحصیل علم کی بابتہ بھی اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں ان کے گرو نرسنگھ داس تھے بعض کا بیان ہے جگناتھ داس سے انھوں نے تعلیم حاصل کی تھی۔ اول انکی شادی دین بندھو پاٹھک کی لڑکی رتناولی سے ہوئی تھی۔ جس کے بطن سے تارک نام ایک لڑکا بھی پیدا ہوا تھا جو بچپن ہی میں فوت ہو گیا۔

مشہور روایت ہے کہ تلسی داس جی جوانی کی عمر میں نہایت اوباش اور بدچلن تھے

چنانچہ ایک عورت راما نامی سے آشنائی تھی جو سرجو پار رہتی تھی۔ تلسی داس کا دستور تھا کہ ہر رمضان راتوں کو اپنی معشوقہ کے گھر جایا کرتے تھے۔ ایکدفعہ دریا بہت چڑھا ہوا تھا اور کشتی بھی موجود نہ تھی اتفاقاً ایک مردہ لاش بھی ہوئی جارہی تھی۔ تلسی داس نشۂ عشق میں سرشار تھے بیتابانہ اسی پر بیٹھ گئے اور دریا سے پار ہو گئے جب اپنی آشنا کے مکان پر پہنچے تو دروازہ بند تھا اور ایک سانپ لٹک رہا تھا تلسی داس نے خیال کیا کہ رسہ ہے اسکو پکڑکر بالاخانہ پر چڑھ گئے اور اس عورت سے ملاقات کی۔ معشوقۂ طنّاز نے دریافت کیا کہ تلسی آج تم کیونکر یہاں آئے۔ تلسی داس بولے کہ تم نے جو کمند میرے لئے لٹکا رکھی تھی اُسکو پکڑکر آگیا۔ جب اس عورت نے جاکر دیکھا تو معلوم ہوا کہ سانپ تھا۔ چنانچہ تلسی داس کی سچی محبت کو دیکھکر اس عورت نے ذیل کا دوہا پڑھا۔

دوہا

دھک دھک تو ہے پران پیارے (محنت)	چام - ہاڑ - ای - نرس - ہمارے (چمڑا، عضو، نکمے)
ایسو من جو لاگت راما مئی	تو سد ھرت تیرے سب کا مئی

یہ سُنکر تلسی داس مہاراج کے دلمیں گیان کی چوٹ لگی اور اس روز سے عشق حقیقی کی طرف رجوع ہوئے ہرچند اِن کی آشنا نے ٹالنا چاہا مگر آپ یہ کہکر چلے آئے۔

دوہا

تلسی داس کہے مان گلا نی (شرمندگی)	ہے ستّہ ست ٹیہ تب بانی (ست، تب)
بورے ترت موکھ کی نا ئیں	گئے کاش بج بھون گشائیں
کٹیں ایک رگھناتھ سنگ باندھ جٹا سر کیس	ہمتو چاکھا پریم رس پتنی کے اپدیش

جب سے تلسی داس زاہد وخدا پرست لوگوں کی صحبت میں رہا کرتے تھے اور اکثر آزادانہ پھرا کرتے تھے۔ کہتے ہیں کہ چترکوٹ میں تلسی داس نے ہنومان جی مہاراج سے ملاقات کی اور انھوں نے ان کو شاعری کی قدرت عطا کی سمت ۱۶۳۱ بکرمی میں آپ نے رامائن کی تصنیف

شروع کی جو مہاراجہ رامچندر جی کے تاریخی واقعات کی مستند کتاب ہونے کے علاوہ اپنی شیریں زبانی اور موزونی میں ایک خاص اہمیت اور دلکشی رکھتی ہے۔ علمی۔ اخلاقی موحدانہ مضامین مصرعہ مصرعہ میں کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں۔ انکا لطف کچھ وہی زبان جانتی ہیں جو بھاشا کی چاٹ سے آشنا ہیں۔ الغرض تلسی داس اپنے زمانہ کے متقی پرہیزگار خداشناس۔ نیک مرد۔ صاحب کشف و کرامات گذرے ہیں۔ جہانگیر کے زمانے میں جس وقت وبائے طاعون پھیلی تھی اگرہ میں کسی عورت کا خاوند مر گیا۔ چنانچہ وہ اس وقت کے دستور کے موافق ستی ہونے کے لئے جاتی تھی۔ اتفاقاً راستہ میں مہاراج تلسی داس مل گئے اس عورت نے ان کو دیکھکر ڈنڈوت کی مہاراج تلسی داس نے دعا دی کہ تیرا سہاگ بنا رہے۔ اس پر اس عورت نے رو کر کہا کہ مہاراج یہ کیونکر ہو سکتا ہے میرا خاوند تو فوت ہو گیا۔ اور میں ستی ہونے کو جاتی ہوں یہ سُنکر مہاراج تلسی داس اسکے ہمراہ گئے اور اسکے خاوند کو دوبارہ زندہ کر دیا۔ جب اس واقعہ کی شہرت ہوئی تو بادشاہ وقت نے ان کے مذہبی عقائد سے ناراض ہو کر قید کر دیا۔ کہتے ہیں کہ ہزاروں بندر قید خانہ توڑنے کو آموجود ہوئے اور بادشاہ نے متعجب ہو کر ان کو رہا کر دیا اور مزید عنایت کا اقرار کیا۔

ان کی سکونت کی بابت بھی مورخوں نے مختلف خیال ظاہر کئے ہیں۔ لیکن ان کا خاص وطن راجاپور ضلع باندا تھا۔ جو خود ان کے ہی دوہے سے ثابت ہے۔

دوہا

راجاپور رجمنا کے تیر ٭	تلسی جہاں بسے من ہیر ٭

تلسی داس کا زمانہ اکبر و جہانگیر کے عہد حکومت میں تھا چنانچہ آپ کی اکبر کے وزیر خانخاناں سے بہت دوستی تھی اور خانخاناں بھی ان کی بہت قدر و منزلت کرتا تھا۔ چنانچہ ایکدفعہ ایک برہمن جسکی لڑکی کنواری تھی اور شادی کے اخراجات کی استطاعت نرکھتا تھا۔ مہاراجہ

تلسی داس سے سفارش کا خواہاں ہوا چنانچہ آپنے دوہے کا ایک مصرعہ لکھکر اُسے وزیر موصوف کی خدمت میں بھیجدیا۔ مصرعہ یہ تھا ؏

سُر تیہ نر تیہ ناگ یہ سب چاہت رس ہوئے

خانخاناں نے اس غریب برہمن کی امداد کی اور دوسرا مصرعہ حسب ذیل لکھدیا جس سے خانخاناں کی طبیعت کا مذاق ظاہر ہوتا ہے۔

گود لئے ہلسی[۱] پھرین تلسی سون سُت ہوئے

مہاراج تلسی داس کو رامچندر جی مہاراج کا عشق تھا اور ہمیشہ اِن کی ہی پوجا سیوا کیا کرتے تھے دوسرے دیوتاؤں کے سامنے سجدہ کرنا کفر خیال کرتے تھے۔ چنانچہ جب آپ متھرا جی گئے تو ہر طرف رادھا کرشن رادہا کرشن لوگونکو رٹتے سُنا تو آپ نے بیساختہ فرمایا۔

دوہا

رادھے رادھے رٹت ہیں آگ ڈھاک اور کیر		تلسی یا برج بھوم میں کہا رام سے بیر

برج کے لوگوں نے کہا مہاراج آپ کیسے مہاتما ہیں کہ بہاری جی کے درشن تک نہیں کرتے یہ بھی تو پرماتما کا اوتار ہیں۔ چنانچہ جب آپ بندرابن گئے تو فی البدیہہ یہ دوہا کہا۔

دوہا

کیا کہوں چھب آپ کی بھلے بنے ہو ناتھ		تلسی مستک جب نولے دہرو دھنش شر ہاتھ

کہتے ہیں سری کرشن جی مہاراج نے اِنکے تصور کے مطابق اِن کو رامچندر جی کے روپ میں درشن دیئے جیسا اس دوہے سے ثابت ہوتا ہے۔

دوہا

مُرلی مُکٹ دورو آکے دہرو دھنش شر ہاتھ		تلسی لکھ رُچ داس کی کرشن بھئے رگھناتھ

آپ کی وفات سمت ۱۶۸۰ بکرمی میں واقع ہوئی۔ تاریخ وفات کسی بھاشا کے شاعر نے اسطرح کہی ہے۔

[۱] مہاراج تلسی داس کی ماں کا نام تھا۔

سمت سولہ سواسی اسی برن کے تیر (سمت ۱۶۸۰)	ساون سکھلا سمتی تلسی تجے سریر

تلسی داس اکثر متھرا بندرابن۔ کورکشیتر۔ پریاگ۔ چترکوٹ۔ جگناتھ کی جاترا میں مصروف رہتے تھے۔ بندرابن میں سبنا جی سے جو اس وقت میں سنسکرت زبان کے فاضل تھے ملاقات کی۔ ان کی تصنیفات رامائن کے علاوہ بنے پترکا اور گیتا بلی ہے۔ آپ کے اکثر دوہے اور چوپائیاں زباں زد خلایق ہیں جن میں مضمون کی بلندی۔ تشبیہات و استعارہ کی خوبی کے علاوہ بے ساختہ پن بھی پایا جاتا ہے۔ آپ کے اشعار تصوف و پند و نصایح سے مملو ہیں شعرائے ہند میں انکا رتبہ فردوسی اور میر تقی کے برابر بلکہ ان سے بھی افضل سمجھنا چاہیے کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔

دوہے

تلسی اس سنسار میں بڑے سبھی ملائے	ملا سنگھ مارے نہیں انل مارے گائے
تلسی میٹھے بچن سے سکھ اپجت چہوں اور	بسی کرن یہ منتر ہے کب تجئے بچن کٹھور
کاگا کا سالیت ہے کوئل کا کو دیت	میٹھا بچن سنائے کے جگ اپنا کر لیت
تلسی اس سنسار میں وہی بھیو سمرتھ	اک کنچن دو کچن پر جو نہ پسارے ہتھ
تلسی سیدھی چال سے پیادہ ہوئے وزیر	فرضی شاہ نہ ہو سکے گت ٹیڑھی تاثیر
تلسی آہ غریب کی کبھی نہ خالی جائے	مرے چام کے سانس سے لوہا بھسم ہو جائے
کرم کنڈل کر گئے تلسی جہاں جہاں جائے	سر تیا ساگر کوپ جل بوند نہ ادک سمائے
دو دو کوس ہزار پہ لے لکشمی پاس	بے کرپا رگھناتھ کے ملے نہ تلسی داس
تلسی اپنے رام کو ریجھ بھجو کہ کھیج	کھیت پڑے پر جم جائیگا الٹا سیدھا بیج
پریت سیکھو دیئے سے جو ہے اسکی کان	جہاں گانٹھ تہاں رس نہیں یہی پیت کی بان
تات سورگ اپ برگ سکھ دھرئے تلک اک انگ	تلے تاہے سکل مل جو سکھ تو ست سنگ
ایک گھڑی آدھی گھڑی اور آدھی کی آدھ	تلسی سنگت سادھ کی ہرے کوٹ اپرادھ

دیکھو پیت کی ریت بھل جل پہ سرس بکاے — کپٹ کٹائی پرت ہے بلگ ہوئے اس جاے
سیوک کرے پد نین سے سکھ سوں صاحب ہوئے — تلسی پریت کی ریت لکھ سو کوئی سراہیں سوئے
کام کرودھ لوبھ آدمد پربل موہ کی دھار — تن من اتی وارن دکھد مایا روپی نار
سنچو ویہ - گرو جو پر یہ بولیں بھے آس — راج دھرم تنو تین کر ہوئے بیگ ہی ناس
تلسی ریکھا کرم کی میٹ سکت نہیں رام — سیئے تو اچرج ہنس پر سمجھ کرے ہنس کام
جو منیا میں ناکھے بیٹھی شکر کھائے — جو بکری میں میں کرے سبھ ہی ماری جاے
ایک بھروسے رام کے کئے پاپ بھرپوٹ — جیسے نار کنار کو [illegible] اپنے کی اوٹ
آوت ہے ہر کھی نہیں ین نہیں سینہ — تلسی تہاں نہ جائیے کنچن برسے مینہ
ہرک اٹھے آور کرے چلت نوائی سیس — تلسی لیسے متر سے ملئے لبوے بیس
مایا سے مایا ملے کہہ کے سبھے ات — تلسی داس غریب کی کوئی نہ پوچھے بات
تلسی اپنے رام کو کیوں نہ بھجے نیشنکہ — اودھ انت میں ایک ہے جیسے نو کا آنکھ

اس دوہے میں نازک خیالی - بلند پروازی کا پورا پورا ثبوت دیا ہے خدا کی ذات کو کثرت سے وحدت میں دکھاتے ہیں - یعنی جس طرح نو کے عدد کو چاہے جس قدر پھیلا کر جمع کیا جاوے تو نو ہی نو رہتے ہیں - اسی طرح قادر مطلق کی ذات باوجود ہزار رنگ میں ہے جلوہ گر ہو کر بھی ایک ہی ہے -

چوپائی

اماسنت کی یہی بڑائی — مند کرت جو کریں بھلائی
شیام گور کم کرن دیکھائی (دیکھ) — گرا انین نین بن بانی (زبان انکھی — بغیر بیان)

فرماتے ہیں رامچندر جی کے سروپ کو ہم کیونکر بیان کر سکتے ہیں جن آنکھوں نے دیکھا ہے انکے زبان نہیں ہے - اور زبان کے آنکھیں نہیں ہیں جو دیکھ کر بیان کر سکیں -

لونڈا کھاٹ سہس گر کیسے تو — کھل کے بچن سنت نین جیسے

تمکین

تمکین۔ میاں صلاح الدین دہلوی۔ شاہ حاتم کے ہمعصر اور شعراے قدیم میں سے تھے طبیعت تعلقات دنیوی سے آزاد تھی اور فقیرانہ وضع رکھتے تھے ایک قلمی تذکرے سے انکا کلام منتخب ہوکر درج ذیل ہے۔

عشق اور حسن کو جس روز کہ ایجاد کیا
مجکو دیوانہ کیا تجکو پریزاد کیا

نامہ کا میرے لیکر اس سے جواب پھرنا
پر واسطے خدا کے قاصد شتاب پھرنا

سکے کیا درد دل بلبل گلوں سے
اڑا دیتے ہیں اسکی بات ہنس کر

تمکین

تمکین۔ میر ہدایت علی متوطن قصبہ کندرکی ضلع مرادآباد نہایت ذہین اور طباع اور علوم و فنون عربی و فارسی میں دستگاہ کامل رکھتے تھے خوشنویسی میں بھی یدطولے حاصل تھا۔ چنانچہ اکثر خطوط امتداد نہایت عمدگی سے لکھتے تھے۔ تمام عمر درس و تدریس میں بسر کی۔ فارسی شعر اکثر اور ریختہ بہت کم کہتے تھے۔ متقی پرہیزگار و ادیب کامل تھے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ کی ترتیب کے وقت یعنی بارہویں صدی کے آخر تک زندہ تھے۔ چند شعر انہیں کے تذکرے سے انتخاب کرکے درج کئے جاتے ہیں جن سے تلاش الفاظ و مضامین اور رنگین بیانی کا پتہ چلتا ہے۔ ملاحظہ ہوں۔

وہ مہ جبین یوسف کنعاں ہے دوسرا
اسکے مقابلہ کوئی انساں ہے دوسرا!

پھر شورش جنوں ہے بتلا چاک کیا کروں
داماں ہے دوسرا نہ گریباں ہے دوسرا

مشہد ہے دوسرا کا دلا کوچہ صنم
تڑپی ہے ایک وانپہ تو بیجاں ہے دوسرا

ہرچند شب کے رہنے کی ہے گھر جگہ مجھے
تمکین کوے یار شبستان ہے دوسرا

اس عرصہ جہاں میں تہ آسماں یہاں
خنداں اگر ہے ایک تو گریاں ہے دوسرا

دل حزیں مرا مثل غنچہ شگفتہ نہوا ایکدم میں
گر اسکے کوچہ میں کاش لیجائے اے صبا تو غبار میرا

لیا نہیں ہے گر اس پہ ہی بنتا تو تمکین کہ مرگیا ہے
وہ صبر میرا شکیب میرا قرار اور اختیار میرا

اب نہ وہ بلبل ہے نے گلزار کیا تھا کیا ہوا
کچھ نہیں آتا نظر جز خار کیا تھا کیا ہوا

کیا کہوں شب ہمنشیں جاتا رہا سامانِ عیش
نہ وہ ساقی ہی نہ مینا ہے نہ ساغر ہے نہ گل
پیش ازیں رکھتے تھے تمکین ہم اُسے آغوش میں
بیداد و جفا و ستم و جور و عداوت
کیا ہے سبب جو اُسکے ہے کوچہ کی لال خاک
میں وہ شہیدِ تیغِ نگہ ہوں کہ ہے میاں
ہووے رسائی اس لبِ نازک تلک مجھے
آج تو کچھ سلام بھی لیتے نہیں ہو خیر ہے
چین جبیں ہو آج آپ اُٹھ کھڑے ایسے جلد کیوں
لوگے کیا ابتو نہ دل ہے نہ جگر رکھتے ہیں
افعی ہے شب ہے مشک ہے یا تو کیا ہے یہ
مصحف ہے گل ہے صبح ہے یا ہے یہ رُو تیرا
تمکیں غزل کا کہنا ترا ایسی طرز سے
دین و دل و شکیب گئے اِک نگاہ میں
جب سے صورت تری آنکھوں میں مری پھرتی ہے
دور میں تیرے زبس خون کا بازار ہے گرم
کسطرح ہووے نہ تمکین بھلا دنیا و دین

گردشِ افلاک سے اکبار کیا تھا کیا ہوا
سے نے بغل میں یارِ گل رخسار کیا تھا کیا ہوا
اب میسر بھی نہیں دیدار کیا تھا کیا ہوا
کیجے گا کہاں تک بھلا دیکھیں تو ہم اچھا
کی اُسنے عاشقوں کی مگر پائمال خاک
مجھ مشت استخواں کی برنگِ کلال خاک
لیجائے لے خدا کوئی میری کلال خاک
جلتے ہو اسطرح چلے جیسے کہ آشنا نہیں
واسطہ وجہ کیا سبب مینے تو کچھ کہا نہیں
قصد آنے کا تو اب بارِ دگر رکھتے ہیں
زلفِ سیہ ہے یا کوئی کالی بلا ہے یہ
شمس الضحیٰ ہے یا کہیں بدرجی ہے یہ
ظاہر ہے یہ کہ خوبیٔ ذہنِ رسا ہے یہ
ہمسے سلوک واہ یہ کیا یار کر چلے
سارے عالم سے مجھے بیخبری رہتی ہے
اک نہ اک لغش ترے گھر میں ہری رہتی ہے
اسکو ہر وقت میاں یاد تری رہتی ہے

جو تاب عارض سے تیرے شرما کے قرص مہراب سحاب میں ہے
قیاس کرنا اسی کے اوپر کہ ماہ پھر کس حساب میں ہے
زباں سے بولا ہوں تو قسم لو نہ آنکھ اُٹھا کر میں اسکو دیکھا
نہیں یہ معلوم کیا سبب ہے جو آپ ہی آپ ہی عتاب میں ہے

نقاب اُٹھاؤ نہ رو دکھاؤ نہ حال پوچھو نہ پاس آؤ
تمھارے ہاتوں سے اندنوں تو بچارا تمکیں عذاب میں ہے

غیر سے یہ اختلاط اور ہم سے خالی پیار واہ	بس ہوئی معلوم ہمکو قدر دانی آپکی

تمکین

تمکین - میر سعادت علی تمکین - انکا اصلی وطن پٹنہ تھا مگر یہ خود غدر سے کئی سال پیشتر دہلی آرہے تھے اس وقت آپ کی عمر پچاس برس سے اوپر تھی طبیعت میں ظرافت اور کلام میں شوخی پائی جاتی ہے۔ زبان بھی صاف ہے یہ انکا کلام ہے۔

درد و غم رنج و اضطراب و قلق	حال کیجے بیان تو کس کس کا
کان دکھ کر بات غیروں کی سُنا کرتے ہو تم	کاش کہ ہم بھی نہوتے تسے صورت آشنا
گزشتہ ہے یہی نگہ میں تری	مے کی پینے کی احتیاج نہیں
نام تمکیں ہوا تو کیا ہمدم	راتدن بیقرار رہتا ہوں
مہر و الفت کا ثمر ہے مہر و الفت دہر میں	پر محبت سے مری تم اور دشمن ہو گئے

تمکین

پنڈت بخت مل خلف الصدق پنڈت لچھمی رام صاحب فدا - دہلی کے رہنے والے تھے جو کچھ کہتے تھے اپنے والد بزرگوار کو دکھا لیتے تھے ۱۸۴۸ء میں زندہ تھے یہ تین اشعار انکے ہیں۔

مشتاق قدم بوسی سے ہر خار بیاباں	لائی ہے ولایہ تری شوریدہ سری رنگ
نوبخت جگر گرسدِ راہ اشک آنکھونمیں	توڑ دبیں طائران سدرہ تا منقار پانی میں
عجب ہے کافر وہ کیٹلی نظر آئیں آنکھیں	ہم نے ہرگز نہ کسی بت سے ملائیں آنکھیں

تمکیں

تمکین - محمد یوسف تمکین دہلوی - دہلی کے سرکاری مدرسہ میں تعلیم پائی تھی صاحب طبع مستقیم و ذہن سلیم شوخ مزاج ظریف تھے ۱۲۶۳ھ میں مدرسی کی تحصیل سے فارغ ہوکر سند تکمیل فارسی و خوش اطواری حاصل کی - مذاق سخن اچھا تھا۔ انتخاباً چند شعر درج ذیل ہیں۔

تھا دم لبوں پہ اور کبھی لب پہ آہ تھی	فرقت کی رات کیا مری حالت تباہ تھی

دوزخ بھی جس سے مانگتا ہر دم پناہ تھا
کس دل جلے کی بارِ خدایا یہ آہ تھی

ہوتے ہی شام دام الم میں میں پھنس گیا
تھی شام یا خدا کہ وہ زلفِ سیاہ تھی

قطعہ

خانہ خراب ہو جو ترا عشق بے حیا
آئین کونسا تھا یہ کیا رسم و راہ تھی

تو نے جو میرے دلکو صنم خانہ کر دیا
رہتا خدا تھا جس میں یہ وہ بارگاہ تھی

محشر میں کیونکہ جلوۂ دیدار دیکھتا
آنکھوں کے سامنے تری زلفِ سیاہ تھی

تمکین کو ایک نگاہ میں دیوانہ کر لیا
جادو فریب آہ یہ کس کی نگاہ تھی

تمکیں

تمکین ۔ مولوی غلام بتول خاں صدر امین ضلع بیربھوم خلف مولوی غلام رسول خاں بہادر تخلص بہ تحسین صدر الصدور ڈھاکہ ۔ ضلع میدنی پور کے رہنے والے بڑے ظریف شخص تھے ۔ پیشتر ریختی کہتے تھے ۔ مولانا ناسخ صاحب سخن شعرا کے دوستوں میں تھے ۔ اور خاصہ کہہ لیتے تھے ۔ ۱۲۸۰ھ میں انتقال کیا ۔ یہ اشعار اُن کے ہیں ۔

لن ترانی کے سوا اسکی زباں پر کچھ نہیں
اس ستمگر نے سنا ہے جب سے قصہ طور کا

کوے جاناں کم نہیں کعبے سے عاشق کیلئے
دیدِ حق سے کم نہیں دیدِ رخِ نیکوے دوست

لاف کرتی ہے اب اُس چشم سے بیجا نرگس
کیئے اُن آنکھوں کے آگے ہے بھلا کیا نرگس

مہرباں ہم پہ بھی ہے اور جفا کار بھی ہے
لطف اور پیار بھی ہے قصہ و تکرار بھی ہے

تمکین

تمکین ۔ محمد حسن نام ۔ تمکین تخلص ولد حکیم مولوی عظیم اللہ صاحب رئیس ۔ مولد و مسکن قصبہ بچھراؤں ضلع مرادآباد ۔ بڑے خوش مزاج اور لطیفہ سنج آدمی ہیں عمر ۴۰ سال سے کم ہے ۔ مولوی نجم الدین صاحب برق مرادآبادی سے تلمذ ہے ۔ ایک زمانے میں ان کو شاعری کا بہت شوق تھا ہر وقت شعر و سخن کے جلسے رہتے تھے ۔ اب صدمات و علایق دنیوی کے سبب سے اس طرف توجہ کم ہو گئی ہے ۔ اور شعر کہنا بھی چھوڑ دیا ہے ۔ دو تین سال ہوئے ریاست رامپور میں ملازم تھے ۔ مگر نوکری چھوڑ کر وطن چلے آئے اور زمینداری کا شغل رکھتے ہیں ۔ آپ کے کلام میں سے چند اشعار بطور نمونہ پیشکش ہیں ۔

تمھارا ذکر کیا تھا تم جو بگڑے	کہیں کی بات تھی قصہ کہیں کا
دوستی میں تری دشمن ہے زمانہ اپنا	آفتِ جان ہوا دل کا لگانا اپنا
اپنی قسمت سے بدلاؤں میں قسمت کس کی	چھین کر دوں دلِ مضطر تجھے راحت کس کی
آپ بھی جلتے ہیں اور جان بھی جاتی ہے یہی	سخت مشکل میں ہوں پہلے کروں رخصت کس کی
یہی اندازِ ستم اوس نے نیا رکھا ہے	غیر کو میرے جلانے کو بٹھا رکھا ہے

تمکین

تمکین۔ منشی فضل حق تمکین دہلوی باشندۂ پتلی قبر دہلی۔ کاپی نویسی کرتے تھے اور ۱۸۷۴ء میں حیات سے تھے زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا۔ یہ آپ کا کلام ہے۔

بام پر شب جلوہ گر وہ غیرتِ مہتاب تھا	دیکھ کر اسکو قمر مثلِ کتاں بیتاب تھا
جب تصور میں ترے رویا میں آیا قوت لب	اشک جو آنکھوں سے ٹپکا گوہرِ نایاب تھا
ہستی ہے اپنی تو تیرا وصل ہے دریائے حسن	دل تڑپتا ہجر میں جوں ماہئی بے آب تھا
میرا تیرا یاد ہے اے جانمن ربطِ قدیم	تجکو لیلیٰ کہتے تھے مجنوں مرا القاب تھا
دین و ایماں صبر و طاقت کھو دیا سب عشق میں	کلبۂ تمکین میں یارو بس یہی اسباب تھا
جو صحرا کو ہم نکلے جوشِ جنوں میں	تو کانٹوں کو لیتے قدم دیکھتے ہیں

کہا میں نے یہ اس سے کہ ماہِ لقا سنا تو نے عدو کا تو دے گلہ
وے میرے فسانۂ غم کو ذرا کبھی کان لگا کے سنا ہی نہیں

تمنّا

تمنّا۔ محمد اسحاق خاں مرحوم تمنّا۔ متوطن گجرات۔ احسن اللہ خان بیان مختار کار سرکار مرزا شگفتہ بخت مقیم بنارس کے ہم زلف تھے۔ بڑے عاشق مزاج اور آزاد منش آدمی تھے ہمیشہ نازنینانِ پری چہرہ کی صحبت میں رہتے تھے۔ عالم شباب میں انتقال کیا۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

جس کے غم میں ہم کبھی آرام سے واقف نہیں	کیا غضب ہے وہ ہمارے نام سے واقف نہیں
شبِ فراق کی سختی تمام کٹ جاوے	جو صبح تو مرے آ کر گلے لپٹ جاوے

اپنی تو یہ صورت ہے کہ جوں بلبلِ تصویر
تڑپ رہا ہے کوئی خستہ جاں زمیں کے تلے

پرواز کی طاقت نہیں اور پاس چمن ہے
اُٹھے ہے زلزلہ جو سرِ زباں زمیں کے تلے

تمنّا

تمنّا۔جمیل الدین تمنّا متوطن شیخ پورہ من محالات ضلع فرخ آباد و شاگردان رشید نظام الدین ممنون۔جوان وجیہ۔جمیل نجیب۔خوش اخلاق یہ آپکا کلام ہے۔

محو صید مرغِ دل از بس وہ صید انداز ہے
پنجۂ مژگاں جسکا چنگلِ شہباز ہے۔

پا بگل حیرت سے ہے سروِ گلستاں راست کہ
کس قیامت قد کا یاں قمری خرام ناز ہے

نہ اُٹھا۔گوجو آیا منہ میں پانی اُسکے شبنم سے
ہوا بیہوش بہاں تک دیکھکر غنچہ دہن تیرا

تمنّا

تمنّا۔امیر والاشان نواب سید علی حسین خاں تمنّا عرف نواب دولہ بہادر خلفِ میر حسین علی رضوی۔نسب میں عالی قدر اور نواب معتمد الدولہ بہادر وزیر اودھ کے حقیقی خواہر زادہ اور داماد تھے اونھیں کے ہمراہ لکھنؤ سے کانپور تشریف لائے اور پھر یہیں بود و باش اختیار کی۔شیخ امام بخش ناسخ سے تلمذ تھا۔اِنکے پوتے کا بیان ہے کہ صاحبِ دیوان تھے۔اور قصیدوں میں ذوق اور سودا کا انداز ہے۔۷ صفر ۱۳۰۶ھ پچہتر برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔راقم کی نظر سے چند غزلیں گذریں انکا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے۔

ساتھ دیتا ہے کون پیری میں
یا رب بُرا ہو پیرِ خانہ خراب کا
تا حشر اب نہوگی ملاقات آپ سے

گوشت نے استخواں کو چھوڑ دیا
محتاج بال بال ہوا ہے خضاب کا
رخصت ہوا یہ کہہ کے زمانہ شباب کا

کیا اثر تھا جذبۂ دل میں کہ بعدِ قتل بھی
تمنّا ہے یہی مو تعصّبکے وہ ذبح کرتے ہیں
حشر تک روئیں گے احباب تمنّا مجھکو

تیر سینے سے اگر نکلا تو پیکاں چھوڑ کر
بڑھا کر ہاتھ دونوں ڈالدے قاتل کی گردن میں
یاد کرے گی جو آشفتہ بیانی میری

لہ یہ شعر حالت نزع میں کہا تھا ۱۲

دیکھ لیتے جو کبھی اشک فشانی میری		حضرت نوح بھی گھبرا کے دعائیں کرتے
قالب میں جان پڑ گئی خشت مزار کے		آیا جو وہ مسیح نفس بہر فاتحہ

تمنا

تمنا۔ منشی مسیح الدین باشندۂ کلکتہ۔ منشی امیر مرحوم کے نواسے اور حضرت وحشت کے شاگردوں میں سے تھے۔ ۱۳۲۰ھ ہجری میں نواح کلکتے میں مختاری کرتے تھے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

تن عریاں پہ جو ہرے جامۂ قرآں ہوتا		گر لپٹتا تو کبھی خواب میں اک مصحف رو
چرخ پر ماہ کو خورشید بنا دیتے ہیں		جب وہ مہتابی پہ رخسار دکھا دیتے ہیں
جائے ماہی ہو سمندر کا مکان پانی میں		وصوئے مہندی لب دریا تو اگر ہاتوں سے
بوسۂ لب دل بیمار کا درماں ہووے		حکم قانون شفائے مرض غم ہے یہی

تمنا

تمنا۔ کسی خوش فکر باشندۂ لکھنؤ کا تخلص ہے۔ جو ترتیب تذکرہ سخن شعرا کے وقت مٹیا برج کلکتہ میں واجد علی شاہ کی سرکار میں بسر اوقات کرتے تھے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے۔

جو اس طرف سے گذر ہوا ہے تو قبر عاشق بھی آ کے دیکھو
نگاہ حسرت سے گر نہ دیکھو بلا سے تیوری چڑھا کے دیکھو
صبا یہ کہنا خدا بچائے فقط ہیں اب آخری سنبھالے
گذرتے ہیں ناز اُٹھانے والے جو دیکھنا ہے تو آ کے دیکھو

یقین ہے اجل آئیگی آج خواب کے ساتھ		غنودگی بھی ہے کچھ ہچکیاں بھی آتی ہیں

سفر بسرعت ہوا اس جہاں سے کوئی کہے بڑھ کے کارواں سے
قدم اُٹھائے چلو یہاں سے کہ یہ جگہ ہے روا روی کی
کھلے ہیں سب زخم خوں چکیدہ برنگ گلہائے نو رسیدہ
تمام اعضا ہیں گو بریدہ مگر نہ عادت گئی ہنسی کی

تمنا

تمنا۔ صاحب عالم میرزا غیاث الدین تمنا گورگانی۔ خلف شاہزادہ مرزا شمس الدین ابن

حضرت فردوس منزل عالی گوہر محمد جلال الدین شاہ عالم بادشاہ۔ حافظ قطب الدین صاحب مشیر کے شاگرد رشید تھے۔ لارڈ لیک نے جو شاہ عالم بادشاہ کی اولاد کیواسطے سات ہزار آٹھ سو روپیہ ماہوار تنخواہ شاہی تنخواہ سے علیحدہ مقرر فرمائی تھی۔ وہ انگریزی خزانہ سے وصول ہوکر آپ کے والد صاحب کے مکان پر تقسیم ہوا کرتی تھی بسنہ ۱۸۵۷ء کے بعد مرزا صاحب موصوف نے سات ہزار آٹھ سو روپیہ ماہوار سابقہ تنخواہ جاری ہونے کے واسطے بہت کوشش کی لیکن ناکامیاب رہے پھر مجبور ہوکر حج کے لئے تشریف لیگئے سنہ ۱۲۳۲ھ میں قلعہ معلی کے اندر پیدا ہوئے اور تہتر برس زندہ رہکر سنہ ۱۳۰۵ھ میں حج سے واپسی کے ۱۲ روز دہلی میں انتقال فرمایا۔ حضرت سلطان جی میں باولی کے اوپر اپنے والد بزرگوار کے پہلو میں دفن ہوئے سنہ ۱۳۰۱ھ میں انہوں نے ایک منظوم تاریخ لکھی جس کا تاریخی نام مرزا انتخاب ہے اور اس میں کل شاہان خاندان مغلیہ کا حال درج ہے۔ چند اشعار ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ انکی اولاد دہلی میں موجود ہے۔

جو آنکھ چُراتے تھے لگے کرنے اشارے
ہو دیگی ابھی آہ کی تاثیر ہوئی کیا

تھامے ہوئے دل بیٹھے ہو کیوں آج تمنّاؔ
کل دل پہ جو رکھتے تھے وہ تصویر ہوئی کیا

نہیں دردِ دل کے سنانے کی طاقت
لبوں کو نہیں ہے ہلانے کی طاقت

بیتابیوں کا حال تمنّا نہ پوچھئے
دل سے گیا ہے ایک طرحدار کیا کہیں

قتل منظور ہے تو بسم اللہ
آؤ اُمیدوار میں بھی ہوں

یار کی تصویر سے غم مٹ رہا ہے ہجر کا
راتدن چھٹتی نہیں تصویر اپنے ہاتھ سے

تمنّاؔ۔ مرزا مغل جان خوشباش اگرہ۔ راجہ بلوان سنگھ معزول راجہ کاشی مقیم اگرہ کے مصاحب تھے۔ وہاں شاعری کا راتدن چرچا رہتا تھا۔ شدہ شدہ یہ بھی شعر کہنے لگے۔ مرزا حاتم علی بیگ مہر لکھنوی سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ یہ انکا کلام ہے۔

بغل میں میکشوں کی ہیں شرابِ ناب کے شیشے
لئے بیٹھے ہیں پروانکو پریاں میخوار پہلو میں

پرتو سے آفتاب کے ذرے چمک گئے		جام سفال پر تو مے سے دمک گئے

تمنا

تمنا - منشی رام سہائے تمنا لکھنوی - فارسی اردو بھاکھا ہرسہ زبانوں کی تحصیل عالمانہ درجہ کی تھی اور تینوں زبانوں میں طبع آزمائی کرتے تھے طبیعت میں موزونی خداداد ہے - منشی تمنا کے بھائی دوارکا پرشاد افق اور منشی ماتا پرشاد نیاں بھی بڑے صاحب استعداد سخنور اور طبیعت وار آدمی ہیں ۱۵ - ۱۶ کتابیں ان کی تصنیف سے ہیں ابتدائے ملازمت سے سررشتہ تعلیم میں منسلک ہیں - مدتوں اودھ میں ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس رہے اکثر اطراف ہند کی سیر کی ہے - ریاستوں میں بہت پھرے ہیں - ان کی تصانیف سے افضل التواریخ شاہانِ اودھ کے حالات میں قابلِ ذکر ہے - ایک غزل ملی اس میں سے چند شعر حاضر ہیں -

بتوں سے ہم دل لگا چکے ہیں سب ان کی سختی اٹھا چکے ہیں
ہم آپ خود کو مٹا چکے ہیں کہ سل پہ شیشہ گرا چکے ہیں

خمارِ دیرینہ جوش پر ہے پلا دے مے ساقیا کدھر ہے
ہماری بھی کچھ تجھے خبر ہے کہ ہم بھی محفل میں آ چکے ہیں

وہ جانِ جاں ہیں تو ہم ہیں بیجاں وہ شاہِ خوباں ہم اُن پہ قرباں
اگر ہے ہیں وہ تیغ بُرّاں تو ہم بھی گردن جھکا چکے ہیں

عجیب دنیا کا حال دیکھا کمال ہی کو زوال دیکھا
انھیں کو اب پُر ملال دیکھا جو لطف و راحت اُٹھا چکے ہیں

جو عشق بازی میں ہم ہیں یکتا وہ حسن میں فرد ہیں تمنا
انھوں نے ہمکو بھی آزمایا ہم اُن کو بھی آزما چکے ہیں

تمنا

تمنا - مولوی محمد حسین تمنا باشندۂ مراد آباد ۱۸۹۷ء میں دیوان شایع کیا تھا معمولی شاعر ہیں - یہ کلام کا لبِ لُباب ہے -

منکرِ وحدتِ حق تو نہوا اے کافر کیش
نقشِ توحید ہے عالم تری یکتائی کا

جوشِ اُلفت نے بڑے دھوکے میں رکھا عمر بھر
ہم یگانہ جانتے تھے جسکو وہ بیگانہ تھا

پھنسا قیدِ عشق میں جب سے دل مجھے ہر بلا سے چھٹا دیا
نہیں بھاتی اب مجھے کچھ غذا ترے غم نے ایسا مزا دیا

قدرِ اُلفت کی نہ کچھ دلبرِ پُرفن سمجھا
میں نے کی دوستی اور وہ مجھے دشمن سمجھا

یہ مرض تھا عین صحت جو طبیب یار رہتا
مجھے غم ہی خرّمی تھا جو وہ غمگسار ہوتا

ہوئے ہیں آپ جو بیگانہ آشنا ہو کر
بتائیے کہ بنے درد کیوں دوا ہو کر

شغل ہوگا دلِ پُرشور کے بہلانے کو
پابزنجیر کرو زلف کے دیوانے کو

گو سو طرح کے رنج و بلا میں پھنسا رہے
دل کا یہی مزا ہے کہیں مبتلا رہے

تمنّا

تمنّا۔ مولوی سید احمد حسین صاحب تمنّا۔ شاگرد حضرت داغ دہلوی۔ باوجود کوشش حالات دستیاب نہیں ہوئے۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

یارب شبِ فراق کٹے تیغِ ناز سے
قسمت میں اُسکے لکھدے گلا بیگناہ کا

سرگرم چشمِ ناز نہیں چشمِ سُرمہ گیں
جادو جگا رہی ہے فسونِ نگاہ کا

کجبازیئے فلک کا تماشا دکھائیگا
گھونگھٹ میں بانکپن تری ترچھی نگاہ کا

دارِ جزا میں بھی وہ طلب ہو بروزِ حشر
جس زندگی نے ساتھ دیا ہے نگاہ کا

کشتِ اُمیدِ غیر ہے پژمردہ دیکھ لے
ظالم بڑا اثر ہے تمنّا کی آہ کا

تمنّا

تمنّا۔ منشی چھیدی لال صاحب کاکوروی تلمذ جناب مولانا سید طاہر علی فرخ آبادی سررشتۂ تعلیم میں عرصے سے ملازم ہیں۔ طبیعت شوخ اور اس فن کے مناسب پائی ہے علمی استعداد بھی خاصی ہے۔ ۳۲-۳۳ برس کی عمر ہے اپنے اُستاد کے باعقیدت تلامذہ میں ہیں یہ کلام کا نمونہ ہے۔

کٹ گیا سروِ چمن جب قدِ جاناں دیکھا
جل گیا مہرِ فلک جب رخِ تاباں دیکھا

پھنس گیا دامِ مصیبت میں زمانا کہنا
اپنی تلوار کے صدقے میں دیا خلعتِ سرخ
بول اٹھی قبر کہ کس طرح سمائی ہوگی
مٹے ہوؤں کو مٹاتا رہا تو اے گردوں
لکھی اگر تھی نصیبوں میں میرے پامالی
یہ سرکشی کا نتیجہ تھا باغِ عالم میں
شبِ فراق میں کہتا ہے درد اٹھ اٹھ کر
جھیلے کوئی کب تک یہ بھلا غمِ شبِ فرقت
مونس یہ ہمیشہ کی ہے وہ چار پہر کی
سن سن کے جو گھبرائے محبت کا فسانہ
روٹھا ہے مرے دل سے تصور بھی تمھارا
یہی حسرت ہے دمِ نزع کہ آئے کوئی
سوزشِ دل نہ ہوئی کم تو کہا اشکوں نے
وہ باتیں کب سنیں گے واعظوں کی
چھٹائے گا زمینِ کوئے جاناں
یہ کیا ستم ہے کہ آتا نہیں تمھیں کو رحم
چھپاؤں کیا جگر و دل کو تیرِ قاتل سے
جو دل جلاتے ہیں کہتے نہیں ہیں دل کا حال
لگا کر سینہ و دل پر خدنگِ ناز وہ بولے
کہاں سے آئی ہے اشکوں میں خون کی سرخی
چھپا سکے ہے جسے یہ باتیں الگ کرنا

عشقِ گیسو کا ثمر اے دلِ ناداں دیکھا
مجکو جلاد نے مقتل میں جو عریاں دیکھا
ساتھ میرے جو ہجومِ غم و حرماں دیکھا
ستم نیا کوئی دشمن کی جان پر نہ کیا
خدا نے کس لئے اس بت کا سنگِ در نہ کیا
خدا نے سرو کو دنیا میں با ثمر نہ کیا
یہی مزا ہے حسینوں کی آشنائی کا
طے ہو یہ بکھیڑا جو چھٹے دم شبِ فرقت
بہتر ہے شبِ وصل سے تاہم شبِ فرقت
کیوں اس سے کہیں قصۂ غم ہم شبِ فرقت
سینے میں نہ کیونکر ہو خفا دم شبِ فرقت
آخری وقت ہے دیدار دکھائے کوئی
آگ بھڑکی ہوئی کس طرح بجھائے کوئی
جو بیعت رکھتے ہیں پیرِ مغاں کی
نہ تھی امید ایسی آسماں سے
اجل بھی روتی ہے بیمارِ خستہ جاں کیلئے
کہ جان تک مری حاضر ہے میہماں کیلئے
مثالِ شمع کے کافی ہے رہ زداں کیلئے
تمھاری حسرتوں کی اب صفائی ہوتی جاتی ہے
ہوئی نہیں جو تمنّائے دل لہو میری
ملیں کلیم تو اُن سے ہو گفتگو میری

بتوں کا ظلم یہاں تک ہیں ہم اُٹھائے ہوئے	کہ دل تو دل ہے جگر بھی ہے چوٹ کھائے ہوئے
سمجھ لیا ہے جو زخمی نگاہ کا بسمل	ادا سے اور وہ بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے
وفا جو آج ہی وعدہ کرو تو کیا ہو جائے	یہ کوئی فرض ہے محشر ہی جب بپا ہو جائے
وہ کہتے ہیں کہ ہمیں دل کوئی ملے ایسا	کہ جسکو پیسیں تو پستے ہی وہ حنا ہو جائے

تمنّا

تمنّا۔ شیخ محمود تمنّا باشندہ سورت بمبئی حضرت داغ دہلوی کے تلامذہ میں سے تھے شعر اچھا کہتے تھے طبیعت میں شوخی خداداد ہے۔ بندش و زبان بھی خاصی ہے سُنا ہے کہ سنہ ۱۹۰۳ء میں انتقال کر گئے۔

عیسیٰ کہتے ہیں کہ ہم آپ پہ دم دیتے ہیں	ہیں یہ سب کہنے کی باتیں نہیں وہ دم دیتے ہیں
دامِ گیسو میں نہ ہمکو قید کر	ہم تو بندے ہیں ترے بے دام کے
آہ میں اسواسطے کرتا نہیں	رہ نہ جاؤ تم کلیجہ تھام کے
جنابِ شیخ رندوں سے عبث ہر دم اُلجھتے ہیں	کسی دن دیکھنا اِن کی بُری گت ہونے والی ہے
وہ کس واسطے صاف ہوتے نہ مجھ سے	رقیبوں کا حال آئینہ ہو رہا ہے
بیمروت بے وفا بیداد گر	نام کیا کیا آپ نے پیدا کئے

تمنّا

تمنّا۔ منشی محمد سعید الدین صدیقی پیشکار صدر نظامت ٹونک مولانا ظہیر کے تلامذہ سے ہیں۔ روہتک کے رہنے والے ہیں۔ علمی استعداد اوسط درجے کی ہے۔ یہ چند شعر ان کے ہیں۔

مہرباں جس پہ ہوئے دشنام سے کھولی زباں	یہ اداؤں میں ادا تم نے نئی ایجاد کی
لوٹنے والے بہت ہیں نوجوانی کی بہار	بات کیوں پوچھو گے اب اس عاشقِ ناشاد کی
برچھیاں پڑتی ہیں پیہم متصل پڑتے ہیں تیر	خوب دعوت ہو رہی ہے اس دلِ ناشاد کی

تمنّا

تمنّا۔ سیّدہ نور الدین حسین خلف سید شاہ ظہور الدین حسین مرحوم۔ سید شاہ عطا حسین فانی مرحوم اِن کے نانا تھے۔ وطن اصلی عظیم آباد پٹنہ ہے۔ اب گیا میں سکونت ہے سنہ ۱۲۸۱ھ

میں پیدا ہوئے اور اپنی نانہال میں تعلیم و تربیت پائی، انگریزی اُردو فارسی جانتے ہیں۔ چند سال سرکار انگریزی کی ملازمت بھی کی ہے۔ حضرت اکبر ابو العلائی واناپوری کے پھوپا ہیں اور اُنہیں سے مشورہ سخن بھی ہے۔ یہ کلام ہے۔

ہو گئی ضعف سے اِن روزوں وہ حالت میری
ناتوانی بھی کھڑی تکتی ہے صورت میری

آ لئے نظر جمالِ حقیقت مجاز میں
اُٹھیں جو اپنی آنکھوں سے پردے حجاب کے

وہ شہسوار معرکۂ عاشقی ہیں ہم
لیتے ہیں کام ابلق لیل و نہار سے

تمیز

تمیز۔ منشی کالی رائے تمیز۔ ابن لالہ دیبی پرشاد عزیز متوطن فتح گڈھ۔

آمد یہ صحن باغ میں کس گلبدن کی ہے
جو رُوح باغ باغ نسیم چمن کی ہے

اچھے وہ ہیں جو مر کے تیری خاکِ راہ ہوں
مٹی خراب طالبِ گور و کفن کی ہے

تمیز

تمیز۔ سید اکبر علی صاحب تمیز۔ بریلوی شاگرد نواب عاشور علی خانصاحب بہادر مرحوم لکھنوی ۱۲۷۰؁ ہجری کے گلدستہ شعرا لکھنو اور بریلی کے رسالوں میں اِن کی غزلیں نظر سے گذریں۔ کلام بامزا اور دلنشیں ہے۔ مضمون آفرینی کے ساتھ ساتھ بندش اور زبان لایقِ تعریف ہیں۔ مشاق بھی معلوم ہوتے ہیں۔ کیوں نہو۔ آخر ایک مشہور سخن سنج اور سخن فہم سے فیض پایا تھا۔ یہ اُن کے کلام بہم رسیدہ کا انتخاب ہے۔ ۲۰ برس کے قریب گذرے انتقال فرمایا۔

آفتابِ حشر کی گرمی سے اُسکو خوف کیا
ہو گیا جو دفن اُنکے سایۂ دیوار میں

دم نہیں باقی ہے چشم طالبِ دیدار میں
ہے ضیا رطور کس کے شعلۂ رخسار میں

دیدۂ انصاف سے دیکھے اگر اوج زمیں
خاک ہو کر آسماں رہجائے کوئے یار میں

ناتواں ہوں زلف چھو لینے کی یہ تعزیر ہو
سایۂ گیسو کی میرے پاؤنمیں زنجیر ہو

جان دیکر مول لیں ایسی اگر تصویر ہو
میری گردن خم ہو اُن کے ہاتھ میں شمشیر ہو

یا خدا اُسکو بدل دینا تو ظلم و جور سے
رحم جو قاتل کے دلمیں کچھ دمِ تکبیر ہو

منہ میں لیتا ہے زبانِ شمع کو ہر سانس — کیوں نہ عیاشوں کی صورت عادتِ گلگیر ہو
جتنی گردن کی رگیں ہیں جان بنجائیں اگر — یوں تو شاید قیدِ مرغِ جوہرِ شمشیر ہو

ملے بتوں سے مگر خوفِ کردگار رہے — وہ آدمی ہے جو غفلت میں ہوشیار رہے
ہوں دل میں زخم جگر میرا داغدار رہے — اسی روش سے شگفتہ یہ لالہ زار رہے
فراقِ یار میں ایسا نحیف وزار رہے — کہ نوکِ خار کے دلمیں بھی ایک خار رہے
کمر کے عشق نے ایسا کیا تھا کاہیدہ — کہ بعدِ مرگ نہ ہم قابلِ مزار رہے
نہ میری لاش کو عریاں کبھی فلک دیکھے — اسی طرح سے پڑی چادرِ غبار رہے
چمن میں کھیلیگا ہولی کل آکے وہ قاتل — صُراحیوں میں گلوں کی مے بہار رہے
ہوا کے دیکھنے کا اب فقط بہانا ہے — ہمیشہ میرا اڑاتے یوں ہی غبار رہے
جنابِ دل بھی عجب چیز ہے تعالی اللہ — ہمیشہ حسرتِ مردہ کا یہ مزار رہے
بتوں سے حکم کی تعمیل کب ہوئی ہمسے — ستم یہ ہے کہ خدا سے بھی شرمسار رہے
ہماری کیا ہے حقیقت کہ ہیں ذلیل وحقیر — رگڑتے سر تری چوکھٹ پہ تاجدار رہے
وہ بیوفا ہیں یہ کل عمر بھر نہ پوچھیں بات — کروڑ جانسے صدقے اگر ہزار رہے
نصیبِ وصل رہا ایک حور کا جب تک — تمیز ہاتھوں میں دو خلد کے انار رہے

بڑھ سکے ہے جرمِ گنہگار سے رحمت کسکی — حشر میں صاف نہ کہدونگا خدا سے پہلے

تمیز — منشی غلام احمد تمیزؔ۔ نواب مرزا خانصاحب داغؔ دہلوی کے شاگرد اور رامپور کے رہنے والے تھے۔ مدت سے ریاستِ حیدرآباد میں کسی محکمہ میں ملازم تھے۔ طبیعت کو شاعری سے ایک خاص لگاؤ ہے۔ چلبلی طبیعت اور شوخ زبان پائی ہے۔ مذاق شستہ ہے۔ اُستاد کے رنگ کا تتبع کرتے ہیں۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ سنہ ۱۲۹۰ ہجری میں ۴۲ برس کی عمر تھی۔ یہ اُنکا کلام ہے۔

لو ٹوٹ تو تمیز ہے بیچارہ بے وطن — اللہ کے سوا نہیں کوئی غریب کا

گالیاں کھانے کا لپکا بھی بُرا ہوتا ہے — سامنے کل آپ سے چھیڑا جو خفا یار نہ تھا

لوگ کس طرح سے کرتے ہیں خدا کو راضی — مجھ سے تو اک بُتِ کافر بھی منایا نہ گیا

کوئی آئے کوئی جائے کچھ کسی سے ضد نہیں — ہے فقط میرا ہی دشمن پاسبانِ کوئے دوست

اے قیامت تُو تو ہے فتنے اُٹھانے کیلئے — تجھسے اُٹھنے کے نہیں افتادگانِ کوئے دوست

نذر دینے جو گیا میں دلِ شیدا لے کر — بولے بس جاؤ بھی تم آئے ہو یہ کیا لیکر

رہ گیا تھام کے ہاتھوں سے کلیجا اپنا — جس حسیں نے تری تصویر کو دیکھا لے کر

شکوۂ جور و جفا پر سب مجھے فرماتے ہیں — جاؤ بھی آئے ہو کیا مفت کا جھگڑا لے کر

اُن کے آنیکی خوشی میں میں ہوا شادیِ مرگ — آئے تھے موت کو ہمراہ مسیحا لے کر

اچھے منصف ہو کہ دے خواب میں بوسہ کوئی — اور بدنام کرو نام ہمارا لے کر

تم پہ قربان یہی لفظ ہیں قیمتِ دل کی — پھر اُسی ناز سے کہ دو کہ کریں کیا لے کر

شرم آتی ہے مجھے اسلئے مرنے سے تمیز — جاؤں کیا پیشِ [illegible] ایت کی تمنا لے کر

مقتل میں بعد قتل بھی ہے قتل کی ہوس — پھرتی ہے روح یار کے خنجر کے آس پاس

سامنے اُس نے بُلایا بھی مجھے بہرِ تعذیر — کام آئیں تو کچھ آخر کو خطائیں آئیں

وصل میں ہجر کا غم ہجر میں ملنے کی اُمید — کون کہتا ہے جدائی سے وصال اچھا ہے

سُنکے اوصافِ جناں طنز سے فرماتے ہیں — آپ جائیں وہیں حور و جمال اچھا ہے

ہجر کی رات بُری روزِ وصال اچھا ہے — بلکہ جس سال میں یہ دن ہے وہ سال اچھا ہے

کھول کر گور میں منہ کو مرے فرماتے ہیں — اب تو آرام سے تو سو ترا حال اچھا ہے

تمیز۔ نواب احمد علی خاں مغفور۔ بہادر گڈہ کی ریاست جو دہلی سے بارہ کوس جانب شمال واقع ہے۔ اِن کے خاندان میں چلی آتی تھی۔ غدر ۵۷ سے چند سال پیشتر نواب امیر علیخاں کی حرکات ناشایستہ کے باعث وہ علاقہ نواب بہادر جنگ خاں کے تحت حکومت میں ہو گیا اور کسی قدر پنشن بطور مددِ معاش اہالیان خاندان معزول کی مقرر ہو گئی۔ چنانچہ اِن کو بھی وظیفہ

ملتا تھا۔ اُنھوں نے دہلی میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ خلیق اور نیک نہاد شریف زادہ تھے۔ بہ نسبت غزل مرثیہ وسلام کا زیادہ شوق تھا۔ یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے۔

ابتو زمیں یہ پکڑی ہے محشر ہی کیوں نہو	جنبش کرینگے اُن کے نہ پر آستان سے ہم
کس کے رخشِ گرم سے پامال میری خاک ہے	آجتک روئیدگی جو قبر پر ہوتی نہیں
جذبِ دل سے لائیے کسطرح اُسکو کھینچکر	آہ میں تاثیر اپنے اسقدر ہوتی نہیں

تمیز۔ منشی تاج الدین حسین تمیز۔ باشندۂ کانپور شاگرد مولانا انعام کانپوری موزوں طبع اور خوش فکر آدمی ہیں۔ کچھ کلام نظر سے گذرا اُسکا انتخاب پیش کش ہے۔

نالِ ہجر سے آگاہ کردیا تمکو	اب آنے اور نہ آنے کا اختیار رہا
جفا نہ ترک کرو تم وفا نہ چھوڑیں ہم	چلو یہ ہی سہی اب سے یہی قرار رہا
لکھا ہے نور کے خط سے نقابِ روئے یار پہ	چمکتی ہے تو گرتی ہے یہ بجلی خرمنِ جاں پر
تمیز اچھا اثر ہے عشق میں اُس ماہ پیکر کے	کہ ہر جامہ کتاں بنتا ہے اپنے جسمِ عریاں پر
اے دل نظر کو دیکھ کہاں تھے کہاں گئی	ہمت کو سوجھتی ہے کچھ اس سے بھی دور کی
یہ کہہ کے اُن کے سامنے دل میں نے رکھدیا	دیکھو تو اسمیں شکل ہے کس رشکِ حور کی

تنویر۔ میر کاظم حسین ابن میر اکبر علی متبل مرثیہ گو۔ فیض آباد کے رہنے والے اور آصف الدولہ بہادر کی سرکار میں داروغہ تھے۔ جناب رشک لکھنوی کے شاگرد اور صاحبِ دیوان گذرے ہیں یہ اُن کے اشعار ہیں۔

بوسے لوں بلائیں لوں گلے لپٹوں کہ دیکھوں	کُل چار پہر رات ہے ارمان ہزاروں
جل جل کے مرا خرمنِ ہستی نہ کیوں ہو خاک	بجلی گرائی تو نے شرارت کی آنکھ سے

تنویر دہلوی۔ سخنور خوش تقریر منشی نوازش حسین خاں تنویر۔ دہلوی خواص حضرت ابوظفر بہادر شاہ ثانی۔ شعر گوئی میں کہنہ مشاق تھے۔ غدر کے بعد مہاراجہ تہوہ کی ملازمت اختیار کرلی تھی۔ بڑے پرگو تھے۔ ان کے چار دیوان ان کے بیٹے عشرت خاں نظیر

نے چھپوا دیے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ حضرت بہادر شاہ ذوق کی وفات کے بعد ان کو اپنی غزل دکھاتے تھے۔ مگر راقم کے زعم میں یہ دعویٰ پایۂ اعتبار سے ساقط ہے۔ اس بیان کے برعکس تذکرۂ گلستانِ سخن سے پایا جاتا ہے کہ خود اپنے کلام میں بادشاہ سے اصلاح لیا کرتے تھے۔ اور یہ امر قرینِ قیاس بھی ہے۔ تنویر مرحوم کے شاگردوں میں مہاراجہ تہوہ متخلص بہ تصویر اور پنڈت امرناتھ آشفتہ مشہور ہوئے۔ بسنہ ۱۲۸۹ھ میں بعمر ساٹھ سال بمقام نیپال انتقال کیا۔ آخر عمر میں دہلی چھوڑ کر وہیں جا بسے تھے۔ یہ ان کے کلام کا نمونہ ہے۔

ہے مسیحائی کرتی جنبشِ ناز		ان لبوں سے ہمیں جواب ملا
الٰہی دل کو دیا تھا جو نے عشقِ صنم		تو دل یہ مجھ کو دیا اختیار بھی ہوتا
بہلاتی نزاکت نہ اسے گر دمِ رفتار		پامال یہ دل زیرِ قدم ہو ہی چکا تھا
یہ سمجھا نہ تھا ہمیں کو آئے گا آزار یہ		سنتے تھے ہم عشق بھی ہے نام اک آزار کا
جان کر دل میں مجھے اپنا مریضِ تپِ غم	ق	کہتا لوگوں سے بظاہر بتِ عیار ہے کیا
رنگِ رخ زرد ہے تر چشم ہے لبِ پہ دمِ سرد		پوچھنا اس سے کہ اس شخص کو آزار ہے کیا

توڑے گا سمجھ کے شیشۂ دل		یہ کوئی ساغر و سبو نہوا
لے لیکے توڑتے ہیں یہ یارب پرائے دل		کیوں ایسے نازنینوں کے پتھر بنائے دل
قاصد نے میرے خط کو جو کرنے دیا نہ چاک		بولے وہ آج تیرے ہی پرزے اڑائیں ہم
تیغِ نگہ سے وہ لبِ جاں بخش کہتے ہیں		جسکو کرے تو قتل اسی کو جلائیں ہم
دل کو کیا یار کے پیکان لئے بیٹھے ہیں		صاحبِ خانہ کو مہمان لئے بیٹھے ہیں
حسن بھی ہائے رے کیا چیز ہے اللہ اللہ		دل کو پریوں کے یہ انسان لئے بیٹھے ہیں
خاک ناصح کی سنوں جان تو قابو میں نہیں		دل وہ غارتگرِ ایمان لئے بیٹھے ہیں
یہ تم ہی ہو کہ خواہشِ بوسہ پہ ہاں نہ کی		تم جان تک بھی مانگو تو ہم سے نہیں نہو

ہلتے ہیں لب نہ ضعف سے اُٹھ سکتے ہاتھ ہیں
کیا کیا شکایتیں ہیں اثر کو دُعا کے ساتھ

جو کہا اُس نے وہ کئے ہی بنی
صوفیوں کو بھی مے پئے ہی بنی

نہیں جل سکے مرنا مزے سے ہے خالی
کہ پروانہ اُسکا مزہ جانتا ہے

کچھ بھی الفت کی جس میں بو ہو گی
درد آمیز گفتگو ہو گی

کن کا بیمارِ محبت کیا جن کو اللہ
بدشگونی ہے خبر پوچھنی بیماروں کی

عشق بازی سے یہ ہرگز نہ پھرا پر نہ پھرا
آخرش اِس دلِ بیتاب کو ہم رو بیٹھے

دل سے بھی مجھ سے کھٹکتے رہے ہر بار یہ وہ
خار نکلا خلش خار ابھی باقی ہے

ہیں مینجاں ہزاروں ہزار وں ہی مر گئے
وہ نیچہ کا کام نگاہوں سے کر گئے

لیجاؤ تم اسی کو نہ مجھپر کرو ستم
آیا تو تم پہ یہ دلِ خانہ خراب ہے

داغ دل کو لگا دیا کس نے
یہ شگوفہ کھلا دیا کس نے

آج وہ کچھ رُکے رُکے سے ہیں
عشق میرا جتا دیا کس نے

زخم بھرتا ہی نہیں جس کا کبھو
وہ نگاہِ یار کی تلوار ہے۔

رنگت یہ شوخ شوخ ترے ہاتھ کیا لگی
لاکھوں دلوں کو پیس دیا جب حنا لگی

سے بے خبر جان ہے لب پر ترے شیدائی کی
او مسیحا ہے قسم تجھکو مسیحائی کی

تنویر

تنویر۔ حاجی سید نظیر حسین تعلقدار اہما مو خلفِ اکبر داروغہ میر واجد علی تسخیر۔ مرحوم۔ فنِ سخن میں حضرت حکیم لکھنوی سے استفادہ کیا تھا۔ لکھنؤ کے عمائدین شہر میں شمار ہوتے تھے۔ چند سال ہوئے ۵۰ سال کی عمر میں لکھنؤ میں انتقال کیا۔ شعر گوئی کی طرف رغبت کم تھی۔ دو تین غزلیں بہم پہونچیں ان کا انتخاب درج ہے۔

بوسے کے مانگنے پہ نہ مجرم بنائیے
کیا بات ہے بتائیے اسمیں گناہ کی

سچ تو یہ ہے کچھ نہیں صاحب کے مردل کا قصور
کہہ رہی تھی خود طبیعت تم پہ آنیکے لئے

آتشِ فرقت سے جل اُٹھا جو سینے میں جگر
اشک نکلے آنکھ سے اُسکے بجھانیکے لئے

گناہگارانِ عشق و الفت کی کیوں نہ ہر دم فزوں ہو وحشت
نہیں ہے زلفِ سیاہ اسکی یہ ایک پھانسی لٹک رہی ہے

تنہا

تنہا ۔ شیخ محمد عیسٰے تنہا دہلوی شاگرد رشید شیخ غلام ہمدانی مصحفی ۔ اصل اُن کی شرفائے دہلی سے تھی اور وہیں پیدا ہوئے ۔ اپنے وقت کے دیگر باکمالوں کیطرح دہلی کو خیر باد کہکر لکھنؤ میں سکونت اختیار کی اور مصحفی کے ممتاز شاگردوں میں شمار ہوئے ۔ خوش خلقی ۔ سلیم الطبعی اور رنگین مزاجی کے اوصاف کے علاوہ قدامت پرستی اِن کا خاص شیوہ تھا ۔ چنانچہ تمام عمر لکھنؤ میں رہے پھر بھی دہلی کی زبان اور قدیم رنگ نہ چھوڑا ۔ بعض تذکرہ نویسوں کا قول ہے کہ شیخ امام بخش ناسخ لکھنوی اوائل عمر میں اِن سے مشورۂ سخن کرتے تھے سنہ ۱۲۲۲ ہجری میں لکھنؤ جاتے تھے کہ راہ میں ڈاکوؤں نے قتل کر ڈالا ۔ ناسخ نے اُن کی وفات کی تاریخ کہی ع

آج تنہا گیا دنیا سے عدم کو تنہا

مصحفی کو اپنے عزیز شاگرد کی وفات کا سخت رنج ہوا ۔ صاحبِ دیوان گذرے ہیں ۔ اسمیں اکثر مقامات پر قدیم زبان کا تتبع کیا ہے ۔ اور فارسی ترکیبوں کے ترجمے بہت استعمال کئے ہیں ۔ اگرچہ دلدادگان طرز ناسخ و آتش نے انہیں بالکل فراموش کر دیا ۔ مگر اس سے اِن کی مشاقی و استادی میں کوئی نقص پیدا نہیں ہوتا ۔ مصحفی کے شاگردوں میں آتش کے بعد ان کا نمبر سمجھنا چاہیئے ۔ دیوان فارسی کے علاوہ آپ کا کلیات سنہ ۱۲۳۲ ہجری کا لکھا ہوا جس میں ۸۰ صفحہ پر غزلیات کے علاوہ ایک مثنوی ۔ چند مخمس ۔ اور ۲۵ رباعیاں درج ہیں ۔ راقم کے کتب خانے میں موجود ہے کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو ۔

ہو کر جُدا وہ سب سے جب ہم سے آ ملیگا	البتہ اپنے دل کو تب کچھ مزا ملے گا
گو قافلے سے یارو تنہا رہا ہے پیچھے	ون تو ابھی بہت ہے کیا ڈر ہے جا ملیگا

نہ کورے چلا تھا شب ہمنشیں کسیکا
جی میں خیال گذرا میرے وہیں کسیکا

تنہا رکھیں توقع کس بات کی کسی سے
ہاں سچ تو یہ ہے بھائی کوئی نہیں کسیکا

ناامیدانہ قفس میں کہہ رہی تھی عندلیب
پھر بھی آوے گی مری دیوارِ گلشن زیر پا

زنجیر کی حاجت نہ اُنھیں قید کی حاجت
الفت تری جن لوگوں کو ہے سلسلۂ پا

ہووے گا کوئی لطف و عنایت کا دوانا
تنہا ہے فقط آپ کی صورت کا دوانا

لے ہاتھ میں ٹک دامن کو اُٹھا۔ ہے یہ بھی کوئی چلنے کی ادا
خاک اسکی تو یوں برباد نہ ہے جو راہ میں تیری خاک ہوا

وہ میرا شعلہ خو آتش کا پرکالہ ببھوکا ہے
کہ جسکو دیکھکر ہوتا ہے دل بیتاب آتش کا

لگادی آگ ساقی نے لنڈھا کر شیشۂ مے کو
بہایا اُسنے شب محفل میں کیا سیلاب آتش کا

پاتا نہیں اُسکے تئیں اب آپ میں کوئی
کیا جانئے تنہا نے کدھر دھیان لگایا

تنہا کہوں کیا کیوں مرے اس دلکو لگی چپ
خاموش مری جان کہ ہی سب سے بھلی چپ

کرنے لگی بلبل کہیں کل گل کا جو شکوہ
ہو تند وہیں بادِ صبا بول اُٹھی چپ

کسکا ہے سفر باغ سے گریاں ہے جو شبنم
حیران ہر اک نخل ہے ہر ایک کلی چپ

ان روزوں میں صدمہ ہے یہ کچھ دلکو کہ ہمدم
روتا ہوں میں پہروں جو ہوا ایک گھڑی چپ

ہمسے کرتے ہو عیاں غیروں کی یاری آن کر
رہگئی ہے آپ کی یہ دوستداری آن کر

غمزے سے دکھا منہ کو چھپا لیتے ہیں جو لوگ
قربان میں اُن لوگوں کے کیا لوگ ہیں وہ لوگ

یہ جی میں ہے کروں تجھسے اُٹھا دل
نہیں سکنے میں میرے پر مرا دل

ہجومِ عاشقاں تھا اُس گلی میں
یہ کہتا تھا ہر اک ہے ہے مرا دل

کدھر کو جاؤں اور کس سے کہوں ہائے
ابھی پہلو میں تھا میرے مرا دل

خفا رہنے سے کیا حاصل ہے تنہا
نہیں سکنے میں گو تیرے ترا دل

ادھر بھی کبھی دیکھ تو اے جانِ تغافل
گھٹ جائیگی اسمیں نہ تری شانِ تغافل

کیا اس سے کہے خاک کوئی حالِ دل اپنا | رہتا ہو جو مست سر بگریبانِ تغافل
کرلے نہ کرم پر تو نگہ اے ہمہ الطاف | ہرچند گنہگار ہے شایانِ تغافل
ہے یہی جی میں کیجے لبِ دلدار سے کام | کام سے کام ہے ہمکو نہیں تکرار سے کام
یہ تو فرمائیے ہم آپ کا کیا لیتے ہیں | آپ بیوجہ جو منہ ہم سے چھپا لیتے ہیں
دل بھی کیا جنسِ زبوں ہے کہ خریدار اسکے | لیتے ہیں پر اسے سو جائے دکھا لیتے ہیں
بازارِ دہر میں ہوں میں وہ جنسِ ناقبول | جسکو کبھی نہ لیوے خریدار ہاتھ میں
افسوس کی جگہ ہے یہ تنہا کہ چھٹ گیا | ہاتھ اسکا آکے میرے کئی بار ہاتھ میں
اندنوں چاک ہے پیراہنِ گل اے تنہا | ہم کوئی اپنے گریبان کو سلا سکتے ہیں
بدنام تا نہو تو ہے ہمنے تیری خاطر | بدنامیاں سبھوں کی سر پر اٹھائیاں ہیں
تم تو فرماتے ہو کہ گھر جاویں | ہمکو کہدو کہ ہم کدھر جاویں
خانۂ آباد چھوڑ تیری گلی | ہم کہیں اجڑے ہوئے نگر جاویں
چشمِ تر گورِ غریباں پہ نہ کی | ابرِ رحمت اسے کیا کہتے ہیں۔
باز کب آتی ہے غارت پہ جو چھوٹی وہ آنکھ | شہر کے شہر ہی جبتک کہ نہ لوٹے وہ آنکھ
یاد آتے ہیں پھر ہمکو ایامِ گرفتاری | پھر جوشِ جنوں لایا پیغامِ گرفتاری
ساقی نے دیا تھا جو معلوم نہیں مجکو | جامِ مئے گلگوں تھا یا جامِ گرفتاری
کیوں دام و قفس لاوے صیاد اگر سمجھے | صیاد کی الفت ہے خود دامِ گرفتاری
نے رنجِ قفس دیکھا نہ دام کا غم سنے | کہئے تو ہمیں کہئے ناکامِ گرفتاری
جو ہیں ترے زندانی بہتر وہ سمجھتے ہیں | آرامِ رہائی سے آلامِ گرفتاری
زلفوں سے تری جوں توں باندھا ہے اسے آخر | ہرچند یہ دل تڑپا ہنگامِ گرفتاری
گھبراؤں جو اے تنہا تقدیر یہ کہتی ہے | بے صبر نہو اتنا اے خامِ گرفتاری
دیکھ اسکو جو اڑ جاتے ہیں اوسان ہمارے | نکلیں نہو کس طرح پھر ارمان ہمارے

کیا تجھ سے کہوں جی میں یہ حسرت ہے تنہا
شب آکے وہ ٹھیرے بھی نہ اک آن ہمارے

میں جو روٹھا تو منا کر مجھے وہ یوں بولا
سے کہئے کیا کرتے جو تم کو نہ مناتا کوئی

حشر میں کس لئے ہمراہ بھٹکتے پھرتے
اپنا منہ ہم سے یہاں گر نہ چھپاتا کوئی

عذر سے شکوہ مرا بس دیکھی دانائی تری
میں ہوا رسوا تو کیا ہوگی نہ رسوائی تری

گرچہ اک عالم پہ ہے بیداد تیرے ہاتھ سے
وہ نکر جو میں کروں فریاد تیرے ہاتھ سے

پھر ہمیں سوئے چمن شوق اسیری لے گیا
جب ہوئے صیاد ہم آزاد تیرے ہاتھ سے

نہ حور میں وہ لطافت ہے نے پری پر ہے
عجب طرح کی بہار ان دنوں کسی پر ہے

کہا جو میں نے کہ ہے کیا جواب نہیں آتے
تو بولا وہ کہ یہ موقوف اپنے جی پر ہے

نہ غافل اب ہو بارشاد مصحفی تنہا
یہ ہوش باش کہ عالم رواروی پر ہے

ہے جی میں اسکی کاکل پر خم کو دیکھئے
اس آرزو کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے

پلکوں کا ہے ارادہ کہ ارجن کو مار ڈال
اور وہ نگاہ کہتی ہے رستم کو دیکھئے

لیکے سو دم آہ دلسے لب تلک آنے لگی
ناتوانی بھی ہمیں زور اپنا دکھلانے لگی

کچھ شعر یہ موقوف نہیں سنتے ہو تنہا
گر بات بھی کہئے تو بس انسان کے آگے

اب پشیماں ہوں کہ یہ کیا بات مجھ سے ہو گئی
روبرو غیروں کے کیوں میں نے قسم کھائی تری

تنہا

تنہا۔ سعد اللہ خاں نام حکیم میر قدرت اللہ خاں کی صحبت میں شوق شعر گوئی کا پیدا ہوا اور کبھی قاسم اور کبھی ثناء اللہ فراق سے اصلاح سخن لی۔ افسوس عالم جوانی میں اس دار فانی سے رحلت کی یہ دو شعر ان کے یادگار ہیں۔

دم بدم پیارے ترے عاشق کا عالم اور ہے
دیکھ لے دیکھے تو اسکو وہ کوئی دم اور ہے

مست کوئی ہووے گریباں گیر قاتل کا مرے
قتل کا اپنے نہیں ہے غم مجھے غم اور ہے

تنہا

تنہا۔ شیخ عوض علی تنہا۔ سپاہی پیشہ اور آزاد آدمی تھے۔ طبیعت ظریف پائی تھی۔ زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ ان کا کلام ہے۔

کیا بلا پھونکی ہے سوزِ عشق سینے میں مرے
آہ کا شعلہ جو نکلے ہے سو آتش بار ہے

ان بتوں کو کیا ادا تو نے عنایت کی خدا
جو نگہ ترچھی پڑی برچھی سی دل کے پار ہے

تھا یہی پیغام وقتِ نزع تنہا یار سے
اب قیامت پر ہمارا وعدۂ دیدار ہے

تنہا

تنہا - منشی سید کفایت علی خلف میر الٰہی بخش صاحب باشندہ میرٹھ - لیاقت خدا داد میں یگانۂ دہر و فرید عصر تھے - فارسی سے خوب ماہر تھے - عربی سے بھی ناواقف نہ تھے یہ اشعار آنجناب کی انتہائی لیاقت کا نمونہ ہیں - ابتدائی عمر سے نوکری کے سلسلہ میں پرگنہ اول محکمہ انسداد ٹھگی و ڈکیتی یعنی گیرائی کے محافظ دفتر و میر منشی بارہ برس تک رہے - بعد میں پنجاب میں ضلع کے سرشتہ دار رہے پھر دہلی میں ۱۸۶۲ء سے ۱۸۶۹ء تک میر منشی و سپرنٹنڈنٹ کمشنری رہے - ۳۲ سال کی ملازمت کے بعد ۱۸۶۹ء میں پنشن لی یکم اکتوبر ۱۸۶۹ء کو انتقال فرمایا - مرزا حاتم علی بیگ مہر سے اصلاح لیا کرتے تھے ان کے بڑے صاحبزادے منشی احمد حسین فرقانی فارسی کے زبردست ادیب گذرے ہیں - منشی کرار حسین روحانی ان کے پوتے فی الحال کمشنری الہ آباد میں سرشتہ دار ہیں - جناب تنہا کے کلام میں پختگی و متانت غضب کی ہے - اور تلاش مضمون بھی اچھی ہے - اور شوخی بقدر اعتدال کلام سے ٹپکتی ہے - کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو -

غم نہیں اپنے دم نکلنے کا
خوف ہے اُسکے جی دہلنے کا

دونو مانوس ہیں یہ آپس میں
دِل سے پیکاں نہیں نکلنے کا

خدنگِ نازِ ستمگر جو میہماں ہوتا
ہر ایک عضوِ بدن اپنا میزباں ہوتا

بہار میں جو خیالِ غمِ خزاں ہوتا
تو شاخِ گُل پہ نہ بلبل کا آشیاں ہوتا

سُبک روانِ عدم کتنا جلد چلتے ہیں
زمیں پہ نقشِ قدم کا نہیں نشاں ہوتا

بہشت و حور کو بھولے سے بھی نکرتا یاد
جو کوئے یار میں زاہد ترا مکاں ہوتا

کعبہ کی راہ چھوڑ کے بت کدھر گیا
نیت کہاں کی باندھی تھی تنہا کہاں گیا

کہتے ہیں تیرا قامتِ پُر نور دیکھ کر
طوبےٰ نے تو ہے یہ سایۂ طوبیٰ کدھر گیا

اسکو بھی کیا تمھاری کمر کی تلاش ہے
مدت سے کچھ خبر نہیں عنقا کدھر گیا

مدت ہوئی کہ تاب و تواں کوچ کر گئے
باقی ہے دم وہ شام گیا یا سحر گیا

دولت شبِ وصال کی سب خاک ہو گئی
وقتِ سحر جو پاس سے وہ سیمبر گیا

قربان ایسی مرگ پہ کیجے حیات کو
نعشِ شہیدِ ناز پہ وہ نوحہ گر گیا

تنہا پہ بعد مرگ برستی ہے بیکسی
گریاں کب اسکی قبر پہ بھی ابرِ تر گیا

کرشکر جور و ظلم کا غمزہ کی تاب لا
شکوہ نہ لب پہ اے دلِ خانہ خراب لا

شب محتسب نشہ میں ہر رندِ میکدہ
بولا شراب لا کوئی بولا کباب لا

باراں سے جوشِ رحمتِ حق آشکار ہے
سب میکدہ میں شور ہے ساقی شراب لا

کثرت گنہ کی روزِ جزا کام آگئی
بولا نہ کوئی مجھسے کہ اپنا حساب لا

واعظا شرم گنہ سے ہمکو حاصل ہے ثواب
اس بُرا کہنے سے تیرا کیا بھلا ہو جائیگا

مستی میں سرِ سجدۂ شکرانہ ہے کیسا
بدمست ہیں ہشیار یہ میخانہ ہے کیسا

مینائے سُرخ میں جلوہ ہے پری کا
میخانہ میں ساقی یہ ترے خانہ ہے کیسا

عاقبت لیگئی تنہا کو حضورِ جاناں
ہمنے یہ معجزۂ کثرتِ عصیاں دیکھا

دشتِ غربت میں جو تھا بے سر و ساماں کل تک
آج مہمان ہے وہ اے گورِ غریباں تیرا

گھر میں تنہا کے وہ آئے تو یہ کہتے آئے
اب تو آباد ہوا خانۂ ویراں تیرا

ہوا ہے مژدۂ پیغام وصل شادیِ مرگ
شبِ وصال سے پہلے مرا وصال ہوا

قد وہ کہ جس کے آگے ہو سروِ چمن خراب
کاکل وہ جسکی بو سے ہو مشکِ ختن خراب

قامت و رخ یاد آئیگا کسی کا اس گھڑی
حبیب سوا نیزہ پہ ہوگا روزِ محشر آفتاب

رات ساقی نے دکھایا میکشوں کو معجزہ
کر دیا پرتو سے رُخ کے اپنے ساغر آفتاب

چشم طوفاں بار کرتی ہے یہ شور
دیکھنا اے جوش دریا میں بھی ہوں

بڑھ چلا تشبیہ قدِ یار سے تُو — سرو کہتا ہے کہ طوبیٰ میں بھی ہوں
سادہ لوحوں کا نہ کیجے سامنا — کہہ نہ دے آئینہ تجھسا میں بھی ہوں
آپ ہیں گر بے وصال و بے نظیر — بیکس و بے یار تنہا میں بھی ہوں
وہ بات بات میں کہتے ہیں بار بار نہیں — یہ لطف ہے مجھے ہاں کا بھی اعتبار نہیں
کب وہ الطاف و کرم کرتے ہیں — جور کرتے ہیں ستم کرتے ہیں
تو وہ ساقی ہے کہ شیشے سے مے کے — گردن آگے ترے خم کرتے ہیں
موئے پر بھی نہ بجھے حیف صد حیف — کدھر آئے تھے جاتے ہیں کہاں کو
دل نکل جائے نہ کیوں خانۂ تن سے سرِ شام — عاشقِ زلف ہے کرتا ہے سفر راتوں کو
ہوں وہ افسردہ کہ گلزارِ خلیل تُو — جانتا ہوں میں عذاب النّار کو
کفر سے اسلام اتنا ہے قریب — سُبحہ سے رشتہ ہے جوں زنّار کو
بے خودی مسجد میں ہمکو لے گئی — ورنہ جاتے خانۂ خمار کو
کب تک دکھائیگا مجھے تیغِ جفا کے ہاتھ — قصہ تمام کر کہیں قاتل لگا کے ہاتھ
ہے دلمیں لکھکے برگِ گل تر پہ حالِ دل — اِس نازنیں کو بھیجئے بادِ صبا کے ہاتھ
گم ہو گیا ہے ہاتھوں ہی ہاتھوں میں دل مرا — دیکھو خدا کے واسطے وزدِ حنا کے ہاتھ
فائدہ کس لئے کیوں اسکی دوا ہوتی ہے — کہیں بیمارِ محبت کو شفا ہوتی ہے
دیکھو خمخانہ پہ کیا ابر گھرا آتا ہے — شکر ہے مستوں کی مقبول دعا ہوتی ہے
کم نصیبی کا بیاں کیا کروں اللہ اللہ — حسرتِ دیدِ صنم روز سوا ہوتی ہے
ہے غبار اُنکے بھی دلمیں تو صفائی ہوگی — خاک سے آئینہ کو دم بھر میں جلا ہوتی ہے
جانتا بھی نہیں ابتک تو وہ شوخِ کمسن — کس کو کہتے ہیں جفا کیسی وفا ہوتی ہے
رخنۂ در کے قریں وہ شوخ پُرفن چاہیے — دیدۂ بیدار اپنا جائے روزن چاہیے
فصلِ گُل ہے اے جنوں عریانیِ تن چاہیے — نے گریباں چاہیے مجکو نہ دامن چاہیے

توڑتا پھرتا ہے شیشے میکشوں سے چھیڑ ہے
میرا مطلب اور ہے کہتا ہے تو کچھ اور ہی
خوبیِ قسمت یہی ہے اب کسکا شکوہ کیجئے
وعدہ تمھارا وعدۂ فردا سے جا ملا
کھانے کو غم ہے پیتے ہیں یہ خونِ دل مدام
عشق بازی نے عجب لطف دکھایا ہمکو
کمظرف ہیں جو بکتے ہیں مے پی کے ساقیا
خط سے لفافہ کھل گیا واں حسنِ یار کا
جس نے دیکھا سمجھے وہ بیدم ہے
دستِ گستاخ کا نہ پوچھو حال
آتی ہے راہِ کعبہ میں ہر گام پر صدا
تنہا کو بھولئے نہ کبھی وقتِ مے کشی
بجائے سیب تو سیبِ ذقن کو دیکھ لیا
یہی ہے مشقِ جفا و ستم تو سُن لینا
دل میں ہے ذکرِ قیامت کیجے
ہے وفا یہ کہ تو جفا نہ کرے
غمزہ کیا ناز کس کو کہتے ہیں ہم
کیا ظلم ہے کہ کہتے ہیں وہ مجکو دیکھکر
خوب ہم سرگوشیاں کرتے ہیں
یاں وار سے عیسیٰ کو بلاتا عبث لی
کہتا ہے وہ بت پان کو دانتوں سے دبا کر

محتسب اس ریش پر تجکو لڑکپن چاہیے
میرے سمجھانے کو ناصح تجھ سا کودن چاہیے
دوست سمجھیں کسکو کہنا کس کو دشمن چاہیے
پیغام آیا مِل سکے اجل کے پیام سے
کیا غم ہے فاقہ مستونکو ماہِ صیام سے
دین و دل ہار چکے نوبتِ جاں بازی ہے
منہ بند اپنا رکھتے ہیں شیشے شراب کے
مشتاق ہم رہے یہاں خط کے جواب کے
چشمِ بد دور اب تو عالم ہے
کچھ یہ واقف ہے کچھ یہ محرم ہے
اول طوافِ کوچۂ جاناں ضرور ہے
بزمِ طرب میں یادِ محبتاں ضرور ہے
دکھاؤ کچھ مجھے جاناں انار کے بدلے
وفاؤ مہر کے انداز یار کے بدلے
یعنی وصفِ قد و قامت کیجے
ہے جفا یہ کہ تو وفا نہ کرے
ہے ادا یہ کہ تو ادا نہ کرے
تقصیر ہو نہ ہو اسے تعزیر چاہیے
نظر آتی اگر کمر کوئی ہو
کیونکر نہ عدو پست ہوں قسمت کے دھنی سے
یوں لعل کٹا کرتے ہیں ہیرے کی کنی سے

تھا بیاضِ گردنِ لیلےٰ سے درسِ حسن و عشق
قیس کو طفلی میں کچھ مطلب نہ تھا اُستاد سے

محتسب کیسا مچلتا ہے تو میخانے میں
جاکے مسجد میں تو یوں پانوں پسارے ہوتے

لائی اُڑاکے نکہتِ گیسوئے عنبریں
اب تو دماغ عرش پہ بادِ صبا کا ہے

تنہا

تنہا - نواب محمد شیر علی خاں بہادر تنہا رئیس مراد آباد مہندی علی خاں ذکی مرحوم مراد آبادی کے شاگرد تھے - معمر و سن رسیدہ بزرگ تھے - ستر سال سے زیادہ عمر پاکر حال ہی میں انتقال کیا - زبان - بندش - فصاحت - روزمرہ - غرض ہر طرح انکا کلام اچھا ہے پُرانے مشاق تھے - اکثر نعتیہ غزلیں کہا کرتے تھے - دیوان بھی مرتب ہوگیا ہے - عاشقانہ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے -

چھٹیں نبضیں یاد آگیا جب چھڑانا
جھٹک کے وہ شوخی سے دامن کسیکا

بہت پانوں پھیلائے اے اشکِ تو نے
مگر ہاتھ آیا نہ دامن کسیکا

کھینچ گیا یار تک نگاہ کے ساتھ
ناتوانی ترا گلہ نہ رہا

نالہ نغمہ ہے اُسکی محفل کا
رقص ہے بے قرارئے دل کا

اُٹھاتا ہے تصور پردہ اور حیرت گراتی ہے
جو محو یار ہو جائے کشاکش درمیاں کیوں ہو

رہے چھیڑا اِس مژہ کی نیشتر سے
لہو بہتا رہے زخمِ جگر سے

تنہا

تنہا - میر لطف علی باشندۂ مدراس - فن شاعری میں حضرت فصیح الملک داغ دہلوی کی شاگردی کا فخر حاصل ہے - موجودہ زمانہ کے معمولی موزوں طبع شاعروں میں ہیں -

تیر کیا کھینچا کہ تن سے رُوح اپنی کھنچ گئی
اے ستمگر زیست ہی کا سب مزا جاتا رہا

وصل کی شب پوچھتے ہیں مسکرا کر ناز سے
وہ تڑپنا لوٹنا کیوں آپ کا جاتا رہا

جب کہا میں نے کہ میں ہجر میں مرجاؤنگا
ہنسکے بولے کہ بلا سے مجھے پروا کیا ہے

توانا

توانا - منشی سید اکرام علی خلف سید سبحان علی - باشندہ فتحپور ہسوا - آپ کو پہلے تونگر سنگھ عاشق سے تلمذ رہا جو مرزا قتیل کے نامور شاگردوں میں تھے - اس زمانہ میں

آپ ناتواں تخلص کرتے تھے۔ جب حضرت ناسخ الہ آباد گئے تو آپ اُن کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور غزل اصلاح کے لئے پیش کی اُنہوں نے ناتواں کی جگہ توانا تخلص عنایت کیا۔ کلام ملاحظہ ہو۔

روندیو اگر ہماری خاکِ مدفن زیر پا	ہاتھ اُٹھا کر ہم دعا دیں گے کہ دشمن زیر پا
چل سکی کانٹوں سے کچھ مطلق نہ قیسِ نامرد کی	لاکھ صحرا نے بچھایا اپنا دامن زیر پا
قربِ اسفلے سے حصولِ رفعتِ اسفل ہو	گل کو سب رکھتے ہیں سر پر کاہِ گلشن زیر پا
نازکی دیکھو کہ رکھتا ہے قدم جب خاک پر	تارِ بخیہ کو سمجھتا ہے وہ سوزن زیر پا
جس کی تنگی سے توانا دم خفا ہوتا رہا	لاغری سے گر پڑا وہ طوقِ گردن زیر پا

توفیق - صدر نشین وسادۂ عز و تمکین۔ شاہزادہ سلطان محمد بشیر الدین خلف الصدق سلطان شکر اللہ فرزند خاص حضرت ٹیپو سلطان والی میسور و سرنگا پٹن۔ ۱۷۹۹ء میں جب ٹیپو سلطان جنگ میسور میں بمقابلہ افواج فرنگ دادِ شجاعت و مردانگی دیکر شہید ہوئے اور انکا ملک قبضہ سرکار کمپنی میں آیا تو شاہزادہ شکر اللہ معہ دیگر برادران و عزیزان چندے قلعہ ویلور میں زیر حفاظت سرکار انگلشیہ نظر بند رہے۔ اتفاق سے چند سال بعد فتنہ و فساد کی آگ وہاں بھڑک اٹھی اور باغیوں نے شہزادہ شکر اللہ کو اپنا سردار مقرر کر کے چند انگریزی افسروں کو تہ تیغ کر ڈالا حکام انگریزی نے بکمال حکمت عملی اس فساد کی آگ کو ٹھنڈا کیا اور ٹیپو سلطان مرحوم کے لواحقین کا اس ملک میں قیام خلاف مصلحت تصور کر کے سب کو کلکتہ بھیجدیا اور ٹالی گنج کو انکا جائے سکونت قرار دیا۔ خدا کے فضل سے حضرت توفیق اپنے والد ماجد کی مانند علم و فضل و اخلاق حمیدہ اور صفات برگزیدہ رکھتے تھے اور نکتہ سنجی اور موزونی طبع میں فخر خاندان تھے۔ تاریخ خوب کہتے تھے۔ انکے نام متعدد رقعے اسد اللہ خان غالب کی اُردوے معلےٰ میں موجود ہیں۔ غالب کے دوستانہ تعلقات ان کے ساتھ مربوط تھے۔ نظم و نثر فارسی اُردو دونوں میں دستگاہ تھی چنانچہ دیوان آخر کی

تقریظ و تاریخ خوب کہی ہے۔ ایک مہربان نے کلام بھیجنے کا پختہ وعدہ کیا تھا۔ مگر باوجود تقاضا ارسال نہ کیا۔ بدرجۂ مجبوری صرف اندراج حال پر قناعت کی۔ سلطان بشیرالدین کی زندگی کا بڑا حصہ کلکتہ میں بسر ہوا۔ اور وہیں ۱۸۸۰ء کے قریب انتقال کیا۔

توفیق

توفیق - امیر الملک والاجاہ نواب صدیق حسن خاں بہادر توفیق مرحوم شوہر نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ والیہ بھوپال۔ ان کے والد سید اولاد حسن قنوج کے معمولی لوگوں میں تھے ۱۲۴۸ہجری سال ولادت تھا۔ صغرسنی میں دہلی جاکر تعلیم پائی۔ اور علامۂ دہر مفتی محمد صدرالدین خاں آزردہ کے شاگرد ہوئے۔ مفتی صاحب نے معقول و منقول فقہ و اصول بکمال توجہ پڑھائی۔ ۱۲۷۰ہجری میں دہلی سے بھوپال گئے اور نواب سکندر بیگم صاحبہ کی سرکار میں منشی گری پر مامور ہوئے۔ پھر بعض وجوہ سے انکا تعلق ریاست بھوپال سے قطع ہوگیا۔ چند سال بعد بخت نے یاوری کی اور جمال الدین خان مدارالمہام بھوپال کی لڑکی سے انکا نکاح ہوگیا۔ اسکے بعد مہتمم مدارس ریاست و افسر مدرسۂ سلیمانیہ ہوئے۔ جب نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ مسند نشین ہوئیں ان کو خدمت میر منشی گری پر ممتاز فرمایا۔ اور یہانتک انکا عروج جاہ و اعزاز مد نظر ہوا کہ ۱۲۸۸ہجری میں بحالت بیوگی بیگم صاحبہ نے ان سے نکاح کرلیا۔ دربار قیصری منعقدہ ۱۸۷۷ء میں سرکار انگلشیہ سے خطاب امیر الملک والاجاہ ملا اور سترہ ضرب توپ کی سلامی مقرر ہوئی۔ بجائے رئیس منتظم ریاست ہوئے۔ ان کی قدردانی اور ہنرپروری سے علوم و فنون مشرقی کے اکثر باکمال بھوپال میں جمع ہوئے۔ نوابصاحب مرحوم نہایت زبردست محدثوں اور عالموں میں شمار ہوتے تھے۔ ڈیڑھ سو کے قریب مختلف علوم و فنون میں کتابیں تصنیف اور تالیف فرمائی تھیں۔ ان کتابوں کی ہزارہا جلدیں مفت تقسیم ہوئیں۔ عربی فارسی میں نواب اور اردو میں توفیق تخلص کرتے تھے۔ فارسی میں اکثر اور اردو میں کمتر فکر سخن فرماتے تھے۔ تذکرۂ شمع انجمن شعرائے فارسی کے حال میں ان سے یادگار ہے۔ آخر عمر میں بسبب گربعض

ایجنٹ گورنر جنرل متعینہ سیہور سے ناچاقی ہو جانے کے باعث نواب موصوف انتظام معاملات ریاست سے دستکشی پر مجبور ہوئے۔ اور بحکم گورنمنٹ سلامی القاب اور خطابات سے محروم کئے گئے۔ بیگم صاحبہ اِن کی اولاد سے بہت مانوس تھیں بیش قرار مواجب کے علاوہ اور لکھوکھا روپیہ کا سلوک اُنکے ساتھ کیا۔ اِن کے دونو صاحبزادے نورالحسن خاں اور علی حسین خاں جو جلال الدین خانصاحب وزیر بھوپال کی لڑکی کے بطن سے ہیں۔ بعد وفات نواب شاہجہاں بیگم لکھنو چلے آئے ہیں ۱۸۹۵ء میں نواب صاحب نے عالم بقا کی راہ لی۔ اُردو کے چند شعر حاضر کئے جاتے ہیں۔

یا توں باتوں میں کچھ ایسی بات اُسنے چھیڑ دی
کہتے کہتے وہ لے حرفِ مدعا جاتا رہا

ڈرو خدا سے کوئی اور کھیل کھیلو تم
بہت برا ہے مری جان مشغلہ دل کا

بلاتے ہیں تو مبارک تمھیں پڑے توفیق
زیادہ حد سے نہ بڑھ جائے حوصلہ دل کا

اللہ ہی طبیب ہے مجھ دردمند کا
عاشق ہوا ہے درد مرے بند بند کا

توفیق کس خوشی سے جلاتے ہیں مری جان
وہ جو نہ دیکھ سکتے تھے جلنا سپند کا

برپا کریں نہ فتنہ کوئی وہ لگے آس پاس
بیٹھے ہیں یاس و حسرت و غم مِلکے آس پاس

دیکھ بدمست ہے مجھے مار کے ٹھوکر وہ لے
ہم تو مستوں کو بھی ہشیار بنا لیتے ہیں

حضرتِ ناصح دل اُس بیدرد کو دوں یا نہ دوں
آپ تو کہئے کہ اسمیں آپ کی کیا راے ہے

عبث رقیب کی تعریف مجھ سے کرتے ہو
یہی نہ کہدو کہ اُٹھ جاؤ میری محفل سے

جب کہتے ہیں ہم حشر میں فریاد کرینگے
سنتا ہے کہ ہم بھی تری امداد کریں گے

توفیق

توفیق۔ جناب مولوی سید جلال الدین صاحب اہلکار دفتر صدر مجلسی سرکار عالی حیدرآباد کے رہنے والے اور دور موجودہ کے شعرا میں ہیں۔ رسالوں میں آپ کی چند غزلیں نظر سے گذریں۔ کچھ شعر منتخب ہو کر درج ہوئے۔ شگفتہ طبیعت پائی ہے۔ مذاق شستہ ہے

لاکھ محبوسِ قفس کر تو مجھے اے صیاد
میں نکل جاؤنگا فریادِ عنادل کی طرح

حسرت لے جذب کہ لیلی ہو سوار محمل
قیس ہو ساتھ غبار پس محمل کی طرح

اشک رہتے ہیں رواں نالہ ادا ہو کہ نہ ہو
قافلہ راہی منزل ہے صدا ہو کہ نہ ہو

تپش قلب کو تحریک نفس سے مطلب
شعلہ زن رہتی ہے یہ آگ ہوا ہو کہ نہ ہو

چونک اٹھیں یا نہ اٹھیں خواب عدم سے مردے
یوں چلو تم۔ تو کہو حشر بپا ہو کہ نہ ہو

بے سبب چارہ گروں کو نہیں تشویش علاج
دل کا ارماں ہی نکل جائے شفا ہو کہ نہ ہو

ایذا اسے قید سہہ نہیں سکتے سبک خرام
مٹھی میں بند ہو نہیں سکتی ہوا کبھی

توقیر

توقیر۔ مولوی عبدالقادر توقیر متوطن پنجاب مقیم دہلی۔ استعداد علمی اگرچہ کم تھی مگر شاعری سے طبیعت کو بیحد لگاؤ تھا۔ بڑے وجیہ خوش مزاج شکیل طبیعت دار ذکی نوجوان تھے۔ حضرت داغ ظہیر انور کے ہم مشق و ہم صحبت تھے۔ اکثر فکر رسا کی اعانت سے مضامین نازک اور عالی کی تلاش میں سرگرم رہتے تھے۔ اوائل مشق میں چند غزلیں میاں تنویر کو دکھائیں پھر حضرت ذوق کی خدمت میں آئے اور انکی وفات کے دو تین مہینے بعد ۱۲۷۲ھ ہجری میں ناشاد و نامراد جہان فانی سے عالم بقا کی طرف سفر کیا ۲۵۔۲۶ سال کی عمر پائی۔

توقیر دل رمیدہ پھر آوارہ ہو گیا
کسنے سنا دیا اسے مژدہ بہار کا

واں نمک کا بھی صرفہ ہے توقیر
زخم کھانے کا کچھ مزا دیکھا

گر آئے جوش پر دریا مرے اشک ندامت کا
تو کیونکر پانی پانی دل نہ ہو پھر ابر رحمت کا

مجھکو کیوں دیکھا بت ناآشنا کو دیکھکر
ناصحو دیکھو کہ کچھ کہنا خدا کو دیکھکر

انتظار نامہ بر میں اسقدر بے ہوش ہوں
جان تن میں آ گئی پیک قضا کو دیکھکر

جو یار محبت سے پوچھتا ہے ماجرائے دل
سینے پہ ہاتھ دھر کے یہ کہتا ہوں ہائے دل

زخمی تری نگاہ کے آخر کو مر گئے
کہہ کہہ کے ہائے ہائے جگر ہائے ہائے دل

ہم تو خاطر سے تری غیروں کو بھی تعظیم دیں
رشک پھر کہتا ہے بیٹھو اپنی یہ عادت نہیں

بتوں کو چاہنا اور حضرت توقیر یہ صورت
بظاہر تو نظر آتے ہو تم مرد مسلماں سے

توقیر

توقیر - لالہ نرائنداس خلف لالہ پھول چند باشندہ فرخ آباد - منشی سید اسمٰعیل حسین منیر کے فیضِ تلمذ سے بہرہ ور اور ۱۲۷۰ھ میں حیات تھے - طبیعت کا رنگ مفصلہ ذیل اشعار سے آشکار ہے -

آئینے سے بھی ہے وہ چند صفا ہاتھوں میں
منہ نظر آتا ہے اے ماہ لقا ہاتھوں میں

سلطنت ملتی ہے چھوتا ہے جسے وہ مہ حسن
طائر رنگ حنا ہے کہ ہما ہاتھوں میں

سونا پھلوں کا گلا جاتا ہے اے شعلہ مزاج
گرمیاں اور دکھاتی ہے حنا ہاتھوں میں

عرقِ چہرۂ دلدار کو پونچھا توقیر
ہمنے عطرِ گل فردوس ملا ہاتھوں میں

توقیر

توقیر - میر عبد العلی نام - قنوج کے رہنے والے اور رشک لکھنوی کے شاگرد تھے غدر سے پیشتر پٹنے میں بود و باش اختیار کر لی تھی - مرثیہ تحت لفظ خوب پڑھتے تھے - آدمی با مذاق و صاحبِ دل تھے - عطر سازی کا پیشہ کیا کرتے تھے ۱۳۰۲ھ میں ساٹھ باسٹھ برس کی عمر تھی یہ ان کے اشعار ہیں -

جب سے طوفاں خیز میرا دیدۂ تر ہو گیا
مردم آبی کے رہنے کیلئے گھر ہو گیا

آج روشن اُس قمر سے کیا مرا گھر ہو گیا
نور چشم مہر و مہ ہر روزنِ در ہو گیا

رہگئی جو میتِ پروانہ بے غسل و کفن
شمع کا منہ آنسوؤں سے بزم میں تر ہو گیا

شک نہیں اسمیں اشد الموت سچ ہی انتظار
آج اُنکے وعدۂ فردا سے محشر ہو گیا

مژدہ باد اے مرگ ناکامی ہوا قصہ تمام
جسکے ہم عاشق تھے وہ عاشق کسی پر ہو گیا

ناتوانی سے نکلنا جان کا مشکل ہوا
کشتیٔ عمر رواں کا ضعف لنگر ہو گیا

توقیر

توقیر - شیخ ارادت اللہ صاحب رئیس قنوج فرخ آباد کے ضلع میں تردا ایک چھوٹی سی جاگیر اُنکے سالہا سال متعلم رہے - شعر و سخن سے بھی اُنس تھا چنانچہ یہ اُن کے نتایج افکار کا خلاصہ ہے -

ہے سامنا اجل کا قیامت سے قہر ہے
کچھ دل لگی نہیں ہے جو تم سے لگائے دل

کرتا نہیں بھولے سے کبھی یاد ہماری
کیا شاد ہو پھر خاطرِ ناشاد ہماری

مرقد کی مرے آکے اڑا دو نہ تم اب خاک
مٹی نہ کرو منت میں برباد ہماری

صنم جو رام ہوا ہے خدا حسد اکرکے
دل و جگر کروں صدقے جدا جدا کرکے

تمھارہی بے نقابی سے قمر نے داغ کھایا ہے
صبح انور سے کیوں اے مہروش پردہ اٹھایا ہے

دکھائے گی اسے نیچا کبھی آہِ دلِ عاشق
کہ اس پیرِ فلک نے اب بہت کچھ سر اٹھایا ہے

ازل ہی میں ستم مجھپر تمھارے ہاتھ لکھا تھا
کسی سے خامۂ قدرت کا لکھا بھی مٹایا ہے

غم و رنج والم درد و تمنا یاس و حسرت کو
شبِ تنہائی میں اپنا انہیں مونس بنایا ہے

توقیر

توقیر۔ جناب سید باقر حسین توقیر دہلوی۔ شاگرد حضرتِ داغ دہلوی مرحوم۔ کلام خام ہے رسمی شاعر ہیں۔ کوئی خاص بات قابلِ تشریح ان کے کلام میں نہیں ہے یہ ان کے اشعار ہیں۔

ہمکو دنیا سے ترے لطف و کرم نے کھویا
گھر کہاں اُن کا جو دلمیں ترے گھر کرتے ہیں

گالیوں پر لبِ کھولیں آمادہ ہیں پہلے قتل
یہ دہن رکھتے ہیں دلبر نہ کمر رکھتے ہیں

آپکے پاسِ نزاکت نے کیا ہے خاموش
ورنہ نالے مرے آفت کا اثر رکھتے ہیں

چاہنے والوں سے غافل نہیں رہتے معشوق
بے خبر بن کے یہ عاشق کی خبر رکھتے ہیں

توقیر

توقیر۔ نواب احمد مرزا خانصاحب خلف نواب مرزا محمد جعفر خانصاحب مرحوم نبیرہ نواب حیدر بیگ خانصاحب مغفور عرف چھٹن صاحب المتخلص بہ توقیر لکھنوی از تلامذہ حکیم سید علی ضامن صاحب متخلص بہ شوق۔ خلف جناب رشک شاگرد شیخ ناسخ مرحوم۔ آپ دور موجودہ کے شاعر ہیں اور یہ آپکے کلام کا انتخاب ہے۔

تارے گن گن کے وہ آنکھوں میں سحر ہو جانا
کیا کہیں ہجر کی راتوں کا بسر ہو جانا

مجھ سے کرتی ہے اشارہ وہ لگاوٹ کی نظر
کہ دکھاؤں میں ترے دلکا ادھر ہو جانا

حشر لانے کو ہے توقیر تری میت پر
بے خبر کو ترے مرنیکی خبر ہو جانا

کیوں فلک دور میں تیرے کبھی ایسا بھی ہوا
کہ شب ہجر کی ممکن ہو سحر ہو جانا

دل سے راضی ہوں فلک پیس کے سرمہ کر دے
شرط ہے آپ کے منظورِ نظر ہو جانا

سیر کو آتے ہیں بیمارِ محبت کی وہ روز
ہے برا اب تو مرے واسطے اچھا ہونا

داغِ دل بعد فنا سینہ میں روشن ہو کر
منھ دکھاتا ہے چراغِ تہ دامن ہو کر

وصل کی آس ہیں یا یاس میں دم نکلا ہے
شمع تربت مری بجھ جائیگی روشن ہو کر

باغ میں غیر سے پھر ملنکے رلاتے ہو مجھے
خار دیتے ہو گلو غیرتِ گلشن ہو کر

خوف ہے مجھ کو قیامت نہ کہیں آ جائے
کعبۂ دل میں بت آتے ہیں برہمن ہو کر

سوزِ دل کی یہ مرے ہوتی ہے دیکھو توقیر
شمع کا نام ہوا بزم میں روشن ہو کر

قلم سے شیخ کے نکلے کہ مے حرام نہیں
یہ دستخط نہ کرالوں تو رند نام نہیں

پری جمال کو نظروں میں شیخ پی پی کر
یہ کہہ رہا ہے کہ بنت العنب حرام نہیں

قتل میں میرے نہ ہو کچھ شرکتِ خونِ رقیب
دوسرا خنجر منگالیں آپ تو احساں کریں

دل کے ٹکڑے کر دیئے حاضر پئے عشق حبیب
ہم غریب و بے نوا کیا خاطرِ مہماں کریں

ملا ہے مانگے گو رزق آسیا کو
مگر اسپر بھی گردش میں لبہ کی

تونگر۔ منشی عبد العلی مرحوم خلف میاں سکین۔ علمی استعداد معقول تھی۔ نواب سکندر بیگم صاحبہ کے عہد دولت میں ترقی پا کر میر منشی ریاست کے عہدہ گرامی پر ممتاز ہوئے۔ نواب شاہجہاں بیگم کے دورانِ حکومت میں بھی مورد عنایات رہے اور مشاہرہ میں بھی ترقی ہوئی مگر شومئی طالع سے بہ سبب کبر سنی دماغ میں ضعف آگیا اور عملیات سفلی و فسوں خوانی کی طرف توجہ مائل ہو گئی۔ انجام کار سرکار کے حکم سے خارج از ریاست کئے گئے۔ تذکرہ فرح بخش سے کلام انتخاب ہو کر درج کیا گیا۔

دیکھئے ہر دم نہ اپنا روئے روشن آب میں
ہوجئے ہر دم نہ صاحب آتش افگن آب میں

کیوں بند کر رکھے تھے شب اُس مہ لقا کے ہاتھ
قابو چلا تو باندھونگا میں بھی حنا کے ہاتھ

ہالے کی شکل گرد رخ ماہوش ہوئی | انگڑائی کی جو یار نے دونو ملا کے ہاتھ

تھانیسری - شاہ امام بخش نام - یہ بزرگ درویش صفت اور نیک نہاد تھے شبانہ روز اپنی اوقات اوراد و یاد حق میں گذارتے تھے سلسلۂ قادریہ میں کسی بزرگ سے بیعت تھے - مسٹر الیف فیلن صاحب نے اِن کا تخلص تھانیسری لکھا ہے اور کہتے ہیں کہ گاہ گاہ بطور خود شعر موحدانہ اسکی طبع سے ٹپک پڑتا تھا - ۱۲۴۸ھ ہجری میں موجود تھے - یہ انکے اشعار ہیں -

اِس جہاں میں اُس جہانمیں کون ہے | ہر نہاں میں ہر عیاں میں کون ہے
ہے جو دکھلاتا تجلی دم بدم | ہر جمالِ دلبراں میں کون ہے
تو کہے میں گفتگو سے پاک ہوں | پس یہ گویا ہر زباں میں کون ہے
لوگ کہتے ہیں خدا ہے لامکاں | پھر زمین و آسماں میں کون ہے

تہور - میرزا غلام فخر الدین تہور برادر حقیقی مرزا آغا در بخش صابر - اصلاح سخن حضرت احسان اور حکیم مومن خاں سے لیتے تھے - عنوانِ شباب میں غدر سے آٹھ دس سال پیشتر قضا کی یہ اِن کے اشعار ہیں -

ناصحا پند و نصیحت تو نہ کر محفل میں | یہاں مرے ساتھ کوئی اور بھی رسوا ہوگا
اب ہے کیا باقی جو ہے کاوش تری دستِ جنوں | چاک دامن ہوگیا ٹکڑے گریباں ہوگیا
پھر خدا لائے اُسے یاد ش بخیر | کیا تہور بے تکلف یار تھا
رشکِ دشمن کا سبب عشق میں کیا ہی ناصح | امتحاں کیجئے مشفق کہیں شیدا ہو کر
لے آئے ذرا خط کا جواب اُس سے کسی ڈھب | افسوس کہ قاصد سے اب اتنا نہیں ہوتا

تہور - منشی تہور علی خاں - عدالت فوجداری کانپور میں مختاری کرتے ہیں - اور شاگرد جناب آشنا سے تلمذ ہے - دو تین غزلیں نظر سے گذریں اُنکا انتخاب حاضر ہے

اپنے تلوؤں سے مَل کے دل میرا | کہتے ہیں کیسا پائمال ہوا

شبِ فراق کی حالت نہ پوچھئے مجھسے	میں کیا بتاؤں کس درجہ بیقرار رہا
اور بھڑکے گی تہور ہونہ گریاں اسقدر	آتشِ دل کو کبھی آنسو بجھا سکے نہیں

تیمور

تیمور۔ مرزا سعادت سلطان تیمور گورگانی خلقت مرزا قادر بخش موزوں برادر نسبتی مرزا قادر بخش صابر اوائل میں حضرت احسان کے شاگرد تھے۔ بعد میں مرزا صابر سے مستفید ہوئے عرصہ ہوا کہ انتقال کر گئے۔

اس سادہ مزاجی پہ بھی مرتے ہیں ہزاروں	اللہ رے عالم ترے بے ساختہ پن کا
روتا ہوں اپنی بے پروبالی پہ باغباں	فصلِ خزاں میں بلبلِ بے پر کو دیکھکر
ضبط نالہ کیا تو جان گئی	اپنا گویا میں آپ قاتل ہوں

ث

ثابت

ثابت ۔ اجابت خاں یا اصالت خاں ان کا نام تھا۔ عظیم آباد کے رہنے والے اور مرزا بچو قدوی کے شاگردوں میں سے تھے۔ اپنے زمانہ میں علمِ اُستادی بلند کرتے تھے طبقہ دوم کے آخر شعرا میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ یہ اشعار اُن کے درج کئے جاتے ہیں

وقت مرنیکے مرے پاس وہ موجود ہوا
اپنے ہی جی کا زیاں اپنے لئے سود ہوا

مجمرِ سینہ میں دن رات پڑا جلتا ہے
آہ ثابت یہ ترا دل ہوا عود ہوا

مصرع کبھو جو آہ کا موزوں کروں ہوں میں
سُکّانِ نو سپہر کا دل خوں کروں ہوں میں

ثابت

ثابت ۔ منشی مہر علی۔ اصلی وطن بڑہانہ ضلع مظفر نگر تھا مگر یہ خود قبل از غدر دہلی میں بود و باش رکھتے تھے۔ حافظہ اچھا تھا۔ اور اساتذہ قدیم مثل سودا اور میر درد کے ہزارہا شعر از بر تھے۔ دہلی میں رہ کر استعداد علمی کے علاوہ فکر سخن میں بھی سلیقہ معقول پیدا کیا کلام ملاحظہ ہو۔

دیکھا مجھے تو ہو کے خفا غیر سے کہا
اس بزم میں ہر ایک کو آنا نہ چاہیئے

کھل جائیگا وہاں کس و ناکس پہ رازِ عشق
اے دل اس اضطراب سے جانا نہ چاہیئے

ثابت

ثابت ۔ ثابت شیخ ثابت علی ولد شیخ محمد علی سنہ ۱۲۷۱ ہجری مطابق سنہ ۱۸۵۴ء میں راجہ بھرت پور کی سرکار میں معتمد اور بہ تقریب سرانجام کار اپنے ولی نعمت کے دہلی میں وارد تھے۔ گاہ گاہ شعر بھی کہہ لیتے تھے۔ اور خاصہ کہتے تھے۔ یہ چند شعر اُنکے ہیں۔

آنے کی کسی کے کیا سُنی ہے
جاں لب پہ ٹھہر گئی ہے آکر

کہتے ہیں وہ بیوفا اب آیا
کہنے ہی کی بات ہے سُناکر

ثابت کا ہے حال غیر کل سے
تم بھی اُسے دیکھ آؤ جاکر

ثابت

ثابت - شاہزادہ میرزا معز الدین ثابت مرحوم خلف الصدق حضرت شاہ عالم بادشاہ و برادر حقیقی مرزا احسن بخت احسن - حافظ عبدالرحمٰن خاں احسان کے شاگرد رشید تھے۔ قلعہ معلےٰ میں اکثر شاہزادے انکے شاگردی سے ممتاز تھے آپنے - اپنے اُستاد کا دیوان مُرتب کیا تھا جو راقم تذکرہ کے پاس موجود ہے - خود بھی موزوں طبع شاعر اور صاحبِ دیوان تھے - جسکا ایک قلمی نسخہ میرے پاس موجود ہے - اچھا کہنے والوں میں تھے - زبان صاف پاکیزہ اور معاملہ کے شعر خوب کہتے تھے - اوائل عہد بہادر شاہ میں انتقال فرمایا - یہ ان کا کلام ہے -

آفریں دلکو ترے ثابت وگرنہ بارِ عشق
نے زمیں سے اُٹھ سکا نے آسماں سے اُٹھ سکا

شبنم کی طرح اس چمن دہر میں ثابت
جز گریہ ہمیں اور تو کچھ کام نہ آیا

ق

زیورِ گل کو لگا آگ یہ مالن سے کہا
میرا طُرہ میرا گہنا میرا گجرا نہ بنا

پھول عاشق کے ہوں اور پھولوں کا گہنا پہنوں
دست و پا پھول گئے پھولوں کا گہنا نہ بنا

خوبرو تیری نہیں ہے کچھ فقط گفتار خوب
رُخ پری کا کل دُھواں بالا بلا رفتار خوب

تھا قلق اور بے قراری رات
مجکو روتے کٹی ہے ساری رات

سینے کل اُس سے کہا دلمیں مرے درد ہے آج
ہاتھ سینے پہ مرے رکھ کے کہا کیا باعث

یوں کہا اُسنے کہ ثابت مجھے پیغام نہ بھیج
مجھکو بدنام نہ کر نامہ مرے نام نہ بھیج

لگایا تیر جو تمنے فقط کلیجے میں
ہر ایک عضو ہے میرا جُدا جُدا دلگیر

چکور آسا فدا ہے کیوں تو روئے درخشانِ مہوشاں پر
قدم رکھیں ہیں وہ کب زمیں پر دماغ اُنکا ہے آسماں پر

یہ سب سمجھتے نہیں اس تک سے ہے زیست مری
لوگ کہتے ہیں نکالو کسی تدبیر سے تیر

ہاتھ زنجیر طلائی میں جو اُلجھا بوسے
کیا بلا ہے تجھے ثابت مری زنجیر نہ توڑ

انصاف ہے کہ محتسب اس ابرو ہوا میں
کس طرح سے ہو ساقیِ گلفام فراموش

دستِ جنوں کو یوں ہے گریباں سے اختلاط
دامن کو جیسے خارِ بیاباں سے اختلاط

پھر دلستاں نے دل کا ستانا کیا شروع
پھر آہ بزمِ غیر میں جانا کیا شروع

آہ گر پردہ نشیں وہ بتِ گلفام نہو
دیر میں کفر نہو کعبے میں اسلام نہو

رقص میں وہ نازنیں جسوقت گرمِ ناز ہو
نازِ خوباں چاہیئے پھر فرشِ پا انداز ہو

اسقدر راہِ بے مروت مجھسے استغنا تجھے
جان دینی تھی مجھے پر دل نہ دینا تھا تجھے

تجکو شاباش تصور کے مصور دل پر
لکھدے اُس عالمِ تصویر کی تصویر مجھے

کیا جو دوستی میں تو نے ہم پر کسی فن سے
کوئی ایسی نہیں کرتا مری جاں اپنے دشمن سے

کہدو اُس چشم سے پرہیز نکر اُس سے مدام
تیرے بیمار کی جاں باعثِ پرہیز چلی

اُدہر ہے بادہ پیما بزم میں باہد گر کوئی
ادہر پیتا ہے اپنا دمبدم خونِ جگر کوئی

برہمن کافر و دیندار سبکو بھا گیا ایسا
خدائی میں اُسی بت کا جپے ہے نام ہر کوئی

جی ہی جاتا جو ترے لب پہ مسیحا میرے
مرتے مرتے نگہِ عاشقِ بسمل پڑتی

مت دکھا اے برقِ خرمن سوز طرّاری مجھے
آتشِ الفت کی ہے درکار چنگاری مجھے

کیا دن پھریں ہمارے گر وہ پھرے سفر سے
لیل و نہار جنکے ہم دیکھنے کو ترسے

زلفوں کا جبکہ سودا دل کو ہوا وہ بولے
اپنا تو رونگٹا بھی خالی نہیں نہر سے

دلِ پُر داغ کو ٹپک سے کے کہا
چیز یاں داغ دار کیوں آوے

ق
اکیلا دیکھکر کل مینے اُسکو جان کر پوچھا
ہمارا جانا بوجھا یا کوئی انجان جاتا ہے

ٹھٹک کر مسکراکر یوں کہا ہٹ جا ارے ظالم
ترے سر کی قسم کوئی ابھی یہاں جان جاتا ہے

ثابت

ثابت - منشی سید فضل حسین لکھنوی ابن سید مہدی حسین ابنِ میر زین العابدین عرف میر مُغل (رسالدار عہد امجد علیشاہ بادشاہ اودھ) آپ کے حقیقی نانا سید محمد رضا ظہیر مرحوم شاعر مرثیہ گو ارشد تلانذہ مرزا دبیر مغفور سے تھے - آپ کی ولادت ۱۵ رجب ۱۲۶۸ھ ہجری یوم جمعہ کو ہوئی (نظیر حسن تاریخی نام ہے) اُردو - فارسی - عربی - انگریزی و ناگری کی

زبانوں سے واقفیت رکھتے ہیں سنہ ۱۸۸۳ء میں ریاست کوٹہ میں اولاً محرری جیل پر ملازم رہے۔ پھر ناظر عدالت صدر دیوانی کوٹہ مقرر ہوئے۔ اب سررشتہ دار عدالت سشن جج ہیں۔ غزل گوئی میں منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی مرحوم سے اور مرثیہ گوئی میں مرزا محمد جعفر صاحب اوج لکھنوی سے تلمذ رکھتے ہیں سنہ ۱۳۱۱ ہجری میں زیارت کربلا و نجف اشرف وغیرہ سے بھی مشرف ہو چکے ہیں۔ آپ کا سفرنامہ منظوم موسوم بہ **ریاض فکر** چھپ کر شایع ہو چکا ہے۔ ایک میلاد منظوم اور بہت سے سلام و مرثیے و رباعیات موجود ہیں۔ باقی عاشقانہ کلام اکثر گلدستہ جات و اخبارات وغیرہ میں چھپتا رہتا ہے۔ دیوان چھپوانے کا کبھی خیال نہیں کیا۔ ورنہ کافی مصالحہ موجود ہے۔ ۶۰ سال کے قریب سن ہے۔ شعر بہت اچھا کہتے ہیں نہ طبیعت میں شوخی بھی ہے۔ جو کلام آپ نے عنایت کیا مع کلام بہم رسیدہ سابق کا چیدہ انتخاب حاضر کیا جاتا ہے۔

شبِ فرقت میں نیند آئے بھلا کیا
گذرتے ہیں تصور دل میں کیا کیا

تمھارے نازِ بیجا کیا ہیں اے جان
اُٹھا لیں ہم تو سر پر آسماں تک

لمنا نہ فرض نہ ادا ہونے قضا کی
عجب شوخی ہے کافر کی ادا میں

حسرتیں جب یاس سے دست و گریباں ہو گئیں
مشکلیں جتنی پڑی تھیں سب وہ آساں ہو گئیں

ایک عالم پر یہ بار ویرانۂ دل عمر بھر
بستیاں کتنی بسیں اور کتنی ویراں ہو گئیں

خاک باقی عطرِ گل جنکی عرق جنکا گلاب
کیوں فلک وہ صورتیں مٹی میں پنہاں ہو گئیں

ہر خوشی کا باغ عالم میں تباہی ہے مآل
کھلکھلا کر جب ہنسیں کلیاں پریشاں ہو گئیں

صورتیں آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ نقشے یاد ہیں
کیسی کیسی صحبتیں خواب پریشاں ہو گئیں

زندگانی سے کہیں بہتر ہے اُس عاشق کو موت
تیری زلفیں جسکے ماتم میں پریشاں ہو گئیں

کرکے منہ دل سوز سے الفت جدا ہونے لگے
آگ بھڑکا کے جگر کی تم ہوا ہونے لگے

یارب یہ کون چٹکیاں لیتا ہے بار بار
پہلو میں یار ہے کہ دلِ بیقرار ہے۔

بے مجھے دل لینے دے اُس جانِ جان سے		حیا دم بھر کو اُٹھ جا درمیاں سے
عمر بھر کاتبِ اعمال رہے ہیں ہمدم		دیکھئے حشر میں دیتے ہیں گواہی کیسی
خدا جانے کوئی ارمان ہے یا تیر کا پیکاں		یہ حالت ہے کہ جیسے دل کوئی سینہ میں ملتا ہے
پھیلا پھرے ہے چونک تغافل کے خواب سے		پہرہ بدل رہا ہے بڑھاپا شباب سے
دلِ ثابت تھا جب ثابت نہ آتا تھا نظر کچھ بھی		جو ٹوٹا شیشۂ دل سینکڑوں ہی جامِ جم نکلے
غرور و کبر سے نفرت ہے ضد خوشامد سے		پسند آئی سلامت روی کی چال مجھے
کسی ہنر کا تو کیا ذکر فن کرے ثابت		کہ نقص میں بھی نہ حاصل ہوا کمال مجھے
دل سوا تجکو ـ مجھے تیرے سوا کیا چاہئے		تجھکو آئینہ ـ مجھے آئینہ سیما چاہئے
احباب کے جلسوں کا جو سودائی ہے	رباعی	کچھ یاد بھی تجھے قبر کی تنہائی ہے
ثابت ـ یہ موت کا تعجب کیسا		مرنا جینے کی علتِ غائی ہے ـ
پھل پائیں گے جو تخمِ کرم بو دیں گے	"	مرقد میں یہ پھول بن کے خوشبو دیں گے
جنکے لئے چھوڑتا ہے مال او منعم		مرنے پہ وہ مٹی بھی نہ تجکو دیں گے

ثاقب

ثاقب ـ منشی شہاب الدین خاں ساکن قصبہ سیوہارہ ـ درویش توکل پیشہ شاعر پُر گو اور خوش تقریر اور اُستادِ نامور شاہ مبارک آبرو کے عقیدتمند و شاگرد تھے کبھی کبھی سراج الدین علیخان آرزو سے بھی مشورہ کر لیتے تھے ـ احمد شاہ ابدالی اور عالمگیر ثانی کے عہد میں زندہ تھے ایک پُرانے تذکرہ میں لکھا ہے کہ جس وقت افاغنہ دُرّانی نے مرہٹوں سے شکست پائی اسی زمانے میں ان کا انتقال ہوا ـ پُرگوئی کے باعث ایک ضخیم دیوان مرتب ہوگیا تھا ـ مگر ترتیب تذکرہ کے وقت صرف چند شعر دستیاب ہوئے جنکا انتخاب درج ذیل ہے فیلن صاحب نے اپنے تذکرہ میں ان کا ذکر بھی لکھا ہے ـ صرف نام میں غلطی کی ہے یعنی شمس الدین لکھا ہے ـ ورنہ بقیہ حالات وہی ہیں جو یہاں درج ہیں ـ

مر گئے تو بھی کچھ نہ پوچھی بات		لاشہ پہ ثاقب کا یار کہتے ہیں ؟

ثاقب کی نعش اور قاتل سے آ پکارا
یہ کون مر گیا ہے کسکا ہے یہ جنازہ

مجھسے بیدل کی اگر تصویر کھینچا چاہیئے
اے مصور اسکے تئیں دلگیر کھینچا چاہیئے

اک نگہ ترچھی ہی سے ہوتا ہے بس عالم کا کام
تجکو کاہیکو میاں شمشیر کھینچا چاہیئے

ثاقب

ثاقب - مرزا مهدی ولد مرزا انور علی بیگ - اُستاد نواب محسن الدولہ - باشندہ لکھنؤ - شیخ ناسخ مغفور کے شاگرد تھے - صاحبِ دیوان گذرے ہیں - اِن کے شاگردوں میں آغا علی شمس نامور ہوئے - یہ اُن کا کلام ہے -

ذکر بوسے کا جو آیا تو پڑا گال پہ نیل
مانگنا ظلم ہوا تاب نہ لایا عارض

کس نے بوسے لئے کیوں آج ہو مرجھائے ہوئے
گُلِ افسردہ کی صورت ہے تمھارا عارض

ہو گیا بارنگہ سے تیرا نیلا عارض
کسنے دیکھا ہے بتا دے کوئی ایسا عارض

شجرِ طور جو قامت ہے تو رُخ شعلۂ طور
اے بتو نورِ خدا کا ہے تمھارا عارض

مدح تیرے حُسن کی کرتی زبانِ حال سے
رکھتی گویائی اگر تصویرِ پشتِ آئینہ

نہ کیونکر صاف ہوں بعدِ شہادت میں ستمگر سے
غبارِ دل قاتل نے دھویا آبِ خنجر سے

ہوا محبوس میں جسدم جنوں نے پانوں پھیلائے
روانہ کشتیِ وحشت ہوئی بیڑی کے لنگر سے

قیامت قامتِ دلدار کے مضمون کہتے ہیں
نہیں کم آفتابی وار سے خورشیدِ محشر سے

نہیں چشم توقع عمدگانِ عہد سے ثاقب
کسی نے پیاس اپنی کب بجھائی آبِ گوہر سے

ثاقب

ثاقب - نواب شہاب الدین احمد خان ثاقب مرحوم مهین پور عالی جناب نواب ضیاء الدین احمد خانصاحب والیِ لوہارو رئیس اعظم دہلی - مرزا نوشہ غالبِ مرحوم کے سسرال کے رشتے سے بھتیجے اور فنِ شعر میں شاگردِ رشید تھے - چھوٹی سی عمر میں اپنی ذاتی علم و فضل اور خوش اخلاقی کی وجہ سے اچھا نام پایا تھا اور حکامِ وقت کی طرف سے آنریری مجسٹریٹی دہلی کے جلیل القدر عہدہ پر ممتاز تھے - صاف صاف عاشقانہ رنگ میں جسمیں کچھ تصوف اور اخلاق کی بھی چاشنی ہوتی تھی اچھا کہتے تھے - کلام میں درد! مزا ہے - مرزا غالب انہیں

بہت عزیز رکھتے تھے۔ استعداد علمی بھی معقول تھی۔ افسوس کہ عین عالم شباب میں ۹۔ اپریل ۱۸۶۹ء مطابق ششم محرم الحرام ۱۲۸۶ھ ہجری یوم دوشنبہ بعارضۂ تپ و اسہال ہنگام سپہر انتقال کیا اور حسب وصیت درگاہ قدم شریف میں اپنے عم مرحوم نواب شمس الدین احمد خاں کے پہلو میں دفن ہوئے ۲۹ سال کی عمر پائی مرزا باقر علی بیگ سالک نے تاریخ کہی ع

ازصدمۂ مرگ ثاقب والاجاہ	ہر سو ست صدائے نالہائے جاں کاہ
تاریخ وفات او چنیں سالک گفت	روز ششم مہ محرم صد آہ ۱۲۸۶

آپ نے چار صاحبزادے اور ایک لڑکی یادگار چھوڑی۔ صاحبزادوں کو میراث پدری کے علاوہ شاعری بھی ارث میں ملی ہے۔

کیوں وعدہ کرو بے خبر آجاؤ کسی وقت	ہوں وصل کا خواہاں نہیں مشتاق خبر کا
اس عصر میں کہتے تھے اسے پیار سے طوفان	بچپن کا ہے یہ نام مرے دیدۂ تر کا
ہر شخص کا دل شہر میں کھینچتا ہے اُدھر کو	پوچھے کوئی کیوں اور سے رستہ ترے گھر کا
گھر بیاباں میں بنایا نہیں ہم نے لیکن	جسکو گھر سمجھے ہوئے تھے وہ بیاباں نکلا
دی جگہ دیر میں ثاقب کو سمجھ کر سرکش بُت	وہ عدوئے بت و بتخانہ مسلماں نکلا
لاتے زباں کو کام میں کرتے وہ ہم سے بات	مجبور رہ گئے کہ سرے سے وہاں نہ تھا
سمجھے ہوئے تھے قبر کو ہم کنج عافیت	دیکھا تو یاں بھی امن و اماں کا مکاں نہ تھا
گرمی میں دل کو کھول کے بند قبا کہا	شکر خدا کہ ثاقب آشفتہ یاں نہ تھا
جو اس سے پہلے تھا یہ وہی خاکداں ہے اب	یارب وہ خاکیوں کی کرامت کہاں ہے اب
اسفندیار نامور ارجاسپ کیا ہوئے	سننے کو ایک تذکرۂ ہفت خواں ہے اب
دیکھا ہے کس نے موسیٰ و فرعون کو یہاں	ہاں رود نیل روئے زمیں پر رواں ہے اب
نے بت گری نہ بت شکنی قصہ مختصر	صرف آذر و خلیل کا مذکور یاں ہے اب
نفی وجود غیر ہے ثابت طریق حق	آثار کی نمود بھی وہم و گماں ہے اب

کیوں ویسے آدمی نہیں آتے ہیں بروئے کار
ہیں ظلم و معدلت کی حکایات اور بس
ضرب المثل ہے لیلی و مجنوں کا حسن و عشق
کیا کہہ رہا ہوں میں کہ یہ ہے اور وہ نہیں
ہم قوتِ جذبِ دل دکھائیں
آتے نہیں یاں اگر نہ آئیں
کیا چیر کے سینہ دل دکھائیں
ہم سینہ سپر کئے کھڑے ہیں
جو کام میں غیر کے ہوئیں صرف
اے بخت کہاں تلک برائی
کل میں نے کہا کہ بندہ پرور
کہتے ہیں ادا شناس باہم
بوسے رود او موئے و طور
بسم اللہ ہم اٹھائیں پردہ
شاید کہ ہے گرم نالۂ ثاقب
خبر کس کو گرچہ گھائل ہوئے ہیں
نہیں عقل سے عشق خالی کہ اسمیں
تمنا نہیں ہمکو پروانگی کی
غلط فہم ہیں عاشقانِ مجازی
رہیں گے گرفتار صورت پرستی
بلبلیں نہوں قتل انصاف یہ ہے

ق

آخر وہی زمیں ہے وہی آسماں ہے اب
محتاج ہے جہاں میں نہ نوشیرواں ہے اب
اسکا نہ کچھ پتا ہے نہ اسکا نشاں ہے اب
توحید کے خلاف ہے جو کچھ بیاں ہے اب
اور پھر وہ ہمارے گھر نہ آئیں
اے کاش مجھے وہاں بلائیں۔
کچھ حال سنو تو ہم سنائیں
وہ شوق سے خنجر آزمائیں
افسوس وہ دلربا ادائیں
اے چرخ کہاں تلک جفائیں
چہرے سے نقاب آپ اٹھائیں
اچھا ہو جو رخ تو کیوں چھپائیں۔
سن لی ہو تو دیکھنے کو آئیں
پر ان سے کہو کہ تاب لائیں
چلتی ہیں شرر فشاں ہوائیں
محبت میں ہم جملہ تن دل ہوئے ہیں
بڑے تجربے ہمکو حاصل ہوئے ہیں
وہ اب غیر کی شمع محفل ہوئے ہیں
کہ محو تماشائے محمل ہوئے ہیں
اگر حسن معنے سے غافل ہوئے ہیں
کہ ہم خود بدآموز قاتل ہوئے ہیں

ہمیں ذوقِ صحرا نوردی ہے ثاقب
نہ سمجھو کہ جویائے منزل ہوئے ہیں

دل کا سودا ہے خفا ہونے کی کچھ بات نہیں
گفتگو رہتی ہے بائع کو خریدار کے ساتھ

دانہ پانی کی خبر لینے کی توفیق نہیں
کھیلنا جانتے ہیں مرغِ گرفتار کے ساتھ

چیر کے سینے کو دل دیکھتے ہیں قتل کے بعد
اک چھری تیز لگی رہتی ہے تلوار کے ساتھ

خواہشِ وصل میں ثاقب کی کوئی دیکھے سیر
کچھ دعائیں بھی پڑھی جاتی ہیں اشعار کے ساتھ

رنجش سے گر کہا ہو تو ایماں نہو نصیب
کافر بتوں کو کہتے ہیں عشاق پیار سے

ڈرتے ہیں وہ جہاں نظر آتا ہے گردباد
سہمے ہوئے ہیں کیا مرے مشتِ غبار سے

فکرِ وصال و ہجر کا صدمہ اٹھائیے
اِس چند روزہ زیست میں کیا کیا اٹھائیے

بے لطف زندگی سے تو مرنا ہی خوب ہے
کیا فائدہ کہ نازِ مسیحا اٹھائیے

آو نہ آو ہم بھی ہیں خوگر شکیب کے
جی چاہتا ہے ذوقِ تمنا اٹھائیے

رکھتے ہیں لوگ خلوتِ دشمن کا اہتمام
بے پردگی میں پردہ ہے پردہ اٹھائیے

یہاں بھی مژہ کو حسرتِ طوفانِ نوح ہے
ہاں بزم سے اٹھائیے اچھا اٹھائیے

بیٹھے ہیں ہم تو اب دلِ بے آرزو لئے
وہ دن گئے کہ داغِ تمنا اٹھائیے

ثاقب وہ ضبطِ عشق کو سمجھے ہیں بے غمی
یہ رویئے کہ شورشِ دریا اٹھائیے

اے کہن سال فلک دشمنِ جانِ دہلی
کیا ترے ہاتھ لگا کھو کے نشانِ دہلی

حیف صد حیف کہ گئی شاہجہانی تعمیر
وائے صد وائے مٹی شوکت و شانِ دہلی

چاندنی چوک دریبہ نہ قلعہ پھر کیونکر
دلّی والوں کو ہو جنت پہ گمانِ دہلی

اہلِ دلّی نہ کریں بخت کا شکوہ کیونکر
بخت خاں جی ہوئے جب باج ستانِ دہلی

چاندنی چوک بگڑ کر وہ بنا از سرِ نو
کہ کہیں گے ہم اُسے بختِ جوانِ دہلی

چوک کے باغ میں وہ رنگ ہے آرایش کا
کہ ستم کہائیے ہے فردوس بجانِ دہلی

اہلِ ایراں یہ غزل سنکے کہیں گے بیشک
بود ثاقب مگر از اہلِ زبانِ دہلی

اک بوند اشک ناک نہ اے چشم تر آئی
سینہ تو مرا چاک کیا اور ہوئے برہم
ہے بند در حجرہ مگر یار کے گھر کا
دم باقی ہے تدبیر کریں لانے کی اُسکے
چپ بیٹھے ہیں کچھ کرتے نہیں بات کسی سے

ہرگز نہ مری تجھ سے کچھ امید بر آئی
جب نوبتِ نظارہ درِ جگر آئی
جز زلف کی بُو تجھ میں نہ بادِ سحر آئی
احباب ابھی سے نہ کریں نوحہ سرائی
ثاقب کے مگر مرنے کی اُن کو خبر آئی

ثاقب

ثاقب ۔ عالیجناب شیوپر وہان مہاراجہ جے گوپال سنگھ ثاقب رئیس سندیلہ مصاحبِ خاص حضرتِ سلطانعالم واجد علی شاہ و داروغہ سرکار صاحبعالم جنرل مرزا فریدوں قدر خلف ارشد شاہ اودہ ۔ راجہ درگا پرشاد تعلقہ دار سندیلہ کے نزدیکی قرابت دار اور زبانِ فارسی سے بخوبی ماہر تھے ۔ نظم و نثر دونوں میں مہارت تامہ حاصل تھی ۔ حضرتِ سلطانعالم کی انپر خاص نظر عنایت تھی ۔ آپ سندیلہ کے معزز کالستھ خاندان کے رکن تھے شاہانِ اودہ کی سرکار میں انکے بزرگ مراتبِ جلیلہ پر سرفراز تھے ۔ چنانچہ یہ خود بھی بپاس حقوق خدمتگزاری بعد انتزاع سلطنت بادشاہ کے ہمراہ ہوئے اور برسوں وطن سے دور مٹیابرج میں قیام پذیر رہے اگرچہ آپ کو مشاہرہ قلیل ملتا تھا مگر صرف یہی ایک امر کہ آپ کو حضرت جہجاہ نے مہاراجگی کا خطاب عنایت کیا اس بات کا کامل ثبوت ہے کہ اِن کی کسقدر وقعت مرکوز خاطر اقدس تھی ۔ ریختہ کم کہتے تھے جس زمانے میں داغ صاحب کلکتے گئے آپ بھی مشاعروں میں شریک رہے ۔ چند شعر حاضر ہیں ۔

عشق میں جز بیخودی عاشق کو حاصل کیا ہوا
کاہش بیجا اُٹھاتے کھو کے نقد عقل و ہوش
حق تو یہ ہے دین و دنیا کی نہیں پروا کچھ

پوچھتا ہے اُسنے رہ رہ کے مرا دل کیا ہوا
عشقبازی کر کے اے دل اور حاصل کیا ہوا
اِن بتوں کے عشق میں دل اپنا مائل کیا ہوا

ثاقب

ثاقب ۔ جناب مولوی نجم الدین صاحب سیوہاری مولف سیرۃ الشافعی و رسوم جاہلیت آپ کے والد کا نام محمد بخش تھا جو سیوہارہ ضلع بجنور کے باشندہ تھے سنہ ۱۲۶۵ھ آپ کا سال

ولادت ہے۔ عربی فارسی کی استعداد اچھی ہے مدرسہ دیوبند کے سند یافتہ ہیں۔ اب کئی برس سے مطبع رفاہِ عام لاہور میں ملازم ہیں۔ فنِ سخن میں کبھی کسی سے مشورہ نہیں لیا۔ موزونیِ طبع ہی مصلح ہو جاتی ہے۔ زبان کی تحقیق کا بھی شوق ہے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے

تو مہِ آسمان ہے گویا	تجھ سے روشن جہان ہے گویا
جس زمیں پر ہے نقش پا تیرا	وہ زمیں آسمان ہے گویا
یونتو دنیا میں اور بھی ہیں حسیں	تو حسینوں کی جان ہے گویا
روٹھنا بات بات پر ہر دم	دلربائی کی شان ہے گویا

دل تم نے لیا بہت اچھا کیا مگر	دل لیکے میری جان۔ دل آزار کیوں ہوئے

ثاقب ۔ منشی محمد نواز ثاقب ۔ آپ کو حضرت احسان شاہجہانپوری سے تلمذ رہا ہے۔ ۱۸۹۳ء میں رسالہ گلچین گورکھپور کے دفتر میں ملازم تھے۔ خوش گو ہیں اور راجہ صاحب محمود آباد کے سرکار میں ملازم ہیں۔ یہ چند شعر اُن کے طبعزاد ہیں۔

لذتِ دردِ محبت نہ طبیبو پوچھو	کیوں دوا کرتے ہو تم دردِ جگر ہونے دو
جہاں کہے جسے اچھا وہی بشر اچھا	بُرا وہی ہے زمانہ جسے بُرا سمجھے
عجیب بے سروپا ہے کلام واعظ کا	نہ ابتدا کوئی سمجھے نہ انتہا سمجھے

ثاقب ۔ مولانا نجم الدین احمد ثاقب بدایونی المخاطب بہ پہلوانِ سخن ۔ آپ مولوی جمیل الدین احمد وکیل بدایونی کے صاحبزادہ ہیں ۱۲۸۵ھ ہجری میں بدایوں میں آپ کی ولادت ہوئی۔ عربی فارسی کی متعدد کتب اور فقہ ۔ تفسیر ۔ معقول منقول میں بھی آپ کی کافی استعداد ہے۔ سنِ شعور ہی سے شعر گوئی کا مذاق آپ کی طبیعت میں ہو گیا۔ ۱۸۸۹ء میں آپ گوالیار گئے۔ وہاں آپکے ماموں مولوی غلام غوث وحید سرشتہ تعلیم میں ملازم تھے اور چونکہ آپ کو فنِ سخن سے ایک خاص رغبت تھی ان کے فیضانِ صحبت سے یہ بھی شعر کہنے لگے اور رفتہ رفتہ مشق کے ساتھ طبیعت کی امنگیں ترقی کرنے لگیں۔

آخرانہی کے اشارے سے دو ایک غزلیں حضرت داغ کی خدمت میں بھیجیں اور شاگرد ہوگئے۔ گوالیار میں کچھ عرصے قیام کے بعد اٹہ میں جہاں آپ کے والد وکالت کرتے تھے چلے گئے وہاں سے تلاش معاش میں رامپور۔ دہلی۔ ریاست ہائے راجپوتانہ میں چکر لگا کر آخر کار بڑودہ پہنچے۔ اور میر احتشام علی خاں جاؔ دو رئیس بڑودہ کے مصاحب ہوگئے۔ انہی کے کسی کام کے انجام دہی کے لئے ٹونک گئے اور وہاں پہنچکر حضرت ظہیر دہلوی کے فیض تلمذ سے بہرہ ور ہوکر زیادہ نام پایا حتیٰ کہ اب خود اُستاد مانے جاتے ہیں۔ راقم کی پہلے ۱۹۰۱ء میں بمقام دہلی ملاقات ہوئی پھر ۱۹۰۶ء ماہ جولائی اگست میں دوران قیام بمبئی اکثر ملاقات کے لئے تشریف لاتے رہتے تھے۔ پستہ قامت۔ زندہ دل حد درجے خلیق پابند وضع اور ملنسار شخص ہیں۔ آپ کی طبیعت ہمہ گیر واقع ہوئی ہے اکثر اصناف سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ اچھے مضامین کی تلاش الفاظ کا مناسب اور برمحل استعمال آپ کے کلام کا خاص جوہر ہے۔ زبان پر آپ کو حیرت انگیز قدرت حاصل ہے۔ طبیعت میں روانی اور خیالات کی تازگی قابل تعریف ہے۔ نہایت زود گو اور خوش کلام شاعر ہیں۔ تذکرۂ خمخانۂ جاوید کی جو تقریظ آپ نے ارقام فرمائی ہے وہ آپکی حیرت انگیز قدرت و مشاقی فن کا قابل قدر نمونہ ہے۔ کوئی خاص وقت فکر سخن کا معین نہیں ہر وقت طبیعت حاضر رہتی ہے۔ اُستاد ظہیر انہیں بہت چاہتے ہیں۔ اور ان پر ناز کرتے ہیں۔ بارہا ایک ایک دن میں دو دو سو شعر کہنے کی نوبت آچکی ہے ایک دفعہ ٹونک میں کئی ماہ سے علیل اور صاحب فراش تھے آپ کے کسی تیماردار نے چند شعر محسن کاکوروی کے قصیدۂ نعتیہ کے پڑھے۔ اسی حالت میں آپ نے دو دن کے اندر تین سو شعر کا قصیدہ اُسی زمین میں کہہ ڈالا حضرت ظہیر نے بھی سُنا تو بحد متعجب ہوئے۔ اور سخت ممانعت کی۔ کیونکہ آپکی حالت واقعی خراب تھی۔ پہلوان سخن کا خطاب بھی انہیں کا دیا ہوا ہے۔ جو کسی وقت اِس لحاظ سے کہ اقلیم سخن کے سچّے فرمانروا حضرت ظہیر کا عطیہ ہے۔ اور بھی گران قدر ہے

مولانا ثاقب اب پندرہ برس سے زیادہ تر بمبئی اور بڑودہ میں رہتے ہیں۔ ٹونک۔ احمد آباد۔ بڑودہ بمبئی میں اکثر موزوں طبیع آپ کے شاگرد ہیں جنہیں حضرت جادو۔ ناصر قابل ذکر ہیں۔ اب کلام ملاحظہ ہو۔

میں وہ سالک ہوں کہ مسجودِ ملائک ٹھیرا — بن گیا نورِ ازل داغ جبیں سائی کا

مدام دست بکار اور دل بیار رہا — وہ مست ہوں کہ جو غفلت میں ہوشیار رہا

ملا نہ دل کے رہیگا وہ فتنۂ دوراں — ہوا نہ ہوگے کسیکا یہ روزگار رہا

شہیدِ ناز کے دل کی رہی سہی حسرت — مٹاتے جاؤ یہ کیا دو قدم مزار رہا

تری وہ آنکھ کہ چوری نہ چھپ سکی اپنی — مرا یہ دل کہ خدائی کا رازدار رہا

تمام عمر رہی اسپۂ آسماں کی نظر — جو دو گھڑی بھی کوئی آپ سے دوچار رہا

جان و دل پہلو بہ پہلو اُن کا پیکاں لیچلا — میزباں کے گھر کی رونق ایک مہماں لیچلا

دل کو فقرو نہیں نگاہِ ناز کے آنا نہ تھا — چلتے چلتے سر پہ کن اوچھوں کا احساں لیچلا

میں چراغ صبح تھا ظالم کہ تیری بزم سے — چشم گریاں سینہ بریاں دم پریشاں لیچلا

پھر خبر لینا کنکھیوں سے ذرا اے مستِ ناز — پھر چرا کر زخم دل سے کوئی پیکاں لیچلا

غنچہ غنچہ سے ملانے کے لیئے وحشی ترا — چاک دل چاکِ جگر چاکِ گریباں لیچلا

غلط الزام ہے جرم شکایت ہائے دشمن کا — کہ فرطِ لاغری سے ہے خموشی نام شیون کا

تصور رخنہ پیدا سازِ خلوت گاہ دشمن ہے — کہ چشم دوربیں ہے تماشا چشم روزن کا

رفتہ رفتہ گوشۂ دامن بنا دامانِ چشم — خواب مرگِ طفلِ اشک آخر یقینی ہوگیا

وہ سینہ طور بنے گا وہ چشم شوق کلیم — کہ جبکے سامنے تو بے نقاب آئے گا

یہ کہہ رہی ہے تری چشم شوخ کی گردش — کہ اب کوئی نہ کوئی انقلاب آئے گا

غربت پسند وہ ہوں کہ مضطر وطن میں تھا — آوارہ شکلِ بوئے گلِ تر وطن میں تھا

قسمت پھری نہ گردش پا لے جنوں کیساتھ — گویا سفر میں ہم تھے مقدر وطن میں تھا

سخت جاں ہو کے آبرو کھوئی
دور سے آئے تھے جنابِ کلیم
شانِ رحمت حساب سے پہلے
امیں ہیں دستِ بُردِ خزاں سے سخن کے پھول
محوِ بہارِ حسنِ دل آرا ہوں اسقدر
اے شبِ ہجر جا نہیں ہو تری عمر دراز
رکھیو آہستہ قدم اے فتنۂ پُر شورِ حشر
جانفزا کس درجہ ہے سیرِ عدم آباد بھی
نگاہیں اُنکی بیعانہ ادائیں جان کا ہدیہ
ٹھکانا ایسی خست کا کہ تکیے میں فقیروں کے
پنا رندونکو بہکا نیکی واعظ آج ڈالیں گے
کوئی گاہک ملے تو بیچتے ہیں جوہرِ ذاتی
غلط ہے مفت کی پیتے ہیں کسدن حضرتِ واعظ
تری تصویر کا اُترا ہوا آئینہ ہے شاید
متاعِ جانِ عاشق کی ہے قیمت اسقدر ہلکی
ہمارے دام تو کھوٹے نہیں ہے آکا سہ گر پھر کیوں
عزیزوں سے زیادہ سنگدل ہے کون دنیا میں
ہوا ہے کس کا پردہ فاش یارب آج غربت میں
ایسی باتیں میرے ساقی کی ہیں چکنی چپڑی
بھولی باتو نہیں ہے ان شعلہ رخونکی وہ اثر
توبہ توبہ ہے نہ مستونکی نہ پیماں پیماں

آبِ خنجر میں ڈوب مرنا تھائو
بے خودی کچھ تو پاس کرنا تھائو
تجھکو عصیاں سے درگذرنا تھائو
مہماں ہیں کوئی دن کے چمن میں چمن کے پھول
ہر خارِ دشت سامنے آتا ہے بن کے پھول
رہ نہ جائے کوئی دُکھ درد کا پہلو دل میں
سو رہے ہیں کُشتۂ نازِ بتاں زیرِ زمیں
جا رہا ہے جان دے دے کر جہانِ زیرِ زمیں
جو کچھ لیتے ہیں وہ قیمت چکا کر مول لیتے ہیں
زمیں دو گز بھی مر مر کر تو نگر مول لیتے ہیں
کہ خشتِ خم پئے تعمیرِ منبر مول لیتے ہیں
کوئی بیچے تو ہم اے دل مقدر مول لیتے ہیں
مگر ہاں عیب کے وعدہ پر اکثر مول لیتے ہیں
جسے ہم جانکر بختِ سکندر مول لیتے ہیں
نگاہوں کے اشاروں ہی ستمگر مول لیتے ہیں
وہی ٹوٹا نکلتا ہے جو ساغر مول لیتے ہیں
کہ ہم تو جان دیتے ہیں وہ پتھر مول لیتے ہیں
کنارِ دامنِ یوسف رفوگر مول لیتے ہیں
شیخ و واعظ کے بھی ایمان پھسل جاتے ہیں
دل تو کیا چیز ہے پتھر بھی پگھل جاتے ہیں
بدلیاں دیکھ کے سب عہد بدل جاتے ہیں

مجھ سے جہاں میں کوئی خطا رہ گئی نہو
اے رحمت خدا مرے حق میں کمی نہو

بیٹھکر سینے میں او پردہ نشیں یہ چھیڑ چھاڑ
دل کا چاہا کیوں ہوا آنکھوں کا چاہا کیوں نہو

آپ میں جب میں نہیں تو مجھ سے پردہ کیا ضرور
تم بھری محفل میں اپنے آپ رسوا کیوں نہو

دل لیا تھا مجھ سے کن شرطوں پہ آ بندہ نواز
اب خدا لگتی کہو آخر تقاضا کیوں نہو

اور ہی عالم نظر آیا جہاں جھپکی پلک
عاقبت بیں آنکھ میں دنیا تماشا کیوں نہو

چار دن جینے کی خاطر کون لے احسان غیر
تو یہ تو بہ وہ لب جاں بخش عیسیٰ کیوں نہو

نام لیوا تو ظہیر و داغ کا ثاقب بھی ہے
وہ برا ہو یا بھلا ہو چاہیے جیسا کیوں نہو

مکافات شکایتہائے بخت نارسا تم ہو
دل نادیدہ شکل مدعا کے مدعا تم ہو

ہجوم نا امیدی نے وہ ڈالی پردۂ غفلت
سمجھتا ہوں اسے بھی خواب۔ گر جلوہ نما تم ہو

ہوں تیری خو لئے تلون کہ کسی کل نہیں چین
جان دو بھر بھی ہے مرنا بھی ہے مشکل مجھکو

شکوۂ ہجر نہ تھا تذکرۂ وصل عدو
گالیاں دینے لگے کیوں سر محفل مجھکو

سخت جاں میں نہیں تم خنجر بے آب نہیں
منہ عبث موڑ لیا دیکھ کے بسمل مجھکو

میں غیر ہوں غیر کو نہ چاہو
جو عہد کیا ہے وہ نبا ہو

تم ولیں ہو دل مری بغل میں
کس طرح کہوں کہ بیوفا ہو

جب جان کہا تو ہنس کے بولے
ہاں صاف نہ کہدو بے وفا ہو

کہتے ہیں تمہاری جان میں ہوں
کیوں جان سے اسقدر خفا ہو

ثاقب یہی حسن شاعری ہے
مضمون زبان میں ادا ہو

شب غم کیا کہوں یاد خرام ناز کیا لائی
مری تقدیر کے سوتے ہوئے فتنے جگا لائی

کھلے گی ان کے فتنوں کی دکاں بازار محشر میں
خدا ہے گر کہیں سے کچھ رقم ملجائے بالائی

یونہی کیا کم تھی میری آہ سوزاں جی جلانے کو
وہاں جا کر لگی میں اور یہ ظالم لگا لائی

صبا کچھ خاک میری بھی پڑی تھی کوئے قاتل میں
ادھر لا ہاتھ مٹھی کھول دیکھوں کیا اڑا لائی

قیامت پر یقیں ہے کچھ اجل سی کچھ پہر وتھا
وہ خود پردے میں کب بیٹھے وہ خود پردے سے کب نکلے

جسکے دل میں ایک تیری یاد ہے
قید سے ظالم بھی کب آزاد ہے

خود مسیحا بر سرِ بیداد ہے
صلح کل ایسی کسی کی یاد ہے

اپنے منہ سے آپ کہدیں نامراد
مانا کہ آپ ہیں ستم ایجادیوں میں فرد

جھونکوں میں آہِ سرد کے دم ہوگیا فنا
خود نمائی بھی قیامت ہے خود آرائی بھی

وصل میں چھیڑ دیا قصۂ دشمن ہمنے
مذہب عشق میں کہتے ہیں جسے مجبوری

تیری آنکھوں میں وہ مستی ہے کہ ملتے ہی نظر
وہ نیچی نیچی نگاہو نمیں کیا نہیں کرتے

بُرائی پر تو زمانے کو کرلیا اپنا
طریق عشق سے واقف نہ تھا مگر منصور

عدو کے دل میں کہاں ہیں تمھارے تیر ادا
امید رحمت و شرم گناہ و خوفِ خدا

ہم اور کچھ نہیں کرتے قصور کرتے ہیں
یہ حال اپنا ہوا غیر ہجر میں ثاقب

بوالہوس کی رسمِ الفت اور ہے
وہ آیگی تو کیا لائے گی یہ آئی تو کیا لائی

نظر تک شوخیاں لائیں مرے دل تک صبا لائی
دونوں عالم سے وہی آزاد ہے

دامِ فکرِ صید میں صیاد ہے
اے اجل فریاد ہے فریاد ہے

دوست دشمن سب کا دل آباد ہے
یہ مرادِ عاشقِ ناشاد ہے

اچھا جو کوئی چال نئی آسماں سے چلے
دوشِ نسیم صبح پہ ہم ناتواں چلے

تم بھی حیرت میں ہو سکتے ہیں تماشائی بھی
اب جماہی بھی اُنھیں آیگی انگڑائی بھی

دوسرا نام اُسی کا ہے شکیبائی بھی
بن گئی ساغرِ مے چشمِ تمنائی بھی

حیا کے پُتلے ہیں لیکن حیا نہیں کرتے
بھلے کو آپ کسیکا بھلا نہیں کرتے

سمجھنے والے تو منہ سے کہا نہیں کرتے
خطا معاف یہ ناوک خطا نہیں کرتے

جو رند کرتے ہیں وہ پارسا نہیں کرتے
رقیب کرتے ہیں کیا کچھ خطا نہیں کرتے

کہ غیر مرنے کی میرے دُعا نہیں کرتے
بندہ پرور میری حسرت اور ہے

جگ ہنسائی کی محبت اور ہے	عاشقی حضرت سلامت اور ہے
مٹ چکے سب مٹنے تیری راہ میں	اک تھکی ماندی قیامت اور ہے

ثاقب

ثاقب - مرزا ذاکر حسین صاحب قزلباش لکھنوی - دور موجودہ کے ایک طبیعتدار خوش فکر شاعر ہیں۔ باوجود تلاشِ مزید حالات دستیاب نہیں ہوئے۔ معائنہ کلام سے پایا جاتا ہے کہ فکر رسا ہے۔ زبان صاف ستھری اور بندش چست ہے۔ ہر شعر میں بات پیدا کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے

گل و بلبل کی تباہی پہ خدا رحم کرے
دو گھڑی مل کے نہ بیٹھے تھے کہ صیاد آیا

درازی دامنِ محشر کی بھی معلوم ہو جاتی
اگر کچھ اور بڑھتا حوصلہ چاکِ گریباں کا

محبت کا سبق پڑھ کر ہوئی دیوانگی حاصل
کتابِ عشق کی تھا حاشیہ چاکِ گریباں کا

الفت کی آگ جب سے ہوئی ہمکنارِ دل
ہنستے ہیں برقِ طور پہ کیا کیا شرارِ دل

کیوں روئے بیخودی پہ برسنے لگا ہے نور
کس کی تجلیاں ہوئیں آئینہ دارِ دل

کرتا ہے ضبطِ آہ کو رخصت جگر کا درد
آخر ہے آج صحبتِ صبر و قرارِ دل

مرنا ترے فراق میں سہل اے صنم نہیں
یہ شکلِ انتظار ہے آنکھوں میں دم نہیں

اس یاوری بخت کے قربان اے کریم
وہ میری نبض دیکھتے ہیں مجھ میں دم نہیں

کہاں کہاں ہے ترا عشق رنگ لائے ہوئے
شفق کے خون سہی ہے شامِ غم نہائے ہوئے

ہوائے عشق تھی یا صرصرِ فنا یا رب
چراغ کس نے بجھائے ترے جلائے ہوئے

جگر کے زخم کا اور داغِ دل کا حال نہ پوچھ
یہی ہیں عشق و محبت کے گل کھلائے ہوئے

سینہ میں اب مٹے ہوئے دل کا پتہ کہاں
اک داغ ہے کہ نقشِ تمنا کہیں جسے

کیا ہست و بود قطرہ و موج و حباب بحر
مجموعۂ خیال ہے دریا کہیں جسے

سینے میں نیشِ غم کے مزے لے رہا ہے دل
رگ رگ میں وہ خلش ہے کہ کانٹا کہیں جسے

اب علاجِ زخمِ وامندار رہنے دیجئے
تیر کو سینے میں تا سوفار رہنے دیجئے

وصل کی دیکر زباں اتنی پشیمانی ہے کیوں
اب تو جو کچھ ہو چکا اقرار رہنے دیجئے

یک زباں ہیں سب علاج دردِ دل کے باب میں	جو ہے کہتا ہے اِسے بیمار رہنے دیجئے
وحدت وکثرت کا میں قائل نہیں اے اہلِ دیں	بندۂ عشقِ بتِ پندار رہنے دیجئے
یادگارِ عشق ہے یہ صحبتِ تیغ وجگر	اور دم بھر حلق پر تلوار رہنے دیجئے
رو دیئے جب تک نہ رُلوائے ثاقب درد دل	آنکھ کو جب تک رہے خونبار رہنے دیجئے

ثاقب

ثاقب - مولانا مولوی محمد نواب خاں - نواب احمد علی خانصاحب رئیس مالیر کوٹلہ والئے حال کو زمانۂ نابالغی میں آپ فارسی اُردو پڑھایا کرتے تھے - اب بھی اُسی ریاست کے دُعاگو ہیں - گاہ گاہ اپنے آقا کی فرمایش سے فکرِ سخن بھی کر لیتے ہیں - مالیر کوٹلہ کے مشاعروں میں چند غزلیں پڑھی تھیں اُنکا انتخاب درج ذیل ہے -

رباعی

عاشق تو ہیں لیکن نہیں ہرجائی ہم	ہیں جنسِ غم و درد کے سودائی ہم
سُنتے ہیں بگوشِ دل فغانِ بلبل	ہیں درد بھرے دل کے شیدائی ہم

کسی کو جان بھی دیدیجئے یہ خواہشِ دل ہے	ہم آمادہ ہیں مرنے پر اجل کہتی ہے مشکل ہے
اشاروں سے ہوئے طالب جو وہ دل کی کہا میں نے	یہی لے لیجئے لے دیکے اپنے پاس اک دل ہے
ابھی بیٹھا ہی تھا محفل میں میں آکر بول اُٹھے	اُٹھا دو اس کو بارِ خاطرِ اربابِ محفل ہے
بھلا مرہم سے کیا اے چارہ گر ہو زخمِ دل اچھا	یہ دل اپنا نگاہِ یار کے پیکاں سے بسمل ہے
بند ہاے تارِ گیسو میں - پھنسا ہے پیچ کاکل میں	بلائیں دل کی گردیدہ و بلاؤں پر یہ مائل ہے

ثاقب

ثاقب - شیخ غلام محمد شہاب الدین نام خلف شیخ حافظ سلام الدین نادر نبیرہ نواب حاجی محمد خاں مرحوم مدار المہام مارواڑ آپ کا خاندان اجمیر میں معزز و موقر مانا جاتا ہے - ابھی عنفوانِ شباب ہے اور تحصیلِ علم میں مشغول ہیں حضرت فصیح الملک داغ دہلوی کے رشید شاگرد نواب حمید اللہ خاں مطلب مرحوم آپ کے حقیقی ماموں تھے - شعر و سخن سے ذوق ہے - مگر غزل گوئی کی طرف اسقدر رجحان نہیں جس قدر اخلاقی نظموں سے دلچسپی ہے - ہنگامِ ترتیبِ تذکرہ کچھ کلام خود ارسال کیا ان میں سے کچھ شعر حاضر

سے کئے جاتے ہیں۔

میکدہ میں دیکھ کر شغل حریفانہ مرا	خُم سے کچھ سرگوشیاں کرتا تھا پیمانہ مرا
شیشہ میں خیالی صورتیں ہیں جلوہ گر	روکش بزم سلیماں ہے پری خانہ مرا
روکتا دربان مگر شب کو بحسن اتفاق	بھیس از راہ تفنن تھا فقیرانہ مرا
دل نے الفت میں نہ کی اپنی خرابی پہ نظر	حسرت تعمیر سے ہے پاک کاشانہ مرا
سب کو نخل وادی ایمن کا دیتا ہے نشان	پتّا پتّا ڈالی ڈالی ہر شجر اجمیر کا
نہیں ہے دعویٰ الفت مگر میں کہتا ہوں	زباں پہ نام ترا بار بار آتا ہے

ثاقب

ثاقب ۔ مولانا سید محمود حسن دہلوی خلف سید محمد یحییٰ خاں خلف نواب سید محمود خاں۔ آپ سادات کرام اور شرفاے دہلی میں سے ہیں۔ آپ کے حقیقی چچا سید محمد ذکریا خاں صاحب زکی غالب مرحوم کے رشید شاگرد اور صوبہ شمال مغرب میں ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس تھے۔ آپ کے بزرگوں کا وطن نیشاپور ہے۔ وہاں سے شاہجہاں کے وقت میں کشمیر آئے اور کچھ عرصے بعد دہلی آکر دربار میں خدمات شایستہ پر مقرر ہوئے۔ آپ کے نانا میر سید علی سادات عربلہ دہلی میں موقر و ممتاز بزرگ تھے۔

سید محمود حسن صاحب دہلی میں پیدا ہوئے۔ ۱۸۵۸ء تک ۶ برس اپنے چچا کے زیر سایہ الہ آباد میں تعلیم پائی۔ جب اُنکی تبدیلی کے باعث دہلی واپس آئے تو اگرچہ عمر ۱۰ برس سے زائد نہ تھی مگر ذہن میں لیاقت اور معلومات کا اچھا ذخیرہ جمع کر لیا تھا۔ یہاں ایک ایکسال عربی سکول میں تعلیم پانے کے بعد انگریزی تعلیم سے بد دلی پیدا ہو گئی اور سیاحت کا شوق دامنگیر ہوا۔ راجپوتانہ کی مختلف ریاستوں میں دو تین سال پھرتے رہے اور ۱۸۹۰ء میں کوٹہ کی ریاست میں ملازمت اختیار کر لی۔ چند ہی روز بعد قانونی دستگاہ بہم پہونچا کر منظوری ریاست وہاں وکالت شروع کر دی۔ چونکہ زبان میں طلاقت اور ذہن میں رسائی اور جودت خوب نمایاں تھی وکالت میں اچھی کامیابی حاصل کی۔ معاش کی طرف سے اطمینان ہو جانے پر شاعری کی طرف توجہ کی ابتدا میں مولوی سید افضل حسین صاحب ثابت لکھنوی سے اصلاح سخن لیتے رہے پھر بذریعہ مکاتبت اپنے چچا جناب زکی سے مشورہ کرتے رہے اور

اُن کی وفات تک یہ مشغلہ زوروں پر رہا۔ کچھ کلام نقل تذکرہ کے ہنگام ارسال کیا اُسکا انتخاب درج کیا جاتا ہے۔ زبان صاف شستہ اور اُسمیں جابجا استعارات و ندرت بندش و اسلوب بیان سے تکلفات پیدا کرتے ہیں۔ شعر میں بات پیدا کرتے ہیں۔ اخلاقی مضامین لکھنے کا بھی شوق ہے۔ آدمی لیئق اور شریف اور باوضع ہیں۔ فن سخن سے اچھی دل بستگی ہے۔ اکثر احباب صحبت میں یہی چرچا رہتا ہے اب کلام ملاحظہ ہو۔

میں قیدی ہوں ازل سے عشق و نازو حسن خوباں کا
مجھے شیدا سمجھتے ہیں وہ اپنے روئے تاباں کا

لگا رہتا ہے پہرہ یاس و درد و رنج و ارماں کا
تماشا دیکھتا ہوں جو میں اپنی چشم حیراں کا

ادہر بھی ہو نگاہ لطف ساقی ہو
کہیں اہل وفا کا ذکر تو ہو ہو
ہمیں کیا خبر تھی کہ کیا کیجئے گا ہو
دم قتل یہ تو ذرا کیجئے گا ہو
وفا اُٹھ گئی اب زمانہ سے ثاقب

دل ناشاد کو بھی شاد کرنا ہو
میں دیکھونگا نہ مجھکو یاد کرنا
وفا کیجئے گا جفا کیجئے گا
نکل جائے دم وہ ادا کیجئے گا
جو دل دیجئے گا خطا کیجئے گا

ثاقب بس اب تو گوشۂ عزلت میں بیٹھ رہ
مطلب کا اس زمانہ میں یارا نہ رہگیا

بقا میری اُسے منظور کب تھی قتل کیوں کرتا
لکھی تھی میری عمر جاوداں شمشیر قاتل پر

کام بن بنکے بگڑ جاتے ہیں یوں سب اپنے
بحر تدبیر میں گویا یہ حباب آتے ہیں

عالم زیست میں ملتی ہی نہیں غم سے نجات
کیا عدم سے ہم اُٹھانے کو عذاب آتے ہیں

کب نہیں آتے ہیں وہ جذبۂ دل سے کھنچکر
جب تڑپتا ہے دل خانہ خراب آتے ہیں

خوف کرتے ہیں کسیکا نہ حذر کرتے ہیں
اہل دل عشق میں مردانہ بسر کرتے ہیں

تھے کبھی گلشن ہستی کے یہی گل لالہ ہو
جنکو پنہاں تہ خاک آج بشر کرتے ہیں

طعنۂ غیر نہیں ہیں کہ جنہیں سن نہ سکو
ہم فقط تذکرۂ درد جگر کرتے ہیں

دل میں ہے آئینہ رویوں کا تصور ہر دم
عمر ہم عالم حیرت میں بسر کرتے ہیں

آہ و زاری کیا کروں میں دادخواہی کیا کروں
کس بنا پر میں کروں شکوہ الٰہی کیا کروں

جب فقیری میں ہی قابو سے نکل جاتا ہے دل
دل بکر بستہ وفا پر وہ جفا پر مستعد

بے سر و ساماں ہوں ثاقب اور مجکو ایک دن
نیم جاں کر کے تم عاشق کو کدہر جاتے ہو

بزمِ اعدا میں بھی جا بناز نظر آئیں گے
کیا غضب تم نے کیا حضرتِ دل چھیڑ دیا

شکر کے بعد شکایت ہے زباں پر ثاقب
ہوا انجم و مہر و مہِ انور سے زیادہ

حسرت مری نکلی مگر ایسی کہ نہ نکلی
زنجیرِ زلف سے جو رہا ہیں وہ اور ہیں

اللہ رے جذبۂ کششِ عشق و شوقِ حسن
گر سوزِ دل نہو تو مزا کیا ہے عشق کا

رکھا ہے کیا تاسف و افسوس کے سوا
کونسا دل ہے نہ جس میں تری الفت ہوگی

چار ہوتے ہی گئے نذرِ دل و جان ہم نے
حاصلِ جور و جفا لطفِ بقائے ابدی

ذاتِ مطلق کے فدائی سے سروکار ہی کیا
رات دن فکرِ حسینانِ جہاں رہتی ہے

واقعی قہرِ خدا عشقِ بتاں ہوتا ہے

کون سنتا ہے بیان اپنی تباہی کیا کروں
دل ہی میرا کچھ نہیں دیتا گواہی کیا کروں

میری شامت آئی ہے میں لیکے شاہی کیا کروں
جان پر ہے سخت آفت یا الٰہی کیا کروں

جانبِ ملکِ عدم ہونا ہے راہی کیا کروں
رقصِ بسمل کا ذرا ٹھیرو تماشا دیکھو

تم اُٹھا کر تو نقابِ رُخِ زیبا دیکھو
بے طرح بکھری ہے وہ زلفِ چلیپا دیکھو

یہ طریقہ نہیں تسلیم و رضا کا دیکھو
وہ چار سے کیا تم تو ہو۔ اکثر سے زیادہ

وہ آئے بھی تو ٹھیرے نہ دم بھر سے زیادہ
عاشق کہیں نکلتے ہیں اس پیچ و تاب سے

منصور ایک بات میں نکلا حجاب سے
لذت پھلوں میں ہے طپشِ آفتاب سے

دُنیا بھی کم نہیں ہے وجودِ سراب سے
کونسا گل ہے نہ جس میں تری نکہت ہوگی

شاید اُس شوخ کی آنکھوں میں کرامت ہوگی
تیرے شیدا کو نہ کیوں مرنے کی حسرت ہوگی

ہوگی جنکے لئے اے یار و قیامت ہوگی
تجکو ثاقب کبھی ان جھگڑوں سے فرصت ہوگی

دردِ دل دشمنِ دیں۔ آفتِ جاں ہوتا ہے

واے وارفتگیِ دل کہ تصوّر میں بھی
وہ یہاں ہوتے ہیں۔ لیکن یہ وہاں ہوتا ہے

چشم گریاں دلِ بریاں متحیر بے خود
اہلِ باطن کا یہ تغیر یہ نشاں ہوتا ہے

چشم حیرت چاہیے ذوقِ تماشا چاہیے
اُسکا شیدا ہر نفس محوِ تجلّے چاہیے

سر میں سودا چاہیے۔ دل میں تمنا چاہیے
عشق کو کچھ آسرا۔ کوئی سہارا چاہیے

درد و رنج و یاس و ہجر و داغ و سودا چاہیے
ایک الفت کے لئے ساماں کیا کیا چاہیے

کشتۂ نازِ تغافل ہوں جنازے کو مرے
آرزوؤں کا کفن حسرت کا کاندہا چاہیے

چشم عالم ہے طلسم نقشِ حیرت لاکلام
ہر دم اس میں پیکرِ آئینہ سیما چاہیے

ہم بھی ہیں قدرت سے تیرے لطف کے اُمیدوار
ساقیِ فیاض ادہر بھی جامِ صہبا چاہیے

اللہ اللہ سازگاری سوزِ حسن و عشق کی
ورنہ پروانہ کو کیوں اُلٹی تمنا چاہیے

امتحانِ عاشق و اغیار کیا دشوار ہے
پردہ سے باہر ذرا وہ روئے زیبا چاہیے

اُن کی شرم بے محل نے کردیا خونِ سوال
کاش اتنا ہی وہ ظالم پوچھتا کیا چاہیے

کب تلک آخر یہ جوانی ثاقب عشرت گزیں
ابتو اے مردِ خدا کچھ فکرِ عقبیٰ چاہیے

ثروت

ثروت ۔ نواب بخش اللہ خاں مرحوم خلف الرشید وزیر صاحب تدبیر نواب عماد الملک غازی الدین خاں وزیر احمد شاہ عالمگیر ثانی ۔ خوجوان قابل ۔ صاحب اخلاق و مروت اور رسائی ذہن اور عالی ہمتی کے باعث اقران و اماثل میں ممتاز تھے کبھی کبھی باقتضائے موزونی طبع زبان اُردو میں شعر بھی کہا کرتے تھے قدرت اللہ شوق کا بیان ہے کہ صاحب دیوان تھے جو کچھ کلام نظر سے گذرا اس میں سے تبرکاً چند شعر یہاں انتخاب کر کے لکھے جاتے ہیں۔

ادا و ناز شوخی میں ہے وہ آتش کا پرکالا
نگہ برقِ درخشاں اور رو آتش کا پرکالہ

ترا چلنا ٹھہرنا دیکھنا مڑ مڑ کے اے ظالم
جسے دیکھو سو ہے سب مُو بمو آتش کا پرکالہ

ہوا اس شعر و سے ہر گھڑی ثروت تو ہم محفل
غضب ہے وہ ستمگر شعلہ خو آتش کا پرکالہ

صنم کی بزم میں جو مے کا جام چلتا ہے
تو یہاں بھی خونِ جگر پی کے کام چلتا ہے

ثروت۔

ثروت - جناب نواب احمد علیخاں صاحب عرف پتن صاحب رئیس لکھنو توپ دروازہ شاگرد جناب نواب بندہ علی خاں زیبا مرحوم لکھنوی موزوں طبع سخن اور لکھنو کے ایک قدیم معزز خاندان کے رکن ہیں انجمن معیار میں یہ بھی شریک ہیں۔ مذاق سلیم اور طبیعت شگفتہ پائی ہے۔ حالات باوجود تلاش دستیاب نہیں ہوئے۔ مجبوراً اندراج انتخاب کلام پر اکتفا کی گئی۔

سوزِ پنہاں سے مرے سینے میں دل کیا جل گیا
خانۂ حسرت پھنکا قصرِ تمنا جل گیا

تیری کاکل یاد آئی پڑ گیا اک دل میں داغ
رات ہوتے ہی چراغ اے ماہ سیما جل گیا

کس جنوں دوست کا دم اے شبِ ہجراں نکلا
شب کے پردے سے جو دن چاک گریباں نکلا

وجہ تسکیں کی تہ تیر کا پیکاں نکلا
ہم جسے درد سمجھتے تھے وہ درماں نکلا

سُننے والے رو رہے تھے دل ہر اک غمخانہ تھا
اک مرقع رنج و ماتم کا مرا افسانہ تھا

کہونگا روزِ محشر کس لئے قاتل سے پرسش ہو
جفا دل کو پسند آئی جفا کو دل پسند آیا

کچھ ایسے اسکے سامنے جاتے رہے حواس
جو خاص مدعا تھا وہی دل میں رہ گیا

آنے دیا نہ لب پہ ترے رعبِ حسن نے
جو کچھ سوال تھا دلِ سائل میں رہ گیا

لیلی وہ خاکِ دشت نہیں ہے یہ غبارِ قیس
جو کچھ لپٹ کے پردۂ محمل میں رہ گیا

دردِ اظہار بھی کرنے سے ہوئی کچھ نہ کمی
آہ کرنا شبِ غم وجہ تسلی نہوا

زندہ کرتا تو کسی اور ادا پر مرتا
فکر کیا گر لبِ قاتل لبِ عیسیٰ نہوا

لاکھ چاہا نہ کیا اس نے مرض کا درماں
اور مری جان بھی دینے پہ وہ راضی نہوا

سینہ کو خانۂ ماتم تھا ازل سے بننا
تھا مرے دل کو تمناؤں کا گھر ہو جانا

فاتحہ پڑھتے نہیں گر قبر کو ٹھکرا ہی دو
پاس کچھ تو چاہئے وارفتۂ رفتار کا

غم ہو عریانی کا کیا قاتل شہیدونکو تھے
ہے بہت بھر کفن دامن تری تلوار کا

بیٹھ رہ جاتا ہوں پسِ دیوار قصرِ یار اگر
ضد سے ہٹ جاتا ہے سایہ بھی تری دیوار کا

سامنے قاتل کے کیا جائے کوئی مشتاقِ دید
تشنۂ خوں ہے وہ اپنے تشنۂ دیدار کا

وعدہ بے درد کو آنے کا اگر یاد آیا
درد بن کر مرے دل میں ستم ایجاد آیا

آنکھیں خود بند ہوئیں سو گئے غافل ہو کر
اسفند رچین تہِ خنجرِ جلاد آیا

گلو ہے غیرتِ خورشید میرے ماہ تاباں کا
سحر ہو شب کو کھل جائے اگر تکمہ گریباں کا

دلِ پرخوں کی جانب ہے اشارہ چشم جاناں کا
قبائے سرخ میں یہ خوب ہے تکمہ گریباں کا

جنوں میں چاک ہونا تو گریباں کا کہاں ممکن
نہ ٹوٹا ناتوانی سے کبھی تکمہ گریباں کا

لئے جاتا ہے مجھ دیوانہ کا تو خط جو اے قاصد
گریباں پھاڑ دے یا کھول دے تکمہ گریباں کا

گریباں کھلتے ہی رازِ جنوں سب ہو گئے افشا
کلیدِ قفلِ وحشت تھا اگر تکمہ گریباں کا

یہ شوقِ ذبح ہے اللہ اکبر دیکھیو او قاتل
کہ بیٹھا ہوں میں خود کھولے ہوئے تکمہ گریباں کا

جس طرح قبر میں جی چاہے لٹا دیں احباب
رخ رہے گا طرفِ کوچۂ دلبر اپنا

ہو بُرا بے خودیِ الفت کا کہ
دِل کا جو راز تھا زباں پر تھا

نالہ کش تھا۔ درِ جاناں پہ ہوا دل خاموش
لو جرس ہو گیا جا کر سرِ منزل خاموش

سب کو پروانہ بنایا ہے بنے ہیں خود شمع
کیا تماشا ہے کہ محفل کی ہے محفل خاموش

حال اپنا لئے جراحت ہے تڑپنے سے عیاں
گو مثالِ دہنِ زخم ہے بسمل خاموش

پوچھنے بیٹھے ہیں تصویر سے وہ حالِ عاشقاں
آج ضد ہے مجھ سے باتیں یکبیک بے جاں کریں

آئینہ ہے ہاتھ میں حالت تغیر کی یہ ہے
جو نظر میں تھی ابھی دیکھا تو وہ صورت نہیں

زخم وہ رکھتے ہیں گل ہو گا نہ گلزاروں میں
سیر کو آؤ کسی روز دلِ افگاروں میں

ہے اسی چرخ و زمیں میں دلِ پر داغ اپنا
ڈھونڈوں ذروں میں الٰہی کہ اُسے تاروں میں

اس آئینہ میں ہم کو عکس ہی بنکر نظر آ جا
کو رکھکر سامنے دل طالبِ دیدار بیٹھے ہیں

ابھی دل سامنے اُنکے نہ لیجانا کہیں ثروت
ابھی اُلجھی ہے زلف آئینہ سے بیزار بیٹھے ہیں

سہتا ہوں جور کشورِ الفت میں بس نہیں
عہد انکا ہے کہ جن میں کوئی دادرس نہیں

ٹکرا کے سر کو مر گئے یا توڑیں تیلیاں
صیاد یا ہم آج نہیں یا قفس نہیں

خنجر تو میرے حال پہ روتا ہے اشکِ خوں
اللہ رے سنگ دل تجھے آتا ترس نہیں

لازم ہے اس طرح تجھے صیاد دیدہ رکھ
سمجھوں میں آشیانہ ہے میرا قفس نہیں

نگاہوں کا وفادار انکی وقتِ واپسیں عالم
ٹھہر کر تم مری بالیں پہ دم بھر دیکھتے جاؤ

جو کچھ ہے دعوئ سنگیں دلی ہما چھڑاؤں میں
جگر کا زخم اگر تم ہو ستمگر دیکھتے جاؤ

کیونکر محبت انکی مرے دلکو بار ہو
کس طرح گل کو رنگ بھلا ناگوار ہو

عرض اپنا حال آہ میں نامے میں کرچکا
اب کس طرح کہوں جو تمہیں اعتبار ہو

گونگی ہو کیوں زباں مری ایسی دعا کرو
ناآشنائے حرفِ شکایت ہی کیوں نہو

ستم وہ کونسا ہے یاد جو تجھکو نہیں ظالم
جہاں ہو تو کہیں پھر اس زمیں پر آسماں کیوں ہو

دُکھیں گے دستِ نازک گر مرے بانکے ستمگر کے
ندامت ہوگی لے شوقِ شہادت پھر مجھے مر کے

ہوئے پژمردہ یہ کس نے نگاہِ گرم سے دیکھا
ابھی تو پھول تازہ تھے مری تربت کی چادر کے

کسی صورت سے میری مشکل آساں ہو نہیں سکتی
کہ میں ہوں سخت جاں اور ہاتھ نازک ہیں ستمگر کے

یہ کس پر غیظ آیا تھا جو سرخ آنکھوں کے ڈورے ہیں
نگہ کی تیغ سے آئے ہو کس کے دل کا خوں کر کر

نگاہِ شوق تو بیتاب شامِ وصل ہے ثروت
حیا کا حکم ہے آنچل نہ سینے سے ذرا سر کے

کہتے ہیں وہ ہماری طرف کیوں نگاہ کی
لو بس ہم اس خطا پہ گنہگار ہو گئے

عادتِ رحم بھی دکھلائیے ستم کی خو بھی
ہنسکے پاس اپنے بٹھایا تھا رُلا کے اُٹھے

بیٹھکر وصفِ نقابِ رخِ روشن چھیڑا
حالِ دل ہم اسی پردے میں سنا کے اُٹھے

اُٹھ بھی گئے پہلو سے وہ یاں ہوش نہیں ہے
رکھا نہ کہیں کا مجھے اس بے خبری نے

عشاق کو تھا ناز بہت صبر پر اپنے
چھڑوا دیا ظالم تری بیدادگری نے

دوائے زخمِ دل کیوں چارہ گر کی
نشانی مٹ گئی تیرِ نظر کی

چلے کیونکر کوئی تدبیر میری
مزاجِ یار ہے تقدیر میری

لا چکے جواب نامہ قاصد کہ جا چکیں ہم
پیغام آرہے ہیں اب دمبدم اجل کے

مجھ تک آتے آتے دیکھوں نیتِ ساقی ہو کیا
میکشو ابتک تو رنگِ دورِ محفل ایک ہے

نہو رستہ تو پھر کیونکر مکینِ قصرِ غم نکلے
کوئی دلکا ہمارے پھوڑ دے چھالا تو دم نکلے

رگیں لپٹی ہیں اے قاتل نشانی جانکر تیری
نکل آئے مرا دل بھی اگر تیرِ ستم نکلے

فلک سے خاک برسی ہو گیا عالم میں سناٹا
خدا جانے جنوں کے جوش میں کسطرح ہم نکلے

خشک ہوگا پھول بُو رہ جائے گی
دل مرے گا آرزو رہ جائے گی

ہم جو پہلے قتل اے قاتل ہوئے
حسرتِ مرگِ عدو رہ جائے گی

سینہ پر زانوئے قاتل ہے گلے پر تیغ تیز
دلکو جو اسوقت راحت ہے کبھی ایسی نہ تھی

آستاں پہ دیدیا اسنے جبیں سائی کا حکم
مہر کی اللہ نے قسمت کبھی ایسی نہ تھی

ثروت

ثروت ۔ حکیم سید محمد اطہر الدین حسن خلف مولوی امیر الدین متوطن تالگرام ضلع فرخ آباد ۔ عربی وفارسی میں دستگاہ کامل رکھتے ہیں ۔ اور مدرسہ آرہ سے علم حدیث کی تکمیل کی سند حاصل کر چکے ہیں ۔ فن طب میں آپ فرخ آباد کے نامور طبیب حکیم اصغر حسین صاحب کے شاگرد ہیں ۔ کئی سال تک کانپور ۔ اجمیر میں مطب کرنے کے بعد اب آپ اندور میں قیام فرما ہیں ۔ ابتدائے سن شعور سے آپ کو شعر گوئی کا شوق ہے ۔ ذہن میں رسائی اور تخیل میں بلند پروازی پائی جاتی ہے ۔ دس بارہ غزلیں نظر سے گذریں انکا انتخاب حاضر کیا جاتا ہے ۔ چستیِ بندش ۔ صفائی زبان ۔ اور اسکے ساتھ تلاش مضمون سب خوبیاں ان کے کلام میں بدرجۂ مناسب موجود ہیں ۔

بٹھالو بزم میں ہم کو بھی صدقہ اُٹھتے جوبن کا
تمھارے دوست ہیں ہم واسطہ دیتے ہیں دشمن کا

تم اپنی دوستی اور دشمنی کی جانچ خود کر لو
کہ میرے دوست بنکر تذکرہ کرتے ہو دشمن کا

بپتر ہماری آنکھ کہیں ٹھیرتی نہیں
دیکھو تو ایک کھیل ہے یہ بھی نگاہ کا

باتوں میں ہم اشاروں میں کہتے ہیں وہ مطیع
جادو یہاں زباں کا وہاں ہے نگاہ کا

فراقِ یار میں رحمت خدا کی چشمِ گریاں پر
تواترِ اشک باراں ریز کا طوفاں ہے طوفاں پر

بجا ہے گر کہیں جمشید تختِ سرخوشی تجھکو
جھکی ہیں گردنیں شیشوں کی ساقی تیرے فرماں پر

ہوا ہے کون دیوانوں میں آرائش پسند ایسا
بڑی مشکل سے یہ نعمت ملی ہے دستِ دلبر سے

علاجِ زخمِ بسمل میں بھی سفاکی رہی شاملِ
گیسے تشبیہ دوں یارب دو ابرِ دیدۂ تر سے

پریشاں دل ہوں ایسا گردشِ چرخِ ستمگر سے
اگر شوقِ شہادت میں کوئی بیہوش ہوتا ہے

بتوں کی یاد جب پائی اپنے گوشۂ دل میں
کیا ہے مفلسوں کے مُنہ نے شرمندہ ایسا

کھلی وصفِ دہانِ تنگِ جاناں میں زباں میری
ہوا جو غرقِ بحرِ عشق میں وہ کب نکلتا ہے

دلِ عشاق کی کیا اصل ہے او فتنۂ دوراں
نہالِ قدِ جاناں میں ثمر نامِ خدا نکلے

کرا تو کر رہے ہیں خضر دامانِ بیاباں پر
گلے ملتا ہے میرا خونِ ناحق آبِ خنجر سے

جراحت پر مرے مرہم لگایا آبِ خنجر سے
نہ ساون اسقدر برسے نہ بھادوں اسقدر برسے

مجھے دورانِ سر ہوتا ہے ساقی دورِ ساغر سے
اُٹھا لیتے ہیں وہ دیدے کے چھینٹے آبِ خنجر سے

یہ سمجھو اُس نے سب کچھ پا لیا اللہ کے گھر سے
نہ ہرگز دور ہو گی منعموں زردیِ رُخ زر سے

طبیعت نکتہ داں ہو کر ہوئی ہے عیب داں میری
کہیں دریائے بے پایاں کا ڈوبا بھی اچھلتا ہے

قیامت جس سے بس جاتی ہے تو وہ چال چلتا ہے
ذرا دیکھے کوئی آکر تماشا سرو چلتا ہے

غیر اپنی ہی جب جما بیٹھے
وہ جو اُٹھے تو درد بھی اُٹھا ئے

مرنے والے کو دیکھ تو آؤ
لگا تیغ انداز کیا دیکھتا ہے

ہماری محبت تمہاری عداوت
خدا جانے اس میں کیا دیکھتا ہوں

جُدائی میں اے موت آجا کہ رُو
بڑھ گئی کس درجہ حیرانی مری

سیکھی آئینے نے حیرانی مری

میری اُلفت کا نقش کیا بیٹھے
ورد بیٹھا جو وہ ذرا بیٹھے

تم یہاں کر رہے ہو کیا بیٹھے
مری بے گناہی خدا دیکھتا ہے

خدا جانتا ہے خدا دیکھتا ہے
خدا جانے وہ مجھ میں کیا دیکھتا ہے

بہت دیر سے راستہ دیکھتا ہے
شکل ظالم نے نہ پہچانی مری

لے اُڑی کاکل پریشانی مری

ثریا- منشی سید امیر علی متوطن قصبہ گوپامئو من مضاف اودھ۔ سنہ ۱۲۷۰ھ میں شباب کا عالم اور تحصیل و تکمیل علم طب کی طرف متوجہ تھے۔ گاہے گاہے شعر کہنے کا بھی اتفاق ہوجاتا تھا یہ ان کے اشعار ہیں۔

جھوٹے وعدے بھی یاں غنیمت ہیں	اسمیں تسکین کچھ تو ہوتی ہے
مژہ کو بوالہوس پہ دھیان نکر	جھوٹے موتی سدا پروتی ہے

ثریا- والاجاہ آسمان قدر سید اسد علی مرزا بہادر ثریا خلف الرشید امیر الامرا نواب منصور علی خاں بہادر نواب ناظم بنگال و برادر خورد نواب ناظم مرشد آباد مرحوم۔ آپ کی تعلیم اپنے برادر والا قدر نواب میر حسین علیخاں نواب بہادر مرشد آباد کے ساتھ انگلستان میں ہوئی۔ وہاں سے فارغ التحصیل ہوکر ہندوستان آئے تو زیادہ تر کلکتہ اور مرشد آباد میں قیام رہا۔ ہزار ہا روپیہ ماہوار کا وثیقہ آپ کو سرکار سے ملتا تھا۔ شعر گوئی کا بھی شوق تھا یہ کلام کا انتخاب ہے۔

میری وفا اور اُنکی جفا ہے عجیب راز	ہے دادرس کوئی نہ کوئی دادخواہ ہے
ہونٹوں پہ جان آئی ہے ہجر حبیب میں	اب حال انتہا سے زیادہ تباہ ہے
ٹھوکر لگا کے قُم کہے گر غیرتِ مسیح	لبیک کہہ کے آؤں میں باہر مزار سے
ہزاروں آندھیاں آئیں پس مرگ	نہ اُٹھی خاک پر مجھ ناتواں کی
مٹایا اس طرح آخر فلک نے	نہ رکھی خاک تک محبوب بے نشاں کی
یہاں رہتا ہے جلوہ نور حق کا	جسگہ دلمیں نہیں عشق بتاں کی

ثریا- عالی جناب شاہزادہ ثریا قدر مرزا محمد تقی علی بہادر المتخلص بہ ثریا ابن عالی جناب مستطاب معلی القاب ہزہائینس شاہزادہ عالم و عالمیان یادگار اودھ پرنس سلیمان قدر مرزا محمد حسن علی بہادر دام اللہ اقبالہٗ برادر زادہ و خویش سلطان عالم حضرت محمد واجد علی شاہ جنت آرامگاہ۔ دسمبر سنہ ۱۹۰۳ء میں راقم تذکرہ سے بمقام لکھنو ملاقات ہوئی تھی۔ ۲۸-۲۹ سال کی عمر ہے دربار گورنری میں آپکا چھٹا نمبر ہے آپ کو سن طفولیت سے ہی ہر علم و ہنر کا شوق رہا کئی زبانیں جانتے ہیں اور صنعت و حرفت میں بھی

مہارت ہے ہر فن میں دستگاہ ہے۔ مصوری نقاشی خوش نویسی فن سپہ گری اور نظم و نثر میں اچھا ملکہ ہے۔ مرثیہ۔ واسوخت۔ قصائد۔ غزل وغیرہ جملہ اصناف سخن پر قادر ہیں علاوہ ازیں علم ہیئت و ہندسہ۔ نصائح و فلاسفی وغیرہ سے بخوبی واقف ہیں۔ آپ کا ذہن رسا وجودت طبع خداداد ہے۔ فن شعر کا مذاق وراثتاً ملا ہے۔ اکثر مشاعرے بھی کرتے رہتے ہیں۔ زبان صاف روزمرہ سلیس نشست الفاظ مرغوب ہے۔ اکثر دشوار و سنگلاخ زمینوں میں بھی طبع آزمائی کی ہے جس سے ان کی مشاقی ظاہر ہے۔ ایک رسالہ آپ کے کلام کا شائع ہو چکا ہے۔ اسمیں سے چند شعر اپنے مذاق کے بموجب انتخاب کر کے پیش کرتے ہیں۔

کیا لطف روئے یار پہ ہے زلف یار کا
صبح حلب میں عکس ہے شام تتار کا

ترے زانو پہ سر ہے اب ہے دشوار
مری جاں ہوش میں آنا کسیکا

جو منظور رجانا ہی تھا غیر کے گھر
عبث پھر ہمیں تھا بلانا کسیکا

مانگا ابرو کا جو بوسہ تو کہا کھینچ کے تیغ
پھر تو فرمایئے کیا آپ نے ارشاد کیا؟

آشیاں کس جا بنائے اپنا بلبل شاخ پر
جا نہیں ملتی لدے ہیں اسقدر گل شاخ پر

صحن گلشن سے نکل جانے تو دو صیاد کو
عندلیبو پھر چہکنا بے تامل شاخ پر

اے ثریا محو تھے نظارۂ گل میں ہزار
ہاتھ سے صیاد کے جو کھا گئی چل شاخ پر

ضیائے حسن کے تھے پہلے تو حجاب میں تیر
اٹھی نقاب گرے قلب آفتاب میں تیر

سوال بوسۂ مژگاں پہ وہ کمان ابرو
لگا ہی بیٹھا نظر کا مجھے جواب میں تیر

ترا جو مصحف رخ چوما اے کمان ابرو
گناہ اڑ گئے ہیں بن کے اس ثواب میں تیر

نہ ہے نصیب کہ وہ قتل کر کے ہاتھوں میں
عوض حنا کے مرا خوں لگائے بیٹھے ہیں

پھر بعد میرے دیکھنا پچھتاؤ گے ضرور
عاشق ملیگا مجسا کوئی عمر بھر نہیں

جو وہ شاہ خوبی ہمارا نہیں ہے
اگر سلطنت ہو گوارا نہیں ہے

ادھر صبر کا مجھکو یارا نہیں ہے
ادھر وصل ان کو گوارا نہیں ہے

چمکتا ہے افشاں کا تیری جو ذرہ — فلک پر کوئی ایسا تارا نہیں ہے
بجز وعدۂ وصل جاناں ہمارا — کوئی زندگی کا سہارا نہیں ہے
جو دی چیز کیا اوسکا دعوی وہ بولے — ہمارا ہے اب دل تمہارا نہیں ہے
میں اوروں کو چاہوں یہ ہے بدگمانی — جہاں میں کوئی تمسے پیارا نہیں ہے
کہا میں نے غیروں سے ملئے نہ صاحب — تو بولے تمہارا اجارا نہیں ہے

آپ جو چاہے کہہ لیجئے اپنی جا پر — پر نہ غیروں میں کیا کیجئے بدنام مجھے
یاد ہے عارض و گیسو کی ترے آٹھ پہر — کیا کہوں کٹتے ہیں کیونکر سحر و شام مجھے

غضب کی وہ بلا پر پیچ زلف عنبریں نکلی — پھنسا جو دل تو پھر صورت رہائی کی نہیں نکلی
گدا کے پاؤں کی کھا کھا کے ٹھوکر فرق شاہاں سے — بھری تھی زیست میں جو نخوت تاج و نگیں نکلی
نہیں تن پر کسی جا زخم گو کشتہ سراپا ہوں — وہ پر جوہر تری تیغ نگاہ سرمگیں نکلی
اٹھا بار امانت اے ثریا جز بشر کس سے — یہ مشت خاک راز حق تعالی کی امیں نکلی

نہیں ہے یہ گردباد صحرا زبسکہ تھا زندگی میں شیدا — تلاش لیلی میں بعد مردن بھی روح مجنوں بھٹک رہی ہے
خزاں گئی پھر بہار آئی وے اب تو صیاد اسے رہائی — کہ بہر نظارۂ گلستاں قفس میں بلبل بلک رہی ہے

ثمر — مرزا علی خلف مرزا جعفر علی لکھنوی۔ آپ کو شیخ غلام ہمدانی مصحفی سے تلمذ تھا۔ غدر تک حیات تھے۔ زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ اردو فارسی دونوں زبانوں میں بقول صاحب تذکرہ سراپا سخن صاحب دیوان تھے۔ طبیعت کی مشاقی مندرجہ ذیل اشعار سے ظاہر ہے۔ مشکل زمینوں میں بھی صاف اشعار نکال کر اپنا زور طبع دکھایا ہے۔

سب پڑھتے ہیں تربت پہ ترے کشتہ کی الحمد — رکھتے نہیں تم قبر وفا کوش پہ انگشت

آنکھوں نے ملتے ملتے جو اس سیمتن کے پاؤں — آتے جو ہاتھ چومتے اس گلبدن کے پاؤں
کوئے صنم سے جانا نہووے کبھی نصیب — ہو جائیں یا الٰہی مرے لاکھ من کے پاؤں
حد سے ہیں گذری یار کی وعدہ خلافیاں — پوچھیں گے آج اس بت پیماں شکن کے پاؤں

غمزے سے تڑپے ہے کوئی عشوہ سے مرگیا | چلتے ہیں کس طرح ترے نازوادا کے ہاتھ
رخسارِ یار پر ہے وہ ہرآج دستِ غیر | کیا گنج شایگاں ہے لگا اک گدا کے ہاتھ

ثمر - منشی احمد سعید خاں ثمر خلفِ سعداللہ خاں - غدر سے پیشتر شاہجہان آباد میں رہتے تھے - اور حال معلوم نہو سکا - یہ اُنکے شعر ہیں -

نگاہِ مست سے ساقی کی یہ سرور ہوا | کہ دل سے حسرتِ مے کا خمار دور ہوا
مثالِ آئینہ ہمسے کھلی حقیقتِ حسن | کہ ہمکو دیکھ کے اپنا تجھے غرور ہوا
دیکھتا تھا حسن اپنا مجھکو آئینہ سمجھ | اور میں خوش تھا کہ بارے مہرباں مجھپر ہوا
تھا امال امتحانِ عشق کے قابل ہے کون | دل بے ہمت اس ضعیفی میں گماں مجھپر ہوا
نگاہِ گرم کا تیرے ہے کچھ اثر اُلٹا | کہ غیر پر پڑی اور دل جلا دیا میرا
خلش مژہ کی نہتی کم کہ میرے زخموں پر | تبسم لبِ دلبر نمک فشاں ہوتا

ثمر - نواب مرزا مہدی علیخاں صاحب - منصور نگر لکھنؤ کے ایک شریف خاندان کے ممبر ہیں - تلمذ کا حال معلوم نہیں ہوا کہ کس سے ہے - اب کلام ملاحظہ ہو -

ہمیں سودا نہیں جو اُسکے کوچے سے کہیں جائیں | مبارک قیس کو یہ رات دن پھرنا بیاباں کا

حشر میں عاشقِ مظلوم کا خونِ ناحق | ہاتھ میں تھامے ہوئے دامن جلاد آیا
مرکے یہ جملہ عناصر کا جدا ہو جانا | زندگی ہے جسے کہتے ہیں فنا ہو جانا

قاتل سے نکی نہ میرے تڑپنے کی سیر ہائے | یہ درد مرتے دم دلِ بسمل میں رہگیا
حالِ مسافرانِ عدم کچھ نہ پوچھئے | لٹ کر متاع پہلی ہی منزل میں رہگیا
کہتی ہے شمع بزم جلوں یا کہ خاک ہوں | وہ نامراد ہوں کہ کسیکو الم نہیں
ستمگر جب کوئی تازہ ستم ایجاد کرتے ہیں | تو پھر امتحاں پہلے ہمیں کو یاد کرتے ہیں
ہم خوشی سے جان دیدیں آپ دو قرباں کریں | دل وہی کچھ بھی جو یہ غارت گر ایماں کریں
ابروئے پرخم کی جنبش کا فقط ہے انتظار | آپ اشارہ کیجئے ہم جان کو قرباں کریں

دم پر بنی ہے اور کچھ آزار بھی نہیں
بیمار عشق سا کوئی بیمار بھی نہیں

ملتے ہی نظر رنگ بدل جاتا ہے دل کا
اس آنکھ کے پردے میں کوئی شعبدہ گر ہے

ثمر

ثمر - منشی اودھ بہاری لال صاحب ثمر۔ لکھنؤ کے رہنے والے اور قوم کے کایستھ ہیں۔ کسی سرکاری مدرسہ میں معلم ہیں۔ ۴۰ برس کے قریب سن اور یہ کلام کا رنگ ہے۔

کیوں نہ مجکو جستجو تیری
دل میں رہتی ہے آرزو تیری

رہ رہ کے دیکھتا ہے ترچھی نظر سے ہمکو
خنجر لگا رہا ہے قاتل سنبھل سنبھل کر

وہ شہ حسن ہیں عشاق ہیں ناچیز فقیر
اس سبب سے انہیں بھاتی نہیں سنگت انکی

ثمر

ثمر - جناب خواجہ فقیر محمد صاحب رئیس ڈھاکہ نوشق کہنے والوں میں ہیں۔ اور حضرت داغ دہلوی کے شاگرد جناب نسیم ملسوی سے اصلاح لیتے ہیں۔

جس سے جی چاہے دل لگائیں آپ
دوست دشمن کو آزمائیں آپ

ہو چکی دید حضرت موسیٰ سے
ہوش میں لے جناب آئیں آپ

حال روشن ہو لن ترانی کا
رخ سے پردہ اگر اٹھائیں آپ

ثنا

ثنا - میر شمس الدین ثنا۔ اصل وطن کشمیر تھا مگر یہ عظیم آباد میں رہا کرتے تھے۔ اور حضرت مشتاق کے شاگرد تھے۔ زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ آخر اٹھارویں صدی میں زندہ وسلامت موجود تھے۔

شب فرقت میں تیری نالہ و زاری ہے اور میں ہوں۔
جھپکتی پل نہیں آنکھیں ہیں بیداری ہے اور میں ہوں

چمن ہے خندۂ گل ہے مے و مینا ہے اور تو ہے
فغاں ہے نالہ ہے فریاد ہے زاری ہے اور میں ہوں

ثنا

ثنا - منشی ثناء اللہ خان فرخ آبادی۔ بڑے طباع اور ذہین شخص تھے۔ مرزا غالب و ذوق و مومن کے روشناس اور شیخ ناسخ لکھنوی کے شاگردوں میں تھے۔ آپ عرصے تک مرزا

سخاوت علی بیگ ضیا خلف مرزا حاتم علی بیگ مہر کی تحصیلداری ایٹہ کے زمانہ میں اُن کے پاس ایٹہ میں رہے - یہ ۱۸۵۳ء کا ذکر ہے - کچھ اشعار اُن کے لکھے جاتے ہیں -

یہ توڑ وقت گریہ کیا سیل اشک نے　　دیوار قہقہہ کو جو دیکھا تو در ہوا

رہائی پا کے اُڑے ہم صفیر سوئے چمن　　ہم ایک رہ گئے تکتے قفس تہ و بالا

بن گئی میری شبِ ہجر تری زلفِ دراز　　وصل کی رات سمٹ کر ہوئی جوڑا سر پہ

جلنا ہو ایک دم کا تو میں صبر بھی کروں　　آٹھوں پہر سلگتا ہے چولھے میں جائے دل

دل عشق میں گیا دلِ شیدا کو کیا کریں　　ہم ہو چکے تمام تمنا کو کیا کریں

اوڑھیں بچھائیں پھونکیں جلائیں بتا جنوں　　صحرا میں ایک دامنِ صحرا کو کیا کریں

سناں پکڑی جگر نے اور بٹھایا دل نے پیکاں کو　　غرض دونوں نے رکھا اپنے اپنے گھر میں مہماں کو

جب تپِ دوری جلا کر خاک کر دے گی ہمیں　　آہ پھر چولھے میں ڈالیں گے تری تاثیر کو

کھاتا ہے چرخیاں مرے نالوں کے سامنے　　پیل فلک کو رکھ لیا بھالوں کے سامنے

ثواب

ثواب - میر سعادت علی مرحوم خلف میر شہاب الدین دہلوی اصلی وطن شاہجہان آباد تھا - مگر اُن کے بڑے بھائی بہ تقریب ملازمت لکھنؤ میں مقیم تھے - اِسلئے ان کی تعلیم و تربیت بھی وہیں ہوئی - احباب خوش مذاق کے فیضِ صحبت سے شعر کا بھی شوق ہو گیا - ابھی زیادہ مشق کی نوبت نہ آئی تھی کہ بھائی کا سایہ سر سے اُٹھ گیا اور فکرِ معاش نے فارغ البالی کا مزہ کھو دیا - کچھ عرصے اطراف و جوانب میں سفر کا اتفاق ہوا پھر چند سال دکن میں ایام گذاری کی - سنہ ۱۲۶۰ھ کے قریب جمعیت خاطر بہم پہونچا کر کرنال میں مستقلاً سکونت اختیار کی - اس سے زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا

یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے -

کبھی ہے مژگانِ غم پہ احسان چشمِ نم کا　　کبھی حقِ نمک ہے زخمِ دل پر اُس تبسّم کا

ترے غم کی بدولت آگ یہ دل میں بھڑکتی ہے　　کہ گر اک آہ کھینچوں آب ہو زہرہ جہنم کا

تپِ دوری سے شعلے استخواں سے یوں نکلتے ہیں　　بھڑکتے جیسے ثواب آتش سے پارہ پارہ ہیزم کا

جادو۔ نواب میر احتشام علی خاں صاحب بہادر خلف اکبر و جانشین نواب میر ابراہیم علیخاں صاحب بہادر توفا مرحوم ریاست بڑودہ گائکواڑ کے درجہ اول کے سردار ہیں۔ آپ نقوی مودودی سادات میں ہیں۔ آپ کے اجداد کا وطن قصبہ سہسوان ضلع بدایوں قسمت روہیلکھنڈ متعلقہ ممالک متحدہ ہے۔ مگر اب عرصہ سے بڑودہ ہی میں قیام ہے۔ آپ کے والد مہاراجہ بڑودہ کے مصاحب اعلےٰ تھے۔ اُن کے اسلاف کو سرکار بڑودہ سے ایک معقول جاگیر عطا ہوئی تھی۔ جسپر آجتک جناب جادو متصرف ہیں۔ حضرت جادو ۵ ربیع الثانی ۱۳۰۵ھ کو بڑودہ میں پیدا ہوئے۔ ابتداً کچھ کلام اپنے والد کو دکھایا بعد ازاں سال ہا سال ثاقب بدایونی سے اصلاح لیتے رہے۔ پھر تیمنا و تبرکاً چند غزلیں حضرت ظہیر دہلوی کی خدمت میں پیش کیں صاحب دیوان ہیں۔ مگر ہنوز دیوان طبع نہیں ہوا ہے۔ آپ کے مورث میر سرفراز علی خانصاحب بہادر سہسوان سے اول بڑودہ میں آئے اور درجہ اول کی سرداری پر بہ جلد و بڑے بڑے اہم کارہائے ریاست کی انجام دہی کے فائز ہوئے۔ اُس وقت سے ابتک برابر ریاست میں سے وہی اعزاز و مراعات حاصل ہیں اور برٹش گورنمنٹ میں بھی ریاست کی مثل اعزاز ہے۔

ان کی عمر اس وقت ۴۰-۴۲ سال کے قریب ہے۔ مہاراجہ صاحب بڑودہ کی مصاحبت میں یہ بھی رہ چکے ہیں۔ کلام نہایت پاکیزہ۔ خیال بلند۔ تلاش اعلےٰ۔ بندش چست۔ زبان صاف اور ستھری ہے۔ طبیعت میں شوخی بھی بقدر ضرورت و مناسب ہے۔ اپنے اُستاد کے رنگ میں کہتے ہیں اور ایک حد تک اُس میں کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

کوئی دیکھے تو عالم میرے جذب شوق پنہاں کا	ہوا ہے روکنا دشوار اب ناوک کو پیکاں کا
قیامت جوشش وحشت کی ہے ہنگامہ آرائی	کہ صبح روز محشر چاک ہے میرے گریباں کا

تن عریاں کو خارِ دشت سے پیوند ہی کردے
ٹھکانے ہی لگادے اے جنوں ٹکڑا گریباں کا

تنِ مجروحِ بسمل کی وہ دعوت کرنیوالے ہیں
مزہ جب ہے کہ زخموں سے ہو منہ پھیکا نمکداں کا

نہ کوئی پوچھنے والا نہ کوئی سننے والا ہے
ہماری بیکسی سے ہے آئینہ گورِ غریباں کا

اوڑے پھرتے ہیں ہم دوشِ صبا پر چار سُو جادو
ہماری لاغری میں ہے اثر تختِ سلیماں کا

تو ہی عمرِ گ ناگہاں مشکل مری آسان کر
چین سے سو جائیں ہم تُربت میں چادر تان کر

منہ مرا حیرت سے تکتے ہیں سرِ بزمِ عدو
دیکھنا انجان وہ بنتے ہیں کیسے جان کر

وصل میں بھی لی نہ کروٹ میرے بختِ خفتہ نے
سونے والے سو رہے منہ پر دوپٹہ تان کر

کوئے جاناں پاس ہے واماندہ میں ہوں اے صبا
اب تو مشتِ خاک پر تو ہی ذرا احسان کر

مرتے مرتے میرے سر پر بارِ احساں دھر دیا
آئے بالیں پر گھڑی ساعت کا مہماں جان کر

آئے ہیں ہنگامہ ہائے کوئے دلبر دیکھکر
خاک جی بہلیگا سیرِ روزِ محشر دیکھکر

ہے مزا کشتۂ نازِ بتِ محشر خرام
پاؤں رکھنا اس طرف اے شورِ محشر دیکھکر

حسرتِ دیدار پوری سخت جانی سے ہوئی
دیر تک تڑپا کئے سوئے ستمگر دیکھکر

ہو گئے بیتاب تم تو سنتے ہی ذکرِ عدو
ورنہ دل دیتے ہیں سب اے بندہ پرور دیکھکر

کھل نہ جائے پردۂ عشقِ بتِ پردہ نشیں
اشک ریزی ہجر میں اے دیدۂ تر دیکھکر

ہو نہ ہو آہِ رسا نے کچھ اثر پیدا کیا
ورنہ کیوں مضطر ہیں وہ جادو کو مضطر دیکھکر

ہے یہ مشکل کہ وفادار و نباہ دستور نہیں
ورنہ میں ہجر میں مرنے سے بھی مجبور نہیں

عشقِ پنہانِ عدو باعثِ رسوائی ہے
وجہ شہرت ہے وہی بات جو مشہور نہیں

لیگئی لوٹ کے رونق مرے گھر کی شبِ وصل
کہ رخِ صبحِ جدائی پہ ذرا نور نہیں

دل سے آجائے زباں تک نہیں ممکن واعظ
الفتِ پردہ نشیں آرزوئے حور نہیں

وہ سنیں کان لگاکر یہ کہاں ممکن ہے
میرا افسانۂ غمِ غیر کا مذکور نہیں

میں وہ ہوں شورشِ بادۂ حرماں ساقی
کہ مرے زخم کی قسمت میں بھی انگور نہیں

میں وہ ہوں کشتۂ یاس و تمنا میرے ماتم میں ۔ کہ کسی کے دامنِ شمشیر سے زخموں نے منہ ڈھانکا

حجتِ وعدۂ فردا پہ غضب ہے جادو
وہ یہ کہتے ہیں قیامت بھی تو کچھ دور نہیں

مٹنے میں بھی آپ کا پتا ہوں
میں کوئے عدو میں نقشِ پا ہوں

محفل میں نگاہ کب ہے اون پر
اوروں کی نظر کو دیکھتا ہوں

آنکھوں میں بسی ہے شکلِ وحدت
آئینہ میں اُن کو دیکھتا ہوں

مجبوریِ عشق صلحِ کُل ہے
دشمن سے بھی دوستی نباہوں

جادو مرا مُدعی ہے کافر
مومن میں اپنے وقت کا ہوں

عشق کو پردہ دریِ حسن کی منظور بھی ہو
ورنہ موسیٰ ہوں وہی اور وہی طور بھی ہو

نحنُ اقرب سے کھلا صاف یہ مضموں یعنی
وہ رہے دل میں جو نزدیک بھی ہو دور بھی ہو

رہکے ہر شے میں نہاں ہو نہیں سکتی ظاہر
جتنے مختار ہو تم اُتنے ہی مجبور بھی ہو

کیف ہو نشۂ عرفاں کا دو چنداں واعظ
تیری تسبیح میں گر دانۂ انگور بھی ہو

کوئی دیکھے نظرِ اہلِ نظر سے جلوہ
آپ ناظر بھی ہو تم آپ ہی منظور بھی ہو

شہرتِ پردہ نشینی ہوئی شکلِ عنقا
تم جو نظروں سے ہو معدوم تو مشہور بھی ہو

کب ہوا رشک سے اظہارِ تمنا منظور
کب گوارا ہے زباں سے ترا مذکور بھی ہو

لن ترانی سے غرض جلوۂ جاناں کو نہیں
دیکھنے والوں کی آنکھوں میں اگر نور بھی ہو

قابلِ دید ہے حسرت بھی تمہاری جادو
دور منزل سے ہو اور ضعف سے مجبور بھی ہو

زیب و زینت سے اُنہیں فرصت نہیں ہر آئینہ
رات بھر ہے روئے دشمن اور دن بھر آئینہ

شکلِ خوبانِ جہاں رہتی ہے ہر دم دلنشیں
کچھ عجب رکھتا ہے خوبی مقصد آئینہ

شکل خوب و زشت ہے اُس میں ہویدا صاف صاف
حق نمائی کا مگر رکھتا ہے جوہر آئینہ

معرکہ میں ہے قاتل سخت جانی سے ضرور
خوں ٹپکتا ہے جو چشمِ جوہرِ شمشیر سے

اب بھی جذبِ سوزِ پنہاں کا مرے قائل نہیں
آب تک تو کھنچ گئی قاتل تری شمشیر سے

خوف ہے یہ ضعف سے کے آزار سے
دب نہ جاؤں سایۂ دیوار سے

پھر صفائی تن پہ نہ ذرے سے کھلتا نہیں + اپنی ضرورت از پہ بارۂ سے نزدیک

شاد ہوتے خواب میں دیدار سے
آنکھ لڑتی طالعِ بیدار سے

اب تو گر پڑتی ہے اٹھ اٹھ کر نظر
تھک گیا ہوں انتظارِ یار سے

کیوں نہ ہو اے جادوئے نازک خیال
طرزِ مومن ہے عیاں اشعار سے

کچھ اس انداز سے دیکھا کہ رحم آ ہی گیا ان کو
مری خوش قسمتی میری نگاہِ واپسیں نکلی

ہزاروں رنگ بدلے حادثاتِ دہر نے لیکن
نہ سر سے آسماں سرکا نہ پاؤں سے زمیں نکلی

کسی کا وصل کی شب ناز سے منہ پھیر کر کہنا
کسی کے دل کی حسرت اب بھی نکلی یا نہیں نکلی

قضا آئی جو فرقت میں ہوئیں سب مشکلیں آساں
کہ حسرت بن کے سینے سے مری جانِ حزیں نکلی

ہوئی جب آنکھ سے باہر دلِ بسمل میں جا بیٹھی
نگاہِ ناز قاتل بھی عجب پردہ نشیں نکلی

بنایا آسماں اوجِ مضامیں سے اُسے جادو
زمانے میں نئی جب شعر کی کوئی زمیں نکلی

سرِ محفل نہ دیکھو تم کنکھیوں سے مری جانب
کہیں رکھدیں نہ تم پر کوئی تہمت دیکھنے والے

جادو

جادو۔ منشی محمد رکن الدین جادو دہلوی خلف خان بہادر مولوی محمد انوار الحق مرحوم سابق میر منشی ریذیڈنٹی راجپوتانہ۔ پہلے اپنے چچا ادیب مرحوم کے شاگرد اور تاوان تخلص کرتے تھے۔ پھر حضرت داغ دہلوی مرحوم کے شاگرد ہوئے۔ علمی استعداد کافی ہے۔ مزاج میں وارفتگی زیادہ ہے۔ ریاست بھرتپور میں نائب میر منشی تھے۔ پھر ترک روزگار کرکے دہلی چلے آئے۔ اب سُنا ہے کہ پھر اپنی قدیم ملازمت پر بحال ہوگئے ہیں۔ جوان تیز طبع اور مزاج میں ظرافت خلقی ہے۔ مولانا عبدالحق محدث دہلوی کے خاندان سے ہیں۔ اپنے والد کے ہمراہ راجپوتانہ کی اکثر ریاستوں کی سیر کی ہے۔ یہ ان کے کلام کا انتخاب ہے۔

سمجھ لو اپنے دل میں پوچھنا کیا
ہماری آرزو کیا مدعا کیا

ہو جان کو گر ایک مصیبت تو رو دیئے
دل بھی یہاں ملا تو ترے اختیار کا

بیوجہ آسماں نہیں گردش میں رات دن
اسپر پڑا ہے صبر کسی بے قرار کا

دے کے دل آپکو لے جان چلے آتے ہیں | بیچکر دین مسلمان چلے آتے ہیں

کس کو دھوکے میں کیا قتل لگے ہاتھ کہ وہ | ہاتھ ملتے ہیں پشیمان چلے آتے ہیں

دیکھکر مجکو وہ کہتے ہیں یہی ہیں جادو | یہ جو چپ چلتے ہوئے انسان چلے آتے ہیں

عدو کو بٹھکر پہلو میں میرے یاد کرتے ہیں | کبھی وہ شاد کرتے ہیں کبھی ناشاد کرتے ہیں

دلنواز آپ تو فرمایئے کیا دیتے ہیں | دل انہیں کا ہے کہ دل اہلِ وفا دیتے ہیں

مرمٹا تیرا تصور بھی ہمارے دل پر | مٹنے والے وہ بلا ہیں کہ مٹا دیتے ہیں

زندہ رہجاتے ہیں جی جاتے ہیں مرنے والے | معجزے تیرے مسیحا کو جلا دیتے ہیں

وہ کسکے نوکِ مژگاں کی کہاں اب چھیڑ چھاڑ | ڈھونڈھتے ہیں زخم کوئی نیش زن ملتا نہیں

تم نہیں پہلو میں کیا دل نے بھی کی پہلو تہی | تم نہیں ملتے تو دل بھی جانِ من ملتا نہیں

ہائے کیا ناشاد ہے جادو کہ جسکو بعدِ مرگ | عشق کی سرکار سے گور و کفن ملتا نہیں

جادو اب اغنیائے زمانہ کا ہے یہ حال | دیتے نہیں فقیر کو ٹکڑا اٹھا کے ہاتھ

سنتا ہوں کہ مہمان وہ بت غیر کے گھر ہے | پتھر پڑیں اس پر کہ دعا کا یہ اثر ہے

بالیں پہ سراسیمہ کوئی رشکِ قمر ہے | او بے خبری تجھکو بتا کچھ بھی خبر ہے

رہے کمبخت کیا ٹھکانے سے | بن گئی دل پہ دل لگانے سے

وہ اٹھا جو ہے زمانے سے | روٹھتا ہے مرے منانے سے

کیا زمانہ ہے دوستی کا تری | دشمنی ہو گئی زمانے سے

جور میں بھی ترے اک چیز ہے لذت والی | لطف کا جس میں مزا ہو وہ ستم اچھا ہے

کھوٹے داموں بھی نہ لوں دولتِ دنیا ہرگز | کہ درم سے مجھے یہ داغِ درم اچھا ہے

اُن کو دعویٰ تو ہے مجھسا نہیں دنیا میں کوئی | لیکر آئینہ جو دیکھیں گے تو حیران ہونگے

جادو - منشی تہور حسین صاحب جادو سنہ ۱۲۸۳ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کی طبیعت خداداد آغاز شباب سے شعر و سخن کی طرف متوجہ رہی ہے۔ سترہ اٹھارہ سال کی عمر میں حضرتِ جلال لکھنوی

جادو [illegible]

کی شاگردی کا فخر حاصل کیا اُسی وقت سے بصیغۂ فوج ریاست رامپور میں ملازم رہے خدمتِ کار منصبی سے جو وقت فرصت ملتی تھی غزل گوئی میں مصروف رہتے تھے۔ بہت سا کلام جمع ہو گیا تھا پندرہ سولہ سال کا زمانہ ہوا کہ ایک پیر روشن ضمیر کی خدمت میں حاضر ہو کر مرید ہو گئے۔ ان کے فیض صحبت سے زیادہ فرصت کا وقت یادِ الٰہی میں صرف ہوتا ہے۔ یہانتک فقر کی جانب طبیعت راغب ہوئی کہ فوج کی ملازمت سے دست بردار ہو گئے۔ رات دن گوشۂ تنہائی میں یادِ خدا کرتے رہتے ہیں۔ اسی حالت میں وہ مجموعہ تصنیف تلف ہو گیا۔ دس۱۰ بارہ۱۲ سال سے ایک مصرع بھی کہنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ دو سال ہوئے کہ احباب کے مجبور کرنے سے کبھی کبھی غزل کہہ لیتے ہیں ورنہ ہر دم ذکرِ الٰہی میں مستغرق رہتے ہیں دنیوی ساز و سامان سے متنفر ہے گیروا کرتا گیروا تہبند زیبِ تن رہتا ہے۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

نمایاں حسن کرنا ہے تو مجکو کیوں رُلاتے ہو — مہِ روشن چھپا دیگا برسنا ابرِ باراں کا

اُڑائیں دھجیاں جب پیرہن کی دستِ وحشت نے — غبار کوئے جاناں نے تنِ عریاں مرا ڈھانکا

تصور نے ترے ظالم یہانتک تفرقہ ڈالا — کہ ملنا ہو گیا دشوار اب مژگاں سے مژگاں کا

خیالِ یار بچتا تھا اگر ایذا رسانی سے — دلِ مجروح میں تارِ نفس کا کیوں دیا ٹانکا

کسی فن میں ہو تو کامل ہو بقول آتش کے اے جادو — نشاں رہتا نہیں ہے نام رہجاتا ہے انساں کا

اللہ ری لاغری کہ مرا جسم ناتواں — حدِ گمان و وہم سے باہر نکل گیا

نامِ وفا لیا تھا کہ جادو زباں کٹی — اچھا ہوا کہ کچھ اور نہ مُنہ سے نکل گیا

روئے جاناں کا تصور بنگیا انوارِ صبح — راتدن حاصل ہے آنکھوں کو مری دیدارِ صبح

اپنا اپنا بخت ہے اب دیکھو جاتا ہے کہاں — شام کا وعدہ ہے مجھ سے غیر سے اقرارِ صبح

داغِ دل جلتا ہے دوزخ کا نمونہ ہو کر — چشمِ تر نے نہ بجھایا اسے دریا ہو کر

دیکھ لینا یہی رونا ہے تو آنسو میرے — ایکدن غرق کریں گے مجھے دریا ہو کر

جس اذیت کا نہ دنیا میں ٹھکانا ہو کہیں — دل میں آبیٹھے مرے میری تمنا ہو کر

آنکھیں تلووں سے ملیں میری زباں کاٹی گئی

حالِ غمگیں حالِ خستہ ایک ہے پھر فرق ہے
نیک و بد جادو کسی کا دیکھتا ہے کس لئے

فریاد آہ کے در سب بند ہو گئے ہیں
بیہوشیٔ جنوں میں یہ بھی خبر نہیں ہے

عشقِ بتاں کے صدمے حوروں کی آرزوئیں
بیٹھو تھک کے اے جادو اڑاؤ خاک جنگل کی

دردِ دل یوں ہے مرے نالۂ شبگیر کے ساتھ
رہگیا قتل کا ارمان دلِ قاتل میں ہائے

روح قالب سے تو پہلو سے مرا دل نکلے
فقر وہ چیز ہے جادو کہ گلیمِ درویش

کہا جب وصل ہو ممکن کوئی تدبیر ایسی ہے
جسے تو آئینہ میں دیکھکر ہے محوِ نظارہ

تنِ لاغر کو میرے دیکھ کر کہتا ہے وہ ظالم
کوئی سر ٹھوکروں میں ہے کسی کا سر ہے زانو پر

اُس خاکِ رہگذر میں میں ناتواں پڑا ہوں
دلکو قرار ہے نہ جگر کو قرار ہے

ترے مژگاں کے زخمی ایک حالت پر نہ سب دیکھے
بنا کر آئینہ تو دلکو اپنے دیدیا میں نے

اسی کا نام عاشق ہے تلاش یار میں برسوں
مری آنکھوں سے ٹپکی خون ہو کر آرزو دل کی

کون دنیا میں فغاں کرتا نہیں روتا نہیں
زخمِ دل ہنستا ہے اکثر میں کبھی ہنستا نہیں

جب سے تجھے اچھا بُرا اپنا نظر آتا نہیں
ضبطِ فغاں کی مُہریں میری زبان پر ہیں

بیٹھے ہیں ہم زمیں پر یا آسمان پر ہیں
دونوں جہاں کے جھگڑے اس ایک جان پر ہیں

کرو کچھ دشت پیمائی ابھی بیدست و پا یوں ہو
جیسے لپٹی ہوئی زنجیر ہو نخچیر کے ساتھ

بسملِ ناز کا دم کھنچ گیا شمشیر کے ساتھ
تیری شمشیر کے ہمراہ ترے تیر کے ساتھ

ہمسری کرتی ہے دوشالۂ کشمیر کے ساتھ
وہ بولے تیرا منہ ایسا تری تقدیر ایسی ہے

مرے چشمِ تصور میں بھی اک تصویر ایسی ہے
مرے نقشِ کفِ پا میں بھی اک تحریر ایسی ہے

نصیب ایسا کسی کا ہے کوئی تقدیر ایسی ہے
نقشِ قدم کی صورت ہر اک مٹا رہا ہے

یارب یہ کس بلا کی شبِ انتظار ہے
ہزاروں بسملیاں دیکھے ہزاروں جاں بلب دیکھے

تماشا اسکی قدرت کا وہ دیکھے یا نہ اب دیکھے
کرے مثلِ فلک چکر نہ دن دیکھے نہ شب دیکھے

تری اُلفت نے مٹی میں ملادی آبرو دل کی

رفاقت اسکو کہتے ہیں محبت ایسی ہوتی ہے	رہی دلمیں کبھی دل سے نہ نکلی آرزو دل کی

جالب

جالب ۔ منشی سید بشارت علی دہلوی ۔ انگریزی اور فارسی میں بھی کافی استعداد رکھتے ہیں ۔ بڑے ذہین اور طبیعت دار شخص ہیں ۔ اخباری دنیا میں خاصی شہرت حاصل ہے ۔ مدرسہ چھوڑنے کے بعد سے مضمون نگاری کا مشغلہ ہے ۔ پیسہ اخبار ۔ اودھ اخبار ۔ روزانہ دہلی ۔ وطن ۔ وکیل ۔ شریف ۔ مخزن ۔ متعدد اخباروں میں اڈیٹری کر چکے ہیں ۔ مگر کسی جگہ جمکر نہیں رہتے اس فن میں آپ کو خاصہ ملکہ ہے ۔ نظم کیطرف توجہ کم ہے ۔ آپ کو حضرت داغ دہلوی سے تلمذ حاصل ہے اور ایکمرتبہ چند ماہ اُن کی خدمت میں دکن میں بھی رہے ہیں ۔ اب ۴۰ سال کی عمر ہے اور امرتسر میں کسی اخبار کے اڈیٹر ہیں ۔ چند غزلیں نظر سے گذریں انکا انتخاب حاضر ہے ۔

کسی عاشق پہ جب بیداد کرنا	ہمیں بھی اُو ستمگر یاد کرنا
وارفتہ جو کسی کی کمر اور دہاں کے ہیں	اُنکو خبر نہیں کہ کہاں ہیں کہاں کے ہیں
جنت کا حال کھلگیا دورِ شراب سے	اُس میکدے میں ندیکے سارے جہاں کے ہیں
ہم کچھ ہلاک نہیں جو مریں حور وخلد پر	ایک بُت پہ جان دیتے ہیں ہندوستاں کے ہیں
اے عندلیب تو نے کہا سنے اُڑا لئے	یہ رنگ میرے نالۂ آتش فشاں کے ہیں
اُن سے اُمید وفا بالکل فضول	اور اپنی تاب وتب بے فائدہ
حالِ دل کہنے پہ یہ پایا جواب	بس زیادہ بک نہ اب بے فائدہ
اپنے بیماروں کو مرجانے بھی دے	تم ہوئے عیسیٰ لقب بے فائدہ
جالب اب گستاخ ہی بنجاؤ تم	لیے کمسن کا ادب بے فائدہ
جالب خدا کیواسطے اس پھیر میں نہ آ	زلفوں میں پھنسکے دلکا نکلنا محال ہے
چھوڑ دے خود نمائیاں اتنی	کہیں تجھکو نظر نہو جائے
اپنا مرنا بھی میں قبول کروں	غیر کا تُو اگر نہو جائے

زلف و ابرو کجی پہ ہیں ہر دم — کہیں آپس میں شر نہو جائے

جان

جان ۔ جان علی جان ۔ قرابتدار نواب بیرم خاں مغفور امیر عہد احمد شاہ بادشاہ ۔ میر تقی میر کے شاگرد تھے اور آزادانہ زندگی بسر کرتے تھے ۔ ایک شعر ملاحظہ کیا گیا۔

ذکر اُس زلف کی درازی کا — صبح سے تا بہ شام ہوتا ہے

جان

جان ۔ اشرف خاں جان ۔ شاگرد شیخ غلام ہمدانی مصحفی ۔ غازی الدین حیدر کے زمانے میں لکھنؤ میں رہتے تھے ۔ دیوان مرتب ہو گیا تھا مگر اُسنے شہرت نپائی ۔

دل دیکے تجھ کو یار ترا یار میں ہوا — البتہ یہ خطا ہے گنہ گار میں ہوا
مانند شمع نور سے روشن خدا کرے — کاٹا جو تو نے سر تو سبکسار میں ہوا
اے داغِ سینہ باعثِ شہرہ ہوا ہے تو — مانند لالہ سب میں نمودار میں ہوا
ہر ہر قدم پہ پیسیگا دلکو مرے وہ شوخ — آفت ہوئی کہ مائلِ رفتار میں ہوا
نظارہ اُسکا کرتے ہی حیرت سی ہوگئی — دروازہ سے وہ نکلا تو دیوار میں ہوا
آنکھوں نے تیرے باغ میں رنگ کر دیا — نرگس کو جا کے دیکھا تو بیمار میں ہوا
بوسے لئے نشہ میں لبِ سرخ رنگ کے — غافل ہوا وہ شوخ تو ہشیار میں ہوا
اے جاں مرے فریب کو تو دیکھ تو ذرا — بیگانہ ہو کے محرمِ اسرار میں ہوا

جان

جان ۔ جانعالم خاں لکھنوی خلف نواب منور خاں مغفور ۔ برادر خرد نواب روشن الدولہ ظفر خاں فن سخن میں میر سوز مرحوم سے اصلاح لیتے تھے ۔ نثر بھی خوب لکھتے تھے ۔ فی الجملہ علوم عربیہ سے واقف تھے ۔ خطِ نستعلیق و شکستہ میں ید طولی حاصل تھا ۔ یہ اُن کے اشعار ہیں ۔

چھوڑ عارض دل نے گھیرا زلفِ مشکیں فام کا — صبح کا بھولا غنیمت ہے جو پہنچے شام کو
لگا خوبانِ نوخط سے یہ ملنے کو — گھسیٹا پھر مجھے کانٹوں میں دل نے
اُس سنگدل کے دل میں ذرا بھی نہ راہ کی — دور از اثر سدا رہی ہمت تیری آہ کی
بیٹھا ہوں یار آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے — جوں تابداں میں شیشۂ رنگیں دھرے ہوئے

جانصاحب

جانصاحب ۔ میر یار علی ولد میر امن شاگرد نواب عاشور علی خاں لکھنوی۔ لکھنؤ انکا
اصلی وطن تھا مگر آخر عمر میں بسبب ملازمت زیادہ تر رامپور میں رہے۔ زندہ دل خندہ پیشانی
مرنج مرنجان آزاد منش شخص تھے۔ فنِ شعر کا ہر اک شایق۔ ان کے نام اور طرز کلام سے واقف ہے
کہنے کو اور بھی لوگوں نے اس کوچے میں طبع آزمائیاں کیں مگر جو نام انہوں نے پایا وہ اور کسیکو
حاصل نہوا۔ دراصل سعادت یار خاں رنگین اور سید انشا اس طرز کے موجد تھے۔ مگر انہوں نے
جو کچھ کہا تفنن طبع کے لئے۔ برخلاف اُنکے جانصاحب نے اپنی تمام عمر اسی خاص صنف
میں بسر کر دی اور اپنی خاص روش میں اُستادی کا رنگ پیدا کیا جیسا کہتے اچھا تھے پڑھتے
بھی خوب تھے۔ سُنا گیا ہے کہ مشاعروں میں زنانہ لباس سے شریک ہوتے تھے۔ اور پڑھنے
میں وہ وہ ناز آفرینیاں کرتے تھے کہ سامعین ہنستے ہنستے لوٹن کبوتر بنجاتے تھے۔

۱۸۵۸ء میں ہر چند کہ لکھنؤ آباد اور شاہی برقرار تھی جانصاحب بہ تلاش معاش دہلی آئے اور یہاں سے
پھر بھوپال پہونچے۔ مگر ناکام رہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ لکھنؤ جیسے شہر میں جہاں شاہی میں
ہُن برستا تھا انہیں معاش کی طرف سے کبھی دلجمعی حاصل نہیں ہوئی اِسے شومیِ تقدیر کہو خواہ
ناقدریِ فن۔ ۱۲۹۰ھ میں ۶۳ برس کی عمر تھی اور رامپور میں نواب کلبِ علی خاں کے دامنِ
دولت سے وابستہ تھے۔ .. برس سے زیادہ عمر پاکر انتقال کیا۔ مستورات کے رسم و رواج خیالات
اور جذبات سے خوب واقف تھے۔ اور اکثر ایسے ہی مضامین نظم کرتے تھے۔ عورتوں کے
روزمرّہ اور محاورات میں حیرت انگیز دسترس حاصل تھی۔ ان کے اشعار مخربِ اخلاق و خلاف
تہذیب مضامین سے مملو ہیں اسی وجہ سے اب ایک عرصہ سے انکا کلام چھپنے کی ممانعت ہوگئی ہے۔
عرصہ ہوا دو دیوان چھپے تھے اون میں سے کچھ اشعار منتخب درج کئے جاتے ہیں جو دائرہ تہذیب
سے خارج نہیں۔

خصم دو جور نکالے ہوا جو سر کا پانسہ ہے
بدی جس سے کریگا سامنا ہوویگا ذلت کا

اگر دوزخ نہ ہوتا قدر کرتا کون جنت کی
سہے رتبہ سوم کی جنت سے حاتم کی سخاوت کا

پڑا ہی کیوں زلیخا مولوی صاحب نے یوسف کو
دپھینکا ڈھیلا نہ کھنکارے چپ چپ چلے آئے
کھلتی ہے جبھی ٹھوکریں کھانے کی حقیقت
یہ دل سوس کے چپ بھی رہا نہیں جاتا

کیا خانہ خراب اُسکو دکھایا کوچہ الفت کا
کسی کے گھر میں کوئی بے خطر نہیں آتا
سر پہ جو کوئی چاہنے والا نہیں ہوتا
گلا جو کرتی ہوں چاہت کا ہے مزہ جاتا

ہے منافع جو مسئلہ سے سوا
مرگئی سوت مگر غم نہیں بھولا مجکو

شود کھانا بھی اب حلال ہوا
جانصاحب نہ کبھی وسلے یہ کانٹا نکلا

اُسکے قربان دو آنکھوں سے جو چار آنکھیں ہیں
مرزا مقیم سینکڑوں آتے ہیں جوہری

کرتی مضمون ہوں آتو کی دعا سے پیدا
گوہر نے گھر کو جوہری بازار کردیا

کہے ہیں دیتی ہوں لاڈو خانم قسم خدا کی یہ دیکھ لینا
نکال لونگی میں دونو دیدے کیا کسی سے جواب شارا

چھوٹے دیور سے مرے پروا کیا
باجی صاحب اُوہی تم نے کیا کیا

بچی جو موئی میری داماد بہت رویا مجھ
ایک ایک نقطہ پر اجی لڑتے ہیں مردوئے
تیسرے دن نہیں جلتے ہیں کسیکے گھر سے
قبر میں روح کو صدمہ ہوگا مرزا
کیا سخی اگلا زمانہ تھا بوا منصیار کو[ط]

مرنے پہ کھلی الفت ناشاد بہت رویا
محفل مشاعرہ کی اکھاڑا ہے بھیم کا مجھ
اور رہجاؤ بوا آجکا دن آجکی رات
سوت بچوں پہ اگر ہوگی خفا میرے بعد
لاکھ توڑے دیدئے اک لاکھ کی زنجیر پر

نہ دیکھ دولھا کو ساس نندوں کے آگے گھونگھٹ اُٹھا اُٹھا کر
نئی نویلی دولھن ہے بچی ابھی تو دو چار دن حیا کر
نکاحی بیاہی کو چھوڑ بیٹھے متاعی رنڈی کو گھر میں ڈالا
بنایا صاحب امام باڑہ خدا کی مسجد کو تنے ڈھا کر

کیا زمانہ برا ہے اچھی بی
کوئی کرتا نہیں کسیکا پاس

[ط] نواب آصف الدولہ کی فیاضی کی طرف اشارہ ہے

یہ حُسن کے ہیں گاہک مردونکو خوب دیکھا
بنوا شراف کے جو ہر مٹیں تکلیف سے کب

جان سُولی پہ رہے گی مری بہیا منصور
کچھ نہیں نرگس کو مرزا تن بدن کاپنے ہوش

برسوں بچی کو نہیں پیار کبھو کرتے ہیں
جو جو نہیں اُٹھائی تھیں مینے اُٹھالیاں

میری ماما نے نکالی ہے نئی مجھ سے چھیڑ
تِل نہیں مانگ میں زنانی کے ہو

آنکھ لڑتے ہی ہو گئی عاشق
سید اکل کھڑے ہیں بوا کائنات میں

اُٹھاتی جا کے عدالت میں ہیں بڑی رو لی
تم نہ آئیں دل بہت تڑپا ہمارا رات کو ہو

جانصاحب میں نہوسنے دونگی بچی کو سوار
یہ ورثہ کا جھگڑا ہے سنو چھوٹی ممانی

ہے خدا کی شان وہ افضل النسا خانم بنے
روز پھر آتی ہے لونڈی مری جا گو خالی

کمال مُنہ کا نوالا نہیں ہے بی نعمت
کیا ریختی کہکے کیا نام ہے پیدا

ہنستے بچے کو رُلا دیتے ہیں کیا خو ہے بری
کرونگی دہوم سے شادی بوا نسبت تو ٹھیری ہے

یہ بات سچ ہے جسبی جس سے پیار ہوتا ہے

یوسف بنا رہے گا بی بی غلام کب تک
زنگ میں لاکھ ہو چھپتی نہیں تلوار اصیل

بدنظر وہ ہیں نہ رکھونگی طرحدار اصیل
کام پردیدہ گلے کیا دل لگا ہے یار میں

پیار بھی کرتے ہیں تو کان میں تُھو کرتے ہیں
بس بس زبان روکو ندو مجکو گالیاں

بھیجتی ہوں کہیں جاتی ہے یہ مردار کہیں
یہ کنہیا کھڑا ہے گوکل میں ہو

موہنی تھی موئے کے کاجل میں
لیکن سمائی سبکی ہے شیخوں کی ذات میں

دوگانا کام تو جھوٹے گواہ کرتے ہیں
ذکر اہی گوئیاں رہا کیا تمہارا رات کو

دنکو کیا سوتی تھی لائے ہو سواری رات کو
دو چار بڑے اپنے ہوں دو چار تمہارے

پچتی پھرتی تھی گلیوں میں جو رکھرنی فالے
بھاڑ میں جائے کرایہ وہ کریں گھر خالی

خمیر حسینی کا بارہ برس میں اُٹھتا ہے
اے جان ترا عیب بھی بہتر ہے ہنر سے

اے کھلائی لے لے بازآئی میں انکے پیار سے
گلہرا ہے مرا او منجھلی بھابی کی گلہری ہے

وہ لاکھ جان سے اُسپر نثار ہوتا ہے

بہو تم ہو خُسر کا مال جو ہے وہ تمہارا ہے || اماں جان کے اسمیں خصم کا کیا اجارہ ہے

انتخاب دیوان دوم

نرالا ہی نظر آیا اُٹھا پردہ جو غفلت کا || تماشہ گاہِ عالم میں تماشا اُسکی قدرت کا

نکھٹو وہ نکلتا ہے خصم جسکو بتاتی ہوں || کسیکے پاس روتی ہے نہ کپڑا میری قسمت کا

سوکن نے پائجامہ پہنا ہے گلبدن کا || پھولو نہیں تُل رہا ہے کانٹا مرے چمن کا

سیدھا بنایا جائے بانکا جو ٹیڑھی بولے || شاہی میں لطف تھا کچھ اے بنّو بانکپن کا

وحشی کو رام کرکے ایسی کتھا سُنائی || ہردم دوگانہ کلمہ پڑھتی ہے برہمن کا

بتاؤں تو ٹکا وہ چھوڑ دیں رنڈی کو خود بہنا || تم اپنی بائیں لٹ چھُٹنے لگے جسدم گہن دہنا

صبر ہمکو کیا ہو شیریں شیر ہے کچا پیا || اُنکو جو روٹی ملی ہو جھڑ کا رہا پھر رات کو

کہیں وہ دیدے گھٹنوں کے آگے نہ آلے || قسم جھوٹی سچی نہ کھاری دوگانا

وہ شورہ رنڈی ہوں نہ گوروں سے ڈری میں || بھگدڑ میں قدم شہر سے باہر نہ نکالا

قسمت کا مری پھیر رہا دم کے مرے ساتھ || اس راہ کا خالق نے بھی چکر نہ نکالا

بیٹی کہی نہیں کہنے میں وہ غیر کا بچہ || سچ پوچھو تو کیا زور ہو دادا دیہ اپنا

سہرے دیکھے ہو چکے بچوں کے بچے ہوئے ابوا || کوئی باقی ہی نہیں دلمیں مرے ارمان اب

اعمال نامہ میرا فرشتوں نے کھو دیا || صد شکر ہوگا حشر میں کیونکر حساب اب

بے ماں کے ضد اُٹھاتے نہیں زنہار باپ || جورو کے مُنہ سے کرتے ہیں بچوں کو پیار باپ

بنّو مثل یہ سچ ہے پسنہاری ماں بھلی || بہتر نہیں ہے ہو جو تونگر ہزار باپ

دل مُوا پیار جسے کرتا ہے کہتا ہے اُسے || اپنے ہاتھوں سے ہے خالق نے بنائی صورت

ایک دم بھر کے تو جینے کا بھروسہ ہی نہیں || کرتے حاکم ہیں بڑا قید کی میعاد عبث

اُڑیں یہ مرغ کبوتر بٹیر کنکوّے || اُسکے حرام ہیں پیسہ تو پالے کیا محتاج

خدا کو پیارے ہیں سید سے بھی ورے سو بھی || جو ایک تیر کو بخشا تو اک کماں کو شرف

ہزار ریختی گو جان منہ چڑھائیں مرا ئو
ملیگا ایسا نہ اُن کے فرشتہ خاں کو شرف

بنا سپاہی موا بیچتا تھا تل شکرے
خدا کی شان یہ پیدا کئے کرارے ڈھنگ

لالوں کی لال ہوں میں دو تو جگہ وطن میں
سُسرال ہے بدخشاں میکہ مرا یمن میں

ریختی پڑھکے بڑھاپے میں مٹکتا ہے بوا
جان صاحب کی اجی دیکھو حماقت نہ گئی

جاوید

جاوید۔ حکیم عبدالغنی خان خلف سید نور خاں حسین اور نیک طینت شخص تھے۔ حضرت منیر شکوہ آبادی مرحوم کے شاگرد اور فن طب میں دستگاہ رکھتے تھے سنہ ۱۲۹۰ ہجری میں موجود تھے یہ اُن کا کلام ہے۔

راس وچپ بیٹھے ہوئے ہیں غیر بزم عیش میں
دل مرا ٹھیرے کہاں خالی نہیں پہلوئے دوست

خموشی اس لئے دیوانگی میں ہمنے حاصل کی
خدا جانے وہ کیا پوچھے ہمارے منہ سے کیا نکلے

حضرت جاوید عشق چشم مست اچھا نہیں
خاک میں ملجائے گی یہ پارسائی آپ کی

جاوید

جاوید۔ مولوی سید محمد کاظم۔ لکھنوی شاگرد رشید و اُستاد زادہ خورشید لکھنوی مرحوم۔ سید محمد جعفر اُمید مرحوم کے بیٹے ہیں۔ ان کے خاندان میں اکثر بزرگوں نے درجہ اجتہاد پایا ہے یہ بھی علمی استعداد زبردست رکھتے ہیں۔ اشعار سے کہنہ مشقی اور پختگی کا پتہ چلتا ہے۔ عیوب سے آپکا کلام پاک ہوتا ہے۔ سہرے وغیرہ کہنے کا بھی شوق ہے۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے۔

بنی تھی رہگذر میں قبر کیوں پامال ہونے کو
کوئی کس منہ سے اب شکوہ کرے اُس آفت جاں کا

اُداسی چارہ گر کے منہ پہ جب آتی ہوئی دیکھی
میں سمجھا یہ کہ ٹوٹا زخم کا میرے کوئی ٹانکا

کفن پہنے ہوئے خود چاندنی آ کے مرے گھر میں
خدا عالم نہ دکھلائے شب مہتاب ہجراں کا

سنا ہے مرکے باتیں خوب ہوتی ہیں فرشتوں سے
لحد جب بند ہوتی ہے تو دل کھلتا ہے انساں کا

جلا شباب میں جو دل بجھا وہ پیری میں
چراغ صبح تھا اب اسکا اعتبار نہ تھا

کسے غرض تھی کہ روتا ہمارے ماتم میں
کوئی لحد پہ بجز شمع اشکبار نہ تھا

ہزار بار رکھا ہاتھ اُسنے سینے پر تو تو
کہ میرے دم کے نکلنے کا اعتبار نہ تھا

حد سے افزوں ہے یہ کہکر ہیں بھی اک مشکل میں تھا
تیر سینے میں ہے گر مہماں تو راحت دوں اسے
حالِ دُنیا پوچھتے ہیں اہلِ محشر تو سُنیں
اُٹھائیں دستِ نازک سے وہ خنجر ذبح ہوتا ہوں
خدا محفوظ رکھے سینکڑوں وسواس آتے ہیں
درِ جاناں پہ آکر حسرتیں بھی مر گئیں دل بھی
کہیں ایسا نہو مرجاؤں ہیں حسرت ہی حسرت میں
نہ جانے وصل میں کیا تھا ہوا ہے ہجر میں کیا
مر کے دکھلایا کہ اسکا نام ہے انجامِ عشق
عبث دلوں میں کدورت کو دوست رکھتے ہیں
لیے ستمگروں سے پڑا تھا مقابلہ ہنوز
مردہ وہ حسرتیں ہیں جو تھیں غمگسارِ دل ہنوز
تصور سے دلِ ناشاد اپنا شاد کرتے ہیں
ہماری عمر آخر کٹ گئی ساری اسیری میں
کون کہتا ہے کیا تھا تمنے وعدہ وصل کا
پروانہ غم میں شمع سمتی رنج و ملال میں
پھر شرگیں نگہ سے ادھر دیکھ لے ذرا
اسکو ہماری فکر نہ کچھ ہمکو اُسکی فکر
دل میں کبھی تو آنکھوں میں رہتے ہو تم کبھی
مرنے کی اک اُمید پہ جی جائیں بے نصیب
پانی کی اور رائے ہوا کا کچھ اور حکم ہنوز

سب سہی پر ور داتنا تھا کہ میرے دل میں تھا
خود نخل کریہ سکے میں بھی کسیکے دل میں تھا
مرنے جینے کا مزہ سب کوچۂ قاتل میں تھا
میں کرلوں امتحاں اُنکا وہ کرلیں امتحاں میرا
نہ ہنس ہنس کے وہ دیکھیں زخمِ قلبِ خونچکاں میرا
پہنچکر آج منزل پر لُٹا ہے کارواں میرا
جو لینا ہو تو لے لو سب سے پہلے امتحاں میرا
جو پھول کل تھے وہ کانٹے ہیں آج بستر پر
کام کہتے ہیں جسے وہ کر گئے ناکامِ عشق
یہ آئینہ ہیں بھلا کب غبار کے قابل
ہے ہمنے شباب میں بھی نہ دیکھی بہارِ دل
ویراں ہے مثلِ گورِ غریباں مزارِ دل
جنھیں تم بھولجاتے ہو وہ تمکو یاد کرتے ہیں
یہی سنتی چلی آئی کہ اب آزاد کرتے ہیں
عذر مجکو کچھ نہیں جھوٹی قسم کھاتے ہو کیوں
دونو غریب رات کو تھے ایک حال میں
فرق آجائے گا تری حسن و جمال میں
دل اپنے حال میں ہے تو ہم اپنے حال میں
اب میں ہوں بیقرار کہ تم بے قرار ہو
تم بھی کسی کے غم میں اگر سوگوار ہو
اب کس طرف سفینۂ عمرِ رواں چلے

جاہ

جاہ - راجہ جنگ بہادر خاں کے۔سی۔آئی۔ای۔ راجہ نانپارہ اودھ - طبقہ تعلقہ داران اودھ میں بڑے ممتاز اور معتقد رئیس گذرے ہیں - اپنی بیدار مغزی ہوشیاری اور خوش انتظامی سے ریاست کے ہر صیغے میں نمایاں ترقیاں کیں - رعایا اور حکام دونوں کو خوش رکھا ۱۳۱۴ھ میں آپ کا دوسرا دیوان چھپا تھا اُسمیں سے چند شعر انتخاب کر کے لکھے جاتے ہیں - غزلوں کی نسبت دوہے اور ٹھمری کہنے کا زیادہ شوق تھا - آدمی فقیر دوست - سادہ مزاج اور خلیق تھے ۱۹۰۱ء میں انتقال کیا - مال و جنس کے علاوہ ایک کروڑ روپیہ نقد خزانہ میں اپنے جانشین صاحبزادے کیلئے چھوڑا - اب اُنکا بھی انتقال ہوگیا اور ریاست زیر انتظام کورٹ آف وارڈس ہے۔

سرمہ بنا ہے کوہ تجلی حسن سے — کیا رنگ ناز طور پر اے جاں دکھا دیا
سوز فراق آتش رخسار یار نے — لو عشق کی لگا کے مجھے کیوں جلا دیا
بسمل تڑپ تڑپ کے یہ کہتا ہے شوق میں — اک ہاتھ اور کیوں نہ ستمگر لگا دیا
ہیں حسینان جہاں سامنے سب تیرے خجل — چہرۂ حور کہوں یا رخ پر نور کہوں
ہو قریب رگ جاں گو ہو نہاں نظروں سے — اس ادا سے تمہیں نزدیک کہوں دور کہوں

جاہ

جاہ - نواب سید بنیاد حسین خاں جاہ رئیس اعظم کانپور - آپ نواب سید احمد حسین مجا سالک مغفور کے فرزند رشید اور نواب معتمد الدولہ وزیر غازی الدین حیدر اول بادشاہ اودھ کی اولاد امجاد سے ہیں چنانچہ شاہ موصوف نے جو وثیقہ اولاد نواب معتمد الدولہ کے لیے مقرر فرمایا تھا اُس سلسلہ میں زائد از ایک ہزار روپیہ ماہوار آپ کو بھی وثیقہ ملتا ہے - اسکے علاوہ زمینداری و دیگر جائداد بھی معقول آپکے ورثہ میں آئی ہے - علوم متعارفہ میں اچھی دستگاہ رکھتے ہیں - فن سخن میں حضرت امیر مینائی سے مستفید ہیں - پہلے دقیق تخلص فرماتے تھے - اب جاہ تخلص کرتے ہیں - ماہ صیام ۱۲۸۰ھ آپ کا سال ولادت ہے - آپ کی تصانیف سے دو دیوان شایع ہو چکے ہیں - اور بیاض نوحجات - اقتباس الانوار بطور کشکول اور کتاب درثمین بھی چھپ گئی ہیں - شعر شاعری کا شبانہ روز مشغلہ رہتا ہے اور حق یہ ہے کہ آپ کا مذاق شاعری نہایت صحیح و شستہ ہے - عادات و اخلاق میں بھی اپنے بزرگان

محتشم کے قدم بہ قدم ہیں اور رؤسا قدیم کی ایک عمدہ یادگار۔ اب کئی سال سے مرثیہ گوئی کا بھی شوق ہے۔ کئی برس سے اب اکثر لکھنؤ میں قیام رہتا ہے۔ کلام فصاحت التیام کا انتخاب ملاحظہ ہو

شام سے وصل میں جاگا جو مقدر اپنا — صبح تک یار کے زانو پہ رہا سر اپنا

حیا جائے تو نکلے دل سے ارماں وصلِ جاناں کا — یہ قیدی مُنہ تکا کرتا ہے زنداں میں نگہباں کا

لہو میں لوٹتے ہیں کشتگانِ خنجرِ الفت — عروسِ مرگ غازہ ملتی ہے خونِ شہیداں کا

متاعِ حسن کی میزاں ہیں آنکھیں عشق بازوں کی — انھیں پلّوں میں سونا تُلتا ہے رخسارِ جاناں کا

عدم کا راہ رو اب راستے میں رک نہیں سکتا — کفن پایا کہ پروانہ ملا شہرِ خموشاں کا

دمِ رخصت کہاں الفت گئی تھی یاد کر ظالم — جھٹک دینا وہ ہاتھوں کا چھڑا لینا وہ داماں کا

بتوں کی ہے یہ گلی جاہ دیکھ بھال کے چل — سنبھل کے چل دلِ بیتاب کو سنبھال کے چل

نقاب ڈال کے چل چال کچھ سنبھال کے چل — ارے یہ عرصۂ محشر ہے دیکھ بھال کے چل

رخسار گلرخوں کے بھی قدرت خدا کی ہیں — کیا کیا کھلے ہیں گُل چمنِ کائنات میں

شیریں زباں ہو تم نہیں زیبا ہیں گالیاں — کیوں دو کسی کو زہر ملا کر نبات میں

حوروں سے کم نہیں ہیں حسینانِ دہر بھی — جنّت کے پھول ہیں چمنِ کائنات میں

دلہائے داغدار کو دے زلف میں جگہ — روشن چراغ ہوں ترے گیسو کی رات میں

جو تڑپائے گا فرقت میں دلِ اندوہگیں مجھ کو — اُگل دیگی دفینہ کی طرح فوراً زمیں مجھ کو

بینا نہیں ہے چشمِ بصارت اگر نہو — آنکھیں ہیں دیکھنے کی جو نورِ نظر نہو

آفت کا سامنا تھا بڑی خیر ہوگئی — دل جا چکا تھا بیچ میں چلمن اگر نہو

ظلم کی عادت بڑھی جور و جفا کی خو بڑھی — مشقِ سفّاکی بڑھے جتنا ستمگر تو بڑھے

کچھ راستے ملتے جو اشارہ کریں حضور — تیغِ نظر چلے تو چھٹے بھیڑ راہ کی

ہجر میں دے نہ سکا ساتھ ہمارا کوئی — دل جگر دونوں میں نکلا نہیں اپنا کوئی

عاشقوں ہی پر ہے سارا زور تیرا اے جنوں — قیس دیوانہ ہوا لیلیٰ نہ دیوانی ہوئی

آپ کے جاتے ہی پھر رخصت ہوا صبر و قرار
پھر شکستِ رنگ کی رخ پر بحالی ہوگئی

جب ہوئے گویا لبِ رنگیں بڑھا حسنِ کلام
غازۂ روئے سخن ہونٹوں کی لالی ہوگئی

یاد میں اُس مہروش کے ہجر میں کیں گریاں
لیلئ شب دھوپ کھا کر اور کالی ہوگئی

سامنے اس روئے روشن کی ضیا پایا جب فروغ
ایسی سمٹی چاندنی چاندی کی تھالی ہوگئی

جاہ - جناب سکندر جاہ صاحب لکھنوی تلمیذ جناب ثاقب بدایونی - حالات باوجود کوشش دستیاب نہیں ہوئے۔ کلام بہم رسیدہ سے چند شعر منتخب ہوکر درج ہوئے۔

ساقی ترے کرم کو بہت دیر ہو گئی
لینا خبر کہ نشۂ مے ہے اُتار پر

اللہ رے نازِ حسن تری بے نیازیاں
دو پھول بھی چڑھانے نہ آئے مزار پر

ہمارا مال وہ ایک ایک کنکر مول لیتے ہیں
کبھی دل مول لیتے ہیں کبھی سر مول لیتے ہیں

خدا کی یاد میں فانی کہاں ہیں حضرت زاہد
یہ حوران جناں ہستی مٹا کر مول لیتے ہیں

خدا حافظ ہے ان عشاق کا بازارِ اُلفت میں
بتوں کا حسن ایماں تک مٹا کر مول لیتے ہیں

ہمنشیں چھیڑ کے گذرے ہوئے افسانے کو
اور دیوانہ بنا دیتے ہیں دیوانے کو

تجھ پہ قربان جو ہوتے مجھے دیکھا سرِ بزم
شمع جل جل کے جلانے لگی پروانے کو

عمر بھر ناصحِ نافہم جو سمجھائے گا
راہ پر لا نہ سکے گا ترے دیوانے کو

آ گئے اس دلِ مضطر کے کہے میں ہر بار
ہم یگانہ ہی سمجھتے رہے بیگانے کو

مر نہ جاؤں کہیں گھٹ گھٹ کے قفس میں صیاد
کب سے بےچین ہوں گلشن کی ہوا کھانے کو

دیکھو ہو جائے نہ محفل میں قیامت برپا
کچھ ہنسی کھیل نہ سمجھو مرے تڑپانے کو

بیطرح سر مرے نالوں نے اُٹھا رکھا ہے
کیا فلک سے ہے کوئی تازہ بلا آنے کو

محتسب دیدۂ بد بیں سے جو دیکھے اے جاہ
اپنی آنکھوں میں چھپا لوں ابھی میخانے کو

رشکِ اغیار کی اک عمر خلش مٹ نہ سکی
یہ وہ کانٹے ہیں کہ سینے سے نکالے نہ گئے

بیکسی کہتی ہے شاہوں کی لحد پر اے جاہ
کچھ بھی دنیا سے یہ حسرت کے سوا لے نہ گئے

جدت

جدت - منشی محمد عزیز الرحمن خاں نام - جدت تخلص - آفریدی سیاہ خیل پٹھان وطن فرخ آباد - خلف الصدق محمد عبد الرحمن خانصاحب ہیڈ کلرک و مترجم عدالت ججی فتحگڈہ ضلع فرخ آباد - چونکہ ان کے والد ماجد حضرت پیران پیر دستگیر کے بدل معتقد اور نیاز گیارہویں کے پابند تھے اس واسطے ان کا تاریخ گیارہ ماہ پیران پیر کو پیدا ہونا خاندان میں نہایت مبارک خیال کیا گیا۔

آپ شاعری میں حضرت داغ دہلوی کے شاگرد ہیں - ذیل کے ناول اُنکی تصانیف سے ہیں جن میں سے چند طبع ہو چکے ہیں - ماہ کامل - بدر - میاں بی بی کا مکالمہ - رشیدا - مجیبہ ا - غیرہ وغیرہ مدت تک اخبار انیس ہند میرٹھ - اودہ پنچ - لاہور پنچ - آگرہ پنچ وغیرہ کی نامہ نگاری کے ہے - ذیل کا منتخب کلام اُن کی جولانی طبع کا نمونہ ہے -

قتل مجھ کو بے خطا عجب کیا	یہ تو کہئے آپ نے پھر کیا کیا
کوسا کاٹا گالیاں دیں آپ نے	میں نے جھوٹوں بھی کبھی شکوا کیا
مرض عشق کا بیمار جو اچھا ہوگا	لب جاں بخش سے اعجاز مسیحا ہوگا
تم تو غیر سے میں تم سے ملوں خوب کہی	کوئی متا ہی اگر ہوگا تو ایسا ہوگا
میں نے پوچھا جو مزاج اُنکا تو یہ فرمایا	آپ کی جان کو ہر وقت دعا کرتے ہیں
مُنہ کو آنچل سے چھپاتے ہیں بُرا کرتے ہیں	کوئی پوچھے تو بھلا آپ یہ کیا کرتے ہیں
واعظا کون ہے تو ہمکو ڈراتا کیوں ہے	جس کے بندے ہیں اُسی کی تو خطا کرتے ہیں
اُن کی آمد کی خبر جب سے سنی ہے قاصد	رات دن بیٹھے ہوئے در کو تکا کرتے ہیں
جو دیکھا گیسوئے پُرشکن کو تو عالم پیچ و تاب میں ہوں	نکیلی پلکوں نے چھانا تن کو بلا کے قہر و عذاب میں ہوں
نہ جان و تن کی خبر ہے مجکو نہ فکر درد جگر ہے مجکو	یہ بیخودی کا اثر ہے مجکو کہ جیسے شغل شراب میں ہوں
رہا دعدوں پہ کوں اپنے نہ قایم تو	ادہر تو دیکھئے آنکھیں ملا کے
بجائیگی ہماری آہ خالی	جلیں گے آپ بھی ہمکو جلا کے
سنی جو بزم فرقت کی کہانی تو	بہت روئے گلے مجکو لگا کے

سوال وصل پر بولے وہ جدت
دغا کرتے نہیں گھر میں بلا کے

چالیں چلتے ہیں نئی حشر اٹھانیکے لئے
تربتِ عاشق ناشاد مٹانیکے لئے

سن کے یہ مژدۂ جاں بخش ہوا شادی مرگ
کہ وہ آئیں گے جنازے کو اٹھانیکے لئے

آپ کی خاکِ قدم کاش مجھے مل جائے
سرمۂ دیدۂ بے خواب بنانے کے لئے

ہائے رے حسرتِ دیدار کہ مرتے مرتے
آنکھوں غماض رہا شکل دکھانے کے لئے

چال اٹکھیلیوں کی چلتی ہوئی آئی بہار
نیند سے سبزۂ خفتہ کو جگانے کے لئے

جدت

جدت - جناب مسعود رضا ساکن - مدد پور - بھاگل پور - معلوم نہیں کہ تلمذ کس سے ہے - اشعار ذیل سے پایا جاتا ہے کہ طبیعت دار شخص ہیں اور روزمرہ زبان پر اچھی دسترس ہے -

یہ ڈھٹائی نہیں تو پھر کیا ہے
کج ادائی نہیں تو پھر کیا ہے

ہمسے نفرت ہے غیر سے الفت
میرزائی نہیں تو پھر کیا ہے

ہم ہیں مشتاق اور تم بیزار
یہ رکھائی نہیں تو پھر کیا ہے

میں کشیدہ ہوں تم کشیدہ ہو
یہ لڑائی نہیں تو پھر کیا ہے

اُس کے در تک نہ پہونچو گے جدت
جب رسائی نہیں تو پھر کیا ہے

جدت

جدت - مستری محمد ابراہیم مقیم شملہ شاگرد شوکت میرٹھی - شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں - استعارہ بندی کی طرف زیادہ میلان ہے - یہ کلام کا رنگ ہو -

دل سکن جیب تھا دل کا نشاں نہ تھا
حیرت کا ہے مقام کہیں تھا مکاں نہ تھا

کس کی چشم مست نے دل پر چلائی تیغ ناز
زخم کے انگور میں بھی ہے مزہ انگور کا

شیخ صاحب گر مے انگور پینا ہے حرام
کس نے جائز کر دیا کھانا تمہیں انگور کا

یہ کھاول سنے کہ میں بھی ساتھ اسی کے جاؤنگا
لے کے خط مجھسے جو رخصت نامہ بر ہونے لگا

وہ مجکو قتل کر کے یہ کہتا ہے غیر سے
چکھو تو تم بھی خنجرِ فولاد کا مزہ

سینے میں یادِ دوست ہو اور دم لبوں پہ ہو
ایسی اگر ہو یاد تو ہے یاد کا مزہ

انساں ہے مبتلائے ہوس روح کا ہے قول
مشکل ہے تیرا چھوٹنا دنیا کے جال سے

جدید

جدید۔ منشی سید محمد مہدی صاحب جدید لکھنوی آپ حضرت تعشق مرحوم کے حقیقی بھتیجے اور جناب محمد مرزا اُنس کے پوتے ہیں۔ گویا خاندانی شاعر و مرثیہ گو ہیں ۱۲۸۵ھ ہجری سال ولادت ہے۔ تیرہ سال کی عمر سے شعر کہتے ہیں۔ پڑھتے بھی خوب ہیں۔ محرم کے زمانہ میں حسب معمولِ خاندان اکثر بیرونجات میں جاتے ہیں۔ چنانچہ اب کئی سال سے دکن تشریف لیجاتے ہیں۔ حضور نظام کی خدمت میں بھی باریاب ہو چکے ہیں۔ مذاق سخن بہت شستہ اور درست ہے۔ مشق سخن کا پوچھنا ہی کیا۔ رہی غزل گوئی وہ مرثیہ کے مقابلہ میں کیا چیز ہے۔ آپ کی زباندانی کی تعریف فضول ہے کیونکہ وہ ان کے خاندان کا حصہ ہے۔ اسکے علاوہ نزاکتِ خیال اور مضمون آفرینی بھی آپ کے کلام میں موجود ہے۔ بہرحال ان کا کلام ہر طرح پاکیزہ اور ستھرا ہے۔ سن شریف ۴۰ سال کے قریب ہے۔ آپ کو مرثیہ گوئی میں جناب تعشق سے تلمذ ہے اور اب تو آپ لکھنؤ میں خود استاد مانے جاتے ہیں۔

دل ہوا خوں جو ترے تیر کا پیکاں نکلا
طُرفہ ماتم ہوا جب گھر سے یہ مہماں نکلا

وہ نہ آئے مرے لاشہ پہ بھی اللہ کرے
یہ تو کہنے میں نہ آئے کوئی ارماں نکلا

حسن وہ چیز ہے ہر ایک جگہ ہوتی ہے قدر
سببِ رونقِ زنداں مہِ کنعاں نکلا

ہم نے حسرت سے نظر کی دلِ مایوس کی سمت
جب سُنا یہ کہ کسی کا کوئی ارماں نکلا

اے زہے جوشِ جنوں اُف رے اسیری کی ہوس
دم بھی نکلا تو قریب درِ زنداں نکلا

قاتل نہ تُو نے ستم کے تڑپنے کی سیر کی
جو کچھ تھا حوصلہ دلِ بسمل میں رہ گیا

اُسکی نگاہِ ناز میں تیزی زیادہ ہو
اک تیر تھا کہ آکے مرے دل میں رہ گیا

دریا گھٹا یہ دیکھ کے اُس بحرِ حسن کو
دھبہ سا ایک دامنِ ساحل میں رہ گیا

دنیا میں گرچہ میں نہ رہا تو نہیں سہی
ذکرِ وفا تو یار کی محفل میں رہ گیا

آخر کسی سے راہِ محبت نہ طے ہوئی
ہر ایک تھک کے عشق کی منزل میں رہ گیا

عمر سب نفس کی طاعت میں بسر کی ہم نے
ہائے افسوس کبھی دن نہ خدا یاد آیا

دل کو تاراج کیا تو نے قیامت کر دی
تیرا ارمان بھی تھا اسمیں ترا راز بھی تھا

ضبط وحشت کا ہے دشوار ذرا حضرتِ قیس
فخر کی بات نہیں آبلہ پا ہو جانا

وہ یہ کہتے ہوئے آتے ہیں مری لاش کیساتھ
چاہیئے حقِ محبت سے ادا ہو جانا

ایسا ہے یار حسنِ رخ لاجواب کا
دریا میں ایک پھول پڑا ہے گلاب کا

جاتے ہیں اس خیال سے خود لیکے اپنا خط
ہم انتظار کر نہ سکیں گے جواب کا

عشق میں خاطر سبھوں کی چاہیئے یکساں کریں
دل کے سو ٹکڑے برائے ناوکِ مژگاں کریں

زخم میرے دلِ سوزاں کے سے جاتے ہیں
جلتے جاتے ہیں وہ ٹانکے جو دیئے جاتے ہیں

اب خبر لیجئے لاش اٹھتی ہے مجبور ہوں میں
سب سبب مجھے آپکے کوچے سے لئے جاتے ہیں

موت سو مرتبہ آ آکے پلٹ جاتی ہے
الٹی سانسیں ترے بیمار لئے جاتے ہیں

ظلم سے اپنے پشیمان ہوا وہ سفاک
آج ٹانکے مرے زخموں میں دیئے جاتے ہیں

اسیرانِ کہن اس ڈر سے کب فریاد کرتے ہیں
کہیں گے آپ یہ سب شکوۂ بیداد کرتے ہیں

ترے آنے کا ذکر اور باتیں بیداد کرتے ہیں
یہ باتیں بہرِ تسکینِ دلِ ناشاد کرتے ہیں

جہاں میں عاشق و معشوق لاکھ چھوٹتے ہیں
کہیں جو رشتۂ الفت ہیں وہ بھی ٹوٹتے ہیں

مثال نشۂ مے نشۂ جوانی تھا
گیا شباب تو اب ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں

رباعی

والی کو یہاں کے شاد و خرم رکھیں
دشمن کو سدا ذلیل و برباد رکھیں

اسلام کا ہے ملک دعا مانگ جدید
محشر تک اسکو حیدرآباد رکھیں

آزمائے کوئی سوزِ عشق کی تاثیر کو
آبلے پڑ جائیں گر چھولے مری تصویر کو

یہ نالہ پوچھتا ہے مجھ حزیں سے
ملا دوں آسمانوں کو زمیں سے کیا

تیرے بیمار بگڑتے ہیں برا مانتے ہیں
اب کے کوئی یہ کہتا ہے کہ حال اچھا ہے

ہے نئی ضد کہ پریشان کرینگے گیسو تو
جب سنیں گے دلِ بیمار کا حال اچھا ہے

بجا ہے اب جو کہیں لوگ اُن کو ہرجائی	تمام خلق کی آنکھوں میں ہیں سمائے ہوئے
نہ اُٹھی ایک سے تکلیف مرے لاش اُٹھانیکی	ہوئیں جب بند آنکھیں کیفیت دیکھی زمانے کی
فکر میں بیٹھے ہیں در پر مری لاش آئی ہے	دل سے فرماتے ہیں کیسی مری رسوائی ہے
پھول گر ہو جائیں یہ خوش قسمتی	آپ کلنے میرے حق میں بو چکے

جدید

جدید - جناب محمد امیر صاحب بلگرامی شاگرد جناب مرزا حاتم علی صاحب مہر ۱۸۹۰ء تک حیات تھے - باوجود تلاش زیادہ حالات معلوم نہو سکے -

عشق کی جب پر عنایت ہو گئی	ہوش زائل عقل رخصت ہو گئی
کیا نظر آیا اُنہیں آئینے میں	کسکو دیکھا کیسی حیرت ہو گئی
خواب میں آیا نظر اُنکا جمال	عین ہشیاری یہ غفلت ہو گئی
کس پریرو پر ہوئے عاشق جدید	کیا ہوا کیوں زرد صورت ہو گئی

جذب

جذب - میر عزت اللہ عرف میر بھکاری - مقیم دہلی - بریلی کے معززین میں سے تھے - علوم رسمی سے آگاہ اور اکثر فنون سے واقف تھے - سرکار کمپنی کی طرف سے عہدہ جاسوسی پر مقرر تھے اور اسی ذریعہ سے سیر و سیاحت میں مصروف رہتے تھے - وسط الیشیا کے نواح میں بخارا کے قریب مارے گئے طبیعت موزوں پائی تھی شعر و سخن کی طرف توجہ تھی - یہ اشعار اُنکے ہیں -

واں صفائی و خود نمائی ہے	یاں مری جان کی صفائی ہے
اے فلک مجھ سے اتنی بے مہری	یہ ترے دل میں کیا سمائی ہے
یاں ہوئے ہم تو جاں بحق تسلیم	واں ابھی عشق آزمائی ہے
جو کہ حلقہ بگوش نہ کے ہیں	ناک میں اُن کی جان آئی ہے
جذب چل دیکھ آستانۂ یار	ہم ہیں اور اُس کی جبہ سائی ہے

جذب

جذب - مولوی عابد حسین صاحب جذب شاگرد منشی خلیل احمد صاحب وجد سلیم المذاق اور طباع شاعر تھے - کلام سے مشاقی ٹپکتی ہے - زیادہ حال معلوم نہیں ہوا - یہ اشعار اُنکے ہیں -

تا زیست تیری سمت خیالِ بشر نہ تھا — تو تھا جدھر گماں بھی کسی کا اُدھر نہ تھا

تیرے سوا کسی کا مرے دل میں گھر نہ تھا — انسان کیا بلا ہے پری کا گزر نہ تھا

ساقی یہاں تو شیشہ و ساغر کا ذکر کیا — خُم کا یہ حال ہے اِدھر آیا اُدھر نہ تھا

اِس سے تو گور تک بھی نہ پیچھا چھٹا مرا — دشمن تھا جان کا مرے دردِ جگر نہ تھا

مرتے ہی میرے جا کے ملے گے رقیب سے — ان قدموں کی قسم یہ گماں آپ پر نہ تھا

جب تک عزیز جان تھی ہر چیز کا تھا خوف — مرنے پہ باندھتے ہی کمر کچھ خطر نہ تھا

کس زندگی پہ جذب اکڑتے تھے صبح شام — جھونکا ہوا کا تھا اِدھر آیا اُدھر نہ تھا

جذب - حکیم علی حافظ جذب باشندہ حکیم آباد۔ دورِ موجودہ کے شاعر ہیں۔ چند شعر درج کیے جاتے ہیں۔

گر نہ تھا گھر میں چراغ اپنے تو اچھا نہ سہی — داغ ہی سینے میں ہوتا کہ اُجالا ہوتا

جب نہ کیوں ناز حسینوں کے اُٹھانے پڑتے — دل ہی قابو میں جو اے حضرتِ والا ہوتا

دل آجائے تو اعلیٰ اور ادنیٰ سب برابر ہیں — جو بیخود ہو وہ کیا دیکھے بلندی کیسی پستی ہے

چل اے دل ہم بھی کچھ سودا کریں بازارِ خوباں میں — سُنا ہے آجکل جنسِ محبت خوب سستی ہے

نہ تو پھولوں کی چادر ہے نہ کوئی شمع ہے روشن — مزارِ بیکساں پر کس قدر حسرت برستی ہے

جرأت - مرزا مغل خلف عبد الباقی خاں ابن حمید الدین خاں ساکن نیچہ - مرزا رفیع السودا کے شاگردوں میں سے تھے۔ زندہ دل۔ شیریں گفتار اور نہایت قابل شخص تھے۔ بریلی میں انتقال کیا۔ زمانۂ وفات صحیح معلوم نہیں البتہ یہ معلوم ہے کہ سنہ ۱۲۴۰ء میں مر چکے تھے۔ یہ اُن کا کلام ہے۔

بھلا تو مجھ سے تو کہہ کیا ہوا تجھے اے دل — جو اس طرح سے تو رہتا ہے پُر ملال پڑا

نپٹ ہی حال پریشاں ہے آج سنبل کا — چمن پہ آ کے یہ کس زلف کا وبال پڑا

کیوں نہ ہو دیں جان و دل سے ہم نثارِ آئینہ — عکس ہے مکھڑے کا تیرے ہم کنارِ آئینہ

روبرو ہوتے ہی مفتوں کرلیا اُس شوخ کو	دیکھیو ٹک غور سے جرأت تو کارِ آئینہ
غیروں کا گر میں شکوہ یار و کروں عبث ہے	سو دشمنوں کا دشمن دل ہے یہ پاس میرے
جوں برگِ گل جھڑے ہیں گلشن میں زیرِ گلبن	لختِ جگر پڑے ہیں یوں آس پاس میرے

جرأت

جرأت - یحییٰ امان عرف قلندر بخش - اکبرآبادی مشہور ہیں مگر انکے باپ حافظ امان خاص دہلی کے رہنے والے تھے تمام تذکروں میں لکھا ہے کہ ان کے خاندان کا سلسلہ رائے امان عہدۂ دار محمد شاہ سے ملتا ہے - دہلی میں گھنٹہ گھر کے قریب رائے امان کا کوچہ اُنہیں کا بنایا ہوا ہے - جرأت جعفر علی حسرت کے شاگرد تھے - فن شعر کے علاوہ نجوم اور موسیقی میں اچھی دسترس حاصل تھی - ستار خوب بجاتے تھے - میاں جرأت ۱۲۱۵ھ میں دہلی سے لکھنو پہونچے اور مرزا سلیمان شکوہ خلف شاہ عالم ثانی کی سرکار میں ملازم ہوگئے - وہاں میر انشاء اللہ خاں اور مصحفی سے اکثر صحبتیں رہتی تھیں - ایک مرتبہ تنخواہ میں دیر ہوئی حسن طلب میں ایک غزل کا مقطع کہا ؎

جرأت اب بند ہے تنخواہ تو کہتے ہیں یہ ہم	کہ خدا دیوے نہ جبتک تو سلیماں کب دے

فارسی کا ترجمہ ہے "تا خدا ندہد سلیماں کی دہد" پھر کچھ عرصے بعد نواب حافظ رحمت خاں کے بیٹے نواب محبت خاں کی سرکار میں بزمرۂ شعرا منسلک ہوگئے - اُسوقت میں یہ شعر کہا ؎

بسکہ گلچیں سے تھے سدا عشق کے ہم بستاں کے	ہوئے نوکر بھی تو نواب محبت خاں کے

جناب جرأت کے واقعات زندگی میں یہ قابل افسوس واقعہ ہے کہ عین جوانی میں آنکھوں سے معذور ہوگئے تھے - بعض کا یہ قول ہے کہ یہ حادثہ چیچک سے ہوا - بعض مشہور کرتے ہیں کہ پہلے یہ اندھے نہ تھے بعض موقعوں پر شوخیِ عمر کے اقتضا سے شوقیہ اندھے بنے پھر دیکھتے دیکھتے فی الواقع نابینا ہوگئے - اگرچہ بصارت ظاہری سے معذور رہے - مگر رنگین اور پُرلطف مضامین خوب سوجھتے تھے - اُس زمانہ کے لوگوں نے جو اُن کے حالات لکھے ہیں اُن سے پایا جاتا ہے کہ ان کے اور ان کے ہم عصر شعرا انشا، قتیل وغیرہ کی امرا ایسی قدر کرتے تھے کہ گھر میں رہنے نہ پاتے تھے - آج ایک امیر کے ہاں ہیں دوسرے دن دوسرے امیر وہیں آئے اور اپنے

ساتھ سوار کرا کر لے گئے۔ چار پانچ دن وہاں رہے کوئی اور رئیس آ گئے وہ لے گئے۔ جہاں جاتے ضروری عیش و آرام سے زیادہ عیش کے سامان مہیا ہوتے۔ رات دن قہقہے چہچہوں میں وقت گزارتے بلبل و طوطی کیطرح طبیعت موزوں ازل سے لائے تھے انکے کلام خاص جوہر معاملہ بندی ہے جسنے انکی حیات ہی میں انکا نام خوب چمکا دیا۔ عاشقی کے راز و نیاز اور کوچۂ عشق کی راہوں سے باخبر تھے۔ اسی سے جو کچھ زبان قلم سے نکلتا تھا دلوں میں گھر کر لیتا تھا۔ کلام صاف شستہ بندش چست۔ ان کے اشعار سرتاسر نیچر کے رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔ اور پھر مزا یہ کہ لطف محاورہ کو کہیں ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ باوجود کم علمی کے فن شعر کا ایسا ملکہ راسخہ حاصل تھا کہ بڑے بڑے معرکوں میں کبھی کسی ہمعصر سے دب کر نہیں رہے۔ بلکہ بیشتر تو یہی ہوا کہ میدان ان کے ہاتھ رہا۔ سنہ ۱۲۴۵ھ میں انتقال کیا۔ شیخ ناسخ نے انتقال کی تاریخ کہی ؎

جب میاں جرأت کا باغ دہر سے		گلشن فردوس میں جانا ہوا	
مصرع تاریخ ناسخ نے کہا		ہائے ہندوستان کا شاعر موا	

غزلگوئی میں میاں جرأت میر تقی میر کی طرز کے معتقد تھے اور ان کی فصاحت و سادگی پر انہوں نے اپنی شوخی اور بانکپن کا حاشیہ ایسا چڑھایا کہ جسنے پسند عام اور شہرت دوام کا تمغہ حاصل کر لیا انکی حیات ہی میں کلام کی دھوم مچ گئی۔ بازاروں میں لوگ شعر پڑھتے پھرتے تھے اور خاص علمی صحبتوں میں بھی اکثر اشعار شوق سے پڑھے اور سُنے جاتے تھے ان کی طرز خاص انہیں کا ایجاد ہے۔ ان سے تین ضخیم دیوان یادگار رہے۔ راقم تذکرہ کے کتب خانہ میں جو انکی تصانیف کا ذخیرہ ہے اسکی کیفیت یہ ہے کہ ایک ضخیم کلیات کامل ۴۰۰ صفحہ کا دوسرا کلیات نہایت خوشخط اور صحیح نواب جھجر کے کتب خانہ کا قریب ۱۰۰۰ صفحہ کا اور اسی طرح ۳ نسخے اور متفرق عمائد کے کتب خانوں کے موجود ہیں۔

حضرت جرأت کی زندہ دلی اور ہر دلعزیزی کے لطائف اور ظرائف اکثر لوگوں کے زبانزد ہیں اسلئے یہاں صرف ضروری حالات کے اندراج پر اکتفا کیا گیا ؎

انتخاب کلام جرأت

شمع ساں کس نے مجھے پھولتے پھلتے دیکھا
ہوں میں وہ نخل کہ دیکھا بھی تو جلتے دیکھا

تجکو ہم اسلئے کہتے تھے کوئی دم مت جا
چل بسے ہم نہ ترے چلتے ہی چلتے دیکھا

اس کا بیمار نہ نکلا کبھی گھر سے جرأت
گھر سے تابوت ہی آخر کو نکلتے دیکھا

جستجو میں دل کے بہلانیکی جی کھونا پڑا
جو ہنسی کی بات بھی اسکا ہمیں رونا پڑا

کوئی دل مانگے تھا۔ تو کہتے تھے ہم منہ دہو رکھو
سو یہ کہتے کہتے اب اشکونے منہ دہونا پڑا

دل کے لگجاتے ہی جی تن سے ہمارے نکلا
جی لگانیکا تھا ارمان سو بارے نکلا

غرق ہو بحر محبت میں جو ہے طالب یار
کہ نہ موتی کبھی دریا کے کنارے نکلا

اب گذارا نہیں اس شوخ کے در پر اپنا
جسکے گھر کو یہ سمجھتے تھے کہ ہے گھر اپنا

پوچھو نہ کچھ سبب مرے حال تباہ کا
الفت کا ہے ثمر۔ یہ نتیجہ ہے چاہ کا

تیرے مریض غم کی زباں پر نہیں کچھ اور
ایک تار بندہ گیا ہے مگر آہ آہ کا

لت شبیں کس مزے سے ہیں لذت کو اسکی دو لب
کچھ دل ہی جانتا ہے مزا دل کی چاہ کا

مت یہ گھبرا کر کہو اب یاں سے بندا جائیگا
کوئی مر جائیگا صاحب آپکا کیا جائیگا

رات کیا کیا مجھے ملال نہ تھا
خواب کا تو کہیں خیال نہ تھا

بزم میں کل نگہ مست سے اسکی یارو
کون ایسا نظر آیا کہ جو مدہوش نہ تھا

چین کیا ہو جنانہ ہستی میں خاک
جو یہاں آیا مکدر ہی گیا

غم فراق سے جرأت نہ اسقدر گھبرا
کہ وصل صبح نہیں ہے تو شام ہو ویگا

گرمی سے مرے رخ کی یوں دل دیوانہ جلگیا
شعلے سے جیسے شمع کے پروانہ جل گیا

لکھتے ہی سوز غم نہ فقط خامہ جل گیا
لو مرغ نامہ بر بھی معہ نامہ جل گیا

مر گیا کل ہی جرأت بیمار
تو عیادت کو اسکی آج آیا

لگتی نہیں پلک سے پلک وصل میں بھی آہ
آنکھوں کو پڑ گیا ہے مزا انتظار کا

چشم وا کرتے ہی نرگس کی طرح کملائیے
کوئی جہاں میں مجکو بھی مُنہ لگاتا آہ

فصلِ گل گرچہ ہزار آئی پر اپنا جرأت
کس گھڑی سے وہ ہمیں در پہ نظر آیا تھا

لبِ ساغر سے بلامت لبِ گلگوں اپنا
کیسا پیغام آکے یہ تونے صبا دیا

گر لگی آتش مرے دل اور جگر کو کیا ہوا

چمنِ دیر کا کچھ ہمنے نظارا نہ کیا
برنگ نے مرے نالوں میں گر اثر ہوتا

دلِ پژمردہ نہ جوں غنچۂ تصویر کھلا
سر ٹپکتے ہیں پڑے ہم پسِ دیوار اپنا

غنچہ ساں رشک سے کب تک میں پیوں خون اپنا
مثلِ چراغِ صبح جو دل کو بجھا دیا

اشکِ تر کیوں تھم رہے ہیں چشمِ تر کو کیا ہوا

یہی کہتا ہوں جب سے اے جرأت
کس بیاباں میں آہ لائے نصیب

کوچۂ یار مجھ سے چھوٹ گیا
گل و گلزار مجھ سے چھوٹ گیا

جوں حباب اس بحرِ ہستی کی لگتے ہی ہوا
چین اس دلکو نہ اک آن ترے بن آیا

گو پھول پھول کر اب تو دیکھتی ہے بلبل
اور تو کیا مشغلے ہیں ہجر میں تیرے مگر

اُسکی اک آواز تو سُن لیویں اُٹھتے بیٹھتے
جامِ مے کی نہیں اب ہمکو طلب اے ساقی

کیوں ہو حیراں سے کیا آئینہ دیکھا پیارے
بھری ہے حسرتِ دیدار دل میں دم ہے آنکھوں میں

گئے وہ دن کہ واں جاتے تھے اور پردہ اٹھاتے تم
کون دیکھیگا بھلا اس میں ہے رسوائی کیا

اب بھی لے ساقیِ گلفام ہمیں بھول گیا
جب تلک دل نہ لیا تھا تو کبھی آتا تھا

ٹکڑے ٹکڑے سو جگہ سے اپنا پیراہن ہوا
دن گیا رات ہوئی رات گئی دن آیا

گلشن کا پر نظارا معلوم ہو رہیگا
دل کی بیتابی سے سو سو بار اُٹھنا بیٹھنا

گر میسر ہو پسِ دیوار اُٹھنا بیٹھنا
بس تری آنکھ دکھانے ہی نے بیہوش کیا

کچھ تو بولو کہ کس نے تمہیں خاموش کیا
خدا کیواسطے جلدی اب آ بیداد گر آنا

میسر اب نہیں چوری چھپے بھی بات کر آنا
خواب میں آنے کی بھی تنے قسم کھائی کیا

سبکو بھر بھر کے دیئے جام ہمیں بھول گیا
دل کے لیتے ہی وہ خود کام ہمیں بھول گیا

کوئی ایسی نہ شب گذری جو ٹوٹے تار رونیکا
ہوا ہے شمع ساں جب سے مجھے آزار رونیکا

سبھی باغ جہاں میں مثل گل خنداں ہیں پر ہنستا
فلک نے شبنم آسا ایک ہمیں کو کار رونیکا

یہی رونا ہے گر منظور جرأت
تو بینائی سے تو معذور ہوگا

یاد ہیں کا ہو رہے گا یا عدم کو جائیگا
پھر نہیں پھرنے کا اس کوچے میں اب جو جائیگا

گلشن گیتی میں جو آوے گا کیا پاویگا یاں
غنچہ ساں کچھ اور اپنی گانٹھ کا کھو جائیگا

رو برو اے سوز غم ہے یوں تن لاغر مرا
حال جو شعلے کے آگے ہو خس و خاشاک کا

گر کرے پرواز اوج عرش پر جرأت تو کیا
خاک میں ملجائیگا آخر یہ پتلا خاک کا

گرد سے آئینہ پاتا ہے جلا دیکھو لو تم
حسن یہ آپ کا مجھ خاک بسر سے چمکا ہ

صبح ہوتے ہی جو وہ غائب ہوا مہتاب سا
وصل کی یہ رات تھی یا ہمنے دیکھا خواب سا

یہ سواد شہر اور ایسا کہاں حسن ملیح
شش جہت میں ملک دیکھا ہی نہیں پنجاب سا

شعلۂ برق و شرر کو ہمنے دیکھا پر کوئی
بیقراری میں نہ دیکھا اس دل بیتاب سا

رخ جو پردے سے مرے رشک قمر کا نکلا
نہیں معلوم کہ یہ چاند کدھر کا نکلا

زلف و رخ کی جو گیا یاد میں دل کھو جرأت
شام تک بھی نہ پھر آہ سحر کا نکلا

کیا خلل آپس میں یہ اے شوخ پرفن کر دیا
دلکو میرا اور مجھکو دل کا دشمن کر دیا

دل جو غم کھایا کیا وہ غم مجھے کھاتا رہا
جب تلک جیتا رہا میں دل سے دکھ پاتا رہا

کیا خزاں نے رنگ گلشن کا یہ بلبل کر دیا
ہوتے ہی روشن چراغ گل کو جو گل کر دیا

بر ہم کبھی قاصد سے وہ محبوب نہوتا
گر نام ہمارا سر مکتوب نہوتا

خوبان جہاں کی ہے ترے حسن سے خوبی
تو خوب نہوتا تو کوئی خوب نہوتا

شمع ساں جسنے کی زبان دراز
اسکا قصہ ہی مختصر دیکھا

ہم اسیران قفس کیا کہیں خاموش ہیں کیوں
راہ لگ اپنی چل اے باد صبا تجھکو کیا

نکلے ہے بیخودی ہی کا کلمہ زبان سے
زاہد بھی بزم بادہ کشاں میں بہک گیا

خجل ہوں باغباں سے میں نہالِ خشک ہوں الٹا
نہ بیٹھا کوئی سایہ میں نہ کچھ مجھ سے ثمر پایا

موُئے سمجھو تن پہ میرے یہ نکلتا ہے دھواں
دل نہیں پہلو میں اک دہکے ہے انگارا پڑا

پردہ مت منہ سے اُٹھا ناز نہار
مجھ میں اوسان نہیں رہنے کا

گل کو کیا روتی ہے تو اے بلبل
یہ گلستاں نہیں رہنے کا ہو

سینے میں آج نالۂ دل کی صدا نہیں
ہے ہے قفس سے مرغِ خوش آہنگ اُڑ گیا

وہی بجھے گا جیسے زخمِ دل کو
جگر پر جسکے اک ناسور ہوگا

ہستی ہے جوں حباب یہ ہم غافلونکو آہ
کتنا مجھے اعتبار ہے بے اعتبار کا

آوارہ یوں ہوا کہ صبا اور نسیم نے
پایا کہیں نہ کھوج ہمارے غبار کا

جرأت اب اسکے آنے سے بالکل ہوئی جو یاس
احوال کیا کہوں دلِ امیدوار کا

رتبۂ گل بازی کا رولا کاش تو پاتا
ہاتھوں سے جو گرتا تو وہ آنکھوں سے اُٹھاتا

کلمہ بھرے ترا جسے دیکھے تو پھر نظر
کافر اثر یہ ہے تری کافر نگاہ کا

سوزِ دل سے حال یہ تھا شب بے غمناک کا
صبح بستر پر جو دیکھا ڈھیر تھا اک خاک کا

نزع میں بھی تری صورت کو نہ دیکھا افسوس
مرتے مرتے بھی نہ ارمان نظر کا نکلا

بسکہ لکھی تھی میں حالت دلِ گم گشتہ کی
کھو کے قاصد مرا مکتوب کہیں بیٹھ رہا

کیا اُس گھر میں پر جا جسنے میری آہ وزاری کی
آہی صبر اسکی جان پر اس بیقراری کا

کی میکشی جو ہمنے ترے بن تو کیا کہیں
شعلے اُٹھے یہ دل سے کہ میخانہ جل گیا

نہ کچھ حقیقتِ یعقوب پوچھو کنعاں میں
بغیر یوسفِ مصری جو کارواں پہنچا

پھر کہو سوتے میں بوسہ کیوں لیا تونے مرا
گو سہے تہمت پر مزا کیا ہے اس بہتان کا

اُدھڑ جاتے ہیں ٹانکے بخیۂ زخمِ جگر کے سب
تصور جبکہ گذرے ہے کسیکے مسکرانے کا

خدا جانے کریگا چاک کس کسکے گریبانکو
ادا سے اُنکا چلنے میں اُٹھا لینا یہ داماں کا

یہ وفا کی سینے تسپر مجھے کہتے بیوفا ہو
مری بندگی سے صاحب یہ ملا خطاب الٹا

نہ آیا اس فلک کو اور کچھ آیا تو یہ آیا
گھٹانا وصل کی شب کا بڑھانا روزِ ہجراں کا

ق

عزیزو کیا حقیقت پوچھتے تم ہو گے جرأت کی
عجب احوال دیکھا ہم نے کل اس خانہ ویراں کا

پڑے ہے تھے موئے سر تا پا لباسِ تن تھا عریانی
بچھایا بستر اتھا خاک پر خارِ مغیلاں کا

کبھی اٹھ دوڑتا تھا گاہ کانٹوں پر وہ لوٹے تھا
نہ تھا کچھ ہوش اس وحشی کو اپنے جسم اور جاں کا

نہ کرتا تھا کسی سے بات لیکن اک یہی مطلع
ہوا وردِ زباں تھا اس مریضِ دردِ ہجراں کا

کچھ ایسا کر گیا بیہوش جانا مجھکو جاناں کا
نہ جی کو ہوش ہے دل کا۔ نہ دلکو ہوش ہے جاں کا

جگر سے نکلے ہیں شعلے سرشک آنکھوں سے
چلے یہ ملکے کہاں کاروانِ آتش و آب

بلائیں ہاتھوں نے مینے جو لیں تمہاری رات
بلائیں ہاتھوں کی لیتا رہا میں ساری رات

شبِ فراق کٹے کس طرح سے اے جرأت
یہ رات وہ ہے کہ کہتے ہیں جسکو بھاری رات

بلبل سنے نہ کیونکہ قفس میں چمن کی بات
آوارۂ وطن کو لگے خوش وطن کی بات

سر دیجے راہِ عشق میں پر منہ نہ موڑیے
پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات

چلی آتی ہے ناداں صبحِ پیری
جوانی کی گنوا مت بیخبر رات

دل ملا جس سے ہے آنکھیں بھی ملاؤ اس سے
ہم سے کرتے ہو لگاوٹ کے اشارات عبث

فرو ایہاں سے کوچ ہے بس ہمنے شب کی شب
جوں شبنم اس چمن میں کیا ہے قیام آج

مرہم پذیر کون ہے گھاؤ جو نہیں
ہر ایک زخمِ تیغِ زباں کا نہیں علاج

دل کو اے عشق سوئے زلفِ سیہ فام نہ بھیج
رہزنوں میں تو مسافر کو سرِ شام نہ بھیج

بھڑکے ہے آتشِ غم یہ اپنے تن کے اندر
ہر دم نئی تپش ہے داغِ کہن کے اندر

گردش سے طالعوں کی جوں مردمانِ دیدہ
گویا ہے شامِ غربت صبحِ وطن کے اندر

یہ سوزِ عشق سے ہے تپش اپنی جان پر
اک آہ کی تو پڑ گئے چھالے زبان پر

کیا جانئے کیا لائے فلک پیکرِ گل پر
بے وجہ نہیں روتی ہے شبنم سرِ گل پر

ہم اس طرح رہے یارانِ رفتگاں سے دور
غریب جوں کوئی رہجائے کارواں سے دور

شامِ فرقت یا الٰہی یہ کدھر سے آگئی
مر چلے ہم اس بلائے ناگہاں کو دیکھ کر

گیا وہ دل بھی پہلو سے کہ جس کو
کبھی روتے تھے چھاتی سے لگا کر

اگرچہ اور بھی ہیں خوبرو پر حُسن کا تیرے
جہاں میں شور ہے ایسا نمک ہے تیرے چہرے پر

وہ ہنس ہنس کے کافر مری چشمِ تر پر
نمک چھڑکے ہے زخم ہائے جگر پر

آتشکدہ میں دہر کے رہ سرنگوں کہ یاں
جُوں شمع سر اُٹھاتے ہی لگتی ہے سر کو آگ

جل کے آغازِ شبِ وصل ہی میں خاک ہوئے
شکلِ پروانہ ہوا اپنا یہ انجامِ وصال

ہے یہ مشکل کہ ملیں اُس بُتِ مغرور سے ہم
دوسرے تیسرے دیکھ آتے ہیں ٹک دور سے ہم

مثلِ آئینہ باصفا ہیں ہم
دیکھنے ہی کے آشنا ہیں ہم

دل کے ہاتھوں نے اے میاں جرأت
زندگانی سے بھی خفا ہیں ہم

نقشِ پا تیرے برنگِ گل نظر آئے مجھے
یہ حنا ہے یا رنگے ہیں خونِ بلبل سے قدم

ہے یہ اُسکے نقاب کا عالم
ماہ پر جوں سحاب کا عالم

ایکدن کا ہو جو رونا تو کہیں جرأت ہم
یاں تو روتے ہی کٹے زیست کے ایام تمام

کیا کہیں فرقت میں تری آہ اے آرامِ جاں
کن دکھوں سے کاٹتے ہیں آہ ساری رات ہم

اک نالہ کھینچ بلبلِ مسکین رہ گئی
گلچین چمن سے لے گئے گل توڑ کر تمام

کل واقفِ کار اپنے سے کہتا تھا وہ یہ بات
جرأت کے جو گھر رات کو مہمان گئے ہم

ق
کیا جانے کمبخت نے کیا مجھ پہ کیا سحر
جو بات نہ تھی ماننے کی مان گئے ہم

خیالِ خواب کہاں سوزِ غم سے جلتے ہیں
تمام رات پڑے کروٹیں بدلتے ہیں

رکھیں ہیں سوختۂ عشق سوزشِ ازلی
کچھ آجکل سے نہیں سوزِ غم سے جلتے ہیں

ق
بسانِ اخگر و برق و شرار و شمع و چراغ
یہ دل جلے تو نصیبوں کے جلے تبلتے ہیں

دخترِ رز کی ہے جو کچھ عشوہ گری شیشے میں
کسنے اِس ناز سے دیکھی ہے پری شیشے میں

ہو کے آزردہ جو وہ ہم سے پرے پھرتے ہیں
ہاتھ ہم اپنے کلیجے پہ دھرے پھرتے ہیں

خانہ پرورِ قفس ہم ہیں اسیر اے صیاد
تو بتادے ہمیں پرواز کسے کہتے ہیں

بعد مرنے کے مری لاش پہ لانا اسکو
ابھی مت پوچھو کہ اعجاز کسے کہتے ہیں

ناتوانی پر کچھ اپنا زور چلتا ہی نہیں
دل پہ سو صدمے ہیں لیکن دم نکلتا ہی نہیں

اُسکے شمع حسن سے دل تھا منور اب تو آہ
ایک مدت سے چراغ اس گھر میں جلتا ہی نہیں

قدم میں ناتواں جب اُسکے کوچے سے اٹھاتا ہوں
تو شکلِ نقش پا ہر ہر قدم پر بیٹھ جاتا ہوں

دل ہی اس کافر کا پتھر ہو تو کوئی کیا کرے
ورنہ ایسی آہ سوزاں بے اثر میری نہیں

اب تو دن رات کے رونے کی بدولت آہ اے
پانی پی پی کے لگے کوسنے ہمسائے ہمیں

ایک گھر میں بھی کبھی ملکے نہیں بیٹھے ہیں
ہم کہیں بیٹھتے ہیں آپ کہیں بیٹھتے ہیں

اے ستم ایجاد کب تک یہ ستم دیکھا کریں
تو کرے غیروں سے باتیں اور ہم دیکھا کریں

کچھ تو نکلے آرزو دشنام دے تلوار کھینچ
چشم حسرت سے کہاں تک دمبدم دیکھا کریں

عجب درد فرقت سے غم دیکھتے ہیں
نہ سنتے تھے کانوں سو ہم دیکھتے ہیں

آنے کی خبر تو ہے اُن کے لیکن
آتا نہیں اعتبار دل کو

عبث انگڑائیاں لے لیکے کیوں ملتے ہو آنکھوں کو
بھلا یہ بھی تو گھر ہے سو رہو گر نیند آئی ہو

ق

ایسے بیدردوں کے مجھکو دام میں لایا ہے چرخ
کوئی تو کہتا ہے اسکے توڑ کر پر چھوڑ دو

اور کوئی بیدرد یوں کہتا ہے بیدردی سے آہ
جو تماشا دیکھنا ہے ذبح کر کر چھوڑ دو

ق

میں کہا دیکھی ہے میں نے خواب میں آئے بر میں یار
دوستو مجھ سے کہو اس خواب کی تعبیر کو

آہ اس مذکور کو سنتا تھا وہ قاتل کہیں
آن پہنچا سر پہ میرے کھینچکر شمشیر کو

جی دیا ہمنے تو پہلے ہی ترے ناز کے ساتھ
اپنا انجام ہوا عشق کے آغاز کے ساتھ

گئے دنیا سے الفت میں ثمر دیکھا تو اتنا کچھ
جلا دل آہ میں سے ہمنے اثر دیکھا تو اتنا کچھ

قیس و فرہاد کی تھی ایک ہی منزل لیکن
وہ بیاباں کی گیا راہ وہ کہسار کی راہ

نہ وہ دن ہیں نہ وہ راتیں نہ وہ چرچے نہ وہ باتیں
سکے اس گلشن دلکی ہمارے سیر خوش اوقاتے
تنگ دل سے کے جو ہاتھوں سے تھا میں چیز سی
مت پوچھ اشک میرے یوہیں ہیں تسلسل
کلیدِ آہ سے قفلِ لبِ خاموش کھلی دیر
چڑھا اک ساغرِ مے کچھ تو آنکھوں میں لگا کہنے
احوال کچھ نہ پوچھ کہ کل نبض پر مری
کیجو فغاں تو عندلیب نالۂ دلخراش سے
جب چلے حسرت بھرے کوچے سے ہم دلدار کے
تجکو منظور ہے سیرِ شبِ مہتاب تو پی

نہ مطرب ہے نہ ساقی ہے۔ نہ شیشہ ہے نہ پیالا ہے
کہ غیر از داغِ حسرت یاں کوئی گل ہے نہ لالا ہے
ہوئے جدا نہ موئے پر بھی ہاتھ سینے سے
یہ ہار موتیوں کا اے آستیں نہ ٹوٹے
تو بستہ ہے پھر جو اپنے دلمیں جوش کھلجاوے
پئے اور ایک دو پیالے تو وہ بیہوش کھلجاوے
رکھتے ہی ہاتھ چھوٹ گئیں نبضیں طبیب کی
صورتِ گل ہزار دل اپنے ہوں پاش پاش سے
روئے ہم کیا کیا گلے مل کر در و دیوار سے
گر زیادہ نہیں اک جام مئے ناب تو پی

نہ ہمدم کوئی ہے نہ اب ہمنشیں ہے
نہیں آہ و زاری یہ بیوجہ جرأت

بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں ہے
گرفتار شاید ترا دل کہیں ہے

چھوڑا گلزار سے دور اور پرِ بلبل کترے
نقدِ دل کھو کے جو بیتابی الفت پائی
تو نے اس باغ میں دم بھرنے کی مہلت پائی
وصل کے دن بھی ہیں کانپ اٹھتا ہوں بیٹھے بیٹھے
پختہ مغزانِ جنوں نہیں آپ کو کہتا ہے تو

ہائے صیاد جفا پیشہ نے کیا گل کترے
بس غنیمت ہے بڑی ہمنے یہ دولت پائی
اے صبا ہمنے تو اتنی بھی نہ مہلت پائی
یاد آتے ہیں وہ صدمے جو شبِ ہجراں کے
ہم تو دیوانے ہیں جرأت اس خیالِ خام کے

ہم بھی اس باغِ جہاں میں شب کی شب مہماں ہیں
مثلِ شبنم صبح کو گریہ کناں اُٹھ جائیں گے

ق

تھا جی میں یہ کہ مجھ سے بگڑ جائے اسلئے
پر کیا کہوں کہ اپنا سا منہ لے کے رہ گیا

مینے کہا کہ غیر سے پھر تم میاں ملے
آنکھیں ملا کے جو یہ کہا اُسنے ہاں ملے

دور چھوڑا ہمیں گلشن سے یہ رونکی ہر جا
کہ سزاوارِ اسیری بھی نہ ہم ہائے ہوئے

دلِ وحشی کو خواہش ہے تمہارے در پہ آنیکی
دوانہ ہے ولیکن بات کہتا ہے ٹھکانے کی

چاہ کی چتون مری آنکھ اُسکی شرمائی ہوئی
تاڑلی محفل میں سب نے سخت رسوائی ہوئی

اُس پردہ نشیں سے کوئی کس شکل بر آئے
جو خواب میں بھی آئے تو مُنہ ڈھانک کر آئے

چھوڑا اپنے گرفتاروں کو صیاد سمجھ کر
جاتی نہ رہے جان رہائی میں کسیکی

جی خاک میں ملایا تمہارے فراق نے
اچھا غرض سلوک کیا ہمسے آپ نے

ہے کسکا جگر جسپہ یہ بیداد کروگے
لو دل تمہیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کروگے

بھلا پھر اُسکے اُٹھانے میں کیوں نہ دیر لگے
کسی کی موت لیکے جو انتظار میں آئے

نہ پوچھ مجھسے وہ عالم کہ صبح نیند سے اُٹھ
جب انکھڑیونکو وہ ملتے ہوئے خمار میں آئے

سرسری اُسنے ملاقات سے گاہے گاہے
صحبتِ غیر میں گاہے سرِ راہے گاہے

رونے میں اور آتشِ الفت بھڑک اُٹھی
اب اِس لگی کا دل سے بجھانا محال ہے

غم بہت دنیا میں ہیں پر عشق کا غم اور ہے
ہے اِسی عالم میں لیکن اِس کا عالم اور ہے

غم سے گھٹنا یہ مرا سب میں بڑھاتا ہے تجھے
جو مجھے دیکھتا ہے دیکھنے جاتا ہے تجھے

جرأت

جرأت ۔ پیر محمد مرادآبادی۔ مرغ نامہ آپ کی تصنیف سے مشہور و معروف ہے بس اک شعر آپ کا ملا جو تبرکاً درج کیا جاتا ہے۔

بس اے قاصد تری معلوم ہوئی لسانی
روبرو اُسکی زباں کو بھی ہلایا نہ گیا

جرار

جرار ۔ مرزا حسین بیگ جرار باشندۂ فیض آباد شاگردِ رشید تدبیر الدولہ منشی امیر لکھنوی فنِ سپہ گریکا شوق تھا مرد قانع اور آزاد منش تھے۔ عربی فارسی کی استعداد اچھی تھی۔ فنِ سخن کے دلدادہ اور اپنے اُستاد سے نہایت الفت رکھتے تھے۔ انکی وفات کے بعد انکی وصیت کے بموجب حضرتِ امیر نے جملہ کلام نظرثانی فرما کر سنہ ۱۲۹۰ھ میں چھپوا دیا۔ دیوان میں سے کچھ اشعار منتخب ہوکر حوالۂ قلم ہوئے۔ رسائی فکر اور خوش گوئی کلام سے ہویدا ہے

اسیرانِ قفس جب ہو گئے بیدست و پا چھوڑا
ہوئی جب تاب و طاقت روح کیونکر جسم میں ٹھیرتے
حال پر مظلوم کے ظالم کو کب آتا ہے رحم
خفا صیاد گل آزردہ گلچیں دشمن جاں ہے
شیخ عمامہ و جُبّہ جو پہنکر آئے
کوئی اتنا تو پوچھے نزع میں جاکر سکندر سے
بر آئی کچھ تری امید اے شیریں جو دنیا میں
بہار آئی ہے ایک عالم نظر آتا ہے گلشن پر
عشقِ گُل سے ہے عجب رفعت و شانِ بلبل
جان صدقے کرے سر قدمونپہ وارے بلبل
ہوا چھُریوں سے اپنوں ہی کے مجروح
گل سے نہ کام ہمکو غنچے سے اس چمن میں
زہر ہے آبِ بقا عشق کے بیماروں کو
عوض نیکی کا نیکی ہے بدی کا ہے بدی بدلا
مریضِ عشق کیسا قبر کے مردے جلا دیتے
جوشِ جنوں سے رنگ اُڑا لئے بہار کے
زاہد اگر ہے طالبِ جامِ مئے طہور
بلبلوں میں شور ہے باہم مبارکباد کے
ذرۂ بیقدر کو خورشید سے کیا ہمسری

کتر کر بال و پرِ صیاد گر چھوڑا تو کیا چھوڑا
شکستِ بادشاہ ہے فوج نے جب مورچہ چھوڑا
نالۂ بلبل سے دل دُکھتا نہیں صیاد کا
اب آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا انجام بلبل کا
ہنس پڑے رند کہ ہولی کا تماشا آیا
کہ چھوڑا گھر میں کیا ہمراہ اپنے لیچلا کیا کیا
تو تجھکو شیریں سے لازم ہے قبرِ کوہکن ہونا
جوانانِ چمن نازاں ہیں کیا کیا اپنے جوبن پر
تختے تختۂ گُل آہ نشانِ بلبل
خون کیونکر سرِ قاتل سے اُتارے بلبل
شہیدِ تیزیٔ تیغِ زباں ہوں
بوئے وفا ہو جس میں اُس دلکو ڈھونڈتے ہیں
دمِ عیسےٰ ہے دمِ تیغ دل افگاروں کو
مثل ہے دودھ کا ہے دودھ اور پانی کا پانی
جو کہکر قم باذنی آپ اک ٹھوکر لگا بیٹھے
داغوں نے گُل چراغ کئے لالہ زار کے
کھلوا دے مے سے روزے کسی بادہ خوار کے
کیا بہار آئی پھرے دن گلشنِ ایجاد کے
کیوں نہوں جرّار صدقے حضرتِ اُستاد کے

جری

جری۔ منشی محمد ابراہیم خاں تلمیذ حبیب کنتوری۔ حیدر آباد دکن کے رہنے والے اور دور موجودہ کے ایک موزوں طبع شاعر ہیں۔ نسیمِ دکن میں چند غزلیں نظر سے گذریں اُنکا

انتخاب حاضر ہے۔

طاقت نہیں جو صدمۂ فرقت اُٹھاؤں میں	بس اب ملا دے خاک میں اے آسماں کہیں
ناصح کو سوزِ آتشِ فرقت کی کیا خبر	دوزخ جلے جو دیکھ لے یہ گرمیاں کہیں
الفت ہوئی ہے جب سے کسی رشکِ ماہ سے	بنتے ہیں آسمان مری دودِ آہ سے
تڑپے نہ کس طرح صفتِ برق دل مرا	بسمل ہوا ہے یہ تری تیغ نگاہ سے

جعفر

جعفر۔ میر جعفر زٹل۔ ان کے حالات لکھنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہر ایک صاحبِ مذاق آپ کی یاوہ گوئی سے واقف ہے اور اگرچہ ان کا کلام اس پایہ کا نہیں ہے کہ اِس تذکرے میں اُسے جگہ دیجائے مگر صرف اِسلئے کہ اُردو کے ایک مشہور اور ابتدائی شاعر تھے اِسلئے ان کا ذکر نہ کرنا ہمارے التزام کے خلاف ہوتا۔ یہ بزرگ نارنول کے سادات سے تھے زٹل گوئی کے سوا کسی قسم کی شاعری کو پسند نفرماتے تھے۔ چنانچہ انکا یہ مقولہ تھا کہ اگر میں کوشش کر کے مہذب اور عمدہ شعر کہوں تو بھی سعدی شیرازی یا فردوسی نہیں بن سکتا اس لئے زٹل کہونگا کہ تمام عالم میں مشہور ہو جاؤں۔ ایک مدت تک شاہزادہ معظم محمد اعظم شاہ بہادر کی سرکار میں بزمرۂ خواصان ملازم رہے۔ ان کے زٹل کہنے کا یہ عام دستور تھا کہ کہ جب کسی کے گھر جاتے تو ایک کاغذ پر صاحبِ مکان کی تعریف لکھتے اور ایک پر ہجو۔ اگر وہاں جاکر ان کا مطلب پورا ہو جاتا اور صاحبِ خانہ خوش اخلاقی سے ملتا تو وہ تعریف کا کاغذ دیدیتے۔ اور اگر کہیں اسکے برعکس معاملہ ہوتا تو پھر کیا تھا وہی ہجو لکھی لکھائی تیار ہوتی۔ اُنکے حوالے کر کے اپنی راہ لیتے۔ ان کا کلیات یادگار ہے مگر غیر مطبوعہ۔ مشہور ہے کہ جب عالمگیر بادشاہ کا انتقال ہوا اور آپکے قدیم محسن اعظم شاہ تخت نشین ہوئے۔ اکثر شعرا دربار نے سکے کہے اور پیش کئے مگر کوئی پسند خاطر والا نہ ہوا۔ میر جعفر نے فی البدیہہ سکہ سرِ دربار تصنیف کر کے پڑھا جسپر خلعتِ فاخرہ و فیل مع ایک لاکھ روپیہ انعام بادشاہ نے عنایت کیا اور خاص و عام نے داد دی۔ وہ سکہ یہ ہے ؎

نگین سلیماں کہ تابندہ بود		ہمیں اسم اعظم بروکندہ بود

دربار سے واپسی کے وقت وہ تمام روپیہ جو انعام میں ملا تھا راستہ میں فقرا اور مساکین کو تقسیم کر دیا۔ جب فیلبان نے کہا کہ مجھے حضور نے کچھ عنایت نہیں کیا ہاتھی اُسے دیکر گھر چلے گئے۔ تمام وکمال اُن کا کلام ہجو وفحش سے بھرا ہوا ہے۔ چونکہ اس زمانے میں فارسی کا مذاق بکثرت تھا اس لیئے زیادہ حصہ ان کے فحش کلام کا بھی اس زبان میں ہے مگر اکثر الفاظ واسما اردو کے اس میں شامل ہیں۔ چند اشعار اُن کے لکھے جاتے ہیں جو فحش وبیہودگی سے پاک ہیں۔ آپ نے بادشاہ جمجاہ فرخ سیر کا سکہ جلوس بھی نظم کیا ہے جو ذیل میں درج ہے۔ سکہ کیا ہے۔ اُن کے خلقی تمسخر کا نمونہ ہے ؎

سکہ زد بر گندم و موٹھ و مٹر		بادشاہ طسمہ کش فرخ سیر
یہ جعفر زٹلی نے کیا کیا		کہ مکھی کو دل سے بھنیا کیا
کشتی جعفر زٹلی در بھنور افتادہ است		ڈبکو ڈبکو می کند در ریگ توجہ پار کن
کھکڑ لگا دیوار کو کہ جعفر اب کیا کیجیے		خطرہ پڑا بازار کو کہ جعفر اب کیا کیجیے
گھوڑا تو تیر النگ ہے کوئی نہ تیرے سنگ ہے		چلنا پڑا بازار کو کہ جعفر اب کیا کیجیے

جعفر۔ مرزا جعفر بخت بہادر جعفر نبیرۂ برادر مرزا قادر بخش صاحب بہادر صابر گورگانی ۱۸۷۲ء میں حیات تھے اور بنارس میں رہتے تھے۔ فن سخن میں غالبًا اپنے نامور بزرگ حضرت صابر سے مشورہ لیتے تھے۔ چند غزلیں ہنگام ترتیب تذکرہ نظر سے گذریں اُنکا انتخاب حاضر ہے کلام سے پایا جاتا ہے کہ تلاش مضمون و الفاظ اچھی اور بندش چست ہے۔

نشہ میں راحت ملی ہر جام پر انکار میں		لطف دونا ہو گیا ساقی تری تکرار میں
سرد ہو کر ہر شرر بنتا ہے سونیکی ڈلی		ہن برستی ہے ہماری آہ آتشبار میں
عیسٰی مریم کی یہ موج نفس بنجائیگی		میرا دم آئیگا گر قاتل تری تلوار میں
ناخن وحشت سے جعفر ہمکو عریاں کر دیا		تار تک باقی نہ رکھا زخم دامن دار میں

روز جب واں سے گمانِ جرم پر تعزیر ہو
کیا عجب اثباتِ بیجرمی مری تقصیر ہو

کوئی کوچہ شہر میں آباد اسکا سا نہ ہو
پاس پاس ایسا ہمارا خانۂ زنجیر ہو

چشم نے دیکھا تمہیں رونا تھا پر یہ کہو
دل جو ہے بیتاب اسکی کس طرح تدبیر ہو

پہلے پھیرے وصل پیچھے مجھکو گردن مارنا
کچھ تو کہنے کے لئے ثابت مری تقصیر ہو

نامہ بر بہرِ خدا اتنا نکر تو اضطراب
ایسی جلدی حالِ دل کیونکر انہیں تحریر ہو

اپنے مطلب پر تجھے پھیرا کروں دن رات میں
تیری گردش میرے قبضہ میں جو اے تقدیر ہو

اُٹھ کے جانے کو ہوں نہیں طیار اے جعفر وہاں
وصل پر راضی جو مجھ سے وہ بتِ بے پیر ہو

ہم انکے شوقِ مژہ میں مدام خوار رہے
جگر میں اپنے چبھے خار خار خار رہے

نہاں جو سینے میں کچھ سوزِ عشقِ یار رہے
جگر پہ آبلوں سے صورتِ انار رہے

پسِ فنا بھی عدو کے لئے مرے غم میں
شبِ وصال بھی آئے تو سوگوار رہے

الہی مرکے جیوں لاکھ بار مرنے کو
کہ آرزوئے دلِ قاتل کی برقرار رہے

ہم ایسے قاتلِ عالم سے کیوں ملیں جعفر
جو کچھ بھی اپنی طبیعت پہ اختیار رہے

جعفر

جعفر - نواب جعفر حسین صاحب المعروف بہ اعن صاحب لکھنوی باوجود تلاش آپکے حالات دریافت نہو سکے کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔

نکالا برہمن نے دیر سے واعظ نے مسجد سے
محبت تیری کافر دشمنِ دنیا و دیں نکلی

نہ کعبہ مجھکو خوش آیا نہ دیر برہمن مجھکو
مرے سجدے کے قابل کوئے جاناں کی زمیں نکلی

جسے دیکھو نظر آتا ہے محویت کے عالم میں
پری نکلی کہ شیشے سے شرابِ آتشیں نکلی

رقیبوں کے لئے ہے قبر کی جا انکے کوچے میں
ہمارے دفن کرنے کو نہ تھوڑی سی زمیں نکلی

جعفر

جعفر - نواب جعفر حسین خاں بہادر مخاطب بہ نواب صف افگن جنگ بہادر۔ آپ ریاست حیدرآباد دکن کے جاگیردار اور منصبدار ہیں اور وہاں کے مشاعروں میں شرکت کرتے رہتے ہیں۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے۔

اکدم میں پاش پاش ہوا وہ بہ رنگِ گل
اے آسماں وہ بند بلجائے ڈر یہ ہے
اُٹھنے کا قصد یار نے پہلو سے جب کیا

جس دل پہ تیغ ناز کا اک وار چل گیا
کچھ ڈر نہیں جو ہم سے زمانہ بدل گیا
دل میرا اُن کے قدموں پہ گر کے مچل گیا

جعفر

جعفر - صاحبزادہ جعفر علی خانصاحب خلف اصغر نواب ابراہیم علی خانصاحب مرحوم فرمانروائے مالیر کوٹلہ - رئیس حال نواب احمد علیخاں کے حقیقی چھوٹے بھائی ہیں - آپ نے چیف کالج لاہور میں تعلیم پائی ہے - اب ۲۶ برس کی عمر ہے - ریاست سے ۲۵ ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر ہے آپ کی شادی پنڈراول کے ایک معزز خاندان میں ہوئی ہے - شعروسخن کا نیا نیا شوق ہے کچھ غزلیں ہنگام ترتیب تذکرہ موصول ہوئیں اُنکا انتخاب حاضر ہے -

جو بات ہے خیر میں وہ کیا شر میں نہیں
جعفر تو خدا کو گوشۂ دل میں ٹٹول
الٰہی خیر ایسی آفتوں میں زیست مشکل ہے
نہ بیٹھے چین آتا ہے نہ لیٹے چین آتا ہے
کچھ اس انداز سے دیکھا کہ اب تڑپا نہیں جاتا
جوانی جا رہی ہے ولولے سب مٹتے جاتے ہیں
وہ لیتے نوک کی ہیں دل کو رکھکر نوکِ خنجر پر
مسل کر دلکو چٹکی میں تنک کر ناز سے بولے

رباعی

کیا چیز ہے جو قبضہ داور میں نہیں
باہر تجھے کیا ملیگا جو گھر میں نہیں
اُدھر لاکھوں ادائیں ہیں اِدھر تنہا مرا دل ہے
کچھ اس انداز پر اے ہمنشیں بیتابیٔ دل ہے
نگاہِ نازِ قاتل بھی ادب آموزِ بسمل ہے
شکستِ رنگ پیغامِ وداعِ حسرتِ دل ہے
کہ جس دل پر اُچھلتے تھے بہت تم کیا یہی دل ہے
بہت غمزہ نکلا تھا مرا دل ہے مرا دل ہے

سمجھ لیں گے وہ خود ہی انتہائے شوقِ وصلت کو
تم اتنا کہدو اے جعفر کہ میرے پاس بھی دل ہے

جعفری

جعفری - دہلوی - میر باقر علی مرحوم جعفری - فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون کے چھوٹے بھائی اور ملک الشعرا میر قمر الدین منت کے خلفِ اصغر تھے - فن سخن میں اپنے بھائی سے مشورہ کرتے تھے ۱۲۴۵ھ میں سفر مکہ کی راہ میں انتقال کیا - یہ انکے اشعار ہیں ؎

آرام وعدہ کی شب اک دم کبھو نہ آیا
آیا نہ چین دل کو جب تک کہ تو نہ آیا

اس نالۂ رسا کی دیکھو دراز دستی
کب دامنِ مسیحا یہ جا کے چھو نہ آیا

کہیں جمع گر ہو گیا دود دل کا
تو اک روز چرخِ فلیم ہو گا

نہ خوباں سے مل جعفری دیکھ اتنا
کہا مان کہتا ہوں بد نام ہو گا

سب سے مٹے نقشِ خیالاتِ جہاں بعدِ فنا
داغِ الفت ایک زیبِ صفحۂ دل رہ گیا

تیغ یوں دل میں خیالِ نگہِ یار نہ کھینچ
ناخدا ترس تو کعبے میں تو تلوار نہ کھینچ

تو ہے گر عرش پہ نالہ بھی نہیں تجھ سے کم
آپ کو دور بس اے آہِ شرربار نہ کھینچ

بے سروپا چمن و دشت میں عالم کے نہ پھر
نازِ ہر گل نہ اٹھا منتِ ہر خار نہ کھینچ

جعفری ۔ شیخ جعفر علی جعفری متوطن دادری۔ نواب دہلی بیگ نواب جھجر کے ملازم اور قصبہ دادری کے قاضی زادوں میں تھے غدر سے پیشتر حیات تھے۔

الٰہی ہر گھڑی ہر زخم دل سے خوں ٹپکتا ہے
شہیدِ ناز ہوئیں آہ کس دستِ حنائی کا

اے دل خیالِ زلفِ بتاں کیونکہ چھوڑ دوں
وحشی ہوں اور پاؤں میں زنجیر بھی نہیں

شق جا بجا سے ہو گئی اک دم میں سب زمیں
تڑپا جو تیرا کشتۂ الفت مزار میں

ہو گئے اس جستجو میں سینکڑوں خانہ خراب
جعفری عشقِ بتانِ ہند کا گھر دور ہے

جگر ۔ نواب سید بہادر علی خاں صاحب لکھنوی۔ آپ لکھنو کے ایک شریف خاندان کے رکن اور حضرتِ جلال لکھنوی کے نامور شاگرد ہیں۔ فن سخن سے طبیعت کو قدرتی مناسبت ہے۔ بندش صاف سلجھی ہوئی اور تلاش مضمون اچھی ہے۔ شعر کے حسن و قبح سے خوب ماہر ہیں۔ ہر شعر میں کوئی بات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کلام منتخب ملاحظہ ہو۔

غش کسی کو آگیا کوئی گرا دل تھام کر
ایک ہی جلوے میں یہ عالم تھا بزمِ یار کا

اسکے زانو پہ جو سر ہے ہوش میں آتا نہیں
بیخودی میں کر رہا ہوں کام میں ہشیار کا

سوئے در آنکھیں مری وا دیکھکر بولا وہ شوخ
مرنے والا شوق دل میں لے گیا دیدار کا

مرنے جینے کے لئے کافی ہی مجکو اے صنم
تیرے کوچے کی زمیں سایہ تری دیوار کا

توڑ ڈالیں بیڑیاں یہ جوشِ وحشت بڑھ گیا
قید میں لیلیٰ نہ اکدن تیرا دیوانہ رہا

اسکو کہتے ہیں محبت تام اسکا ہے وفا
خاک ہوکر بھی قریبِ شمع پروانہ رہا

نہ نکلی مرتے دم بھی دید کی حسرت نہ بھولوں گا
ٹھہر جانا وہ آنکھوں میں نکلکر جسم سے جاں کا

جنوں کا جوش نہ تھا موسمِ بہار نہ تھا
مگر کب اپنا گریبان تار تار نہ تھا

رُکا تھا آنکھوں میں دم سامنے آکے دیکھ لیا
نہ کہنا اب کہ تجھے میرا انتظار نہ تھا

جب نظر شیخ کو وہ شوخ پریزاد آیا
پھر نہ تسبیح نہ توبہ نہ خدا یاد آیا

قتل بے قتل کئے ہو گئے سب محفل میں
اس ادا سے وہ مرا بانیِ بیداد آیا

قبر پر میری وہ آتا ہے خدا خیر کرے
کیا کوئی تازہ ستم اور اسے یاد آیا

ہجر میں نالۂ دل میرا جو دمساز بھی تھا
رازِ دل کرتے کو افشا یہی غماز بھی تھا

جسکا افشا ہوا اس وحشتِ دل کے ہاتھوں
عشق اُس پردہ نشیں کا تھا مرا راز بھی تھا

کونسی چیز نہ دلکش تھی مرے دلبر کی
غمزہ بھی ناز بھی تھا عشوہ بھی انداز بھی تھا

وہ مست تھے کہ بنے ہیں ہماری خاک کے جام
خمِ شراب ہے گنبد ہمارے مدفن کا

اے چرخ ستا کر ہمیں تو شاد نہو گا
کچھ تیرا بھلا اے ستم ایجاد نہو گا

ہم جسے سمجھے تھے مہمان وہ مہمان نہ رہا
بن گیا سینہ میں دل یار کا پیکاں نہ رہا

وہیں جائے نہیں منظور جو میرا ہونا
ہو رہے اس دلِ شیدا کو ہے جسکا ہونا

کہتا ہوں دیکھ کے پہلو میں عدو کے اسکو
ہائے کیا چیز ہے تقدیر کا اچھا ہونا

جفا سے کیا اُسے اندیشہ جینے — دیا دل آپ کو قاتل سمجھکر

جفا وہ ہم وفا اپنی نہ چھوڑیں
یہی ہیں عہد و پیماں درمیاں میں

مر کے اپنا فیصلہ خود اے شبِ ہجراں کریں
عشق کی سب مشکلیں ہم آپ ہی آساں کریں

دل سنبھالیں جان کو ٹھہرائیں یا تھامیں جگر
ایک ہم آفت زدہ کیا کیا شبِ ہجراں کریں

ساتھ غیروں کے عیادت کو مری آتے ہو کیوں
جو نہ سمجھے ناصحو پھر اُسکو سمجھاتے ہو کیوں

تمکو ہم سے ہے اگر بیتابیٔ دل کا گِلا
سمجھے ہیں دل کے دینے کا انجام موت ہے

عبث پھراتا ہے رندوں کے سر کو اے واعظ
بس آنسو آنکھوں میں بھر لاؤ لیکے ٹھنڈی سانس

محبت اُس سے کرنا جان کو روگ اک لگانا ہے
زمیں کو سَے جاناں عاشقوں کی قدر لازم ہے

کوئی دم کا میہماں ہوں مجکو تڑپاتی ہو کیوں
ساتھ دیوانے کے دیوانے بنے جاتی ہو کیوں

ہمکو تم سے یہ شکایت ہے کہ یاد آتے ہو کیوں
موجود ہم تو اے شبِ ہجراں ابھی سے ہیں

اگر درست ہے نیّت تو مے حرام نہیں
ہمارے قتل کا کچھ اور انتقام نہیں

مگر تیری خوشی ہم اے دلِ ناداں کرتے ہیں
کہ یہ برباد ہو ہو کر تجھے آباد کرتے ہیں

مجکو سُنا کے غیر سے اُس شوخ نے کہا
دونوں کا فیصلہ ہے ترے ایک تیر میں

ہمکو قرار آئے جو تو بیقرار ہو
بیتاب پھر نہ دل نہ جگر بیقرار ہو

غور سے دیکھو تو ہر جا جلوۂ جانانہ ہے
شیخ جی دو ایک ساغر لیکے ساقی سے پیو

ہیں گواہی میں اُدھر روزِ جزا نازو غرور
ایک مدت سے بلالب ہو رہا ہے اے جگر

وہ رکھکر ہاتھ سینے پر تڑپ کو دِل کی کھوینگے
کسی سے بیاشارے ہیں کسی کی شمع محفل ہے

چلا ہے کوئی جاناں میں تو اے دل یہ بتاتا جا
دلِ جگر میں ہے جھگڑا تمہارے پیکاں پر

اثر دل کا تڑپنا کچھ نہ کچھ دکھلا ہی دیتا ہے
یقیں اپنی محبت کا نہیں آتا اگر ان کو

راحت زمانہ بھر کی مصیبت کو جان لے

آنکھ اگر ہو ایک زاہد کعبہ و بُت خانہ ہے
کیوں تکلف کرتے ہو یہ صحبتِ رندانہ ہے

اس طرف اک دل ہے وہ بھی بیخود و دیوانہ ہے
بس چھلکنے کو ہماری عمر کا پیمانہ ہے

ہمارا دل زخود رفتہ ہے اسکو کیا خبر ہوگی
کہ تیری زیست بھی گھل گھل کے جل جلکر بسر ہوگی

ہمارے مرنے جینے کی تجھے کیونکر خبر ہوگی
کسی کا ہو رہے یہ کچھ تو فیصلہ ہو جائے

تماشا بن گئے خود رقصِ بسمل دیکھنے والے
تو سینہ چاک کرکے دیکھ لیں دل دیکھنے والے

تیرا کہا جو اے دلِ شیدا کرے کوئی

جگر

جگر۔ نواب مرزا محمد عباس علیخاں بہادر معروف بہ مرزا بہادر رئیس لکھنو خلف میرزا محمد آغا علیخاں بہادر ناظم عہد شاہی۔ تحصیل علم کے بعد اپنے آبائی رسوخ کے ذریعے سے اودھ کی سول سروس میں نامزد ہو گئے تھے۔ اور درجہ بدرجہ ترقی کر کے ڈپٹی کمشنری کے عہدے پر پہنچے پھر اپنے والد کی وفات کے بعد پنشن لے کر خانہ نشین ہو گئے اب ۵۵-۵۶ سال کے قریب عمر ہے اور لکھنو میں بکمال فارغ البالی بسر اوقات کرتے ہیں۔ اور وہاں کے عمائد میں شمار کئے جاتے ہیں۔ زبان کی خوبی بندش کی عمدگی خیال کی بلندی طبیعت کی شوخی۔ مذاق کی شستگی کے علاوہ ان کے کلام میں ایک خاص بات یہ ہے کہ بیان کا طریقہ نہایت دلچسپ ہے۔ یہ ان کے اشعار ہیں۔

تمہارے رنج پہ دلِ زار کب نثار نہ تھا
تمہاری یاد میں کس دن یہ بیقرار نہ تھا

شکوہ کریں ہم کس سے بھلا بیخبری کا
سایہ بھی تو ملتا نہیں اُس رشکِ پری کا

ہشیار ہو موقع نہیں بیداد گری کا
اب وقت مریضوں سے نہیں بیخبری کا

رُخ زرد ہیں لب خشک ہیں نمناک ہیں آنکھیں
یہ حال پتہ دیتا ہے دردِ جگری کا

مصروف رہے آپ مرے کام میں تادفن
کیونکر ہو ادا شکریہ اس دردِ سری کا

سمجھا ہو تغافل کو جو اک حسن کی زینت
ایسے سے جگر کیا ہو گلہ بے خبری کا

صاف ظاہر ہے مرے گھر کا بیاباں ہونا
تم چلے آؤ تو آساں ہے گلستاں ہونا

اس سے بہتر کوئی تدبیر رہائی کی نہیں
دیکھے دل زلف کو پھر سلسلہ جنباں ہونا

شعلہ رو بن کے ہوئے زینتِ محفل شب کو
خوب آتا ہے انہیں شمع شبستاں ہونا

چھوڑ دو چارہ گرو مجکو خدا پر اب تم
غیر ممکن ہے مرے درد کا درماں ہونا

میری تقدیر میں لکھا تھا یہی روز ازل
دیکھے دل آپ کو یوں بے سر و ساماں ہونا

مشکلیں سب ہوئیں آسان جگر کی صد شکر
ایک باقی ہے فقط مرگ کا آساں ہونا

نتیجہ زندگانی کا ہے کچھ دنیا میں کر جانا
خیال موت بیجا ہے وہ جب آئے تو مر جانا

غضب ہے اُس ستمگر نے نہ اپنی بات تک پوچھی
بڑی مشکل سے اتنا قرب تجھ سے آج حاصل ہے

جان تو پہلے ہی نذرِ روئے زیبا ہو چکی
ہماری نظروں میں جب سے وہ ہیں سمائے ہوئے

حجاب قتل پہ میرے اجی ادھر دیکھو
اُٹھائیں تیغ تو وہ دستِ نازنیں سے کہیں

بنائے یا کہ بگاڑے خدا ہیں قدرت سے
نہ مسرت ہمیں اچھی نہ ملال اچھا ہے

جب ادہر دیکھتا ہے درد جگر بڑھتا ہے
کہتے ہو غیر سے ملنے کی شہادت کیا ہے

رخِ روشن پہ تیرے یوں دلِ دیوانہ آتا ہے
سنبھالے سے کہیں مچلا ہوا دل بھی سنبھلتا ہے

مجھے وہ دیکھکر محفل سے یہ کہتے ہوئے اُٹھے
دل وجاں دین وایماں جسکو ہمنے عمر بھر جانا

ہماری ذبح میں ظالم کہیں جلدی نہ کر جانا
اب فدا کیا آپ پر اپنا تن بیجاں کریں

ہم اپنی آنکھونکو عالم سے ہیں چھپائے ہوئے
ذراسی بات پہ کیوں ہو نظر جھکائے ہوئے

اسی اُمید پہ ہم سر کو ہیں جھکائے ہوئے
ہمیں بنائینگے وہ کیا جو ہیں بنائے ہوئے

آپ راضی رہیں جس میں وہی حال اچھا ہے
دشمن جاں ہے تری شوخ نگاہی کیسی

اپنی آنکھوں ہی سے دیکھا تو گواہی کیسی
کہ جیسے شمع کی جانب کوئی پروانہ آتا ہے

بھلا کب راہ پر کہنے سے یہ دیوانہ آتا ہے
جگر ہے نام جسکا لو وہی دیوانہ آتا ہے

جلال - مولوی جلال الدین صاحب جلال ساکن قدیم لکھنؤ شاگرد رشید شیخ امام بخش ناسخ مرحوم - آپ کی عمر کا بڑا حصہ بنارس میں گذرا - ۱۸۶۵ء میں زندہ وسلامت موجود تھے - طباع اور خوش کلام سخنور تھے - یہ آپکے اشعار ہیں -

کیوں اُلجھتا ہے یہ مجھ سے زاہد صورت پرست
جذبِ لذت سے یہ محو روئے جاناں ہو گئی

مِل گیا یاں رشتۂ تار نفس زنار میں
لب ہمارے بنکے بوسہ رہگئے رخسار میں

ترا جام مے ہو گیا آفتاب
شب بزم عشرت سحر ہو گئی

ضیا اپنے عارض کی دیکھی جو رات
جھجک کر یہ بولے سحر ہو گئی

کھلے صبحدم اُن کی چوٹی کے ہار
معطر نسیم سحر ہو گئی

ضیا جو اُڑی اُنکے عارض کی رات	فلک پر پہونچکر قمر ہو گئی
میں بوسہ پر اُنسے جو رد ہوتا رہا	تو شب جھگڑوں میں بسر ہو گئی
لبوں سے وہ لب ملکے کہنے لگے (ق)	جلال اب تو بو سحر ہو گئی

جلال

جلال - ان صاحب کا نام معلوم نہیں نہ زیادہ حال کھلا - فیض آباد کے رہنے والے اور طبقہ دوم کے آخر شعرا میں تھے - یہ اُن کے اشعار ہیں -

تنگ احوال ہے اب تو ترے شیدائی کا	آکے ٹک دیکھ تماشا تو تماشائی کا
اب تلک بازار میں بیٹھے ہیں جسکی وید کو	کیوں نہ آیا آہ کیا سوجھی یہ اُس بے دید کو
دل دیا مفت اب اُس آئینہ رو کو افسوس	میں تو حیراں ہوں جلال اس تری دانائی سے
ایک عالم ہو خریدار نہ کیوں سوجی سے	بیٹھے جب کہ وہ یوسف سر بازار لگے
کیا ہوا میں نے جو ٹک جانب ابرو دیکھا	اتنی ہی بات پہ تم کھینچنے تلوار لگے

جلال

جلال - سرآمد شعرائے باکمال حکیم سید ضامن علیصاحب جلال لکھنوی ولد حکیم اصغر علی لکھنوی شاگرد رشید رشک و برق لکھنوی سادات عظام میں سے ہیں اور خاندان میں کئی پشت سے طبابت کا سلسلہ جاری ہے - ان کے والد اپنے وقت کے مشہور طبیب تھے اور اُن کے دادا سید حسین علیخاں صاحب مرحوم حکیم شفائی خانصاحب مرحوم کے فن طب میں شاگرد تھے اور شفاخانۂ شاہی لکھنو میں ملازم تھے اُسی سلسلہ سے ان کے والد کو پنشن ملا کی اور ان کے انتقال کے بعد جناب جلال کے منجھلے بھائی حکیم سید ثامن علی صاحب کو نصف پنشن یعنی پندرہ (۱۵) روپیہ ماہوار مقرر ہوئی اس وقت آپ کا دم غنیمت اور یادگار سلف سمجھا جاتا ہے اور واقعی اساتذہ متاخرین اور گلشن رام پور کے نامی شعرا میں ایک حضرت جلال ہی باقی ہیں - خدا ان کے انفاس میں برکت دے - سنہ ۱۲۵۰ ہجری میں سید ضامن علیصاحب پیدا ہوئے - پل آہنی کے اُس طرف لکھنو میں ایک مشہور محلہ ہے جس کا نام بار ہے اُن کے بزرگ اُس محلہ میں رہتے تھے اور وہی ان کا مولد ہے ۱۸۵۷ء میں اُس مکان کو چھوڑنا پڑا

کیونکہ اُس محلّہ کے بہت سے مکانات بالکل منہدم اور تباہ ہو گئے۔ بقول مرزا محمد جعفر صاحب اَوج سلمہ اللہ تعالےٰ سہ

شہر جنگل ہو گئے آبادیاں بَن ہو گئیں		یہ ہوا کیسی چلی اِس تنگنائے دہر میں

سید ضامن علیصاحب نے نواب آصف الدولہ کے مدرسہ میں تعلیم پائی۔ لیکن شاعری کے شوق نے کتب درسیہ کی تکمیل نہونے دی۔ میبذی تک عربی پڑھی اور فارسی کی درسیات بجائے خود دیکھی۔ جناب مرزا محمد ہادی صاحب عزیز لکھنوی رسالہ معیار جلد ۱ نمبر ۲ میں ان کی شاگردی کا حال اسطرح رقم فرماتے ہیں۔

"حکیم صاحب ہمیشہ سے فنانی الشعر رہے۔ کوئی شوق سوا اسکے ہوا ہی نہیں۔ ابتدا میں امیر علیخاں ہلال شاگرد رشک کو اپنا کلام دکھایا وہ عرصہ تک اصلاح دیتے رہے چونکہ ان میں قابلیت اور مناسبت فطری موجود تھی چند ہی غزلوں کے بعد اُنکی طبیعت میں ایک رنگ جداگانہ پیدا ہوگیا۔ جب ہلال نے انکے کلام اور اپنی اصلاح کا اندازہ کر لیا تو خود انہیں میر علی اوسط صاحب کے پاس لے گئے اور اُن کا شاگرد کرادیا۔ یہ مدت تک اُن کے زیر اصلاح رہے۔ اتفاق سے اُن کو سفر عراق پیش آیا۔ ہنوز ان کا کلام محتاج اصلاح تھا اسلیئے اُنہوں نے فتح الدولہ برق سے مشورہ کرنا شروع کیا"

سید ضامن علیصاحب جلال کی شوخی طبیعت اور مشق نے آپکے کلام کو شہرت دی اور اُس صحبت میں شریک ہونے لگے جو خواجہ اسد آفتاب الدولہ قلق کے مکان پر ہر ہفتہ کو ہوا کرتی تھی۔ اِس میں بڑے بڑے مشاہیر مثل شیخ امداد علی بحر و شیخ امان علی سحر و اسیر۔ امیر و سید نادر علی تجو د شریک ہوتے تھے۔ مرزا محمد ہادی صاحب عزیز لکھنوی اس صحبت کا فوٹو اس طرح کھینچتے ہیں۔

"حکیم صاحب (یعنی حکیم سید ضامن علیصاحب جلال) بھی اِس صحبت کے جزو اعظم تھے اِس بزم میں یہ سب شاعر جن کا اوپر ذکر آچکا ہے) اپنا اپنا کلام پڑھتے اور جہاں کسی سے لغزش

لغزش ہوتی تھی فوراً اعتراض ہوتا تھا اور اُس پر بحث کی جاتی تھی۔ مگر انصاف پسند شعرا باہم ایسے شیر و شکر تھے کہ کسیکی ایرادو اعتراض پر شکر رنجی نہ ہوتی تھی۔ پہلے یہی صحبت خاص مصاحب منزل میں ہوا کرتی تھی۔ پھر آفتاب الدولہ قلق کے مکان پر آٹھ سات برس برابر رہی اُس کے بعد منشی مظفر علیصاحب اسیر نے اِس صحبت کو اپنے مکان پر منعقد کیا۔ اِس زمانے میں حکیم صاحب رامپور چلے گئے"

سنہ ۱۲۷۲ ہجری میں نواب یوسف علی خاں صاحب والی رامپور نے جناب جلال کو طلب کیا اور اُن کی بہت قدر و منزلت کی۔ لیکن نواب صاحب کی عمر نے وفا نہ کی اور حکیم صاحب کے پہنچنے کے دو مہینے بعد اُن کا انتقال ہو گیا۔ اور نواب کلب علیخاں مسند نشین ہوئے جنکی قدردانی و سخن فہمی نے بڑے بڑے شاعروں کو رامپور کھینچ لیا اور روزانہ مشاعرے ہونے لگے حکیم صاحب بھی اُن جلسوں کے جزو اعظم تھے۔ حضرت جلال خلد آشیان نواب کلب علیخاں کے آخر عہد تک رامپور میں قیام پذیر رہے۔ لکھنؤ اور دلّی اُجڑ کر رامپور میں اہلِ کمال و اہل فن کا مجمع تھا اور نواب خلد آشیاں کی زندگی تک وہ گلزار ہرا بھرا رہا۔ اُس چمن کے ایک پھول آپ بھی ہیں۔ مدت تک بزمرۂ شعرائے عالی قدر ممتاز رہے۔ حضرت امیر مینائی اور حضرت داغ دہلوی مرحوم و مغفور اور حضرت جلال مدظلہ میں اکثر صحبتیں گرم رہتی تھیں اور ان تینوں صاحبوں میں ایک خاص خلوص و محبت کا برتاؤ جاری تھا۔ اِن تینوں صاحبوں کی ہم طرح غزلیں دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ تینوں اپنے اپنے رنگ میں پختہ۔ تینوں اپنے اپنے خیال میں راسخ۔ اِن صاحبوں کی یکجہتی اور ہم مشقی ناسخ و آتش و آباد کے زمانے کو یاد دلاتی ہے کہ جس طرح اُنکی غزلیں ہم طرح ہیں اسی طرح اکثر ان کی غزلیں ایک ہی قافیہ ردیف میں موجود ہیں۔ اور سب پر طرہ یہ کہ آپس میں رسم و اتحاد اس درجہ بڑھا ہوا تھا کہ اکثر ایک ہی جگہ اور ایک ہی صحبت میں تینوں نے غزل کہی۔ کوئی قافیہ کوئی نکال لے گیا۔ کوئی مضمون کسیکا حصّہ ہو گیا۔ کسی زمین میں کسیکی غزل بڑھ گئی حضرت جلال کے مسلّم الثبوت اُستاد ہونے میں کسکو کلام

ہو سکتا ہے۔ علمی قابلیت کے علاوہ آپ اِس فنِ خاص میں محققانہ اور مجتہدانہ رتبہ رکھتے ہیں اور تمام اصنافِ سخن پر قدرت حاصل ہے۔ ہر رنگ میں آپ کا کلام موجود ہے۔ کہیں تشبیہ ہے کہیں خیال گوئی۔ کسی جگہ عاشقانہ رنگ ہے تو کہیں محض معاملہ بندی ہے۔ اگرچہ یہ بات کم و بیش سب شعرا میں ہوتی ہے کہ زمین کی مجبوری یا قافیہ کی رعایت سے جہاں جو موقع آتا ہے وہاں اُس رنگ میں وہ کہے بغیر نہیں رہتا۔ مگر انکے ہاں یہ بات بالتخصیص پائی جاتی ہے۔

حضرت داغ کو حیدر آباد تشریف لیجانے کے بعد انکی جدائی کا کمال افسوس و رنج تھا چنانچہ ایک مقطع میں یوں فرماتے ہیں ؎

اے داغ ہے دکن سے بہت دور لکھنو	ملتے امیر احمد و سید جلال ایسے

ناسخ مرحوم کے خاندان شاعری کی زندہ یادگاری۔ خاص ٹکسالی لکھنوی زبان کے سکتے اسی فرمانروائے اقلیم سخن کے حکم سے جاری ہوتے ہیں۔ آپکے فیضانِ سخن سے کامیاب ہونیوالے جا بجا ہندوستان میں موجود ہیں۔ منجملہ اُنکے یاس لکھنوی اور احسان شاہجہانپوری۔ ضیا دہلوی۔ جناب انتکر رئیس اجی گڈھ اور جناب سیف مربرآوردہ شاعر اور صاحبِ دیوان ہیں۔ آپ کی تالیف و تصنیف سے اُردو ادب میں کئی مفید رسالے مثل دستور الفصحا۔ افادۂ تاریخ۔ مفید الشعرا۔ منتخب القواعد۔ شائع ہو چکے ہیں۔ اور چار دیوان غزلوں۔ قصیدوں کے چھپ چکے ہیں۔ سرمایۂ زبانِ اُردو (لغت) بھی آپکی ایک قابلِ قدر تالیف ہے۔

بعد انتقال نواب خلد آشیاں آپ کی پنشن سرکار رامپور سے بند ہو گئی تھی۔ اب سُنا گیا ہے کہ چند سال سے پھر موجودہ نواب صاحب رامپور نے وہ پنشن جاری فرمادی ہے۔ پیرانہ سالی و امراض لاحقہ کیوجہ سے آپ کئی برس سے خانہ نشین ہیں ریاست مانگرول کاٹھیاواڑ کے قدردان رئیس کے اصرار پر آپ کئی برس وہاں بھی قیام فرمارہے۔ آپکی عمر اس وقت (۱۳۲۵ ہجری) قریب چھہتر برس کے ہے۔ لیکن طبیعت کی شوخی جوانی کا رنگ دکھاتی ہے اِس کیفیت کو خود یوں بیان فرماتے ہیں ؎

بُت پرستی جلال پیری میں	نام او بندۂ خدا نہ ہوا

آپکا حال کاتب کو دیا جا چکا تھا کہ آپکی وفات حسرت آیات کی خبر لکھنؤ سے آئی - آپکے صاحبزادے حکیم سید مہدی کمال فنِ سخن میں معقول مہارت رکھتے ہیں - فی الحال نواب صاحب بہادر والئی رامپور کی مصاحبت میں ہیں "تذکرہ خمخانہ جاوید" کی جلد اول کے آخر میں جناب جلال و جناب کمال دونوں کے قطعات تاریخ طبع ہو چکے ہیں - جناب جلال نے بعمر ۷۶ سال بتاریخ ۲۰ - اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ء انتقال فرمایا - اُنکے مرنیسے بزم سخن کی رہی سہی رونق بھی خاک میں مل گئی - اب اُنکے کلام کا انتخاب درج کیا جاتا ہے -

(انتخاب دیوانِ اول)

کوئے جاناں سے نہ پھر کر دلِ ناشاد آیا　　بے مروت کو نہیں بھول کے بھی یاد آیا

طاقت نے سنبھالا نہ تحمل نے دمِ ہجر　　سب دعویٰ ہی کرتے تھے کوئی کام نہ آیا

ہم تھوڑے ہی سے جرم میں شرمائے ہیں کیا کیا　　اک جرعہ مے پی کے عرق آئے ہیں کیا کیا

لکھنے جو لگے یار کو ہم شوقِ ملاقات　　پہلوے دلِ بیتاب نے بتلائے ہیں کیا کیا

نہ خوف آہ بتوں کو نہ ڈر ہے نالوں کا　　بڑا کلیجہ ہے اِن دل دُکھانے والوں کا

پائی راحت ترے خنجر ہی کے نیچے قاتل　　پھر جو ٹھہرا تو یہیں کچھ دلِ بسمل ٹھہرا

خاص ہم پر وہ جد کرتے ہیں　　یہ بھی پہلو ہے مہربانی کا

اہلِ دل کے لیے راحت نہیں اِس سے بڑھکر　　جنکو سمجھا ہے وہ بیدرد دُکھانا دل کا

بتو سچ ہے مری سنتا خدا کیا؟　　کہ میں ناچیز کیا میری دعا کیا؟

آیا نہ تا زبانِ قلم حرفِ مدعا　　دل ہی میں تھا کہ یاس نے اسکو مٹا دیا

کہہ سکے وہ اُٹھ گئے کہ مشکل ہے　　سہل کرنا تمہاری مشکل کا

دل کسی کے عشق میں اچھا ہُوا جاتا رہا　　داغ تھا اک مٹ گیا - اِک درد تھا جاتا رہا

کیا تم سے کہیں کہ مر کے منہ پر　　کیا لُطف رہا ہے زندگی کا

مل گئی خاک میں ہر چند اُٹھی اُٹھ نہ سکی　　تیری ٹھوکر نے قیامت کو سنبھلنے نہ دیا

بہت ہے نالے اپنے اگر بے اثر رہیں
ہمسے تو دل کسی کا دکھایا نجائے گا

(ر)
مدت کے بعد منہ سے لگی ہے جو چھوٹ کر
توبہ بھی مے پہ گرتی ہے کیا ٹوٹ ٹوٹ کر

(ک)
فلک تیرے جگر کے داغ ہیں ہم
مٹائے جا مٹانا ہے جہاں تک

(ن)
مجھ سے سیدھا مری تقدیر کو ہو لینے دو
پھر بتادوں گا کہ یوں ترچھی نظر کرتے ہیں

اندازۂ طلب سے دیا بڑھ کے جب دیا
کم حوصلہ ہمیں ہیں وہاں کچھ کمی نہیں

صنم کی بے نیازی کہہ رہی ہے
نہیں کچھ فرق بندے میں خدا میں

(و)
رندوں کی مذمت سے تجھے فائدہ زاہد؟
نیکوں کو نہ بد کہہ کے گنہگار خدا ہو

سو بار دل سے جاؤ چلے آؤ لاکھ بار
تم ہو یہ کوئی نکلی ہوئی آرزو نہ ہو

یہ ہوا آکے تری بزم میں حاصل مجھکو
دل کو میں کھو کے دو عالم سے چلا دل مجھکو

غیروں کو تو پلائی ہے ہم پر چھڑک ہی دے
ساقی بچی کچھی جو سبو میں شراب ہو

(ی)
کہتی ہے جلتی ہوئی شمع یہ پروانے سے
کچھ لگی دل کی جو بجھتی ہے تو جل جانے سے

رہ سکے میرے دل میں راحت کو پریشانی ہوئی
خواب کو گھر کرکے آنکھوں میں پشیمانی ہوئی

بولا وہ صنم حشر میں سنکر مری فریاد
اللہ سے ڈرتا نہیں یہ کتنا نڈر ہے

اب یہاں کہتے ہیں کیوں ہاتھ ترا رکھا ہے
دل تو ہم لیگئے اب سینے میں کیا رکھا ہے

نظارہ محو کردیتا ہے حسن حیرت افزا کا
حسینوں کا تماشائی تماشا ہو ہی جاتا ہے

نہو برہم جو بوسہ بے اجازت لیلیا میں نے
چلو جانے دو بیتابی میں ایسا ہو ہی جاتا ہے

وائے اس درد رسیدہ کی بھی تنہائی پر
بیکسی پوچھتی ہو جس سے کہ حال اچھا ہے

اب کسی سے یہ کہیں گے کہ ہمیں رنج ہی دے
شاد ہونے کی تمنا میں تو ناشاد رہے

کعبہ ہو بتکدہ ہو۔ عرش بریں ہو۔ دل ہو
جو مکان جلوہ گہِ یار رہے آباد رہے

سنتے ہیں تغافل کے بڑی دیر لگے گی
ہنگامۂ محشر کو جگانے میں ہمارے

ہنسی روکی گئی اُس سے نہ مجھ سے تھم سکے آنسو
برابر ایک سی دونوں طرف بے اختیاری تھی

قلق دل کا دُعا کو کارگر ہونے نہیں دیتا　　دُعا جب مضطرب خود ہو اثر پھر اس میں کیا ٹھہرے
کھول کر بال پریشان نہ کر روح کو تو　　او مرے سوگ کے پردے میں سنو نیوالے

(۱) انتخاب دیوان دوم

بھیجنا خط کا تھا پیامِ اَجل　　انتظارِ جواب نے مارا

جب رو چکا میں دل کی جلن اور بڑھ گئی　　نکلی چمک کے دھوپ جہاں مینہ برس گیا
رُخ پر کبھی غبار ہوا رنگ بن کے عشق　　بُو ہو کے پیرہن میں کبھی اپنے بس گیا
فرقت میں درد ایک میرا ہمنشیں رہا　　اُٹھ کر بھی کھڑا ہوا تو یہیں کا یہیں رہا
غیر [illegible] نے بنایا جلوہ گاہِ یار میں　　آنکھ نامحرم ہوئی جب دن سے دل محرم ہوا
پتا کیونکر لے قاتل کسی پیکان کا تیر سے　　لگا جو تیر آ کر ہو گیا جزوِ بدن اپنا
کوئی دامن جنوں میں کھینچتا ہے آستیں کوئی　　اُتارے لیتے ہیں خارِ بیاباں پیرہن اپنا
دیدنی تھی نزع میں اپنی نگاہِ یاس بھی　　یار سا بے دید تک محوِ تماشا ہو گیا
رکھ پڑا یوں تھام کر دل کو میں اُنکے سامنے　　وہ بھی یہ کہتے ہوئے دوڑے اِسے کیا ہو گیا
(د) اپنا جسے یہ شیخ و برہمن نہ کر سکے　　آیا ہے ہمکو وہ بتِ بیگانہ خو پسند
(ر) ہنس کے بولا وہ وصلے جو شب کے اختلاط　　بھول جاتے ہیں ہم ایسے خواب اکثر دیکھکر
ہنستا رہا جو حالِ دلِ پاش پاش پر　　کیا روئیگا وہ کشتۂ حسرت کی لاش پر
آرزو ہے کہ بلا کر اُسے دل میں رکھیئے　　صاحبِ خانہ جو بن جاتا ہے مہماں ہو کر
نزع میں اِس لیئے کھولے ہوئے بال گئے ہیں　　رُوح عاشق کی جو نکلے تو پریشاں ہو کر
قتل عالم کو کیا پھر وہ نہ ٹھہرے قاتل　　بھولے بن کر کہیں چھوٹے کہیں ناداں ہو کر
(ض) نہ کھینچنے پائے آنکھ اُنکو اگر اُٹھے بھی نقابِ عارض　　ہوئی نگاہوں کی اتنی کثرت کہ بن گئیں خود حجابِ عارض
کہاں یہ بو سنبلِ چمن میں کہاں یہ نکہت گلِ چمن میں　　اُنھیں کا گیسو مثالِ گیسو اُنھیں کا عارض جوابِ عارض
اُٹھے ہیں لطفِ وصل کا جب کہ تم اُٹھا دو وصال کی شب　　حیا کا پردہ مژہ کی چلمن حجابِ دیدہ نقابِ عارض

بانکپن تیرا کسی اور ستمگر میں نہیں
اللہ رے تیرگی کہ برنگِ شبِ فراق
نقشِ قدم پکارتے ہیں راہِ عشق میں
دیکھے ہیں ایک ہی سے تغیر مآل میں
حیران سے ہیں دونوں کسیکے خیال میں
کونسا دام نہاں شیخ کے جامہ میں نہیں
حشر میں چھپ نہ سکا حسرتِ دیدار کا راز
ندیکھے جائیں جس سے بیٹھکر پہلو میں داغ دل
تجھسا بھی یار دلبر بیگانہ تُو نہیں
اللہ رے بیخودی کہ وہ پہلو میں بیٹھکر
وہ رنج کیا کہ جس سے نہ راحت ہو عشق میں
معشوق ہی نہیں ہے جو عاشق سے بے سبب
کیا رشک ہو کہ ہجر میں خود چاہتے ہیں ہم
دکھایا اُسنے جلوہ اور کسی نے کچھ نہیں دیکھا
نجات ہوگئی ناصح سے عمر بھر کے لیئے
ڈھونڈھ دیتے ہیں اُس بت کو کہیں سے اے شیخ
شغل گر ڈھونڈتے ہو جی کے بہلنے کے لیئے

(ن) تجھ میں جو نوک ہی قاتل تو سنے خنجر میں نہیں
تارے گنا کیا ہوں میں روزِ سیاہ میں
مٹے جائیں حوصلے جسے نام و نشاں کے ہیں
معشوق کے مزاج میں عاشق کے حال میں
آنکھ اپنے رنگ میں ہے تو دل اپنے حال میں
پیچ ایسا بھی کوئی ہے کہ عمامے میں نہیں
(د) آنکھ کم بخت سے پہچان گئے تم مجھکو
وہ میرا کیوں بنے دلسوز مجھپر جو ہو کیوں کر
اپنا کرے ہزار کوئی تجکو تو نہ ہو
لیجائیں دل نکال کے ہمکو خبر نہ ہو
وہ درد کیا جو دل کی تڑپ کی دوا نہ ہو
تیور نہ بدلے رُوٹھ نہ جائے خفا نہ ہو
نالہ بھی گوشِ یار تک اپنا رسا نہ ہو
گوارا اسکی دید بھی ہو گی جا کر میری حیرت کو
(ی) اُسی کو بھیجدیا یار کی خبر کے لیئے
تم خدا ترس سنتے اک کام ہمارا کرتے
دل میں آبیٹھو کلیجہ مرا ملنے کے لیئے

سوچ کر رنج دستیجے دل کو | اِس میں پہلو ہیں میری راحت کے

بے نشاں ہوتے ہیں بھی اپنے تمھاری شہرت
تڑپ تڑپ کے جو عاشق تمام ہوتا ہے
آنکھوں میں جگہ کی اُدھر آئے اُدھر آئے

تم ہٹاتے ہیں ہم نام تمھارا کرتے
تمھاری نیم نگاہی کا نام ہوتا ہے
داں دیکھے صنم چلتے ہی پھرتے نظر آئے

میری تڑپ نے یار کی شوخی نے بزم میں
تصویر کھینچ دی ہے سوال و جواب کی

تیرے سب ناز ہیں گو زندہ ہی کرنے والے
ڈھونڈ لیتے ہیں بہانہ کوئی مرنے والے

کافر و مومن بنے جسے دونوں نہ اپنا کر سکیں
برہمن مجھکو بت بیگانہ ایسا چاہیئے

کہتا ہے یہ دل جب سے گیا ہے کہیں قاصد
کیا ہو گئے ہیں تم جو کچھ اچھی خبر آئے

میکدے کی خاک تک سے ٹولیئے یہ دلمیں ہے
کس خراباتی کی مٹی اپنی آب و گل میں ہے

ہم کعبہ میں آکر یہ دعا کرتے ہیں اے شیخ
بُت لے کے نکلیئے کوئی اللہ کے گھر سے

لو بند کئے لیتے ہیں ہم دیدۂ مشتاق
اب دیکھیں تو آجاتے ہو تم دلمیں کدھر سے

خواب غفلت ہی ہے بہتر کہ ہم آغوش ہے یار
آنکھ کھلنے پہ یہ سامان رہے یا نہ رہے

میخانہ پوچھتا تھا کہ میں خانۂ خدا
بہکا کے لائے حضرت زاہد کدھر مجھے

قدموں سے ہم لگے ہوئے تھے یا جدا ہوئے
مہندی سے تھے اُنکی پاؤں کی اک نقش پا ہوئے

لو جی سے گئے جو آکے کہا تم نے مر کہیں
اچھی گھڑی کے کوسنے ہمکو دعا ہوئے

(انتخاب دیوان سوم)

غم ولا جب آتا ہے دل خوش ہو کے کہتا ہے
مرا سرمایۂ عیش و نشاط زندگی آیا

سنبھالا درد نے فرقت میں دلکو بھی جگر کو بھی
اُدھر گھبرا کے جا نکلا اِدھر مضطر کبھی آیا

کیا تھی کسی کی ترچھی نظر کچھ نہ پوچھئے
اِک تیر تھا کلیجے کے جو پار ہی رہا

کیا نیند ہوشیار تھی اُسکی شب وصال
سو بھی گیا وہ فتنہ تو بیدار ہی رہا

پوچھتے کیا ہو کہ کیا چیز ہے آنا دل کا
دین و دنیا سے اسے کہتے ہیں جانا دل کا

بولے ہنسکر جو کہا رو کے فسانہ دل کا
دل لگی سمجھے تھے کیا آپ لگانا دل کا

عشق میں ہم یہ نصیحت کیئے رکھتے ہیں جلال
رازداں کو بھی نہ تم بھید بتانا دل کا

وہ دل کہا جان بھی لیکر کہیں گے
کہ تو کیا اور تیرا حوصلا کیا؟

عدو کو خوش ہمیں ناشاد رکھنا
ذرا اے چرخ اِس کو یاد رکھنا

مرا دل لیجئے تم بھولے تو بھولے
ستم ہے بوسہ دے کر یاد رکھنا

بندوبست اپنا کیا خاک اُسکے گھر میں غیر نے
میں نہیں میرا خیال آتا رہا جاتا رہا

اگلے معشوقوں کا ذکر آیا جو اُس بےمہر سے
ہنس کے بولا اب وہ دستورِ وفا جاتا رہا

کوئی ایسی بھی جفا ہے کہ ادا اسمیں نہیں
لطف ہم سے کوئی پوچھے تری بیدادوں کا

دونوں آنکھیں ہیں جلال اشک فشاں فرقت میں
ایک ساون کا سماں رکھتی ہے اک بھادوں کا

مجھے جان دیکے اتنی بخدا خوشی نہ ہوتی
مرے مرنے کا ذرا بھی جو تمھیں ملال ہوتا

سرگرمِ شوقِ دید ہے پھر کوئی طور پر
تم بھی جلے کو اَور جلاتے تو خوب تھا

(ر)

عاشق سے اگر دور ہی رکھنا تھا الٰہی
جنت میں نہ رکھا اُسے کیوں حور بنا کر

الگ دل کے داغوں سے ہیں دلکی پھانسیں
یہ نکلے ہیں کانٹے گلستاں سے بچکر

جل بجھا وہ اور یہ جلتی رہی
شمع سے کیا کر گیا پروانہ چال

وہ جو آئے میں زخود رفتہ ہوا
چل گیا مہماں سے صاحب خانہ چال

(ن)

دم مرا کہتا ہے نکلوں گا اک دن اپنے ساتھ
میں تمھاری حسرتِ دل کے مددگاروں میں ہوں

بچاتے ہیں تمھیں الزام سے تم پر جو مرتے ہیں
ادا پر جان دیتے ہیں قضا کا نام کرتے ہیں

دیئے جائیں وہ ہمکو گالیاں جھوٹا کہے جائیں
ہماری تو یہ خو ہی بوسے لیکر مکرتے ہیں

(و)

غمخوار بھی ہو حسرتِ دل جاں نثار بھی
سب کچھ ہو جان کا مری لیکن عذاب ہو

درد دل کا ہے ترقی پہ اگر ہونے دو
جاؤ تم حال مرا نوعِ دگر ہونے دو

بگڑے کوئی اَوروں سے بنے جان پہ اپنی
عاشق ہی کے سر آتی ہے آفت ہو کسی کی

اکیلے کا کہیں دو سرکشوں سے زور چلتا ہے
دوپٹہ لاکھ سینے پر سنبھالو کب سنبھلتا ہے

مار ڈالا مرے بے پردہ نہ ہونے والے
اب تو مُنہ کھول دے مُنہ ڈھانک کے رونیوالے

دل نے طوفان محبت میں اُٹھائے کیا کیا
خضر ہی ٹھیرے مرے ناؤ ڈبونیوالے

خوبرویوں کے بگڑنے میں بھی ہیں لاکھ بناؤ
کہیں اچھوں کی کوئی بات بُری ہوتی ہے

آئے شبِ وعدہ کوئی اور آ کے پلٹ جائے
یوں بھی کسی کم بخت کی قسمت نہ اُلٹ جائے

سی لیں گے گریباں کو ہم۔ یہ تو بتا دو
کسطرح رفو اسمیں ہو دل تم سے جو پھٹ جائے

کھنچکے ملتے ہیں مگر وہ ہمسے ملتے ہیں ضرور
کیا غلط اے جذبِ محبت تری تاثیر میں ہے

اِک گلا غیر کا جس میں ہیں وہ دستِ نازک
ایک گردن مری جو طوقِ گلوگیر میں ہے

(انتخاب دیوانِ چہارم)

دلبری کی تو ادائیں تھیں انوکھی اُن کی
جاں ستانی کا بھی انداز نرالا ہوتا

شرم کو آپ کی اللہ سلامت رکھے
شوخیوں نے تو مجھے مار ہی ڈالا ہوتا

سامنے میرے حیا نے انھیں آنے نہ دیا
خاک میں نیچی نگاہوں سے ملانے نہ دیا

مرنے دیتی نہیں امیدِ وصالِ جاناں
دل کے آنے نے ہمیں جان سے جانے نہ دیا

اِک قدم جانا جنھیں دشوار تھا
شوق لیکر سیکڑوں منزل گیا

رہتا ہے کلیجے میں نہاں دردِ محبت
یہ چوٹ وہ ہے جسکو اُبھرنا نہیں آتا

کیوں حشر کے فریادیوں سے ڈرتے ہو اتنا
کیا ظلم تمھیں کر کے مکرنا نہیں آتا

کلیجہ کوئی تھام کر رہگیا ہے
اُدھر جانے والے اِدھر دیکھ لینا

فلک ترستے ہونگے حبابوں کی صورت
دکھائیگی جو چشمِ تر دیکھ لینا

تماشا مری بیقراری کا آکر
شبِ وعدہ تم رات بھر دیکھ لینا

(۲)

اُسکی سی کہنے لگے دیکھکے ناصح اُسے آپ
جائیے جائیے بس حضرتِ من دیکھ لیا

صدقے دلِ ستم زدہ کی آن بان پر
تیور نہ بگڑے بن گئی گو اُسکی جان پر

جب آتے ہیں تڑپتے کوئی قاتل سے نکلتے ہیں
جگر تھامے سنبھالے دل کو بسمل سے نکلتے ہیں

دِکھلا اُسکے ایک آنسو بھی کھینچیں ہمنے لاکھ آہیں
ڈھونڈیں کیا بے اثر اپنے تجھے دل سے نکلتے ہیں

عشق جس دل میں ہو کیونکر نہ شرر اُس سے اُٹھیں
چوٹ کھا کر جو نہ دے آگ وہ پتھر ہی نہیں

ہمہ تن آرزو و شوق و تمنا میں ہوں
لاکھ جھگڑے ہیں مرے ساتھ وہ تنہا میں ہوں

پُوچھنا میرا کہ لی کس نے جگر میں چٹکی
اُس دل آزار کا شوخی سے یہ کہنا میں ہوں

پُوچھ تو جاتے ہیں آپ آکے کبھی میرا مزاج
اپنا بیمار ہی رکھیے یوہیں اچھا میں ہوں

جلا کر رکھتی ہے اُمّیدِ وصل اے ہمنشیں برسوں
رہے گو جاں بلب عاشق مگر مرتا نہیں برسوں

نہ جیتے جی ملی راحت نہ بعد مرگ اُلفت میں
فلک کی کیا شکایت ہمکو پیسا کی زمیں برسوں

نہ دینا تھا نہ بوسے لب بلب ہو کر دیئے اُسنے
اسی اُمید میں لب پر رہی جانِ حزیں برسوں

ہنسے مانا مرنے والوں کو قضا آتی نہیں
کیا تمھیں بھی جان لینے کی ادا آتی نہیں

ہجر کی شب ہو گئی گویا ہر آفت کی سپر
اس بلا کے خوف سے کوئی بلا آتی نہیں

کونسا دل ہے کہ جس دلمیں نہیں گھر اُن کا
سب کے مہمان بھی ہیں پھر کہیں جاتے بھی نہیں

لَن تَرانی ہے سرِ طور تو موسیٰ ہی سے ہے
ہم جو ایسی نہیں سُنتے تو سُناتے بھی نہیں

سوال شوق کے میرا چُپ ہے کچھ جواب نہیں
یہ کیا کہ ہاں ہے نہ او شوخ بیحجاب نہیں

جو پُوچھا وصل میں محجوب کیوں اے دلربا تم ہو
تو شوخی سے وہ بول اُٹّھے کہ کتنے بیحیا تم ہو

کسیکا آکے میت پر ہماری ناز سے کہنا
کہو بیگانہ خو نا آشنا اب ہم ہیں یا تم ہو

تیغِ ادا کو دیکھو دل کی سپر کو دیکھو
تیرِ نگہ کو دیکھو میرے جگر کو دیکھو

دیکھو نہ آئینے میں اپنی نظر کو دیکھو
حالت ہے کیا ہماری پہلے اِدھر کو دیکھو

روزِ سیہ سے میرے انساں پناہ مانگے
بد تر ہے شامِ غم سے رنگِ سحر کو دیکھو

نالہ تھمتا ہے تو اک دل میں چمک ہوتی ہے
اشک رکتے ہیں تو آنکھوں میں کھٹک ہوتی ہے

جلال آتا ہے کب کوئی پسِ مرگ
اجل بھی دوست ہے بس جیتے جی کی

لازم ہے چشم و دل کو تدبیر اپنی اپنی
پھر عشق جو دکھائے تقدیر اپنی اپنی

نامہ مجھے وہ بھیجیں پہنچے مرے عدو کو
لکھا یہ اپنا اپنا تقدیر اپنی اپنی

عاشق کے سامنے دمِ آخر تو آئیے
پردہ اُٹھائیے ملک الموت ہٹ گئے

مرض ہے یا قضا کیا جانے کیا ہے ؟
یہ دردِ لا دوا کیا جانے کیا ہے ؟

تقاضا شوق کا کیا جانئے کیا ہے؟	نہیں معلوم کیا کہتی ہے غیرت

جلال

جلال۔ مولوی سید الٰہی بخش عرف ملا جلال عظیم آبادی۔ آپ پٹنہ کے سادات عظام سے تھے اور حضرت داغ دہلوی کے تلامذہ رشید میں آپ کا شمار تھا۔ فارسی زبان میں آپکی لیاقت قابلِ امتثال تھی اور اس زبان میں شعر بھی خوب کہتے تھے۔ اردو کی طرف توجہ بہت کم تھی۔ محض پاسِ خاطر احباب سے کبھی ایک آدھ غزل کہہ لیتے تھے۔ سالہا سال بمبئی اور حیدرآباد دکن میں اپنے استاد کی خدمت میں رہے اردو کلام میں بھی صفائی اور شوخی کے علاوہ مضمون کی حلاوت ایک خاص مزہ دیتی ہے۔ بندش بھی بہت چست طرز بیان کا سلیقہ اچھا تھا ۴۲ برس کی عمر میں اوائل ۱۹۰۷ء میں انتقال کیا۔ کلام پراگندہ ہو گیا بصد دشواری چند غزلیں بہم پہنچیں ان کا انتخاب درج ذیل ہے۔ فقیرانہ روش اختیار کر رکھی تھی۔

مرا غمخوار نشتر اور میں غمخوار نشتر کا	نہ کیونکر دل مرا مشتاق ہو ہر بار نشتر کا
کہیں آزار خنجر کا کہیں آزار نشتر کا	تپاں رہتا ہے دل سینے میں پہلو میں جگر مضطر
کرے تجھ سے قیامت سامنا کیا	ترے قدموں کی ٹھکرائی ہوئی ہے
جو کچھ جھگڑا ہے رند و پارسا میں	قیامت ہی کے دن وہ پاک ہوگا
تمنائیں دلِ درد آشنا میں	دم رخصت رہی جاتی ہیں افسوس
اب بیقرار یہ دلِ بے اختیار ہے	کب تک غمِ فراق کا صدمہ سہا کرے
پھر یہ ہمت کہ کمر بستہ ہیں چلنے کیلئے	رہروانِ رہ تسلیم تھکے ہیں ہر چند

جلیس

جلیس۔ نواب سید محمد مہدی علیخان بہادر الموسوی نیشاپوری مرحوم خلف نواب سید علی نقی خان بہادر صمصام الدولہ ناصر الملک شوکت جنگ متخلص بہ عمنی و ناصر۔ جناب جلیس ۱۲۴۵ھ میں بمقام لکھنو پیدا ہوئے اور ۲۶ ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ میں بعارضۂ فالج وہیں انتقال فرمایا۔ اور نور باڑی مدفنِ خاندانِ نیشاپور میں پیوند زمین ہوئے۔ آپ کو شیخ امام بخش ناسخ مرحوم سے تلمذ تھا۔ آپکے صاحبزادے نواب سید عسکری مرزا خاں تلیغ اور سید محمد جعفر خان

ریاض لکھنو میں موجود ہیں۔ کلام باوجود تلاش نہ مل سکا صرف چند شعر ملے وہ حاضر ہیں۔

خود بخود آپ جو تشریف مرے گھر لائے	آگیا آج یہ اے جانِ جہاں کیا دل ہیں
ربط غیروں سے ہے منظور کہ ہم سے صاحب	سچ بتا دیجئے جو کچھ ہے ارادہ دل میں
یکتائی کا دعوی تجھے اے یار بجا ہے	تجھسا کوئی دنیا میں نہ ہوگا نہ ہوا ہے
زاہد بخدا ہوں میں دل وجاں سے تصدق	دیکھا نہیں اُس بُت کا مگر نام سُنا ہے

جلیس

جلیس - محمد جلیس آپ بدایوں کے رہنے والے تھے۔ اٹھارویں صدی کے آخر میں آپکا عالم شباب تھا اور اکثر رُباعیاں کہا کرتے تھے۔ جو کلام نظر سے گذرا اُس میں سے یہ رباعی منتخب ہو کر درج کی جاتی ہے۔

غیروں کو دکھا کے یہ رنگیلی آنکھیں	کیوں کرتے ہو ہم پہ نیلی پیلی آنکھیں
جیدھر یہ پھریں کریں ہیں قتلِ مردم	آفت ہیں غضب تری کٹیلی آنکھیں

جلیس

جلیس - منشی سید ابو محمد لکھنوی خلف الصدق جناب سلیس و نبیرہ میر انیس۔ غزل اور مرثیہ گوئی دونوں میں جناب پیارے صاحب رشید سے اصلاح لیتے ہیں۔ زبان صاف اور فصیح۔ بندش چست مضمون بلند الغرض تمام خوبیاں آپکے کلام میں موجود ہیں مسودہ کاتب کے پاس جاچکا تھا کہ رسالۂ معیار سے آپکے بیوقت انتقال کی خبر معلوم ہوئی۔ جناب جلیس بڑے بامذاق اور دوست پرست شخص تھے آپنے بعارضۂ یرقان ۴ ۲ جمادی الاول ۱۳۲۵ھ کو انتقال کیا اور اپنے دادا میر انیس کے پہلو میں دفن ہوئے۔ گذشتہ تین چار سال میں اُنھوں نے بڑی شہرت حاصل کرلی تھی۔ اُنکے خاندان کے عقیدتمندوں کو ان سے بڑی اُمیدیں تھیں مگر سب پر انکی بیوقت وفات سے پانی پھر گیا۔ مشفقی و محبی مسٹر حامد علیخاں صاحب نے ازراہِ عنایت چند غزلیں ارسال کیں ہدیۂ ناظرین کیجاتی ہیں۔

تھا میں اس حالت میں دیکھا جسنے وہ غمناک تھا	صبح محشر کا گریباں تا بہ دامن چاک تھا
ہجر میں ہر طرح کا سامانِ راحت تھا بہم	تو جو پہلو میں نہ تھا ای بیوفا سب خاک تھا

سیر گلشن میں نہ آیا کچھ تمھیں عاشق کا دھیان
بہار آئی ہے دل مائل ہوا وحشت کے ساماں پر
نظر بدلی بل آیا گیسوؤں میں جسم ہوئی ابرو
سراپا سوختہ ہوں کشتۂ برقِ تبسم ہوں
ہوئے ہیں قید جیسے عاشقِ چشمِ بتاں تیرے
ہوئے ہیں غیر کے نقشِ قدم سیلِ فنا مجکو
جفا کس لطف سے کرتا ہی مجھپر چارہ گر بن کے
اسیری میں بھی مجکو دھیان ہی ولکی تسلی کا
جلیس اچھی نہیں ہی خوش بیانی بزم عالم میں
کیا مر کے بھی الفت کے نام کو روشن
مجھے غرور ہے اس کا کہ دل ہی سینے میں
خموش رہ نہیں سکتا قفس میں کوئی گھڑی
کسی جگہ یہ ہے بلبل کہیں سے پروا نہ
تمھارے مصحفِ رخسار میں ہے یہ تحریر
اسکو کہتے ہیں کشش یہ جذب کی تاثیر ہے
صبح ہوتے ہوتے جلکر خاک ہو جائینگے ہم
پہلی ہے کھینچکر صحرائے وحشت کیطرف
یہ بھلا کوئی غزل گوئی کی صورت ہی جلیس
دعا قبول نہیں ہم سے عشق بازوں کی
نور پھیلا ہے نقاب اُلٹے ہوئے بیٹھے ہو تم
گدائے عشق سمجھ کے ذرا نگاہ ملے

جن کو تم صد برگ سمجھے ہو دلِ صد چاک تھا
نظر میری کبھی زنجیر پر ہے گاہ زنداں پر
جوانی آئی واں یاں آفتیں آئیں دل و جاں پر
جلا جاتا ہے کیونکر ہاتھ رکھوں قلبِ ویراں پر
ہیں اک عالم کی آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں پر
ٹھہر سکتا نہیں دم بھر زمینِ کوئے جاناں پر
نظر ہے زخمِ دل پر ہاتھ ظالم کا نمکداں پر
کہ نقشہ کھینچتا ہوں زلف کا دیوارِ زنداں پر
کہ یہ باتیں گراں ہیں دوست دشمن کے دل جاں پر
چراغِ گورِ غریباں ہی وفا میری
انھیں ہے ناز بہت زلف ہے رسا میری
پسندِ خاطرِ صیاد ہے صدا میری
نئی ہے عالمِ نیرنگ میں وفا میری
کہ چاہیے دلِ بیمار کو ہوا میری
ایک ہی جا قلب میں سوفار و نوکِ تیر ہے
آج اے دل قصدِ ضبطِ نالۂ شبگیر ہے
آپکے دیوانے کو موجِ ہوا زنجیر ہے
دل ہمارا رنج و غم کی آجکل تصویر ہے
جو بندے بت کے ہیں سنتا نہیں خدا انکی
چاندنی شرما رہی ہے بام پر آتے ہوئے
زکوٰۃ حسن کی بوسہ خدا کی راہ ملے

قتل سے محروم ہوں میں ضعف کی تاثیر سے	سو قدم پر اُڑ کے گرتا ہوں ہوائے تیر سے
تشنہ کامان محبت پر انھیں رحم آگیا	سب کے دل ٹھنڈے کیئے آبِ دمِ شمشیر سے
کیا تعجب ہے جو حسن و عشق کی تاثیر سے	دوست کو آواز کیئے دوست کی تصویر سے

جلیس

جلیس - منشی محمد مُبین - قصبہ مچھلی شہر ضلع جونپور کے باشندے اور حضرت احسان شاہجہانپوری کے شاگردوں میں درجۂ امتیازی رکھتے ہیں - چند سال ہوئے "بہارِ سخن" نامی ایک پرچہ بھی جاری کیا تھا جو چند ماہ نکلکر بند ہو گیا فارسی استعداد معقول اور طبیعت کا رنگ یہ ہے -

دل پستے ہیں جس چال میں وہ لغزشِ پا ہے	ساقی تری رفتار میں مستانہ ادا ہے
گھونگھٹ میں تڑپتی ہے اُن آنکھوں کی شرارت	بے چین وہ ارمان بھرے دل کے لیئے ہے
بتوں پر جان جاتی ہے حسینوں پہ فدا دل ہے	مری مٹی میں خاکِ کشتگانِ عشق کا مل ہے
دلِ مجروح کو تڑپا دیا بلبل کے نغموں نے	نمک پاشِ جراحت باغ میں شورِ عنادل ہے
صُراحی سے نہ کچھ مطلب نہ مینا کی مجھے خواہش	یہاں خونِ تمنا سے لبا لب ساغرِ دل ہے
قیامت میں جلیس اب ان بتوں کو کیا کریں رسوا	کسی سے کیا کہیں کیونکر مرے ہیں کون قاتل ہے

جلیل

جلیل - منشی علی مرزا صاحب جلیل - باوجود تلاش آپ کا حال اسیقدر معلوم ہوا کہ آپ زمانۂ غدر میں لکھنو میں زندہ سلامت موجود تھے - یہ آپ کا کلام ہے -

غیر ممکن ہے کہ اُسکو دمِ محشر دیکھیں	جو نہ دیکھا ہو اُسے آنکھ سے کیونکر دیکھیں
کل کا پتلا ہوں اشاروں سے نگہ کے مجکو	جسطرف آپکا جی چاہے پھرا کر دیکھیں
چشمِ ساقی میں مُروّت کا ذرا نام نہیں	کیا ندیدوں کی طرح جانبِ ساغر دیکھیں
ہے عجب تاثیر عشقِ ابروے خمدار کی	درد بھی اُٹھ کر دکھاتا ہے چمک تلوار کی
چین سے سوئے نہ کیونکر رات بھر وہ مستِ ناز	لے گیا ہے نیند میرے دیدۂ بیدار کی
وا ہوئیں غفلت سے آنکھیں دیکھکر موئے سفید	صُبح ہوتے ہی دکانیں کُھلتی ہیں بازار کی

جلیل

جلیل - شاعر بیبدیل فاضل نبیل فخر زمن حافظ جلیل حسن خلف مولوی حافظ عبدالکریم صاحب

مانکپور کے رہنے والے اور حضرت امیر مینائی مرحوم کے شاگرد رشید و جانشین مشہور ہیں۔
قریب ۴۰ سال کے عمر ہے۔ نہایت متین و مہذب اور خاموش آدمی ہیں۔ ۲۰ برس کی عمر
میں منشی صاحب کے شاگرد ہوئے عرصۂ دراز تک بلکہ منشی صاحب کے آخر زمانے تک
دفتر امیر اللغات کے سکرٹری رہے۔ اپنے بزرگ استاد کے ہمراہ حیدر آباد دکن گئے
اور بعد انتقال حضرت امیر مینائی مرحوم آج تک وہیں اقامت پذیر ہیں۔ مہاراجہ کشن پرشاد
بہادر پیشکار و مدار المہام حیدر آباد دکن کی سرکار سے سو روپیہ وظیفہ پاتے ہیں۔ اور اکثر
حیدر آباد کے نو مشق شعرا آپ سے فنِ سخن میں مستفید ہوتے ہیں۔ منشی صاحب کی وفات
کے بعد مرحوم کے بعض تلامذۂ نامی مثل حضرت ریاض۔ مضطر۔ وسیم۔ وغیرہ نے جناب جلیل کو
منشی صاحب کا جانشین قرار دیا۔ چنانچہ اب وہ اسی لقب سے لکھے جاتے ہیں اور اکثر
تلامذۂ حضرت آپ سے مشورۂ سخن کرتے ہیں۔ فارسی کی استعداد زبردست ہے اور عروض و
قوافی میں خاص دخل رکھتے ہیں۔ الغرض شاعری کے متعلق جتنی معلومات ضروری ہیں
آپ اُن سے بخوبی بہرہ ور ہیں۔ کلام کا پایہ نہایت بلند ہے ساری اُستادانہ ترکیبیں
پائی جاتی ہیں۔ اِس میں کچھ شک نہیں کہ سادگی بیاں و صفائی زبان کے ساتھ ساتھ بلند پروازی
اور نازک خیالی دو متضاد صفتیں آپکے کلام میں جمع ہوئی ہیں جو بہت ہی کم کسی کے کلام میں
ہوا کرتی ہیں۔ اشعار میں بانکپن کے ساتھ ایک خاص مزہ ہے جو سامع کے دل کو اپنے جادوانہ
اثر سے تڑپا دیتا ہے۔ اگرچہ ان کے اکثر اشعار رعایتِ لفظی اور محاورہ بندی سے باہر نہیں
ہوتے مگر بندش کی چستی اور بیان کی سلاست اُس نامطبوع رنگ کو نہایت دلچسپ بنا دیتی
ہے اور بے اختیار مُنہ سے تعریف نکلتی ہے۔ آجکل دنیائے شاعری میں آپ امتیازی نظر
سے دیکھے جاتے ہیں اور حقیقت میں اسی قابل ہیں۔ مذاقِ سخن نہایت پاکیزہ اور ستھرا ہے
جسکی جلا نے انکی خداداد طبیعت کو اور بھی چمکا دیا ہے۔ حضرت امیر نے جسقدر انکے کلام
کی تہذیب اور اصلاح میں محنت کی اس سے بہت زیادہ اُس کا نتیجہ بھی دیکھ لیا۔ بلاغت متانت

خوش مذاقی۔ شوخی۔ مضامین عالی کی بلند پروازی ان میں سے کونسی شے ہے جسکی بالتصریح
تعریف کی جائے۔ سبھی کچھ ہے اور اپنے اپنے محل اور موقعہ پر ان میں سے ہر چیز کا بقدرِ ضرورت
ایک مناسب طریقے سے صرف ہے۔ اکثر اشعار انکے ناخن بدل زن اور لذتِ عشق چشیدہ دلوں کو
تڑپا دینے والے نظر آئے۔ آپکی طبیعت ہمہ گیر اور پُرگو واقع ہوئی ہے۔ نیکدلی اور انکسار
منشی صاحب کے فیضانِ صحبت کا اثر ہے اور غالباً اسی ایک صفت نے انھیں منشی صاحب
کا جائز جانشین بنوا دیا۔ ایک دفعہ راقم تذکرہ کو آپنے تحریر فرمایا کہ "کوئی امتیاز خاندانی
علمی و عملی ایسا نہیں ہے جو قابلِ ذکر ہو سوائے اسکے کہ حضرت امیر مینائی قدس سرہٗ
کی خدمت میں مدتِ دراز تک رہنے کا اتفاق ہوا ہے ؎ جمالِ ہمنشیں در من اثر کرد ٭
وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم ٭" جوانِ صالح اور پابند مذہب ہیں۔ خدا انکی عمر میں برکت دے
اور اُس رتبۂ شاعری کو پہنچائے جو اُنکے اُستادِ مرحوم کو حاصل تھا۔ اصنافِ سخن پر وہی
قدرت اور قبضہ حاصل ہو۔ آپ کا دیوان ابھی شائع نہیں ہوا مگر غزلیں برابر رسالوں میں شائع
ہوتی رہتی ہیں۔ رسالہ محبوب الکلام جو مہاراجہ مدار المہام کی زیرِ سرپرستی شائع ہوتا ہے اُسکا
اہتمام آپ ہی سے متعلق ہے۔ باعتبار قدردانی فن یہ امر قابلِ مسرت ہے کہ کامل دس سال کی
اُمّیدواری کے بعد اوائل سنہ رواں ۱۹۱۱ء میں حضور نظام نے مہاراجہ مدار المہام
کی پُرزور سفارش پر آپکی قدر افزائی فرمائی اور آپ زمرۂ شعرائے دربار میں منسوب ہو کر اب
پانسو روپیہ ماہوار مشاہرہ پاتے ہیں۔ جناب امیر کے صاحبزادے منشی لطیف احمد اختر کا بھی
جنکا ذکرِ خیر جلد اول میں آچکا ہے اسی سلسلے میں چار سو روپیہ ماہواری منصب پر تقرر ہوا ہے
اب انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

بیوفا یار باوفا نہ ہوا
دل ہوا دل کا مدعا نہ ہوا

لوٹ ہیں غنچے بھی اُن پر مثلِ دل
مسکرا کر جسکو دیکھا کھل گیا

ہائے کیا لذت بھری تھی تیغِ ناز
زخم روتے ہیں کدھر قاتل گیا

بتوں کو چھوڑ کے نام خدا لگے رٹنے
بلبل کی بہار میں نہ پوچھو
درد والے کود پڑتے ہیں پرائی آگ میں
کچھ بجانا ہے ہمنے کب چمکی تری برقِ جمال

جلیل آج یہ دل میں تمہارے آئی کیا
منہ چومتی ہے کلی کلی کا
لو جو اُٹھی شمع سے پروانہ جل کر رہگیا
اِسقدر جانا کہ دل پہلو میں جل کر رہگیا

جب ترے عشق کا پھندہ مری گردن میں رہا
کبھی اِس گل کا لیا بوسہ کبھی اُس گل کا
صبح ہوتے ہی ہوا جامہ دری میں مصروف
لوگ آرام کی خاطر رہے دُنیا میں خراب
پھول بنکر مرے اشعار بٹے یاروں میں
چاک دامانِ یوسف تو کوئی بات نہ تھی
دونوں خواہاں کہ تری تیغ مری ہو کے رہے
قیس و فرہاد کا بھرتے رہے بہروپ جلیل

پھورابر ہے قفس میں کہ نشیمن میں رہا
اے جنوں مشغلہ اپنا ہی گلشن میں رہا
ہائے وہ ہاتھ جو شب بھر تری گردن میں رہا
اَور آرام چھپا گوشۂ مدفن میں رہا
داغ بنکر مرا مضموں دلِ دشمن میں رہا
ہائے وہ چاک زلیخا کے جو دامن میں رہا
مرتے مرتے یہی جھگڑا سر و گردن میں رہا
یہی سودا تھا یہی کھیل لڑکپن میں رہا

مانگے جاؤنگے تجھکو تجھ سے ہم
مُنہ میں جبتک زبان ہے گویا

مژہ کی پھانس چبھنے سے مزا پورا نہیں آتا
یہاں تو ہے غرض اِس سے کہ جینے کا سہارا ہو
ترے جلوے سے غش آتا نہیں موقوف موسیٰ پر
کیا چلکر مجھے بسمل تو کیا تعریف ناوک کی
ہمارا طائرِ دل مُرغِ دست آموز ایسا ہے
تم دھان پان ہو نہیں موقع حجاب کا
آتے ہی سبز باغ دکھا کر ہوا ہوا
تصویر اُن کی سارے مرقع کی جان ہے

یہ بڑھکر تیر ہوتی - تیر دل کے پار ہو جاتا
وہ ملتے یا نہ ملتے وصل کا اقرار ہو جاتا
یہ وہ مے ہے کہ جو پیتا وہی سرشار ہو جاتا
تری چُٹکی میں رہتا اور دل کے پار ہو جاتا
جو تم چمکارتے چٹکی بجاتے یار ہو جاتا
کیوں بوجھ ڈالو پھول سے مُنہ پر نقاب کا
جھونکا تھا اک صبا کا زمانہ شباب کا
گویا چمن میں پھول کھلا ہے گلاب کا

اُس برق وش کو تو کہیں دم بھر نہیں قرار
کس پر پڑے گا صبر مرے اضطراب کا

بچپن کہاں تک اُن کی اُمنگوں کو روکتا
آخر کو رنگ پھوٹ ہی نکلا شباب کا

دل نے کیا ہے فتنۂ محشر سے مشورہ
تُو خاکِ راہِ دوست ہو میں خاکِ پائے دوست

اللہ اللہ کوئے جاناں کی زمیں ہے وہ زمین
سیکڑوں بیٹھے ہیں گھر چھوڑے جہاں میری طرح

پرتوِ رخ کا تماشا جلوہ گہہ میں دیکھئے
لوٹتی پھرتی ہیں ہر سو بجلیاں میری طرح

ستم ہے مبتلائے عشق ہو جانا جواں ہو کر
ہمارے باغِ ہستی میں بہار آئی خزاں ہو کر

ستم ڈھاتے ہیں تیرِ ناز دل میں میہماں ہو کر
رہے تو دردِ دل ہو کر جو نکلے تو فغاں ہو کر

یہی عالم ہے گر جوشِ جنوں میں خاک اڑانیکا
زمیں بھی سر پہ اک دن آ رہیگی آسماں ہو کر

حسیں ہیں اُنکو ہر صورت سے اپنا کام کرنا
بگڑ کر مسکرا کر گرم ہو کر مہرباں ہو کر

ہستی و عدم دونوں ہمارے ہی تو گھر ہیں
اُس گھر میں چلے جائینگے اِس گھر سے نکلکر

کھلے جاتے ہیں قاتل کی ادا پر
کہیں مُنہ پھر نہ زخموں کے سیئے جائیں

ہماری ہے خطا یا پیارے مُنہ کی
جو کہتا ہے مرے بوسے لیئے جائیں

تو سلامت ترے انداز پہ مرنیوالے
موت کا بھی کہیں احسان لیا کرتے ہیں

موت ہے مفت میں بدنام حقیقت یہ ہے
دل جو لیتے ہیں وہی جان لیا کرتے ہیں

آج سنتے ہیں وہ اپنا مدعا کہنے کو ہیں
کون جانے دل میں کیا ہے مُنہ پہ کیا کہتے ہیں

وہ زبانِ تیغ سے کیا جانے کیا کہنے کو ہیں
ہم لبِ زخمِ جگر سے مرحبا کہنے کو ہیں

پاکے اُن کو بڑھ گئی ہے اور بھی کچھ آرزو
کل تھے کیا کہنے کو ہم اور آج کیا کہنے کو ہیں

ساری دُنیا جانتی ہے جیسے ہیں حضرت جلیل
جان دیتے ہیں بتوں پر پارسا کہنے کو ہیں

بہار ہے ترے کشتوں کی سادہ رنگی پر
کوئی چراغ کوئی گُل سرِ مزار نہیں

دہائی ضبط کی آنسو پئے نہیں جاتے
بھرے ہوئے مرے دو جام چھلکے جاتے ہیں

بالائے آسماں نہیں زیرِ زمیں نہیں
راحت ہے جس کا نام وہ اے دل کہیں نہیں

کعبہ ہو یا کہ دیر ہو گلشن ہو یا بہشت
جو بات کوئے یار میں ہے وہ کہیں نہیں

شوخی کا وصل میں جو ارادہ ہوا کچھ اور
کس ناز سے حیا نے پکارا نہیں نہیں

لو جوانی آگئی اب خیر جانوں کی نہیں
وہ اٹھا فتنہ نہ جسے تم بھی دبا سکتے نہیں

نصیب سے کہیں مرنا کسی پہ ہوتا ہے
مزہ جو اس میں ہے وہ عمر جاوداں میں نہیں

اسے بھی آپکے ہونٹوں کا پڑگیا چسکا
ہزار چھوڑیئے چھٹنے کی اب شراب نہیں

یہ پاک صاف ہمیں ہیں کہ ہے تو دامن تر
نچوڑیئے تو کہیں بوند بھر شراب نہیں

گنہ گنہ نہ رہا اتنی بادہ نوشی کی
اب ایک شغل ہے کچھ لذت شراب نہیں

ہجوم چار طرف سے ہے اب نگاہوں کا
نقاب اٹھ گئی پھر بھی وہ بے نقاب نہیں

کیا خوب ہوا حشر گنہگاروں کا واعظ !
سب آگ میں ڈالے گئے رند آتش تر میں

گل و بلبل ہنسیں بولیں صبا سے بھی ہو سرگوشی
ہمیں سے سب کھٹکتے ہیں ہمیں ہیں خار گلشن میں

ادھر وہ پیار سے مدفن پہ میرے ہاتھ رکھتے ہیں
ادھر میں بار احساں سے دبا جاتا ہوں مدفن میں

خدا آباد رکھے دور قاتل میں ہے امن ایسا
ہزاروں پاؤں پھیلائے ہوئے سوتے ہیں مدفن میں

ہمیں جانو کہاں چھپ چھپ کے تم راتوں کو جاتے ہو
تمہارے نقش پا کچھ کہہ رہے ہیں کوئی دشمن میں

خوشی یا رشک تو جب ہو کہ مجھکو ہوش ہو اس کا
مرے پہلو میں وہ بیٹھے ہیں یا آغوش دشمن میں

ادھر دیکھا جو وقت گریہ فوراً تھم گئے آنسو
کسی نے سی دیا تار نظر سے چشم گریاں کو

بہار آئی ہے نکھرے ہیں عروسان چمن کیا کیا
جلیل اسوقت چلنا چاہئے سیر گلستاں کو

ہمیں الزام دیتے ہو کہ ہم پر کیوں فدا تم ہو
ہماری آنکھ سے دیکھو تو ہو معلوم کیا تم ہو

بجا ہے تم نے تڑپایا نہیں یونہی تڑپتا ہوں
تمہارے تیر ہیں کچھ بے خطا کچھ بیخطا تم ہو

بگڑ کر جان کیوں لیتے ہو صاحب یوں بھی مرجاتے
خفا ہونے کو میرا دم ہے کیا کم جو خفا تم ہو

آنچل وہ منہ پہ ڈالکے چلنا حیا کے ساتھ
سایہ کو دیکھکر وہ جھجکنا حیا کے ساتھ

اب وار تم کرو نہ کرو اختیار ہے
تلوار کھینچنا ہی غضب تھا ادا کے ساتھ

رنگِ حنا میں ایسی تڑپ ہوتی ہے کہاں
پہنایا ہے تم نے دل بھی کسی کا حنا کے ساتھ

غمزے ہزار ہا ہیں وہاں ایک دو نہیں
کچھ شوخیوں کے ساتھ ہیں کچھ ہیں حیا کے ساتھ

شوخی نے کر دیا ہے بہت دن سے بے حجاب
اب وہ فقط نباہ رہے ہیں حیا کے ساتھ

ہم دکھا دیں تجھے زاہد کہ یہ بت کیسے ہیں
تو دکھائے ہمیں حوروں کی یہ صورت کیسی

رہنِ مے شیخ کی پگڑی کو کیا رندوں نے
اب جو وہ مانگتے ہیں کہتے ہیں حضرت کیسی

کہوں کیونکر کہ الفت میں کوئی حسرت نہیں نکلی
مرے پہلو سے دل نکلا مری جانِ حزیں نکلی

جنوں کی جب ہوئی آمد بڑھے سب پیشوائی کو
چلا دامن ادھر سے اس طرف سے آستیں نکلی

نہ پوچھو رات میری کیسی گزری بس یہ عالم تھا
کہ اب آیا کلیجہ منہ کو اب جانِ حزیں نکلی

فلک کو دیکھتے ہم رہ گئے نکلے جو وہ گھر سے
یہ عالم تھا کہ اب پاؤں کے نیچے سے زمیں نکلی

ہائے کیا کرچہ ہے کیا دلکش فضا ہے کیا ہوا
بیقراری بیٹھنے دیتی تو دم بھر بیٹھتے

اتنی جلدی اٹھ گئے کیوں میں بھی تو تیار تھا
دیکھ لیتے دم نکلتا اور دم بھر بیٹھتے

پانی آنکھوں میں بھر لیے آگ ہے دل میں بھری
سچ وہ کہتے ہیں کہ ہم آتے تو کیونکر بیٹھتے

بگاڑ اس آنکھ کا ہے جس قدر رہے
یہی پہلے پہل ان سے لڑی ہے

نہ تھی تلوار الفت کی نظر تھی
کہ جی اٹھتا ہوں جب مجھ پر پڑی ہے

میں ڈر رہا ہوں تمہاری نشیلی آنکھوں سے
کہ لوٹ لیں نہ کسی روز کچھ پلا کے مجھے

نقاب کہتی ہے میں پردۂ قیامت ہوں
اگر یقین نہ ہو دیکھ لو اٹھا کے مجھے

بتوں کو پوجتے گذری ہے شرم آئیگی
جلیل لے نہ چلو سامنے خدا کے مجھے

ہنسی ہوگی جو کوئی دیکھ لے گا
جلیل آنسو تو پونچھو چشمِ تر سے

ایک دن بھی تو نہ اپنی رات نورانی ہوئی
ہمکو کیا اے مہ جبیں گر چاند پیشانی ہوئی

رات کو چھپکر نکل جاتی ہے میری آنکھ سے
سیر دیکھو! نیند بھی کم بخت سیلانی ہوئی

شانے پر بکھری ہوئی زلف اک خوشی کی صبح ہے
ہاں کسی کے دل پہ چھائی اور پریشانی ہوئی

وہ خود ہی لوٹ ہے صورت کچھ ایسی بھولی بھالی ہے
جب اُسنے آرسی دیکھی ہے آنکھوں سے لگالی ہے

لطافت سے مرا محبوب تصویر خیالی ہے
وہ پہلو میں ہے اور پہلو مرا خالی کا خالی ہے

دیکھو تو میکدے پہ ذرا اُس کا جھومنا
رندوں سے بھی بڑھی ہوئی مستی گھٹا کی ہے

کیا خوبصورت آنکھ ہے قربان جائیے
شوخی کی لاڈلی ہے تو پیاری حیا کی ہے

مار ڈالا مسکرا کر ناز سے
ہاں مری جاں پھر اُسی انداز سے

لاکھوں فتنوں کا ہے گویا جاگنا
ایک اُٹھنا اُن کا خواب ناز سے

درد دل پہلے تو وہ سنتے نہ تھے
اب یہ کہتے ہیں ذرا آواز سے

پھر وہی وہ سنتے وہاں اور کچھ نہ تھا
جس طرف دیکھا نگاہ ناز سے

مٹ گئے شکوے جب اُسنے ای جلیل
ڈالدیں باہیں گلے میں ناز سے

ترے آنسوؤں میں جو ہوتا اثر
یہ دن کیوں ہم سے چشم تر دیکھتے

رات دل سے مرے اس درد کے نالے نکلے
گھر سے اپنے وہ کلیجے کو سنبھالے نکلے

پھر سر چرخ دھواں دھار گھٹائیں آئیں
پھر ہوا کھانے حسیں گیسوؤں والے نکلے

ناز و انداز نے تنہا انھیں چلنے نہ دیا
ساتھ سب گوشۂ دامن کو سنبھالے نکلے

جو نہ مشتاق تھے وہ بھی ہوئے مشتاق جمال
منہ پہ آنچل وہ اس انداز سے ڈالے نکلے

ہائے رخصت کی وہ ساعت وہ اداسی گھر کی
ہم سنبھالے انھیں وہ ہمکو سنبھالے نکلے

نگاہ پھیر لی محو جمال کر کے مجھے
ستم ہے چھوڑ گئے وہ حلال کر کے مجھے

نہ تھا خیال کہ دیتا ہے بے طلب وہ کریم
ہوئی ہے کیسی خجالت سوال کر کے مجھے

جلیل شفقت استاد ہائے کیا کہیے
گئے تو شاعر نازک خیال کر کے مجھے

اُسنے دیدار قیامت پہ اُٹھا رکھا ہے
ہائے نالوں سے قیامت بھی اُٹھائی نہ گئی

سامنے تیغ کے مقتل میں نہ ٹھیرے اغیار
منہ کی کھایا کیے منہ پر کبھی کھائی نہ گئی

تیغ اُٹھتی جو نہ تھی ہنس کے ہی مارا ہوتا
جان من تم سے نظر بھی تو اٹھائی نہ گئی

مجنوں ذرا نظر تو جما دے لئے سامنے
محمل میں جو نہیں وہ ہی محمل کے سامنے

ناقہ چلا ہے نجد کو لیلیٰ کی ہے دُعا
پردہ اُٹھے تو قیس ہو محمل کے سامنے

لایا نصیب ناوکِ قاتل کے سامنے
آیا ہمارے دل کا کیا دل کے سامنے

کیا بات ہے شگفتہ دلی ہو جسے نصیب
جنّت کی کچھ بساط نہیں دل کے سامنے

کہتا ہے نور چہرے کا چھنکر نقاب سے
ہلکا سا ابر ہے مہِ کامل کے سامنے

آیئے دل لیجئے ہیں کب چُراتا ہوں نظر
آپ بھی آنکھوں پہ میری آپ کا ارشاد بھی

چُپ نہ رہتے تو کیا کرتے تمھارے داد خواہ
لب پہ ہر دم آتے آتے تھک گئی فریاد بھی

آفریں بادلے تصور سیرِ گلشن ہو وہی
ہم کفِ صیاد میں ہیں قید بھی آزاد بھی

آب ترس کھانا نہ کھانا اُنکا ہی قسمت کے ہاتھ
دیکھی صورت ہماری مُحسن پُچکے فریاد بھی

ہائے کیا حسرت کدہ تھا دل ہمارا ای جلیل
ہوگیا دو روز میں آباد بھی برباد بھی

خوشی دل میں نہیں ہے تو سرور آنکھوں میں خاک آئے
پیالی کیا بھریں جب خیر سے شیشہ ہی خالی ہے

تجلی تری سیر دکھلا گئی
سرِ طور موسیٰ کو تڑپا گئی

میسر نہ جب شامیانہ ہوا
اُداسی میری گور پر چھا گئی

شبِ غم جو کی خواب کی آرزو
مرے بدلے قسمت کو نیند آ گئی

شبیہ غیر لیکر دیکھنا تو دیکھ سکتا ہوں
قیامت ہے یہ سننا پیار کر لینے کے قابل ہے

کیا انکار دل دینے میں تو وہ جھینپ کر بولے
فقط یہ دیکھتے تھے ہم کہ کتنا آپ کا دل ہے

اے شمع مری طرح تجھے چاہیئے جلن
اُٹھے جو دھواں دل سے تو اونچا ہو سر سے

آنکھوں میں کوں آکے ابھی نکل گیا
کسکی تلاش میں مرے اشکِ رواں چلے

کتنی ہی دیر رہ کے وہ جانے کا نام لیں
کہتا ہے دل یہی کہ ابھی سے کہاں چلے

رگ رگ میں ہیں بھرے ہوئے نشتر بجائے خوں
پُوچھو مزے جلیل سے ترچھی نگاہ کے

جلوہ ترا تھا یا کوئے دار وئے بیہوشی
کتنے نقاب اُٹھتے ہی بیہوش ہو گئے

استنے سے دل کو دی ہے وہ اللہ نے تڑپ
چاہے تو مجکو عرش پہ رکھدے اُچھال کے

عبث یہ فکر ہمیں ہے کہ کون ساتھ چلے
اُٹھو گے تم تو قیامت نہ اُٹھ کھڑی ہوگی

محبت سے جو پیش آؤ تو دل پر کیوں نہ ہو قبضہ
یہ وہ جادو ہے جس سے غیر اپنا ہو ہی جاتا ہے

چُن چُن کے غیر قتل ہوئے مٹ گئی خلش
کانٹے ہٹائے تم نے محبت کی راہ سے

مُنہ کے مزے کو ہے یہ فقط اپنی میکشی
دل میں ہزار بار ہے توبہ گناہ سے

ہم کیا کہیں کسی سے کہ دیکھا ہے کیا وہاں
نکلے ہیں ہوش کھو کے تری جلوہ گاہ سے

بھیدی نے گھر کے دل کا پتا دیدیا تجھے
میری نگاہ مل گئی تیری نگاہ سے

جان جاتی ہے کسی کی تو بلا سے جائے
اُنکو اس بات کی ضد ہے کہ مری بات رہے

نامہ ابھی لکھا نہیں قاصد گیا نہیں
لیکن اُمید و یاس میں جھگڑا ابھی سے ہے

پامال جنکی ہے وہی چلکر اُٹھائیں گے
خود اُٹھ کھڑی ہو اتنی قیامت نہیں رہی

آنچل جو ڈھلا شانے سے وہ ہنسنے نہ سنبھلا
مچلے ہوئے دل کو کوئی کس طرح سنبھالے

یہاں تو خواب کا آنا خیال میں بھی نہیں
ہمارے خواب میں آنیکی تم نے خوب کہی

فیضِ صبا یہ ہے کہ جو گذری قریب سے
کچھ پھول جھڑ گئے دہنِ عندلیب سے

کیا دیکھ لیا قیس نے کہتا ہے جو سب سے
لیلیٰ مری آنکھوں میں ہے محمل میں نہیں ہے

فتویٰ دیا ہے مفتی ابر بہار نے
توبہ کا خون بادہ کشوں کو حلال ہے

رُکی رُکی جو چھری دست نازنیں میں رہی
عجیب لُطف سے کٹتی ہے تیغِ قاتل کی
تڑپ تڑپ کے تمنا دلِ حزیں میں رہی
کبھی کمر میں کبھی دستِ نازنیں میں رہی

یہ تعظیم اللہ اللہ اُس صنم کی
اُنھیں عادت نہیں لذت ستم کی
جُھکی پڑتی ہیں محرابیں حرم کی
اُدھر شمشیر اُدھر تقدیر جھکی

جمال

جمال ۔ سید علی شمس جمال قادری عرف شاہ مرشد علی بغدادی شاگرد جلال لکھنوی شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں اور موزوں طبع شاعر ہیں۔ زبان۔ بندش۔ ترکیب بیان سب چیز بحیثیت

مجموعی اچھی ہیں۔ یہ کلام کا انتخاب ہے۔

دوا سے دردِ محبت یہاں دوچند ہوا
مسیح خود مرے پاس آکے دردمند ہوا

کسی صنم کی نہ پروا رہی خدا کی قسم
یہ بے نیاز تمھارا نیاز مند ہوا

حسن اے خدا بتوں کو جو تو نے دیا دیا
ایسے بتوں کا عشق مجھے کیوں بھلا دیا

الٰہی ہم تو نکلے بوستاں سے
نکالا جائے گلچیں بھی وہاں سے

خون سے میرے مکرنا ہوا ثابت اُن کا
جھوٹ مہندی نے یہ دی سچی گواہی کیسی

دل لُبھاتی ہے اُن آنکھوں کی سیاہی کیسی
موہنی رکھتی ہے۔ وہ سحر نگاہی کیسی

جمیل

جمیل۔ نواب علی نقی خان صاحب مرحوم عرف نتھے آغا صاحب خلف الرشید آغا برہان الدین حیدر موسوی نیشاپوری رئیس اعظم فیض آباد نصیر الدین حیدر اور محمد علیشاہ کے عہد میں لکھنؤ میں امیرانہ بسر کرتے اور بیش قرار وظیفہ پاتے تھے۔ خاندان شاہی سے قرابتِ قریبہ رکھتے تھے تفننِ طبع کے طور پر شعر بھی کہہ لیتے تھے ایک قدیم بیاض سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔

وہ نزع میں آئے ہیں کہ لینے دے کچھ اُن سے
قند ذرا اٹھ جا لے دردِ جگر اتنا

ضعیفی میں تو ایسے ظلم کرتا ہے جوانوں پر
اگر اے پیرِ گردوں تو جواں ہوتا تو کیا ہوتا

جان لے گا کہ کرے گا دلِ جاناں میں اثر
کیا کرے گا یہ مرا دردِ جگر آج کی رات

جنوں تیری بدولت اسقدر صحرا نوردی کی
کہ دامن رہگیا کانٹوں میں آخر دھجیاں ہوکر

جمیل اس کا سبب کیا ہے کہ آزردہ پھرے وہاں سے
گئے تھے کوچۂ قاتل کو تم تو شاداں ہوکر

نحیف فرقتِ جاناں نے کردیا ایسا
قضا بھی پھر گئی سو بار آکے بستر پر

اے نالۂ شبگیر دکھا حسنِ اثر آج
وہ چاند سا منہ خواب ہی میں آئے نظر آج

اندوہِ شبِ غم سے کبھی جان نہ بچتی
لیتی نہ اگر بیخبری میری خبر آج

کیوں خاک اڑاتے ہوئے پھرتے ہیں بگولے
کس بے سروساماں کا ہے دنیا سے سفر آج

جب طلب کرتا ہوں بوسہ رخِ روشن کا جمیل
نیچی کرلیتا ہے شرما کے وہ دلدار آنکھیں

جمیل

جمیل۔ جمیل الدین نام۔ شیخ پورا قوامِ فرخ آباد کے رہنے والے تھے۔ خوش کلام اور اچھا کہنے والوں میں تھے میر احسان الدین محزوں کے شاگرد تھے اور بعض تذکرہ نویسوں کے قول کے بموجب میر نظام الدین ممنون سے بھی اصلاح لی تھی۔ جوان قابل۔ وجیہ۔ عاشق مزاج اور خوش اخلاق رند مشرب تھے۔ قدرت اللہ شوق کے تذکرہ میں ان کا کلام نظر سے گزرا اس میں سے چند شعر انتخاب ہوکر درج تذکرہ کیے جاتے ہیں۔ بعض غزلوں میں تمنا تخلص بھی کرتے تھے۔

جبہہ سا دیکھ مجھے نقشِ قدم پر اپنے
سرگراں ہو کے کہا خاک پہ سر مار پڑا

رونا آتا ہے ہمیں دیکھ کے احوالِ جمیل
حالتِ نزع میں ہے کل سے وہ بیمار پڑا

نہ اٹھا گو چڑھایا منہ میں پانی اسکے شبنم نے
ہوا بیہوش یہانتک دیکھ کر غنچہ دہن تیرا

آنکھوں کا اس پری کے پھڑکنا نجائیگا
وحشی ہیں یہ غزال بھڑکنا نجائیگا

بارش کو چشمِ ترکی کروں ضبط گو جمیل
بجلی کا آہ کی یہ کڑکنا نہ جائیگا

ہمسے یوں نظریں چراتا غیر سے ہو چار چشم
آپسے ہمکو یہی ہے ای بتِ عیار چشم

محوِ صیدِ مرغِ دل از بس وہ صید انداز ہے
پنجۂ مژگان جس کا چنگلِ شہباز ہے

پابگل حیرت سے ہی سروِ گلستاں رہت کہہ
کس قیامت قد کا یاں قمری خرامِ ناز ہے

اسکی فوجِ غمزہ سے ہر روز ہے یہ دو بدو
کچھ جمیلِ خستہ جاں بھی زور ہی جانباز ہے

شرمندہ اس مژہ سے فقط اب نہ تیر ہے
ابرو کے دَور میں بھی کماں گوشہ گیر ہے

دامن سے لگ گیا ہے مگر اسکی اے نسیم
مشتِ غبار اپنا جو رشکِ عبیر ہے

ق

کاہیدہ اسقدر ہے یہ بیمارِ ہجر میں
آتا جو دیکھنے کو صغیر و کبیر ہے

بستر پہ جسمِ زار کو اسکے فتادہ دیکھ
لیجائے ہے گمان کہ تارِ حریر ہے

جمیل

جمیل۔ جمیل الدین جمیل ابن شیخ حفیظ الدین باشندۂ تھانیسر۔ یہ اشعار ایامِ نابالغی کے ہیں۔ حداثتِ سن کے سبب مضامین متنفر خیز ہیں۔ غدر سے پیشتر شہر دہلی میں تعلیم پاتے تھے بعد کا کچھ حال معلوم نہ ہو سکا۔ چند شعر حاضر ہیں۔

چڑھا ہی لیتا اڑنگے پہ اُس ستمگر کو	جو آج کو مَیں زبردست پہلوان ہوتا
تو نے دیکھی ہیں غیر کی آنکھیں	تیری نظروں میں کب سمائینگے ہم
کہا میں نے کہ اک دن تو ذرا چہرہ دکھا دیجے	اِسی کیواسطے اتنا ذلیل وخوار پھرتا ہوں
تو ہنس ہنسکر لگا کہنے کہ یوسف تو نہیں کچھ مَیں	کہ ہراک کو دکھاتا جلوۂ دیدار پھرتا ہوں ق
لبِ لال اُس کا ہے مسی آلود	اور کچھ پان کی سی لالی ہے
لال تو ہے پہ ہے یہ صُمٌّ بُکمٌ	چٹکی سرمہ کی اُسنے کھالی ہے

جمیل

جمیل - منشی سید جمیل احمد جمیل ابن منشی سید امتیاز علی سہسوان ان کا وطن اور ۱۲۷۶ھ ہجری سالِ ولادت ہے۔ آپنے صبا و تسلیم اور منیر شکوہ آبادی سے اُردو میں اور زبانِ فارسی میں افتخار الشعراء خان محمد خان شہیر تلمیذ غالب مرحوم سے مشق بہم پہنچائی بسبب ملازمتِ بھوپال آپکی عمر کا زیادہ تر حصّہ رؤسا نامدار و والیۂ ریاست کی ثنا گستری میں بسر ہوا۔ چنانچہ بیشمار قصائد و قطعات اور مسدسات و ترکیب بند وغیرہ آپکی تصنیف سے ہیں اشعار میں زبان اور محاورہ کی صفائی کا زیادہ خیال رکھتے ہیں۔ بندش اور اسلوبِ بیان کا سلیقہ بھی بُرا نہیں۔ یہ اُنکے اشعار ہیں :-

بارِ عصیاں نہ گنہ گار اُٹھا کر لیجائیں	اے غدار راہ میں لُٹ جاے یہ ساماں اُن کا
کچھ بلبلوں کو یاد ہیں کچھ قمریوں کو حفظ	عالم میں ٹکڑے ٹکڑے مری داستاں کے ہیں
کہتے ہیں وہ نگاہ کی زد پر جگر نہ ہو	کیا خوب واں تو تیغ ہو اور یاں سپر نہ ہو
یہ کاوشیں نہیں مژۂ سینہ دوز کی	دیکھو تو میرے دل میں کہیں نیشتر نہ ہو
اے جذبِ عشق بات بنجائے شبِ فراق	ایسا نہ ہو ہم آہ کریں اور اثر نہ ہو
محشر میں کیوں یہ شورِ تظلّم ہے ہر طرف	دیکھو کہیں یہاں بھی وہ بیداد گر نہ ہو
مجکو دکھا کے غیر کو بوسہ نہ دیجئے	بیداد ہو۔ ستم ہو۔ مگر اسقدر نہ ہو
تیغِ نگہ کا وار ہے کچھ دل لگی نہیں	کہدو کوئی جمیل سے سینہ سپر نہ ہو

بہت اس گل کے بلبل ہیں الجھتے کیوں نہیں اس سے
مجھی پر خار کھائے بیٹھے ہیں کانٹے بیاباں کے

وحشت عبث ہے خلق کو روزِ شمار کی
ہو گی سحر نہ میری شبِ انتظار کی

کیوں ناگوار ہمکو جفائیں ہوں یار کی
ہمدم یہی تو یار کی باتیں ہیں پیار کی

اچھی کہی کہ آپ نہ چاہا کریں ہمیں
گو یا کہ ہے یہ بات مرے اختیار کی

آخر چلے نہ آئے چلی شوخیوں کی کیا
دیکھی کشش ہمارے دلِ بیقرار کی

آنکھیں ہیں اور نظارۂ صیادِ گلعذار
حاصل ہے ہمکو سیر قفس میں بہار کی

شہرت پہ وصلِ غیر کی مجھ پر عتاب ہے
لیتے نہیں خبر نگہِ شرمسار کی

مجھسا گناہ گار بھی بخشا گیا جمیل
کیا شانِ عفو ہے مرے آمرزگار کی

میری ہمدردی کا ثمرہ دیکھئے پائینگے کیا
بے اثر تدبیر ہو گی تو نہ شرمائیں گے کیا

ہوں میں ناکام ازل وہ میرے کام آئینگے کیا
دوست غمخواری میں میری سعی فرمائینگے کیا

زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جائینگے کیا

ہاتھ باندھے اور جھکائے سر رہیں سر کب تلک
بات ڈر ڈر کر کریں با دیدۂ تر کب تلک

تاک میں ہیں ہم سنو گے کان دھر کر کب تلک
بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور کب تلک

ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرمائینگے کیا؟

خیر سے سمجھے ہوئے ہیں وہ محبت کو گناہ
سیدھے سادے ہیں حقیقت پر نہیں انکی نگاہ

اسکو میں بھی مانتا ہوں ہیں وہ میرے خیر خواہ
حضرت ناصح گر آئیں دیدہ و دل فرشِ راہ

پر کوئی اتنا تو سمجھا دو کہ سمجھائیں گے کیا

انکی ابرو دیکھی ہے شمشیر سے بھاگینگے کیوں
کھائی ہیں چوٹیں نظر کی تیر سے بھاگینگے کیوں

عاشقِ بدنام ہیں تشہیر سے بھاگینگے کیوں
خانہ زادِ زلف ہیں زنجیر سے بھاگینگے کیوں

ہیں گرفتارِ وفا زنداں سے گھبرائیں گے کیا

جمیل

جمیل - ان کا نام اور حال معلوم نہیں ہوا اتنا معلوم ہے ایک مولوی صاحب سندیلے کے رہنے والے

اور جناب اسیر کے شاگردوں میں تھے ۱۳۰۳ھ ہجری میں موجود تھے یہ اُنکے اشعار ہیں ؎

گیسوئے یار سے دیکھے نہیں بڑھکر گیسو	سُنبلِ باغِ جناں سے بھی ہیں بہتر گیسو
اُلٹے لٹکائے گئے خوب ہوا خوب ہوا	بل کی عاشق سے لیا کرتے تھے اکثر گیسو
کون سا حُسن خدا نے نہ دیا اُس بُت کو	خالِ مشکیں خطِ شبرنگ معنبر گیسو

جمیل

جمیل - میر محمد سجاد صاحب لکھنوی - باوجود کوشش آپکے حالات دستیاب نہیں ہوئے صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ دور موجودہ کے شاعر ہیں -

یہ نزاکت دیکھنا کرتا ہوں جب بوسہ کا قصد	سُرخ ہو جاتا ہے رنگ اُس شوخ کے رخسار کا
کروٹیں لاکھوں بدلتا ہوں پہ نیند آتی نہیں	رات بھر مجکو ستاتا ہے تصور یار کا
دیکھیں تو آپ آکے کہیں لالہ زار دل	دکھلا رہی ہے رنگِ گلستاں بہارِ دل
سُن کے نامِ وصل آخر اتنا شرماتے ہو کیوں	جانِ جاں شکلِ عروسِ نو جھجکے جاتے ہو کیوں
یہ بھی کہتے ہو کہ میرے کام کا بالکل نہیں	پھر مرا دل اپنی مٹھی میں لیئے جاتے ہو کیوں
جنوں کا جوش کم ہوتا ہے صحت ہوتی جاتی ہے	یہ خارِ دشت کارِ نشترِ فصّاد کرتے ہیں
جلوہ جو دیکھا طور پہ غش کھا کے گر پڑے	کھیتے کچھ اتو حضرتِ موسیٰ ہوس نہیں
مطمئن رہنا نہ اے غافل سرائے دہر میں	قبر ہے تیرا مکاں دنیا مسافر خانہ ہے

جمیل

جمیل - منشی محمد حسین صاحب جمیل مرحوم - آپ ضلع میرٹھ کے باشندے تھے - مگر بسبب ملازمت عرصۂ دراز تک ملتان میں سکونت پذیر رہے آپ وہاں کی کسی عدالت میں نقل نویس اور مثل خواں تھے - کئی برس ہوئے چالیس بیالیس برس کے سن میں انتقال کیا حضرت داغ دہلوی سے آپ کو فنِ سخن میں تلمذ تھا نعت کہنے کا بھی شوق تھا - چنانچہ عاشقانہ اور نعتیہ دونوں دیوان آپکے شائع ہو چکے ہیں -

اُٹھانا بارِ محبت محال کیسا ہے ؟	نہ سوچے پہلے سے اسکا مآل کیسا ہے
تقدیر دیکھئے ابھی دکھلائے کیا مجھے	خود بیوفا ہیں کہتے ہیں وہ بیوفا مجھے

کبھی سر پہ کبھی کاندھے پہ کبھی سینے پر	اک طلسمات کا عالم ہے دوپٹہ کیا ہے

جمیل

جمیل - جناب میر تراب علی صاحب خلفِ میر ریاست علی مرحوم سابق مہتمم باورچیخانہ نیازات سرکار عالی نظام - زمانۂ حال کے شعرا میں ہیں - خلاصۂ کلام ملاحظہ ہو

ترا جمال میں دیکھوں یہ مجھ میں تاب نہیں	حسین لاکھوں ہیں لیکن ترا جواب نہیں
بھروسہ کرکے کریمی پہ تیری آئے مولا	گناہ اتنے کئے ہیں کہ کچھ حساب نہیں
ہمارے خط کو جو دیکھا تو بولے قاصد سے	جواب یہ ہے کہ اسکا کوئی جواب نہیں
بعد مردن بھی تمھاری جستجو درکار ہے	مٹ گئے پھر بھی تمھاری آرزو درکار ہے
جسپہ دنیا لوٹ ہے جمیل کہ ہے حسنِ ملیح	اُس پہ مرتا ہوں اُسی کی آرزو درکار ہے

جنگ

جنگ - منشی جنگ بہادر صاحب جنگ شہر میرٹھ کے رہنے والے خاندانی شخص تھے - عدالت کلکٹری و محکمۂ بندوبست میں عرصہ تک ناظر رہے سرکاری ملازمت سے قطع تعلق کرنے کے بعد مشہور اخبار انیس ہند کی اڈیٹری کا کام قابلیت سے انجام دیا - کسیکی شاگردی نہیں کی - آپ کو انگریزی و فارسی میں بھی کچھ دسترس تھی سخن سنجی - حاضر جوابی ان کا خاص حصہ تھا - ۶ - اپریل ۱۹۰۸ء کو پورے پچاس سال کی عمر میں بمقام لاہور دنیائے فانی کو خیرباد کہا - آپکی تصنیف و تالیف سے کئی کتب مثل چمنستانِ دلچسپ - چمنستانِ معرفت و چمنستان صحت وغیرہ شائع ہو چکی ہیں آپکے دو صاحبزادے شاد و رنگ موجود ہیں - کلام کا نمونہ درج ذیل ہیں -

سُن کے آمد کی خبر یاں بیخودی طاری ہوئی	اُنکے آنے نے مرے جانیکا ساماں کردیا
دل میں حسرت کا ہے خوں ڈھیر ہے ارمانوں کا	کیا بُرا حال ہوا ہے مرے مہمانوں کا
خونِ ارماں کا شبِ وصل بھی کیا کیا نہ ہوا	دل مرا غنچۂ تصویر تھا - گویا نہ ہوا
پاسِ الفت رہا مجنوں کو بیاباں میں بھی	آہوئے چشم کوئی آہوئے صحرا نہ ہوا
جگر میں گیا دل سے پیکاں نکل کر	اُٹھا درد بھی ساتھ پہلو بدل کر

مرے ساتھ ہے انقلابِ زمانہ	بدل دونگا دنیا کو کروٹ بدل کر
پڑی ہے اوس نالوں سے مرے بلبل کے شیون پر	گرا دو مسکرا کر برق تم پھولوں کے خرمن پر

جنوں

جنون - شاہ غلام مرتضیٰ متخلص بہ جنوں متوطن عظیم آباد و پٹنہ ہمعصر مرزا رفیع السودا مہذب صورت پاکیزہ سیرت نہایت خوش مذاق - اکثر فنوں میں قابل اور کامل - بڑھاپے میں نابینا ہو گئے تھے مگر مشقِ سخن میں وہی انہماک تھا - نواب مصطفیٰ خان شیفتہ لکھتے ہیں کہ ان کا وطن آلہ آباد تھا اور زہد و تقوی میں مشہور رہتے - دیوانِ ریختہ بھی مرتب کیا تھا انتخاب درج کیا جاتا ہے

کب ماہ اس نمک میں ہمسنگ ہے تمہارا	تھا کہ حسنِ یوسف پاسنگ ہے تمہارا
آنکھیں بھی چڑھ رہی ہیں منہ بھی اتر رہا ہے	کچھ رنگ ان دنوں میں بیرنگ ہے تمہارا
مجھ گریباں چاک کو تو اس کا دامن گیر کر	اس طرح نقشہ اتار اسکی مری تصویر کا
مرشدِ کامل ہے درِ عشق ہر مذہب کے بیچ	میں تو کافر ہوں اگر قائل نہوں اس پیر کا
وہ آنکھ دے کہ جس سے دیکھیں جمال تیرا	یارب جنوں کے منہ پر اس در کو باز کرنا
پہنچا کوئی کعبے سے کوئی دیر سے پہنچا	تھی جس پہ تری مہر وہی خیر سے پہنچا
طوف باصدق و صفا کیجے دلِ آگاہ کا	میرے مذہب میں یہی ہے حج بیت اللہ کا
مرتا ہوں غمگساری جواب نہیں تو پھر کب	اے یار مجھسے یاری جواب نہیں تو پھر کب
اے جنوں مصرع ترا سودا کے ہے زنجیر پا	قید سے تیری نہیں ہونیکے اب آزاد ہم
دشمن جاں ہو گئی آخر یہ بینائی مجھے	جو بلا کہتے سو ان آنکھوں نے دکھلائی مجھے
تری چشم مست سے ساقیا یہ سیاہ مست جنوں ہوا	کہ سے دو آتشہ طاق پر جو دھری تھی وہیں دھری رہی

جنوں

جنون - فخر الاسلام نام دہلی کے مشائخ میں سے تھے اور میر ممنون دہلوی کی شاگردی سے بہرہ یاب تھے - ایک شعر ان کا بلا اور قابلِ درج تذکرہ معلوم ہوا -

اٹھی جو شرم تو دونوں ہی دل ملے نکلے	بجز حجاب یہاں کچھ نہ فاصلے نکلے

جنوں

جنون - نواب سراج الدولہ علی محمد خاں بہادر سردار جنگ مرحوم رئیس اعظم فیض آباد خلف

نواب محتشم الدولہ مدبر الملک مرزا باقر علی خان بہادر فتح جنگ مرحوم۔ نواب فتح جنگ مرحوم کے والد ماجد نواب حسین علیخاں بہادر بانس بریلی اور روہیل کھنڈ کے صوبہ دار تھے۔ اور یہ خود نصیر الدین حیدر کے وزیر نواب روشن الدولہ کے داماد تھے۔ نواب سراج الدولہ نے اوائل مشق سخن میں خواجہ آتش سے اصلاح لی۔ اُنکی وفات کے بعد حضرت اسیر لکھنوی کو اپنا کلام دکھایا۔ آپکی تصانیف سے دو دیوان چھپے ہوئے موجود ہیں۔ شعر خاصہ کہتے تھے تشبیہ اور استعارہ بندی (جس کا اُس زمانے میں زیادہ رواج تھا) کی پابندی آپکے کلام سے مترشح ہے۔ رعایات لفظی کے اسیر تھے۔ نازکخیالی اور زبان کی طرف توجہ کم تھی۔ تاہم کلام میں صفائی اور پختگی پائی جاتی ہے۔ اب انتخاب کلام ملاحظہ ہو۔

حاجیو جاؤ مبارک تم کو کعبے کا سفر
خود مرے پہلو میں گھر موجود ہے اللہ کا

مَیں مسلماں تھا وہ شائد مجھے کافر سمجھا
مصحفِ رُخ کو کبھی ہاتھ لگانے نہ دیا

راحت کی طلب گر دلِ ناشاد کرے گا
کیا جانئے فلک کیا ستم ایجاد کرے گا

بوسے کے وعدے پر مرا دل یار لے گیا
یوسف کو مفت مول خریدار لے گیا

مرکر مَیں شوقِ ابروئے خمدار لے گیا
راہِ عدم میں خوف تھا تلوار لے گیا

کیا کیا خیالِ یار نے دھوکے نہیں دیئے
کس روز اُس پہ حور و پری کا نہ شک گیا

زندگی ہجر میں تھی موت سے بدتر تیری
اپنے جینے کی خدا سے میں دعا کیا کرتا

اگر اے آسمان کچھ بھی سرِ انصاف تو ہوتا
قبائے گل میں تارِ اشکِ بلبل سے رفو ہوتا

اسی مُنہ پر مسیحائی کا دعویٰ آپ کرتے ہیں
کہ بیمارِ غمِ ہجراں کا درماں ہو نہیں سکتا

زلفِ شب رنگ کو دکھلا کے وہ یہ کہتے ہیں
شب یہ بھاری ہے مرے ہجر کے بیماروں پہ

تکلیف دست و بازوے نازک کو تا نہ ہو
ابرو خدا نے اسکو دیئے ہیں بجائے تیغ

کیا کہوں وصل میں ہوتی ہی جو عاشق کو خوشی
حق بجانب ہے جو پروانہ ہوا شادی مرگ

آمد پیکِ اجل بھی ہوئی قاصد نہ پھرا
لب پہ جاں آئی وہ ملا یا ابھی پیغام نہیں

ظلم سے یار نے چھینا نہ دغا سے پہلے
دل مرا لے لیا دیدے کے دلاسے پہلے

ہاتھ کب آتا تھا مضمونِ دہن
یہ معمہ حل ہوا ادراک سے

شجر نکلا نہ کشتِ عشق میں تخمِ تمنا سے
خدا جانے کہ زیرِ خاک اِس دانے پہ کیا گزری

شراب عید کے دن شوق سے پئیں زاہد
حرام تیسرے فاقہ حلال ہوتا ہے

گالیاں دیکر سخی داتا نہ بنئے مہرباں
دیجئے گا مجکو وہ جو کچھ کہوں درکار ہے

حق تو یہ ہے کہ بہائم سے بھی وہ بدتر ہے
جس بشر کو کہ تمیز حق و باطل نہ رہے

نالے وہ پر اثر ہیں دلِ بیقرار کے
گلشن میں ہوش اُڑتے ہیں سُنکر ہزار کے

غلغلہ ہے فیضِ ساقی کا چلو اے میکشو
میکدے سُنتے ہیں ان روزوں دھرم سالے ہوئے

بے سبب ہیں وہ اگر روٹھ کے جانیوالے
گر کے قدموں پہ منالیں گے منانے والے

نہ ہوگی حور کے زانو سے بھی مومن کو یہ راحت
ملی راحت ہمارے سر کو جو خشتِ سرِ خم سے

خاموش ترے سامنے غنچہ کا دہاں ہے
حسرت سے تیری آنکھوں کو نرگس نگراں ہے

جائے حیرت جلوۂ معبود ہے
چشم سے پنہاں ہے پھر موجود ہے

(انتخاب از جلد دوم)

نکرتا گر فلک مجبور اسکو
خدا جانے یہ بندہ کیا نہ کرتا

میں اُسکی خود نمائی کا ہوں کشتہ میری تربت پر
لگاؤ جائے سنگِ قبر آئینہ سکندر کا

گو ضبط سے میں کچھ نہ کہوں چہرے سے مرے
جو اُس پہ قلق ہے وہ نہاں ہو نہ سکیگا

کیا عالم کے ہمچشموں میں تجکو ڈھونڈکر پیدا
نہ تیری سی ہوئیں آنکھیں نہ میری سی نظر پیدا

عشقِ لب جاں بخش میں ہونٹوں پہ رہا دم
اعجازِ مسیحا مرے کچھ کام نہ آیا

کیوں نہ ہو اُسکی اداؤں سے مرا کام تمام
نہ لیا شرم سے عاشق کا کبھی نام تمام

بظاہر گو کہ بیخود صورتِ میخوار رہتے ہیں
بکارِ خویش دیوانے ترے ہشیار رہتے ہیں

کس لیئے حشر یہ برپا ہے قیامت کیوں ہے
قُم باذنی وہ کہیں ہوش میں ہم آتے ہیں

کھایا جنوں پہ تیر نگہ کس کا راہ میں	جو دل پکڑ کے بیٹھ گئے ایک آہ میں
خط دیجئے نامہ بر سے بھی پہلے روانہ ہو	کچھ شوقِ دل کا سب سے جدا کارخانہ ہے
کیا خوف ہمکو گرمیٔ خورشید حشر سے	سر پر ترا سحابِ کرم شامیانہ ہے
شکوہ تیرا کروں معاذ اللہ	میری جانب سے یہ گماں نہ رہے
وطن کی سمت گئے چھوٹ کے قافلے والے	میں پاشکستہ تڑپتا ہوں کارواں کیلئے
جو کہ تقدیر میں تھے رنج و محن دیکھ چکے	کیسے کیسے ستم چرخ کہن دیکھ چکے
باغباں سیر کو آئے تھے بس اب جاتے ہیں	جلوہ حسنِ عروسانِ چمن دیکھ چکے

جنون - میر فضل علی دہلوی شاگرد میر امانی اسد و شیخ ولی اللہ محب - پہلے مست تخلص کرتے تھے - محرم الحرام میں کتاب خواتی کیا کرتے تھے - یہ اُن کے اشعار ہیں -

دیکھا سرائے سینہ کو لے کر چراغ دل	دل سوز ایک بھی نہ ملا غیر داغ دل
باندھ کر تلوار جب آیا نظر میرے تئیں	ہو گئی معلوم قاتل کی کمر میرے تئیں
ہوں میں وہ شہباز جسکی سیر گہ تھا لامکاں	عشق نے تیرے کیا بے بال و پر میرے تئیں
یار سے کہیو یہ قاصد کہ جو آنا ہے تو آ	ہم نجائیں چلے دنیا سے یہ ارمان رہے

جنون میر مہدی خلفِ میر عباس عرف میر مغل فیض آبادی مقیم لکھنو میر رضی رہا کے چھوٹے بھائی اور رشک لکھنوی کے شاگرد تھے یہ اُنکے اشعار ہیں -

گویا کہ گھڑی نور کی رکھی ہے کمر میں	ایسی ہے منور تری اے رشکِ قمر ناف
کسی سے تارے نہیں دیکھے چاند میاں تک	تمھارا چاند سا چہرہ ہے اور ستارے گال
رخسار دونوں مہر ہیں ابرو ہلال ہیں	گر مانگ کہکشاں ہے تو ماہِ مبیں جبیں
گو وصل یار تھا پہ لڑائی نہیں گئی	میری اور اُسکی خوب لڑی رات بھر زبان

جنون - سید رحمت علی صاحب جنون بریلوی شاگرد حکیم نیاز احمد خان صاحب ہوش آپ شیعہ مذہب تھے اور ۱۲۸۰ھ میں بریلی میں موجود تھے شعر خوب کہتے تھے اور وہاں کے مشاعروں

میں شریک ہوا کرتے تھے۔ چند غزلیں نظر سے گزریں اُن کا انتخاب حاضر ہے۔

جبتک نہ ہاتھ شربتِ دیدار آئیگا
تجکو بخار اے دلِ بیمار آئیگا

ابرو کے پاس خواب میں دیکھی ہے چشم مست
تعبیر یہ ہے کعبہ میں میخوار آئے گا

تیرِ نگاہِ یار کا چھیڑوں گا ذکر میں
لیتا ہوا جو نوک کی سوفار آئیگا

دہانِ زخم کو بوسہ تو خنجر کا میسر ہو
خدا کیواسطے قاتل لگا اک اور بھی چرکا

ہو کے بسمل بھی محبت تیغِ قاتل کی رہی
ہر دہانِ زخم نے بوسہ لیا تلوار کا

دید کے قابل ہے رحم اُن کا کہ وقتِ نزع وہ
پانی ٹپکاتے ہیں میرے حلق میں تلوار کا

مرگ کے بعد ہوا خانۂ تربت پُر نور
شمع کا کام کیا داغ نے روشن ہو کر

جان دی مر کے میں نے حسرتِ دیدار میں
خاک سرمہ بن کے پہنچی کیوں نہ چشمِ یار میں

کیوں نہیں لیتی مریضِ ہجر کی آ کر خبر
موت کو بھی موت آئی کیا فراقِ یار میں

عشق نے برباد کر دی حسن کی دولت جنوںؔ
کوڑیوں کے مول یوسف بک گیا بازار میں

اے صنم یہ نہ سمجھنا کہ ہیں ہم خانہ بدوش
اب خدا چاہے تو دل میں ترے گھر کرتے ہیں

بدلے دینار کے لیتے ہیں وہیں ہم داغ
آسماں سے جو کبھی خواہشِ زر کرتے ہیں

ذبح کرتے ہیں اگر قاتل سے کچھ تاخیر ہو
ہر رگِ گردن ہماری قتل کو شمشیر ہو

بعدِ مردن بھی اگر آوارگی یوں ہی رہی
خاک اپنی دیکھئے کس کس کے دامنگیر ہو

کوئی تو زلفوں کو چھیڑے گالیاں ہم پہ پڑیں
ہم گنہگاروں میں ٹھیریں غیر سے تقصیر ہو

خامہ بر دیتا ہے دھوکا میں نہ مانوں گا کبھی
سر قلم کر دوں جو اُسکے ہاتھ کی تحریر ہو

تمہارے کوچے میں جاتے ہیں ہم بتا دو کا
اگر بہشت میں لیا ہو تو اب عطا ہو جائے

فنا کے بعد پریشانیاں نہ اپنی گئیں
ہوا چمن میں رہے دشت میں غبار رہے

وہ چشمِ مست سے دیکھے کبھی جو ایک نظر
تو میں تو کیا ہوں کہ زاہد کو بھی خمار رہے

کیا ہے [illegible] بوسۂ رخ پر
مجتنب ہیں جو ہم سے کہ مصحف گناہگار رہے

جنون

جنوں - شیخ محسن علی صاحب عرف کلن متخلص بہ جنوں متوطن بنارس شاگرد مرزا صاحب بر گورگانی - ان کا صرف اسقدر حال معلوم ہوا ہے کہ سنہ ۱۸۷۲ء میں زندہ تھے - فن شعر میں اپنے استاد کی روش کے پیرو تھے - اب کلام ملاحظہ ہو -

تجھ سے وہ سر بر ہو جس میں سب یہ آپ بیتی ہو ۔ عقل ہو - تدبیر ہو - تقریر ہو تحریر ہو
جرم پر بوسہ کے حکمِ قتل ہے بے منصفی ۔ جسکی ہو جیسی خطا ویسی اُسے تعزیر ہو
ہوتی ہے اُلفت سے الفت کسطرح نکلے کوئی ۔ وشت وحشت میں جو اک خار دامنگیر ہو
کچھ تو ہوگی دل کو تسکین ہجر میں یہ ہی سہی ۔ بھیجدو اپنی تمھارے پاس گر تصویر ہو
مجھے ہی قسمت قتام عشق دل سے پسند ۔ ق ۔ کہ تا کبھی کسی سے نہ کم بہا رہتے
برنگِ لالہ دل و سینہ و جگر پہ مرے ۔ مدام داغ جُدائی کے چار چار رہتے
دیدیا کیا یہ مسیحا نے دوا سے پہلے ۔ کہ شفا کیسی گئی جان قضا سے پہلے
زلف کو چھونے نہ پائے تھے کہ پہنی زنجیر ۔ خوب تعزیر ملی ہمکو خطا سے پہلے
کبھی عیسیٰ کا میں طالب ہوں کبھی قاتل کا ۔ دیکھوں کون آئے مرے پاس قضا سے پہلے
نزع کے دم ملک الموت سے جھگڑا ہو بڑا ۔ آپ آئیں جو مرے پاس قضا سے پہلے
کیا ترے ابروئے پُرخم سے مقابل ہوگا ۔ ماہِ نو بحث نو لے ناخنِ پا سے پہلے
پر لگیں پاؤں کے بدلے جو بلائے وہ یار ۔ اے جنوں اُڑ کے ابھی جاؤں ہوا سے پہلے
مجھے نفع کرتی محبت مگر ۔ تری بے نیازی ضرر ہو گئی

جنون

جنون - عالیجناب خان بہادر قاضی عبد الجمیل صاحب جنوں تلمیذ جناب مرزا اسد اللہ خان غالب رئیس اعظم بریلی انکے بزرگ شاہانِ مغلیہ کے عروجِ سلطنت کے زمانہ میں مصر سے دہلی میں آئے بادشاہِ وقت نے بہت قدر و منزلت کی اور ہمیشہ مناصب جلیلہ پر ممتاز رہے کبھی مختلف شہروں کے صوبہ رہے - کبھی سفارت کا معزز اور نازک کام انجام دیا پھر بانس بریلی کے قاضی رہے - شاہانِ دہلی و صوبۂ اودھ میں جو اہم امور

اور نزاعات ہو جاتے وہ سب اِنکے توسط سے طے ہوتے تھے جسکے صلے میں خطابات و جاگیریں و خلعتِ فاخرہ سے سرفراز ہوتے رہے۔ جب رہیل کھنڈ فتح ہوا تو نواب شجاع الدولہ وزیرالممالک نے اپنے شقہ میں ایک بیش بہا سند عطا فرمائی۔ اوائل دورِ انگلشیہ میں بھی آپ نہایت باوقر و بارسوخ رہے +

قاضی صاحب ممدوح ۱۲۵۱ھ ہجری میں پیدا ہوئے ۱۸ برس کی عمر میں فارسی و عربی کی تکمیل کی۔ مختلف علوم عربیہ میں مہارت بدرجۂ کمال تھی۔ آپ کو مرزا نوشہ غالب مرحوم سے تلمذ تھا۔ مرزا کو اپنے لائق شاگرد سے مہرِ مفرط تھی اُنکے ہر ہر خط کے ایک ایک فقرہ سے محبت ٹپکتی تھی۔ کہیں لکھتے ہیں "آپ کی ارادت میرا ذریعہ فخر و سعادت ہے" کسی جگہ ارقام ہے "اگر قوتِ ناطقہ پر کچھ بھی تصرف باقی ہوتا تو آپ کی تعریف میں ایک قصیدہ۔ اور آپکے کلام کی تعریف میں ایک رباعی کہتا" تاریخ گوئی میں بھی ملکہ تھا افسوس کہ اپنا کلام سب تلف کر دیا اُنکے احباب کی زبانوں پر یا مرزا نوشہ کے خطوط میں جو کچھ مل سکا وہ جمع فرما کر شفیقی و مکرمی قاضی محمد خلیل صاحب نے عنایت کیا۔ درج تذکرہ کیا جاتا ہے۔

جو حسیں ہمکو ملا کافر و بیدیں ہی ملا
جسکو دیکھا اُسے غارتگرِ ایماں دیکھا

نہ ہوا خندۂ بیجا بجز گوارا گل کا
ہم نہ کہتے تھے نکر سیرِ گلستاں دیکھا

کہاں یہ تاب کہ آنکھیں ملا سکوں تجھ سے
کہ اک نگہ میں دگرگوں ہے حال محفل کا

دیکھکر اُس بت کو کیا کہیے کہ کیا یاد آگیا
ہمکو اُسکی بے نیازی سے خدا یاد آگیا

میں جو رخصت ہو کے اُن سے پھر گیا تو یوں کہا
کیوں گئے کیوں آئے کیا بھولے تھے کیا یاد آگیا

ہے سرِ شام ہی سے بھاری رات
ہائے کیسی کٹے گی ساری رات

سرسری کتنا گلۂ جورِ تغافل بیجات
تم پشیماں نکرو مجکو پشیماں ہو کر

کیجیے شکوۂ دمِ تیغِ نگہ کا کیونکر
کہ مرے تن پہ کوئی زخم نمودار نہیں

سامنے سے یوں نکل جاتے ہیں وہ
اُن سے گویا کچھ شناسائی نہیں

اُنھوں نے آئینہ دیکھا تو مَیں نے مُنہ اُن کا | حواس ہوش بجا واں نہیں تو یاں بھی نہیں
بیمارِ عشق کو نہ لگا ہاتھ اے طبیب | کچھ دردِ سر نہیں ہے کہ اچھا ولے ہو
سُنہی لطف و عنایت ستم و جور ہی ہو | غم تو یہ ہے کہ نہیں حال کا پُرساں کوئی
گرم کیوں ہوتے ہو اغیار کے آگے مجھپر | آگ میں ڈالیے پر یوں نہ جلایا کیجے
تاب و طاقت نے دیا فرقتِ جاناں میں جواب | بارِ غم ناز نہیں ہے کہ اُٹھایا کیجے
گالیاں کھاکے رہوں چُپ یہی بات اچھی ہے | گر بگڑتا ہوں تو وہ اَور بناتا ہے مجھے
آیا نہ اُن کو تفرقۂ جان و دل پسند | دل لیچکے تھے جان بھی اَب آکے لیچلے

ہو نہ موقوف جنبشِ مژگاں | ابھی خواہش ہے زخم کاری کی
ہجر میں کون تھا مرا ہمدرد | کچھ ترے غم نے غمگساری کی
بک بے شوخی اُس نگاہِ ناز کی | ایک برچھی سی جگر میں لگ گئی

جنون

جنون - مولوی محمد عمر جنون ابن مولٰنا حاجی محمود میاں صاحب ساکن ریاست مانگرول صوبۂ کاٹھیاواڑ - آپ کی عمر اب پچاس برس کے قریب ہے شیخ محمد حسین میاں اور اُنکے بھائی جہانگیر میاں کے عہدِ ریاست میں اِنھوں نے اور انکی شاعری نے تربیت - اور پرورش پائی - یہ خود نواب صاحب مذکور سے اُستادزادگی کی خصوصیت رکھتے ہیں - نواب مرحوم کی ریاست اگرچہ مختصر تھی مگر نہایت با مروت اور سیر چشم رئیس تھے اہل علم اور باکمال آدمیوں کے قدردان اور اُردو شاعری کا اعلیٰ مذاق رکھتے تھے - چنانچہ اُنکی فیاضیوں کا ایک کرشمہ یہ بھی تھا کہ نواب فصیح الملک مرزا داغ - حکیم ضامن علی جلال - منشی امیر اللہ تسلیم اور جناب شمشاد لکھنوی سے اُستادوں نے مانگرول جیسے دُور اُفتادہ مقام کو گاہ گاہ اپنے قدوم میمنت لزوم سے رشکِ گلزار کیا اور وہاں اُردو شاعری کا چمن لگایا - نواب کے شوق اور مصاحبت کیوجہ سے جناب جنون کو بھی اس فن کی طرف توجہ ہوئی آپنے حضرت جلال لکھنوی سے استفادہ کیا - حضرت تسلیم نے جب ان کا مختصر دیوان ملاحظہ

کیا تو تاریخ کہی ؎ زہے رفعتِ فکر استادِ فن ٭ جنون زباں دان و شیریں سخن ٭
میلانِ خاطر صیغہ جوڈیشل کیطرف رہا اور ریاست میں موافق قانون برٹش عدالتوں کیمیں وکالت کرتے
رہے۔ علاوہ اسکے میر منشی گری اور دیگر معزز عہدوں پر مامور رہے۔ بالفعل ریاستِ
مذکور میں دیوانی جج و ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ درجبٹرار کے معزز عہدوں پر ممتاز ہیں۔ مگر اس
سال اُن کے ممدوح گرامیقدر کا اچانک انتقال ہونیسے دل خستہ اور جگر فگار ہیں اور
خود انھوں نے مصنفِ تذکرہ کو لکھا کہ "رئیس کیا رحلت کرگئے ہمکو بے موت مار گئے۔
لطفِ زندگی جاتا رہا۔ اپنو شاد باید زیستن ناشاد باید زیستن کا نقشہ ہوگیا" انکا یہ کلام ہے

محبت ترسا سا ئے دلمیں ایسا ہو نہیں سکتا
یہ دم دھاگے ہی انساں کو پھنسا بیٹھے ہیں دم بھر میں
چلا لو اپنے کشتہ کو خرام ناز سے اٹھو
ذرا سینے پہ اپنا دستِ نازک رکھ کے پھر دیکھو
اُتارو شرم کا بُرقع جو آئے ہو ہنسو بولو
نگاہِ ناز کا دلپر کچھ ایسا چل گیا جادو
جنوں دیوانے ہو اسکو جو تم اپنا سمجھتے ہو
سینے میں جاکے دل ہی کو تاکا غضب کیا
چلنا وہ جھوم جھوم کے سینہ اُبھار کر
کسی کا نیچی نگاہوں سے مسکرا دینا
خفا نہ ہو جو لیا بوسہ چشم میگوں کا
ستاؤ جتنا ہی چاہے مگر یہ بھی تو سن رکھو
ہماری وضعداری ہمکو اُف کرنے نہیں دیتی
فلک وہ چاند کا ٹکڑا تو آسے پھر ستا لینا

خدا کا گھر جو ہوتا ہے کلیسا ہو نہیں سکتا
کسی معشوق کا اقرار سچا ہو نہیں سکتا
مسیحائی کا دعویٰ اور اتنا ہو نہیں سکتا
غلط ہے عشق کا بیمار اچھا ہو نہیں سکتا
بھری ہے تم میں وہ شوخی کہ پردا ہو نہیں سکتا
کہ اب تو وہ کسی پہلو سے میرا ہو نہیں سکتا
کسی کی اصل کیا ہے وہ کسیکا ہو نہیں سکتا
قرباں نگاہ یار تری دیکھ بھال کے
انداز ہائے رے تری مستانہ چال کے
سمجھنے والا سمجھتا ہے غیر کیا سمجھے
مجھیں نے مست کیا ہے پلا پلا کے مجھے
وہی طرزِ جفا اچھی ہے جس میں کچھ ادا نکلے
گلا گھونٹے وفا آکر جو منہ سے کچھ گلا نکلے
کہ تیرے دلکا بھی اچھی طرح سے حوصلا نکلے

خاک جا لپٹی کس کے دامن سے	کون گزرا یہ میرے مدفن سے
اک اشارے میں دل کو لے لینا	کوئی سیکھے تمھاری چتون سے
اُٹھے پہلو سے وہ جو وصل کی رات	جسم سے جی نکل گیا سن سے
مجکو رونا اُسی کا ہے ہمدم	میرے ہوتے ملیں وہ دشمن سے

جوّاد

جواد - سید جواد علی صاحب شاگرد ہنر و بقا غازی پوری - دور موجودہ کے شاعر ہیں - جو کلام نظر سے گزرا اُس کا خلاصہ حاضر ہے -

عیاں ہے سینے سے نور آفتابِ داغِ ہجراں کا	کرن خورشید کی ہر تار ہے میرے گریباں کا
میسّر ہو نہ جبتک شربتِ دیدارِ جاناں کا	دوا بیکار ہے بچتا نہیں بیمار ہجراں کا
جو یاقوتِ لبِ رنگین کبھی اُس شوخ کے دیکھے	لہو ہو ہو کے بہ جائے جگر لعلِ بدخشاں کا
نہ شوقِ سیرِ گلشن ہے نہ ذوقِ دشت پیمائی	ترے وحشی کو خوش آیا ہے رہنا اتنو زنداں کا

اے ستمگار ہوا اب تو کلیجہ ٹھنڈا	ہے تڑپ کر ہوا بسمل ترا قاتل خاموش
سطے نہ جبتک ہو رہِ عشق رہے نالہ کشی	جرسِ دل ہو پہنچکر سرِ منزل خاموش

جوان

جوان - مرزا نعیم بیگ متخلص بہ جوان شاہ جہاں آبادی باشندۂ کوچۂ چیلاں دہلی ملازم خاص مرزا سلیمان شکوہ فن سخن میں حضرت مصحفی کے شاگرد تھے - آپ خوش رو وجیہ جوان تھے - طبع موزوں اور اس فن کے مناسب پائی تھی - جوانی میں لکھنؤ جا کر صاحب عالم کے ملازم ہوئے اور مصحفی اور انشا کے مطارحات میں شریک رہے -

پہلو میں دل اپنے کو بھی غمخوار نپایا	یہ خوبی قسمت کہ کوئی یار نپایا
از بسکہ ہوئی گرمی خورشید قیامت	کوچے میں ترے سایۂ دیوار نپایا
ظلم و ستم و جور سبھی ہمنے اُٹھائے	جب اور کوئی تجھسا طرحدار نپایا
ہم بیچتے آئینۂ دل تیرے ہی ہاتھوں	پر ہمنے بجُھے اِس کا خریدار نپایا
یہ ان دنوں جو ہمسے اتنی رکھائیاں ہیں	شاید کسی نے کچھ کچھ باتیں سکھائیاں ہیں

اے عندلیب سچ کہہ کیا فصلِ گل پھر آئی	فوجِ جنوں کی ہم پر کیسی چڑھائیاں ہیں
کس بے ادب نے تم سے گل بازی آج کی ہے	آنکھیں تمھاری پیارے کیا سخت آئیاں ہیں
کسیکو اپنی سفارش کیواسطے اُس پاس	جو لیکے جاؤں تو اُس کا وہ آشنا نکلے

جوان

جوان۔ محب اللہ نام۔ دہلی کے رہنے والے میر عزت اللہ عشق کے شاگرد تھے معلم گری کیا کرتے تھے اور فنِ طب سے بھی لگاؤ تھا۔ یہ اُنکے اشعار ہیں۔

تو بہت ہوگا پشیماں بات اُس کا گر لگا	فکر میں تیرے دِلا پھرتا ہے بازی گر لگا
حامی ہیں بدعتوں کے امیر و غریب سب	یارو یہ رہ گئے ہیں مسلمان آج کل
چشم و ابرو کا گرفتار نہ رکھا صد شکر	عشق نے اپنی طرف راہ بتائی مجکو

جوان

جوان۔ بابو ہزاری لال صاحب جوان شاگرد منشی غلام حسین صاحب قدر ۱۸۷۰ء میں لکھنؤ میں موجود تھے اسکے سوا زیادہ حال معلوم نہ ہو سکا۔ یہ کلام ہے۔

ہم تم تھے کوئی روزِ ازل رخنہ گر نہ تھا	انسان تو چیز کیا ہے ملک کا گزر نہ تھا
کیا کیا عذابِ ہجر مری جان پر نہ تھا	تیرے بغیر گور سے کم مجکو گھر نہ تھا
پتھر کا تیرا دل ہے تو فولاد کا جگر	اسپر بھی میرا نام کوئی بے اثر نہ تھا
ہم چھپ کے پیتے کیوں رمضاں میں بھلا شراب	واعظ کا خوف کیا جو خدا ہی کا ڈر نہ تھا

جودت

جودت۔ صاحبعالم مرزا سکندر شاہ۔ آپ حضرت بہادر شاہ ثانی کے فرزند دوم مرزا شاہرخ بہادر کے (جو تمام شاہزادوں میں لائق ترین اور جوہر قابل تھے) صاحبزادے ہیں۔ محکمہ میونسپل کمیٹی دہلی میں بعہدہ انسپکٹری گشت مامور تھے۔ پھر علی گڑھ محمدن کالج میں بورڈنگ کے منتظم رہے۔ اب ۶۵ سال کے قریب عمر ہے۔ مرزا قادر بخش صابر مرحوم کے تلامذہ میں ہیں۔ زبان ٹکسالی اور اُسی چار دیواری کے اندر کی ہے جہاں سے نکل کر اُردوئے معلی نے فروغ پایا۔ مذاقِ سخن بھی اچھا ہے۔ بندش چست اور سب طرح درست ہے مگر کم گو بہت ہیں۔ کبھی کبھی دوستوں کے اصرار سے طبع آزمائی کر لیتے ہیں

اپنے شوق سے کچھ نہیں کہتے - یہ اُن کے کلام کا انتخاب ہے ۔

جوشِ وحشت میں مرا پھر دلِ ناشاد آیا
کونسا دشت ہے باقی جو اِسے یاد آیا

میرے گریہ کا طوفاں ہی کہ ہے یہ جوش میں دریا
حباب چشم ہے میرا کہ ہے سر پوش میں دریا

میری باتوں سے عدو محفل میں سب کٹ کٹ گئے
شکر ہے رنگِ بیاں غیروں کو خنجر ہوگیا

رکھتے ہیں اپنی نظر میں آپ عاشق کا قصور
جرم اے جودت مرا مجھ سے بھی بڑھکر ہوگیا

یہ تو ہم پہلے ہی بس جان چکے تھے جی میں
عشق جب دل میں ہی پھر جان کا بچنا کیسا

دل لگی سمجھے ہوئے ہیں ابھی الفت کو رقیب
دیکھنا ہوتا ہے دشوار نبھانا کیسا

عشق کی مجھ سے حقیقت کوئی پوچھے جودت
جان کھو بیٹھنا ہے دل کا لگانا کیسا

رواں آنکھوں سے اشک خوں مرے دن رات رہتے ہیں
لہو کا اک ہی دیکھا ہے اپنے ہوش میں دریا

سب نے چھوڑا نہ چھوڑا پر غم نے
اس رفاقت کو دیکھتے ہیں ہم

جان تک کی نہیں ہے کچھ پروا
دل کی ہمت کو دیکھتے ہیں ہم

جان و دل آپ پہ قرباں کیئے بیٹھے ہیں
آپ ہم موت کا سامان کئے بیٹھے ہیں

ہزار دشمن جاں اپنا آسماں بنجائے
سمجھلوں اُس سے اگر کوئی مہرباں بنجائے

جو سُن لے نام نہ لے پھر وہ عشق کا یارب
مرا فسانہ یہ عبرت کی داستاں بنجائے

دل میں مرے ٹھن گئی فغاں کی
اَب خیر نہیں ہے آسماں کی

بھولے نہ کبھی حقیقت اپنی
یہاں رہ کے خبر رکھی وہاں کی

ق

نکلے جو خودی کے جال سے ہم
اور چھوڑ دی راہ این وآں کی

ہر وصف میں ذات ہی کو پایا
[illegible] اُٹھ گئی دوئی درمیاں کی

وصل میں کیونکہ شکایت ہو ستم کی اُنکے
کل شب ہجر میں ہم اُسکے بھی خواہاں ہونگے

دیکھکر حسن صنم رام نہوں سے جودت
ایسے بچتے تو بہت کم ہی مسلماں ہونگے

بل جبیں پر بھی ہیں زلفوں میں بھی معلوم نہیں
وہ ہیں بگڑے ہوتے یا زلف پریشاں ہے

افسوس ہے کہ ہمکو ملاقات بھی نصیب	ظاہر سے وقتِ واپسیں جودت نہیں ہوئی
اِس تجاہل کے ہیں قربان کہ وہ رشکِ مسیح	آسکے خود پوچھتا ہے درد کا درماں مجھسے
کسکو نقاب اُلٹتے ہی حیرت نہیں ہوئی	لو حشر میں بھی اُنکو ندامت نہیں ہوئی

جودت

جودت - محمد شیث جودت ساکن میرٹھ شاگرد مولانا شوکت - ۳۴ - ۳۵ برس کی عمر ہے اور علمی استعداد معقول حاصل ہے - کچھ کلام نظر سے گزرا اُسکا انتخاب درج ذیل ہے

ازل سے جو کہ کجرو ہیں کبھی سیدھے نہیں ہوتے	کنگھی شانہ ہیں لیکن نہ نکلا زلفِ پیچاں کا
خود سیہ بختی پہ اپنی کھاتے ہیں ہم پیچ و تاب	کیوں بلائیں کر لپٹتے ہیں ترے گیسو ہیں
ہر رنگ میں زاہدوں کے مکاری ہے	صورت میں خضاب کے سیہ کاری ہے
ہو کعبہ میں چوم کر نہ پتھر کو شیخ	تو جبر کو یہ بات بہت بھاری ہے

جودت

جودت - جناب سید فضل حسین عرف میر منشی صاحب - یہ آجکل کی شاعر اور انجمن معیار کے ایک رکن ہیں - کلام میں شوخی اور طبیعت میں رنگینی ہے - چند غزلیں ملیں اُن کا انتخاب درج تذکرہ کیا جاتا ہے -

دفن کے وقت اقربا میں ذکر یا یوسانہ تھا	گور میں میں تھا - دہانِ گور پر افسانہ تھا
آپکی جب تک عنایت تھی عدو بھی دوست تھے	آپ جب برہم ہوئے ہر آشنا بیگانہ تھا
آج بے ساقی محفل کل سی کیفیت نہ تھی	گو وہی شیشہ وہی مے تھی وہی پیمانہ تھا
پیاپے دَورِ جامِ مے سرِ محفل پسند آیا	ترا لطف و کرم ساقیٔ دریا دل پسند آیا
نہ تھی اُمید جسکی تم سے وہ الفاظ سُنوائے	ہمیں بھی آج اپنا اضطرابِ دل پسند آیا
طلب ہے مجھ سراپا داغ کی اِس بزمِ عشرت میں	یہ گلدستہ پئے آرایشِ محفل پسند آیا
خدا جانے وہ کیا سوچے ہیں کیا انجام ہوتا ہے	ابھی اس دل سے نفرت تھی ابھی دل پسند آیا
اللہ رے جذبِ شوقِ شہادت کہ وقتِ ذبح	خنجر لپٹ کے شہ رگِ بسمل میں رہ گیا
پھیلا ہوا ہے ہاتھ عبث طمع مال میں	جو کچھ ملا وہ کب کفِ سائل میں رہ گیا

جودت — **جودت** منشی جگموہن سہائے متخلص بہ جودت ولد منشی بنواری لال صوفی ذات کایستھ آپکا اصلی مسکن موضع مان پور شہر گیا سے ایک میل پورب ہے مگر اب چند سال سے گیا میں بود و باش اختیار کی ہے آپ عرصہ تک گورنمنٹ پلیڈر گیا کے سرکاری محرر رہے آپکی عمر اسوقت یعنی ۱۹۰۸ء تک قریب اکاون برس کے ہوگی سید فصیح الدین حشر اور حکیم عابد علی کوثر کے شاگرد ہیں۔ آپکی چند غزلیں جو دستیاب ہوئیں اُن کا انتخاب حاضر ہے

انکی آنکھوں پہ چڑھے کیا دل کسی بیتاب کا ۔ پنجۂ مژگاں سے قطرہ کب اُٹھا سیماب کا

آنکھ بھر آتی ہے جودت یاد میں اُس مست کی ۔ دیکھتا ہوں جب بھرا ساغر شراب ناب کا

طور پر برق جو چمکی ہوسے موسیٰ بے ہوش ۔ جلوۂ رخ کے سوا اس میں کوئی راز بھی تھا

کج ادائی نے تمھاری یہ اثر دکھلایا ۔ پڑ گئے زلف سیہ فام میں خم آپ سے آپ

اب وہی قاتل وہی سفاک ہیں خونریز ہیں ۔ کانپ اُٹھتے تھے جو خونِ مرغِ بسمل دیکھ کر

بھر ہستی میں تکرا ایام پیری کا ملال ۔ لوگ خوش ہوتے ہیں کشتی قربِ ساحل دیکھ کر

نشانِ نقشِ پای رفتگاں پایا نہ عالم میں ۔ اُڑائی منزلوں کی خاک گردِ کارواں ہوکر

دم آخر تھی کیوں حیرت کی صورت چشم بسمل میں ۔ نظر آتا تھا کیا آئینۂ شمشیر قاتل میں

نظر آیا جو نہ مقتل میں وہ قاتل مجکو ۔ کر دیا شوقِ شہادت ہی نے بسمل مجکو

تمنا سے قدمبوسی مبارک خاکساروں کو ۔ کہ اب وہ روندتے ہیں مٹنے والوں کے مزاروں کو

عدو کو بھی ہے دعوی سرفروشی کا تو بہتر ہے ۔ اُنھیں کو آزما لو پہلے پھر ہم جاں نثاروں کو

دیدۂ تر سے ہو گیا درمان دلِ بیتاب کا ✤ اضطراب آئینہ سے کم رہتا سیماب کا ✤

جودت — **جودت** منشی عبداللہ چاؤش حیدرآبادی۔ شاگرد منشی نادر علی برتر زیادہ حال معلوم نہو سکا۔ کلام حاضر ہے۔

کہنا کسیکا وصل میں یہ چھیڑ چھیڑ کر ۔ ہوگا نصیب پھر نہ یہ دن دیکھنا کبھی

واعظ نصیحتوں سے تری فائدہ ہے کیا ۔ یہ رند بھی ہوئے ہیں کہیں پارسا کبھی

دکھاوینگے تمھیں اک روز ہم فرق حق و باطل ۔ یہ دعوی جسقدر ہے مدعی کا امتحاں تک ہے

پئے وصلِ صنم اب ہرچہ بادا باد دل میں ہے ۔ کرونگا کوششیں میں کوششوں کی حد جہاں تک ہے

جوش

جوش - رحیم اللہ دہلوی عرف رحمو - بے پڑھے لکھے آدمی تھے مگر مبدء فیاض سے طبیعت موزوں عطا ہوئی تھی اُسی کی بدولت شعر و سخن میں اپنی فکر رسا کے جوہر دکھاتے تھے پہلے مرزا فدوی کے شاگرد ہوئے اُنکی وفات کے بعد مصحفی سے شرف تلمذ حاصل کیا - آزاد منش یارباش بے تکلف آدمی تھے اکثر ہولی کے زمانے میں دوسرے آزادوں کی تقلید میں جا بجا گلی گلی کوچے کوچے غزل خوانی کرتے پھرتے تھے سنہ ۱۲۹۳ھ میں بمقام دہلی موجود تھے یہ اُنکے اشعار ہیں

ظرف پر اپنے نظر کر تو ابھی لڑکا ہے	مُنہ صراحی سے نہ او دلبر میخوار لگا
میں نے جو کہا تجھ بن کیا کیا نہ الم گزرا[1]	بولا کہ ابے تیرا روتے ہی جنم گزرا
دریا مری آنکھوں سے نت جاری لہو کا ہے	بے درد تو کیا جانے کیا حال کسُو کا ہے

جوش

جوش - میر وارث علی مرحوم جوش شاگرد شیخ امام بخش ناسخ - اوائل اُنیسویں صدی میں لکھنؤ میں زندہ سلامت موجود تھے - تذکرہ سراپا سخن سے کلام تحت نقل ہوا ؎

کاکل شبگوں نہیں لے جان جاں بالائے سر	ہے چراغ روئے روشن کا دُھواں بالائے سر
ہم فقیروں کے ہو لے سلطنت سر میں نہ آئے	گر ہما آکر لگائے آشیاں بالائے سر
تیر جو تیرا لگا ہے سر پہ او ناوک فگن	ہے دہان زخم میں گویا زباں بالائے سر
کیا خفا ہوتے ہیں کہتے ہیں نکل جاؤں کہاں	تُو نے نالوں سے اٹھایا ہے مکان بالائے سر
جوش وحشت میں ہوا اے جوش یہ سودا ہمیں	پھاڑ کر دستار باندھیں دھجیاں بالائے سر

جوش

جوش - شیخ نیاز احمد معروف بہ اللہ دیا جوش - خواص مرزا فخرو ولیعہد حضرت ذوق کے عزیز ترین اور رشید شاگردوں میں تھے - کرانہ ضلع مظفر نگر اصلی وطن تھا مگر دہلی میں توطن اختیار کی تھی - طباعی - ذہانت سخن فہمی اور نکتہ سنجی میں یگانہ آفاق تھے سنہ ۱۲۷۱ھ میں بعمر ۲۵ سال سال انتقال کیا - شعر بہت خوب کہتے تھے اور از سرتاپا استاد کے رنگ میں ڈوبے ہوئے تھے - وہی زبان - وہی بندش - وہی لطف محاورہ غرض سارے اسلوب وہی تھے - مدت سے چند روز پہلے شاعری سے توبہ کی اور اپنا دیوان جلا دیا استاد

[1] بعض لوگ اس شعر کو صاحب میر آلم خلف میر درد کا بتاتے ہیں ؎

ذوق نے جب یہ سُنا تو بیحد رنج کیا۔ کیونکہ تمام تلامذہ میں انھیں کو قابل ترین اور طباع سمجھتے تھے۔

کیوں غل ہے مری نعش پہ نوحے کی صدا کا		رونے کا نہیں وقت یہ ہے وقت دُعا کا
پُوچھے کوئی کیا میں نے بگاڑا تھا صبا کا		اُس کوچے میں اُسنے جو اُڑایا میرا خاکا
غش آگیا ہے سُنتے ہی ذکر اُسکی جفا کا		در پردہ مزا چکھتے ہیں ہم روزِ فنا کا
آنسو کا کوئی تار نظر آئے تو آئے		وحشت میں مرے تن پہ کہاں تار قبا کا
حاصل نہ ہوا وصل میں مقصود کہ مجکو		پاس اُن کا رہا اور اُنھیں پاس حیا کا
کہتے ہیں کہ یاروں نے طبیبوں کو بُلا کر	قطعہ	کل حال دکھایا ترے بیمارِ جفا کا
بیطاقتی و ضعف سے یہ حال تھا اُس کا		سر پر نہ اُٹھا سکتا تھا احسان دوا کا
چلّائے ہے پھر جوش خدا جانے کہاں دار		کیا حال ہے آج اُس ہدفِ تیرِ قضا کا
کیونکر وہ ہاتھ آئے کہ یاں زور و زر نہیں		لے دے کے ہے اک آہ سو اُس میں اثر نہیں
ہے ڈر یہی کہ تو نہ پشیماں ہو بعد قتل		ورنہ ہمیں تو مرنے کا کچھ اپنے ڈر نہیں
قسمت سے درد بھی تو ہوا ہمکو وہ نصیب		جس درد کا کہ چارہ نہیں چارہ گر نہیں
کیا کرتے ہم کہ دل ترا نازک ہے نازنیں		اچھا ہوا کہ نالے میں اپنے اثر نہیں
قسمت ہی میں نہیں ہی شہادت وگرنہ یہاں		وہ زخم کونسا ہے کہ جو کارگر نہیں
سجدے میں کیوں پڑا ہے ارے اُٹھ شراب پی		اے جوش میکدہ ہے خدا کا یہ گھر نہیں

جوش

جوش۔ منشی نظام الدین خلف وجیہ الدین پنجابی۔ شگفتہ طبیعت پائی تھی۔ آپ علیگڈھ میں رہا کرتے تھے یہ اُنکے اشعار ہیں:۔

بار اُتارا ہے دوش سے سر کا		ہے یہ احساں تمھارے خنجر کا
ہے پرستش سنگ کی عشقِ بتاں میں بندگی		جاویں گر کعبہ تو پہلے سنگِ اسود چوم لیں
سر کو تہِ تیغ رکھ کے میرے		ثابت قدمی کا امتحاں لو

جوش

جوش۔ شاہ خلیل الدین احمد جوش محرر رجسٹری ضلع مونگیر شاگرد نساخ خلف مولوی

شاہ محمد اصغر مرحوم باشندہ منگیر ضلع پٹنہ اورحضرت مخدوم شرف الدین احمد کی اولاد میں تھے ۱۲۸۵ھ میں موجود تھے یہ اُن کا کلام ہے ؎

لن ترانی کی نہ لیں جوش سے کچھ یاد بھی ہو	اُسنے دیکھا نہیں پردے میں حضور آپکو کیا
ساری دنیا سے بے خبر پایا	جسکو عالم میں باخبر دیکھا
مرا خط لاکے دے قاصد عدو کو	یہی تقدیر کا میرے لکھا ہے

جوش - نواب احمد حسن خان جوش معروف بہ اچھے صاحب خلف نواب محمد مقیم خان بہادر مقیم ابن نواب محبت خاں محبت خلف حافظ الملک نواب رحمت خاں والیٔ روہیلکھنڈ۔ نواب ظفریاب خاں راسخ مرحوم اور نواب عاشور علیخاں عاشور سے اصلاح لی تھی ان کے دو دیوان مسمیٰ بہ گلدستۂ سخن معروف بہ بہارستان جوش اورچمنستان جوش اور ایک قصہ فسانۂ جوش نامی شائع ہوچکے ہیں اوائل عمر سے شاعری کا شوق اور ارباب کمال کی صحبت کا ذوق تھا طبیعت رسا تھی - عاشقانہ مضامین خوب باندھتے تھے گاہ گاہ فارسی میں بھی غزل کہہ لیتے تھے - اخیر عمر میں حضرت اسیر کے تلامذہ میں داخل ہوئے - کٹرہ نواب محبت خان لکھنؤ میں رہتے تھے ۱۲۴۳ھ میں پیدا ہوئے ۶۰ برس دنیا کی ہوا کھاکر لکھنؤ میں انتقال کیا - آپکے مطبوعہ کلام کا مکمل انتخاب درج ذیل ہے ملاحظہ ہو ؎

نازاں نہ ہو اس شکل پہ لو آئینہ دیکھو	کیا کہتے ہو تم میرا مقابل نہیں ملتا
بلبل نے شاخ گل پہ نشیمن بنالیا	ہم نے بھی کوئے یار میں مسکن بنالیا
سچ کہتے ہیں کہ نام محبت کا ہے بُرا	اُلفت جتا کے دوست کو دشمن بنالیا
زباں دی مُنہ میں ہر اک چیز کا اُسکو مزا بخشا	کہاں تک شکر ہو مجھسے ادا خالق کے احساں کا
دامن حضرتِ یوسف کے اُڑالے پرزے	پاس عصمت سے تجھے اُس وقت زلیخا نہوا
میکدے میں کل تو میرے ساتھ تھا شغلِ شراب	آج یہ شیخ مزوّر پارسا کیونکر ہوا

حسرتیں مردہ دلوں کی کبھی زندہ ہوئیں
نام رکھا ہے عبث تم نے مسیحا اپنا

غیر ممکن ہے جو موقوف ہو رونا اے جوش
کس نے دیکھا ہے کہ بہتا ہوا دریا ٹھیرا

لن ترانی کیوں سنائی تو نے مجکو اے صنم
عاشقوں میں تھا ترے موسیٰ عمراں نہیں تھا

تیغ قاتل کو اے دل مجروح
دہن زخم سے دعا دینا

تشنۂ آب تیغ ہیں او ترک
تھوڑا پانی ہمیں پلا دینا

بیٹھنا تم نہ میری تربت پر
فاتحہ کو تو ہاتھ اٹھا دینا

خضر گم کردہ راہ ہیں اے جوش
چاہیئے راستہ بتا دینا

لب میگوں کو ترے بادۂ احمر سمجھا
گردش چشم کو میں گردش ساغر سمجھا

ترک کر اے دل یہ ہر دم سوئے جاناں دیکھنا
مفت میں جاتی رہیگی ایک دن جاں دیکھنا

اسکی آنکھیں لے گئیں دل سے مرے صبر و قرار
ہو گیا کیا خانۂ آباد ویران دیکھنا

تم نے کیں مجھپہ جفائیں لاکھوں
میں نے پر ایک کا شکوہ نکیا

کیوں نہ یکتا اسے کہتے جسنے
اپنا ثانی کوئی پیدا نہ کیا

دیکھکر قد کو ترے شمشاد ہو رہا ہے پا بگل
روئے روشن کو ترے دیکھے تو ہو جائے گل آب

ہجر ساقی میں وہ دریا میری آنکھوں سے بہا
آسماں جس میں نظر آیا مجھے مثل حباب

دل خون ہے اس غم سے عقیق یمنی کا
دیکھا جو لبوں کو ترے اے غنچہ دہن سرخ

جاگا یہ دم ذبح مقدر تہ خنجر
تھا پیش نظر عارض و لب زیر تہ خنجر

آئینہ زانو میں جو ابرو کا پڑا عکس
قاتل نظر آیا مجھے خنجر تہ خنجر

کہہ رہا ہے یہ دہان زخم سے نخچیر پھر
کیا مزا ہے او کماں کش پھینک ادھر اک تیر پھر

جز غم عشق بنا کوئی نہ غمخوار اپنا
جز اجل کوئی عیادت کو نہ آیا سر پر

آج میخانے میں یہ غل کر رہے ہیں میفروش
بادۂ رنگیں بیاشامید تا دارید ہوش

بندے ہیں تیری ہی اچھے یا برے ہیں جیسے ہیں
شرم رکھے ہم گنہگاروں کی تو ہی پردہ پوش

کبھی کی یہ تو نکل جاتی تن سے فرقت میں
فقط تمھارے ہی آنیکی ہے یہ جان مشتاق

دورِ فلک نے ہمکو گو خاک میں ملایا
ہے قدرداں کے آگے وہی وقار اپنا

مجھ جاں بلب کے پاس سے جاتے ہو گھر کہاں
پھر تم کہاں یہ عاشقِ خستہ جگر کہاں

کہتے ہیں کیا حضور کہ آئیں گے وقتِ صبح
اِس شب کو خاتمہ ہے ہمارا سحر کہاں

کس سے کہیں گے دل پہ جو آئینگی آفتیں
پہلو سے اُٹھ کے جانے ہو اے سیمبر کہاں

اُس بُت کے پاس دیر میں پہنچادے گر مجھے
آنکھوں سے میں لگاؤں ابھی برہمن کے پاؤں

ہمیں خدا نے بنایا ہے بت پرستی کو
بتا تو شیخ ترا کیا گناہ کرتے ہیں

قضا ٹھہر جا مکان کے باہر نہ قصد آنیکا تو یہاں کر
شفا ہی جنکی زباں کے اندر قریبِ در اب وہ آچکے ہیں

دِلا نہ مایوس اسقدر ہو تڑپ تڑپ کر نہ جان تو کھو
ضرور آئیں گے آج شبکو قسم خدا کی وہ کھا چکے ہیں

نہ مرنے سے ڈرے ہم عشق کامل اسکو کہتے ہیں
تصدق تم پہ کردی جان تک دل اسکو کہتے ہیں

پھر کس طرح یقین ہو کہ ہے دل سے دلکو راہ
مرتے ہیں جس پہ ہم اُسے مطلق خبر نہیں

ابر میں چاند گر نہ دیکھا ہو
رُخ پہ زلفوں کو ڈال کر دیکھو

بعد مرنے کے وصل ہوتا ہے
جوش تم بھی کسی پہ مَر دیکھو

دل و دنیا و دیں تو دے چکے اک جان باقی ہے
خدا کے واسطے ہاں اے بتو راضی ہیں ہم لیلو

پائیں گے مراد اپنی خریدار کبھی تو
نکلے گا وہ یوسف سرِ بازار کبھی تو

کام آئیں ہوائے نفسِ سحر کے جھونکے
اُڑ جائے نقابِ رخِ دلدار کبھی تو

مر مر کے اگر شام تو رو رو کے سحر کی
یوں زندگی ہجنے تری دُوری میں بسر کی

دل مائل زلف و رخِ جانانہ ہوا ہے
سودائی ہے۔ نادان ہے۔ دیوانہ ہوا ہے

تیغ ابروئے ہلالی سے جگر بسمل ہے
ناوک و عشوہ و انداز کا زخمی دل ہے

بندوں کے حرفِ عجز ہیں اللہ کو پسند
مجرم جو منفعل ہو خطا کچھ نہ پوچھئے

رہو خوشی سے بتو اس کو اپنا گھر جانو
بنا ہے کعبۂ دل سا مکان تمھارے لیئے

تمھاری زلف کا بوسہ اگر لیتے تو ہم لیتے
یہ سودا سر کو اپنے بیچکر لیتے تو ہم لیتے

وہ ہاتھ لگا دے کہ شہیدوں میں ہو شامل
عاشق ہیں تیرے آب دمِ تیغ کے پیاسے

صنعت رنگِ حنا پر مجھے رشک آتا ہے
رنگ اپنا ترے ہاتھوں پہ جما رکھا ہے

مریضانِ رخِ گیسو کو تیرے دیکھکر اے بت
کوئی کہتا ہے سایہ ہے کوئی کہتا ہے سکتا ہے

قیس سے کہدو کہ ہٹ جائے یہ لیلیٰ کا ہے حکم
آنے پائے نہیں پردہ محمل کوئی

لختِ جگر طعام ہے پانی ہے خونِ دل
اپنے مریضِ غم کی غذا کچھ نہ پوچھئے

اگر چشمِ حقیقت بین سے نظارہ کرے کوئی
نظر نورِ خدا حسنِ رخِ اصنام میں آئے

چشمِ دل کھولکے نظارۂ لیلیٰ کرلے
قیس سے کہدو کہ سب پردہ محمل اُٹھے

کو شمع کی جس رونقِ محفل سے لگی ہے
پروانہ ہو جاں اُس پہ یہی دل سے لگی ہے

کسکی طاقت ہے کہ تیرا مدح خواں ہو اے کریم
آپ ہی حامد ہے تو اور آپ ہی محمود ہے

اِن آنکھوں کی بدولت دل پہ آفت آہی جاتی ہے
نظر کوئی نہ کوئی اچھی صورت آہی جاتی ہے

اگر حرص و ہولے باغِ عالم سے جدا ہوتے
تو پھر کیا فرق تھا اے مشرکو بندے خدا ہوتے

قبر پر میری گلِ تازہ چڑھانے آئے
اور یہ کام بجز بادِ سحر کس کا ہے

مرنے کے بعد چین سے سوئے لحد میں ہم
جبتک کہ زندگی رہی اندوہگیں رہے

شکل وہ نور کی لے زہرہ جبیں پائی ہے
چشمِ انجمن سے فلک تیرا تماشائی ہے

حسن کہتے ہیں اسے عشق اسے کہتے ہیں
آپ اپنا وہ صنم محو خود آرائی ہے

جوش

جوش - جناب منشی محمد عبدالکریم صاحب مقیم بمبئی شاگرد حضرت سہیل سورتی - دَور موجودہ کے شاعر اور اس طرح سخن طرازی کرتے ہیں -

آنکھ وہ ہے جسکو تیری جستجو درکار ہے
دل وہی ہے جسکو تیری آرزو درکار ہے

ہے محب درکار تجکو یا عدو درکار ہے
میرا تو کہنا یہی ہے مجکو تُو درکار ہے

لیجیئے میخانے ہی میں آگیا وقتِ نماز
حضرت واعظ کو اب ظرفِ وضو درکار ہے

جسکے نیچے خار ہوں وہ گُل مرے کس کام کے	تیزی سی خو مجکو تو تیری سی بُو درکار ہے
ناز ہو انداز ہو۔شوخی ہو یکتائی بھی ہو	چار چیزیں جس میں ہوں وہ خوبرو درکار ہے

جوش

جوش منشی محمد جان کلرک دفتر اگزیکیٹو اجمیر شاگرد نواب عبداللہ خان مطلب مرحوم۔

عاشق و معشوق کا شکوہ ہی کیا جھگڑا ہی گیا	تم گلے سے لگ گئے سارا گلہ جاتا رہا
اک نگاہِ شوخ صبر و ہوش و طاقت لیگئی	لُٹ گئے جو کچھ ہمارے پاس تھا جاتا رہا
دل کا بھید اے جوش ہم پر کچھ نہ آخر تک کھلا	عمر بھر یہ تو یونہیں آتا رہا جاتا رہا

جوش

جوش۔ محمد اسمٰعیل خان نام متوطن مانپورہ ضلع چھپرہ۔آپ مولانا مولوی منشی خواجہ عبدالرؤف صاحب عشرت لکھنوی کے شاگرد ہیں آپکے والد کا نام محمد ولیداد خان صاحب ہے آپ کا آبائی پیشہ زمینداری ہے۔خوش فکر اور تیز طبیعت ہیں علاوہ ازین حافظ قرآن بھی ہیں اور فارسی اور علوم عربی میں کامل دستگاہ حاصل ہے عمر ۲۳ سال ہے فی الحال لکھنو میں قیام پذیر ہیں چند اشعار جو آپکے دستیاب ہوئے ہدیۂ ناظرین ہیں

نقش سر و سے اُلفت کا مداوا نہ ہوا	داغ دل مرہم کافور سے اچھا ہوا
یہ سن سکے کہ شہیدا ہوں میں اک ماہ جبین پر	اترا کے وہ بولے کہ یہ مرتا ہے ہمیں پر
وصل کی رات بھی دھڑکن میں بسر ہوتی ہے	شام سے اُن کو یہ ضد ہے کہ سحر ہوتی ہے
یہ حسین آئینکو کس منہ سے کہیں وصل کی شب	نہ دہن ہوتا ہے اِنکے نہ کمر ہوتی ہے

جوش

جوش۔ نواب محی الدین علیخانصاحب ابن حکیم منصور علیخان صاحب جاگیر دار آپکے دادا صاحب حکیم حاذق حکیم رضا علی خاں دہلی کے باشندے تھے بعد غدر یہاں تشریف لائے۔بعہد حکومت نواب ناصر الدولہ بہادر والی دکن مورد الطاف سلطانی و خطاب منصب و جاگیرات سے سرفراز ہوئے سلسلہ بسلسلہ یہ جاگیر بحال ہے۔فقیر منش بااخلاق شخص ہیں۔علم عربی و فارسی میں لایق اور فن شاعری سے زیادہ مذاق رکھتے ہیں اس وقت ۲۸ سال کی عمر ہے اصلاح سخن نواب فصیح الملک داغ دہلوی سے لیتے تھے اُنکے

انتقال کے بعد حضرت ظہیر دہلوی کو کلام دکھاتے ہیں - کلام ملاحظہ ہو ؎

پیش حق جب حشر میں ہونا پڑا
اشکِ غم سے منہ ہمیں دھونا پڑا

ساقی نے یوں تو سب کو دی اقسام کی شراب
میرے لیئے تھی گردشِ ایام کی شراب

جب میکدے میں بیٹھکے واعظ پئیں گے جام
ڈالیں گے ہم زمین پہ ترے نام کی شراب

کچھ ہم بھی جاذبِ الفت کا اثر پہچان جاتے ہیں
نظر ملتے ہی اندازِ نظر پہچان جاتے ہیں

لحد میں داغِ دل اپنے منور ہوتے جاتے ہیں
عیاں اخاک کے پردے سے اختر ہوتے جاتے ہیں

زباں پر بلبلوں کی شور ہے اب کسکی آمد کا
چمن میں پھول کیوں جامہ سے باہر ہوتے جاتے ہیں

بیساختہ دہن سے جو نالے نکل گئے
گھر سے وہ اپنے دل کو سنبھالے نکل گئے

شوخیاں آنکھوں میں ہیں انکی قیامت دل میں ہے
اک قیامت ظاہرا ہے اک قیامت دل میں ہے

تیرے کوچے میں ایسے ضعف سے شوریدہ سر بیٹھے
جگر کو تھام کر اٹھے تو دل کو تھام کر بیٹھے

خبر کچھ بھی نہیں اے جوشؔ تمکو اپنے عقبیٰ کی
عجب حالت تمھاری ہے جدھر بیٹھے ادھر بیٹھے

جوشش

جوشش - جوشش تخلص - شیخ محمد روشن نام - آپ جسونت رائے ناگر کی اولاد پٹنہ کے باشندے اور طبقۂ دوم کے آخر شعرا میں تھے - خوش لیاقتی آپ کی افزوں از تحریر ہے نظمِ ریختہ میں آپ کو کمال حاصل تھا اور معنی بیگانہ سے طبیعت کو بہی لگاؤ تھا چاشنی درد کی آپکے کلام سے ظاہر اور علمِ عروض سے بخوبی ماہر تھے آپنے حضرت میر درد کے کلام کا اتباع کیا اور اس کو بخوبی نباہا - طرزِ سخن نہایت پسندیدہ و مرغوب اختیار کیا تھا - اسلوبِ بیان دلکش اور مؤثر ہے بندش نہایت صاف اور مضمون خوب نکالتے تھے انتخاب انکے دیوان کا یہ ہے ؎

کس طرح سے اوصاف ہو خلاق جہاں کا
قدرت نہ قلم کی ہے نہ مقدور زباں کا

عاشق کو ہے کب جلوۂ معشوق کی طاقت
مہتاب کو دیکھے نہیں مقدور کتاں کا

عنقا کی طرح گو کہ نشاں وہ نہیں رکھتا
ملتا ہے پتہ نام ہی سے اسکے نشاں کا

پیتا ہے گر تو بادۂ عشرت سمجھ و لے / جوشش بڑا ہے دردِ سر اُسکے خمار کا
دیکھکر رنگِ صنم تیری جفا کاری کا / کوہکن ہو تو نہ دم مارے وفاداری کا
چشم پُر آب ہے۔ لب خشک دماغ آشفتہ / روز عالم ہے غرض دلکی گرفتاری کا
جی سیر میں گلزار کی تن کنجِ قفس میں / یہ صیدِ گرفتار ادھر کا نہ ادھر کا
سر اُسکی تیغ سے جب تک جُدا نہ ہوویگا / کسی طرح سے حق اُس کا ادا نہ ہوویگا
دل و جگر ہی پہ آفت نہیں فقط جوشش / جو ہے یہی ترا رونا تو کیا نہ ہوویگا

ہم سا ہی وہ ہوگا سادگی میں / باور جو تری قسم کرے گا
جوشش مت رو دل و جگر کو / کس کا کس کا تو غم کرے گا

اُسکی آنکھوں کو دیکھیں اے جوشش / مُنہ تو دیکھو شراب خواروں کا
اِس ادا کا تری ہوں دیوانہ / دیکھنا مجھکو اور چھپ جانا
اُسکی رنجش کا مجھے خوف عبث ہے جوشش / ہو چکا ہے وہ اسی طرح سے سو بار خفا
نہ پھولتے ہیں شگوفے نہ غنچے کِھلتے ہیں / چمن میں شور پڑا کس کے مُسکرانے کا
جیسا کہ دلپہ زخم ہے اُسکے خدنگ کا / گلشن میں ایک گل نہیں اِس آب و رنگ کا
کل جو اُسے دیکھکر ہوگئے ہم بے خبر / ہنس کے وہ کہنے لگا پھر بھی ادھر دیکھنا

مزا دکھاؤں تجھے تیری بیوفائی کا / اگر ہووے مجھے پاس آشنائی کا

قیس پھرتا جو رہا دشت میں دیوانہ تھا / اُسکو لیلیٰ ہی کے دروازے پہ مرجانا تھا

گر یونہیں یہ دل درپئے آزار رہے گا / اک روز نہ اک روز مجھے مار رہے گا
کل بزم میں سب پر نگہ لطف و کرم تھی / اک میری طرف تو نے ستمگار نہ دیکھا
جز چشم بتاں میکدۂ دہر میں جوشش / ہمنے تو کسی مست کو ہشیار نہ دیکھا
اَوروں کی عیب جوئی اپنا ہنر نہیں ہے / اپنی ہی عیب جوئی یہ ہے ہنر ہمارا
نگاہِ لطف سے دیکھا یہی غنیمت ہے / سلام اُسنے ہمارا لیا۔ لیا نہ لیا

کس سے ہوئی ہے دوستی ایسی کہ ان دنوں
آنا ہمارا دل پہ ترے شاق ہو گیا

لگا دی دل میں آگ اے آہ سوزاں کیا کیا تو نے
جلا دیتا ہے اپنے ہاتھ سے بھی کوئی گھر اپنا

شب فرقت ہی بیتابی دل ہے درد پہلو میں
نظر آتا نہیں ہمکو تو بچنا تا سحر اپنا

غش آگیا وہ سامنے میرے جہاں ہوا
مجھ کو تو وصل یار میسر کہاں ہوا

ہزار پیار کرے گا ہزار چاہے گا
میری طرح نہ کوئی تجھ کو یار چاہے گا

کوئی اس غمکدے میں اپنی غمخواری نہیں کرتا
دیا ہے ایک کو دل وہ بھی دلداری نہیں کرتا

نہ شکل شیشہ آتی ہے نظر نے جام کی صورت
رہی زیر فلک پھر کون سی آرام کی صورت

دیکھئے ہم میں اور ان آنکھوں میں کیا ہوئی ہے
خون کے پیاسے ہیں وہ اور تشنۂ دیدار ہم

کرے ہیں جور کا شکوہ ترے ہی یار آپس میں
جہاں مل بیٹھتے ہیں آشنا دو چار آپس میں

ہجوم عاشقاں دیکھوں ہیں اپنے یار کے در پر
مجھے چلتی نظر آتی ہے اب تلوار آپس میں

آج ہے عزم شکار اُس کا یہ معلوم نہیں
خوف سے مرگئے یا صید حرم جیتے ہیں

بیکسی سے یہی گلہ ہے مجھے
تھام لیتی ہے دستِ قاتل کو

جی میں جس وقت کہ مضمونِ کمر آتا ہے
بسکہ نازک ہے مجھے باندھتے ڈر آتا ہے

رباعی

کچھ کام نہیں ہمیں وفا سے
تو ہاتھ نہ کھینچیو جفا سے
کل سب سے گلے ملے تم
تھے ہم بھی تو صورت آشنا سے

نہ کوئی دوست ہے نہ کوئی میرا دشمن ہے
ایک یہ دل ہے غرض دوست ہی یا دشمن ہے

قطعہ

ایک دن کا ماجرا ہے میں گیا تھا سیر کو
دیکھتا کیا ہوں کہ جھگڑا ابر سر بازار ہے
برہمن کہتا ہے بتخانے میں ہے ذاتِ خدا
شیخ کہتا ہے غلط کعبہ ہی میں وہ یار ہے
اس میں اے جوشش بول اٹھا سنتے ہی شیخ و برہمن
جانے دو اپنی طرف دیکھو یہ کیا تکرار ہے

ممکن نہیں کہ دیکھئے روئے شگفتگی
جبتک برنگِ غنچہ گریباں نہ پھاڑیئے

جاہ و حشم کی خواہش دولت کی آرزو ہے
دو دن کی زندگانی اس پر یہ جستجو ہے

صورت پرست ہوں میں مانند آئینے کے
کہتا ہوں دردِ دل تو وہ کہتا ہے کیا مجھے
کشورِ عشق میں رسوا سرِ بازار ہوئے
دیکھا ہے جب سے زلف کو شانے کے ہاتھ میں
اے عشق مجھے خوار کیا۔ کیا کیا تو نے
اس رخِ صاف کے آگے جو کوئی آتا ہے
گر جان دے کوئی پر نہ اُس کے ہونگے
جوشش نہ رکھ ان بتوں سے امیدِ وفا
دن میں سو سو بار تیرے کوچے میں آنا مجھے

جو کچھ ہے میرے دل میں سو ہے میرے روبرو
چپ رہیئے بس زیادہ نہ باتیں بنایئے
اُسکے ہاتھ آپ بکے جسکے خریدار ہوئے
جوشش ہمارے دل کو عجب پیچ و تاب ہے
رسوا سرِ بازار کیا۔ کیا کیا تو نے
آئینہ اپنا ہی منہ دیکھنے لگ جاتا ہے

رباعی

جی شوق سے لینگے اُس کا جسکے ہونگے
یہ کس کے ہوئے ہیں اور کسکے ہونگے
اِس میں سودائی کہے کوئی کہ دیوانہ مجھے

جوشش

جوشش۔ میر شجاعت علی جوشش مرحوم۔ میرزا حاتم علی بیگ مہر مرحوم کے دوستوں میں سے تھے۔ ایک تذکرہ میں ان کا نام دوست علی درج کیا گیا ہے یہ اُنکے شعر ہیں۔

اے چرخ بیکسی پہ ہماری نظر نکر
پہنچا دے اُس گلی میں اگر تجھسے ہو سکے
اُس حسن صندلی کی ثنا اور بتیر امنہ
جوشش یہ بستی رہنے کے قابل نہیں رہی

جو کچھ کہ تجھسے ہو سکے تو درگزر نکر
اِس خاک کو نسیم سحر در بدر نہ کر
دیوانہ کیوں ہوا ہے تو یہ دردِ سر نکر
چکا ہی چل یہاں سے کسیکو خبر نکر

جوگی

جوگی۔ بابو اللہ یار خان کے والد صوبہ دار میجر خان محمد صاحب۔ فوجی ملازمت کی وجہ سے اطراف دکن میں عرصہ تک مامور رہے۔ جوگی صاحب ۱۸۸۵ء میں بمقام پونا پیدا ہوئے مگر اُنھوں نے لاہور آکر ہوش سنبھالا اور لاہور کے اسلامیہ سکول میں انٹرنس تک تعلیم پائی۔ بعض شعراء و زباں داں اصحاب کی ہم بزمی سے شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا۔ اِس فن میں حضرت آغا شاعر دہلوی کے شاگرد ہیں۔ اگرچہ ابھی مبتدی اور نومشق ہیں مگر ذہن سلیم اور طبیعت رسا پائی ہے۔ کچھ عرصے سے گانے کی حفاظت

وحمایت میں ایک رسالہ گئو ماتا کے نام سے جاری کیا ہے۔ فی الجملہ ایک صلح کل و آزاد خیال جوان ہیں۔ مندرجۂ ذیل اشعار اُنکی طبع رسا کا خاص انداز ظاہر کرتے ہیں۔

ساقی ہوش بیا محفل جما برسات کی	جام بھر بھر کر پلا آئی گھٹا برسات کی
مُردے جی اُٹھتے ہیں جس سے ہے فضا برسات کی	روح کی تاثیر رکھتی ہے ہوا برسات کی
زاہدوں کو قدر کیا ہوگی بھلا برسات کی	پی کے تھوڑی سی کبھی دیکھیں فضا برسات کی
ہو برا وحشت کا اُسنے یار سے رکھا الگ	اب کے جوگی جی نے بھی جنگل میں جا برسات کی
ہنسی ہنسی میں نہ برپا فساد ہو کوئی	عدو سے کہدو زباں کو سنبھال کر بیٹھے
گزرتے بچ کے ہیں جوگی سے یہ خیال اُنھیں	گدائے حسن ہے شاید سوال کر بیٹھے
اے فلک دیکھ مری آہِ رسا آئی ہے	جان پر تیری زمین سے یہ بلا آئی ہے
آسماں کیا ہے مری آہِ رسا کے سامنے	بُلبلے کی کیا حقیقت ہے ہوا کے سامنے
کہتے ہیں مجھ اسیر زلف کو دو	کہ یہ جوگی نہیں سپیرا ہے

جولان - بہادر علی شاہ جولاں۔ ساکن شاہجہاں آباد۔ دنیاداری کی حالت میں آپ کا نام رمضانی تھا۔ فن تیر اندازی میں یگانۂ روزگار تھے یہ ایک شعر آپکا ملا کہ درج کیا جاتا ہے

کنج قفس میں دیکھ کے بے بال و پر مجھے	اے ہمصفیر و چھوڑ گئے تم کدھر مجھے

جولان - میر حسن علیخان نام ملک دکن کے رہنے والے اور طبقہ دوم کے آخر شعرا میں تھے۔ ہر ایک شخص سے بادب اخلاق اور حسن سلوک کے ساتھ پیش آتے تھے یہ اُنکا کلام ہے

اب ایسی جام میں ساقی شراب ارغوانی بھر	کہ جسکو دیکھکر زاہد کے منہ میں آئے پانی بھر
تری صورت ہو کیا کھینچے جو تو اُس شوخ کی صورت	ہمارے رُوبرو ہرگز تو ایسا دم نہ مانی بھر
ہوئے ہے ابر سے ہر سو گل و گلزار خنداں ہے	صراحی میں تو اب ساقی شراب ارغوانی بھر

ایک قصیدے کی تمہید میں یہ چند اشعار ہیں۔

صبحدم گزرا مری خاطر میں ناگہ یہ خیال	سیر گلشن کیجئے تا دُور ہو دل سے ملال

جاکے میں سیرِ چمن میں یک بیک دیکھوں تو کیا
عارضِ گل پر ہیں بکھرے زلف سے سنبل کے بال

نرگسِ شہلا تھی اپنی چشمِ مخموری پہ مست
لالۂ حمرار دکھاتا تھا اُسے اپنا جمال

اور لباسِ زعفرانی بر میں تھا صد برگ کے
اُو دے جوڑے پہ تھا نافرمانِ حسن کمال

جولاں

جولاں- درویش وارستہ مزاج آزاد منش الف شاہ وطن بدایوں تھا لیکن بریلی اکثر رہتے تھے- جب عالم فقر اختیار کیا- سیاحی میں مشغول رہنے لگے اور پھر پھرا کر آگرہ ضرور آتے تھے- فنِ سخن میں خواجہ آتش لکھنوی سے مستفیض تھی ۱۲۶۴ھ میں ۷۰ سال سے زیادہ عمر تھی آگرہ میں راہی ملکِ بقا ہوئے یہ اُن کا کلام ہے-

ہم وہ ہیں صیدِ وفا کیش کہ خوں روتے ہیں
ٹوٹ جاتا ہے تڑپنے سے اگر دام اپنا

کیا بتائیں کہ ہے کہاں مسکن
کوئے قاتل میں رہا کرتے ہیں

اُٹھایا ہے گلی سے اُس پریرو کی اگر مجکو
تو لیچل وحشتِ دل اب جدھر چاہے اُدھر مجکو

برنگِ گل جو کشتوں کا ترے ہر زخم خنداں ہے
ترا کوچہ ہے لے سفاکِ عالم یا گلستاں ہے

معشوق پر بھی ہوتی ہے تاثیر چاہ کی
چٹکی کلی جو بلبلِ بیدل نے آہ کی

ترکِ الفت میں بھی منہ تجھ سے نہ موڑا میں نے
آنا جانا تیرے کوچے کا نہ چھوڑا میں نے

آپنے عہدِ وفا باندھکے توڑے سو بار
اسپہ بھی رشتۂ الفت کو نہ توڑا میں نے

خاک سے واں کی ہوا چشمۂ زمزم پیدا
جس جگہ دامنِ تر اپنا نچوڑا میں نے

توسنِ عمرِ رواں کا مری حافظ ہے خدا
لجۂ عشق میں ڈالا ہے یہ گھوڑا میں نے

سینکڑوں رنج اُٹھائے ہیں تو کچھ جولاں
عشق کے نام سے اب کان مروڑا میں نے

جوہر

جوہر- کوئی بزرگ بریلی کے باشندے اور اوائل اُنیسویں صدی میں حیات تھے ایک قدیم تذکرے میں آپ کا کچھ کلام نظر سے گزرا اُس میں سے یہ دو شعر پسند آئے درج تذکرہ کئے گئے

ہے دستِ مشانہ زلف بت خود پسند پر
بابا یہ چڑھا ہے چور لپیٹ کر کمند پر

تجھ بن ہے خراب زندگانی
دل پر ہے عذاب زندگانی

جوہر - امیر خوشخصال لالہ مادھورام کوٹھی وال خلف الرشید لالہ جواہر مل ساہوکار رئیس فرخ آباد آپ کا خاندان شمالی ہند کے ساہوکاروں میں ایک نہایت برگزیدہ و باوقر گھرانہ سمجھا جاتا ہے آبائی تمول و فضیلت علمی کیساتھ شعر بھی خوب کہتے - دن رات یہی ذکرواذکار رہتے - عروض وقافیہ سے بخوبی ماہر - اور عیب و ثواب شعر سے باخبر منشی اسمٰعیل حسین منیرؔ کے تلامذہ میں جوہر فرد اور خود استادانہ قابلیت رکھتے تھے - کبھی کبھی بطور سیر و سیاحت دہلی و لکھنو و اکبرآباد وغیرہ گئے اور وہاں مہینوں قیام کیا - ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری دہلی میں شامل ہوئے تھے - انکی ذات والاصفات سے اکثر اہل ہنر کو فیض پہنچتا تھا - اشعار عجیب کیفیت آمیز ہوتے ہیں جن کے پڑھنے سے پڑھنے والے اور سننے والے دونوں کو لطف حاصل ہوتا ہے - اور دونوں کے دلوں پر برابر اثر پڑتا ہے - شعراء کے بڑے قدردان اور محسن تھے - چنانچہ منشی منیرؔ مرحوم بھی انھیں کیوجہ سے اکثر فرخ آباد میں رہے - بہادر شاہ کے آخر زمانہ سلطنت میں مختار شاہی کا عہدہ بھی ان کے لیئے تجویز ہوا تھا - انکے کلام میں دلچسپی و دلکشی ہونے کے علاوہ ہر شعر ناخن بدل ہے - انکی طرز خاص معاملہ گوئی ہے - اور جدت سے خالی نہیں - زبان بہت صاف اور شستہ بے تکلف لکھتے ہیں - بہرحال انکے مستند اور قادر الکلام شاعر ہونے میں کسی کو شک نہیں ہوسکتا - اوائل چودھویں صدی ہجری میں انتقال کیا - آپ کا دیوان شائع ہو چکا ہے - اب آپکے کلام کا انتخاب درج کیا جاتا ہے

جن نگاہوں سے لیا ہے دل شیدا میرا
ڈھونڈتا ہے انھیں تیروں کو کلیجا میرا

رات جاتی ہے مان لو کہنا !
دیر سے دل ہے بے قرار اپنا

مہِ نو ابروئے پُرخم نگۂ برگشتہ
ہم نے ٹیڑھا جسے دیکھا اُسے خنجر جانا

آتی ہے اُس کے کوچہ سے آواز دردناک
ہم ہوں کہ دل ہو کوئی تو دونوں میں مرگیا

تجھے تو دیکھ کے ہوتا ہے رنج اے جوہر
بتا تو عشق میں کس کے ترا یہ حال ہوا

کس کے دلِ شکستہ کے ماتم میں ای کریم
ابتک سیاہ پوش ہے کعبہ خلیل کا

بس چلو جاؤ۔ لگاوٹ نکرو۔ دیکھ لیا!
کوئی بیدرد زمانے میں نہ تمسا ہوگا

وصف لکھّا ہے جو ابروئے بُتِ دلخواہ کا
میرے مطلع پہ ہے دھوکا سبکو بسم اللہ کا

وصفِ حسنِ پاک کی تحریر سے اے شمع طور
صفحۂ دیواں میں ہے عالم تجلّی گاہ کا

اخترِ اقبال جب چمکا کیا سجدہ تجھے
عرش کا تارا ہے ہر ذرّہ تری درگاہ کا

تُو جو کاہیدوں کو غالب اہلِ رفعت پر کرے
پیس دے کوہِ گراں کو بوجھ برگِ کاہ کا

ہیں تری درگاہ میں ہمدوش فقر و سلطنت
مرتبہ یکساں نظر آیا گدا و شاہ کا

روز کہتے تھے "کبھی غیر کے گھر دیکھ لیا"؟
آج تو آنکھوں سے اے رشکِ قمر دیکھ لیا

آہوں سے آگ لگا دینگے دلِ دشمن میں
چُھپ کے رہتے ہیں جہاں آپ وہ گھر دیکھ لیا

ہمسے پردہ ہے کہیں چاندنی کی سیر نہیں
کُھل گیا حال بس اے رشکِ قمر دیکھ لیا

کون سوتا ہے کسی ہجر میں نیند آتی ہے
خواب میں کس نے تمھیں یک نظر دیکھ لیا

آنکھیں سلوا دیں مگر ذوقِ تصوّر نہ گیا
گو نظر بند ہوئی تو بھی اُدھر دیکھ لیا

بچگیا نقدِ دل اسبکے تو نظر سے اُسکی
آئیگا پھر بھی اگر چور نے گھر دیکھ لیا

ق

جب کہا میں نے نہیں کوئی چلو میرے گھر
خوب رستے میں اِدھر اور اُدھر دیکھ لیا

بولے چلنے میں نہیں عذر مجھے کچھ لیکن
خوف یہ ہے کسی مفسد نے اگر دیکھ لیا

زلفیں اُلجھی ہوئیں نیند آنکھوں میں بگڑی ہوئی صبح
باسی جوبن بھی ترا وقتِ سحر دیکھ لیا

اِتنی سی بات پر آنکھیں نہ دکھاؤ صاحب
کیا خطا کی تمھیں جو ہمنے اگر دیکھ لیا

کیا یاد کرکے روؤں کہ کیسا شباب تھا
کچھ بھی نہ تھا۔ ہوا تھی۔ کہانی تھی۔ خواب تھا

اَب عطر بھی ملو تو تکلّف کی بُو کہاں
وہ دن ہوا ہوئے کہ پسینہ گلاب تھا

محمل نشیں جب آپ تھے لیلی کے روپ میں
مجنوں کے بھیس میں کوئی خانہ خراب تھا

پیری میں ایک ہی سے ہمیشہ رہینگے دن
وہ اَور تھا زمانہ جسے انقلاب تھا

تیرا قصور وار خدا کا گناہگار
جو کچھ کہ تھا یہی دلِ خانہ خراب تھا

ذرّہ سمجھ کے یوں نہ ملا مجکو خاک میں — اے آسمان میں بھی کبھی آفتاب تھا

ارمان سب نکال لے دنیا ہے چار دن — باقی جو رہ گیا وہ پھر اے یار رہ گیا

کیا پوچھتا ہے ہجر کی شب کی مصیبتیں — اکثر نکل نکل کے دم اے یار رہ گیا

کیا پوچھتا ہے حال رہی دل کی دل ہی میں — کچھ کہتے کہتے نزع میں بیمار رہ گیا

مسنوں نے بس میں رحمتِ حق کو بھی کرلیا — رندوں میں گھر کے ابرِ گہربار رہ گیا

کیوں مضطرب ہیں شام سے ای جوہر آج آپ — کھنچے تو کس گلی میں دلِ زار رہ گیا

ٹھیری جو وصل کی تو ہوئی صبح شام سے — بت مہرباں ہوئے تو خدا مہرباں نہ تھا

چنگ و رباب و مطرب و ساقی و جام مے — سب عیش ہیچ تھا جو تو ای جانِ جاں نہ تھا

کیا جانے کسکے دھوکے سے لپٹا لیا مجھے — کہدوں میں تیرے جی کی تو اسدم یہاں نہ تھا

کیونکر قسم پہ آج مجھے اعتبار آئے — کس دن خدا تمہارے مرے درمیاں نہ تھا

ٹوٹا جو پھول بلبلِ شیدا کے سامنے — کیا تیرے دل میں درد کچھ ای باغباں نہ تھا

یاد آتے ہیں جوانی کے مزے پیری میں — قدرت اللہ کی تھا وہ بھی زمانہ کیسا؟

پھینکیے دل کی طرف تیرِ نظر بسم اللہ — دیکھیں تو آپ اٹھاتے ہیں نشانہ کیسا؟

غیر ممکن ہے جو ٹھنڈا ہو کلیجہ اُن سے — اور وہ آگ لگائیں گے بجھانا کیسا؟

آخر اک روز تو پیوند زمیں ہونا ہے — جامۂ زیست نیا اور پرانا کیسا؟

دھوپ میں جلتے ہیں خسخانوں کے سونیوالے — آ گیا اسے مرے اللہ زمانا کیسا؟

غیر کے دل کو مے عشق سمجھ کر دینا — جام کم ظرف ہے منہ تک نہ کہیں بھر دینا

بیوفا ذات حسینوں کی ہے ای حضرتِ عشق — دل کو دینا تو ذرا سوچ سمجھ کر دینا

مینہ برستا ہے ہوا چلتی ہے خوب ہے ساقی — سے اُڑے پیتے ہی ایسا کوئی ساغر دینا

کہتے پھرتے ہیں یہ کوچے میں بربادوں کے — خانہ برباد ہیں رہنے کو کوئی گھر دینا

دردِ سر کا نہ شبِ وصل چلے گا فقرہ — دم دلاسے یہ کسی اَور کو جا کر دینا

یار بنا رہے ہیں محبت کے فقط اے ساقی
یہ بھی ہے ڈھنگ کوئی بادہ کشی کا کیا خوب

شیشہ جس دل سے اسی آنکھ سے ساغر وینا
یہ کسی اور کو منہ پھیر کے ساغر دینا

فریاد کرے کس سے گنہگار تمھارا
اللہ بھی حاکم بھی طرفدار تمھارا

پریوں کی تو کیا اصل جو حوریں نظر آئیں
دیکھے نہ ادھر طالب دیدار تمھارا

خورشید جو دن کو ہو تو مہتاب ہو شب کو
دنیا میں اجالا ہے سب اے یار تمھارا

حوروں کو تمنا ہی پہ پڑا دوں کو حسرت
ملتا ہے کسے سایۂ دیوار تمھارا

کعبہ کی تو کیا اصل ہے اس کوچے کے آگے
جنت ہو تو جائے نہ گنہگار تمھارا

دردِ دلِ عاشق کی دوا کون کرے گا
سنتے ہیں مسیحا بھی ہے بیمار تمھارا

جوہر تمھیں نفرت ہی بہت بادہ کشی سے
برسات میں دیکھیں گے ہم انکار تمھارا

اسنے پھر کر بھی نہ دیکھا میں اسے دیکھا کیا
دیر و مسجد پہ نہیں موقوف کچھ اے غافلو
گل تو کیا خارِ وطن بھیجے نہ تحفے میں کبھی
کل خدا آگاہ ہے جیسا تمھارے واسطے
اے دلِ ناداں تجھے سمجھائے کوئی کس طرح
رازِ الفت اب نہیں چھپتا چھپائے سے مرے
یار پر الزام کیسا اے دلِ خانہ خراب
دیوانہ و آوارہ و سرگشتہ و مجنون
اک رات کبھی چین سے سوئے نہ لپٹ کر
دیکھتے رہتے ہیں دن رات وہ اپنا جوبن
حسن وہ شے ہے کہ گاہک ہے زمانہ جس کا
آتشِ گل سے مناسب ہے حذر اے بلبل

دیر یا دل راہ چلنے کو یہ ہیں نے کیا کیا
یار کو سجدے سے مطلب ہے کہیں سجدا کیا
دوستوں نے مجھسے غربت میں سلوک اچھا کیا
منتظر آنکھیں رہیں دل رات بھر تڑپا کیا
تو جو چاہے گا کرے گا اور جو چاہا کیا
بس چلا جب تک مرا منہ ڈھانپکر رویا کیا
جو کیا تجھ سے تری قسمت نے اسنے کیا کیا
القاب مجھے خط میں لکھے جاتے ہیں کیا کیا
ہم نام ہی سنتے ہیں دلارام کسیکا
لوٹتا ہے مزے آئینہ مقابل ہو کر
آنکھ ہر ایک کی پڑتی ہے طرحداروں پر
ہاتھ رکھتا ہے کوئی جان کے انگاروں پر

تیرے خطِ سبز و لبِ جان بخش کی کیا بات
وہ خضر کے ہمسر یہ مسیحا کے برابر

تا صبح تیرے ہجر میں ہم کروٹیں بدلا کیے
رکھا ہے تکیہ رات بھر گاہے اِدھر گاہے اُدھر

چار آنکھیں ہوتے ہی برچھی جگر پر چل گئی
بات کچھ منہ سے نہ نکلی رہ گئے ہم دیکھ کر

ہم سے چھپا کے آنکھ لڑاؤ گے تم کہاں
سب حال پوچھ لینگے تمھاری نظر سے ہم

دیکھو ہماری آنکھ بھی اپنی نگاہ سے
تم کس نظر سے دیکھتے ہو کس نظر سے ہم

معاذ اللہ اس آزردگی کا کیا ٹھکانا ہے
جو پوچھا یار سے کب تک نہ بولو گے کہا برسوں

اُسی پر جان جاتی ہے جو پتلا ہے تلوّن کا
مہینوں دشمنِ جاں مہرباں دو دن خفا برسوں

وہی خونِ شہیدِ ناز اب پامال ہوتا ہے
رہا بن کر جو تیرے ہاتھ میں رنگِ حنا برسوں

کیوں نہ گھبرائے قبر میں تنہا
رات دن جو رہا ہو یاروں میں

وقت پر چُپ رہیں معاذ اللہ
کہنے والے کہیں ہزاروں میں

تم جو آجاؤ ایک دم کے لیے
جان پڑ جائے بے قراروں میں

دو ہی دن میں تو تو بیگانوں سے بدتر ہو گیا
اب نہیں تیرا اے دلِ ناآشنا کوئی نہیں

اپنے مطلب کی محبت رہ گئی ہے آج کل
کیا زمانہ ہے کسی کا اے خدا کوئی نہیں

بوئے گل سونگھ کر بگڑتے ہیں
یہ پری رو ہوا سے لڑتے ہیں

دل بچے شہرِ حسن میں کیونکر
لوٹ ہوتی ہے ڈاکے پڑتے ہیں

یوں نہیں ملنے کے وہ غیر کے گھر
چور کو گھات سے پکڑتے ہیں

نامہ بر نا امید آتا ہے
ہائے کیا سست پاؤں پڑتے ہیں

کون بچتے تمھاری آنکھوں سے
ساہ سے بھی یہ چور لڑتے ہیں

یہ واعظ کیسی بہکی بہکی باتیں ہم سے کرتے ہیں
کہیں چڑھ کر شرابِ عشق کے نشے اترتے ہیں

محبت کیجیے ظاہر نہ مجھ سے بندہ در گزرا
بڑے میرے نصیب اللہ مجھ پر آپ مرتے ہیں

نہ آجایا کرو اغیار کی لعنت بتاتے ہیں
وہ تم پر کیوں بھلا مرنے لگے فاقوں سے مرتے ہیں

ہر اک موسم میں کشتِ آرزو سرسبز رہتی ہے
یہ جوڑا کھولنا بھی پیچ سے خالی نہیں انکا
تکلف کے یہ معنی ہیں سمجھ لو بے کہے دل کی
اپنی اپنی فصل میں ہر راگ دیتا ہے بہار
مینہ برستا ہے۔ گھٹا چھائی ہے چلتی ہے ہوا
دیر کر رکھی ہے کیا ساقی پلا بھی دے شراب

تردد غیر کو ہوگا یہاں تو چین کرتے ہیں
الجھ جاتا ہے دل جب بال شانوں پر بکھرتے ہیں
مزا کیا جب ہمیں نے یہ کہا تم سے کہ مرتے ہیں
ہولی کا ہولی میں ساون کا مزا برسات میں
ہائے کیا اندھیر ہے تم ہو جدا برسات میں
کیسی ہے چھائی ہوئی اودی گھٹا برسات میں

جھومتے آتے ہیں کیا ابرِ سیاہ
ناتوانی کے سبب اے وحشت
اس طرح جھوم کے چلئے نہ حضور
شب وصال جو مطلب کی میں نے بات کہی

نشہ میں چور یہ متوالے ہیں
خار بھی میرے لیئے بھالے ہیں
سب کہینگے کہ یہ متوالے ہیں
کہاکہ ہوش میں آ۔ کرشعور کی باتیں

دوشانہ ڈال کے لاشے پہ آتے ہیں منعم
یہ نہ کہیئے عشق میں تجھ سا کوئی کامل نہیں
ڈھونڈینگے جب کوئی تم سا تبھی چین آئیگا
تھی محبت یا نہ تھی اگلی نہ باتیں کیجیئے
روز کی ایذا گئی۔ جھگڑا چکا۔ قصہ مٹا
بندہ پرور ان کچی باتوں سے کچھ حاصل نہیں
وہی دل میں ہے صنم ہوش اُڑا جاتے ہیں
شوق سے پیجیے ہمراہ رقیبوں کے شراب
دل میں رہتے جو حسرت اور ہی کچھ ہو جائے
جوہر الفت بھی ہے کیا چیز کہ سن سن کے حسین
میں نے جو یہ کہا تمھیں الفت مری نہیں

ابھی نہیں گئیں اُن کی غرور کی باتیں
مہربانی آپ کی بندہ تو اس قابل نہیں
ہم بھی اپنی فکر میں رہتے ہیں کچھ غافل نہیں
رنج ہوگا مفت میں اب اِس سے کچھ حاصل نہیں
وہ تمھارا دل نہیں اب وہ ہمارا دل نہیں
یہ تو ہم بھی جانتے ہیں آپ کا وہ دل نہیں
کل کے ترشے ہوئے بت آج خدا ہوتے ہیں
ہم چلے بزم سے کیوں آپ خفا ہوتے ہیں
یہ وہ کعبہ ہے کہ بت جس میں خدا ہوتے ہیں
دلمیں خوش ہوتے ہیں ظاہر میں خفا ہوتے ہیں
گردن جھکا کے ناز سے بولے کہ جی نہیں

تو جسکو چاہے خاک سے مسند نشیں کرے
ہے بیحساب فیض ترا کچھ کمی نہیں

چھوٹی سی عمر میں تمھیں بوسہ عزیز ہے
ویڈا اسلئے بھی بات کچھ ایسی بڑی نہیں

لِلّٰہ اور بھی مئے گلگوں کے جام دے
ساقی ابھی تو پیاس ہماری بجھی نہیں

ہیں صفائی میں برابر ترے زانو دونوں
نظر آتے ہیں ہمیں ایک سے پہلو دونوں

ضعف میں مجکو اٹھاتے ہیں وہ اپنے در سے
اے غم و یاس پکڑ لو میرے بازو دونوں

یہ جانتا ہوں مگر کیا کروں طبیعت کو
کہ مے حرام ہے ملے واعظو حلال نہیں

پھانس کر دل کو دیا کرتی ہو جھٹکے لاکھوں
زلفِ پیچاں کو تری یاد ہیں لٹکے لاکھوں

کفر و دیں میں ہو خلش برہمن و شیخ سے بیچ
اِس دور ہے میں مسافر کو ہیں کھٹکے لاکھوں

وصل بھی شعلہ رخوں کا نہیں جینے دیتا
جلتے ہیں شمع سے پروانے پتنگے لاکھوں

شوقِ مے رندوں سے کچھ پوچھ نہ اے پیرمغاں
دل میں آتا ہی چڑھا جائیے مٹکے لاکھوں

زہر بھی کھاتے ہیں سر بھی کاٹتے ہیں عشق میں
اے محبت بے بسی میں لوگ کیا کرتے نہیں

ہوگئے ہیں مضمحل پر اب بھی غم کھاتے ہیں روز
آپکے بیمار پرہیز غذا کرتے نہیں

بھانپ ہی لینگے اشارہ سرِ محفل جو کیا
تاڑنے والے قیامت کی نظر رکھتے ہیں

کبھی آئے نہ عیادت کو مسیحا ہوکر
آپ ایسی ہی مریضوں کی خبر رکھتے ہیں

تجھسا کوئی جہان میں نازک بدن کہاں
یہ پنکھڑی سے ہونٹ یہ گل سا بدن کہاں

جوش و خروش ساتھ جوانی کے چلدیئے
وہ موسم بہار وہ دیوانہ پن کہاں

اپنا دوپٹہ اُسنے دیا مجکو بعد مرگ
ملتا ہے بے نصیب کے ایسا کفن کہاں

معشوقِ بے نمک کو کوئی پوچھتا نہیں
حسنِ ملیح کے ہیں نمک خوار سینکڑوں

بوسہ ملا کسے لبِ جاں بخشِ یار کا
اِس آرزو میں مر گئے بیمار سینکڑوں

جسکو ہوا یہ عارضہ وہ جان سے گیا
دیکھے ہیں ہمنے عشق کے بیمار سینکڑوں

تمسا تو ہم کو ایک بھی ملنا محال ہے
ہمسے تمھیں جہاں میں ہیں اے یار سینکڑوں

جب موافق کبھی ہوتا ہے زمانہ اے دل
سنگریزے بھی نصیبوں سے درم ہوتے ہیں

یوں محبت سے جو چاہے کوئی اپنا کر لے
جو ہمارا نہ ہوا اُسکے کہیں ہم ہوتے ہیں

دوست دو چار نکلتے ہیں کہیں لاکھوں میں
جتنے ہوتے ہیں سوا اُتنے ہی کم ہوتے ہیں

اِس میں کیا حرج ہے کہہ دیجیئے آپکے لیئے
جھوٹے وعدوں سے بھی خوش آپکے ہم ہوتے ہیں

آج اے مرگ کھلی ہستیٔ موہوم کی اصل
کچھ سمجھتے تھے ہم اِس شئے کو مگر کچھ بھی نہیں

واہ اے ابرِ کرم واہ مرے دریا دل
ہر طرف آپ برستے ہیں ادھر کچھ بھی نہیں

وہ بھی کیا لوگ ہیں دنیا میں خدا کے بندے
جنکو دل توڑنے میں خوف و خطر کچھ بھی نہیں

کچھ نہیں ہے تو دوپٹے میں چھپاتے کیا ہو
پھر یہ کسواسطے پردہ ہے اگر کچھ بھی نہیں

تصور زلف کا ہے اور میں ہوں
بلا کا سامنا ہے اور میں ہوں

بتوں کو کیوں دیا یہ قد و قامت
قیامت میں خدا ہے اور میں ہوں

قرآنِ رُخ کے چھونے کی جو آرزو کریں
پہلے وہ آبِ دیدۂ تر سے وضو کریں

غافل نہ پاؤں توڑ کے بیٹھیں ترے فقیر
ملجائیگا کہیں نہ کہیں جستجو کریں

اپنی کہیں کہ اِس دلِ خانہ خراب کی
تم کو جو ہو پسند وہی گفتگو کریں

مُنہ تک بھری ہو شیشۂ دل میں شرابِ عشق
رنگت چھپائیں اِسکی کہ پوشیدہ بو کریں

اپنی خودی مٹائیں تو پائیں رہِ وصال
کھوئیں جو آپ کو وہ تری جستجو کریں

پیرِ مغاں تو مست ہو آپ اپنے حال میں
کس سے سوالِ شیشہ و جام و سبو کریں

ملجائے زاہدوں کو اگر مفت کی شراب
اِتنے بڑے ہیں پیٹ یہ خالی سبو کریں

دامن جدا ہے چاک گریباں جدا ہے چاک
کسکو سیئیں بتائیے کِسکو رفو کریں

دیکھنا کیا سحر ہے چشمِ فسوں پرداز میں
جسکو دیکھا میں ڈالا اک نگاہِ ناز میں

لائیگی رنگ اپنی محبت کبھی ضرور
ایسی بھی بات ہے کہ ترے دلمیں گھر نہو

چبھتے ہیں خارِ دشت تو کہتی ہے بیکسی
حضرت کدھر ہے دھیان تمہارا یہ گھر نہو

ہو گی ضرور صبح تری اے شب فراق
ہمکو نصیب دیکھئے ہو یا سحر نہ ہو

تیوری میں بل نہ ڈال چھری سے حلال کر
جوہر ترے نثار خفا اس سے تو نہ ہو

ق

اس شان سے وصل کی ہے خواہش
ایسا موقع بھی اے خدا ہو

بوسہ جو لیا جھجک کے بولے
دیکھو نہ کوئی دیکھتا ہو

دو دو ساغر ہوں دو دو شیشے
دوہرا دوہرا ہر ایک مزا ہو

بہکی بہکی ہوں اسکی باتیں
ساقی ساقی پکارتا ہو

بوسہ بوسہ میں مانگتا ہوں
اچھا اچھا وہ کہہ رہا ہو

سینہ سینے سے گال سے گال
زانو زانو تلے دبا ہو

نکھری نکھری ہو ساری محفل
ٹھنڈی ٹھنڈی وہاں ہوا ہو

مسکی مسکی ہو اس کی انگیا
شرما شرما کے ڈھانکتا ہو

اجلی اجلی سی چاندنی میں
گورا گورا بدن کھلا ہو

لپٹا لپٹا لوں اسکو جوہر
بس بس دیکھو وہ کہہ رہا ہو

نیند آنکھوں میں بھری ہے کہاں رات بھر رہے
کسکے نصیب تم نے جگائے کدھر رہے

شب جیسی گزری دن بھی گزر جائیگا مرا
جائیں وہیں حضور جہاں رات بھر رہے

جوہر ابھی سے توبہ سے خیر ہے تمھیں
صحبت پریرخوں کی ہے دن ہیں شباب کے

کیا بتائیں مزاج کیسا ہے
ہم کہاں دل کہاں خدا جانے

یوں تو منہ دیکھے کی ہوتی ہے محبت سبکو
جب میں جانوں کہ مرے بعد مرا دھیان رہے

جسکے پامال ہیں کھائینگے اسی کی ٹھوکر
کہا پاہٹ کے چل او فتنۂ محشر رہے

گلے لگا کے شب وصل کس ادا سے کہا
نہ ہوتی تجھ سے محبت تو پیار کیوں کرتے

کیا بتاؤں کس طرح دل آگیا
کیا کہوں کیونکر محبت ہو گئی

کیا پوچھتے ہو حسرت دیدار بعد مرگ
تا چند منتظر مری آنکھوں میں دم رہے

میرے ہوتے نگہِ قہر رقیبوں کی طرف
دیکھئے دیکھئے یہ تیر خطا ہوتا ہے

بھولے پن میں بھی کیسے نہیں ہوتے یہ حسیں
چھوٹے سے سن میں گھمنڈ انکو بڑا ہوتا ہے

جان لیکر پھر جلایا تھا تو لازم تھا وصال
کیا خبر تھی مجکو دم دے کر خفا ہو جائینگے

غیروں سے تو فرصت تمھیں دن رات نہیں ہے
ہاں میرے لیئے وقتِ ملاقات نہیں ہے

عاشق کے لیئے موت سے بہتر نہیں تدبیر
وہ شوق سے کوسیں یہ بری بات نہیں ہے

خط لکھا یار نے رقیبوں کو
زندگی نے دیا جواب مجھے

ناوک میں راستی ہو۔ کجی ہو کمان میں
ٹیڑھی اگر بھوئیں ہوں تو سیدھی نظر رہے

کیا پوچھتے ہو غیر سے جانی مرے دلکی
معلوم مجھی کو ہے کہانی مرے دلکی

دریافت نکر اے بتِ مینوش مرا حال
ہے شیشۂ صد پارہ نشانی مرے دلکی

تڑپ رہا ہے دل اِک ناوکِ جفا کے لیئے
اُسی نگاہ سے پھر دیکھئے خدا کے لیئے

فرماتے ہیں کہ ہم ترے فقروں میں آ چکے
جو لوگ منہ سے کہتے ہیں وہ زہر کھا چکے

کیوں مزا دیکھ لیا دل کی کشش کا تم نے
پھر کہو گے کہ ترے گھر مری پیزار چلے

اِتنا کوئی پوچھے مرے قاتل سے خدارا
باقی کوئی اب اور تو ارمان نہیں ہے

جوہر

جوہر۔ منشی سید کاظم حسین صاحب جوہر لکھنوی سنہ ۱۸۸۲ء میں زیر سایۂ عاطفت سلطانِ عالم واجدعلیشاہ مٹیابرج کلکتہ میں رہتے اور ماہتاب الدولہ سید علیجان خان درخشاں مصاحب شاہی سے فنِ شعر میں استفادہ کرتے تھے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے ✣

شوخیاں مجنوں سے ایسی ناقۂ لیلیٰ نکر
ڈھونڈتا پھرتا ہے بیچارہ کہ محمل کیا ہوا

اِس مرتبہ ہے فقر کی دولت سے دل غنی
قاروں کے گنج کو بھی سمجھتا ہوں مال کب

صبح فرقت کا وہ دھڑکا ہی کہ دم پر ہے بنی
تیرے عاشق کا ہی دنیا سے سفر وصل کی رات

ہیں لبِ جاں بخش کے بوسے نصیب
زندگانی کا مزا پاتی ہے روح

کیوں نہ تکلیف ہو کاجل سے تری آنکھوں کو
واقعی رات گراں ہوتی ہے بیماروں پر

اس قمر نے اپنے رخ پر تل بنایا تل سے پاس
دو ستارے یک بیک چمکے مہ کامل کے پاس

عاشق ابرو ہوں کوئی تیغ چلکر نذر دوں
ہاتھ خالی جاؤں میں کیونکر بھلا قاتل کے پاس

دیکھ تو پردہ اٹھا کر لیلیٰ ناقہ سوار
قیس خود رفتہ کھڑا ہے دیر سے محمل کے پاس

کھائی آخر کو در قاتل پہ تیغ آبدار
کشتیٔ عمر رواں ڈوبی مری ساحل کے پاس

زندگانی کا مزا تجھ سے ہے مہ رو میرے
فقر و فاقہ ہو تو ہو پاس ہو پر تو میرے

جوہر

جوہر۔ جناب مرزا احمد شاہ بیگ صاحب مراد آبادی قانونگو تحصیل ٹھاکر دوارہ ضلع مراد آباد۔ آپ کو منشی انوار حسین صاحب تسلیم سے تلمذ رہا ہے۔ عمر اس وقت ۴۵ سال کے قریب ہے۔ تاریخ گوئی میں آپ کو ایک خاص ملکہ حاصل ہے۔ غزل کہنے کا کم اتفاق ہوتا ہے۔ باوجود تلاش زیادہ کلام بہم نہ پہنچا۔ ناچار اسی قدر کلام پر اکتفا کیا گیا +

جما ہوا ایسا ہے مژگاں کا چشم دلبر پر
کہ ٹوٹے پڑتے ہوں جس طرح رند ساغر پر

بنا کر آئینہ خود بیں کیا حسینوں کو
ہزاروں خون ہوئے گردن سکندر پر

خدا کی شان ہے کوئی تو چین سے سوئے
کوئی تڑپتا رہے ساری رات بستر پہ

نہ چھوڑ دزد غم جاں فراغ بال مجھے
بلا ہے تو ہی الم میں شفیق حال مجھے

چہ ذقن کی ترے چاہ ہے مرے یوسف
غلام ہوں سر بازار بیچ ڈال مجھے

تمام کام کیا یاس و ناامیدی نے
امید وصل ذرا آن کر سنبھال مجھے

ہیں مغبچہ پہ فدا [illegible] وہ دخت رز پہ نثار
ملے ہیں حضرت ناصح شریک حال مجھے

وہ ساتھ غیر کو اپنے لگا کے لائے ہیں
ہوئی ہے ہجر سے بدتر شب وصال مجھے

جوہر

جوہر۔ منشی محمد سیف اللہ خان۔ آپ اسلام آباد کے باشندے اور استادِ وقت منشی امیر اللہ تسلیم کے دامنِ فیض سے وابستہ ہیں۔ چند غزلیں نظر سے گزریں

اُن کا انتخاب حاضر ہے ؎

چارہ گر قہر کیا تُو نے لگا کر مرہم
ہائے زخموں کو ذرا اور اُبھرنے نہ دیا

رکھتا نہیں ہے پاؤں زمین پر غرور سے
اُس رشکِ حور کا ہے دماغ آسمان پر

حضرتِ عشق جو سچ پوچھئے ہیں قہر کی چیز
رنگ ہر رنگ میں اپنا یہ جما لیتے ہیں

خوش نگاہوں کا نگاہوں میں سمانا ہی غضب
دیکھتے دیکھتے دل صاف چُرا لیتے ہیں

ہاں حسن کے مضطرب کہیں وہ فتنہ گر نہو
فریاد بھی وہ کیجئے جس میں اثر نہو

دامِ اُلفت سے رہائی عمر بھر دشوار ہے
گو رہائی دے مجھے صیاد اپنے ہاتھ سے

قتل کرنے کے لیئے کیا کم ہی یہ ترچھی نظر
رکھدے قاتل خنجر فولاد اپنے ہاتھ سے

جوہر شفیقی و مکرمی حکیم معشوق علیصاحب شاہجہانپوری- وکیل درجۂ اول ریاست بھوپال آپ شاہجہاں پور روہیلکھنڈ کے ایک معزز خاندان کے رکن ہیں اور ایک عرصہ سے ریاست بھوپال میں سکونت پذیر ہیں- اور اپنی عالمانہ قابلیت و استعداد کے خیال سے جوہر قابل مانے جاتے ہیں معلومات علمی نہایت اچھی اور وسیع ہیں- اور فن سخن سے تو گویا عشق ہے- بھوپال میں شعر شاعری کا چرچا ان کے دم سے ہے- اکثر مشاعرے بھی کرتے رہتے ہیں- عنفوانِ شباب میں دہلی آکر نواب اسداللہ خان غالب کے فیض صحبت سے بہرہ ور ہوئے تھے اور فخر تلمذ بھی حاصل کیا تھا- کئی ماہ تک اُن کی خدمت میں حاضر رہ کر اصلاح لی- نظم و نثر دونوں میں دستگاہ کامل حاصل ہے- جدت پسند و معنی خیز طبیعت اِس فن کے مناسب پائی ہے- کلام نہایت پاکیزہ اور لطافت کا پہلو لئے ہوئے ہوتا ہے- سن شریف اب ۶۰ سال کے قریب ہی- سُنا ہے کہ اب حیدرآباد دکن میں کسی محکمہ میں ملازم ہو گئے ہیں- راقم تذکرہ سے عرصہ سے رسل و رسائل کا سلسلہ جاری ہے مگر افسوس کہ باوجود متعدد اقراروں کے کلام اِرسال نہیں کیا- ناچار جو کلام متفرق رسالوں میں نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درج تذکرہ کیا گیا ؎

دیکھی کبھی خزاں۔ کبھی موسم بہار کا
کیا اعتبار ہو چمن روزگار کا

بوئے وفا نہ رنگِ محبت گلوں میں ہے
بگڑا ہے نیل کیا چمن روزگار کا

یارب یہ سچ ہے بات کہ محشر کی صبح سے
دامن سِلا ہوا ہے شبِ انتظار کا

ساقی نہیں ہے ساغر و پیمانہ تو نہو
چلو ہی بھر دے آج تو مجھ بادہ خوار کا

جاں نکلی نہ فرقت کی اذیت سے شبِ ہجر
مر مر گئے ہم تا سحر ارمانِ قضا میں

کیا تجھ پہ تصدق کرے اے بادشہِ حسن
جز نامِ خدا کچھ نہیں کچکولِ گدا میں

اِن ترچھی نگاہوں سے بچیگا کوئی کیونکر
ہے تیغِ قضا قبضۂ انداز و ادا میں

ٹھیری ہے بس اب لختِ جگر پر بسر اپنی
ٹکڑے ہی دو چار ہیں کچکولِ گدا میں

حیران نکیوں دیکھنے والے ہوں سرِراہ
آئینے کی ضَو ہے ترے نقشِ کفِ پا میں

کیا اور جفا کا کوئی ارمان ہے باقی
کیوں آئے ہیں وہ بزمِ عزائے شہدا میں

گردن پہ دھر رکھ کے اُٹھا لیتے ہیں خنجر
کچھ کچھ ہے محبت کی جھلک طرزِ جفا میں

بربادئ گلشن پہ ہیں گل چاک گریباں
پیدا اثرِ درد ہے غنچوں کی صدا میں

بارِ ستم و جور فقط دو سے اُٹھایا
اِک میں ترے پامالوں میں ہوں ایک حنا ہے

آئی جو جوانی تو سکھاتی ہوئی آئی
یہ ناز۔ یہ انداز۔ یہ شوخی۔ یہ حیا ہے

ہمیں دے ساغرِ مے ہم سے لے دعا ساقی
کہ کام آئے گا تیرے لیا دیا ساقی

پڑینگے لینے کے دینے نہ مانگ قیمتِ مے
جو کوئی مستی میں تجھ سے اُلجھ پڑا ساقی

میکدے میں ساغر و مینا سے ٹھانی ہوئی
شیخ کی رندوں میں آ کر آبرو پانی ہوئی

کیا لطافت ہے نہیں پڑتا ہے آئینہ میں عکس
سچ تو یہ ہے خلقت اُس مہوش کی لاثانی ہوئی

کر گیا ہنگام آرایش اثر جادوئے حسن
آنکھ کو سکتہ اور آئینہ کو حیرانی ہوئی

جو لہو پی پی کے رہتے تھے وہ اب پیتے ہیں پھول
فصلِ گل میں یہ مئے گلگوں کی ارزانی ہوئی

پھر بلا میں اس دلِ بیتاب نے ڈالا مجھے
پھر کسی کی زلفِ شبگوں کا ہوا سودا مجھے

اُستخواں کیا خاک تک باقی نہیں ہی دہرمیں
دیکھنے والا ہوں میں بھی تو کسی خوش چشم کا
خود بخود جوہر سے ملنے کو چلا آئے وہ شوخ
مزا دیوانہ پن کا وادیٔ وحشت میں جب آئے

آسیائے چرخ نے اِس طرح سے پیسا مجھے
یوں نہ تو آنکھیں دکھا ای نرگسِ شہلا مجھے
اے فسونگر ایسا کچھ بتلادے اِک لٹکا مجھے
نہ دامن خار سے چھوٹے نہ چھوٹے خار دامن سے

جوہر

جوہر شیخ محمد عبدالعزیز ولد شیخ محمد عبدالرحمن- رئیس غازی پور ۱۲۸۸ھ ہجری میں پیدا ہوئے دس برس کی عمر تھی کہ داغ یتیمی نصیب ہوا یعنی شفیق باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا- موروثی قرضہ کی ادائگی میں جائداد نیلام ہوگئی- ۱۲ برس کی عمر تک غازی پور ہی میں تعلیم و تربیت پائی- پھر ۱۳۰۱ھ ہجری میں جون پور جاکر مولوی محمد محسن جون پوری اور مولوی ہادی حسن سے عربی و فارسی پڑھی- ورنیکلر اسکول سے مڈل کا امتحان بھی پاس کیا ہے- ہندی- ناگری- بنگلہ- انگریزی بھی بقدر ضرورت جانتے ہیں- اِسی زمانے میں شاعری کا شوق ہوا- پہلے پہل غبار جون پوری سے مشورۂ سخن کیا- پھر ۱۳۰۳ھ ہجری میں حضرت امیر مینائی مغفور سے شرف تلمذ حاصل کیا- فنِ عروض سے بھی واقف ہیں- ایک ضخیم غیر مطبوعہ دیوان آپ کا تیار ہے- اپنے قرب و جوار میں اچھے شاعر خیال کیئے جاتے ہیں- اکثر جوان شائق سخن آپ کے شاگرد بھی ہیں- حافظہ اِس بلا کا ہے کہ اُستاذہ کے ہزارہا شعر ازبر ہیں- عاشق مزاج اور حسن پرست طبیعت پائی ہے مجموعۃً ان خاص جذبات کا اثر آپ کے کلام میں بھی پایا جاتا ہے- عاشقانہ اور پر درد مضامین کے علاوہ زبان بھی صاف ہے اور طرزِ بیان بھی عمدہ ہے- وسیع الاخلاق ہر دلعزیز- باذاق- منکسر المزاج- ذہین- حلیم- ملنسار- آزادی پسند- برجستہ گو اور گانے کے شائق ہیں- صوم و صلوٰۃ کے نہایت پابند اور معتز سوسائٹی کے بیٹھنے والوں میں ہیں- آپ کا خاندان غازی پور کے اعلیٰ طبقہ کے رؤسا میں شمار کیا جاتا ہے- انتخابِ کلام درج کیا جاتا ہے ÷

پریوں کا شیفتہ ہے جوہر نہ حور عین کا
دیوانہ ہے ازل سے اِک شوخ مہ جبین کا

رُوٹھی ہے یادِ جاناں اُجڑا ہے دل ہمارا
بے رنگ ہے مکان کا وہ رنگ ہے مکین کا

آرزوؤں کا لگا رہتا ہے میلا دل میں
دیکھ لو آکے کسی دن یہ تماشا دل میں

کردیا تیرِ مژہ نے ترے رخنہ دل میں
آرزو دل میں ہے غم دل میں تمنا دل میں

اے خوشی تو ہی بتا تجکو جگہ دوں کیونکر
چھاؤنی چھائے پڑا ہے غمِ دنیا دل میں

پوچھو نہ حال منزلِ گیسوئے یار کا
رہزن تو سینکڑوں ہیں کوئی رہنما نہیں

کچھ دیر آپ اور رہیں جلوہ گاہ میں
کہتی ہے چشمِ شوق ابھی جی بھرا نہیں

واہ رے قاتل کی شان اللہ رے ترچھی نظر
ایک خنجر آنکھ میں ہے ایک خنجر ہاتھ میں

حشر میں بھی جھوٹے پھرتے ہیں منواتے ترے
شیشۂ مے ہے بغل میں اور ساغر ہاتھ میں

ڈھونڈتے ہیں وہ کہیں ملتا نہیں میرا مزار
خشک ہوتی جاتی ہے پھولوں کی چادر ہاتھ میں

پوشیدہ محبت کے کُھلے راز ہمیں سے
دنیا میں ہوا عشق کا آغاز ہمیں سے

وہ شوخ نظر دیکھ کے نرگس کو یہ بولا
ہاری ہے تو لڑکر یہ نظر باز ہمیں سے

بجلی کی تڑپ قابلِ تعریف ہے لیکن
سیکھے ہیں تڑپنے کے یہ انداز ہمیں سے

رُک رُک کے دمِ ذبح پہ چلتی ہے گلے پر
تلوار بھی کرتی ہے تری ناز ہمیں سے

چمکا کبھی وہ رخ کبھی زلفوں میں چھپ گیا
دن ہو گیا کبھی تو کبھی رات ہو گئی

اب ہم ہیں اور ساقی و پیمانہ و شراب
توبہ تو نذرِ پیرِ خرابات ہو گئی

نیرنگیاں ہیں جلوۂ قدرت کی ہر طرف
دُنیا مری نظر میں طلسمات ہو گئی

جور و جفا کے بعد پشیماں ہوئے جو تم
اچھا کیا تلافیٔ مافات ہو گئی

جوہر بتوں کے عشق میں سب کچھ ہوا مگر
ایمان بچ گیا یہ بڑی بات ہو گئی

کہہ رہا ہے سرِ محفل یہ کسیکا جلوہ
دل ہو پیارا تو مرے پاس نہ آئے کوئی

ناز جسپر ہے اُسی پر ستم و جور بھی ہوں
میں نہیں کوئی تو مجکو نہ ستائے کوئی

ہے پاس بھری آنکھوں میں چلتا ہوا جادو	جو بات ہے بسمل میں وہ قاتل میں نہیں ہے
آراستگی بزم ہے عشاق کے دم سے	جب ہم نہیں کچھ بھی تری محفل میں نہیں ہے

جوہر

جوہر - منشی جواہر سنگھ مقیم ریاست ریوان بندیل کھنڈ - آپ بریلی کے باشندے ہیں اور منشی موسیٰ حسین اختر سے تلمذ رکھتے ہیں۔

اللہ اللہ کس بلا کی ہے تری برقِ جمال	تابِ نظارہ نہ لایا طور جل کر رہ گیا
خم پہ خم گیسوئے پیچاں کو دئیے جاتے ہیں کیوں	آپ کچھ فرمائیں تو یہ جال پھیلاتے ہیں کیوں
دل کے لیتے وقت تو اللہ ری بے باکیاں	اب سوالِ وصل سُنکر آپ شرماتے ہیں کیوں

جوہر

جوہر - منشی جواہر سنگھ جوہر خلف منشی بختاور سنگھ راقم ذی استعداد اور باکمال سخنور تھے۔ فارسی کی استعداد عالمانہ تھی اور شعر بھی اس زبان میں خوب کہتے تھے مولٰنا گل محمد خان ناطق سے تلمذ تھا۔ اردو میں خواجہ وزیر کے ارشد تلامذہ میں انھیں سمجھنا چاہیئے۔ آپ قوم کے کایستھ اور راجہ لالجی بہادر کے (جو سرکار امجد علیشاہ اور واجد علیشاہ میں سلطنتِ اودھ کے بخشی فوج تھے) حقیقی خواہرزادہ تھے۔ انتزاعِ سلطنتِ اودھ کے بعد جب وہ سلسلہ درہم و برہم ہوا تو مہاراجہ سر درگبجے سنگھ والئ بلرامپور نے ازراہِ قدردانی اپنے پاس بلا کر رکھا اور رفقائے خاص میں داخل کیا۔ اور مدۃ العمر اپنے پاس سے جدا نہ ہونے دیا۔ تصوف اور وحدانیت کی طرف طبیعت کا خاص رجحان تھا۔ نہایت پُرگو اور خوش کلام سخنور تھے۔ آپ کی طبیعت کی آمد کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ پانچ دیوان آپ کی تصنیف سے شائع ہوئے جن میں سے دو مطبع نولکشور میں اور تین مطبع رفاہ عام سیالکوٹ میں چھپے ہیں۔

ایامِ ضعیفی میں بس بارہ برس ہوئے کہ آپ کا انتقال ہو گیا۔

اصل مطلب ایک ہے آگاہ و نا آگاہ کا	ہے الکھہ کا ترجمہ عربی میں لفظ اللہ کا
دیکھیے جو بنا ہوا انسان صنعت ربِّ حفیظ	طاقِ ابروئے بتاں گنبد ہے بسم اللہ کا

کسکو ہے اُسکے فروغِ شمع وحدت کی نظر
ایک موسیٰ ہی تھا پروانہ تجلّی گاہ کا

پسند عاشقان نغمہ ہے یہ درد مصیبت کا
کہ بزم عیش میں گاتے ہیں مضموں سوز فرقت کا

پری و حور ہیں نا جنس کیا لطف آدمیت کا
بشر ہیں ہم بشر سے ہے مزہ اپنی طبیعت کا

خدا نے لذّتیں دنیا میں دیں تم بد سمجھتے ہو
نتیجہ زاہدو اچھا نہیں کفرانِ نعمت کا

خدا کا بیٹا یا معشوق کہنا کفرِ مطلق ہے
منزّہ سب سے ہے رتبہ خداوند حقیقت کا

اُلوہیت ۔ فنا ۔ تخلیق ۔ شانیں خاص اُسکی ہیں
پرستش کرتے ہیں ہم نام رکھکر اُسکی قدرت کا

صنم بھی اُسکے مظہر ہیں کروں سجدہ نکیوں جوہر
نظر آتا ہے جو کچھ ہے نمونہ اُسکی قدرت کا

ترے ہنسنے نے کردی عشرتِ صبح وطن پیدا
دکھایا لطف مستی نے تری شام غریباں کا

نکالے جانے پر جنت سے گر ہی نسل آدم کی
گذر ممکن نہیں اے شیخ پھر جنت میں انساں کا

منجّم کوئی ایسی رات ہوگی
کہ آئے وہ مہ کامل ہمارا

قصور اے شیخ دیں ثابت نہیں منصور وسرمدکا
انالحق حسن سنّت ہی انا بے میم احمد کا

جس جلوے نے تھا طور شرارت سے جلایا
دیکھا جو تجھے مجکو دوبار نظر آیا

دیکھا جو بڑھ کے شوق سے اک راہبر نہ تھا
پہنچا وہاں میں خضر کا جس جا گزر نہ تھا

گردش سے آسمان کی کسی جا مفر نہ تھا
کس سرزمیں پہ یہ فلکِ فتنہ گر نہ تھا

میں عشق سے وہ حسن سے بیہوش دونوں تھے
جو کچھ ہوا معاف کوئی باخبر نہ تھا

کیوں طاقِ کعبہ رخنۂ دیوار کعبہ ہے
زاہد جو اُس کا تیر نظر کارگر نہ تھا

کچھ اور ہی مزہ ہے نئے شوق و ذوق کا
جو لطف پہلے دن تھا وہ روزِ دگر نہ تھا

ٹھہرا وصال وعدۂ فرداے حشر پہ
دل کو یہاں تحمّلِ روزِ دگر نہ تھا

سوتے فتنہ کو جگانے کو ہوا تو پیدا
کی تری آنکھوں نے کیفیتِ جادو پیدا

آفتِ جاں ہوا عالم کے لیئے تو پیدا
کس بلا کے ہوئے چشم و رخ و گیسو پیدا

وہ جوانی کے مزے دلبر کم سن میں کہاں
غنچہ جبتک کہ ہو گل نہ ہو خوشبو پیدا

ہو ملا وہ حقیقت کی حقیقت جو ہوا وصل اُس کا جزو سے کل ہو گیا قطرہ سے دریا ہو گیا

جہاں سر سبز اوسکی کیفیت فصل بہار کی ہے زمین و آسمان اُس کے جام و مینا ہیں زمزمہ

مست عاشق کو تری بوئے دہن کرتی ہے
دونوں ہاتھوں سے بلائیں تری لیتا ہے چمن
دل ابھی آپکے کوچے میں تڑپ کر پہنچے
فیضِ انوارِ ازل جسمے میں ہے اول سے
شکلِ آئینہ گزر خلوتِ اصنام میں ہے
دل مئے عشق سے مسرور ہوا خوب ہوا
خواب میں وصل سے مسرور ہوا خوب ہوا
مجکو مارا تو نے اے بیداد گر اچھا کیا
یہ حسن و ناز نہ پریوں میں ہے نہ حوروں میں
شراب و صحبتِ احباب و باغ و رقص و سرود
جلد لا ساغرِ الماس میں ساقی مئے لعل

ایک غنچے سے نہ ایسی ہوئی خوشبو پیدا
چہرے پر تیرے ہلے یہ بت نہیں ابرو پیدا
ہو جو پہلو سے نکل جانے کا پہلو پیدا
جملہ مخلوق سے پہلے ہوئے ہندو پیدا
شکرِ خالق ہے کہ جوہر ہوئے ہندو پیدا
جام خالی تھا یہ معمور ہوا خوب ہوا
کچھ تو بارے غمِ دل دور ہوا خوب ہوا
قصۂ طولِ محبت مختصر اچھا کیا
خدا کی شان ہے پیدا کیے بشر کیا کیا
مدام عیش میں جوہر ہوئی گزر کیا کیا
موتی برساتا ہوا ابر گہربار آیا

تیرا عاشق یہ رندِ مست ہوا
شیخ ملحد لحد پرست ہوا

تپ فراق میں تن ہے یہ دردمند اپنا
یکتائی پہ ہے ناز تو اتنا بھی رہے یاد
جوہر سا کہیں ڈھونڈ نکالو تو بتا دیں
بھولے ہیں ہمصفیر بھی مجکو کہ تا قفس
خار کی طرح ملی باغِ جہاں میں تقدیر
اللہ نے نکالا ضلالت سے شیخ کو
جگانے صبح وہ بالیں پہ بے نقاب آیا
ہے بار جو شبنم کا بھی ہو پیرہن ان کا
ایک بوسہ لیکے عاشق شادماں ہو جائیگا

جُدا جُدا ہوا جاتا ہے بند بند اپنا
تم سا مجھے تو تمکو بھی مجھ سا نہ ملے گا
عاشق بھی ہو۔ شاعر بھی ہو ایسا نہ ملیگا
مژدہ بھی کوئی لیکے نہ آیا بہار کا
جس سے لپٹوں وہ چھڑا لیتا ہے دامن اپنا
کعبہ سے عزم جانبِ کوئے بتاں کیا
اٹھو بھی صبح ہوئی سر پر آفتاب آیا
نازک ہے چنبیلی سے بھی زیادہ بدن ان کا
او بتِ گلفام کیا تیرا زیاں ہو جائیگا

ہر شیخ و شاب شکل کا دیوانہ ہوگیا
کعبہ تمھارے جانے سے بتخانہ ہوگیا

مجھے اِن جھوٹے وعدوں پر یقین آنیکا کب آیا
ملیگا وہ قیامت میں تو سمجھونگا کہ اب آیا

ہم آئے عشقبازی کو تم آئے دلنوازی کو
کوئی اس عالمِ اسباب میں کب بے سبب آیا

کیا آئے کیا چلے ہیں نظر بھر کے دیکھ لوں
ٹھیرو کہ حوصلہ دلِ بسمل میں رہ گیا

نہ کوئی رہا ہے نہ کوئی رہے گا
فقط ایک حرفِ نکوئی رہے گا

خیالِ زلف سے ہے دیدۂ پُر آب میں سانپ
ترے دکھانے کو یہ بند ہیں حباب میں سانپ

یہ عشقِ افعیِ گیسو کی دیکھئے تاثیر
کہ رات بھر نظر آتے ہیں مجکو خواب میں سانپ

ارغوانی شراب کا ہو دَور
آئی رندانِ بادہ خوار بسنت

ہوکے آیا ہے زرد پوش وہ گل
سر سے ہے پاؤں تک نثار بسنت

جو ہر نبچے گا کوئی نہ دنیا میں جان لو
موت از برائے عالم و عالم برائے موت

میرے مرض کا کچھ نہیں غیر از فنا علاج
دم لیکے غم یہ جائیگا ہے اِس کا کیا علاج

کثرت سے اختلاف کی ہیچ کس کو جانیئے
مصنوعی سب ہیں قصۂ دین و کتاب شرع

سب کھینچتے ہیں نالۂ گرم اُسکے واسطے
اِک شمع نے لگائی ہے یہ انجمن میں آگ

مانندِ شمع ہوگا مرا شعلہ پیرہن
مرنے پہ سوزِ دل سے لگیگی کفن میں آگ

کب کسی گلبن میں پھوے اسقدر یکبار گل
چشم گل ۔ لب گل جبین گل ۔ گوش گل رخسار گل

صبر آہی جائیگا ۔ لے ناصحو!
تھک کے خود ہو جائیگا ناچار دل

دیکھنے کو دو ہیں آنکھیں درحقیقت اک ہے نور
ایک ہی جلوہ ہے اُس کا کافر و دیندار میں

غضب ہے مے سے کیفیت لب جانبخش جاناں میں
خضر! دوڑو تجھ [illegible] لیے ۔ لگ گئی آگ آبحیواں میں

دادا اس ظلمتکدے سے کوئی کیا پائیگا خاک
دن کو شمع جلتی ہے اندھیر ہے درگاہ میں

بعید عقل ہے احترام دیر و حرم
مکان ساختہ خود کو کیا سلام کریں

نالوں کا میرے رنگ اُڑ آیا فغان میں
بلبل کہیں کانٹے نہ پڑیں تیری زبان میں

بھڑکی گلوں سے آتشِ دل ہجرِ یار میں
پھک جائے باغ آگ لگے اِس بہار میں

کچھ نہیں ماتم زدوں کو لطف سامانِ بہار
گُل ہیں خنداں باغ میں شبنم ہی گریاں باغ میں

طوف در تیرا جو ہو گبرو مسلماں کو نصیب
بت پرستی چھوڑ دیں تربت پرستی چھوڑ دیں

حبذا شہر و دیار لکھنؤ
دیکھئے باغ و بہارِ لکھنؤ

پوچھتے ہیں مجکو یوں قاصد سے وہ
جوہر تحصیلدار لکھنؤ

جس کا عاشق ہوں سوا اُسکے نہ دیکھوں غیر کو
باغ جنت میں بھی ہیں تنہا نجاؤں سیر کو

قیدِ آب و گل سے جوہر کہدو وہ آزاد ہے
چھوڑ و سجدہ کرنا اے خانہ پرستوں طاق کو

دیکھتا ہے صبحدم وہ مہرا نور آئینہ
بن گیا ہے مطلع خورشیدِ خاور آئینہ

گردشیں ہیں نامِ روزی سے زمانے کے لئے
ہے امامِ سبحہ تک گردش میں دانے کے لئے

سبحۂ صد دانہ میں اعدادِ حق پیدا نہیں
حق کو بھولا شیخ ناحق آٹھ دانے کے لئے

غیب سے جوہر مدد ہوتی ہے ہمت چاہیئے
مستعد رہیئے مقدر آزمانے کے لئے

جو ہے جری بحکمِ خدا لازوال ہے
شہباز ہے حرام کبوتر حلال ہے

جائز پس از دو صوم مئے پرتگال ہے
زاہد حرام تیسرے فاقے حلال ہے

گر نہو حاصل کسی سے مدعا بے دل نہو
آدمی کو ربِ اعلیٰ پر توکّل چاہیئے

بوئے فرحت بھی تو پہنچے روشنی سے روح کو
قبرِ بلبل پر چراغِ روغنِ گُل چاہیئے

وہ بادہ خوار ہوں پہنچوں گا جب لبِ کوثر
تو دینگے ساقیٔ کوثر بھی بھر کے جام مجھے

ہوں دونوں مستِ بادہ تو دونا سرور ہو
تم بھی پیو جو خاطرِ مہمان عزیز ہے

کہیں کیا جو فراقِ یار میں دم پر گزرتی ہے
ہمارا دل ہی واقف ہی جو کچھ ہمپر گزرتی ہے

الٰہی موت بہتر ہے جہاں میں نامرادی سے
مُرادِ دل نہ حاصل ہو تو پھر کیا خاک جینا ہی

زیارت کو حسین آتے ہیں جوہر میرے مرقد پر
یہ مشہد ہے۔ نجف ہی۔ کربلا ہے یا مدینا ہے

دل ناشگفتہ رہ گیا کوشش ہزار کی
اِس باغ میں ہوا ہی نہ آئی بہار کی

کیفیت اور ہے لبِ میگوں سے آب کی | ہے تیرے جھوٹے پانی میں مستی شراب کی

جوہر

جوہر۔ سید محمد جان جوہر خلف الرشید سید لال محمد صاحب خواجہ معین الدین چشتی قدس اللہ سرہ کے درگاہ شریف کے خدام میں شامل ہیں۔ اصلی وطن اجمیر ہے حضرت اختر سہارنپوری تلمیذ مولٰنا ظہیر دہلوی کے خوشہ چین ہیں۔ اردو کے سوا علوم فارسی و عربی کی بھی تحصیل کی ہے ۲۷۔۲۸ برس کی عمر ہے۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

عیادت کو مری تم آئے تو احسان ہی کیا ہے | مصیبت میں خبر انسان کی انسان لیتے ہیں
اللہ رے حجاب کہ کہتے ہیں وصل میں | دیکھو ذرا کہ شمع کہیں دیکھتی نہ ہو
نہ رکھیئے حشر پر جھگڑا نہ رکھیئے | ہمارا فیصلہ جو ہو یہیں ہو
جس سے فتنے ہوں عیاں ایسی روش ہے کس کی | جس سے محشر ہو بپا ایسا چلن کس کا ہے

جوہر

جوہر۔ جناب سید محمد حسین صاحب زید پوری۔ آپ زمانۂ حال کے شعراء میں سے ہیں اور آپ کا کلام رسالۂ معیار میں شائع ہوتا ہے۔ باوجود تلاش زیادہ حالات ہمیں معلوم نہ ہو سکے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو۔

ہم بقائے ابدی اپنی فنا کو سمجھیں | ہو میسر جو غبارِ درِ جاناں ہونا
جبکہ اخفا ہے مری چشمِ تصور سے محال | پھر ہے بیکار ترا پردے میں پنہاں ہونا
ہے کئی دن سے یہی شغل مریضِ غم کا | آپ ہی سوچنا کچھ آپ ہی گریاں ہونا
جذبۂ عشق زلیخا میں جو ہوتی تاثیر | سہل تھا دامنِ یوسف کا گریباں ہونا
لے چلی بادِ صبا ساتھ مرا مشتِ غبار | کس گلستاں کی ہے قسمت میں بیاباں ہونا
لوگ حیرت میں ہیں یہ ہیجاں ہے یا بیہوش ہے | آج نالہ کش ترا کچھ اس طرح خاموش ہے
سر ہے وہ سر جس میں سودا ئے وفا کا ہے وجود | دل ہے وہ دل جس میں الفت کا کیسی جوش ہے
ہو بھلا تیرا لگا دے آج منہ سے خم کا خم | تشنہ لب مدت سے اے ساقی ترا مے نوش ہے
بحرِ حسنِ یار میں پیدا ہے طوفانِ شباب | اک قیامت کا تلاطم ہے غضب کا جوش ہے

ہے کچھ ایسا ہم اسیرانِ چمن کا اشتیاق
ایک مدت سے قفس کھولے ہوئے آغوش ہے

ہم سمجھتے تھے یہیں ہوئیں گے جوہر جاں نثار
کوچۂ قاتل میں اک عالم کفن بردوش ہے

جوہری

جوہری- لالہ کنہیا لال صاحب المتخلص بہ جوہری ساکن قصبہ کاکوری ضلع لکھنؤ (اودھ) آپ عرصۂ دراز سے حیدرآباد دکن میں کسی محکمہ میں نائب مددگار ہیں- مذاقِ طبیعت اچھا ہے زبان شستہ ہے- مشق بھی خاصی ہے- تلمذ کا حال معلوم نہیں کہ کس سے ہے- مگر صاحبِ دیوان ہیں- غزل کے علاوہ مصرع لگانے کا سلیقہ بھی خوب ہے- دیوانِ مطبوعہ نظر سے گزرا- اُس کا انتخاب ملاحظہ ہو +

ہوش و خرد و تاب و تواں عشق سے بھاگے
ثابت قدم اِس راہ میں اِک دل نظر آیا

دل میں دفتر ہیں شکایت کے بھرے
مُنہ مرا آپ نہ کھلوائیے گا

رہے آباد میخانہ ہماری تو دعا یہ ہے
بسائیں دیر و کعبہ جا کے شیخ و برہمن اپنا

گلشنِ رضواں سے ہے ہمکو کوئے دوست
نخل طوبیٰ ہے قدِ دل جوئے دوست

سمجھتا ہے جسے اسے جوہری دوست
عدوئے جاں ہے اُس سے رِل سمجھکر

کرنے لگے باتوں میں وہ اعجازِ مسیحی
لعلِ لبِ جاں بخش پہ مرجانے کے دن ہیں

بیوجہ زلزلہ نہیں اِس سطحِ خاک کو
ہے دفن مضطرب کوئی زیرِ زمیں کہیں

نہ روح کا ہے بھروسہ نہ اعتبارِ بدن
ہوا حباب میں ہے یا حباب شیشے میں

دل تو جلتا ہے مگر آہ و فغاں کچھ بھی نہیں
آگ یہ کیسی لگی ہے کہ دھواں کچھ بھی نہیں

لگا کے وار وہ حیرت میں مجکو سکتا ہے
میں اُنکی تیغ وہ میرے جگر کو دیکھتے ہیں

نہ آنکھیں چار کرو اک نظر اِدھر دیکھو
اِدھر نگاہ کرو ہم اُدھر کو دیکھتے ہیں

مال و زر کیا نقدِ جاں نذرِ رہِ عقبیٰ کروں
یہاں مجھے رہنا نہیں کیوں خواہشِ دنیا کروں

آپکے امروز فردا میں ہوا فردا ئے حشر
آج کیا میں اعتبارِ وعدۂ فردا کروں

ہیں بات بات پہ ناز اُنکے دم بدم سو سو
ہر ایک ناز میں کرتے ہیں وہ ستم نئو نئو

حالِ قیس و وامق و فرہاد پر کیا منحصر
مجھے تو صحبتِ مے سے ہے بیخودی مقصود
تمہارے ہاتھوں سے برباد ہو جو خاک مری
یہ دل آئینہ حالِ جہاں ہے تمکو دیتے ہیں
میرے سوالِ وصل کا اُلٹا جواب ہے
پُرخوں ہے دل تو چشم پُر از آبِ ناب ہے
ربط ایسا ہو تو کس طرح نہ آرام سے ملے
جسم کو دل کو جگر کو نہ ہو کیوں روح عزیز
وعدۂ یار گزر جائے گا مر جائیں گے
جگر سے دل سے بدن سے تو ہو چکی رخصت
ہم نہ سرکش سے جھکیں وہ نہ جُھکے گر پہلے

درد کا قصہ الم کی داستاں ہو کوئی ہو
سرور ہو کہ نہ ہو کچھ خمار ہو کہ نہ ہو
تو اوج پر مرا مُشتِ غبار ہو کہ نہ ہو
ہمیں اِک جام مے دو اُسکے بدلے جامِ جم لیلو
غصہ ہے جھڑکیاں ہیں غضب ہے عتاب ہے
وہ شیشۂ شراب یہ جامِ شراب ہے
گور کو سمجھوں میں تن گور مجھے جان سمجھے
مالک خانہ بھی ہے سمجھو تو مہمان بھی ہے
ملک الموت سے کہدو کہ تقاضا کیا ہے
لبوں پہ جاں ہے ترا انتظار باقی ہے
خم نہو تیغ تو یاں جھکتا ہے کب سر پہلے

جوہری ۔ **جوہری**- لالہ شیو پرشاد صاحب رئیس فرخ آباد- آپ فرخ آباد کے ایک قدیم اور نامور گھرانے کے رکن ہیں- آپکے والد لالہ مادھورام جوہر کو فنِ سخن میں خاص ملکہ حاصِل تھا- منشی منیر شکوہ آبادی کے شاگرد رشید تھے- لالہ صاحب کو فن سخن اس طرح میراث میں ملا ہے- کچھ کلام نظر سے گزرا اُس میں سے چند شعر درجِ ذیل ہیں +

ہم کہیں کے نرہے ہائے دل آجانے سے
ہوش انکے بھی اُڑائے ہیں پریزادوں نے
واعظو! ہمسے نہ کچھ اسکی حقیقت پوچھو
نمنیں فِتنہ نکالو کوئی صورت اِسکی

تھے جو اپنے نظر آنے لگے بیگانے سے
آج ناصح بھی نظر آتے ہیں دیوانے سے
آئے ہیں نورِ خدا دیکھ کے بتخانے سے
دلِ بیتاب سمجھتا نہیں سمجھانے سے

جویا ۔ **جویا**- حسین علیخان ملیح آبادی- چکلادار- گویا کے ہمعصر تھے صاحب دیوان اور خاصہ کہتے تھے- تین شعر آپ کے نمونتًا درج ذیل کیئے جاتے ہیں +

کس طرح جا کے کوئی یار کے در پر بیٹھے / یار تو ایک طرف دیتے ہیں دربان اُٹھا

صفائی قلب کی چاہے تو ہے ترکِ ہوس بہتر / ہتیلی پر اگر ہو شمع تو ضبطِ نفس بہتر

بے گنہ سینکڑوں دل زلف نے پابند کیے / یہ تو اندھیر بہت آپ کی سرکار میں ہے

جویا

جویا۔ نواب مہدی علیخان عرف چھمن صاحب۔ رئیس لکھنؤ۔ آپ نواب بندہ علیخان زیبا مرحوم کے نامور شاگردوں میں ہیں۔ شعر گوئی کی اچھی مہارت حاصل۔ زبان۔ بندش ترکیب بیان سب اچھے ہیں۔ مضمون شگفتہ اور اسلوب بیان دل آویز ہے یہ اشعار اُن کے ہیں ؎

نحیف و زار گو ہو مثلِ مجنوں نام کر جانا / رہِ اُلفت سے مانندِ نگہ جویا۔ گزر جانا

حدودِ عشق تک دشوار تھی اپنی نظر جانا / پسند آتا نہ کیوں آغاز ہی میں ہمکو مرجانا

کسی کی تیغِ غم نے خوں کیا ہی جن کا مدت تک / بتا دے چارہ گر ممکن ہے اُن زخموں کا بھر جانا

ہر اک تارِ نفس سے رشتۂ اُلفت ہی وابستہ / دمِ آخر سرِ بالیں ذرا دم بھر ٹھہر جانا

پریشاں ہو گی کاکل غیظ آئینے پر آئے گا / دمِ زینت بُری ہے میرے مرنے کی خبر جانا

سوائے کم سنی کے اور اے قاتل سبب کیا ہی / کہ خود ہی ذبح کرنا خود ہی میرے خوں سے ڈر جانا

ابھی کم سن ہو موئے زلف جس طرح ہیں رہنے دو / جوانی خود بتا دیگی انھیں آکر سنور جانا

حیا پروردہ ہے قاتل کیوں نہ رکھوں ہاتھ سینے پر / نہیں اچھا کسی کے دلکے زخموں پر نظر جانا

سختیاں کیا کیا اُٹھائی ہیں بتوں کے عشق میں / لیکن ایسے سخت جاں ہیں یا ہم قضا آتی نہیں

کرینگے جبہہ سائی آستانِ یار پر جا کر / ضرور اک دن مٹا دینگے لکھے کو ہم مقدر کے

ہے دمِ نزع نہ بالیں سے سرک او ظالم / اب گوارا نہیں دم بھر کی بھی فرقت تیری

زندگی میں بھلا نجات کہاں؟ / مر کے چھوٹیں گے ہجر کے غم سے

سمجھتے تھے کہ نیند آجاتی ہے ٹھنڈی ہواؤں میں / کسی کے ہجر میں دی جان آہِ سرد بھر بھر کے

لطف سے دکھلا رہا ہے نشۂ حسنِ شباب / سُرخ ہیں آنکھیں بھی اُنکی چال بھی مستانہ ہے

مئے پرستی کر رہا ہوں کفر و ایماں چھوڑ کر		اُلفت اک ساقی سے ہے مذہب مرا رندانہ ہے

جہاندار

جہاندار۔ صاحب عالم و عالمیان میرزا جہاندار شاہ عرف میرزا جواں بخت ولی عہد حضرت شاہ عالم ثانی۔ بڑے سخی۔ خلیق۔ اور با مروّت شاہزادے تھے۔ جملہ علوم و فنون کے سرپرست اور قدر دان تھے۔ دلیری اور جوانمردی کا یہ عالم تھا کہ ایک روز شکار گاہ میں ہاتھی بگڑ گیا۔ چاہا کہ سونڈ سے پکڑ کر وار کرے۔ مگر شاہزادے نے مُہلت نہ دی اور ایک ہی ضرب شمشیر خارا شگاف سے اُس کا کام تمام کر دیا۔ علو العزمی بھی حد سے زیادہ تھی۔ دہلی سے نکلے تو پندرہ ہی روز میں بیس تیس ہزار آدمیوں کی جمعیت لکھنؤ پہنچتے پہنچتے فراہم کر لی۔ جن دنوں میں کہ حضرت شاہ عالم صوبۂ بہار میں تھے۔ احمد شاہ ابدالی نے آپ کو دلّی میں تخت نشین کر دیا۔ آٹھ دس سال تک کار و بار سلطنت کو نہایت فراست اور دانائی سے انجام دیتے رہے۔ بعد مراجعت حضرت شاہ عالم مرہٹوں کا تسلط ہوا اور اُنکے نائب شاہ جی کے ظلموں سے تنگ آکر یہ دہلی چھوڑنے پر مجبور ہوئے اور لکھنؤ پہنچے۔ نواب آصف الدولہ نے آداب و خدمت گذاری کے تمام مراتب ادا کیئے۔ خواصے میں بیٹھنا۔ گھڑیوں ہاتھ باندھے سامنے کھڑے رہنا۔ اور ایک اِک الائچی یا گلوری کی بخشش پر دس دس مرتبہ مجرہ گاہ سے آداب بجا لانا۔ برس روز قیام لکھنؤ کے بعد آپ نے بنارس میں سکونت اختیار کی اور سرکار اودھ سے پچیس ہزار روپیہ ماہوار بطور نذرانہ مقرر ہو گئے جسکے عوض میں انجام کار صوبۂ اودھ نے علاقہ سرکار انگریزی کے تفویض کر دیا۔ چنانچہ وارن ہیسٹنگز کے انتظام کے بموجب آپ کو خزانۂ انگریزی سے برابر پنشن ملتی رہی۔

فن شعر پر طبیعت اِس قدر مائل تھی کہ ہر ماہ میں دو مرتبہ اپنے دولتخانے پر بزم مشاعرہ منعقد فرماتے تھے اور شعرائے باکمال دہلی و فخار کو اپنے چوبدار بھیج بھیج کر مشاعرے میں بلواتے تھے۔ پھر آنے والے مہمانوں کے ساتھ نہایت لُطف اور گرمجوشی سے پیش آتے تھے۔ سنہ ۱۲۰۲ ہجری میں آپ نے انتقال فرمایا۔ انڈیا آفس لندن میں آپ کا وہ دیوان مسمّٰی بہ

"بیاضِ عنایت مرشدزادہ" جو ارن ہیسنگز کو آپ نے مرحمت فرمایا تھا موجود ہے۔ ایک تذکرہ بھی تصنیف کیا تھا۔ آپ کی اولاد کا سلسلہ بنارس میں اب تک موجود ہے۔ تین صاحبزادے۔ میرزا خرم بخت۔ میرزا شگفتہ بخت اور میرزا عالیقدر۔ آپکی یادگار رہے۔ انتخاب آپکے کلام کا یہ ہے۔ ملاحظہ ہو +

مر کس کے انتظار میں یہ بے اجل گیا
آنکھیں جو یوں کھلی رہیں اور دم نکل گیا

رعنائی تیری دیکھ کے اے سرو باغ حسن
جوں لالہ دل پہ کھاتے ہیں سب گلعذار داغ

آتش پہ میرے دل کی جہاندار جوں سپند
چاہوں جو ٹھیرے کر نہیں سکتا قرار داغ

رہے اک شب جو اس ماتم کدے میں
بساں شمع رو رو کر چلے ہم

اکیلے تھے ہم اب اک فوج غم ہے
ترے در سے مع لشکر چلے ہم

رہے در پر بتاں کے ہم جہاندار
خدا حافظ تمھارا گھر چلے ہم

ٹھان لیتے ہیں وہ پہلے ہی سر اپنا دینا
تیرے کوچے میں جو اے شوخ قدم رکھتے ہیں

ترے عشق کے حب سے پالے پڑے ہیں
ہمیں اپنے جینے کے لالے پڑے ہیں

آخر گل اپنی صرفِ درِ میکدہ ہوئی
پہنچے وہاں ہی خاک جہاں کا خمیر ہو

کونسی بات تری ہم سے اُٹھائی نہ گئی
پر جفا جو تری ناحق کی لڑائی نہ گئی

قصد ہر چند کیا سیکھنے کا بلبل نے
وضع نالے کی مرے اُس سے اُڑائی نہ گئی

چھوڑا ملاپ یار کا اغیار کے لیئے
ترک شمیم گل میں کیا خار کے لیئے

میرا دلِ فگار بھی کچھ گل سے کم نہیں
منظور ہو جو گوشۂ دستار کے لیئے

اُس زلفِ عقدہ گیر کا اک تار اے صنم
بس ہے جہاں کے سبحہ و زنار کے لیئے

اُس بت کا وصل غیروں کی قسمت میں تھا نصیب
تھا ہجر ایک آہ جہاندار کے لیئے

میں اور تری نصیحت مانوں یہ دخل کیا ہے
ناصح تو مجکو ناحق اب کیوں خفا کرے ہے

بیمار عشق جانبر اب تک کوئی ہوا ہے
تو اے طبیب ناحق میری دوا کرے ہے

پچتائے گا تو اک دن سنتا ہے ای جہاندار	دیتا تو ہے دل اُسکو لیکن بُرا کرے ہے

جہانگیر

جہانگیر - میر جہانگیر لکھنوی - اصل وطن ان کا دہلی تھا مگر اپنی عمر کا بڑا حصہ لکھنؤ میں گزارا اِسی لیئے لکھنوی کہے جاتے ہیں - مرد شجاع اور دلیر تھے - فارسی اُردو دونوں زبانوں میں فکر سخن کرتے تھے - آرام و آسایش سے اپنی زندگی بسر کی - آخر عمر میں وطن پلٹے اور مرضِ مالیخولیا میں مبتلا ہوگئے - ایک روز مولانا شاہ عبد العزیز کے وعظ میں میر شاہ علی کو جن کا تخلص درویش تھا زخمی کرنے کے باعث قید کیئے گئے اور محبس ہی میں انتقال کر گئے - سنہ ۱۳۲۸ ہجری میں موجود تھے - یہ اُن کا کلام ہے -

وہ کافر مرا درد کیا جانتا ہے	جو گزرے ہے مجھپر خدا جانتا ہے
محبت جسے کہتے ہیں وہ ہے مشکل	سو وہ ایسی باتوں کو کیا جانتا ہے
غم و درد و ہجراں سے واقف نہیں کچھ	یہ ناصح فقط مغز کھا جانتا ہے
یہانتک ہو اُس پر دلِ زار مفتوں	جو گالی بھی دے تو دعا جانتا ہے
ہنستا ہے ہر اک کو وہ شوخِ ظالم	جہانگیر کو ہی رُلا جانتا ہے

جہانگیر

جہانگیر - صاحب عالم و عالمیاں مرزا جہانگیر شاہ پسر دوئمی اکبر شاہ ثانی بادشاہ دہلی - اِنکی والدہ نواب ممتاز محل ملکۂ دوران اور بادشاہ کی چہیتی بیگم تھیں اِسی لیئے اکبر شاہ اِنکو بہت چاہتے تھے - اِنکی ولیعہدی کے لیئے بھی بہت کوشش کی گئی مگر ناکامیاب رہے یہ مرشد زادے بہت آوارہ مزاج اور خودسر تھے جب اپنی حرکات ناشائستہ کی پاداش میں نظربند ہوکر الہ آباد بھیجے گئے تھے تو اُنکی والدہ نواب ممتاز محل نے یہ منّت مانی تھی - کہ میرزا جہانگیر چھوٹ کر آئیں گے تو خواجہ بختیار کاکی کے مزار پر پھولوں کا چھپر کھٹ اور غلاف چڑھاؤنگی - جب مرزا جہانگیر چھوٹ کر آئے تو اُنکی والدہ نے اپنی منت پوری کی بڑی دھوم سے چھپر کھٹ اور چھپر کھٹ میں پھول والوں نے اپنی ایجاد سے ایک پھولوں کا پنکھا بھی لٹکا دیا تھا - حضرت خواجہ صاحب کے مزار پر چڑھایا - بادشاہ کی خوشی کے

سبب سے قلعہ کے لوگ اور شہر کی خلقت بھی جمع ہو گئی۔ گویا ایک بڑا بھاری میلا ہو گیا بادشاہ کو یہ میلا بہت پسند آیا۔ ہر برس ساون کے مہینے میں مقرر کر دیا۔ چنانچہ اب تک پھول والوں کا میلا دہلی میں ہر سال ہوتا ہے۔ میرزا جہانگیر تھوڑے دنوں کے بعد پھر اپنی بدکرداری کے باعث نظر بند ہو کر الہ آباد بھیجے گئے وہاں رات دن شراب میں مخمور رہتے تھے آخر کار سنہ ۱۸۳۲ء میں انتقال کیا۔ انکی والدہ نے نواب مختار الدولہ (سر سید احمد خان کے ماموں) کو الہ آباد بھیجکر لاش منگوائی اور حضرت نظام الدین اولیا کی درگاہ میں دفن کی۔ اس پر ایک نہایت خوبصورت محجر بنوا دیا۔ انھیں کے پہلو میں مرزا نیلی انکے چچا اور مرزا بابر انکے بھائی دفن ہیں۔ مرزا جہانگیر کی صرف ایک بیٹی تھی۔ وہ مرزا فخرو ولیعہد بہادر شاہ سے منسوب ہوئی۔ مرزا ابوبکر اسی کے بطن سے تھے۔ مندرجہ ذیل غزل انکے نام سے مشہور ہے ÷

گر یار نہو ساقی پیمانہ ہوا تو کیا | معمور شرابوں سے میخانہ ہوا تو کیا
ہم عشق کے ہیں بندے مذہب سے نہیں واقف | گر کعبہ ہوا تو کیا بتخانہ ہوا تو کیا
جب درد نہو دل میں کیا عشق مزہ دیوے | کہنے کو بھلا کوئی دیوانہ ہوا تو کیا
اس عشق کی آتش سے جلتے ہیں سبھی کوئی | گر شمع ہوئی تو کیا پروانہ ہوا تو کیا

جہانگیر

جہانگیر۔ سردار کیسر اسنگھ۔ آپکا وطن امرتسر اور ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۷۱ء تاریخ ولادت ہے آپکی ابتدائی تعلیم ایبٹ آباد ہزارہ میں ہوئی جہاں آپکے والد سردار بوٹا سنگھ ہیڈ ڈرافسمین تھے۔ کچھ عرصہ لاہور میں پڑھکر آخر سنہ ۱۸۹۳ء میں آپنے رڑکی کالج سے امتحان سب انجینیری کی سند حاصل کی اور محکمۂ تعمیرات میں ملازمت اختیار کی۔ میرٹھ۔ دہلی۔ مراد آباد۔ علیگڈھ۔ رامپور۔ گورکھپور میں کئی کئی سال رہے۔ اثنائے قیام میرٹھ میں حضرت بیان یزدانی سے رامپور میں حضرت امیر مینائی سے اور رڑکی میں پنڈت امراؤ سنگھ حباب شاگرد مرزا غالب سے خوب صحبتیں گرم رہیں۔ سنہ ۱۹۰۲ء میں سرکاری ملازمت ترک کرکے ریاست کشمیر

میں ملازم ہوئے۔ اب پھر پنجاب چلے آئے۔ اور ستلج سرہند ڈویژن کے صیغہ آبپاشی میں سپروائزر ہیں۔ ۳۷ یا ۳۸ برس کی عمر ہے۔ آزادمنش زندہ دل نوجوان ہیں راقم تذکرہ کے ملاقاتیوں میں ہیں۔ شعر کہنے کا سلیقہ اچھا ہے۔ بندش چست۔ تراکیب درست مذاقِ سخن نفیس۔ کلام سے مشاقی کا پتہ چلتا ہے۔ مزاج میں شوخی و ظرافت خلقی ہے۔ ابتدائے مشق میں حضرت آزاد دہلوی کو چند غزلیں دکھائی تھیں۔ اسی سلسلۂ تلمذ کے باعث حضرت ذوقؔ مرحوم سے خاص عقیدت رکھتے ہیں۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے:

شیخ کو کہتے تھے سب خشک مزاج
ہنسکے فرمایا جو کی وصل کی خواہش اُن سے

وحشت زدہ جہانگیرؔ۔ اے شاہِ خوبرویاں
دیکھیں گے اُنکو اور محشر کے سامنے

یہ ناز یہ غرور لڑکپن میں تو نہ تھا۔
وہ مُنہ پھیر لیتے ہیں انجان ہوکر

جہانگیرا اور رام رنگی۔ الہٰی
نہیں گر ترے کھینچ لانے کے قابل

جہانگیرا اور مے سے پرہیز؟ بیشک
شیخ کو لیجا کے اِک دن اپنا ضامن کردیا

کہیں بھولے ہی سے وہ شوخ نشانہ باندھے
ملکِ دل لٹنے دیا کرنسکے کچھ افسوس

دیر و حرم میں شیخ و برہمن کے واسطے

اُس کا دامن تو بہت تر نکلا
ہم سے جو نکلا اسی بات کا سائل نکلا

ہوکر اسیرِ اُلفت تیرے حضور آیا
دینگے حساب جب ستم بے حساب کا

آفت ہے زندگی میں زمانہ شباب کا
یہ بیگانگی! جان پہچان ہوکر؟

بنی کیا یہ اُسپر مسلمان ہوکر
یہ دل پھر ہے کس کام آنے کے قابل

یہی بات ہے مان لینے کے قابل
عمر بھر پیتے رہے ساقی سے لیکر وام ہم

ہم اِس اُمید میں نخچیر بنے پھرتے ہیں
نام کو ہم بھی جہانگیر بنے پھرتے ہیں

ہم جن کو پُوجتے ہیں وہ پتھر ہی اور ہیں

رازِ دل کرنہ فاش کہنا مان
چشمِ مشتاق کیا سمجھتی ہے

دیکھ چشمِ پُرآب! کہتے ہیں
آپ جسکو نقاب کہتے ہیں

اب وہ کھل کھیلے ہیں غدار تھے
تو نے پی ہو کبھی تو بتلاؤں

کسکو شرم و حجاب کہتے ہیں
شیخ اسکو شراب کہتے ہیں

حسن و شوخی ہیں غضب - مہر و وفا کا پتلا
ساقی! مجھے بس تیری قسم اور نہ لوں گا
کس طرح اے زمیں تجھے اکمل کہوں میں
میخانہ کوئی گھر تو جہانگیر کا نہیں
میں ہتھکنڈوں سے حسینوں کے خوب واقف ہوں
سو یا پڑا ہے سبزۂ خودرو کے سایہ میں
بیکسی کو مری اللہ سلامت رکھے
دیکھا کرو کسی کی طرف تم بھی پیار سے
حق بات پر بھی دار پہ منصور کھچ گیا
کہتے ہیں جان دینی تو ادنی سی بات ہے
اس جوانی میں لڑکپن کی ادا باقی ہے
دل گیا - جان گئی - دین گیا - دنیا بھی
بہت الفت جتانیکا مزہ کچھ تم نے دل چکھا
رخ ہے رنگیں تو لب مسی آلود
جہانگیر! گھبرا گئے ایسے جلدی
وحشی بن بن کے گئے سوئے بیاباں کتنے
یوں اگر ملنے میں اک طرح کی رسوائی ہے
کوئی ایسا نہیں ملتا کہ ملائے اس سے
کبھی وہ بھولی بھولی انکی صورت یاد آتی ہے

آپ کے ڈھونڈا ہے وہ دلبر جسے کہتے ہیں
وو جام کی عادت تھی سو پلوا گئیں آنکھیں
کابل جہاں کے تجھ میں سمائے چلے گئے
آئے وو جام اپنے اڑائے چلے گئے
مجھے بھی ایسے ہی لوگوں سے کام رہتا ہے
اے لالہ رو یہ گور ہے تیرے شہید کی
یہ کیسکو مری تربت کا پتہ دیتی ہے
گر چاہتے ہو تم کو نہ دیکھا کرے کوئی -
مقدور کیا ہے عشق میں لب وا کرے کوئی
پھر اور کس طرح انھیں چاہا کرے کوئی
ابتک آنکھوں میں وہی شرم و حیا باقی ہے
اب بھی لیکن وہ محبت کا مزا باقی ہے
گئی آئی ہوئی اُن سے جو تھی صاحب سلامت بھی
تو تو سوسن بھی ہے گلاب بھی ہے
محبت ہے یہ کچھ حکومت نہیں ہے
گھر محبت نے کئے آپ کی ویراں کتنے
خط کتابت کی بھی کیا تم نے قسم کھائی ہے
یوں تو اپنی بھی زمانے سے شناسائی ہے
کبھی پھر وہ نگاہِ مہر و الفت یاد آتی ہے

کبھی وہ چھیڑنا وہ مسکرانا یاد آتا ہے	کبھی شوخی کبھی اُنکی شرارت یاد آتی ہے
بتوں میں بے نیازی تھی ہم اپنے دمپہ نازاں تھے	آب اُنکو دیکھ کر اللہ کی قدرت یاد آتی ہے
نہ تم میں دلبری تھی اور نہ جانبازی پہم مائل	تمھاری سادگی۔ اپنی طبیعت یاد آتی ہے
طبیعت جوش پر تھی اور نصیبہ اپنا یاور تھا	جہانگیر اب ہمیں وہ اپنی حالت یاد آتی ہے

جھمن

جھمن۔ جھمن ناتھ۔ قوم سے کایستھ اور دہلی کے قدیم باشندے تھے۔ اِنکے بزرگ ہمیشہ سرکار شاہی میں ملازم رہے۔ نواب امیر الامرا ضابطہ خان بہادر کی سرکار میں اِنکے بڑے بھائی عہدۂ منشی گری پر مامور تھے۔ فنِ سخن میں لالہ جھمن ناتھ کی طبیعت نہایت موزوں و مناسب واقع ہوئی تھی۔ فارسی۔ اُردو دونوں زبانوں میں فکرِ سخن کیا کرتے تھے۔ اور اکثر صنائع و بدائع میں شعر کہا کرتے تھے۔ اکثر غزلیں اور قطعے مدحِ اُمرا میں ذوبحرین کہے ہیں۔ بعضوں کی مدح ایسی کی ہے کہ ہر مصرع سے اگر ایک ایک حرف لیے جاؤ تو نام ممدوح کا مکمل آتا ہے۔ اور ہر مصرع سے تاریخ سال نکلتی ہے۔ اور کچھ غزلیں صنعت عاطلہ اور منقوطہ میں بھی کہی ہیں۔ بہار دانش کو بھی منظوم کیا ہے۔ افسوس ہے کہ با ایں ہمہ کمالِ فن نانِ شبینہ سے بھی محتاج تھے۔ راجہ اجیت سنگھ بہادر ہرچند چاہتے تھے کہ ان کا افلاس مبدل بفلاح ہو۔ مگر ان کی وارستہ مزاجی اور بے پروا طبیعت نے قبول نکیا۔ خلقتہً نہایت مسکین اور غریب نہاد طبیعت پائی تھی۔ کبھی کبھی اپنے اشعار خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کو بغرض اصلاح دکھا لیتے تھے سنہ ۱۱۹۰ ہجری میں موجود تھے یہ اُن کا کلام ہے۔

قطعہ

دل جوں سپند عشق کی آتش سے جل گیا	اِک آہ کھینچتے ہیں مرا دم نکل گیا
اشک بہتے ہی تو ڈرا اسقدر رسوا ہوا	یہ تو لڑکا حضرتِ مجنوں کا بھی باوا ہوا
یہاں مختار جو باجاہ آیا	برائے قتل خلق اللہ آیا
نہ تھے کچھ شاہ جی سے شاہ حاجی	وہ نادر شاہ تھے یہ شاہ آیا

ہے منتظر بسند والا گلاب رائے
یہ گاؤ تکیہ رکھے ہے لالہ گلاب رائے

سب چیز بست شے جو چڑھیں لوگ آسکے گھر
بھر دیوے کف میں لولو رلا لا گلاب رائے

بلبل لڑیں ہیں محل اُسکی ہیں مُدام
کیا لال بیٹا ماں نے یہ پالا گلاب رائے

مانگے جو کوئی موتی کا دانہ تو اُسکو پھر
دیتے ہیں اپنی سونے کی مالا گلاب رائے

شاباش اُسکی ماں کو جو ایسا جنا ہے پوت
جیوے وہ اُس کا کھیلنے والا گلاب رائے

جانکی

*جانکی - جانکی پرشاد ملیح آبادی - بختیار پوری - آپ کو فارسی - سنسکرت اور بھاشا میں اچھی خاصی مہارت ہے - شعر بھی فارسی اُردو اور ہندی تینوں زبانوں میں کہتے ہیں - اِس وقت آپکی عمر ۹۰ سال کی ہے - حواسِ خمسہ میں ابتک کوئی فرق نہیں - گھر کے آسودہ ہیں - قوم کے کھتری اور نہایت خلیق وبامروت انسان ہیں - آپ کے تین شعر نمونتًا درج کیئے جاتے ہیں -

زاہد تو کس گھمنڈ پہ کہتا ہے دم بدم
معلوم ہوگا حشر میں پینا شراب کا

ہم بادہ نوش بحرِ محبت میں غرق ہیں
وارِ فنا کو سمجھے ہیں عالم ہے خواب کا

جب میں جاتا ہوں رقیبوں کو اُٹھا دیتے ہیں
بارِ منت سے مرے سر کو جھکا دیتے ہیں

لہ دہلی میں سراوگیوں کا خاندان معروف بہ گلاب رائے مہرچند مشہور و معروف ہے +

* آپ کا نام ترتیب کے خلاف درج ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے حالات اور کلام ہمارے پاس اُس وقت پہنچے کہ ردیف "ج بالالف" چھپ چکی تھی - لہذا بے ترتیبی کو اِس سے بہتر سمجھا کہ آپ کا نام درج تذکرہ ہونے سے رہ جائے +

چ

چکبست

چکبست پنڈت برج نراین صاحب وکیل ہائیکورٹ آپ قوم کے کاشمیری پنڈت ہیں لفظ چکبست آپکا عرف ہے تخلص شروع سے رکھا ہی نہیں لہذا حیران ہیں کہ آپکو شعر و شاعری کی انجمن میں کس خطاب سے مخاطب کریں اور یارانِ سخن سنج سے کیا کہکر تعارف کرائیں آپکی زندگی کے مختصر حالات بارہا دریافت کیے اکثر اوقات تو جواب سے جواب ہا اور جواب آیا تو جواب صاف آیا۔ چونکہ اکثر رسالوں میں آپکا کلام عرف کو تخلص قرار دیکر درج ہوتا ہی ناچار ہم بھی ایسا ہی کرنے پر مجبور ہیں آپکے خط کا خلاصہ قابلِ تحریر ہی آپ لکھتے ہیں "جناب والا تسلیم۔ آپ نیازمند کے سوانحی حالات دریافت کرتے ہیں حیران ہوں کہ کیا لکھوں۔ آول تو میں باضابطہ شاعر ہی نہیں ہوں تخلص کا بھی گنہگار نہیں ہوں چکبست میرا عرف ہے نہ کہ تخلص سولہ سترہ برس سے شعر و سخن کا مذاق ضرور ہے لیکن ایک دیوان بھی تیار نہیں ہے ایسی حالت میں مجھے باضابطہ شاعروں کے زمرے میں داخل کرنا ہی بیکار ہے۔ مگر خیر مجموعہ میں تو میرا نام آہی گیا۔ اپکو زندگی کے حالات کیا لکھوں لکھنؤ وطن ہے عمر تقریباً اٹھائیس سال ہے اپنے دوستوں کا دل بہلانے کو کبھی کبھی شعر کہہ لیتا ہوں پرانے رنگ کی شاعری یعنی غزل گوئی سے ناآشنا ہوں لیکن اسی کیساتھ میرا عقیدہ یہ ہے کہ محض نئے خیالات کو توڑ موڑ کر نظم کر دینا شاعری نہیں ہے میرے خیال کے مطابق خیالات کی تازگی کے ساتھ زبان میں شاعرانہ لطافت اور الفاظ میں تاثیر کا جوہر ہونا ضرور ہے لیکن میں پھر آپکو لکھتا ہوں کہ میں قدر دانِ سخن ہوں سخنور نہیں ہوں جسکا نام شاعری ہے وہ اور چیز ہے جو بہرحال مجھے نصیب نہیں"۔ چار ترکیب بند جو آپنے بھیجے انکے علاوہ اور کلام بھی مختلف رسائل میں نظر سے گزرا۔ اسمیں شک نہیں کہ اکثر بند حد درجہ موثر اور پُر درد ہوتے ہیں جو صفائی اور سادگی سے خالی نہیں مگر خیال کی بلند پروازی اور شوکتِ الفاظ بہت زیادہ ہے آپکے ایوانِ سخن میں جدھر نظر اٹھا کر دیکھیے قدرتی مناظر کے سین مختلف جذبات کے فوٹو۔ حبِّ وطن۔ ادب۔ اخلاق کی دلفریب تصاویر تو کثرت سے دکھائی دیتی ہیں محض حسن و عشق کے چرچے بہت کم۔ واقعات کے نظم کرنے میں آپکی قابلیت اور مشاقی مسلّم ہے ایک چھوٹا اور معمولی واقعہ بیان کرنیکے لیے پہلو بدل بدل کر کئی کئی بند مسلسل لکھ جاتے ہیں تشبیہات خوب برتتے ہیں بعض جگہ اسلوب بیان میں ایسی روانی اور دلکشی ہوتی ہے کہ اساتذہ کے کلام کا دھوکا ہوتا ہے رامائن کے جو سین آپنے نظم کیے ہیں انکی دلچسپی دلفریبی حدِ توصیف سے باہر ہے کاش یہی

رباعیات

یہ قوم ذرا عاقبت اندیش نہیں
پہلے کی ترقی سے ہیں کتنے پیچھے

سودا تو ہے نوش کا سرِ نیش نہیں
افسوس ہمیں کچھ بھی پس و پیش نہیں

بیکار تعلّی سے ہے نفرت مجکو
لوں دادِ سخن نہیں یہ عادت مجکو
کس واسطے جستجو کروں شہرت کی
اِک دن خود ڈھونڈ لیگی شہرت مجکو

دیگر

بو گل کے لیئے ہے گل ہے شبنم کے لیئے
اِک ربط ہے انتظامِ عالم کے لیئے
لیکن ہے مرا شباب ماتم کے لیئے
غم میرے لیئے ہے اور مَیں غم کے لیئے

دیگر

آبادی ہے اصل میں نہ ویرانہ ہے
شادی کا یہ گھر ہے نہ عزاخانہ ہے
واللہ نہ مُبتدا ہے اِسکی نہ خبر
دُنیا اِک ناتمام افسانہ ہے

تغزل

فنا کا ہوش آنا زندگی کا دردِ سر جانا
اَجل کیا ہے؟ خمارِ بادۂ ہستی اُتر جانا
مقامِ کوچ کیا ہے منزلِ مقصود تک پہونچے
قیامت تھا سرائے دہر میں دو دن ٹھہر جانا
بہت سودا رہا واعظ تجھے نارِ جہنم کا
مزا سوزِ محبّت کا بھی کچھ اے بے خبر جانا
مصیبت میں بشر کے جوہرِ مردانہ کھلتے ہیں
مُبارک بزدلوں کو گردشِ قسمت سے ڈر جانا
سدھاری منزلِ ہستی سے کس بے اعتنائی سے
تنِ خاکی کو شاید روح نے گردِ سفر جانا
دردِ دل - پاسِ وفا - جذبۂ ایمان - ہونا
آدمیّت ہے یہی - اور یہی انساں ہونا
زندگی کیا ہے؟ عناصر میں ظہورِ ترتیب
موت کیا ہے؟ انھی اجزا کا پریشاں ہونا
ہمکو منظور ہے اے دیدۂ وحدت آگیں
ایک غنچہ میں تماشائے گلستاں ہونا
جس طرح خُم سے کسی جام کا ٹکڑا نکلے
یوں ہے گردوں سے مہِ نو کا نمایاں ہونا
سر میں سودا نہ رہا - پاؤں میں بیڑی نہ رہی
میری تقدیر میں تھا بے سروساماں ہونا
صفحۂ دہر پہ تحریرِ قدرت سمجھو
پھول کا خاک کے تودے سے نمایاں ہونا
ہو بیاضِ سحرِ نور پہ دل کیا مائل
یاد ہے دفترِ انجم کا پریشان ہونا
کل ہی وہ کل جو ہے فردائے قیامت زاہد
اور پھر اسکے لیئے آج پریشاں ہونا
پاؤں زنجیر کے مشتاق ہیں اے جوشِ جنوں
ہے مگر شرط ترا سلسلہ جنباں ہونا
گُل کو پامال نہ کر لعل و گہر کے مالک!
ہے اِسے طرۂ دستارِ غریباں ہونا

ہے مرا ضبطِ جنون جوشِ جنوں سے بڑھکر
مری بیخودی ہے وہ بیخودی کہ خودی کا وہم وگماں نہیں
جو ظہورِ عالمِ ذات ہے یہ فقط ہجومِ صفات ہے
یہ حیات عالمِ خواب ہے۔ نہ عذاب ہے نہ ثواب ہے
نہ وہ خم میں بادہ کا جوش ہے نہ وہ حسن جلوہ فروش ہے
یہ زمیں پہ جن کا تھا دبدبہ کہ بلند عرش پہ نام تھا
اب وہ وانے سے قفس کے کچھ ہمیں اُلفت نہیں
کچھ اَور ہے وہ شاعرِ معجز بیاں نہیں
اظہارِ درد غیر سے کرتے ہیں بوالہوس
کیا دیکھتے ہی دیکھتے دُنیا بدل گئی
دل ہی کی بدولت رنج بھی ہے دل ہی کی بدولت راحت بھی
ارمان بھرے دل خاک ہوئے اور موت کے طالب جیتے ہیں
یا خوفِ خدا یا خوفِ سقر ہیں وہی بیاں تیرے واعظ!
جب تک ہی جوانی کا عالم کیا عیش کی مستی رہتی ہے
گرتے ہی زمیں کے دامن میں اے طفل یہ رونا دھونا کیا
ہر دم ہی طبیعت کو اُلجھن اک یاس کا عالم طاری ہے
بارِ اندوہ والم کا کہیں ہلکا ہو جائے
عرش سے فرش تلک چھائی ہے تاریکی جہل
ظاہراً ہستی ناچیز بشر ہے کیا چیز
یوں نہ انسان کا برگشتہ مقدر ہو جائے
دل سے کیئے تسخیر بخشا فیضِ روحانی مجھے

ننگ ہے میرے لیئے چاک گریباں ہونا
یہ سرورِ ساغرِ مے نہیں یہ خمارِ خوابِ گراں نہیں
ہے جہاں کا اور وجود کیا جو طلسمِ وہم وگماں نہیں
وہی کفر ودیں میں خراب ہے جسے علمِ رازِ جہاں نہیں
نہ کسی کو رات کا ہوش ہے وہ سحر کو شب کا سماں نہیں
اُنھیں یوں فلک نے مٹا دیا کہ مزار تک کا نشاں نہیں
بے پروبالی سے اپنی عاشقِ صیاد ہیں
جسکے سخن سے رنگِ طبیعت عیاں نہیں
ہمکو دماغ نالہ وآہ وفغاں نہیں
واللہ وہ زمیں نہیں وہ آسماں نہیں
یہ دنیا جسکو کہتے ہیں دوزخ بھی ہے اور جنت بھی
اندھیر ہے اس دُنیا پہ ہمیں آتی ہے ہنسی اور رقت بھی
اللہ کے بندے دلمیں ترے ہے سوز وگداز ومحبت بھی
جب پیری موت کی لائی خبر پھر زہد بھی ہے اور طاعت بھی
دُنیا میں اگر تو آیا ہی یاں رنج بھی ہے اور راحت بھی
یہ سانس نہیں اک کانٹا ہے یہ زیست نہیں بیماری ہے
پھر بہار آئے الٰہی ہمیں سودا ہو جائے
آگ دُنیا کو لگا دو تو اُجالا ہو جائے
یہ وہ قطرہ ہے جو بڑھ جائے تو دریا ہو جائے
میں اگر پھول اٹھاؤں تو وہ پتھر ہو جائے
حبِ قومی ہو گیا نقشِ سلیمانی مجھے

منزلِ عبرت ہے دُنیا اہلِ دُنیا شاد ہیں
ایسی دلجمعی سے ہوتی ہے پریشانی مجھے

جانچتا ہوں وسعتِ دل حملۂ غم کیلیئے
امتحاں ہے رنج و حرماں کی فراوانی مجھے

قوم کا غم مول لیکر دل کا یہ عالم ہوا
یاد بھی آتی نہیں اپنی پریشانی مجھے

ذرہ ذرہ ہے مِری کشمیر کا مہماں نواز
راہ میں پتھر کے ٹکڑوں نے دیا پانی مجھے

کس کو غم ہے جو کرے مرثیہ خوانی میری
رو رہی ہے مرے مرقد پہ جوانی میری

دولت

کہتے تھے بُرا اِنکو سخن سنج پُرانے
اُن لوگوں کے ہمراہ گئے اُنکے زمانے

وہ فلسفہ و علم و ادب اب ہیں فسانے
بدلا ہے نیا رنگ زمانے کی ہوا نے

دولت ہے ہوا زینتِ کاشانۂ تہذیب
کہتے ہیں اِسے شمع جلوخانۂ تہذیب

مٹ جانے پہ بھی نام و نشاں رہتا ہے اس سے
سرچشمۂ اُمید رواں رہتا ہے اس سے

تازہ چمنِ تاب و تواں رہتا ہے اس سے
پیری میں بھی انسان جواں رہتا ہے اس سے

ہر رنگ میں یہ تازگیِ قلب و جگر ہے
ہے صلح میں شمشیر لڑائی میں سپر ہے

کوشش کبھی زردار کی جاتی نہیں بے سُود
رہتا ہے سدا سایہ فگن طالعِ مسعود

انسان کی نیت میں اگر شر نہو موجود
در ہاتھ میں اُسکے ہے کلیدِ درِ مقصود

کب گوہرِ اُمید کو رولا نہیں اس نے
تھا کونسا در بند جو کھولا نہیں اس نے

ہوں طالبِ تحقیق کہ دلدادۂ تعلیم
خم سامنے دولت کے ہے سبکا سرِ تسلیم

سُنتے ہیں اُنھیں کے لئے ہے کوثر و تسنیم
یاں جو رہِ مولا میں لُٹاتے ہیں زر و سیم

دُنیا ہی میں کچھ ذکر نہیں تازہ ہے اسکا
دربار میں اللہ کے آوازہ ہے اِسکا

لیکن وہ زر و مال نہیں قابلِ تحسیں
انساں کو بنا دے جو شکم پرور و خود بیں

زردار وہ ہے جس میں شرافت کے ہوں آئیں
ہو بزمِ محبت کے لیئے باعثِ تزئیں

سرسبز رہے قوم یہ انعام ہو اُس کا
باراں کی طرح فیض و کرم عام ہو اُسکا

مانا ہوسِ زر ہے بشر کے لیئے عادت
کچھ اور بھی جوہر ہیں عطا کردۂ قدرت
لیکن نہیں دنیا میں فقط اک یہی نعمت
غمخواری و دلجوئی و ہمدردی و اُلفت
زر آپ نہیں دشمنِ اخلاق و ادب ہے
جو حد سے گزر جاتی ہے وہ اسکی طلب ہے

جو لوگ مئے حرص سے دنیا میں ہیں سرشار
مانندِ گدا زر کے ہیں ہر وقت طلبگار
جینے کی لطافت سے نہیں اُنکو سروکار
آزاد کہاں دامِ طمع میں ہیں گرفتار
محروم مئے عیش سے یہ خستہ جگر ہیں
مالک نہیں زر کے ہیں فقط بندۂ زر ہیں

دولت وہ ہے مجبور کی جو عقدہ کُشا ہو
آئینۂ اخلاق و محبت کی جِلا ہو
اکسیر ہو دردِ دلِ بیکس کی دوا ہو
ظلماتِ فلاکت کے لیئے آبِ بقا ہو
یوں فیض کے چشمے ہوں رواں باغِ وطن میں
جیسے کرمِ ابرِ گہر بار چمن میں

ہر صبح گلستاں میں بصد شانِ فصاحت
دیکھو چمن آرائے دو عالم کی عنایت
بلبل گلِ رنگیں سے یہ کرتی ہے حکایت
گھٹتے کبھی دیکھی نہیں فیاض کی دولت
گو کم دُرِ خوش آب لٹاتا نہیں ہوتا
خالی کبھی شبنم کا خزانہ نہیں ہوتا

مانا سببِ شوکت و اجلال ہے دولت
ادنیٰ سے ملے جھک کے یہ اعلیٰ کی ہے عظمت
پر مفلس و بیکس بھی نہیں قابلِ نفرت
بس نشۂ زر سے نہ جھکے چشمِ مروت
مغرور رہا اسے شانِ شرافت نہیں کہتے
کچھ کہتے اِسے حسنِ شرافت نہیں کہتے

کس اوج پہ خورشیدِ جہانتاب ہے معمور
گو خاک نہیں ذرۂ ناچیز کا مقدور
دل تیرگیٔ کبر سے کوسوں ہے مگر دور
دیتا ہے اِسے جام سے اپنے یہ مئے نور
یا ماہ کا اس اوج پہ کیا فیض عیاں ہے
ہر خانۂ مفلس کے لیئے شمع مکاں ہے

یا باغ میں کھلتا ہے دمِ صبح گلِ تر
بنتا ہے عروسانِ جہاں کے لیئے زیور
کیا کیا اسے ہوتے نہیں اعزاز میسّر
دستار میں نوشہ کی رہا کرتا ہے اکثر
لیکن نہ کسی وضع پہ اس ڈھنگ سے دیکھا
بیکس کی لحد پر اِسے جس رنگ سے دیکھا

خاکِ ہند

اے خاکِ ہند تیری عظمت میں کیا گماں ہے
دریائے فیضِ قدرت تیرے لیئے رواں ہے
تیری جبیں سے نورِ حسنِ ازل عیاں ہے
اللہ رے زیب و زینت کیا اوجِ عز و شان ہے
ہر صبح ہے یہ خدمت خورشیدِ پُر ضیا کی
کرنوں سے گوندھتا ہے چوٹی ہمالیا کی

اِس خاکِ دلنشیں سے چشمے ہوئے وہ جاری
چین و عرب میں جن سے ہوتی تھی آبیاری
سارے جہاں پہ جب تھا وحشت کا ابر طاری
چشم و چراغِ عالم تھی سرزمیں ہماری
شمعِ ادب نہ تھی جب یوناں کی انجمن میں
تاباں تھا مہرِ دانش اِس وادیِ کہن میں

گوتم نے آبرو دی اِس معبدِ کہن کو
سرمد نے اِس زمیں پر صدقے کیا وطن کو
اکبر نے جامِ اُلفت بخشا اِس انجمن کو
سینچا لہو سے اپنے رانا نے اِس چمن کو
سب سُور بیر اپنے اِس خاک میں نہاں ہیں
ٹوٹے ہوئے کھنڈر ہیں یا اُنکی ہڈیاں ہیں

دیوار و در سے اب تک اُن کا اثر عیاں ہے
اپنی رگوں میں اب تک اُنکا لہو رواں ہے
اب تک اثر میں ڈوبی ناقوس کی فغاں ہے
فردوسِ گوش اب تک کیفیتِ اذاں ہے
کشمیر سے عیاں ہے جنت کا رنگ اب تک
شوکت سے بہ رہا ہے دریائے گنگ اب تک

اگلی سی تازگی ہے پھولوں میں اور پھلوں میں
کرتے ہیں رقص اب تک طاؤس جنگلوں میں
اب تک وہی کڑک ہے بجلی کی بادلوں میں
پستی سی آ گئی ہے پر دل کے ولولوں میں
گُل شمعِ انجمن ہے گو انجمن وہی ہے
حُبِّ وطن نہیں ہے خاکِ وطن وہی ہے

برسوں سے ہو رہا ہے برہم سماں ہمارا
دُنیا سے مٹ رہا ہے نام و نشاں ہمارا
کچھ کم نہیں اجل سے خوابِ گراں ہمارا
اِک لاش بے کفن ہے ہندوستاں ہمارا
اِسکے بھرے خزانے برباد ہو رہے ہیں
ذلت نصیب وارث غفلت میں سو رہے ہیں

اے صُورِ حبِّ قومی اِس خواب سے جگا دے
بھولا ہوا فسانہ کانوں کو پھر سُنا دے
مُردہ طبیعتوں کی افسردگی مٹا دے
اُٹھتے ہوئے شرارے اِس راکھ سے دکھا دے

حُبِّ وطن سمائے آنکھوں میں نور ہوکر
سر میں خمار ہوکر دل میں سرور ہوکر

شیدائے بوستاں کو سرو سمن مبارک
رنگیں طبیعتوں کو رنگِ سخن مبارک
بلبل کو گل مبارک گل کو چمن مبارک
ہم بیکسوں کو اپنا پیارا وطن مبارک
غنچے ہمارے دل کے اِس باغ میں کھلینگے
اِس خاک سے اُٹھے ہیں اس خاک میں ملینگے

ہے جوئے شیر ہمکو نورِ سحر وطن کا
آنکھوں کی روشنی ہے جلوہ اِس انجمن کا
ہے رشکِ مہر ذرّہ اِس منزلِ کہن کا
تلتا ہے برگِ گل سے کانٹا بھی اِس چمن کا
گرد و غبار یاں کا خلعت ہے اپنے تن کو
مرکر بھی چاہتے ہیں خاکِ وطن کفن کو

راماین کا ایک سین

(راجہ رامچندر جی کا ماں سے رخصت ہونا)

رخصت ہوا وہ باپ سے لیکر خدا کا نام
راہِ وفا کی منزلِ اوّل ہوئی تمام
منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام
دامن سے اشک پونچھ کے دل سے کیا کلام
آخر ہے کچھ حدِ ستم و ظلم و جور بھی
ہم کو اُداس دیکھ کے غم ہوگا اور بھی

دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ خوش خصال
خاموش ماں کے پاس گیا صورتِ خیال
دیکھا تو ایک در میں ہے بیٹھی وہ خستہ حال
سکتہ سا ہوگیا ہے یہ ہے شدتِ ملال
تن میں لہو کا نام نہیں زرد رنگ ہے
گویا بشر نہیں کوئی تصویرِ سنگ ہے

کیا جانے کس خیال میں گم تھی وہ بیگناہ
نورِ نظر پہ دیدۂ حسرت سے کی نگاہ
جنبش ہوئی لبوں کو بھری ایک سرد آہ
لی گوشہائے چشم سے اشکوں نے رُخ کی راہ
چہرہ کا رنگ حالتِ دل کھولنے لگا
ہر موئے تن زباں کی طرح بولنے لگا

آخر اسیرِ یاس کا قفلِ دہن کھلا
افسانۂ شدائدِ رنج و محن کھلا
اِک دفترِ مظالمِ چرخِ کہن کھلا
وا تھا دہانِ زخم کہ بابِ سخن کھلا
دردِ دلِ غریب جو صرفِ بیاں ہوا
خونِ جگر کا رنگ سخن سے عیاں ہوا

رو کر کہا خموش کھڑے کیوں ہو میری جاں
سب کی خوشی یہی ہے تو صحرا کو ہو رواں
مَیں جانتی ہوں جس لئے آئے ہو تم یہاں
لیکن مَیں اپنے مُنہ سے نہ ہرگز کہونگی "ہاں"
کِسطرح بن میں آنکھوں کے تارے کو بھیجدوں
جوگی بنا کے راج دُلارے کو بھیجدوں

دنیا کا ہو گیا ہے یہ کیسا لہو سفید
انجام کیا ہو کوئی نہیں جانتا یہ بھید
اندھا کیے ہوئے ہے زر و مال کی اُمید
سوچے بشر تو جسم ہو لرزاں مثالِ بید
لکھی ہے کیا حیاتِ ابد انکے واسطے
پھیلا رہے ہیں جال یہ کسدن کیواسطے

بیتی کسی فقیر کے گھر میں اگر جنم
ڈستا نہ سانپ بن کے مجھے شوکت و حشم
ہوتے نہ میری جان کو سامان یہ بہم
تم میرے لال تھے مجھے کس سلطنت سے کم
مَیں خوش ہوں پھونکدے کوئی اِس تخت و تاج کو
تم ہی نہیں تو آگ لگا دونگی راج کو

کن کن ریاضتوں میں گزارے ہیں ماہ و سال
لائے دُلہن جو بیاہ کے شادی ہوئی کمال
دیکھی تمھاری شکل جب اے میرے نونہال
آفت یہ مجھپہ آئی ہوتے جب سفید بال
چھٹتی ہوں اُنسے جوگ لیا جنکے واسطے
کیا سب کیا تھا مَیں نے اِسی دن کیواسطے

ایسے بھی نامُراد بہت آئیں گے نظر
گھر جن کے بے چراغ رہے آہ عمر بھر
رہتا مرا بھی نخلِ تمنا جو بے ثمر
یہ جائے صبر تھی کہ دعا میں نہیں اثر
لیکن یہاں تو بن کے مقدر بگڑ گیا
پھل پھول لا کے باغِ تمنا اُجڑ گیا

سرزد ہوئے تھے مجھ سے خدا جانے کیا گناہ
آتی نظر نہیں کوئی امن و اماں کی راہ
منجھدھار میں جو یوں مری کشتی ہوئی تباہ
اَب یاں سے کوچ ہو تو ملے منزلِ پناہ
تقصیر میری خالقِ عالم بحل کرے
آسان اس غریب کی مشکل اجل کرے

سُنکر زبان سے ماں کی یہ فریادِ درد خیز
عالم یہ تھا قریب کہ آنکھیں ہوں اشک ریز
اِس خستہ جاں کے دل پہ چلی غم کی تیغ تیز
لیکن ہزار ضبط سے رونے سے کی گریز
سوچا یہی کہ جان سے بیکس گزر نجائے
ناشاد ہمکو دیکھ کے ماں اور مر نجائے

پھر عرض کی یہ مادرِ ناشاد کے حضور
مایوس کیوں ہیں آپ الم کا ہے کیوں وفور
صدمہ یہ شاق عالمِ پیری میں ہے ضرور
لیکن نہ دل سے کیجیے صبر و قرار دور
شاید خزاں سے شکل عیاں ہو بہار کی
کچھ مصلحت اِسی میں ہو پروردگار کی

یہ جعل یہ فریب یہ سازش یہ شور و شر
ہونا جو ہے یہ اُس کے بہانے ہیں سر بسر
اسبابِ ظاہری ہیں نہ ان پر کرو نظر
کیا جانے کیا ہے پردۂ قدرت میں جلوہ گر
خاص اِسکی مصلحت کوئی پہچانتا نہیں
منظور کیا اُسے ہے کوئی جانتا نہیں

راحت ہو یا کہ رنج خوشی ہو کہ انتشار
واجب ہر ایک رنگ میں ہے شکرِ کردگار
تم ہی نہیں ہو کشتۂ نیرنگِ روزگار
ماتم کدہ میں دہر کے لاکھوں ہیں سوگوار
سختی سہی نہیں کہ اُٹھائی کڑی نہیں
دنیا میں کیا کسی پہ مصیبت پڑی نہیں

دیکھے ہیں اِس سے بڑھ کے زمانے نے انقلاب
جن سے کہ بیگناہوں کی عمریں ہوئیں خراب
سوزِ دروں سے قلبِ جگر ہو گئے خراب
پیری مٹی کسی کی کسی کا مٹا شباب
کچھ بن نہیں پڑا جو نصیبے بگڑ گئے
وہ بجلیاں گریں کہ بھرے گھر اُجڑ گئے

ماں باپ مُنہ ہی دیکھتے تھے جن کا ہر گھڑی
قائم تھیں جن کے دم سے اُمیدیں بڑی بڑی
دامن پہ جن کے گرد بھی اُڑ کر نہیں پڑی
ماری نہ جن کو خواب میں بھی پھول کی چھڑی
محروم جب وہ گل ہوئے رنگِ حیات سے
اُنکو جلا کے خاک کیا اپنے ہات سے

کہتے تھے لوگ دیکھ کے ماں باپ کا ملال
اِن بیکسوں کی جان کا بچنا ہے اب محال
ہے کبریا کی شان گزرتے ہی ماہ و سال
خود دل سے دردِ ہجر کا مٹتا گیا خیال
ہاں کچھ دنوں تو نوحہ و ماتم ہوا کیا
آخر کو رو کے بیٹھ رہے اور کیا کیا

پڑتا ہے جس غریب پہ رنج و محن کا بار
کرتا ہے اُس کو صبر عطا آپ کردگار
مایوس ہو کے ہوتے ہیں انساں گناہگار
یہ جانتے نہیں وہ ہے دانائے روزگار
انسان اُسکی راہ میں ثابت قدم رہے
گردن وہی ہے امرِ رضا پر جو خم رہے

اور آپ کو تو کچھ بھی نہیں رنج کا مقام | بعد سفر وطن میں ہم آئیں گے شاد کام
ہوتے ہیں بات کرنے میں چودہ برس تمام | قائم امید سے ہی ہے دنیا ہے جس کا نام
اور یوں کہیں بھی رنج و بلا سے مفر نہیں | کیا ہوگا دو گھڑی میں کسی کو خبر نہیں

اکثر ریاض کرتے ہیں پھولوں پہ باغباں | ہے دن کی دھوپ رات کی شبنم انہیں گراں
لیکن جو رنگ باغ بدلتا ہے ناگہاں | وہ گل ہزار پردوں میں جاتے ہیں رائگاں
رکھتے تھے جو عزیز انہیں اپنی جان کی طرح | ملتے ہیں دست یاس وہ برگ خزاں کی طرح

لیکن جو پھول کھلتے ہیں صحرا میں بیشمار | موقوف کچھ ریاض پہ انکی نہیں بہار
دیکھو یہ قدرت چمن آرائے روزگار | وہ ابر و برف و باد میں رہتے ہیں برقرار
ہوتا ہے اُن پہ فضل جو ربّ کریم کا | موج سموم بنتی ہے جھونکا نسیم کا

اپنی نگاہ ہے کرم کارساز پر | صحرا چمن بنے گا وہ ہے مہرباں اگر
جنگل ہو یا پہاڑ سفر ہو کہ ہو حضر | رہتا نہیں وہ حال سے بندے کے بیخبر
اُس کا کرم شریک اگر ہے تو غم نہیں | دامان دشت دامن مادر سے کم نہیں

برسات

یاد دلواتی ہے مینوشی فضا برسات کی | دل بڑھا جاتی ہے آ آ کر گھٹا برسات کی
بندھ گئی ہے رحمت حق سے ہوا برسات کی | نام کھلنے کا نہیں لیتی گھٹا برسات کی
اُگ رہا ہے ہر طرف سبزہ در و دیوار پر | انتہا گرمی کی ہے اور ابتدا برسات کی
دیکھنا سوکھی ہوئی شاخوں میں بھی جان آگئی | حق میں پودوں کے مسیحا ہے ہوا برسات کی
ہوں شریک بزم مے زاہد بھی توبہ توڑ کر | جھومتی قبلہ سے اُٹھی ہے گھٹا برسات کی
اصل تو یوں ہو کسی معشوق کا جب لطف ہے | چاندنی ہو رات کو دن کو گھٹا برسات کی
وہ پپیہوں کی صدائیں اور وہ موروں کا رقص | وہ ہوائے سرد اور کالی گھٹا برسات کی
پار اتر جائینگے بحر غم سے رند بادہ نوش | لے اُڑیگی کشتی مے کو ہوا برسات کی

خود بخود تازہ اُمنگیں جوش پر آنے لگیں	دل کو گرمانے لگی ٹھنڈی ہوا برسات کی
وہ دُعائیں میکشوں کی اور وہ لطفِ انتظار	ہائے کن نازوں سے چلتی ہے ہوا برسات کی
مَیں یہ سمجھا ابر کے رنگین ٹکڑے دیکھ کر	تخت پریوں کے اُڑا لائی ہوا برسات کی
ناز ہو جسکو بہارِ مصر و شام و روم پر	سرزمینِ ہند میں دیکھے فضا برسات کی

چمن

چمن منشی رنجیت سنگھ خلفِ منشی سردار سنگھ قوم کے ماتھر کایستھ دلّی محلہ چیزہ خانہ کے باشندے کوئی ۳۰ یا ۳۱ سالہ نوجوان ہیں۔ مولانا آسخ دہلوی سے آپ کو تلمذ ہے اور بہ سلسلۂ معاش دلّی کی مینونسپل کمیٹی میں جمعداری پر معمور ہیں۔ تھوڑا بہت شعر گوئی کا شوق بھی ہے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے ؎

حُسن پردے میں چھُپے کیا کہ نکلجاتی ہے	روشنی مہر کی بادل سے برابر باہر
عاشق رخِ صبیح نہ چاہِ ذقن کے ہیں	ہم تو فریفتہ ترے اِک بانکپن کے ہیں
بعدِ فنا بھی جوشِ جنوں کا اثر یہ ہے	ٹکڑے تمام اُڑے ہوئے اپنے کفن کے ہیں
تمھارا کون ہے شیدا کہ حسن والوں کا	کوئی تو چاہنے والا ضرور ہوتا ہے
بلبل کو روئے یار پہ گل کا خیال ہے	پروانے کی نگاہ میں شمع جمال ہے
عشقِ مژہ میں سانس بھی لینا محال ہے	تنکا بھی ہو اودھر سے اُدھر کیا مجال ہے
ذکرِ وصالِ غیر سے چڑتے ہو کس لیئے	سچ ہو کہ جھوٹ ہو یہ ہمارا خیال ہے
حورانِ خلد کھیلینگی جنّت میں ہولیاں	تیرے شہیدِ ناز کی مٹّی گلال ہے
یہ چھیڑ ہی نئی ہے کہ سینے پہ دھر کے ہاتھ	کہتے ہیں اِس میں اَور کسی کا خیال ہے
حورانِ خلد پہ جو مٹیں کیا غرض ہمیں	دلّی میں اے چمن کیا حسینوں کا کال ہے
یہ کہکر توڑ ڈالا اُس بت خود سر نے آئینہ	ہمارے رُخ سے ملتا ہے تمھارے دل سے ملتا ہے
سمجھکر سوچکر دل کو مٹانا یا درکھیئے گا	وہ دل جو دل سے لجائے بڑی مشکل سے ملتا ہے

آپنے ایک قطعۂ تاریخ بھی حضور قیصرۂ ہند کی وفات حسرت آیات کے متعلق کہا ہے

جو نذر ناظرین کیا جاتا ہے ٭

قطعہ

سچ تو یوں ہے ملکۂ وکٹوریہ بھی سدھارے چمن
آگئے حور و ملک بھی مرحبا کہتے ہوئے
چوم کر وکٹوریہ کے پاؤں ہاتف نے کہا

غیرتِ جمشید و صدر رشکِ سکندر ہوگئی
بھیڑ سی دروازۂ خلدِ بریں پر ہوگئی
قیصرِ ہندوستاں جنت کی قیصر ہوگئی
۱۹۰۱ء

چمن

چمن - منشی شادی لال صاحب ۱۸۸۸ء میں ایک رسالہ مسمیٰ بہ گلدستۂ شعرا شائع ہوتا تھا - اُس میں انکا کلام نظر سے گزرا - دیگر حالات ولدیت اور وطن مالوف کا پتہ باوجود تلاش ظاہر نہیں ہوا - کلام کا انتخاب درج ذیل ہے

مدت کے بعد مجھپہ جو فضلِ خدا ہوا
جو دل کہ دامِ زلفِ صنم سے رہا ہوا
گویا لحد پہ یار یہ بعد فنا ہوا
اُبھرا نہ بحرِ عشق کا ڈوبا کبھی چمن

پھر آشنا وہی بت نا آشنا ہوا
شادا اپنی مخلصی سے نہ وہ غمزدا ہوا
گھبرا کے جان عشق میں دیدی تو کیا ہوا
یہ امتحاں تو بیشتر و بار ہا ہوا

چناں

چناں - شیخ مزاح الدولہ خانصاحب لکھنوی - آپکے حالات باوجود کوشش کے کچھ معلوم نہیں ہوئے مگر کلام سے ظاہر ہے کہ ظرافت آپ کی طبیعت میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی صاحب دیوان ہیں آپکے دیوان کا انتخاب جو ۱۲۷۱ہجری میں مطبع اعجاز محمدی لکھنؤ میں چھپا ہے ہماری نظر سے گزرا - اُسی انتخاب سے چند شعر اخذ کر کے بطور نمونہ ہدیۂ ناظرین کیئے جاتے ہیں -

اثر تھا بارِ غمِ ہجرِ یارِ پُرفن کا
گلے میں ڈالا ہے میرے بھی عشق کا پٹّہ
دُھواں نکلتا ہے ہر بار ساتھ نالے کے
وہ آج قبر کو کھدوا کے لے گیا تختے
ہوا لیلیٰ! یہ ناداری سے عالم تیرے عریاں کا
ٹپکتی ہے ثقالت بھی سخن سے سرگرانی بھی

مرے پلنگ کا کھٹمل تُلا کئی من کا
کہ میں نے دیکھ لیا طوق تیری گردن کا
نہ کیوں گماں ہو دلِ سوختہ پہ انجن کا
نشاں مٹا گیا بے رحم میرے مدفن کا
کہ آخر اُسنے باندھا پھاڑ کر دامن بیاباں کا
کٹھل ہوں باغِ جنت کا دھتورا باغِ رضواں کا

دیکھنا پھر تو بجے گی دھیلے دھیلے عندلیب
اور انڈے مجھونج ہیں دو روز سیلے عندلیب

پہلے تھے آپ نہایت لاغر
ابتو مجھ سے کہیں طیار ہیں آپ

مجکو رکھ لیجئے دربانوں میں
حضرتِ عشق کی سرکار ہیں آپ

دیجئے ہاتھ سے اپنے نہ شراب
نہ کہے کوئی کہ کلوار ہیں آپ

خاک سنتے نہیں فریاد میری
آجکل صورتِ دیوار ہیں آپ

چھیلا کیا ہیں ناخنِ غم سے دل وجگر
بجتی رہی وہاں یہ ستاری تمام رات

سنتے ہیں بال کو کم کاٹتی ہے تیغ اصیل
اس سے ہم پھرتے ہیں اوڑھے ہوئے کمبل قاتل

تھا زمانہ کہ کبھی تیغ بکف رہتا تھا
ہاتھ میں ابتو لیئے پھرتا ہے موسل قاتل

تھک گئے ہیں بیٹھتے ہیں یارا ہم
کب سے بیٹھے ہیں پسِ دیوار ہم

قتل کا جو خوف تھا جاتا رہا
کل چرا لائے تری تلوار ہم

یہ مجنوں پوچھتا تھا ساربان سے
میاں یہ اونٹ لائے تم کہاں سے

بڑھا یہ خوف رعب جانجاں سے
مریضِ عشق تک آہستہ کھانسے

اے چناں وہ ابھی سن لیں تو نکالیں آنکھیں
گر کہوں آپکے بکرے سے غزال اچھا ہے

قتل کر کے بال نوچے اسنے یہ کہکر مرے
وہ سزائے عاشقی تھی اور یہ جرمانہ ہے

یہ قولِ قیس تھا گر ہوگا حسن وعشق میں جھگڑا
اسی جانب کوئیں ہونگا مری لیلی جدھر ہوگی

ح

حاتم

حاتم۔ شیخ ظہور الدین خلف فتح الدین ۱۱۱۱ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ لفظ ظہور ہی تاریخ ولادت ہے۔ خاص دہلی کے رہنے والے سپاہی پیشہ آدمی تھے۔ نواب عمدۃ الملک امیر خان صوبۂ الہ آباد کی رفاقت میں چند سال گزارے۔ آخر عمر میں تعلقات ظاہری سے کنارہ کشی کر لی تھی۔ نہایت متین اور مہذب بزرگ اور شعرائے طبقۂ دوم میں سربرآوردہ تھے۔ مرزا رفیع سودا ان کے شاگرد تھے اور ایسے شاگرد تھے جن پر اُستاد کو فخر تھا۔ اور اکثر اُنکے ذکر پر یہ مصرع پڑھا کرتے تھے ع رتبۂ شاگردی من نیست اُستادِ مرا سعادت یار خان رنگین۔ محمد امان نثار۔ تاباں۔ مکند رائے فارغ بھی اِنکے شاگردوں میں تھے۔ شاہ صاحب کے مزاج میں ظرافت بہت تھی۔ قلعۂ دہلی کے نیچے شاہ تسلیم ایک آزاد منش فقیر کا تکیہ تھا۔ وہاں اکثر نشست رہتی تھی۔ شاہ حاتم اپنے آخر زمانے میں اُردو زبان کی درستی کی طرف بھی متوجہ ہوئے تھے۔ اور بہت سے غیر مانوس اور غیر فصیح الفاظ ترک کر دیئے تھے۔ مگر افسوس ہے کہ اُنکے معاصرین نے اِس طرف کافی توجہ نہیں کی ورنہ اُسی زمانے میں اُردو کی موجودہ فصاحت کی بنیاد قائم ہو جاتی۔ اگرچہ شاہ حاتم نے بہت سے الفاظ ترک کیے۔ مگر دوسرے شعراء نے اُنکو نہ چھوڑا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک شخص کا محدود مگر مفید خیال زیادہ پھیلنے نہ پایا اور دوسرے لوگوں کی بے پروائی نے پُرانے اور نئے محاوروں کی تفریق نہ کی۔ اور الفاظ کو یہ آزادی اور وسعت دی کہ اُن کا اثر دوسری پشت تک قائم رہا۔ شاہ حاتم اپنے ترک کردہ الفاظ کی نسبت خود لکھتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے "خوشہ چینِ خرمنِ سخنورانِ عالم۔ بصورت محتاج و بمعنی حاتم۔ کہ از ۱۱۲۹ھ تا ۱۱۶۹ھ کہ چہل سال باشد۔ عمر دریں فن صرف کردہ۔ در شعر فارسی پیرو مرزا صائب و در ریختہ ولی را استاد میداند۔ اول کسیکہ دریں فن دیوان ترتیب نمودہ او بود

فقیر دیوان پیش از نادرشاہی در بلاد ہند مشہور دارد۔ بعد ترتیب آن تا امروز کہ سنہ ۳ عزیز الدین عالمگیر ثانی باشد ہر رطب و یابس کہ از زبان این بے زبان بر آمدہ داخل دیوان قدیم نمودہ کلیات مرتب ساختہ۔ از ہر ردیف دو سہ غزلے و از ہر غزل دو سہ بیتے و رائے مناقب و مرثیہ۔ و چند مخمس و مثنوی از دیوان قدیم نیز داخل نمودہ بہ "دیوان زادہ" مخاطب ساختہ۔ و سرخی غزلیات بسہ قسم منقسم ساختہ۔ یکے طرحی۔ دوم فرمایشی۔ سوم جوابی۔ تا تفریق آن معلوم گردد۔ و معاصرین فقیر۔ شاہ مبارک آبرو۔ و شرف الدین مضمون۔ و میرزا جانجانان مظہر۔ و شیخ احسن اللہ احسن۔ و میرزا شاکر ناجی۔ و غلام مصطفی یکرنگ ست و لفظ دَر و بَر و از و الفاظ و افعال دیگر کہ در دیوان قدیم خود تقید دارد۔ درین ولا ازدہ دوازدہ سال اکثر الفاظ را از نظر انداختہ۔ و الفاظ عربی و فارسی کہ قریب الفہم و کثیر الاستعمال باشند و روزمرۂ دہلی کہ مرزایانِ ہند و فصیحانِ رند در محاورہ آرند منظور دارد۔ زبانِ ہندی بھاکا راموقوف کردہ محض روزمرہ کہ عام فہم و خاص پسند باشد اختیار نمود۔ و شمۂ ازان الفاظ کہ تقید دارد بیان می آرد چنانچہ عربی و فارسی مثلاً تسبیح را تسبی و صحیح را صحی و بیگانہ را بگانہ و دیوانہ را دوانہ و مانند آن۔ یا متحرک را ساکن و ساکن را متحرک۔ مَرَض را مَرْض۔ و نیز الفاظ ہندی مثل نَین و جگ و نِت وغیرہ یا اُدھر را اودھر و کدھر را کیدھر کہ زیادتی حرف باشد۔ یا بجاے پر۔ پہ یا یہاں رایاں و وہاں راواں کہ در مخرج تنگ بود یا قافیہ را باڑا رہندی مثل گھوڑا و پورا و دھڑ و سر و مانند آن۔ مگر ہلئے ہوز را بدل کردن بالف کہ از عام تا خاص در محاورہ دارند بندہ درین امر بتابعت جمہور مجبور است۔ چنانچہ بندہ را بندا و پردہ را پردا و آنچہ ازین قبیل باشد۔ و این قاعدہ را تاکسے شرح دہد مختصر کہ لفظے غیر فصیح انشاء اللہ نخواہد بود۔" اس عبارت کے پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو خیال ناسخ و آتش یا ذوق و مومن کے وقت میں پیدا ہوا تھا اس کی ابتدا ایک صدی پیشتر ہو چکی تھی۔ فرق صرف اتنا ہی ہے کہ آخر خیال قائم ہونے کے بعد عام و خاص

سب میں اُسکی پابندی اور لحاظ کیا گیا۔ اور بے چارے شاہ حاتم کی بات اُن کے مُنہ اور زبانِ قلم سے نکل کر دیوانِ زادہ تک محدود رہی۔ بہرحال اصلاح زبان کے خیال کرنے والوں میں پہلا نمبر شاہ حاتم کا ہے۔ دو تین اُردو کے اور ایک فارسی دیوان اِن سے یادگار رہے۔ مضمون اِن کے صاف عاشقانہ عارفانہ ہیں۔ شعر آپس کی باتیں۔ زبان شستہ ورفتہ۔ البتہ زبان کی ابتدائی حالت ہونے کے سبب زائد الفاظ مثل اب اور یہاں کے اکثر آجاتے ہیں۔ شاہ حاتم نے اپنے دیوان کے دیباچے میں اپنے شاگردوں کی فہرست لکھی ہے ۴۵ ناموں میں سب کے سرتاج مرزا رفیع السودا ہیں۔ ۹۶ برس دنیا کی ہوا کھا کر ماہ رمضان ۱۲۰۷ھ ہجری کو دہلی میں انتقال کیا اور وہیں دلّی دروازے کے باہر دفن ہوئے۔ مگر مصحفی کا قول ہے کہ ۸۳ برس کی عمر پاکر ۱۱۹۶ھ ہجری میں فوت ہوئے۔ بہرحال اب اُن کے کلام کا انتخاب درج کیا جاتا ہے +

مثالِ بحر موجیں مارتا ہے
تُو نہیں تو کنجِ تنہائی میں ہے

کیا ہے جسنے اِس جگ سے کنارا
بوریہ کا نقش ہم پہلو مرا

شورِ دریا تک ملاحت کا تری پہنچا ہی شور
بے نمک آگے ترے لب کے نمکداں ہوگیا

فیض صحبت کا تری حاتم عیاں ہے ہند میں
طفلِ مکتب تھا سو عالم بیچ تابان ہوگیا

کعبۂ و دیر میں حاتم بجز اعتبرِ خدا
کوئی کافر نہ کوئی ہم نے مسلماں دیکھا

فقیروں سے سُنا ہے ہم نے حاتم
مزا جینے کا مرجانے میں دیکھا

ہجر کی زندگی سے موت بھلی
کہ جسے سب کہیں وصال ہوا

مسافر اُٹھ تجھے چلنا ہے منزل
بجے ہے کُوچ کا ہر دم نقارا

آبِ حیات جا کے کسی نے پیا تو کیا
مانند خضر جگ میں اکیلا جیا تو کیا

نے حسرتِ گلگشت نہ پرواز کی طاقت
صدقے میں ترے کیا مجھے آزاد کریگا

جسکو دیکھا سو یہاں دشمنِ جاں ہے اپنا
دل کو جانے تھے ہم اپنا سو کہاں ہے اپنا

حاتم بیکس کا تجھ بن کون ہے؟ — کون ہووے جو نہووے تُو مرا
قاصد کی زباں سے اُسکے آ گئے — پیغام و سلام کچھ نہ نکلا

اُسکے قدموں سے لگی رہتی ہو دن رات حنا — خوب دنیا میں بسر کرتی ہے اوقات حنا
حاتم عجیب رسم ہے اقلیم عشق کی — پاؤں کے ہاتھ لگتے گنہ گار ہو گیا
ہاتھ مت کھینچ جنوں تجکو مرے سر کی قسم — ایک جب تک بھی رہے تار گریباں کے بیچ
زلف و چشم و خال و خط چاروں ہیں دشمن جان کے — حق رکھے ایمان سلامت ایسے کفرستان کے بیچ
ایک دن ہاتھ لگایا تھا ترے دامن کو — ابتلک سر ہے خجالت سے گریبان کے بیچ
حاتم جہاں کو جان کے فانی خدا کو چاہ — اللہ بس ہے اور یہ باقی ہے سب ہوس
کسیکو آپ سے گر آشنا کرے معشوق — تو پہلے اُسکو سبھوں سے جدا کرے معشوق
ہم سے ہو زر و سیم کی تدبیر سو کیا خاک — دنیا میں بڑی چیز ہے اکسیر سو کیا؟ خاک
اتنی بھی آسماں نے فرصت کبھی نہ دی ہائے — جو بیٹھ کر نکالیں دل کا غبار ہم تم

رباعی

ان سیمبروں کے ساتھ سونا معلوم؟ — قسمت میں لکھی ہے خاک سونا معلوم؟
حاتم افسوس! دی و امروز گزشت — فردا کی رہی اُمید سونا معلوم؟

تو اذیت پیشہ دشمن ہے بغل میں دل نہیں — دُور ہو پہلو سے صحبت کے مری قابل نہیں
تمہارے غنچۂ لب کے شوق میں گلشن کی سب کلیاں — چمن میں سن خبر آنے کی استقبال کو چلیاں
زلفوں کے بل بنانا آنکھیں چرا کے چلنا — کیا کج ادائیاں ہیں کیا کم نگاہیاں ہیں

تم تو بیٹھے ہوئے یہ آفت ہو — اُٹھ کھڑے ہو تو کیا قیامت ہو
مفلسی اور مزاج اسے حاتم — کیا قیامت کرے جو دولت ہو
آتا ہے اب نشے کیطرف جی کبھو کبھو — ساقی نگاہ مست ادھر بھی کبھو کبھو

کعبہ و دیر میں اے شیخ تفاوت کیا ہے — دونوں ان گھر کا وہی ایک ہے صاحب خانہ
حسن اور عشق ترے فیض قدم کے صدقے — دونوں آباد ہیں ہم گلشن و ہم ویرانہ

دو چار اب تجھسے کیونکر ہوتی ہم چشمی کے دعوے سے
کہ نرگس کی چمن میں دیکھکر گردن ڈھلکتی ہے

کہتے ہیں سبھی مہر بتاں خوب نہیں ہے
سنتا ہی نہیں یہ دل گمراہ کسیکی

بیخود اس دور میں ہیں سب حاتم
ان دنوں کیا شراب سستی ہے

کیوں سب سے تجھے چھپا نہ رکھوں
جان ہے۔ دل ہے۔ دل کا انتر ہے

کاملوں کا یہ سخن مدت سوں مجکو یاد ہے
جگ ہوں بے محبوب جینا زندگی برباد ہے

بے مدد زلفوں کی اُسکے حسن نے قید کیا
صید دل بے دام کرنا صنعت استاد ہے

ملک دل آباد کیوں کرتا ہے حاتم کا خراب
اے مری بستی خوش آتی ہے تجھے ویرانگی

ہر صبح اُٹھ بتوں سے مجھے رام رام ہے
زاہد تری نماز کو میرا سلام ہے

اُس آئینہ طلعت کی اب ہم سے یہ صورت ہے
ظاہر میں صفائی ہے باطن میں کدورت ہے

لام نستعلیق کا ہے اُس بتِ کافر کی زلف
ہم تو کافر ہوں اگر تابع نہوں اسلام کے

ہیں ناتوان ہوا اسقدر کہ مدت سے
نہ لب سے نالہ۔ نہ سینے سے آہ نکلے ہے

زبانِ خلق بھی حاتم عجب تماشا ہے
جدھر وہ نکلے اُدھر واہ واہ نکلے ہے

کروں قربان جی کو اُس گھڑی اُسوقت اُس پل کے
کہ جسدن۔ جس گھڑی تو آ کر آوے میرے گھر چلکے

حاتم۔ نواب محمد حاتم علیخان انعام دار موضع آمیر و کن۔ فن سخن میں آپ کو مولنا نادر علی برتر سے تلمذ ہے۔ نمونۂ کلام یہ ہے *

بزم عدو میں مجھ سے ملاتے نہیں نظر
انجاں یوں ہیں جیسے نہ تھا آشنا کبھی

کچھ بھی علاج وحشتِ خاطر نہ ہو سکا
آئی شمیمِ زلف نہ بادِ صبا کبھی

حاتم سے آج ہو گئے ناآشنا تو کیا
وہ بھی تمھارے چاہنے والوں میں تھا کبھی

حاذق۔ اُستاد الخاقان مقرب السلطان عالیجناب نواب آغا مرزا بیگ خان دہلوی المخاطب بہ نواب سرور جنگ سرور الملک بہادر۔ آپ کو نواب اسد اللہ خان غالب مرحوم سے قرابتِ قریبہ حاصل ہے۔ صغر سنی میں آپ حضرت غالب کے بھانجے ڈپٹی

مرزا عباس بیگ کے پاس لکھنؤ چلے گئے اور انھیں کی زیر نگرانی تعلیم و تربیت پائی۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نواب سرسالار جنگ بہادر اول کے عہد میں دکن پہنچے اور حضور نظام حال کے اُردو اتالیق مقرر ہوئے اور اس تعلق سے آیندہ مدارج اعلیٰ اور کامیابی کی بنیاد پڑی سنہ ۱۸۸۴ء میں جب بندگان عالی با اختیار ہوئے آپ کو خطاب و مناصب سے سرفراز فرمایا اور عہدہ پیشی (سکرٹری) یعنی مقرب ذاتی اعلیحضرت پر ممتاز ہوئے۔ چنانچہ تیرہ سال کامل خلوت و جلوت میں حضرت کے ہمراز و دمساز رہے سنہ ۱۸۹۸ء میں مسٹر پلوڈن رزیڈنٹ سے ناچاقی کے سبب مستعفی ہونا پڑا۔ کچھ دن دہلی۔ علیگڈھ اور شملہ میں رہے اب چند سال سے اجمیر میں بود و باش رکھتے ہیں۔ اِنکے صاحبزادے نواب ذوالقدر جنگ بیرسٹر حیدرآباد میں ایک معزز عہدہ پر ممتاز ہیں۔ اِس وقت آپکی عمر ۶۰ برس کے قریب ہے اُردو شعر گوئی کا بھی شوق ہے کبھی کبھی تفنناً اس طرف بھی توجہ ہو جاتی ہے۔ باایں ہمہ طبیعت میں روانی اِس بلا کی ہے کہ دقیق مضامین پر بے تکلف عبور کرتے چلے جاتے ہیں۔ بندش نشست الفاظ۔ مصرعوں کی چپیدگی۔ ردیف کا اچھے پہلو کے ساتھ چسپاں جانا۔ یہ ساری باتیں اِنکے کلام میں موجود ہیں۔ راقم تذکرہ کو آپ کی خدمت میں سنہ ۱۸۹۷ء کو بمقام شملہ نیاز حاصل ہوا تھا۔ آپکی بھتیجی راجہ صاحب ناناپارہ مرحوم کی اہلیہ ہیں اور صاحبزادی نواب سربلند جنگ جج ہائیکورٹ نظام سے منسوب ہیں۔ نواب سرور جنگ کو اب بھی مع لواحقین ہزار روپیہ ماہوار کے قریب ریاست و صیغۂ صرف خاص سے ملتا ہے۔ علاوہ ازیں مختلف مقامات میں بیش قیمت جائداد آپکی پیدا کردہ ہے ؎

رہا ہے رشکِ کعبہ یہ دلِ اندوہگیں برسوں　　رہی ہے صورتِ زیبا کسی کی دلنشیں برسوں

یہ اپنے نام کی تاثیر ہے مجھسے شکایت کیا　　چڑھی ہے جب سے غصے میں اُنکی آستیں برسوں

لگی جب آگ سینے میں تو ہم سمجھے خطا اپنی　　کہ نکلا مہروش سمجھے تھے جسکو مہ جبیں برسوں

ہوئیں مشہور اب شہباز اور آشوب عالم میں　　وہ آنکھیں جو رہیں موسوم چشم سرمگیں برسوں

بہت ہے قدردانِ شاہِ دکن حاذق چلو جلدی
عبث بیٹھے رہے تم گھر میں مغموم و حزیں ہو کر

نہیں حیدر آباد دہلی سے کچھ کم
یہاں بھی ہیں جادو بیاں کیسے کیسے

ہمسے ملا کرو ہمیں دلبر بتائینگے
غیروں سے مت ملو وہ ستمگر بنائینگے

سُرمے سے وہ بھوؤں کو ملاتے ہیں لو غضب
دو نیمچوں کا ایک وہ خنجر بنائینگے

دل کے پھپولے پھوڑینگے یوں ٹھیک کر کے لگ
تصویر ہم رقیب کی بے سر بنائینگے

چڑھ چکا ہے زاہدایاں نشۂ جامِ الست
چھیڑ مت ظالم ہمیں مستانہ خواب آنیکو ہے

اکتسابِ بیخودی از چشمِ مستِ نازنیں
محفلِ رنداں میں ساقی بیحجاب آنیکو ہے

پھر کیا ہے میرے ساقی نے درِ میخانہ باز
لو میاں گردش میں پھر جامِ شراب آنیکو ہے

پھر سُلگ اُٹھا جگر آہوں کی پھر چھائی گھٹا
بر سرِ طوفان پھر چشمِ پُر آب آنیکو ہے

یہ ستم برپا کیا تیری نگاہِ شوق نے
حاذق ہشیار پھر اُنکو حجاب آنیکو ہے

قطعہ

مگر تو نے بھی اے بُتِ سامری فن
خدا کی قسم کیا ہی دھوکا دیا ہے

وہ دل جسپہ تھے مجکو سو ناز ظالم
اُسے تو نے کیسا نکمّا کیا ہے

یہ دل ہے وہ دل لاڈلا اک جہاں کا
یہ دل ناز و نعمت کا پالا ہوا ہے

یہ دل نورِ چشمِ حسینانِ عالم
یہ دل جلوہ گاہِ بتِ خود نما ہے

یہ دل کاشفِ رازِ مطلوب و طالب
مرا مدّعی ہے ترا مدّعا ہے

یہ دل مایۂ فخرِ صاحبدلاں تھا
جسے تُو نے وقفِ کلیسا کیا ہے

کھلونا نہیں ہے جو کھیلو گے اِس سے
مری جان یہ دل ہے جو تمنے لیا ہے

تجھے ہم تو سمجھے تھے ہشیار حاذق
ترے دل کا جانا اچنبھا ہوا ہے

حاذق

حاذق - غلام حضرت خانصاحب خلف الصدق جناب غلام حسین خانصاحب از اولاد اخوند بیاض خان افغان حنفی المذہب عمر تقریبًا چالیس ۴۰ سال کی ہے - المورڑے کے رامسے کالج میں عربی و فارسی زبان کے پروفیسر ہیں - حاذق صاحب کی عمر تقریبًا ۲۵ سال کی

تھی جب آپکے والد ماجد کا انتقال ہوا۔ کوئی ذریعۂ معاش نہ تھا اور بارِ علائق بہت تھا تحصیل و تکمیل علوم و فنون ضرور ریاست رامپور میں اپنے والد کی حیات میں کر چکے تھے۔ چونکہ فطرۃً علم دوست واقعہ ہوئے تھے شوق برابر افزونی پر تھا۔ فکرِ تحصیل معاش سے جو وقت بچ رہتا تھا اُس میں ہمیشہ باکمالوں کی خدمت میں حاضر رہتے تھے۔ سن طفلی سے موزوں طبع تھے اوائل میں مختلف اُستادوں کو اپنا کلام دکھایا۔ لیکن طبیعت کسی باکمال اُستاد کی جویا تھی۔ بالآخر عالیجناب منشی امیر اللہ صاحب تسلیم لکھنوی مدظلہ مقیم رامپور سے استفادۂ سخن کرنے لگے۔ کلام نہایت پاکیزہ اور عیوبِ شاعری سے مبرّا ہے۔ فارسی اُردو دونوں زبانوں میں شعر کہتے ہیں۔ جملہ اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ فارسی نثر میں ایک رسالہ موسوم بہ سحرِ حلال بصنعتِ غیر منقوطہ آپکی تصنیف سے شائع ہو چکا ہے۔ ایک مسدس مسمّٰی بہ "لمعات الصواعق" مسلمانوں کے تنزل پر لکھ کر شائع کر چکے ہیں۔ کلام کا نمونہ ہدیۂ ناظرین ہے

درد کرتا تھا مرے پہلو میں رہ رہ کے خلش
ہاتھ رکھنے سے کسی کے آج کچھ کم ہوگیا

خامشی اُس کم سخن کی ذکرِ اعدا سے گئی
غیر کا شکوہ مجھے اکسیرِ اعظم ہوگیا

تذکرہ وصلِ عدو کا میرے آگے ہائے ہائے
اور بھی دردِ نہایت کے لیئے سم ہوگیا

تیری کیفیت ہے کیا۔ کیسا ہے دل کیا حال ہے
پوچھنا ہے اُن کا زخمِ دل کو مرہم ہوگیا

کس طرح ٹوٹیں۔ نہیں بلبل کے بس کی تیلیاں
آہنی صیاد نے کی ہیں قفس کی تیلیاں

قیدِ ہستی میں کڑی سہتا ہوں اس اُمید پر
مرگ کھولیگی کبھی میرے قفس کی تیلیاں

اہلِ دانش جھیلتے ہیں دہر میں قیدِ شدید
آہنی ہوتی ہیں طوطی کے قفس کی تیلیاں

دیکھئے کب ہو رہا تن کے قفس سے مرغِ روح
ٹوٹیں کسدن دیکھئے تارِ نفس کی تیلیاں

نہا دھو کے بتانِ خوش ادا جسدم نکھرتے ہیں
بشر کیا حور و غلمان بانکپن پر اُنکے مرتے ہیں

غضب کے شوخ فقرے ہیں کہ نقشہ کھینچ دیتے ہیں
دمِ تقریر منفرض زباں سے گل کترتے ہیں

اُٹھا کر ہاتھ وہ میری طرف غیروں سے کہتے ہیں
خدا کی شان یہ بھی دم مری اُلفت کا بھرتے ہیں

وہ کمسن ہیں اُنھیں مشقِ جفا کو چاہیے مدت	ابھی تو نام سُنکر خنجر و پیکاں کا ڈرتے ہیں
کیا زندگی ہے عشق کا جب سلسلا نہو	عاشق نہ ہو کسی پہ فدا نہ ہو
دریا کی موج شرم سے کیوں آب آب ہے	ساحل پہ اس نے آبی ڈوپٹہ چنا نہو
رُک رُک کے دیکھتے ہیں وہ اپنا خرام ناز	پھر پھر کے دیکھتے ہیں کوئی دیکھتا نہو
وہ تخلیہ ہو جسمیں نہ آئے خیالِ غیر	اِک تم ہو ایک میں ہوں کوئی دوسرا نہو
حاذق سخن کا لطف ہے پیشِ سخن شناس	اُسکو سُنائیں کیا جو اُسے جانتا نہو
قدر دلجو کہ چشمِ دلستاں سے	پیا ہو دیکھئے محشر کہاں سے
تمھاری پیاری باتوں کا ہوں مشتاق	کہو کچھ تو لبِ معجز بیاں سے
دلِ مضطر کی بیتابی کا عالم	کہوں کس طرح میں اور کس زبان سے
خیالِ عارضِ گلرنگِ ساقی	نہیں کچھ کم شرابِ ارغواں سے
عدو کے سامنے کہتے ہیں مجھ سے	بس اب تشریف لیجاؤ یہاں سے

حاذق - جناب منشی محمد فخر الدین برہانپوری تلمیذ حضرت بقا غازی پوری - زمانۂ حال کے شعرا میں ہیں اور اس طرح طبع آزمائی کرتے ہیں -

زاہد و تم کو ہے جس باغِ جناں کی خواہش	ہمکو دنیا میں ملا کوچۂ جاناں ہوکر
دیکھ پائیں جو ترے مصحفِ رُخ کو کافر	سب لگیں پڑھنے ترا کلمہ مسلمان ہوکر
ابر اُٹھا ہے بہار آئی ہے میخانوں میں	مئے گلرنگ بھری جاتی ہے پیمانوں میں
شیخ اِتسبیح نہیں ہاتھ سے چھوٹی دم بھر	کیا خدا تیرا ہے نادان انھیں دانوں میں
اے خدا تیرا ہی جلوہ ہے بتوں سے ظاہر	تیری ہی شان نظر آتی ہے بتخانوں میں
جان دینے کے لیئے لوٹتے ہیں ایک پہ ایک	شمع وہ آگ لگا دیتی ہے پروانوں میں
شیخ و واعظ کا بُرا حشر ہو لے داورِ حشر	کہیں چُھپ چُھپ کے نہ ملجائیں یہ میخواروں میں
پلاؤ حضرت حاذق کو ملے رند تو ہم جانیں	خدا والے ہیں میخانے سے بچ بچ کر نکلتے ہیں

حافظ

حافظ- کریم الدین صدیقی از نبیرۂ شاہ محمد اعظم قدس سرہ متوطن قصبۂ پھڑاؤں۔

ہے صحبت ناقص سے زیاں اہل صفا کو
موتی کا سدا رشتے سے سوراخ جگر ہے
کیا پوچھو ہو احوال کو حافظ کے کہ یارو!
اُس کا تو کچھ احوال ہر ایک لحظہ بتر ہے

حافظ

حافظ- منشی سید ممتاز علی صاحب خلفِ میر اعجاز علی ۱۲۷۸ھ سالِ پیدائیش ہے ذہن رسا کی اعانت سے اپنا سلسلۂ نسب اوری و پدری حضرت آدم تک نکالا ہے۔ پچیس روپیہ مشاہرہ پر عہدۂ روبکاری نائب دوم بھوپال پر مامور ہیں۔ منشی فدا علی فارغ و گرم تخلص کے شاگرد ہیں۔ تذکرۂ آثار الشعرا و تاریخ بھوپال انکی تصنیف سے ہیں۔ اِس تذکرہ میں اپنے اشعار کا انتخاب پچپن صفحوں پر درج کیا ہے۔ طبیعت کا رنگ اِن چند شعروں سے ظاہر ہے۔

چشم سرشار میں کیا سحر بھرا ہے تیری
لینا اے ساقی گلرو مجھے چکر آیا
تصوّر اس میں رہتا ہے شب و روز
ہمارا قلب ہے مسکن کسیکا

قطعہ

کیوں ڈراتے ہو مجھے یارو کہ کرتی ہے ضرر
آبجیواں سے سمجھتا ہوں میں ادنی تر شراب
کیونکہ ہے اِس کا نتیجہ رنج و فکر دائمی
اور ہے عیش و سرورِ تازہ کا جوہر شراب

اشکوں نے نکل کر کیا ابراز محبت
لڑکے تھے چھپایا نہ گیا رازِ محبت

الماس کی نہ دُر کی۔ نہ گوہر کی احتیاج
ہے خاکِ آستانۂ دلبر کی احتیاج
پہنچے ہم کوئے یار تک لیکن
کیا بتائیں کہاں کہاں ہو کر

حافظ

حافظ- حافظ خلیل الدین حسن ساکن پیلی بھیت خواہر زادہ حضرت قاضی محمد ممتاز حسن صاحب ممتاز۔ آپ کو تلمذ بھی غالباً اُنھیں سے رہا ہے۔ حال باوجود تلاش صرف اسقدر معلوم ہوا کہ ۱۸۶۷ء میں حیات تھے ؛

وہ میں۔ وہ ننگے پاؤں وہ چھالے وہ بن کہاں؟
چُھبتا ہوا وہ دل میں ہر اک خار کیا ہُوا!
حافظ ہے یاد کچھ تجھے روزِ الست کی
مردِ خدا وہ عہد و اقرار کیا ہوا؟
مے سے خالی جو کبھی سامنے ساغر آیا
دل مرا شیشۂ صہبا کی طرح بھر آیا

دفن ہونے دے یہیں میرا جنازہ واللہ ! تیرے کوچے تلک لے یار میں مرکر آیا

جان دینے میں وہ آرام ہے اللہ اللہ خواب اِک بات میں مجکو تہِ خنجر آیا

پردہ پوشی کی صفت ہے یار کی تلوار میں جسمِ عریاں چھپ گیا سب زخمِ دامندار میں

نام پر دولت کے مرتے ہیں بخیلاں جہاں شیرۂ جاں ڈالتے ہیں شربتِ دینار میں

ملتے ہی تارِ نظر کے عمر کا رشتہ کٹا سچ تو یوں ہے تیغ کا ڈورا ہے چشمِ یار میں

رشتۂ اُلفت کا بلا سے میری ٹوٹے کہ رہے
میں بھی کھچتا ہوں جو کھچنے پہ وہ دلدار آیا

حافظ

حافظ۔ تاجر نامور حافظ شیخ بخش الٰہی صاحب رئیس دہلی و تاجر کلکتہ۔ آپ شیخ احسان اللہ دہلوی تاجرِ کلکتہ و مالکِ "اخبار دار السلطنت" کے فرزند رشید ہیں۔ اپنی اُولوالعزمی اور تاجرانہ قابلیت کیوجہ سے اپنے ہمعصر تاجروں میں ممتاز ہیں۔ یونتو ہر قسم کی سوداگری آپکے کارخانے میں ہوتی ہے مگر سگرٹ کی فروخت کا بہت اعلیٰ پیمانہ پر انتظام ہے۔ دہلی اور کلکتہ میں آپکا بڑا رسوخ اور اچھی شہرت حاصل ہے۔ کلکتہ میں آپنے اہلِ اسلام کی رہایش کے لیئے ایک عالیشان مسافرخانہ تعمیر کیا ہے۔ اب ۵۵ برس کے قریب عمر ہے۔ کچھ کلام نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے۔

میں نمانوں گا کبھی تیری نصیحت ایسی زاہدا کرتا ہے تو مجھ سے یہ تقریر عبث

دیکھ تصویر مصوّر سے یہ بولا وہ شوخ نہ ملے جو مری صورت سے وہ تصویر عبث

از رہِ فخر یہ کہتے ہیں تجارت پیشہ کیمیا بھی ہے عبث اور ہے اکسیر عبث

قتلِ عاشق کو فقط ترچھی نظر ہے کافی تیر و پیکاں ہیں عبث خنجر و شمشیر عبث

حافظ

حافظ۔ حافظ عبد الصمد صاحب شاگرد خواجہ میر تقی خانصاحب بہادر بقا لکھنوی۔

خانۂ دل میں تصوّرِ غیر کا آنے نہ دے پاسباں کس واسطے ہے دیدۂ بیدار کا

کام کس دن آئیگی معجز نمائی بس ترے اے مسیحا دم ہے آنکھوں میں ترے بیمار کا

حافظ

حافظ۔ شیخ حافظ عبد الرزاق دہلوی۔ نواب سعید الدین احمد خان صاحب طالب دہلوی کے شاگرد رشید ہیں۔ تاریخ گوئی میں آپ کو اچھا ملکہ حاصل ہے اور اس فن سے اچھے

ماہر ہیں۔ زبان اور نشستِ الفاظ خوب ہے۔ ابتدائے مشق کا کلام نظر سے گزرا اُسکا انتخاب حاضر ہے +

ضبطِ اسرارِ نہانِ عشق اور ظرفِ بشر	بحرِ طوفان خیز اور کوزہ کے اندر رکھدیا
ہمنے کی لختِ جگر سے میہمانی عشق کی	آگے حضرت کے جو تھا ہمکو میسر رکھدیا
سجدہ گاہِ سرکشانِ دہر ہے یہ آستان	تیرے در پر آکے ہر مغرور نے سر رکھدیا
اُسکے آنے کی خبر تھی کہ اجل آپہنچی	شوقِ نظارہ کا ارمان نکلنے نہ دیا
بخت برگشتہ گر نہ ہو جائے	یاریوں بے خبر نہ ہو جائے

حافظ

حافظ۔ حافظ میاں خورسند محمد خانصاحب از خوانین بھوپال۔ آپ میاں ارجمند محمد خان سلیم کے چھوٹے بھائی ہیں۔ اِس فن میں منشی عبدالعزیز اعجاز رقم کے شاگرد ہیں ۲۷۔۲۸ برس کی عمر ہے اور یہ کلام کا رنگ ہے۔

دلا بے راہ ہم سے ہو نہ جانا	کہیں غیروں کی باتوں میں نہ آنا
نگاہِ ناز اُنکی کہہ رہی ہے	مرا خالی نہیں جاتا نشانا
گم گشتہ ز خود دل ہے مرا روزِ ازل سے	اے بیخبری مجھکو ہوئی ہائے خبر آج

حافظ

حافظ۔ حافظ فدا احمد مجددی۔ شاگرد حضرت داغ دہلوی۔ آپ رامپور کے رہنے والے اور موزوں طبع لوگوں میں ہیں زیادہ حال معلوم نہیں۔ یہ اُنکے اشعار ہیں +

وہ جھلک دور سے اپنی جو دکھا دیتے ہیں	ایک پُتلا مجھے حیرت کا بنا دیتے ہیں
کم ہو عشق ہمارا کبھی تیرے دل سے	کبھی دیتے ہیں تو یہ مجھکو دعا دیتے ہیں
کیا اور کوئی روزِ جزا ہوگا اسکے بعد	سہتے ہو تم جو حشر میں شکوا یہاں نہیں
طوف کرتے ہیں سینکڑوں عاشق	کعبہ اُس بت کا گھر نہ ہو جائے

حافظ

حافظ۔ منشی ظہور احمد نام۔ سرادل ضلع میرٹھ کے رہنے والے ہیں اور نواب فصیح الملک مرزا داغ مرحوم کے شاگرد۔ شعر خاصہ کہہ لیتے ہیں۔ چند شعر حاضر کیے جاتے ہیں +

تمھاری باتیں تو بیشک ہیں پیار کے قابل
تمھارے قول نہیں اعتبار کے قابل

بچایا کثرتِ عصیاں نے مجکو دوزخ سے
مرے گناہ نہ ٹھیرے شمار کے قابل

نہ بھول اے دلِ ناداں تو اُنکی باتوں پر
جنوں کی چاہ نہیں اعتبار کے قابل

اب جستجو ہے چرخ کو مٹ جائے نام تک
ہم مِٹ گئے تو کیا ہوا جھگڑا مٹا نہیں

ہیں بیحساب جُرم الٰہی تو کیا ہُوا
اندازۂ کرم سے تو تیرے سوا نہیں

چاہیئے فرق نہ آجائے مسیحائی میں
آپکے سامنے دم میرا نکلجانے سے

حافظ - محمد محب اللہ معروف بہ منشی حافظ عبد الرحمن باشندۂ مرادآباد - اوائل سنِ شعور سے مزاج میں آزادی زیادہ رہی اور اکثر سیر و سیاحت کا اتفاق رہا - شدہ شدہ قصبۂ راسین متعلق ریاستِ بھوپال میں حافظ محمد اسحاق خاں فرخ آبادی ناظم ضلع مشرقی کے پاس پہنچ گئے اور کچھ یوم اُنکے پاس رہے - اور اطمینانِ خاطر بہم پہنچا کر اپنا کلام مرتب کرکے ۷ جزو میں ۱۳۱۵ھ میں شائع کردیا - اب دیوان کا لب لباب ملاحظہ ہو - کچھ قصائد بھی اپنے ممدوح کی تعریف میں لکھے ہیں - بظاہر کوئی بات قابلِ ذکر آپکے کلام میں نہیں پائی جاتی -

دل اہلِ دل کا کعبہ سے رتبہ میں کم نہیں
یہ خاص گھر خدا کا ہے وہ گھر خلیل کا

دنیا ہے روز ریخ نئے گردشیں نئی
اے چرخ کج شعار ترا ہمنے کیا کیا

ہے جلوہ دیر و کعبہ میں اُسی محبوب کا حافظ
نزاعِ باہمی ناحق ہے یہ شیخ و برہمن میں

چرچے تمھارے حُسن کے نزدیک دور ہیں
شیدا ترے جمال کے انسان و حور ہیں

نہیں خوفِ محشر کی سختی کا ہمکو
محبت کے صدمے اُٹھائے ہوئے ہیں

آمد ہے گل کی ہونگے دیوانے پھر اسیر
حافظ دُور دور سے بُلوائے جاتے ہیں

خونِ دل ہے شراب سینہ کباب
حضرتِ غم کی میہمانی ہے

ایجاں یہی ہے شرطِ مروت کہ تجھپہ ہم
جانِ حزیں فدا کریں اور تُو جفا کرے

حالی - اعجاز بیانِ سعدیِ ہندوستان - سخن سنج و سخن فہم - بیعدیل و لنظیر شمس العلماء

خواجہ الطاف حسین صاحب حالی سلمہ اللہ القدیر- آپکے والد خواجہ ایزد بخش پانی پت ضلع
کرنال کے باشندے تھے- چنانچہ وہیں ۱۸۳۷ء کے قریب آپ کی ولادت ہوئی- مگر نوعمری
کے زمانے سے اکثر دہلی میں رہے- اور عنفوانِ شباب ہی میں نواب مصطفےٰ خان شیفتہ
رئیس جہانگیر آباد کے صاحبزادوں کی تعلیم آپکے سپرد ہوئی- اس زمانے میں جو کچھ کہا
اُس میں نواب صاحب مذکور الصدر سے اصلاح لی- اِسی تعلق سے آپ کو مفتی صدر الدین خاں
آزردہ- نواب ضیاء الدین خاں نیّر و رخشاں اور حضرت غالب مرحوم کی خدمت میں باریابی کے
اکثر موقعے ملتے رہے- آپ دہلی کے اُن معرکۃ الآرا مشاعروں میں شریک ہوئے
ہیں- جنکے دیکھنے والے بھی اب مفقود ہوئے جاتے ہیں- آپنے مرزا غالب کو دیوان عام
دہلی کے شاہی مشاعروں میں فارسی اور اُردو دونوں زبانوں میں غزل پڑھتے سُنا ہے
کچھ عرصہ حضرتِ شیفتہ سے اصلاح لینے کے بعد آپ حضرت غالب کے حلقۂ تلمذ میں
داخل ہوئے- مہینوں نہیں بلکہ برسوں مرزائے مرحوم کے فیض صحبت سے مستفیض ہوئے
ہیں- آپکی عالی دماغی اور سخن فہمی اُس زمانے میں بھی اپنے جوہر دکھاتی تھی- طبیعت میں شعر
کا جیسا صحیح مذاق اب ہے اُس وقت بھی موجود تھا- شاہجہاں آباد میں اُس زمانے میں کیسے
کیسے جیّد عالم اور قابل سخنور اور سخن گو موجود تھے مگر وہ سب مولٰنا کی قدر و منزلت کرتے تھے
آپکی عربی استعداد عالمانہ ہے- فارسی تو عربی کے تابع ہی ہے اُس کا تو ذکر ہی کیا- عربی
اور فارسی دونوں زبانوں میں آپنے فکر سخن کیا ہے- آپ مرزا غالب کی آخری علالت اور
وفات کے موقعے پر دہلی میں موجود بلکہ اُنکی تجہیز و تکفین میں شریک تھے- اُنکی وفات پر
آپنے اور مرزا قربان علی بیگ سالک مرحوم- اور میر مہدی حسین مجروح مرحوم تینوں رشید
شاگردوں نے ایک ساتھ مرثیے لکھے ہیں اور وفات کی تاریخیں کہی ہیں- مگر انصاف
یہ ہے کہ جو رتبہ و مقبولیت مولانا حالی کے اِس مرثیے کو حاصل ہوئی ہے وہ کسیکو نصیب
نہیں ہوئی- اور اس میں شک بھی نہیں کہ وہ مرثیہ ہر حیثیت سے آپکے تمام کلام میں ایک

عجب امتیازی فرق رکھتا ہے۔ ہر مصرع موثر۔ ہر شعر پُر درد۔ ہر بند لاجواب ہے۔ اسی طرح جو مرثیہ آپنے سلطان الحکماء حکیم محمود خانصاحب مرحوم کی وفات پر لکھا آپکے تمام کلام میں ایک بلند وعالی رتبہ رکھتا ہے۔ یہ مرثیہ درد۔ اثر۔ اور واقعات زندگی کے خوش اسلوب بیان اور قدیم دہلی کی طرز معاشرت کا ایک دلکش پہلو اس صفائی اور خوشنمائی سے دکھاتا ہے کہ اسکی توصیف حدِ بیان سے باہر ہے۔ مرزا غالب مرحوم علاوہ شاگردانہ خصوصیت اور عزیز رکھنے کے اِنکی سخن فہمی و سخن سنجی اور مدارج علمی کیوجہ سے کسی قدر ان کا لحاظ و ادب بھی کیا کرتے تھے۔ اور انکو بھی مرزا سے کمال عقیدت و محبت تھی۔ اور یہ دونوں باتیں مرزا اور اُنکے اُن فارسی قطعوں سے بخوبی ظاہر و ہویدا ہوتی ہیں جو ایک خاص موقعے پر مرزا کی آزردگی کی وجہ سے لکھے گئے تھے جو یادگار غالب میں چھپ گئے ہیں۔ اور اِنھیں کے بعد صفائی ہوگئی تھی۔ مرزا کے بعد مولٰنا حالی کا پھر دلّی میں جی نہ لگا۔ رہنے کو اُنکے بعد عرصہ تک رہے مگر ہمیشہ دل برداشتہ اور برخاستہ خاطر۔

عرصے کے بعد لاہور میں بسبب تعلقاتِ ملازمت آ گئے اور یہاں مدت تک باحسن الوجوہ اپنی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ عاشقانہ شعر گوئی کے ترک کرنے اور مسدسِ مدوجزر کے لکھنے کی بنیاد لاہور ہی آکر پڑی ہے۔ اِنکے آنے سے پیشتر نیچرل شاعری کی داغ بیل پنجاب کی سرزمین میں پڑ چکی تھی۔ اُس پر مولانا حالی کاربند ہوئے۔ چنانچہ اسکے بعد کا جو کلام ہے وہ نیچرل اور دوسرے رنگ میں ہے۔ گویا شعر کی دنیا ہی بدل دی گئی ہے۔ لاہور سے چل کر پھر مولانا دلّی پہنچے اور عربی اسکول میں مدّتوں مدرس علوم مشرقی رہے۔ علاوہ مسدس اور مناجاتِ بیوہ کے اور بھی متعدد مفید نظمیں لکھی ہیں علیگڈھ کالج کے سوا آپ اور بھی اسلامی انجمنوں میں شامل ہوکر اپنے نصائح و ہدایات پُر کلام سے ناظرین کو محظوظ فرمایا کرتے ہیں۔ نثر میں بھی تعلیم نسواں کے متعلق آپ نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام مجالس النساء رکھا ہے۔ اِس میں بالکل عورتوں کی زبان

عورتوں کے محاورات برتتے ہیں۔ مجالس النسا عورتوں کی ضروری تعلیم و اصلاح کے لیئے نہایت مفید اور کارآمد ثابت ہوئی ہے۔ اور اُس کے اثر سے اکثر خاندانوں میں عورتوں کی تعلیم کا سلسلہ عموماً ہندوستان میں اور بالخصوص دلّی میں شروع ہوا۔ آپ کو مسئلہ تعلیم ذکور و اناث کی طرف ہر وقت اور ہر زمانے میں خاص توجہ رہی اور اسی کوشش میں دلچسپی کے ساتھ مصروف رہے اور ہیں۔ حیات سعدی بھی آپ کی تالیف ہے جو عرصہ ہوا چھپ چکی ہے۔ اِس میں شیخ سعدی شیرازی علیہ الرحمہ کی سوانح عمری اور سیر و سیاحت کے واقعات مفصل اور مشرح طور پر درج ہیں۔ اور اُنکے اقوال کا تعلیم یافتہ جماعت پر جو اثر اُنکی زندگی اور وفات کے بعد سے آج تک ہوا اُس پر بحث کی ہے۔ اور اُنکی نظم و نثر کے وہ شعر اور وہ فقرے بھی لکھے ہیں جو انھوں نے عربی زبان سے ترجمہ کیئے ہیں۔ اور اُنکے شاعرانہ تبحر کی خوبی اور نظم و نثر کی عمدگی نہایت خوش اسلوبی اور لیاقت کے ساتھ ملک کے سامنے پیش کی ہے ٭

اپنے مقدمہ دیوان میں جو شعر و شاعری پر بحث لکھی ہے اور اساتذہ عرب و یورپ کا موقع موقع سے مقابلہ خیالات و خیالات اور شعر کے اثر کی کیفیت لکھی ہے وہ دیکھنے سے متعلق ہے۔ کمی ہے تو صرف یہ کہ آثم الاسنہ سنسکرت کے مشاہیر شعرا اور اُنکے یادگار کارناموں کا ذکر نہیں کیا جس کا غالباً یہ سبب ہے کہ حضرت کو سنسکرت کی معلومات سے استفادہ کرنے کا موقع نہیں ملا۔

آپ سنہ ۱۸۹۰ء میں سر سیّد احمد خاں۔ مولنا شبلی نعمانی وغیرہ کے ساتھ حیدرآباد دکن بغرض فراہمی چندہ علی گڑھ کالج کی طرف سے گئے تھے اُس وقت وہاں کے مدارالمہام نواب سر آسماں جاہ بہادر تھے۔ وہاں آپنے کئی نظمیں پڑھیں جو چھپ کر شائع ہو چکی ہیں اُس کے تھوڑے عرصے بعد یا اُسی زمانے میں آپ کا ماہوار وظیفہ بھی ریاست دکن سے مقرّر ہو گیا۔ جسکے بعد آپ بالکل ملازمت سے بالکل سبکدوش اور دست کش ہو گئے ٭

سوانحعمری یادگار غالب یعنی اپنے استاد نواب اسد اللہ خان غالب مرحوم کی سوانح عمری بھی آپ نے لکھی ہے جس میں اُنکی لطیفہ گوئی بذلہ سنجی اور خصلت وطرز معاشرت وغیرہ کے علاوہ اُنکی اُردو و فارسی نظم ونثر کی خوبیاں اور نازکخیالیاں علیحدہ علیحدہ دکھائی ہیں اور ساتھ ہی اِس کے اُن کے کلام کا موازنہ اُساتذۂ ایران سے کیا ہے۔ اور اُنکے حل طلب اور دقیق اشعار کے معنے اور اُسکے ساتھ اُنکی ندرت وجدت بیان کرکے اُنکی فارسی قابلیت کا وہ بلند وبالا رتبہ جو عام نگاہوں سے پوشیدہ تھا اور جسکو اُس زمانے میں اُنکے ماننے والے بھی دیکھ اور سمجھ نہ سکتے تھے نہایت واضح معقول اور دلنشیں طور پر اُس کا منظر نظروں کے سامنے پیش کرنا۔ انصاف یہ ہے کہ یہ مولانا حالی جیسے قابل اور وسیع شخص کا کام تھا اور انھیں کو مبدء فیاض سے یہ دل ودماغ عطا ہوا ہے۔

سرسید احمد خاں مرحوم کی زندگی ہی سے اُنکی سوانح عمری لکھنی شروع کر دی تھی۔ جو اُنکے انتقال کے بعد بڑی ضخامت میں شائع ہوئی۔ جس کا نام "حیاتِ جاوید" ہے۔ اور جس میں سرسید کے تمام حالات مشرح ومفصل تحریر کیئے ہیں۔ ۱۹۰۴ء میں گورمنٹ عالیہ نے مولانا کو خطاب شمس العلماء سے سرفراز کیا۔ جو انکی تعلیمی خدمات کے اعتبار سے ہر طرح زیبا اور مناسب ہے۔ مولانا حالی کچھ عرصے سے نواب فصیح الملک مرزا داغ مرحوم کے کلام کا انتخاب فرما رہے ہیں جسکے شائع ہونیکا ہر ایک مشتاقِ سخن کو نہایت اشتیاق سے انتظار ہے۔ دلی کا نام اب آپکے اور حضرت ظہیر کے دم سے روشن ہے۔ یہی دو کامل یادگار شعرائے سلف کہلانے کے اہل ہیں۔ کئی سال سے زیادہ تر وطن میں قیام پذیر رہتے ہیں گو دہلی بھی اکثر آتے رہتے ہیں۔ راقم تذکرہ کو بچپن سے آپکی خدمت سراپا برکت میں نیاز حاصل ہے از بس خلوص ونوازش کا اظہار فرماتے رہتے ہیں۔ اب طرز کہن وجدید کے کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو *

رخ جہانسوز تیرا دیکھا نظارہ افروز جس چمن میں	نہ بلبل و گل میں وہ ال تعلق نہ سرو قمری میں پیار دیکھا

جو لاکھ میں ایک پر کہیں کچھ کھلا بھی قسمت سے بھید تیرا
لگن میں تیری نکل گئے جو نہ جھجکے دریائے پُر خطر سے
خبر نہیں یہ کہ کیا ہے کیسا ہے کون ہے اور تُو کہاں ہے
سلوک ہیں تیرے سب سے یکساں وہ گبر و ترسا ہوں یا مسلماں
اے عشق تو نے اکثر قوموں کو کھا کے چھوڑا
رایوں کے راج چھینے شاہوں کے تاج چھینے
لاگ اور لگاؤ دونوں ہیں دلگداز تیرے
افسانہ تیرا رنگیں رُوداد تیری دلکش
دیکھا اسے اُمید ہے کچھ نہ تو کنارہ
توفیق نے ہمیشہ لی تنت پر خبر یاں
افسوس! اہلِ دیں بھی مانندِ اہلِ دنیا
اُلفت میں دمبدم کچھ لذّت ہے بڑھتی جاتی
دِلّی سے نکلتے ہی ہُوا جینے سے دل سیر
لی ہوش میں آنے کی جو ساقی سے اجازت
جہاں میں حالی کسی پہ اپنے سوا بھروسا نہ کیجیئے گا
اِسی میں ہے خیر حضرتِ دل کہ یار بھولا ہوا ہے ہمکو
لگاؤ تم میں نہ لاگ زاہد نہ دردِ اُلفت کی آگ زاہد
اے عشق دل کو رکھا دنیا کا اور نہ دیں کا
چوریوں سے دیدہ و دل کی نہ شرمایا کبھی
نفس میں جو ناروا خواہش ہوئی پیدا کبھی
ہوئے تم نہ سیدھے جوانی میں حالی

ملا نہ کھوج اُس کا پھر کسیکو ہزار ڈھونڈا ہزار دیکھا
گئے وہ کود آنکھ بند کرکے نہ وار دیکھا نہ پار دیکھا
یہ اپنے میں اور تجھ میں ہمنے علاقہ اک اُستوار دیکھا
نہ اُن سے کچھ تیرا بیر پایا نہ اُنسے کچھ تیرا پیار دیکھا
جس گھر سے سر اُٹھایا اُسکو بٹھا کے چھوڑا
گردن کشوں کو اکثر نیچا دکھا کے چھوڑا
پتھر کے دل تھے جنکے اُنکو رلا کے چھوڑا
شعر و سخن کو تُو نے جادو بنا کے چھوڑا
تیرا ہی رہگیا ہے نے دیکھے اک سہارا
جب ناؤ ڈگمگائی پاس آگیا کنارا
خودکام و خود نما ہیں خود بیں ہیں اور خود آرا
چھوڑے گا کھا کے شاید عاشق کو غم تمہارا
گویا نہ رہا اب کہیں دنیا میں ٹھکانا
فرمایا خبردار کہ نازک ہے زمانا
یہ بھید ہے اپنی زندگی کا بس اسکا چرچا نہ کیجیئے گا
کرے وہ یاد اسکی بھُول کر بھی کبھی تمنّا نہ کیجیئے گا
پھر اور کیا کیجیئے گا آخر جو ترکِ دنیا نہ کیجیئے گا
گھر ہی بگاڑ ڈالا تو نے بنا بنایا
چُپکے چُپکے نفسِ خائن کا کہا کرتا رہا
اُسکو حیلے دِل سے گھڑ گھڑ کر روا کرتا رہا
مگر اب مری جان ہونا پڑے گا

دل میں باقی ہے وہی حرصِ گناہ
دلکو سب باتوں کی ہے ناصح خبر

پھر کیئے سے اپنے ہم پچتائیں کیا؟
سمجھے سمجھائے کو اب سمجھائیں کیا؟

راحت کا جہاں میں یونہی اک نام ہے گویا
تھا کچھ نہ کچھ کہ پھانس سی اک دلمیں چبھ گئی
رونا یہ ہے کہ آپ بھی ہنستے تھے ورنہ یاں

راحت کی تلاش اک طمعِ خام ہے گویا
مانا کہ اسکے ہاتھ میں تیر و سناں نہ تھا
طعنِ رقیب دلپہ کچھ ایسا گراں نہ تھا

کچھ تو ہے قدر تماشائی کی
مدد اسے جذبۂ توفیق کہ یاں
بزم دشمن میں نہ جی سے اترا

ہے جو یہ شوق خود آرائی کا
ہو چکا کام توانائی کا
پوچھنا کیا تری زیبائی کا

اغماض چلتے وقت مروت سے دور تھا
تھی ہر نظر نہ محرم دیدار ورنہ یاں
روزِ وداع بھی شب ہجراں سے کم نہ تھا
دُردی کشان بزم مغاں کا نہ پوچھ حال
سنگِ گراں ہے راہ میں تمکینِ یار کا
آؤ مٹا بھی دو خلشِ آرزوئے قتل

رو روکے اور ہم کو رولانا ضرور تھا
ہر خار نخلِ ایمن و ہر سنگ طور تھا
کچھ صبح سے ہی شام بلا کا ظہور تھا
اک ایک رند نشۂ وحدت میں چور تھا
اب دیکھنا ہے زور دلِ بیقرار کا
کیا اعتبار زندگیِ مستعار کا

قلق اور دل میں سوا ہو گیا
وہ امید کیا جسکی ہو انتہا
ہوا اُر کتے رکتے دم آخر فنا

دلاسا تمھارا بلا ہو گیا
وہ وعدہ نہیں جو وفا ہو گیا
مرض بڑھتے بڑھتے دوا ہو گیا

دل سے خیالِ دوست بھلایا نہ جائیگا
مانگو ہزار شرم سہی تجکو لاکھ ضبط
اے دل رضا ہے غیر ہے شرطِ رضا سے دور
مئے تند و ظرفِ حوصلۂ اہلِ بزم تنگ

سینے میں داغ ہے کہ مٹایا نہ جائیگا
الفت وہ راز ہے کہ چھپایا نہ جائیگا
زنہار بارِ عشق اٹھایا نہ جائیگا
ساقی سے جام سب کے پلایا نہ جائیگا

کیوں چھیڑتے ہو ذکر نہ ملنے کا رات کے
پوچھینگے ہم سبب تو بتایا نجائے گا

بگڑیں نہ بات بات پہ کیوں- جانتے ہیں وہ
ہم وہ نہیں کہ ہمکو منایا نجائے گا

مقصود اپنا کچھ نہ کھلا لیکن اس قدر
یعنی وہ ڈھونڈتے ہیں کہ پایا نجائے گا

جھگڑوں میں اہلِ دین کے حالی پڑیں نہ آپ
قصہ حضور سے یہ چکایا نجائے گا

کچھ اپنی حقیقت کی گر تجکو خبر ہوتی
میری ہی طرح تو بھی غیروں سے خفا ہوتا

یہ لطف بناوٹ میں دیکھا نہ سنا قاصد
آن پڑھ تو ہے تو یہ کچھ پڑھتا تو بلا ہوتا

گر صاحبِ دل ہوتے سن کر میری بیتابی
تمکو بھی قلق ہوتا اور مجھ سے سوا ہوتا

جو دل پہ گزرتی ہے کیا تجکو خبر ناصح!
کچھ ہمسے سنا ہوتا پھر تو نے کہا ہوتا

جو جان سے در گزرے وہ چاہے سو کر گزرے
گر آج نہ تم آتے کیا جانئے کیا ہوتا

کاش اِک جام بھی سالک کو پلایا جاتا
اِک چراغ اور سرِ راہ جلایا جاتا

چُپ چپاتے اُسے دے آئے دل اِک بات پہ ہم
مال منہگا نظر آتا تو چکایا جاتا

شب کو زاہد سے نہ مُٹ بھیڑ ہوئی خوب ہوا
نشہ زوروں پہ تھا شاید نہ چھپایا جاتا

دل نہ طاعت میں لگا- تب تو لگایا غمِ عشق
کسی دھندے میں تو آخر یہ لگایا جاتا

اُسنے اچھا ہی کیا حال نہ پوچھا دل کا
بھڑک اُٹھتا تو یہ شعلہ نہ دبایا جاتا

عشق سُنتے تھے جسے ہم وہ یہی ہے شاید
خود بخود دل میں ہے اک شخص سمایا جاتا

اب تو تکفیر سے واعظ نہیں ہٹتا حالی
کہتے پہلے سے تو دے دیکے ہٹایا جاتا

جنکے معبود حور و غلماں ہیں
اُن کو زاہد خدا سے کیا مطلب

جس دل کو قیدِ ہستیٔ دُنیا سے ننگ تھا
وہ دل اسیرِ حلقۂ زلفِ بتاں ہے اب

اِک جرعۂ شراب نے سب کچھ بھلا دیا
ہم ہیں اور آستانۂ پیرِ مغاں ہے اب

یہ ہیں واعظ! سب پہ منہ آتے ہیں آپ
ناصحِ قوم اِسپہ کہلاتے ہیں آپ

بس بہت طعن و ملامت کر چکے
کیوں زباں رندوں کی کھلواتے ہیں آپ

گو جوانی میں تھی کج رائی بہت
پر جوانی ہمکو یاد آئی بہت

زیرِ بُرقع تُو نے کیا دکھلا دیا
جمع ہیں ہر سُو تماشائی بہت

جاں نثاری پر وہ بول اُٹھے مِری
ہیں فدائی کم تماشائی بہت

ہم نہ کہتے تھے کہ حالی چُپ رہو
راست گوئی میں ہے رُسوائی بہت

کس سے پیمانِ وفا باندھ رہی ہے بُلبُل
کل نہ پہچان سکے گی گُلِ تر کی صورت

اپنی جیبوں سے رہیں سارے نمازی ہشیار
اِک بُزرگ آتے ہیں مسجد میں خضر کی صورت

شوق میں اُسکے مزا درد میں اُسکے لذّت
ناصحو اُس سے نہیں کوئی مفر کی صورت

اُنکو حالی بھی بُلاتے ہیں گھر اپنے مہمان
دیکھنا آپ کی اور آپکے گھر کی صورت

یقیں ہے کہ ہم جسکو سمجھے ہیں مرنا
یہی ہو تو ہو زندگانی کی صورت

گو کہ حالی اگلے اُستادوں کے آگے ہیچ ہے
کاش ہوتے مُلک میں ایسے ہی اَب دو چار ہیچ

گر دردِ دل سے پائی بھی اے چارہ گر شفا
آتی ہے دل کی موت نظر اِس شفا کے بعد

کرتے رہے خطائیں ندامت کے بعد ہم
ہوتی رہی ہمیشہ ندامت خطا کے بعد

آخر کو ماننا پڑا اے نفسِ خیرہ سر
تیرا بھی حکم کم نہیں حکمِ قضا کے بعد

در گزر گر نہیں کرتا وہ گنہگاروں سے
تو ترا اور کوئی ہوگا خدا اے زاہد

ہم دکھا دینگے کہ زُہد اور ہے نیکی کچھ اَور
کچھ بہت دُور نہیں روزِ جزا اے زاہد

میں تو سَو بار ملوں دل نہیں ملتا تجھ سے
تو ہی کہہ اس میں ہے کیا میری خطا اے زاہد

پیاس تیری بُوئے ساغر سے لذیذ
بلکہ جامِ آبِ کوثر سے لذیذ

جسکا تُو قاتل ہو پھر اُسکے لیئے
کونسی نعمت ہے خنجر سے لذیذ

دوست ایک عالم کے پر مطلب کے دوست
ایسے یاروں سے حذر یارو حذر

گو ہو شفا سے یاس پہ جبتک ہے دم میں دم
بن آئیگی نہ درد کا درماں کیئے بغیر

گو مَے ہے تند و تلخ پہ ساقی ہے دِلرُبا
اے شیخ! بن پڑیگی [illegible] کیئے بغیر

دل نہیں روشن تو ہیں کس کام کے
سو شبستاں میں اگر روشن ہیں جھاڑ

تم نے حالی کھول کر ناحق زباں
کرلیا ساری خدائی سے بگاڑ

یاں دے چکی جواب امیدِ جوابِ خط
واں نامہ بر نے یار بھی پایا نہیں ہنوز

جیتے جی موت کے تم منہ میں نجانا ہرگز
دوستو! دل نہ لگانا نہ لگانا ہرگز

کوچ سب کر گئے دلّی سے ترے قدر شناس
قدر یاں رہ کے اب اپنی نہ گنوانا ہرگز

تذکرہ دہلیٔ مرحوم کا اے دوست نہ چھیڑ
نہ سنا جائیگا ہمسے یہ فسانا ہرگز

ڈھونڈتا ہے دلِ شوریدہ بہانے مطرب
دردانگیز غزل کوئی نہ گانا ہرگز

صحبتیں اگلی مصوّر ہمیں یاد آئینگی
کوئی دلچسپ مرقّع نہ دکھانا ھرگز

لیکے داغ آئیگا سینہ پہ بہت اے سیّاح
دیکھ اس شہر کے کھنڈروں میں نجانا ہرگز

چپے چپے پہ ہیں یاں گوہرِ غلطاں تہِ خاک
دفن ہوگا کہیں اتنا نہ خزانا ہرگز

مٹ گئے تیرے مٹانیکے نشاں بھی اب تو
اے فلک اس سے زیادہ نہ مٹانا ہرگز

جسکو زخموں سے حوادث کے اچھوتا سمجھیں
نظر آتا نہیں اک ایسا گھرانا ہرگز

ہمکو گر تو نے رلایا تو رلایا اے چرخ
ہمپہ غیروں کو تو ظالم نہ ہنسانا ہرگز

یاں سے رخصت ہو سویرے تو کہیں عیش و نشاط
نہیں اس دور میں اب تیرا ٹھکانا ہرگز

کبھی اے علم و ہنر گھر تھا تمھارا دلّی
ہمکو بھولے ہو تو گھر بھول نجانا ہرگز

شاعری مرچکی اب زندہ نہوگی یارو!
یاد کر کر کے اسے جی نہ کڑھانا ہرگز

غالبؔ و شیفتہؔ و نیّرؔ و آزردہؔ و ذوقؔ
اب دکھائے گا یہ شکلیں نہ زمانا ہرگز

مومنؔ و علوی و صہبائی و ممنونؔ کے بعد
شعر کا نام نہ لے گا کوئی دانا ہرگز

کردیا مر کے یگانوں نے یگانا ہمکو
ورنہ یاں کوئی نہ تھا ہم میں یگانا ہرگز

داغؔ و مجروحؔ کو سن لو کہ پھر اس گلشن میں
نہ سنے گا کوئی بلبل کا ترانا ہرگز

رات آخر ہوئی اور بزم ہوئی زیر و زبر
اب نہ دیکھو گے کبھی لطفِ شبانا ہرگز

بزم ماتم تو نہیں بزم سخن ہے حالی — یاں مناسب نہیں رو رو کے رلانا ہرگز

درد اور درد کی ہو سب کے دوا ایک ہی شخص — یاں ہے جلاد و مسیحا بخدا ایک ہی شخص

جھگڑے دیکھے ہیں جن لوگوں کے ان آنکھوں نے — آج ویسا کوئی دے ہمکو دکھا ایک ہی شخص

لینے دو چین کوئی دم اسے منکر و نکیر — آئے ہیں آج چھوٹ کے قید گراں سے ہم

کہتے ہیں جسکو جنت وہ اک جھلک ہے تیری — سب واعظوں کی باقی رنگیں بیانیاں ہیں

بنتے ہیں غیر اپنے ہوتے ہیں رام وحشی — الفت کی بھی جہاں میں کیا حکمرانیاں ہیں

فضل و ہنر بڑوں کے گر تم میں ہوں تو جانیں — گر یہ نہیں تو بابا وہ سب کہانیاں ہیں

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں — اب ٹھیرتی ہے دیکھئے جاکر نظر کہاں

ہیں دور جام اول شب میں خودی سے دور — ہوتی ہے آج دیکھئے ہمکو سحر کہاں

اک عمر چاہیئے کہ گوارا ہو نیش عشق — رکھی ہے آج لذت زخم جگر کہاں

یارب اس اختلاط کا انجام ہو بخیر — تھا اسکو ہم سے ربط مگر اس قدر کہاں

کون و مکاں سے ہے دل وحشی کنارہ گیر — اس خانماں خراب نے ڈھونڈا ہے گھر کہاں

ہم جسپہ مر رہے ہیں وہ ہے بات ہی کچھ اور — عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں

بس ہو چکا بیاں کسل و رنج و راہ کا — خط کا مرے جواب ہے ای نامہ بر کہاں

ہوتی نہیں قبول دعا ترک عشق کی — دل چاہتا نہ ہو تو زباں میں اثر کہاں

حالی نشاط نغمہ و مے ڈھونڈتے ہو اب — آئے ہو وقت صبح رہے رات بھر کہاں

اگر چھوٹا کمند جذبہ عشق زلیخا سے — نہ رہنے دیگا حسن خود نما یوسف کو کنعاں میں

تصور نے بھلایا تیرے حسن شادی و غم کو — نہ کچھ کلفت ہے زنداں میں نہ کچھ راحت شبستاں میں

زباں تقریر سے قاصر قلم تحریر سے عاجز — نہ پوچھو ہمسے کیا دیکھا ہے ہمنے بزم رنداں میں

مجکو تم سے ہے اعتماد وفا — تمکو مجھ سے ہے التفات نہیں

رنج کیا کیا ہیں ایک جان کے ساتھ — زندگی موت ہے حیات نہیں

یُونہی گزرے تو سہل ہے لیکن
فرصتِ غم کو بھی ثبات نہیں

قیس ہو۔ کوہکن ہو۔ یا حالی
عاشقی کچھ کسی کی ذات نہیں

یاں بھی ہے کون و مکاں سے دلِ وحشی آزاد
جسکو ہم قید سمجھتے ہیں وہ زنداں میں نہیں

آدمی ہو تو کبھی پاس محبت کے نہ جائے
اب بھی کہتے ہیں کہ ہم غیر کے نقصاں میں نہیں

میں تو ہیں غیر کو مرنے سے اب انکار نہیں
اک قیامت ہے ترے ہاتھ میں تلوار نہیں

کل خرابات میں اک گوشے سے آتی تھی صدا
دل میں سب کچھ ہے مگر رخصتِ گفتار نہیں

دیکھتے ہیں کہ پہنچتی ہے وہاں کونسی راہ
کعبہ و دیر سے کچھ ہمکو سروکار نہیں

کچھ پتہ منزلِ مقصود کا پایا ہم نے
جب یہ جانا کہ ہمیں طاقتِ رفتار نہیں

بات جو دل میں چھپائے نہیں بنتی حالی
سخت مشکل ہے کہ وہ قابلِ اظہار نہیں

فصلِ خزاں کمیں میں ہے صیاد گھات میں
مُرغِ چمن کو فرصتِ سیرِ چمن کہاں

میرے دل میں ہو گو مجھسے نہاں ہو
مجھے بھی ڈھونڈ لینا تم جہاں ہو

تقاضائے محبت ہے وگرنہ
مجھے اور جھوٹ کا تمپر گماں ہو!

مجھے ڈالا ہے سو وہم و گماں میں
بہت کیوں آج مجھپر مہرباں ہو

دل کو کس طرح سمجھئے کہ وہی ہے یہ دل
وہ اُمیدیں ہیں نہ ارماں۔ وہ اُمنگیں ہیں نہ چاؤ

یار کو یار سمجھتا ہے نہ تو غیر کو غیر
تُو تو اچھا ہے مگر تیرے بُرے ہیں برتاؤ

دوست ہوں جسکے ہزاروں وہ کسیکا نہیں دوست
سچ بتا تجکو کسی سے بھی ہے دنیا میں لگاؤ

اے شرافت تجھے بکنا ہو اگر مفت تو بک
آجکل کیجئے کیا ہے یہی بازار کا بھاؤ

ایک ہی دوست اور اُس سے ہمیں چھٹواتے ہو
ناصحو! اب تمھیں دشمن کہیں یا دوست بتاؤ

اُسکے نالوں نے کیا بزم کو آخر بے لطف
ہم نہ کہتے تھے کہ حالی کو نہ محفل میں بُلاؤ

درِ فیضِ حق بند جب تھا نہ اب کچھ
فقیروں کی جھولی میں اب بھی ہے سب کچھ

یہ طبلِ تہی ہیں جو بنکارتے ہیں
جنھیں کچھ خبر ہو وہ کہتے ہیں کب کچھ

یہ ہے میرِ مجلس کہ چینی کی مورت ؟
ٹٹولو تو ہیچ اور جو دیکھو تو سب کچھ

حقیقت محرمِ اسرار سے پوچھ
مزا انگور کا میخوار سے پوچھ

وفا اغیار کی - اغیار سے سن
مری الفت در و دیوار سے پوچھ

دلوں میں ڈالنا ذوقِ اسیری
کمندِ گیسوئے خمدار سے پوچھ

ہے انکی دوستی پر ہمکو تو بدگمانی
وہ ہمکو دوست سمجھیں یہ انکی مہربانی

عاشق کے دلکو ٹھنڈک جو تیری آگ میں ہے
دیتا نہیں وہ لذت پیاسے کو سرد پانی

امیدِ وصل سے ہے کچھ جی چھڑائے دیتا
جو کچھ سنا ہے ہمنے مشاطہ کی زبانی

ہر حکم پر ہوں راضی ہر حال میں ہیں خوش
کچھ ہے اگر تو یہ ہے دنیا میں شادمانی

صبر و سکوں سے ہمکو یہ بھی نبیڑنے دے
تھوڑیسی رہگئی ہے اے کاہشِ نہانی

پھر یہ بنائے ہستی ہے، تیرے بعد ویراں
ہے تو بھی اب غنیمت ای ضعفِ ناتوانی

دیکھا جمالِ جاناں آنکھوں نے اور دل نے
کیا جانئے کس ادا سے کی اسنے دلستانی

اک نکتہ کے بیاں سے سربر نہو گئے حالی
چلتا نہیں کسیکا یاں لافِ نکتہ دانی

کہدو کوئی ساقی سے کہ ہم مرتے ہیں پیاسے
گر مے نہیں دے زہر ہی کا جام بلا سے

درگزرے دوا سے تو بھروسے پہ دعا کے
درگزریں دعا سے بھی دعا ہے یہ خدا سے

کبک و قمری میں ہے جھگڑا کہ چمن کس کا ہے
کل بتا دیگی خزاں یہ کہ وطن کس کا ہے

وصل کا اسکے دلِ زار تمنائی ہے
نہ ملاقات ہے جس سے نہ شناسائی ہے

قطعِ امید نے دل کر دیا یکسو صد شکر
شکل مدت میں یہ اللہ نے دکھلائی ہے

قوتِ دستِ خدائی ہے شکیبائی میں
وقت جب آکے پڑا ہے یہی کام آئی ہے

بات سچی کہی اور انگلیاں اٹھیں سبکی
سچ میں حالی کوئی رسوائی سے رسوائی ہے

جب یہ کہتا ہوں کہ بس دنیا پہ اب تف کیجئے
نفس کہتا ہے ابھی چندے توقف کیجئے

بہت کام لینے تھے جس دل سے ہمکو
وہ صرفِ تمنا ہوا چاہتا ہے

وفا شرطِ اُلفت ہے لیکن کہاں تک
دل اپنا بھی تجھسا ہوا چاہتا ہے

جسکو غصّے میں لگاوٹ کی ادا یاد رہے
آج دل لے گا اگر کل نہ لیا یاد رہے

یاد آؤ گے بہت لطف سمجھ کر کیجے
اِس بھلائی کا ہے انجام بُرا یاد رہے

شیخ ایاں شرمِ گنہ شوق بُھلا دیتا ہے
توبہ اُنکی ہے جنھیں اپنی خطا یاد رہے

چارہ گر کار باندازۂ تدبیر نہیں
کیجیو ہمت اگر وقتِ دُعا یاد رہے

ابھی جانا نہیں حالی نے کہ کیا چیز ہیں وہ
حضرت اِس لطف کا پائینگے مزا یاد رہے

کر دیا خوگرِ جفا تُو نے
خُوب ڈالی تھی اِبتدا تُو نے

کرکے بیمار دی دَوا تُو نے
جان سے پہلے دِل لیا تُو نے

اِبتدائے وفا ہے سر دینا
میری دیکھی نہ اِنتہا تُو نے

دِل سے قاصد بنا کے وعدۂ وصل
اور کھویا رہا سہا تُو نے

دُور ہو اَے دِلِ مآل اندیش
کھو دیا عُمر کا مزا تُو نے

اِیک بیگانہ وار کر کے نگاہ
کیا کیا چشمِ آشنا تُو نے

دل وہیں کھو کے آئے تھے سوئے دیر
یاں بھی سب کچھ دیا خدا تُو نے

وصلِ جاناں محال ٹھیرایا
قتلِ عاشق رَوا کیا تُو نے

تھا نہ جُز غم بساطِ عاشق میں
غم کو راحت فزا کیا تُو نے

خُوش ہے اُمیدِ خلد پر حالی
کوئی پُوچھے کہ کیا کیا تُو نے

جیتے جی رکھ نہ فراغت کی توقع ناداں
قیدِ ہستی میں میسر ہو فراغت کیسی

حق وفا کے جو ہم جتانے لگے
آپ کچھ کہہ کے مُسکرانے لگے

حشر تک یاں دلِ شکیبا چاہیئے
کب ملیں دلبر سے دیکھا چاہیئے

ہے تجلّی بھی نقابِ روئے یار
اُسکو کن آنکھوں سے دیکھا چاہیئے

وہاں پُرسش نہ یاں تابِ سخن ہے
محبت ہے کہ دل میں موجزن ہے

بہت لگتا ہے دل صحبت میں اُسکی — وہ اپنی ذات سے اک انجمن ہے

دھوم تھی اپنی پارسائی کی — کی بھی اور کس سے آشنائی کی

منہ کہاں تک چھپاؤ گے ہم سے — تم کو عادت ہے خود نمائی کی

لاگ میں ہیں لگاؤ کی باتیں — صلح میں چھیڑ ہے لڑائی کی

ملتے غیروں سے ہو ملو لیکن — ہم سے باتیں کرو صفائی کی

نہ ملا کوئی غارتِ ایمان — رہ گئی شرم پارسائی کی

بختِ ہمداستانیٔ شیدا — تو نے آخر کو نارسائی کی

صحبتِ گاہ گاہیٔ رشکی — تو نے بھی ہم سے بیوفائی کی

موت کی طرح جس سے ڈرتے تھے — ساعت آپہنچی اُس جدائی کی

جدید

نہ عیشِ کیخسروی رہیگا نہ صولتِ بہمنی رہیگی — رہیگی اے منعمو تو باقی دیئے کی کچھ روشنی رہیگی

رہیگی کس طرح راہِ ایمن کہ رہنما بن گئے ہیں رہزن — خدا نگہباں ہے قافلوں کا اگر یہی رہزنی رہیگی

قبولیت کی کرو نہ پروا جو چاہو مقبولِ عام ہونا — جو ڈول ڈالو گے حسنِ ظن کا تو تم سے یاں بدظنی رہیگی

بگاڑ مذہب نے جو ہیں ڈالے نہیں وہ تا حشر مٹنے والے — یہ جنگ وہ ہے جو صلح میں بھی یونہی ٹھنی کی ٹھنی رہیگی

صفائیاں ہو رہی ہیں جتنی دل اُتنے ہی ہو رہے ہیں میلے — اندھیرا چھا جائیگا جہاں میں اگر یہی روشنی رہیگی

جو چھوڑے میراث کچھ نہ حالی تو اس سے دل تنگ ہوں نہ وارث — رہینگے ہر حال میں غنی وہ جو نیت اُنکی غنی رہیگی

ایضاً

نفس کی فرماں روائی ہو چکی — خود پسندی خود نمائی ہو چکی

قطرۂ آب دریا میں جا ملنے کو ہے — تیری میعاد اے جدائی ہو چکی

جلتے ہیں جبریل کے شہپر جہاں — بے پرونکی واں رسائی ہو چکی

دیکھنا ہے تجکو اب اے جذبِ عشق — عقل کی زور آزمائی ہو چکی

دیر میں بھی لیجئے قسمت آزما — مسجدوں میں جبہہ سائی ہو چکی

خود بڑا بن کر دکھاؤ آپ کو — باپ دادا کی بڑائی ہو چکی

ق

ہے ضرورت زاہد اب تشہیر کی
شہرتِ زہد ریائی ہو چکی

ہے چڑھائی علم کی مذہب پہ اب
شرک و بدعت کی چڑھائی ہو چکی

فلسفے سے اُسکی اب مٹھ بھیڑ ہے
سفسطے سے ہاتھا پائی ہو چکی

رہ گئی ہے مذہب و ملت کی جنگ
ملک و دولت کی لڑائی ہو چکی

ہو نہ مذہب کی صفائی جب تلک
اہلِ مذہب کی صفائی ہو چکی

اب نہیں سننے کا اے حالی دماغ
بس بہت ہذیاں سرائی ہو چکی

ایضاً

مستیٔ جہل میں غفلت کا نشا اور سہی
شب تاریک میں گھنگھور گھٹا اور سہی

دوستو! روگ بظاہر نہیں جانے والا
ہو چکیں ختم دوائیں تو دعا اور سہی

گر گنہ عفو کی اُمید پہ کرنا ہے خطا
ہیں جہاں لاکھ گنہ ایک خطا اور سہی

شہ کو ہے خوفِ عدو خوفِ اجل خوفِ زوال
کہدو سکے بے خبر اک خوفِ خدا اور سہی

بے وفا کونسی خوبی ہے نہیں جو تجھ میں
وصف اتنے ہیں جہاں ایک وفا اور سہی

ترک دُنیا کے علائق تو کیئے سب زاہد
گر مناسب ہو تو اک ترکِ ریا اور سہی

رباعیات

مدرسے ہیں نہ ملا کچھ تو نہ توڑ آس اے دل
اِک درِ دولتِ ساقی پہ صدا اور سہی

غیروں کو اپنا بنانا

گر چاہتے ہو کہ جیتے جی بھلے کہلاؤ
اپنوں کو سلوکِ نیک سے پرچاؤ

پر مدِ نظر ہو گر حیاتِ ابدی
بیگانوں کو آشنا بناؤ! جاؤ!!

دامِ محبت

ہے جنکو کہ صیدِ دلِ انساں کا خیال
لازم ہے کہ پھیلائیں محبت کا جال

اُستاد کو یاد ہو اگر حُب کا عمل
تعطیل میں بھی نہ چھوڑیں مکتب اطفال

شکوک بقدر ترقی علم بڑھتے ہیں

بڑھتا جاتا ہے جبقدر علمِ بشر
کرتے جاتے ہیں شک خیالات میں گھر

ہوتی جاتی ہے دُھندلی اُتنی فضا	جتنی کہ وسیع ہوتی جاتی ہے نظر

زندہ اور مُردہ قوموں میں فرق

اقوام میں زندگی کی ہے رُوح جہاں	چونک اُٹھتے ہیں اک ہاں پہ ہاں پیر جواں
کرتی نہیں وہی مردہ قومیں وہ کام	جو کام اک کارٹون کرتا ہے وہاں

غیروں کا سہارا تکنا

اُترو دریا سے اپنے بل تیر کے پار	کبتک تیروگے ہوکے تونبوں پہ سوار
تم ڈوبنے کے یہ کر رہے ہو ساماں	غیروں کا سہارا تکنے والو ہشیار!!

دولت مفید بھی ہے اور مضر بھی

دولت خرمن بھی برقِ خرمن بھی ہے	یہ تیر کی بھال بھی ہے جوشن بھی ہے
تھوڑا سا ہے اس میں شر تو ہی خیر بہت	گر سانپ ہو یہ تو سانپ کا من بھی ہے

قلتِ احتیاج

دولت کی ہوس۔ اصل گدائی ہے یہ	سامان کی حرص بے نوائی ہے یہ
حاجت کم ہے تو بادشاہی ہے یہ	اور کچھ نہیں حاجت تو خدائی ہے یہ

احسان بے منت

احسان کے ہے گر صلہ کی خواہش تمکو	تو اس سے یہ بہتر ہے کہ احساں نہ کرو
کرتے ہو جو احسان تو کر دو اُسے عام	اتنا کہ جہاں میں کوئی ممنون نہ ہو

حامد

حامد۔ مرزا آغا جان نام۔ لکھنؤ کے رہنے والے اور صبا لکھنوی کے شاگرد تھے ۱۲۶۶ھ ہجری کے گلدستۂ شعرا میں انکی غزل چھپی تھی۔ اُسی سے یہ انتخاب درج کیا جاتا ہے۔

لوٹے مزے وصال کے ہر دم تمام شب	سونے دیا نہ سوئے ذرا ہم تمام شب
فرقت میں کیا کہوں جو گزرتی ہے صبح تک	رہتا ہے دل کا اور ہی عالم تمام شب
بستر پہ منہ لپیٹ کے پڑتے ہیں ہجر میں	مُردے کی طرح رہتے ہیں بیدم تمام شب

رہتا ہے کیا تصورِ مژگاں سحر تلک / سُولی پہ دل کو دیکھتے ہیں ہم تمام شب
مصروف سیرِ ماہ رکھا اُس نگار کو / دیکھا کیا ہیں حسن کا عالم تمام شب
حامد کسی طرح نہیں آتا ہے دل کو چین / رہتی ہے اُنکی یاد جو ہر دم تمام شب

حامد

حامد۔ شیخ حامد حسن خانصاحب حامد کمبوہ بریلوی شاگرد حضرت ہوش سنہ ۱۸۷۰ء میں جو بریلی میں مشاعرے ہوا کرتے تھے اُن میں شریک تھے۔ زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا چند غزلیں ہاتھ آئیں اُنکا انتخاب پیش کش ہے۔

ثابت ہے جذبِ دل سے کہ وہ یار آئیگا / کام آئیگا اگر تو دلِ زار آئے گا
بلبل کی قید کا اُسے اُس دم کھلے کا حال / صیاد جب بلا میں گرفتار آئے گا
مرے چھکے نہ چھوٹیں ربع مسکوں میں بھلا کیونکر / وہ جائے غیر کے گھر سیکھنے جب کھیل چوسر کا
مُردے ہو جاتے ہیں زندہ سُنکے ای عیسیٰ نفس / نام کیا قم ہے تری پازیب کی جھنکار کا
پار جو ہوتا ہے رہتا ہے وہ زندہ حشر تک / واہ کیا ہے گھاٹ اے قاتل تری تلوار کا
مرحبا دستِ جنوں اچھی دکھائیں تیزیاں / تار تک باقی نہ چھوڑا دامنِ کہسار کا
کس کماں ابرو نے مارا تیر بتلاؤ مجھے / زخمِ تن ہر دم جو دم بھرتا رہا سوفار کا
فصلِ گل میں بھی یہ صیادوں کے بلبل پہ ہیں ظلم / جب رہا کرتے ہیں وہ کاٹ کے پر کرتے ہیں
لطف حاصل تب ہمیں ملے قاتلِ بے پیر ہو / تیغ تو تو نے ہو سینہ میں ترازو تیر ہو
وقت لکھنے کے اگر اُس مصحفِ رخ کی ہو یاد / پھر تو جو نامہ لکھوں قرآن کی تفسیر ہو
ہوا ہوں حسرتِ دیدار میں عجب کیا ہے / جو بعدِ مرگ بھی وا چشمِ انتظار رہے
جو اشک و آہ نے امداد کی تو چل نکلے / ہمیشہ نالے مرے ریل پر سوار رہے
پنجۂ مرگ میں صیاد نے پھنسکر یہ کہا / ہائے تائب نہ ہوا کیوں میں جفا سے پہلے

کسی طرح مٹتی نہیں دل سے یہ / محبت بھی داغِ جگر ہو گئی
عبادت کی اے شیخ یا پی شراب / یہ عمرِ دو روزہ بسر ہو گئی

دہن سانپ کا موتیوں سے بھرا		پسینے میں کاکل جو تر ہو گئی	

حامد

حامد۔ مولوی حامد علیخان حامد خلف حافظ غلام علیخاں باشندۂ شاہ آباد ضلع ہردوئی زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا کلام ملاحظہ ہو ؎

ہنگام ذبح بھی میری وحشت کا زور ہے	بڑھتے ہیں ہاتھ دامنِ جلاد کے لئے
وہ صبر دوست ہوں کہ اسیری میں بھی کبھی	کی بددعا زباں سے نہ صیاد کے لئے
آزاد ہے دل وسوسۂ ہردو جہاں سے	ہے ہمکو تعلق نہ مکیں سے نہ مکاں سے
کہتے ہیں مجھے اہلِ جہاں آپ کا عاشق	اے مشفقِ من آپ بھی کچھ کہیئے زباں سے
اس میکدۂ دہر میں بیہوش ہوں ایسا	معلوم نہیں کون ہوں آیا ہوں کہاں سے

حامد

حامد۔ نواب حامد حسین خاں بہادر رئیس لکھنؤ۔ آپ نواب امین الدولہ مغفور وزیر حضرت امجد علیشاہ کے پوتے اور نواب اشرف الدولہ احمد حسن خاں کے فرزند رشید تھے۔ بعد غدر کے سرکاری ملازمت اختیار کی اور ترقی پاکر سب ججی کے عہدے پر ممتاز ہوئے۔ دس گیارہ برس ہوئے انتقال فرمایا۔ ازل سے موزوں طبع لائے تھے۔ اور فنِ شعر میں تدبیر الدولہ منشی امیر سے تلمذ تھا۔ معانی آفریں طبیعت پائی تھی۔ زبان۔ بندش۔ اور ترکیب سب وصف انکے کلام میں موجود ہیں۔ نتائج افکار سے چند شعر حاضر کئے جاتے ہیں ؎

چلا رہی ہے روح یہ لیلیٰ کی نجد میں	یارب یہیں تو تھا مرا مجنوں کہاں گیا
چمن کو چھوڑ کے مقتل میں آرہے بلبل	جو دیکھ لے مرے گلہائے زخمِ تن کی بہار
سلام آج سے بس ہمارا ہی صاحب	تمھارا اگر رنگِ محفل یہی ہے
وہ حسرت دلمیں پنہاں تھی جو جیتے جی نہیں نکلی	جو نکلی بھی تو مر مر کے بوقت واپسیں نکلی
چمک میں چاند سے وہ چہرۂ قاتل کی جبیں نکلی	ضیائے روئے انور غیرتِ ماہِ مبیں نکلی
کہیں ہم جستجو کرتے پھرے اور یہ کہیں نکلی	جو تھی آسایشِ دنیا وہ سب زیر زمیں نکلی

...ے پاؤں رکھا ہو کہ چشم اہلِ عالم میں / بلندی میں فلک سے بھی کہیں بڑھکر زمیں نکلی
اِسے کہتے ہیں دلجوئی لگاکر تیغ وہ بولے / ابھی نکلی تمنا تیر سے دل کی یا نہیں نکلی
فشارِ قبر نے جب ہڈیاں پسیں ہوا ثابت / فلک کی چکیوں سے بھی کہیں بڑھکر زمیں نکلی
نہ لائی سوزشِ فرقت کی جب دم تاب سینے میں / جلاکر دل جگر کو منہ سے آہِ آتشیں نکلی
سوالِ وصل میں کس۔ن بر آیا مدعا دل کا / عوض ہاں کے تمہارے منہ سے جب نکلی نہیں نکلی

حامد

حامد منشی حامد حسین قادری نام - حامد تخلص - والد کا نام مولوی احمد حسن صاحب وطن قصبہ بچھراؤں ضلع مرادآباد - منشی امتیاز احمد خاں صاحب راز رامپوری سے تلمذ ہے - اُن کے والد عدالتہائے ریاستِ رامپور میں وکیل ہیں - عرصۂ دراز سے یہیں قیام ہے - کلام میں مزا اور طرز ادائے مضمون میں اچھا سلیقہ ہے - مذاقِ شعر شستہ اور زبان صاف ہے - آپکے کلام کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے -

ہوتی رہتی ہے خلش درد کی اکثر دل میں / رہ گیا ہو نہ کہیں ٹوٹ کے نشتر دل میں
جو مزا تیری جفا میں ہے کسی شے میں نہیں / گھر بنا لیتے ہیں یہ خنجر و نشتر دل میں
میرا ذمہ جو اُسے کچھ بھی خبر ہو اسکی / آپ آئیں تو سہی غیر سے چھپکر دل میں
کبھی ہنستا ہوں تیری دھن میں کبھی روتا ہوں / یاس رہتی ہے تمنا کے برابر دل میں
یہ بڑا حسن ہے تصویر میں اُسکی حامد / گھر بنا لیتی ہے آنکھوں سے اُتر کر دل میں
نکالا آج اسے تو کل اُسے شانِ تلون نے / بدلتے رہتے ہیں ہر روز نقشے اُنکی محفل کے
بہت بیزار ہوں جینے سے تو ہی مہربانی کر / کہ اُٹھ سکتے نہیں اے موت مجھ سے ناز قاتل کے
الٰہی کیا کروں راہِ محبت کس طرح طے ہو / کھڑے ہو جاتے ہیں آگے پہاڑ آ آ کے مشکل کے
ترے تیروں نے اے ناوک فگن کیا اُنکو چھیڑا ہے / یہ آخر پھوٹ کر رونے لگے کیوں آبلے دل کے
کہیں تو بھی نہ تڑپے او تماشا دیکھنے والے / ارے ظالم نہ کھا چرکے نگاہِ یاسِ بسمل کے
نہ برما اسکو تیروں سے ستمگر میں نہ کہتا تھا - / کہ ساتھ اشکوں کے اب آنے لگے ٹکڑے جگر دل کے
تمھاری تیغ کا احساں نہ کیونکر میرے سر پر ہو / کہ حسرت قتل کی اُسنے نکالی ہے گلے مل کے

وہ تیری تیغ ہے آئیگا جس سے چین حامد کو ‎ وہ تیر اتیر ہی نکلینگے جس سے حوصلے دل کے

مقدر کے بل سب نکل جائیں گے ‎ وہ بدلے تو ہم بھی بدل جائیں گے
شبِ وصل ہوگی تو اَے آسمان ‎ یہ انداز تیرے بدل جائیں گے
یہی سوزِ غم ہے تو عاشق کہاں ‎ غریب اک نہ اک روز جل جائیں گے

لحد سے اُٹھکے ظالم دیکھ لوں میں تیری صورت بھی ‎ جو آیا ہی تو کر دے چال سے برپا قیامت بھی
ترا غصہ بھی مجکو یاد ہے تیری عنایت بھی ‎ مری آنکھوں میں پھرتی ہی یہ صورت بھی وہ صورت بھی
جب آئے ہجر کے دن گھر مرے تو ساتھ ہی اُنکے ‎ چلی آئی سمٹ کر ساری دُنیا کی مصیبت بھی
اُٹھا ہی درد اُلٹا جب کبھی نشتر لگا نے کو ‎ تو دلمیں پھانس بنکر چُبھ گئی ہی اُلکی حسرت بھی
اب اُسنے سامنا ہوتا ہے تو مُنہ پھیر لیتے ہیں ‎ کہاں کی رسم اُلفت چھوڑ دی صاحب سلامت بھی
تمھاری یاد جب چُٹکے لگاتی ہی مرے دلمیں ‎ کھٹک کرتا ہے پیدا کس مزہ کی خارِ حسرت بھی
جناب شیخ کیا کچھ آڑ میں تقوے کی کرتے ہیں ‎ کوئی کیا اُنکو جانے ایک ہی حضرت ہیں حضرت بھی
پشیمانی ذریعہ ہوگئی بخشش کا اے واعظ ‎ بہے جب اشک تو بہنے لگا دریائے رحمت بھی
تری محشر خرامی نے لگائیں ٹھوکریں کیا کیا ‎ بڑے مشکل سے سنبھلے آج فتنے بھی قیامت بھی
کہا قاصد سے کہنا عمر بھر یونہی بسر ہوگی“ ‎ کہاں کا خط۔ ہمارا پڑھ چکے وہ خطِ قسمت بھی
یہ کون آتا ہی؟ وہ آتے ہیں شاید سیرِ گلشن کو ‎ خبر کے ساتھ ساتھ اُڑنے لگی پھولوں کی رنگت بھی
بسر ہوتی ہے اپنی زندگی کس لطف سے حامد ‎ خدا رکھے مزے کی چیز ہے دردِ محبت بھی
نہ مانونگا تمھاری یاد ہی تڑپا گئی ہوگی ‎ اِسی نے آکے چٹکی لی کلیجے میں یہی ہوگی
چلا یہ کون میرے پاس سے راہِ محبت میں ‎ یہ کسنے ساتھ چھوڑا ابیمروت زندگی ہوگی؟
پھرا کرتا ہے یہ کیوں میکدے کے گرد راتونکو ‎ کہیں زاہد نے جھلکی دخترِ رز کی دیکھ لی ہوگی
بتونکو چھوڑ حامد نور ایماں دل میں پیدا کر ‎ یہی وہ چیز ہے مرقد میں جس سے روشنی ہوگی

حامد

حامد ۔ محمد حامد علیخانصاحب نقلنویس عدالت سب ججی سلطانپور اَودھ چند شعر درجِ ذیل ہیں

خود اپنے ظلم پہ ظالم تو منفعل ہوگا!	جو دیکھنے مرا حال خراب آئے گا
اثر کیا جو مرے جذبۂ محبت نے	اُسے جفاؤں سے خود اجتناب آئیگا
یہ دَور پھر بھی غنیمت ہے گو ہے پُر آشوب	اب آگے اور بھی اِس سے خراب آئیگا

حامد

حامد - مشفقی و محبّی مسٹر حامد علیخاں صاحب بیرسٹر ائٹ لا خلف حکیم امجد علیخاں صاحب مرحوم ڈپٹی کلکٹر۔ آپ کے بزرگ عہد سلطنتِ مغلیہ میں اعزاز و احترام کے ساتھ مناصب جلیلہ پر معزّز و ممتاز رہے ہیں۔ آپکا خاندان عرصۂ دراز سے قصبۂ اَمروہہ میں سکونت پذیر رہے اور اِس خاندان میں طبابت کا سلسلہ کئی پشت سے نہایت نیکنامی اور شُہرت کے ساتھ جاری ہے۔ آپکے مورثِ اعلیٰ مولٰنا شیخ سماءالدین سلطان بہلول لودھی کے زمانے میں دہلی میں رونق افروز تھے۔ سکندر لودھی اور ابراہیم لودھی کے عہد میں آپکے مورث نصیر الدین شیخ الاسلام کے جلیل القدر عہدے پر ممتاز تھے۔ اِسی طرح مفتی جمال خاں۔ مفتیٔ دولت اُستاد خواجہ میر درد مرحوم - نواب اعظم الدین خان حکیم فیروز علیخاں منصبدار پانصدی آپکے آجداد میں نامور ہوئے۔ حکیم قوام الدین خاں حکیم علویخاں کے شاگرد اور اُنکے بیٹے حکیم امام الدین خان عالمگیر ثانی کے عہد میں شاہی طبیب تھے اور حکیم الملک کے خطاب سے مفتخر تھے۔ آپکے پر دادا حکیم غلام علیخاں صاحب دلّی چھوڑ کر اَمروہے جا بسے اور معالجات کی بدولت اچھی شہرت حاصل کی۔ اسیطرح آپکے دادا حکیم ابو علیخاں صاحب نے بھی خاندانی اعزاز کو قائم و برقرار رکھا۔ آپکے والد ماجد حکیم امجد علیخاں صاحب جو ایام غدر میں شاہجہاں پور میں تحصیلدار تھے اور بعدہٗ ڈپٹی کلکٹر بھی رہے صاحب اخلاق حسنہ تھے۔ جون ۱۹۰۹ء میں رہگرائے عالم باقی ہوئے۔ آپ ۱۶ دسمبر ۱۸۶۱ء میں بمقام بریلی (روہیلکھنڈ) پیدا ہوئے - فارسی عربی اور انگریزی تحصیل کی۔ اپریل ۱۸۸۰ء میں لندن جاکر سند بیرسٹری حاصل کی۔ انگریزی زبان میں کمال لیاقت رکھتے ہیں۔ اور اُس زبان میں بھی صاحب تصانیف نظم و نثر ہیں۔ ۲ نومبر ۱۸۸۵ء میں ہندوستان واپس آئے اور بیرسٹری شروع کی۔ آپکے مفصل حالات مختلف انگریزی

اور اُردو رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ لکھنؤ میں میر لفیس جیسے صاحب کمال سے آپکے مراسم تھے اور میر صاحب موصوف آپکے معترف رہتے تھے۔ شعر و سخن سے اُنکو ایسی وابستگی ہے کہ بیان سے باہر ہے۔ حامد علیخاں صاحب کو فنِ شعر میں شیخ علی حزیں صاحب لکھنوی شاگرد مظفر علیخاں صاحب اسیر سے تلمّذ ہے۔ راقمِ تذکرہ کے مخلص بے ریا ہیں۔ ہمیشہ عنایت ناموں سے جنمیں خلوص و شرافت۔ مہر و محبت کے دفتر کھلنا زیبا ہے۔ عزّت افزائی فرماتے رہتے ہیں۔ آپ لکھنؤ کی علمی جماعت کے سربرآوردہ ممبر ہیں۔ اور اپنی ہر دلعزیزی۔ خوش اخلاقی۔ زندہ دلی کی وجہ سے تعلیم یافتہ سوسائٹی کی روحِ رواں ہیں۔ شیعہ جماعت کے بارسوخ اور باوقار رکن سمجھے جاتے ہیں۔ کلام ہدیہ اصحاب ذوی الاحترام ہے ؎

پیری میں کوچ حُسن جوانی کا کر گیا — آئی خزاں بہار کا موسم گزر گیا
اُشکوں کے ساتھ بہنے لگا آرزو کا خوں — تیرِ نگاہِ یار جو دل سے گزر گیا
دُنیا مقامِ غم ہے خوشی نام کو نہیں — جو اس مکاں میں رہنے گیا نوحہ گر گیا
اُنکے مزاج میں بھی تلوّن غضب کا ہے — رنگِ زمانہ ہے اِدھر آیا اُدھر گیا
نہ کیئے نرم دلِ سخت بتوں کے تو نے — تجھسے کچھ کام نہ آہِ دلِ سوزاں نکلا

جب تک کہ تجھے یاد مرا نام نہ آیا — او بھولنے والے مجھے آرام نہ آیا
دولت کو نہ کر جمع کہ پچھتائیگا منعم — کِس کام کا وہ زر جو ترے کام نہ آیا
جو دوست کی مرضی ہو وہ مرضی ہو ہماری — اچھا وہ نہ آیا جو لبِ بام نہ آیا
اے چرخ عوض ظلم کے گردش ہی تجھکو — مجکو جو ستایا تجھے آرام نہ آیا
ساقی کا یہ احسان نہ اُٹھتا کبھی ہمسے — اچھا ہوا ہم تک جو کوئی جام نہ آیا
اللہ ہی نگہبان ہو اُس دل کا کہ جسپر — تو نے بھی دھرا ہاتھ تو آرام نہ آیا
کیا خوب بسر عمرِ دو روزہ ہوئی حامد — صد شکر کسی کا کوئی الزام نہ آیا

حالت تھی نزع کی کہ یہ فرقت کا درد تھا — بےحس تھے ہاتھ پاؤں مرا جسم سرد تھا

بدلی ہزار شکل مگر شکل تھی وہی
صیاد بھی تڑپنے لگا تھا قفس کے پاس
تو بھی جگر کو تھام کے بیتاب ہو گیا
کیونکر نہ ہو یہ جذبِ محبت کا تھا اثر
تیری نگاہ میں یہ کشش کس بلا کی تھی
کس کس جگہ بتاؤں تمھیں پوچھتے ہو کیا
رگ رگ میں اپنے بھر دیئے تھے عشق کے مزے

اُلٹا جو لفظ درد کو تب بھی وہ درد تھا
اِس درجہ نالۂ دلِ بلبل میں درد تھا
دل کا ہمارے درد ترے دلکا درد تھا
بے چین ہی تھے جو مرے دلمیں درد تھا
ہمراہ دل کے جانے پہ بیتاب درد تھا
دلمیں۔ جگر میں۔ سینے میں پہلو میں درد تھا
دل سے سوا عزیز مجھے دلکا درد تھا

یہ داغ رنج و غم دلِ بسمل میں رہ گیا
جو ساتھ ساتھ آئے تھے وہ سب چلے گئے
آنکھوں کا حسن خون سے بسمل کے بڑھ گیا
آنکھیں لڑا کے آنکھوں میں سب کچھ وہ کہہ گئے
کھلتا ہے دل میں روز گلِ داغ اک نیا
فکرِ رسا سے بات نکلتی ہے بات میں
کرتا ہے قدسیوں کے بھی دل پر عجب اثر
کس منہ سے دوستوں کے بھلا رازداں ہم
ممکن نہ ہوگا شربتِ دیدارِ یار کیا ؟
منت سے بھی تم آئے تو میں اسکو کیا کروں
باغِ جہاں میں سیر کی فرصت کہاں ہمیں
دلکی شگفتگی سے عجب میرا حال ہے
کچھ نہ تھا ہمراہِ میت وہ فقط ہمراہ تھے
ابتدائے عشق ہی میں اُف مرا جوشِ جنوں

دھبہ لہو کا دامنِ قاتل میں رہ گیا
تنہا فقط میں گور کی منزل میں رہ گیا
کیا رنگ تھا کہ دیدۂ قاتل میں رہگیا
جو دل کا مدعا تھا وہی دل میں رہ گیا
المختصر یہ ثمرہ ہے عمرِ دراز کا
کیونکر تمام وصف ہو زلفِ دراز کا
تیرا ادا و ناز سے پڑھنا نماز کا
دشوار جب چھپانا ہو اپنے ہی راز کا
پیغامِ مرگ ہے مرضِ انتظار کیا ؟
اے دل کسی کے دل پہ مجھے اختیار کیا
آئے بہار کیا جو نہ آئے بہار کیا
کٹتی ہے اک طرح سے خزاں کیا بہار کیا
رو دیئے دشمن جنازے پر یہ ساماں دیکھکر
بھاگتا ہوں سوئے صحرا شکلِ انساں دیکھکر

کیا اجارہ اس میں حامد وہ جسے جو چاہے دے
رشک کرتا ہے عبث انساں کو انساں دیکھکر

حریصِ دولتِ دنیا نہ اتنا ہو منعم
غنی جو دیکھے ہیں انکو گدا سمجھتے ہیں

وہ یاد کرتے ہیں لیکن کبھی بلاتے نہیں
ہمارے ذکر کو ہم سے سوا سمجھتے ہیں

جواب دیتے ہیں وہ سیدھی بات کا ٹیڑھا
سمجھ میں کچھ نہیں آتا کہ کیا سمجھتے ہیں

کچھ احتیاج نہیں خط کے لکھنے کی قاصد
وہ خوب دل کا مرے مدعا سمجھتے ہیں

جو میرے دل میں ہے انکی زبان پر ہے وہی
وہ بے کہے ہوئے مطلب مرا سمجھتے ہیں

تناسب ہے ترے اعضا میں سر سے پاؤں تک ایسا
نظر پڑتی ہے جن لوگوں کی ان پر صاد کرتے ہیں

تری قدرت کا ای خالق یہ ادنی سا نمونہ ہے
کہ ہم اس عالمِ ایجاد میں ایجاد کرتے ہیں

پڑھا کرتے ہیں تربت پر مری وہ فاتحہ آکر
خدا آباد رکھے روح کو جو شاد کرتے ہیں

جوانی ہے مئے الفت کے وہ سرشار بیٹھے ہیں
نہ وہ ہشیار بیٹھے ہیں نہ ہم ہشیار بیٹھے ہیں

مری غم کی کہانی نے تغیر یہ کیا پیدا
یہی اغیار تھے پہلے جو اب غمخوار بیٹھے ہیں

تو ہی واقف ہے بس یارب یہ مرتے دم ندامت ہے
ادائے حق سے میں تیرے بہت معذور جاتا ہوں

دمِ آخر مجھے دیکھا جہاں کے رنج سب بھولا
وہیں چھوڑے جہاں کے غم تھے اب مسرور جاتا ہوں

جنسِ الفت کی دکاں کھولکے بیٹھے تو کوئی
جمع دم بھر میں خریدار ہوئے جاتے ہیں

یہی حالت تمھاری ہو جو دم بھر دیکھتے جاؤ
ذرا تم ہاتھ رکھکر قلب مضطر دیکھتے جاؤ

دفن ہیں کیا کیا شہیدِ داغِ الفت جا بہ جا
کوہ و صحرا و چمن میں لالہ پیدا کیوں نہو

کسی نرگس کا متوالا کوئی مستانہ آتا ہے
دکھاتا سیرِ عالم دیکھیے دیوانہ آتا ہے

کسی سے بغض ہے رشک و کدورت ہے نہ کینہ ہے
دل اپنا صاف ہے سب سے ہمیں یارانہ آتا ہے

احبا کو سنا دیتے ہیں جو دلپر گزرتی ہے
ہمیں اپنی ہی بیتی کا فقط افسانہ آتا ہے

تمھارے حسن کے چرچے ہمارے عشق کے قصے
دو عالم کو جو آتا ہے یہی افسانہ آتا ہے

یہ سرخی آگئی چہرہ پہ کیسی مرنے والے کے
دمِ آخر نظر شاید رخِ جانانہ آتا ہے

چمن کے پتے پتے پر عجب فرحت برستی ہے
ریاضت عمر بھر وہ کی کہ جس پر ناز ہے حامد
آتشِ غم کا پتہ دیتی ہیں آہیں اپنی
تیری قدرت کا تماشا کوئی ہم سے پوچھے
تیرے دیدار کو مجموعۂ عالم سے کھینچے
جنکا تکیہ ہے توکل پہ قناعت شیوہ
رازِ سربستہ رہا سب پہ طلسمِ عالم
اپنے سودے کا سبب ہیں جو معنبر زلفیں
بات کے ہونگے دھنی اور بھی دنیا میں بہت
کسی کی دید کے طالب ہوئے عبث موسیٰ
ہمیں تو عشق و حیاتِ ابد برابر ہیں
آنکھیں فلک پہ جھپکی ہیں خورشید و ماہ کی
اِک حرف بھی رہے گا نہ لے کاتبِ عمل
شمشیرِ غم کا خلق میں ہے ہر طرف عمل
ہنگامِ ذبح صورتِ قاتل تو دیکھئے

اُڑاتا خاک صحرا کی کوئی دیوانہ آتا ہے
اسی کمبخت دلکا کچھ ہمیں افسانہ آتا ہے

دیگر

آگ دیکھی ہے جہاں ہم نے دُھواں دیکھا ہے
ایک ذرّے میں دو عالم کا سماں دیکھا ہے
تجکو دیکھا ہے تو سارا ہی جہاں دیکھا ہے
ایسے ہی لوگوں کو پیری میں جواں دیکھا ہے
یوں تو کہنے کو کہیں سارا جہاں دیکھا ہے
اُنھیں زلفوں میں علاجِ خفقاں دیکھا ہے
ایک حامد کو مگر ہم نے بھی ہاں دیکھا ہے
جو آرزو کہ نکلتی وہ آرزو کرتے
نہ مرتے ہم تو جینے کی آرزو کرتے
اللہ رے چمک تری برقِ نگاہ کی
دُھوتا ہوں آب اشک سے فردیں گناہ کی
ملتی نہیں خوشی کو کوئی جا پناہ کی
تصویر بن گئی مرے حالِ تباہ کی

حباب

حباب - جناب مولنا حافظ سید محمد دائم علی صاحب مُرادآبادی - آپ رامپور میں ملازم ہیں ساٹھ روپے ماہوار پاتے ہیں۔ ستر سالہ ضعیف العمر شخص ہیں - نمونۂ کلام درج ذیل ہے ؎

ایک وہ ہیں کہ بسر کرتے ہیں کاشانوں میں
نہ ملا تیرا نشاں ہمکو کہیں بھی اے دوست
دیکھ کر ہجر میں افسوس نقاہت میری

ایک ہم خاک اڑاتے ہیں بیابانوں میں
ڈھونڈا جا جا کے بہت مسجد و بتخانوں میں
وہ خفا ہیں کہ اڑائی ہے نزاکت میری

حباب

حباب۔ ناظمِ باکمال ناثر عدیم المثال پنڈت اُمراؤ سنگھ صاحب حباب خوشہ چینِ خرمنِ کمال نواب اسداللہ خان غالب مرحوم و مغفور۔ آپ رڑکی کالج میں بیس پچیس برس تک مدرس سیاق رہے۔ ملازمت کے ساتھ ہمیشہ شوقِ شاعری و انشاپردازی کو بھی نباہتے رہے۔ کئی برس ہوئے آپنے ایک اخبار بھی جاری کیا تھا جس میں زیادہ تر آپ ہی کی نظم و نثر کے اعلیٰ نمونے درج ہوتے تھے۔ مگر زمانے کی ناقدردانی سے وہ اخبار چند ہی ماہ جاری رہ کر بند ہو گیا۔ غزل گوئی میں آپ کو اچھا ملکہ حاصل ہے۔ تصوف اخلاق اور وحدانیت کے اکثر مضامین آپکے کلام میں پائے جاتے ہیں۔ بلندیٔ مضمون اور نزاکتِ خیال کے ساتھ آپکی طبیعت میں شوخی اور جدت بھی بقدر مناسبت موجود ہے۔ آپ کا مذاق نہایت شُستہ اور قابلِ تقلید ہے۔ اب کئی برس سے پنشن پاتے ہیں۔ ۶۵ برس کی عمر پاکر سنہ ۱۹۰۹ء میں بمقام لاہور انتقال کیا

بہائے بحر جو ہے گوہرِ خوش آب سے ہے	دُرِ سرشک سے ہے آنکھ بے بہا دریا
گلشن میں گدگدی سے نسیمِ سحر کی آج	گُل ہنس دیا تو غنچہ بھی کچھ مسکرا دیا
نسیمِ صبحِ بہاراں سے نرم تھی مری نیند	خروشِ بلبلِ نالاں سے اُڑ گئی مری نیند
نگاہِ دیدۂ بیہوش ہیں ہم	صدائے نالۂ خاموش ہیں ہم
جنوں تعلیم تھی کیا بزمِ شب جو صبح ہوتے ہی	گریباں پھاڑتے گھر سے تمھارے ہمنشیں نکلے
غُل کرتا ہوا مژدۂ آزادی کا	زنداں سے رہا ہو کے اسیر آتا ہے
ہے ساتھ جو توشۂ توکل بخدا	آزادِ غمِ جہاں فقیر آتا ہے
بیتابی و اضطراب کا نقش مٹا	اے موجِ حباب دستگیر آتا ہے

جیب

جیب۔ مولوی سید کاظم کنتوری نواح لکھنؤ کے رہنے والے ہیں۔ اور اپنے آپ کو یادگار خاندانِ ناسخ مرحوم لکھتے ہیں۔ آپکے مرسلہ حالات سے پایا جاتا ہے کہ آپکے بزرگ ساتویں صدی ہجری میں نیشاپور اور خراسان سے فیض آباد اودھ میں آکر مقیم ہوئے اور پھر شدہ شدہ کنتور میں جو لکھنؤ اور فیض آباد کی راہ میں واقع ہے اقامت اختیار کی۔ آپکے مورث سید جمال الدین کو

تعلق بادشاہ کے عہد میں بروئی اودوھ کا تعلقہ جاگیر میں ملا۔ حبیب صاحب کے دادا سید حمایت حسین وزیر الممالک نواب سعادت علی خاں کے مصاحب رہے اور کرنل بیلی رزیڈنٹ کے اُستاد تھے۔ نانا میر لطف اللہ قدرؔ کنتوری شیخ ناسخ کے شاگرد تھے۔ میر خدا بخش جنکی کربلا تال کٹورہ لکھنؤ میں اُبتک موجود ہے آپکے نانا میر لطف اللہ کے حقیقی نانا تھے۔ الغرض آپ کا خاندان ہمیشہ علم وفضل کیوجہ سے ممتاز رہا ہے۔ آپ ۱۴ ذوالقعدہ ۱۲۶۷ھ میں بمقام کنتور پیدا ہوئے ۱۵ برس کی عمر میں فارغ التحصیل ہوگئے۔ اُس زمانے میں شعر گوئی کا شوق ہوا۔ پہلے اپنے نانا قدرؔ کنتوری سے اصلاح لی پھر ۱۲ برس کی عمر میں سید حسین صاحب عشقؔ شاگرد ناسخ مرحوم کو سات برس اپنا کلام دکھایا۔ اسکے بعد اُنھوں نے فرمایا کہ اب تم کو اصلاح کی حاجت نہیں۔ آپ کی تصنیف سے دو دیوان مطبوعہ۔ مخمس حبیب بر ترکیب بند شکوہ ہند حالی۔ مدح محبوب مدحیہ نظام۔ مکاتبات فارسی۔ ایمانِ حبیب۔ مجموعۂ مراثی مطائبات حبیب غیر مطبوعہ موجود ہیں۔ آپ دس برس کی عمر میں اپنے والد کے ساتھ لکھنؤ گئے۔ چونکہ آپکے والد کی معاش کم تھی اس لیئے صغیر سنی ہی میں روزگار کی ضرورت محسوس ہوئی چودھویں سال مولوی غلام حسین کنتوری کی صاحبزادی سے جو اُنکے خالو تھے نکاح ہوا۔ انھیں کے ہمراہ آگرہ اور گوالیار کے سفر کا اتفاق ہوا۔ ۲۱ برس کی عمر میں بہ تلاشِ روزگار ریاست چرکھاری اور وہاں سے اندور گئے مگر جلد ہی واپس آگئے۔ ۲۵ برس کی عمر میں بنارس اور کلکتہ کا سفر کیا جب ہگلی پہنچے تو وزیر السلطان منشی امیر علیخاں کے صاحبزادے نواب اشرف الدین احمد خان متولی امام باڑہ نے اپنا مہمان کیا اور اُنکے والد وزیر السلطان بھی بڑی مہربانی سے پیش آئے اور راجہ امیر حسن خان رئیس محمود آباد سے سفارش کی۔ چنانچہ یہ وہاں تین سال ملازم رہے پھر ۲۸ برس کی عمر ۱۲۹۶ھ میں بحالتِ بیماری اپنے بھائی سید محمد عسکری عادلؔ کو ساتھ لیکر حیدرآباد کے عازم ہوئے۔ کچھ دنوں ہاں کے اُمرا کے ہاں ملازمت کی۔ انجام کار ۱۲۹۹ھ میں سردار عبدالحق دلیر جنگ نے قدردانی فرماکر ساٹھ روپیہ ماہوار پر مصاحب رکھ لیا اُنکے

ولایت چلے جانے پر اُنھیں کے بھائی نواب امیر یار جنگ سید سراج الحسن صاحب تعلقہ دار بیدر نے اپنے پاس بُلا لیا اور سررشتہ دار مقرر کر دیا۔ وہاں سے ترقی پا کر آپ سنہ ۱۳ھ میں سررشتہ دار معتمد مدار المہام سرکار عالی محکمۂ کوتوالی پر مقرر ہوئے۔ وہاں سے دو سو روپیہ پر صوبہ داری بیدر کے سررشتہ دار مقرر ہوئے۔ آخر عمر میں ہوم سکرٹری سرکار نظام کے میر منشی بھی مقرر ہو گئے تھے۔ شعر و سخن سے طبیعت کو قدرتی لگاؤ تھا۔ معنی خیز طبیعت واقع ہوئی ہے اور اکثر استعارے و تشبیہ کی پابندی کرتے ہیں۔ علمی قابلیت خاصی ہے۔ علاوہ وہبی استعداد عام معلومات پر بھی حاوی ہیں جسکی انکے کلام میں جگہ جگہ جھلکیاں نظر آتی ہیں۔ علاوہ ازیں فکر رسا اور ذہن ذکی خداداد ہاتھ آیا ہے۔ ان چیزوں کی امداد سے حبقدر بلند پایہ شعر کہیں تھوڑا ہے۔ کلام میں علاوہ عاشقانہ کے وہ رنگ خاص بھی بھرا ہوا ہے جس سے گزشتہ زمانے کے شعرا نے دلوں کو تسخیر کر لیا تھا۔ اور صوفیہ کے کلام میں عموماً اور عوام الناس کے کلام میں بھی کہیں کہیں پایا جاتا ہے۔ یعنی تصوف کا رنگ۔ علاوہ ازیں تمام اصناف سخن پر قدرت حاصل ہے۔ بالخصوص قصائد خوب لکھے ہیں اور تغزل میں بھی مسائل دقیق اور نکات غریب اچھے پیرایہ میں باندھ جاتے ہیں۔ زبان سلیس۔ بندش چُست ہے جس سے اُنکی کہنہ مشقی کا ثبوت ملتا ہے۔ بڑے خلیق ملنسار۔ نیک نہاد شخص تھے۔ حیدرآباد دکن میں اکثر لوگ انکے شاگرد تھے۔ اور وہاں کے شعرا میں نظر امتیاز سے دیکھے جاتے تھے۔ راقم تذکرہ سے اکثر خط و کتابت رہتی تھی۔ افسوس کہ تخمیناً پچاس برس کے سن سنہ ۱۹۰۹ء میں انتقال فرمایا۔ آپکے صاحبزادے جناب ضامن بھی شعر و سخن کا اچھا مذاق رکھتے ہیں۔ اب کلام مرسلہ کا انتخاب ملاحظہ ہو

حُسن حب صورت گر ذوق خود آرائی ہوا
اِک جہاں شیدا ہے صورت آشنا کوئی نہیں

ہر بُت بیباک گرم لاف یکتائی ہوا
سب کو اپنا کر لیا کس کا وہ ہرجائی ہوا

دست قدرت نے دکھائیں ایسی شکلیں کھینچکر
کوئی از خود رفتہ اور کوئی تماشائی ہوا

بڑھا رتبہ یہاں تک خود فراموشی میں عرفاں کا
کہ محراب حرم ہے عکس میرے طاق نسیاں کا

شکایت کیا ہی بیہری کی اُس سے جب پہ دل آیا
کوئی اعزاز کرنا ہے بھلا ناخواندہ مہماں کا

نہیں جھکتا کوئی اُس سے جھکے جبتک خود انساں
رکوع و سجدہ سکھلاتا ہے خم محراب طاعت کا

نہ پوچھو حال کچھ ناکامیوں سے ضعفِ ہمت کا
کرینگے امتحاں اکبار لیکن اور قسمت کا

دلِ پُر آرزو کا خوں نکرے یاس تو ناحق
سمجھ اتنا کہ سرمایہ ہے یہ اک بے بضاعت کا

ہے خبر کس کو تلوّن آپ کا
آگے چلکر رنگ کیا کیا لائے گا

محبت میں تری خونِ دلِ ناشاد ہونا تھا
تاسّف کیا؟ ہوا جو اے ستم ایجاد ہونا تھا

ہو جب تن پہ سر جلّاد آکر بیڑیاں کاٹے
اسیروں کو تمھارے اِس طرح آزاد ہونا تھا

پیری میں جا نکلیں ہیں جوانی کی حسرتیں
وہ وقتِ کیف تھا یہ ہے عالم خمار کا

تم رہو گھر میں پھریں ڈھونڈتے ہم غیروں میں
یہ گماں ہوگا نہ ہم سا کوئی غافل ہوگا

پرتوِ عشق پڑا ہوگا مقدّر دیکھو!
داغ یاں سینہ پہ ہے چہرے پہ واں تل ہوگا

چلے رفتہ رفتہ ایسے کہ نہ خاک تھی نہ ہم تھے
کہ جو لوگ دفن کرتے کسی جا مزار ہوتا

کرے کیوں نہ سب پہ چین وعدہ کسی کا
قیامت ہے امروز فردا کسی کا

کہتے ہیں حسن حسن کے ہاں پھر کب ہوا
حال میرا اک فسانہ ہو گیا

میری توبہ کیا تھی توبہ اسے غفور
تیری رحمت کو بہانہ ہو گیا

ایک منزل ہے عدم کی ایکدم کا راستہ
آگے جانیوالے ہم سے آگے بڑھ جائینگے کیا

پوچھو عاشق سے غمِ عشق میں لذّت کیا ہے
تلخ ہوتا تو نہ اِس شوق سے کھایا جاتا

چلے آپ اللہ رے بے نیازی
نہ دیکھا کہ قدموں پہ ہے سر کسی کا

بھلا ہو جس کام میں کسی کا تو اُس میں وقفہ نہ کیجیے گا
خیالِ زحمت نہ کیجیے گا ملالِ ایذا نہ کیجیے گا

وہ مجھ سے فرماتے ہیں ہنسکر مدینہ ملنے کی آرزو پر
ملال ہوگا محال شے کی کبھی تمنا نہ کیجیے گا

آگے اُنکے جب کبھی ہمنے کیا اظہارِ عشق
ہنسکے بولے خیر اک دن امتحاں ہو جائیگا

دریا ہی میں رہنا تھا قطرہ کی طرح شامل
غافل نہ حباب آسا یاں تجکو ابھرنا تھا

الفت میں کوئی دل کے سوا راز داں نہ تھا
رسوا کرے گا اُس پہ مجھے یہ گماں نہ تھا

گھٹینگی خواہشیں اے دل تو حاصل مدعا ہوگا
ذرا یہ بھیڑ چھٹ جائے تو پیدا راستہ ہوگا

خدا سے مانگ اے دل شرم کر بندوں کی ہمت سے
جو حاجتمند ہے ہر دم وہ کیا حاجت روا ہوگا

ہوس ہے رہنما ہر دم درِ ارباب دولت کی
قناعت کہتی ہے بیٹھو خدا ہے کارساز اپنا

تمام کاموں کا راستی پر ہمیشہ دار و مدار دیکھا
فسادِ نیت میں جنکی پایا ہر ایک صحبت میں خوار دیکھا

توبہ کی سزا دیتے ہیں یارانِ قدح نوش
بے مانگے ہمیں دور میں ساغر نہیں ملتا

وہ جواں ہونگے تو ٹوٹینگے فرشتوں کے وضو
ایک دن چاہِ زنخداں چہ بابل ہوگا

درد و ایذا و ستم و غصہ و بدنامی و رنج
کشورِ عشق میں ہوتے ہیں محاصل کیا کیا

سامنے رندوں کے ناصح بے اثر ہے وعظ و پند
آپنے کہنے کا جو حق تھا کہا کس نے سنا

رات دن چین نہیں سوزِ محبت سے مجھے
شمع ہوتا تو فقط شب کو جلایا جاتا

نہ سر ہے کوئی تیرے سودے سے خالی
نہ دل تیرے قبضے سے باہر گیا

بادۂ ناب تو روشن گرِ دل ہے واعظ
اسکے پی لینے سے ایماں میں خلل کیا ہوگا

موسمِ گل دیکھکر ایسا خوشی کا جوش ہے
اب نہیں پھولی سماتی پیرہن میں عندلیب

سہانے وقت ہیں اے دل دمِ طلوع و غروب
سماں دکھاتی ہے قدرت کا دھیمی دھیمی دھوپ

تھا اشتیاقِ ابروئے دلبر تمام رات
دیکھا کیا میں خواب میں خنجر تمام رات

اپنے بندوں کو دیا ہے جسقدر اللہ نے
کچھ نہ کچھ اُسکے سوا ہے ہر بشر کی احتیاج

اِن بتوں میں آئے شانِ کبریائی ہو محال
ہو نہیں سکتا ہے ہرگز بندہ پرور جھوٹ سچ

سمجھو بنا رہا ہے خطاکار کو ولیسر
راضی جو درگزر پہ ہوا التجا کے بعد

وہ کوشش کیجئے رہجائے نامِ نیک محشر تک
مزا یہ ہے کہ موت آئے حیاتِ جاوداں ہوکر

اثرِ نغمۂ دلکش کی کہوں کیا حالت
ہوش کھو دیتا ہے انسان کے جادو ہوکر

دل کو ہے رنجِ فراقِ رفتگاں شام و سحر
میرے یوسف کو ہے یادِ کارواں شام و سحر

ہے یہ زورِ آمدِ فصلِ بہار اب کے برس
مست ہیں زاہد بھی مثلِ بادہ خوار اب کے برس

داغ بھی زخمِ جگر کا نہ رہا
تھی یہ قاتل کی نشانی افسوس

کون زخمِ خنجرِ ابرو کا شاہد تھا حبیب
ہار جاتے تم کلیجہ پر اگر ہوتا نہ داغ

کھل گیا ناکامیوں سے ہے سبب دوسرا
کوششیں سب اک طرف ہیں اور مقدر اک طرف

بے سبب کوئی اُٹھائیگا بھلا کیا تکلیف
دلکو ہوتی ہے محبت میں گوارا تکلیف

غیر حاکم ہو تو اُسکی جوتیاں سیدھی کریں
ننگ ہے قومی حکومت کی اطاعت آجکل

لہو تھمتا نہیں زخمِ جگر کا
نہ اچھے ہونگے اب آچارہ ہم

قاتل انہیں سکھے ہوں دو زمانے کے توڑ جوڑ * آئی جوانی پیری قیامت کی بلا سب کے توڑ جوڑ *

اُٹھائے ہیں وہ صدمے ہنسنے ملکر ان حسینوں سے
جو لیتا ہے کوئی نام محبت اُنسے تو ڈرتے ہیں

ہر اک سوال کا دیتے ہو تم جواب "نہیں"
یہ ظلم وہ ہے کہ جس کا کوئی حساب نہیں

شگفتگی مرے دلکی ہے تیرے لطف کیساتھ
ہر ایک فصل میں پھولے یہ وہ گلاب نہیں

تنگ ظرفوں کو دولت سے تمتع ہو نہیں سکتا
سدا با وصف قربِ بحر خاک اُڑتی ہے ساحل میں

خفا بھی ہیں وہ اور دل سے مری اُلفت کے قائل بھی
جفائیں کرنے جاتے ہیں پشیماں ہونے جاتے ہیں

سازِ جمعیتِ دل کا سر و ساماں میں نہیں
بے نیازی جو ہے درویش میں سلطاں میں نہیں

روشنی رہتی ہے کہتے ہیں دیئے کی تا حشر
ظلمتِ شب کا گزر خانۂ احساں میں نہیں

فطرت کو ناپسند ہے سختی بیان میں
پیدا ہوئی نہ اِس لیئے ہڈی زبان میں

تجلّی گاہِ انوارِ حقیقت دیکھنے والے
فروغِ ظاہری کو بھی کہیں خاطر میں لاتے ہیں

وہ لطفِ صحبت وہ پیاری باتیں بھلا نہ کسطرح آئیں یاد
ہمیشہ ڈھونڈا ہی تمکو آنکھیں ہوگئے اے فرقتاں نظر میں

تری یاد میں جب سے بیٹھے ہیں پیارے
دو عالم سے دل کو اُٹھائے ہوئے ہیں

آپنے جس بندے کو چاہے دے چمن آرائے دہر
کچھ اجارہ زاہدوں کا باغِ رضواں میں نہیں

نہ اُٹھائے سختی ہجر گر تو وصال کا بھی مزا نہیں
نہ ہوا مرض میں جو مبتلا کبھی اُسکو قدرِ دوا نہیں

وہ جفا زمانے نے ہمپہ کی کہ خیال جس کا تھا کبھی
یوہیں تھی مشیتِ ایزدی ہمیں کچھ کسی سے گلا نہیں

کھنچے گی خاک ہوگا ٹھکانا جہاں کہیں
دو گز زمین تو دیگا کبھی آسماں کہیں

دن رات ہے احباب کو کد بیچ کنی میں
بگڑی ہیں وہ بگڑے ہیں جو تھے ساتھ نبی میں

تقدیر میں جو تھا وہ ہوا۔ رنج سے حاصل
عقلِ بشری رہتی ہے عاجز شدنی میں

لگاؤ قہر سے تم نے گرائی جب بجلی
دل و جگر یہ پکارے جلا دیا ہمکو

دل جگر لے جانِ جانِ اہلِ وفا سے دیکھ لو
جتنا جی چاہے انھیں ہردم ستا کے دیکھ لو

سچ کہو چاہنے والوں کا گلہ ہو کہ نہ ہو
وعدہ کر بیٹھے ہو تم سب سے وفا ہو کہ نہ ہو

نہ کی میری حاجت روائی بتوں نے
خدا سے بھی کی ان کی طاعت زیادہ

انھیں خوں رلاتا ہے اکثر زمانہ
جو ہیں خوگرِ عیش و عشرت زیادہ

ہزاروں صورتیں پیدا ہیں اک آشفتہ حالی سے
نئی دنیا بسی ہے دل میں اشکالِ خیالی سے

پڑے تھے نقشِ پا بن کے نہ سنگِ راہ تھے ظالم
تجھے کیا مل گیا آخر ہماری پائمالی سے

لیجئے چھوڑ کے مرقد میں چلے یار و عزیز
آج کہتا نہیں ''اللہ نگہباں'' کوئی

گناہ لائے ہیں مجرم بنا کے تیرے حضور
جو راہزن تھے ہمارے وہ راہبر نکلے

ہمیشہ خلق میں گذری ہے ایکساں کسکی
انھیں کا شکر ہے ارمان جسقدر نکلے

کہتی ہے اجل آمری آغوش کے پالے
سب کر چکا۔ دنیا سے بس اب دلکو اٹھالے

گھر سے ہمیں یوں گردشِ قسمت نے نکالا
تلوے سے کوئی کانٹے کو جس طرح نکالے

رحم آئیگا ان سے نہ مرض کو نہ قضا کو
بیسود ہیں آہیں مری بیکار ہیں نالے

سمجھے تھے ہم اک مشغلۂ الفت کو بتوں کی
معلوم نہ تھا جان کے پڑجائینگے لالے

عمر گزری کسکو رودادِ اسیری یاد ہے
اب قفس گھر ہے ہمارا ہمنشیں صیّاد ہے

رات دن کی دل لگی وہ ہر گھڑی کی چھیڑ چھاڑ
خیر تم بھولے تو بھولے مجھکو ابتک یاد ہے

جو دلمیں تھے گئے سب بجز آرزو تیری
ہے انکی خاک کے ذروں کو جستجو تیری

عدم کو گئے نوجوان کیسے کیسے
نہ پوچھو چھٹے مہرباں کیسے کیسے

کسی کا تو ایفا بھی کرنا تھا آخر
کیئے عہد اے جانِ جاں کیسے کیسے

نجانے دیا داغِ شیریں سخن کو
دکن میں بھی ہیں قدرداں کیسے کیسے

مٹے لاکھ پھر لکھنؤ لکھنؤ ہے
سخنداں ہیں اب بھی وہاں کیسے کیسے

غلط ہے گر کہوں کچھ غم نہ تھا آغازِ الفت میں
کہ اک تشویشِ انجامِ محبت دل کو کیا کم تھی

نکلتی کیوں نہ بتخانے سے زاہد شکلِ آمرزش
یہاں بھی ولمیں کیا تیری طرح یادِ خدا کم تھی

جانے میں جان آنے میں عاشق کا دل ہیں وہ
تیغِ قضا کبھی ہیں طلسمِ ادا کبھی

ہر آرزوئے مردہ ہو راحت فزائے حال
ہلجائیں گر ترے لبِ معجز نما کبھی

یاں بندگی سے کام ہے اے شیخ و برہمن
دیر و حرم سے ہے نہ تعلق - نہ تھا کبھی

آفتِ جان ہجر میں وحشت کی سرتابی رہی
دلکو بیتابی رہی آنکھوں کو بے خوابی رہی

عمر بھر حالت دلِ مضطر کی سیمابی رہی
چشم دریا بار گردش تیری دولابی رہی

برقِ کشتِ آرزو ہے گرمیِ بازارِ حسن
جنسِ الفت کی ہمیشہ اس میں نایابی رہی

سالہا یادِ لبِ رنگیں میں رویا اشک خوں
مدتوں رنگت میری آنکھوں کی عنابی رہی

کب چھٹا اشکِ ندامت سے سیہ کاری کا رنگ
صاف ہو کر بھی مری فردِ عمل آبی رہی

دیوان دوم

ہر داغِ دل بنا حجر الاسودِ حرم
جلنے سے مثلِ طور یہ گھر محترم ہوا

چینِ جبین دلیل کدورت ہے دیکھئے
خطِ غبار جوہرِ تیغِ ستم ہوا

گہ وصل کی دعا تھی - کبھی شکرِ التفات
اکثر خدا کے سامنے ذکرِ صنم ہوا

ابرو کا بوسہ لینے سے اخلاص بڑھ گیا
یہ سورہ آج خنجرِ قاتل پہ دم ہوا

کر کے آئے تھے یہ ساماں مرے تڑپانے کا
نام آتے ہی لیا آپنے گھر جانے کا

اے نقاہت دو گئے بزم سے اب کیا ہی یہاں
تو ہی کردے کوئی ساماں مرے اٹھوانے کا

خو نہیں مہر و محبت کی عزیزوں میں حبیب
دل نہ کیوں بندۂ احساں رہے بیگانے کا

عقل کہتی ہے نہ رکھ وادیِ الفت میں قدم
وحشتِ دل کا تقاضا ہے کہ چل کیا ہوگا

ہمنے مانا کہ یہ وعدہ نہیں جھوٹا لیکن
تم سے پہلے اگر آجائے اجل کیا ہوگا

ہوتی رہتی ہیں خطاؤں پہ خطائیں مالک
شکر میرا ترے احساں کا بدل کیا ہوگا

دوئی میں یکدلی کا رنگ پیدا ہو نہیں سکتا
شناسا غیر کا تیرا آشنا ہو نہیں سکتا

قسم کھا کر نوشتہ مجکو دو یہ دلکا سودا ہو
زبانی کہنے سُننے پر بھروسا ہو نہیں سکتا

یہ ارمان خانہ زادِ دل ہیں تم گر محرمِ دل ہو
چھپاؤں کس طرح مالک سے پڑا ہو نہیں سکتا

زمین و آسماں کا فرق ہے ادنیٰ و اعلیٰ میں
چمک سے ہمسرِ خورشید ذرہ ہو نہیں سکتا

رہی کچھ دن یونہی گر اپنی اپنی فکر یاروں کو
تو کوئی تا قیامت پھر کسیکا ہو نہیں سکتا

شبِ غم ہوگی رُوئے شاہدِ مقصد سے نورانی
قمر سے اِس اندھیرے میں اُجالا ہو نہیں سکتا

بیخودی سے اِنتشارِ دل بدلجاتا تو میں
گو ہرِ مقصود ہر تارِ نفس میں کھینچتا

شاہد آزاری تھی آئینِ محبت کے خلاف
ورنہ بلبل گل کو بھی کُنجِ قفس میں کھینچتا

خذف کو لعل سے بہتر سمجھتے ہیں یہاں گاہک ٭ حبیب اُٹھو دُرِ معنی کا سودا ہو نہیں سکتا ٭

پھنچے نہ آنکھ میں جو شے وہ دلپسند نہیں
ہر ایک طرح مقدم ہے انتخابِ نظر

بڑھے شکوہ سے نکلے گا شوقِ دیدِ ترا
چلینگے مردمِ دیدہ بھی ہمرکابِ نظر

بنائے ذرّہ کو خورشید چشمِ مہر تری
خوشا نصیب جو ہوجائے فیضیابِ نظر

ہے محوِ صنعتِ صانع حبیبؔ حسن پرست
ترے نصیب میں زاہد نہیں ثوابِ نظر

کریگا طائرِ مضمون تو کہاں پرواز
ہے شاہبازِ خیال اپنا آسماں پرواز

حبیبؔ صید ہے تیرِ الم سے طائرِ فکر
نگر دکھاتے ہیں بازوئے خونچکاں پرواز

عدم کے جانیوالے دردکی منزل سے نکلے ہیں
رُکیں مژگاں پہ کیا گھبرا کے آنسو دل سے نکلے ہیں

پُچنے کا لختِ دل کیا اب خیالِ یار کا دامن
یہی دو چار ٹکڑے تھے بڑی مشکل سے نکلے ہیں

اگر ہے عشق کامل مر کے بن خاکِ درِ جانان
طریقے منزلت کے سب اسی منزل سے نکلے ہیں

نہ کیوں مژگانِ جاناں پر گماں ہو خونِ ناحق کا
ہزاروں تیر ایسے سینۂ بسمل سے نکلے ہیں

ملی کچھ روز راحت ہمکو برسوں جھیل کر زحمت
بڑی کاہش میں قطرے شہد کے حنظل سے نکلے ہیں

چلے آتے ہیں وہ دیکھا بھی کچھ اے مُردمِ دیدہ — یہ رونا ہے محبت کا یہ آنسو دل سے نکلے ہیں

نہیں کہتا ہے کچھ کوئی کہے کیا کسنے کیا دیکھا — ہزاروں ہوکے بیخود دیار کی محفل سے نکلے ہیں

الٰہی کون آتا ہے کہ استقبال کو جس کے — نظر آنکھوں سے نکلی اور ارماں دل سے نکلے ہیں

مرے مضموں خذف ریزے نہیں ہیں جوہرِ کانی — دلوں میں گھر کرینگے یہ مقرر دل سے نکلے ہیں

ہمیں معلوم ہیں الفت کے کوچے خضر کیا جانیں — یہ گلیاں دلکو آتی ہیں یہ رستے دل سے نکلے ہیں

نہ آئیگی کسیکو تا قیامت شوخیاں اُنکی — نظر سے آنکھ کے پردوں میں چھپکر دل سے نکلے ہیں

حبیب اس درد کے پہلو کو اہلِ درد سمجھیں گے — نہیں اشعار پرکالے ہمارے دل سے نکلے ہیں

دیگر

غم فزا کیوں ہو نہ یادِ رفتگاں میرے لیئے — منزلوں روتا گیا ہے کارواں میرے لیئے

چارہ گر اچھا ہے دردِ بے نشاں میرے لیئے — گھر کا بھیدی چور ہے زخمِ نہاں میرے لیئے

ہر ورق دیوان کا ہے سرچشمۂ آبِ حیات — جمع ہیں اسبابِ عمرِ جاوداں میرے لیئے

سُرمہ کا دنبالہ ابروئے کشیدہ سے ملا — میری خاطر ہیں یہ ناوک یہ کماں میرے لیئے

دیکھنا شوخی اُڑا کر کہتے ہیں وہ مشتِ خاک — اِس طرح تم ہو سکو گے بے نشاں میرے لیئے

خاک برسر مادرِ گیتی رہے گی حشر تک — اشکِ خوں روئیگا برسوں آسماں میرے لیئے

لُطفِ فکرِ نکتہ سنجانِ فرنگ آیا حبیب — خوب لایا میرا ضامن ارمغاں میرے لیئے

حبیب

حبیب - محمد حبیب الرحمٰن نام - ولد محمد نیاز حسین - حضرت شیخ مجددِ الف ثانی کی اولاد میں ہیں - اُردو فارسی دونوں زبانوں میں فکر سخن کرتے ہیں اور مرزا حسین علیخاں شاداں سے مستفید ہیں - حسن طبیعت کی بدولت اپنے اُستاد کے شاگرد رشید ہیں - تذکرہ انتخاب یادگار کی ترتیب کیوقت انکی عمر چوبیس برس کی تھی اس حساب سے اِس وقت ان کی عمر چھپن ستاون سال کی ہونی چاہیئے - یہ اُنکے اشعار ہیں ؛

وصل کی شب کہتے ہیں مجھسے کہ دیکھا تمنے کچھ — شمع کے آغوش میں پروانہ جل کر رہ گیا

جوشِ وحشت سے وصال اپنے مقدر میں نہیں — کہ وہ مہماں ہو اگر گھر میں تو ہم گھر میں نہیں

بے حجابانہ چلے آؤ عیادت کو مری	کہ شبِ غم کے سوا کوئی مرے گھر میں نہیں
ہو گئے کیا جور سب ختم آسماں کے اے حبیب	آج کیوں سر پہ مرے کوئی بلا آئی نہیں

حبیب

حبیب - منشی حبیب الرحمٰن - ابھی آپ رامپور میں تحصیلِ علوم میں مصروف ہیں۔ فنِ سخن میں آپ کو حضرت امیر اللہ صاحب تسلیم سے تلمذ ہے۔ ۲۲-۲۳ سال کی عمر ہے اور یہ آپکا کلام ہے

کہتے ہیں تیر لگا کر دلِ پُرخوں ہے یہی	ہنسنے تو ایک بھی قطرہ نہ لہو کا دیکھا
کسکو چاہوں میں کلیجے سے لگاؤں کس کو	کہ ترے تیر کو بھی خوں کا پیاسا دیکھا
لطفِ دیدار کہاں پردہ بیہوشی ہیں	تم نے دیکھا بھی تو کیا حضرتِ موسیٰ دیکھا

حجام

حجام - عنایۃ اللہ عرف کلو - اصل وطن تو سہارنپور تھا مگر ساری عمر دلّی میں ہی رہے - اور پیشۂ موتراشی سے بسرِ اوقات کرتے رہے۔ شعر و سخن کا شوق تھا - اور اس فن میں میر ارفیع السودا کے شاگرد تھے - مولانا فخر الدین سے ارادتِ باطن رکھتے تھے۔ مصحفی کا قول ہے کہ اچھا شعر کہتا تھا تو اُسکے خیالات بال سے زیادہ باریک ہوتے تھے اور تمام دلّی کے شعرا اُسے پسند کرتے تھے اکثر اُسکے اشعار پر شاباش ہوا کرتی تھی - مقطع میں وہ اپنے پیشے کا فخر بطور ظرافت اِس طرح بیان کرتا تھا کہ سامعین کو فرفینگی پیدا ہوتی تھی - خاص و عام اُس کو پسند کرتے تھے - مولٰنا فخر الدین کی ڈاڑھی میں منگل اور جمعہ کو خضاب لگاتا تھا - مولٰنا نے جو اُس کے پیرو مرشد تھے اُسکو دستار اور پوشاک دی تھی وہی پہنتا تھا - اِس واسطے اُسکے ہم محلہ اُسکو شاہجی کہتے تھے۔" بہرحال تمام پُرانے تذکرہ نویسوں نے شیخ عنایت اللہ کی تعریف لکھی ہے اور حقیقت میں اپنے کلام کی حیثیت سے وہ اسی قابل تھے - بقول مسٹر الیف فیلن صاحب سنہ ۹۳ھ میں اُنکی عمر پینتیس برس کی تھی اور اُنکے تذکرے کی ترتیب سے بہت پہلے اُن کا انتقال ہو چکا تھا - یہ اشعار کا انتخاب ہے +

روز رخسار کے لیتا ہوں مزے خوبوں کے	بہتر اس شغل سے حجام ہنر کیا ہوگا
جینا نظر اپنا تو ستمگر نہیں آتا	بے وصل ترے سو یہ میسر نہیں آتا

آجکل کے خوبرو دیکھے تو ہیں یہ سکھ بچے　　اِن تلک حجام ہی پہنچے نہ یہ حجام تک

خط آئینے بھی اپنی رسائی نہیں ہے واں　　حجام کس طرح سے ملیں کیا ہنر کریں

دیکھ عاشق کی تیرے رسوائیاں　　عشق کی لوگوں نے قسمیں کھائیاں

رقیبوں پر میاں پڑتا ہی تب سو سو گھڑے پانی　　بلا حجام کو جس روز تم حمام کرتے ہو

ہے جی میں کہ اک روز میں ان آنکھوں سے پوچھوں　　بچتے نہیں کس واسطے بیمار تمھارے

اُس کا وہ مژگان کا گلہ مجھ سے عبث ہے　　یہ آنکھوں پہ بوئے ہوئے ہیں خار تمھارے

اُس شوخ کے کوچے میں نچایا کرو حجام　　چھن جائینگے اِک روز یہ اوزار تمھارے

آنکھوں کو اُس کی شاعر جبادم غزال باندھے　　پھر ایسے وحشیوں کو کسکی مجال باندھے

کل میاں حجام سب کا مونڈتے پھرتے تھے سر　　آج اُس کوچے میں اُنکی بھی حجامت ہوگئی

حرق

حرق - میر حسن مرزا نام - میر اشرف علی مرحوم رئیس ڈھاکہ کے نواسہ اور میر علی آشنا و غلام حیدر مجیب کے شاگرد تھے - ۱۲۸۵ھ میں نساخ کے "سخن شعرا" کی ترتیب کیوقت جوان تھے - یہ اُنکے اشعار کا انتخاب ہے ❊

بخدا ترکِ آرزو کے سوا　　دل میں گر کوئی آرزو بھی ہو

تمھیں صورت کا غرہ ہے تو یاں دل کی محبت ہے　　تمھارا حُسن مہنگا ہے تو کسکی جان سستی ہے

ایک بندے کی بھی جاں بخشی نہ کی　　اے بتو تم سے خدائی ہو چکی

حرمان

حرمان - محمد میاں برادرِ کلاں علی محمد خان فرحت مرادآبادی - اِس سے زیادہ حالات آپکے معلوم نہیں ہوسکے - نمونۂ کلام میں تین شعر درج ذیل ہیں ❊

داغِ فرقت دل پہ میرے یارِ جانی دے گیا　　حیف وہ دلسوز اپنی یہ نشانی دے گیا

دیکھ میری اُلفتوں کو دوست دشمن یہ کہیں　　نامِ اُلفت کاش یارب اِس جہاں سے دُور ہو

اے عزیزو حال پر اُسکے ہی ہر دم چاہئے رحم　　جو جُدا یاروں سے ہو اور دُور ہو دلدار سے

حریف

حریف - جناب سید محمد عبد اللہ صاحب حسینی چشتی وکیل درجۂ دوم تلمیذ حضرت داغ

دہلوی- زیادہ حالات معلوم نہیں۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

فزوں سمجھتے ہیں فردوس کی بہار سے ہم
کہیں نجائینگے زنہار کوئے یار سے ہم

خطا نہیں ہے اگر کچھ قصور ہو جائے
بغل میں تم ہو تو باہر ہیں اختیار سے ہم

بہار آتے ہی لُطفِ خلش گیا گزرا
مزے خزاں ہی میں لیتے تھے نوکِ خار سے ہم

آئی ہے اب کے سال نئے رنگ سے بہار
ہے شوقِ میکشی دلِ پرہیز گار میں

حزیں - میر محمد باقر صاحب دہلوی- محمد شاہی عہد کے شاعر- میرزا جانجاناں مظہر کے مرید اور شاگرد تھے- چنانچہ اُنکے دیوان میں جہاں کہیں اُستاد کا ذکر آتا ہے اُس سے کمال اخلاص وعقیدت کا پتہ لگتا ہے- لطف اور شوق کے تذکروں میں اِن کا بہت سا کلام نظر سے گزرا- طبیعت معنی یاب اور فکر رنگیں رکھتے تھے- مصائب روزگار سے تنگ آکر بربنائے افسردہ خاطری ترک وطن کرکے عظیم آباد جارہے تھے- ایک دیوان مع قصائد یادگار موجود ہے جس میں سے چند غزلوں کے منتخب شعر ذیل میں درج کیے جاتے ہیں +

خوب سُوجھا ہے مزا عشق میں رسوائی کا
معتقد دل سے ہوں اِس دلکی میں دانائی کا

دلبروں میں سے لیا ڈھونڈ سجن تجھسے کوں
میں دوانا ہوں اِن آنکھونکی شناسائی کا

جس طرح جی چاہتا ہے ہو نہیں سکتی حزیں
حضرتِ استاد یعنی شاہِ مظہرؒ کی ثنا

شیریں نے دی تھی دلمیں کچھ اک کوہکن کو جا
اُسنے بھی جی کو دیکے حق اُس کا ادا کیا

نالاں نہیں ہے جور و جفا سے تری حزیں
جو تونے اُسکے حق میں کیا سو بجا کیا

اے حزیں شکر کہ ہے مصحفِ اربابِ جنوں
فیض سے حضرتِ استاد کے دیواں میرا

یہ کہہ کے باغ سے رخصت ہوئی بلبل یا قسمت
لکھا تھا یوں کہ فصلِ گل میں چھوٹے آشیاں اپنا

جو ہیں آنکھوں کے مخمور اُنکو میخانے سے کیا نسبت
نگہ کے ہیں جو تشنہ اُنکو پیمانے سے کیا نسبت

یہ آہو رام تھے مجنوں کے سب لیلیٰ کی خاطر سے
وگرنہ اِن پریزادوں کو دیوانے سے کیا نسبت

خبر لے یا نہ لے صیاد اُنکو دام میں مرنا
گرفتاروں کو تیرے آب اور دانے سے کیا نسبت

ہُوا ہے تو حزیںؔ دیوانہ اِن شہری غزالوں کا
تجھے صحرا سے اب کیا کام ویرانے سے کیا نسبت

ہم گھر بار کی سُنتے ہی رہے ہیں لیکن
ہرگز اِس بات کا ہم پر نہیں ہوتا اثبات

حزیںؔ اِن شعلہ رُخساروں سے مت جی کو لگا ہرگز
ہوئی آخر کو پروانے کے جلنے کی لگن باعث

اسیر نہیں ہوا ہے یہ دل مُبتلا عبث
ناصح تک اُسکو دیکھ بے مجھے مت ستا عبث

وہ نگاہِ مست ہے اِس چشمِ گریاں کا علاج
مے سے ہوتا ہے خمارِ مے پرستاں کا علاج

دیکھنے میں اُسکے کب آتی ہیں ایسی صورتیں
دیکھ کر تجکو نہ ہو آئینہ حیراں کس طرح

نہیں رہنے کے خوباں تجھ سے آخر آشنا ہرگز
اِنھوں پر بھولکر اے دل نہو مجھسے جُدا ہرگز

نہوے باغباں بلبل کو مانع گُل کے ملنے سے
نہیں رہنے کی گلشن میں بہار آخر سدا ہرگز

سزا پائی نا آخر چاہنے کی ہم نہ کہتے تھے
کہ ان خُوباں سے اے دل جی کو اپنے مت لگا ہرگز

خوبرو شاید مزا پاتے ہیں اپنے جور سے
اسقدر جو انکو ہوتی ہے ستانے کی ہوس

بیخبر ہوتے ہیں جو کہ عشق کی لذت سیتی
وہ نہیں رکھتے مزے سے زندگی کے اِطلاع

کیونکہ مجکو ہو تسلی جان! وعدے سے ترے
خوب رکھتا ہے مرا دل دل سے تیرے اطلاع

بجھ گیا تھا مرگ سے مجنوں کے اُلفت کا چراغ
داغ نے میرے کیا روشن محبت کا چراغ

خجل رکھتی ہے ہمکو ناتوانی جور کے منہ سے
یہ تھوڑا سا لہو اُس تیر مژگاں کے نہیں لائق

دل دیکر اپنا کیوں عبث افسوس اب کھاتا ہے دل
جاتا رہا جب ہاتھ سے پھر ہاتھ کب آتا ہے دل

آتے ہی نوبہار دھڑکتا ہے جی کہ ہائے
پھر شور و شر کرے گا یہ خانہ خراب دل

غم نے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب
دیتا ہے ساتھ دینے سے مجکو جواب دل

ملنے کے دن جو اشک نکلتے ہیں کچھ نہ پوچھ
نکلے ہے دیکھنے کو ترے ہو کے آب دل

سُنتے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب
دیتا ہے ساتھ دینے سے مجکو جواب دل

ہاتھ اُس کا بسکہ نازک ہے نہیں لاتا ہے تاب
توڑنے میں گل کے جاتا ہے لچک شاخِ گل

فصلِ گل آخر ہوئی کیا دیکھ ہونگے شاد ہم
کچھ کرے اے صبا داب ہونگے نہیں آزاد ہم

زندگانی تلخ ہو جاتی ہے ہم پر کیا کریں
کیوں نہو وے شاد ہم سے حضرت مجنوں کی روح

کچھ نہ آخر چل سکا بس اِن زبردستوں سیتی
اُس بے وفا کے عشق سے کچھ مجکو جس نہیں

ویراں ہوا خزاں سے چمن یاں تلک کہ اب
کچھ کہا شاید اُس نے قاصد سے

اِن بتوں کے دیکھنے کا جو کوئی مائل نہیں
لطف سے سرسبز کر اپنی محبت کا چمن

قرض لیویگی صبا تیرے شہیدوں سے لہو
لوگ کہتے ہیں ہمیں اِس دل کے سمجھانے تئیں

بے طرح کرتا ہے دست اندازیاں زلفوں سے یہ
نام سے اوروں کا اُس سے حال دل کا جا کہوں

حساب ہم سے وفا کا ہمیشہ لیتے ہو
بے طرح دیوانگی پر عشق میں آیا ہے دل

بے طرح ہم مبتلا پاتے ہیں خوباں کا اسے
کچھ محبت میں نہیں عاشق بچاروں کا گناہ

میں چاہتا ہوں عشق چھپاؤں پہ کیا کروں
دام اُلفت کی رہائی خوش نہیں آتی مجھے

روز باراں کیوں نہ سلے زاہد کہوں سے کو حلال
راحت نہ دلکے ہاتھ میں پاؤں گا ایک دم

وفا میری اگر جور و جفا تجکو نہ سکھلاتی
حسرتوں کو اپنی جب کرتے ہیں جی میں یاد ہم

عشق کے صحرا کو رکھتے ہیں حزیں آباد ہم
لیگئے یہ دل کو اور کرتے رہے فریاد ہم

پاؤں تلک بھی ہائے مجھے دسترس نہیں
چاہیں کہ جل مریں تو کہیں خار و خس نہیں

دل پہ میرے وہ اضطراب نہیں
زندگانی سے اُسے واللہ کچھ حاصل نہیں

خشک رہتا ہے وفا بن جان! اُلفت کا چمن
تب کریگی حشر میں رنگیں قیامت کا چمن

کیونکہ سمجھاویں کہو ہم ایسے دیوانے کے تئیں
اِس طرح کیوں سر چڑھاتا ہے سجن شانے کے تئیں

اِس طرح شاید سُنے وہ میرے افسانے کے تئیں
اور اپنے جور و تعدی کا کچھ شمار نہیں

دیکھئے اب زندگی کا کیا مری اسلوب ہو
دیکھئے اب اِس دوانے دل کی کیا تدبیر ہو

دلکی گردن پر ہے سب اِن دلکے ماروں کا گناہ
رُسوا کرے ہے خلق میں یہ چشم تر مجھے

ایک دم اُس سے جُدائی خوش نہیں آتی مجھے
اسقدر بھی پارسائی خوش نہیں آتی مجھے

جب تلک کہ میرے ساتھ یہ خانہ خراب ہے
تو کیا آرام سے یہ زندگانی ہائے کٹ جاتی

قیامت شوخ میرا بدگماں ہے	مجھے کہتا ہے تیرا دل کہاں ہے؟
جب ضیا عارض کی دیکھے خود نمائی کیا کرے	آئینہ خوباں کے مُنہ پر خود ستائی کیا کرے
دیکھئے مجھ سے تری یہ بیوفائی کیا کرے	بے طرح دل پر گراں آنے لگے ہیں جور و ظلم

حزیں

حزیں- فخر المتاخرین شیخ علی حزیں اصفہانی فارسی کے اُن اُستاذہ میں سے تھے جن کو مرزا غالب جیسے نازک خیال بھی مانتے تھے- ناظرین کو حیرت ہوگی کہ اِن بزرگ کا تذکرہ اُردو شعرا میں کیسا- مگر نہیں گزشتہ زمانے میں اہل فن و کمال کسی وادی میں بند نہ رہتے تھے- اور ہر قسم کا مذاق رکھتے تھے- آپکی ولادت اصفہان کے ایک صاحب ثروت وجاہ خاندان میں ۱۲۹۲ھ میں ہوئی آپنے آپنے والد کی وفات کے بعد زرِ خطیر جو بزرگوں کا اندوختہ تھا لہو و لعب میں ناعاقبت اندیشی سے برباد کر دیا- ذاکر شعرا اور نامی مرثیہ گویوں کو دُور دُور سے بلا کر ملازم رکھا اور ہر فن میں اُن سے استفادہ کیا- چونکہ خود جوہر قابل تھے کچھ عرصہ میں ملکہ راسخہ ہر فن میں حاصل کر لیا- جب تمام سرمایہ ختم ہوگیا تو فکر معاش سے تنگ آ کر وطن کو خیر باد کہہ کر ہندوستان کا رخ کیا- ایران اور افغانستان کے مختلف مقامات کی سیر کرتے ہوئے اول سندھ آئے پھر وہاں سے ملتان اور لاہور کے راستے سے دہلی وارد ہوئے- نادر شاہ اُنھیں ایام میں دار الخلافہ کو لوٹ کر گیا تھا- عام بدنظمی اور بے اطمینانی کیوجہ سے اُنکی لیاقت اور قدر و منزلت کے مطابق اُنکی مدارات نہ ہوئی تو نیّت کیوجہ سے لوگ بدظن رہے تاہم اتنا ہوا کہ نواب عمدۃ الملک امیر خان نے بادشاہ کے حضور میں پیش کر کے کچھ جاگیر دلادی یہ واقعہ ۱۱۵۴ھ کا ہے- دلّی میں ۱۴ سال قیام کے بعد آصف الدولہ کے وقت میں بنارس چلے گئے اور بقیہ عمر عیش و عشرت و کمال فارغ البالی سے بسر کی- مشہور ہے کہ دو جن اُنکے تابع فرمان تھے اور جملہ ضروریات مہیا کر دیتے تھے- مزاج میں نفاست اور دماغ میں بوئے امارت حد درجے کی تھی- علم موسیقی کے بڑے قدردان تھے- شاعری میں اپنے وقت کے صائب سمجھے جاتے تھے مرثیہ گوئی اور مرثیہ خوانی میں درجۂ کمال حاصل تھا- سودا اور

خان آرزو وغیرہ اِنکے ہمعصر تھے۔ سودا سے جب ملاقات ہوئی اور شیخ نے مرزا سے شعر پڑھنے کی فرمایش کی اُس وقت مرزا نے اپنا یہ شعر سنایا تھا۔ ؎

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں		تڑپے ہے مُرغ قبلہ نُما آشیانے میں

یہ شعر سُن کر شیخ نے بہت تعریف کی تھی۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ فقرہ کہا تھا" در پوچ گویان ہند بد نیستی"۔ شیخ نہایت بذلہ سنج اور ظریف تھے۔ اکثر ایک چھوٹی سی پلنگڑی پر بیٹھے رہتے تھے۔ اِتفاق سے ایک مرتبہ کوئی معمّر سفید ریش شخص اِنکے پاس آیا۔ شیخ نے بزرگ صورت دیکھکر اپنے پاؤں جو پلنگڑی پر پھیلے ہوئے تھے سمیٹ لیئے اور اُن بزرگ سے نام پُوچھا۔ وہ بیچارے اُمّی محض قوم کے جُلاہے تھے اپنے عامیانہ اور اُمیانہ لہجے میں بولے "ابی سَف" (یُوسف) شیخ اِس لہجے میں نام سُنکر مسکرائے اور پاؤں پھیلاتے ہوئے یہ کہا" اگر تو ابی سَف ہستی من پائے خود چرا کشیدم"۔ شیخ کی تصانیف سے ایک ضخیم کلیات موجود ہے جس میں کئی دیوان اور مثنویاں وغیرہ مع اپنی سوانح عمری کے درج ہیں۔ ایک اِن کا لکھا ہوا فارسی تذکرہ انگریزی میں بھی ترجمہ ہوا ہے ۱۷۶۶ء میں انتقال کیا اور اپنے بنائے ہوئے حجرے محلّہ فاطمان میں دفن ہوئے جو آجتک زیارت گاہِ انام ہے۔ چند اشعار ریختہ درج کیئے جاتے ہیں ناظرین اِنکی زبان کا خیال نکریں کیونکہ وہ زمانہ آج کل کا زمانہ نہ تھا یہ دیکھئے کہ خیالات کس قسم کے ہیں۔ وہو ہذا +

آوے نہ رشک کیونکہ مجھے برگ پاں ستی	دیگر	لیتا ہے کیا مزے وہ سجن کی زباں ستی
یوں آ پڑے قفس میں نہ پُہنچے گلوں تلک		نکلے تھے کس اُمید پہ ہم آشیاں ستی
بیتاب ہوں کو عشق کی کیونکر کروں میں ضبط		ہوتا نہیں ہے صبر دلِ ناتواں ستی
ہم جانتے ہیں عشق کے درد و الم کی قید		رہتے ہیں شاد اپنے ہم آہ و فغاں ستی
شب فرقت میں سیج پہ نیند عاشق کی اُچٹتی ہے		غضب کی رات ہوتی ہے بڑی مشکل سے کٹتی ہے
ہمارا حال سُنکر اور بھی غصّہ ہیں وہ آئے		بنی باتیں بگڑ جاتی جب قسمت اُلٹتی ہے

لہو روتا ہوں پھر دوں تیغ ابرو کے تصور میں
دکھاوے مجمع خوباں میں دلکو کیا کوئی عاشق
فقیرانہ صدا سنکر مری درباں سے کہتے ہیں
خدا کاٹے یہ دن فرقت کا ہے روز قیامت ہے
زمیں کو نقش پائے یار سے رتبہ ملا ایسا
حزیں جب میں صفائی کو گیا اُن پاس یوں بولے

نئی صورت سے اپنی آجکل اوقات کٹتی ہے
یہ وہ بازار ہے قیمت جہاں ہر شے کی گھٹتی ہے
یہ کیوں آتا ہے در پر کچھ یہاں خیرات بٹتی ہے
میں کب سے دیکھتا ہوں رات بڑھتی ہے نہ گھٹتی ہے
تبرک کی طرح اب خاک اُس کوچہ کی بٹتی ہے
نہیں ملتے ہیں ہم برسوں طبیعت جس سے ہٹتی ہے

حزیں

حزیں دہلوی۔ میر بہادر علی حزیں خلف میر نجف علی نبیرۂ مستقیم الدولہ میر علی بخش خان خشنویس شاہی ملازم سرکار میرزا فخرو ولیعہد شاگرد نواب زین العابدین خان عارف۔ عالی خاندان اور عمائد شہر سے تھے۔ وادی شاعری کے عمدہ شہسوار تھے۔ زبان میں روانی بیان میں سلاست فکر میں رسائی اور بندش میں چستی جیسی ہوتی چاہیئے موجود ہے۔ غدر کے بعد ۱۲۸۵ھ میں انتقال کیا۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے ؀

میرا احوال زبوں اُن پہ کھلے گا کیونکر
ہے یہی رونا تو خط کاہے کو لکھا جائے گا
اک تماشا جان کر قاتل اگر ٹھیرا رہا
نہ مرے ہجر میں تیرے تو مرینگے کس دن
سب ناز سہے ہیں نے بیجا و بجا اُن کے
جل جل کے آخر بچے تپش غم کے ہاتھ سے
دنیا کی حسرتیں ترے گوشہ میں آگئیں۔
سبھو منہ سے لگائینگے اب اتنا صبر ہے کسکو
شعلہ و سنبل و سیماب کو ہم دیکھ چکے
رنج پہنچے جو حزیں اُن سے تو راحت سمجھو

سامنے آئینگے جب وہ تو سنبھل جاؤں گا
جو کہ لکھتے جائینگے اشکوں سے مٹتا جائیگا
ہم بھی تڑپے جائینگے جتنا کہ تڑپا جائیگا
سخت جاں دہر میں ہمسا کوئی کمتر ہوگا
بنتی نہ حزیں اُن سے گر میں بھی بُرا ہوتا
اک داغ رہگیا مرے پہلو میں جائے دل
اللہ رے وسعتیں تری لے تنگنائے دل
کہ بھرے خم سے مئے شیشے میں ورشیشے سی ساغر میں
تیرے دل سا تو حزیں ایک بھی بیتاب نہیں
ہے غنیمت کہ تمھیں یاد تو کر لیتے ہیں

یوں کیجے رخنہ ڈالئے اُنکے حجاب میں | آ چھے بُرے کا حال کُھلے کیا نقاب میں

حزیں کس سے توقع ہو وفا کی | نہو اُمید جب اپنی ہی جان کی

اے سوزِ عشق روز نیا داغ تا بکے
اس سے تو آگ تن میں لگا ایکبار دے

بیخودی کھو کے لئے سر پہ ہزاروں جھگڑے
توبہ مئے سے ہوئے ہم تو پشیماں اُلٹے

مرتے مرتے جو اُنھیں دیکھ لیا ایک نظر
پھر جو دیکھا تو نہ دل میں کوئی حسرت پائی

اثر جو آہ میں پایا تو ہو گئی تسکیں
وہ بیقرار ہوئے آ گیا قرار مجھے

بلا سے گر نگاہوں میں ہیں سبکے
سُبک ہو کر تو ہم اُٹھے جہاں سے

دلِ گم گشتہ ہاں وقتِ مدد ہے
خجل کرنا نہ چشمِ خوں چکاں سے

حزیں - صاحبِ عالم میرزا خجستہ بخت بہادر دہلوی ۱۲۴۸ھ میں موجود تھے - نہایت نرم دل شیریں گفتار اور ستودہ اطوار شخص تھے - کبھی کبھی فکر سخن بھی کیا کرتے تھے - یہ اُن کے اشعار ہیں

کروں کیا وصف میں اُس شعلہ رو کے قد و قامت کا
بھبُوکا ہے دُھواں ہے اور ٹکڑا ہے قیامت کا

چُھپا مکھڑے کو میری شوق کی آتش کو بھڑکایا
کروں میں کیا بیاں اُس شوخ کی اپنی شرارت کا

ہر اک بال اُسکی زلفوں کا ترا دشمن ہوا ہے اب
سزا ہو لے دلِ محزوں مزا ہے یہ محبت کا

حزیں کو قتل کر تو شوق سے قاتل یہ راضی ہے
نہ لے پر اپنے منہ سے ہر گھڑی تو نام رخصت کا

حزیں لکھنوی - نواب محمد علیخاں بہادر حزیں ابن آغا زین العابدین خان رئیس لکھنؤ شاگرد آتش مرحوم * یہ چند شعر حاضر ہیں -

کوئی اُس بُت کی خبر لاتا نہیں
اے فدا دم بھی نکل جاتا نہیں

کسقدر دلچسپ ہے ملکِ عدم
جو وہاں جاتا ہے پھر آتا نہیں

پھر لبوں پر آ رہی ہے جانِ زار
جذبۂ دل پھر اُنھیں لاتا نہیں

اُف رے ضعف و صدمۂ دردِ جگر
طائرِ جاں سے اُڑا جاتا نہیں

حزیں - میر علی حسین لکھنوی - صرف اتنا حال معلوم ہے کہ آتش کے شاگرد تھے اور ۱۲۸۴ھ

میں لکھنؤ میں زندہ وسلامت موجود تھے۔ اُس زمانے کی مطروحہ غزلوں کا انتخاب درج ذیل ہے

جوبن ڈھلا غرور وہ لے مہربان گیا
خود منتہی ہوئے تو مرا امتحاں گیا۔

گردش میں جائے امن نہ ممکن ہوئی مجھے
سر پہ یہ آسمان رہا میں جہاں گیا

پہنچا پا کھینچ کھانچ کے یاروں لے گور تک
منزل پہ کس عذاب سے میں ناتواں گیا

آتش مرے تو بولے گل اندام اے حزیںؔ
اب بوستاں سے بلبلِ ہندوستاں گیا

یہ بوالہوس کا کام ہے سونا فراق میں
جھپکے نہ آنکھ اور دلِ پُرغم تمام شب

منزلِ گور کا کچھ دھیان نہ تھا اے منعم
آکے دنیا میں مکاں تو نے جو بنوائے بہت

ملتا ہے روز اُسپہ بھی کہتا ہے آدمی
کل کا بھی رزق دے مجھے پروردگار آج

دستِ وحشت سے جو اُلجھا دامنِ صحرا کوئی
دھجّیاں اُڑ جائینگی میرے گریباں کسطرح

مرغ مہتاب نہ ہے مہر کی تنویر پسند
دل سکے آئینے کو ہے یار کی تصویر پسند

اللہ رے لاغری کہ میں بیٹھا ہوں سامنے
مقتل میں ہورہی ہے گنہگار کی تلاش

دل کو ہمارے ظلم اُٹھانے کا ہے مزہ
رہتی ہے اک نہ ایک ستمگار کی تلاش

حزین۔ صاحبزادہ غلام محی الدین خان حزیںؔ خلف نوّاب احمد یار خان اخترؔ۔ نواب رامپور کے عزیزوں میں تھے حضرت امیر مینائی لکھنوی نے تذکرہ انتخاب یادگار میں جوان کا حال وکلام لکھا ہے وہ درج کیا جاتا ہے۔ شاعر خوش مذاق ہیں مضامین عاشقانہ پیدا کرنے میں طاق ہیں۔ پینسٹھ برس کی عمر ہے۔ اخوندزادے احمد خان مرحوم غفلت کے شاگرد نامور۔ کلام انکا مقبول اہلِ ہنر۔ یہ چند شعر اُنکے درج تذکرہ ہوتے ہیں۔ جب کہ سنہ ۱۲۹۰ہجری میں انکی عمر ۶۵ برس کی تھی تو اس وقت اِنکی زندگی کی کیا اُمید کی جاسکتی ہے۔ تحقیق کرنے پر بھی کوئی حال معلوم نہیں ہوا۔ یہ اُن کا کلام ہے +

دیا جو یار نے بوسہ تو اشتیاق بڑھا
دوا سے اور بھی بیمار دردمند ہوا

ایک عالم کو میسّر ہے شبِ روزِ وصال
میرا جس دن سے شبِ ہجر نے گھر دیکھ لیا

شبنم کے اشک دیکھ کے رقت ہوئی ہمیں	چٹکا جو کوئی غنچہ کہا ہم نے ہائے دل
بہار آئی چمن میں نہ آپ آئے یہاں	پھرا زمانہ۔ نہ لیکن پھرے ہمارے دن
گنگ بہتر ہے زباں اس نالۂ شبگیر سے	ناک میں دم آگیا ہے آہ بے تاثیر سے

حزین

حزین۔ مولوی صفدر علی بیگ صاحب حزین باشندۂ الور شاگرد میرزا قادر بخش صاحب گورگانی۔ آپ ریاست الور میں مہاراجہ شیودان سنگھ کے وقت میں مدرس فارسی تھے شعر گوئی کا بھی شوق تھا۔ یہ آپ کا کلام ہے ؎

کہا جو میں نے کہ تم شمع بزم خوبی ہو	؎	تو میرے حال پہ شب بھر وہ اشکبار رہے
نہ دی ادب نے ہمیں رخصت پیام وصال		ہزار بار گئے وہ ہزار بار رہے
گلہ کی جائے نہیں اپنی اپنی قسمت ہے		کہ ہم تو اُن سے رنج رہے اور عدو سے پیار رہے
حزیں خاک سر کوئے کن سے اسکو بنائیں		شکستہ اپنا چراغ سر مزار رہے

گئی نقد بوسے کے بدلے میں جان	ہوس فائدے کی ضرر ہو گئی
خراماں ہوئے تم جدھر ناز سے	قیامت بپا اک اُدھر ہو گئی
ہوا دل سا مونس جو غم میں حزیں	شکستہ ہماری کمر ہو گئی

حزین

حزین۔ شیخ علی حزیں لکھنوی۔ شاگرد جناب اسیر لکھنوی۔ آپکے اس مشہور و معروف نام سے نامزد ہونے کی جو وجہ آپ ہی کی نگارش سے معلوم ہوئی وہ یہ ہے کہ آپ کی ولدیت سے پیشتر بعض وجوہ سے آپکے والدین چند سال کے لیئے بنارس میں رہنے پر مجبور ہوئے شیخ علی حزین اصفہانی کا مزار بھی وہیں فاطمان بنارس میں واقع ہے۔ جب آپکی والدہ حاملہ ہوئیں تو عالم رویا میں کسی بزرگ نے اُنھیں ہدایت فرمائی کہ جو بچہ تیرے شکم میں ہے اُس کا وہی نام رکھیو جو فاطمان میں دفن ہے۔ چنانچہ بعد پیدائیش آپ کا وہی نام رکھا گیا۔ آپکے والد مرحوم و مغفور کا نام دراصل شیخ حیدر تھا۔ لیکن نواب روشن آرا بیگم نے جو خاندان شاہی شاہی سے تھیں بوجہ اپنا داماد ہونے کے آپکے والد صاحب کو بجائے شیخ کے نواب کے خطاب

سے مفتخر کیا تھا۔ آپکے بزرگوں نے دلّی سے نکل کر فیض آباد میں سکونت اختیار کی اور اٹھارہ سال وہاں رہکر پھر لکھنؤ چلے گئے۔ اُس وقت سے تا حال وہیں بود و باش ہے۔ آپکی علمِ عربی کی تحصیل سدرہ تک ہے۔ جب آپ فیض آباد میں تھے تو پندرہ سال کی عمر تک آپنے میزان اور فصولِ اکبری جناب مولٰنا قاری سیّدی امیر علیخاں صاحب اور مولٰنا حکیم محمد مرزا صاحب سے پڑھیں اِسکے بعد جب لکھنؤ پہنچے تو علمِ نحو عربی کتب درسی شرح جامی تک جناب مرحمت الدولہ سیّد غضنفر علیخاں صاحب حکیم سے پڑھیں۔ اور فارسی حضرت تدبیر الدولہ مدبّر الملک سیّد مظفر علیخاں صاحب اسیرؔ سے پڑھی۔ اور فنِ شعر بھی اُنھیں سے حاصل کیا۔ اُستاد موصوف کی خدمت میں آپ ۲۵ سال تک رہے بلکہ تا زیست جُدا نہ ہوئے۔ منجملہ کلام ایک دیوان غزلوں کا اور ایک سلاموں کا مرتب ہے جو ابھی تک طبع نہیں ہوئے ہیں۔ سفر بھی آپنے ہندوستان کے اضلاع مشرقی و مغربی میں بہت کچھ کیا ہے۔ ملک کے عجائبات اچھی طرح دیکھے بھالے ہیں۔ اِس وقت آپکی عمر تقریبًا ساٹھ سال کی ہے شعر گوئی میں اچھی مہارت حاصل ہے کلام میں میں متانت اور صفائی دونوں چیزیں موجود ہیں۔ جو دو تین غزلیں ہمیں شفیقی مسٹر حامد علیخاں بیرسٹر کی معرفت ملیں اُن کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے ؞

تمھارے بام پہ چڑھ جاتے ناتوانی میں
ہماری آہ اگر ہوتی نردباں کی طرح

اُس تیغ سے بچے کوئی کیا قتل گاہ میں
رکھتے ہیں سب کو دیدۂ جوہر نگاہ میں

کیونکر نظر پڑے تنِ خاکی میں شکلِ روح
صورت سوار کی ہے نہاں گردِ راہ میں

آنکھوں سے دیکھو آئینے میں خطِ سبز کو
چھوڑو کبھی تو آہوؤں کو اِس گیاہ میں

رہیں پردے میں بھی نیچی نگاہیں
حیا کہتی ہے چشمِ شرگیں سے

نگاہ یار سے بچنے کی راہ مشکل ہے
یہ تیغ وہ ہے کہ جس سے پناہ مشکل ہے

ہجومِ غم ہے یہاں تک کہ آہ مشکل ہے
یہ بھیڑ چار طرف ہے کہ راہ مشکل ہے

حیا نے اُن کو بٹھایا ہے ایسے پردے میں
کہ دیکھنا ہمیں اب اک نگاہ مشکل ہے

یہ حال اب تو ہے شوخی و بد مزاجی کا
کہ چار دن بھی اب اُن سے نباہ مشکل ہے

نجائیگا مرے دل سے خیالِ خط اُن کا
کہ کہربا سے چُھٹے دل کے کاہ مشکل ہے

یہی ہے نالۂ ناقوس کا جہاں میں شور
فروغِ اشہد ان لا الٰہ مشکل ہے

دکھاؤ غیر کو دنداں نہ تم ہنسی مل کر
اُسے تمیزِ سفید و سیاہ مشکل ہے

صراطِ حشر سے باریک تر ہے کوچۂ عشق
سمجھ سمجھ کے قدم رکھ یہ راہ مشکل ہے

ملا سکے کوئی کیا آفتاب سے آنکھیں
تمھارے چہرے پہ ٹھیرے نگاہ مشکل ہے

کہاں اُمید کہ وہ خود مجھے سلام کریں
مجھے گدا سے سرِ بادشاہ مشکل ہے

سرِ مزار یہ مصرع ہو اے حزیں کندہ
کسی سے اُنس ہے آساں نباہ مشکل ہے

دیگر

نہیں معلوم یہ کیسی ہنسی تھی زخمِ بسمل کی
لہو ہر دیدۂ جوہر سے روئی تیغ قاتل کی

سفر میں راہ کٹ جاتی ہے آسانی سے مشکل کی
مسافر کو جو راحت یاد آجاتی ہے منزل کی

ترے در پہ چراغِ داغِ دل کس نے جلایا ہے
ہوئی ہے روشنی پروانہ اُس پر ہو کامل کی

خیالِ یار جانے پر جو ہو جاتا ہے آمادہ
لپٹ کر روک لیتی ہیں تمنائیں مری دل کی

زمیں پر ذکر کیا ہے آسماں پر ہر جگہ پھیلی
ترے آنے سے رونق بڑھ گئی اس درجہ محفل کی

سمجھتا ہے وہ رشکِ عیدگہ میدانِ مقتل کو
گلے جُھک جُھک کے جس سے ملتی ہے شمشیر قاتل کی

ہوا ہے نورِ خط سے حسنِ رخ شام جوانی میں
سحر ہونے نہ پائی ہو گئی گل شمعِ محفل کی

اُٹھے دنیا سے رفتہ رفتہ کیا کیا ہمنشیں میرے
پریشانی بڑھی گھٹنے سے جمعیت کے محفل کی

پُھنکے گا جس گھڑی ہوگی قیامت کیا قیامت پر
بھری ہے صور میں آواز میرے نالۂ دل کی

نظیر اُس کا نہیں ہے بعد احمد کے خدائی میں
کہ جس نے ہر بشر کی اے حزیں آسان مشکل کی

دیگر

مری زباں سے بھی پھول جھڑتے ہیں یہ شمعِ محفل بھی گلفشاں ہے
روش روش پر جو پھول ہنستے ہیں نہیں کیا شاخِ زعفراں ہے

تمام ذرّے بنے ہیں انجم جو جادہ ہے رشکِ کہکشاں ہے
زمیں پہ رکھا ہی پاؤں کس نے کہ سر بلندی سے آسماں ہے

ضعیف نعال اپنی جا پہ لیکن ذلیل بھی ہیں جلیل بھی ہیں
اُدھر سے دیکھو تو صدر سمجھو اِدھر سے دیکھو تو آستاں ہے

جو کیں تصور میں بند آنکھیں تو سیر ساتوں فلک کی دیکھی	اگرچہ زانو پہ سر ہے لیکن نظر ہماری کہاں کہاں ہے
ہے بزم کثرت کی ایک صورت نہیں ہے تجکو نگاہ وحدت	کہاں نہیں ہے وہ ماہ طلعت نہ پوچھ مجھسے کہ وہ کہاں ہے
حزیں ہے تائید رب قادر کہ ہو نہیں شاہ نجف کا زائر	ہوا یہ پیری میں مجکو ظاہر کہ بخت میرا ابھی جواں ہے

حسام ۔ چودھری حسام الدین ولد چودھری سعادت علی باشندۂ سلیم پور پرگنہ گوسائیں گنج توابع لکھنؤ۔ کرامت علیخاں فسترخ کے شاگرد اور صاحب دیوان فارسی و ریختہ تھے ۱۲۷۵ھ سے قبل کربلا جاتے ہوئے راہی عالم بقا ہوئے یہ چند اشعار اُنکے ہیں ✦

وہ لال لال ہیں عنّاب لب ترے اے گل	کہ جنکو دیکھ کے کھٹّے ہوئے ہمارے دانت
تبسّلِ آئینہ دیکھے تو مُنہ اُسمیں نظر آئے	صفا رکھتا ہے وہ یہ غیرت مہتاب ناخن پر
شب کو دریا میں جو عکس اُسکے کفِ پا کا پڑے	ہوں حباب بحر جوں فانوس روشن آب میں

حسام ۔ نواب حسام الدولہ حافظ الملک محمد تقی علیخان بہادر شمشیر جنگ مرحوم ملقب بہ نواب مہدی علیخان تخلص بہ حسام شاگرد شیخ امان علی سحر۔ آپ حضرت محمد علیشاہ بادشاہ اودھ کے خویش اور حضرت واجد علیشاہ کے خاص مقرب و معتمد تھے۔ بعد انتزاع سلطنت جب واجد علیشاہ کلکتے جانے لگے تو محلات شاہی جواہر خانہ اور دیگر کارخانجات سلطانی کا آپ ہی کو منتظم کر گئے تھے۔ موزونی طبع سے کبھی کبھی شعر و سخن کی طرف بھی متوجہ ہو جاتے تھے۔ کلام یہ ہے۔

رات بھر تارے سگنے چاند بھی عاشق ہو کر	تم دکھا دو جو ترے زلفِ پریشان عارض
عارضی حسن پر اتنا نہیں لازم ہے غرور	ہوں اگر چاند سے اے ماہ دوچندان عارض
بیحجابی میں بھی پردہ ہی رہا عاشق سے	رقص میں بھی نظر آئے تہ داماں عارض
رنگِ عذار یار کبھی ہے کبھی نہیں	دو دن کی ہے بہار کبھی ہے کبھی نہیں
دنیا دورنگ ہے کبھی غم ہے کبھی خوشی	اس باغ کی بہار کبھی ہے کبھی نہیں
اتنا گھمنڈ دولت حسن دوروزہ پہ	کیا زر کا اعتبار کبھی ہے کبھی نہیں
ہردم نہ آزمایا کرو تیغ ناز کو	محفل میں جاں نثار کبھی ہے کبھی نہیں

شب کو ہمیشہ وصل ہے دن کو سدا فراق	پہلو میں اپنے یار کبھی ہے کبھی نہیں

حسام

حسام۔ خواجہ حسام الدین حسام لکھنوی کاتب اخبار دار السلطنت کلکتہ ۔ فضل احمد کیف اور سید محمد سجاد کے شاگرد ہیں۔ کلام اُن کا یہ ہے۔

اللہ رے اضطراب کہ کوسوں پتا نہیں	ہوش و حواس و صبر و شکیب و قرار کا
اے حسام اب آپکا وہ زہد و تقوی کیا ہوا	ایک کلمے میں وہ بُت بندہ بنا کر لے چلا
تم لاکھ چاہو دل سے بُھلا دو مجھے مگر	جاتا ہے میرے دل سے تمہارا خیال کب
تو بھی کسی معشوق کی صحبت میں رہا ہے	اسے چرخ جو یہ ظلم کی عادت نہیں جاتی
بعد مُردن بھی نہ کی ترکِ رفاقت میری	میری تربت سے لگی بیٹھی ہے حسرت میری

حسام

حسام۔ منشی حسام الدین باشندۂ کاکوری۔ صرف یہ معلوم ہوا ہے کہ جناب امیر مینائی سے تلمذ تھا۔ یہ چند شعر انکے ہیں +

کچھ کچھ تو کمی درد جگر میں ہے دم نزع	آتا ہے نظر دستِ شفا دست قضا میں

کسی شمع تجلی کے اثر سے	لگی ہے آگ اِک دل تنگ جگر سے
مرے دلکو لیے جاتا ہے کوئی	بچائے درد ہی اُٹھ کر جگر سے
الٰہی خیر ہو یہ درد کم بخت	بڑھا اب دلکی جانب بھی جگر سے
دمِ آخر حسام اُن کا یہ کہنا	کہو پلٹو گے کبتک اِس سفر سے

حسامی۔ مرزا حسام الدین حیدر دہلوی خلفِ مرزا خانی۔ اِنکے بزرگ کسی زمانے میں صاحب اقتدار تھے مگر یہ خود گردش زمانہ کے باعث بے علم رہے۔ بچپن سے فکر معیشت نے سر اُٹھانے نہ دیا داستان گوئی اور چلا کاری کو وسیلۂ معاش ٹھیرایا تھا۔ موزونی طبع کے باعث کبھی کبھی شعر گوئی کا اتفاق ہو جاتا تھا۔ خدا بخش خان تنویر سے اصلاح لیتے تھے۔ علمِ موسیقی میں بھی کچھ دخل تھا چونکہ اکثر اپنا ہی کلام گایا کرتے تھے اکثر غزلیں انکی زبان زد خاص و عام ہو گئیں۔ سنہ ۱۳۰۱ھ ہجری میں حیات تھے اور اُس وقت ۵۲ برس کی عمر تھی یہ اُنکا کلام ہے +

یارب ہمارے کام تو سارے سنوار دے
تیرے سوا ہے کون جو دلکو قرار دے

ظالم نے ایسے ۔ تخت کو برباد کر دیا
یاں موسم خزاں ہے تو جلدی بہار دے

لوٹی گئی ہے اِس طرح مخلوق ہند کی
دھمکا کے تیغ سے کہا سب تار تار دے

دیگر

کیا تم سے کہوں لطف ہے جو عشقِ یار میں
پر اتنی بُرائی ہے کہ آرام نہیں ہے

مر جائینگے گھٹ گھٹ کے یونہیں ہجر میں تیرے
رُسوائے جہاں کرنا مرا کام نہیں ہے

دیگر

کر ذبح مجھے شوق سے اے کافر بدکیش
تڑپوں تہِ خنجر یہ مرا کام نہیں ہے

اک لحظہ چین دل کو نہ اک دم قرار ہے
کیا جانے تیغ کسکی لگی کس کا وار ہے

نکلجائے کہیں یہ جان تن سے
چھٹوں فرقت کے میں رنج و محن سے

گئی یک بیک جو ہوا پلٹ نہیں دلکو اپنے قرار ہے
کروں غم ستم کا میں کیا بیاں مرا غم سے سینہ فگار ہے

وے شہر دہلی یہ تھا چمن کہ تھا سب طرحکا یہاں امن
وہ خطاب اِسکا تو مِٹ گیا فقط اتنا اُجڑا دیار ہے

یہ رعایا ہند تباہ ہوئی کہوں کیا کیا اُنپہ جفا ہوئی
جسے دیکھا حاکم وقت نے کہا یہ تو قابلِ دار ہے

شب و روز تھو لونمیں جُتلیں وہ یوں خارِ غم سے فگار ہوں
مطوق قید میں جب اُنھیں کہیں بےگل کے یہ ہار ہے

جو سلوک اوروں سے کرتے تھے وہی اب ہیں کتنے ذلیل و خوار
وہ ہیں تنگ چرخ کے جور سے رہائی پہ اُنکے نہ تار ہے

یہ زمانہ ہے وہ بُرا فلک چلو بچ کے سب سے الگ الگ
نہ رفیق کوئی کسی کا یاں کسی کا کوئی بھی یار ہے

کیا حسامی ڈر تجھے حشر کا جو خدا رکھے تجھے برملا
تجھے ہے وسیلہ رسول کا وہی تیرا حامی کار ہے

حسان

حسان ۔ حکیم عبدالحق حسانؔ ۔ اسحٰق پٹن صوبۂ مدراس کے رہنے والے اور منشی احمد حسین شوکتؔ کے معتقد ہیں ۔ حالات باوجود کوشش دستیاب نہ ہو سکے اِنکے کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے ۔

ہمکو پلا دے وہ مئے وحدت تو ساقیا
غم دو جہاں کا خاتم دل کا نگین نہو

پیشہ دغا کا کرتا ہے کیوں واعظ اختیار
خائن بہ باطن اور بظاہر امین نہو

خدائی کے نظر آتے ہیں جلوے دیکھ سے آکر
تماشا خانۂ دل تیرے نظارے کے قابل ہے

اے دل تمام رات تڑپتا ہے درد میں
پہلی ہی شب ہے اور تجھے اضطراب ہے

ظلم آنِ حُسن ہے اور وروشانِ عشق ہے	حُسن کی یہ جان ہے اور وہ روانِ عشق ہے
جگر کے داغ ہرے ہوں جو موسمِ گل میں	یہیں ارمغاں انھیں لیجاؤں باغباں کے لیئے

حسرت

حسرت۔ میر محمد حیات حسرت ملقب بہ ہیبت قلیخان۔ انکے والد نواب شوکت جنگ خلف نواب صولت جنگ صوبہ دار پورنیہ بنگال کی رفاقت میں کچھ دن رہے۔ پھر نواب سراج الدولہ کی سرکار میں داروغگی کی خدمت پر مقرر ہوئے۔ خود حسرت ۱۱۹۰ھ میں نواب مبارک الدولہ میر مبارک علیخان صوبۂ بنگال کے ہاں افسروں میں تھے عظیم آباد کے رہنے والے۔ اور میرزا جانجاناں مظہر کے شاگرد تھے۔ انکی بدیہہ گوئی۔ حاضر جوابی۔ ظرافت اور دقیقہ رسی کا افسانہ فقط تذکروں ہی کے ذریعے سے اب تک باقی ہے شعر صاف اور پاکیزہ کہتے تھے لُطف محاورہ کا بہت خیال رکھتے تھے۔ معاملہ بندی میں روزمرہ کا برتاؤ اُنکے مذاقِ سلیم کا شاہد ہے اُنکے بعض اشعار ایسے بھی ہیں کہ جز بانوں پر چڑھے ہوئے ہیں مگر یہ کوئی نہیں جانتا کہ کس شاعر کے ہیں ۱۲۱۰ھ میں انتقال ہوا۔ فیلن صاحب لکھتے ہیں کہ دیوان اُردو کے علاوہ ایک قصّہ طوطی نامہ بھی انکی تصنیف سے تھا۔ ذیل کی چند غزلوں کے منتخب اشعار اُن کے دیوان سے نقل کیئے جاتے ہیں ؎

سیر رکھتا ہے ہمارا شیوۂ دیوانگی	عشق نے داغِ جنوں سے ہمکو گلدستہ کیا
کس ساعتِ بہ قیدِ قفس میں وہ پڑی تھی	بلبل کو نہ پھر ہم نے گلستان میں دیکھا
حسرت اُسے بے برگ میں کن آنکھوں سے دیکھوں	جس باغ کو جوشِ گل و ریحان میں دیکھا

نجانوں کرے کیا حنا کا لگانا	لہُو پانی کرتا ہے یہ پان کھانا
چھپاؤں اشکِ گلگوں کس طرح ہائے	گریباں ہو رہا ہے جا بجا سُرخ
ہم سے وحشت اِسے کیا کہتے ہیں	سب سے اُلفت اِسے کیا کہتے ہیں
رہی اُٹھا چشمِ مروّت ہم سے	بے مروّت اِسے کیا کہتے ہیں
اُسکے دل میں کبھی تاثیر نکی	اسے محبت اِسے کیا کہتے ہیں

بے سبب صاف دلوں سے صاحب
اتنی کلفت اِسے کیا کہتے ہیں

اتنا بھی عشق میں رُسوا ہونا
کہہ تو حسرت اِسے کیا کہتے ہیں

زلف و رخِ یار دیکھتا ہوں
کیا لیل و نہار دیکھتا ہوں

ہم نہوں تو ہو تو سب چرچا کریں
شمع ہے محفل میں پروانہ نہیں

مر گئے انتظار کے ہاتھوں
کیا کہیں اپنے یار کے ہاتھوں

سدا بارش میں رہتی ہے ہماری چشمِ تر ساون
تو اِک دو دن برس کر ہمسے آسکتا ہی برساون

سُنا ہے آج میخانہ میں جامِ مے پرستوں نے
لُٹا یا دین و دنیا دونوں ہمت اسکو کہتے ہیں

ہم دوانوں کے نہیں عشق میں گھر جلتے ہیں
اِس محبّت میں پرندوں کے بھی پر جلتے ہیں

اُڑا دے لے دوانے شورشِ سودا سے سب کو
بہار آئی تو کید ھر دیکھتا ہے پھونک سے گھر کو

زاہد جو نہیں ہے مرے دل سے آگاہ
کہتا ہی کہ کافر ہے تو اے رُوئے سیاہ

ق

ہوں جسکی پرستش میں کہوں کیا یارو
آتا ہے وہ بُت دیکھیو اللہ اللہ

میخانے میں کیا پھرے ہے مٹکی مٹکی
زاہد و واعظ سے دُور ہٹکی ہٹکی

ق

قاضی سے ڈرے نہ محتسب سے ہرگز
یہ دخترِ رز ہے جس سے اٹکی اَٹکی

ترا غرور مرے عجز کے مُقابل ہے
اُدھر پہاڑ اِدھر ایک شیشۂ دل ہے

یہ گل ہزار اپنے جامے میں پھول بیٹھے
ویسے کھلے نہ دیکھے بندِ قبا کسُو کے

جُدائی کی ہوا دہکا گئی ہے آگ سینے کی
لگے اُڑنے بھبُو کے آہ کے کیا طرح جینے کی

عشق میں یار گر وفا نہ کرے
کیا کرے کوئی اور کیا نہ کرے

کسو دشمن کا آشنا بھی خدا
تجھسا بیگانہ آشنا نہ کرے

چاہے سو ہمیں کر تو۔ گنہگار ہیں تیرے
تقدیر تھی اپنی کہ گرفتار ہیں تیرے

عشق میں خواب کا خیال کسے
نہ لگی آنکھ جب سے آنکھ لگی

جتنے خوش چشم ہیں زمانے میں
رہتی ہے سب سے میری آنکھ لگی

بے خبر آئینگی یاں کون سے دیوانے کی	کچھ ہوا آج جنوں خیز ہے ویرانے کی
تو ہی اے ذوقِ ستم سلسلہ جنباں ہو کبھی	یوں تو ظالم کو مری یاد نہیں آنے کی

حسرت

حسرت - میرزا جعفر علی نام حسرت تخلص باشندہ دہلی - والد انکے میرزا ابو الخیر دہلی میں عطاری کا پیشہ کرتے تھے - اور میرزا حسرت کا بھی اوائل شباب میں یہی پیشہ تھا - دوکان اِنکی دتی میں اکبری دروازے کے قریب تھی - تعلیم و تربیت بھی اِنکی یہی ہوئی - مگر پھر دتی سے نکلکر لکھنؤ میں مستقل قیام اختیار کیا تھا - اور عطاری کا پیشہ ترک کر کے مرزا جہاندار شاہ کی رفاقت میں رہنے لگے تھے - آخر عمر میں یہ سلسلہ بھی چھوڑ دیا اور گوشہ نشینی اختیار کرلی - چنانچہ اِسی عزلت گزینی اور اطمینان کی حالت میں ۱۲۱۷ ہجری میں انتقال کیا ؞

اِنکا سلسلہ شاعری رائے سرب سنگھ دیوانہ سے شروع ہوتا ہے - یہ بزرگوار اگرچہ ہندی نژاد تھے لیکن اپنی فطری مناسبت اور خداداد قابلیت کی وجہ سے فارسی زبان پر بہت اچھی طرح قادر تھے اور مذاقِ سلیم رکھتے تھے - اِن کے زمانے میں اکثر شعرائے لکھنو انھیں سے فنِ شاعری میں فیضیاب سخن ہوئے - چنانچہ حسرت بھی اِنھیں کے شاگرد تھے اور ایسے شاگرد تھے کہ خود بھی اُستاد مانے گئے اور انکے بھی بیسیوں شاگرد تھے - جن میں شیخ قلندر بخش جرأت انکے شاگرد ایسے مشہور نامور اور صاحبِ دیوان شاعر گزرے ہیں کہ جن پر اُستاد کو بھی فخر تھا - حسرت کے تذکرے میں یہ بات نہایت دلچسپ اور عجیب ہے کہ انکے فیضانِ سخن کی ابتدا تو مغرب یعنی دتی سے ہوئی اور انتہا مشرق یعنی بنگال و بہار میں - جسکو بالتفصیل یوں کہنا چاہیئے کہ انکے شاگرد رشید جرأت کے رنگ نے تو دتی کی آب و ہوا میں پختہ ہو کر لکھنؤ پر اپنا اثر ڈالا اور شاگردانِ جرأت میں سے میاں ہجور صاحبِ نورتن نے اُسکو پوری آب و تاب کے ساتھ چمکایا - رافت کے کلام میں بھی دتی اور لکھنؤ کے ساتھ ساتھ بہار و بنگال کا کچھ اثر پایا جاتا ہے - اِنکے بعد ضیغم وحشت - نساخ - اور شاگردانِ نساخ اِن سب کی نشو و نما بھی مشرق ہی میں ہوئی - اور ان کی شاعری بھی وہیں کی شاعری قرار پائی ؞

حسرت کے شاگردوں میں شہرت اور قابلیت کے لحاظ سے سب سے اوّل نمبر تو حضرت جرأت کا ہے اُن کے بعد شاہ قدرت اللہ قدرت۔ نواب محبت خان محبت۔ شہباز جنگ اور خواجہ حسن حسن لکھنوی وغیرہ کا نمبر ہے۔ یہ لوگ صاحب دیوان اور مُسلّم الثبوت اُستاد گزرے ہیں۔ حسرت کی تصنیفات میں اُردو کلیات کے سواے اور کوئی کتاب یا تذکرہ مشہور نہیں ہے۔ اِس کلیات میں۔ ساقی نامہ۔ مثنوی۔ واسوخت۔ ترجیع بند۔ ترکیب بند مُسدّس۔ مخمسات۔ قصائد۔ اور رباعیات غرض اصنافِ سخن کے جملہ نمونے پائے جاتے ہیں۔ اِن کے علاوہ اُسی میں دو دیوان غزلوں کے بھی موجود ہیں۔ اُن کا قلمی دیوان راقم کے کتبخانے میں موجود ہے۔ اب کچھ عرصہ ہوا حسرت موہانی نے اُن کا انتخاب کلام بھی شائع کیا ہے۔ شمس العلماء مولوی محمد حسین صاحب آزاد صاحب آبحیات نے دیوان حسرت کے متعلق تحریر فرمایا ہے کہ "اس میں پھیکے شربت کا مزہ آتا ہے" مگر راقم الحروف کے نزدیک مولانا کا یہ قول قابلِ تسلیم نہیں ہے۔ غالبًا اُنکی نظر سے صرف اُن کا دیوان دوم گزرا ہے۔ اور اُسی پر اُنھوں نے مذکور الصدر رائے قائم کی ہے جو ایک حد تک صحیح ہے۔ اگر پورا کلیات اُنکے سامنے ہوتا تو یقینًا وہ حسرت کے لیئے اس سے بہتر رائے قائم کرتے کیونکہ فی الواقع اُس میں اکثر جگہ بہت کچھ نمکینی اور چاشنی موجود ہے۔ یہ امر مُسلّم ہے کہ کسی عمارہ سے عمارہ کہنے والے کا بھی تمام کلام یکرنگ ہونا بہت مشکل بلکہ نا ممکن ہے۔

حسرت کا کلام اکثر شعرائے متقدمین کی مانند تصنّع اور ناگوار رعایتِ لفظی سے پاک ہے درد اور سادگی خیال کی بنیاد پر فی الجملہ میر کے کلام سے مشابہ ہے۔ اگرچہ ترکیبوں کی موزونیت اور الفاظ کی برجستگی میں میر تقی کا رتبہ بہت بلند ہے۔

میرزا حسرت کا خاص انداز یہ ہے کہ غزل کو اکثر قطعہ پر ختم کرتے ہیں اور مضمون مُسلسل کے اسقدر گرویدہ معلوم ہوتے ہیں کہ بعض غزلوں میں مطلع سے مقطع تک ایک ہی مضمون ہوتا ہے یہ خصوصیت اِن سے گزر کر جرأت اور شاگردانِ جرأت میں بھی پائی جاتی ہے۔ جو بلا شبہہ

قابلِ تقلید ہے۔ حسرت اُردو شاعری کے علاوہ فارسی زبان میں بھی کامل دستگاہ رکھتے تھے اور مرزا فاخر مکین سے فارسی میں اصلاح لیا کرتے تھے۔ اب اُنکے کلام کا انتخاب مُلاحظہ ہو

زیست میں بادہ کشی حُسن پرستی ہے مزا
دل تو میرا ہو گیا آشفتہ اُسکی زُلف کا

اِس سوا جس نے کیا کام سو بیہودہ کیا
تیرے کیوں مُو ہیں پریشاں تجکو سُنبل کیا ہوا

لایا نہ کوئی چراغ و گُل یاں
کی دل نے بھی آہ بے وفائی

بیکس ہی رہا مزار اپنا
کوئی نہیں غمگسار اپنا

کیا مے تھی وہ چشمِ مستِ ساقی
ٹوٹا نہ کبھی خمار اپنا

تُو آنے کو یاں کے دن گنے ہے
ہم کرتے ہیں دم شمار اپنا

تیرا تو تب اعتبار کیجے
جب ہووے کچھ اعتبار اپنا

صبحدم نالے سحر کے جتنے تھے خالی گئے
اے دعا سے نیم شب تیرے اثر کو کیا ہُوا

ایک سے اِک اس زمانہ میں ہے اُس سے خُوب تر
کوئی خوش آتا نہیں میری نظر کو کیا ہُوا

مجھے ٹک سانس بھی یہ دردِ غم لینے نہیں دیتا
عجب کچھ درد ہے دل میں کہ دم لینے نہیں دیتا

اَجل سو بار آئی رنج میرا دُور کرنے کو
وَلے اِحساں مجھے تیرا کرم لینے نہیں دیتا

تمنّا خاک کو میری قدمبوسی کی ہے لیکن
چلے ہے بچکے وہ ظالم قدم لینے نہیں دیتا

پھر اُدھر قتل کو آنکھوں سے اشارہ نہ کیا
نیم بسمل ہی رکھا کام ہمارا نہ کیا

بوسۂ لب دلِ بیمار کی قسمت نہ ہوا
درد کا میرے مسیحا نے بھی چارہ نہ کیا

دیکھ لیتا کوئی دم میں بھی تجھے بھر کے نگاہ
سامنے ہونیکا پر دل ہی نے یارا نہ کیا

اَے دل اگر تڑپنا تیرا یہی رہے گا
کاہے کو تو جئے گا کاہے کو جی رہیگا

رہنے دے مے کو ساقی ہم تو چلے یہاں سے
قسمت میں جسکی ہوگا سو جام پی رہیگا

ایک نے بھی نہ کی وفا ہم سے
ہم نے کتنوں سے دل لگا دیکھا

یار رہے دُکھ میں یار ہے غم میں
ہمنے دُنیا میں آکے کیا دیکھا

بھولتا ہی نہیں وہ دل سے اُسے
ہم نے سو سو طرح بھلا دیکھا

بہاریں ہمکو بھولیں یاد ہے اِتنا کہ گلشن میں
گریباں چاک کرنے کا بھی اک ہنگام آیا تھا

نہیں معلوم کیا تھا جو سحر تک شمع رویا کی
کچھ اپنا حال پروانہ سُنانے شام آیا تھا

اَجل منت تری کیا ہے وہ ابرو جب سے دیکھے تھے
اُسی دم سے ہمیں تو مرگ کا پیغام آیا تھا

وفا سمجھا تھا ہیں پر دل کو لینے ہی نہ وہ ٹھیرا
جو دیکھا تو غرض کو اپنی وہ خود کام آیا تھا

مطلب نہیں ہے شکوہ۔ اِن بیمروتوں کا
حسرت مجھے ہے رونا اِس دل کی حسرتوں کا

ہر اشک ہو وہ قاصد ہے جسکے پاس دفتر
تیری شکایتوں کا میری حکایتوں کا

گیا دل سو گیا رونے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا
اگر رو رو کے جی کھوویں تو پیدا دل نہیں ہوتا

کسی کی نگہ کا تیر لگا آہ کیا ہُوا
تڑپے ہے دل مرا اِسے اللہ کیا ہُوا

جگر کر چاک قاتل دیکھتا تھا
جو میں پوچھا کہا دل دیکھتا تھا

جوں لالہ بہار کر رہا ہے
یہ سینۂ داغدار اپنا

کاش کے عشق جتاتا نہ میں اُسکو حسرت
میری صورت سے وہ بیزار ہوا کچھ نہ ہُوا

بچا تجکو مریضِ عشق سے ملنا حذر آیا
کہ آئینے میں شکل اپنی جو دیکھی مجکو ڈر آیا

رقیبوں کے حوالے کر کے خط کو نامہ بر آیا
عزیزوں کیا کہوں قاصد تو میرا کام کر آیا

نامہ بر دل سے نہیں بہتر کوئی پر کچھ کئے
اُسکو بھی بھیجا نہ میں نے بدگمانی کے سبب

کیا مجال اسکی کہاں تو اور کہاں میرا غبار
لگ چلا دامن سے تیری مہربانی کے سبب

اپنے لب تو وا نہ کر اے خندۂ زخمِ جگر
چرخ دیگا لاکھ غم اِس شادمانی کے سبب

پتنگے شمع کے صدقے ہوں بلبلیں گُل پر
کوئی کسی کے فدا ہو میں ہوں فدائے حبیب

بہشت کی مجھے ترغیب تو نہ دے واعظ
کسیکی مجکو تمنا نہیں سوائے حبیب

کسی دشمن کو بھی نصیب نہ ہو
جیسی تجھ بن کٹی ہماری رات

بے خبر یار مری لینے خبر آیا ہے
دین و دُنیا کی نہیں مجکو خبر آجکی رات

قطعہ

گر بے وفا ہے قتل ہی کرنے کو آ یہاں — اور با وفا جو ہو تو برائے خدا پہنچ

گر مجھ سے کچھ غرض ہے تو مطلب کو اپنے آ — اور کچھ نہ کام ہووے تو بے مدعا پہنچ

گر بے خطا ہوں میں تو مجھے آ کے وصل دے — اور ہو گناہ میرا تو دینے سزا پہنچ

القصہ آب نہیں ہے ذرا تاب انتظار — جس طور جانے پاس تو حسرت کے آ پہنچ

دیکھی نہ ایسی جنگ نہ میں زینہار صلح — سو بار دن میں لڑتے ہو اور سو ہی بار صلح

کہتا ہے تو ملوں گا نہ اُس سے پر آج کل — حسرت کرے گا آپ سے بے اختیار صلح

فانوس میں شمع ہے کہاں ایسی خوشنما — جو پیرہن میں دیتا ہے اُس کا بدن بہار

مجنوں ترے ہی پانو کے ٹوٹے ہیں آبلے — ہر نوک خار سرخ ہے دیتا ہے تن بہار

آرزو ازل سے حُسن کی جلوہ گری ہے تا ہنوز — ہم بھی تبھی سے محو ہیں بیخبری ہے تا ہنوز

میکدے میں نگاہ نے تیری عجب فسوں کیا — شیشوں میں مے کے ہر طرف قوس قزح ہی ہو تا ہنوز

بوئے یوسف مگر آئی نہیں کنعاں میں ہنوز — کہ صبا ڈھونڈتی ہے اُس گُل کو گلستاں میں ہنوز

قتل کا تو نے جو حسرت کے کیا ہے ساماں — کچھ رہا ہی مگر اس بے سر و ساماں میں ہنوز

اپنی خاطر نہیں منظور رہائی مجکو — میں ہوں آزاد تو ہو رنج سے آزاد قفس

بسکہ تھا اُنس بھسم بعد رہائی صیاد — ہم قفس یاد کریں ہمکو کرے یاد قفس

روئے گل دور ہی سے دیکھ لیں ہم ای صبا — ٹک تو لیجا کے تو لٹکا سر شمشاد قفس

مانند گل کروں میں گریباں کو چاک چاک — آتا ہے میرے دل میں یہی بار بار جوش

حسرت مجھے ہے ڈر کہیں آنسو اُبل نہ آئیں — رکتا ہوں جی کا جی ہی میں میں مار مار جوش

دیکھتے ہی شمع کو جاتا ہے پروانے کا ہوش — آہ پھر رہتا ہے کیونکر اسکو جل جانے کا ہوش

مست ہیں تو ہو گیا تیری نگہ سے ساقیا — آب نہیں مجھ میں رہا ہے اور پیمانے کا ہوش

ہو گئی بلبل قفس کو دیکھتے ہی بیہوش اس — کچھ نہیں اُسکو رہا ہے آب اور دانے کا ہوش

جونہی ذکر عشق چھیڑا بس ہوا بیہوش میں — آگے حسرت کچھ رہا مجکو نہ افسانے کا ہوش

کل کب تھے ہم سے خوش کہ نہیں ہو تم آج خوش
ہمنے تو ایک دن بھی نہ پایا مزاج خوش

کوڑیوں کے مول بیچا مصر میں تو نے فلک
ہائے اس یوسف کو جو تھا سارے کنعاں کی بساط

تو نے اے غم انکو بھی کھویا رولا کر یہ غضب
تھے کئی ٹکڑے جگر کے چشم گریاں کی بساط

ایک بوسہ دیتے انکا حوصلہ ہوتا ہے تنگ
خوب حسرت دیکھ لی ہمنے بھی خوباں کی بساط

اتنی مجھے نہیں ہے دل وجاں کی احتیاط
منظور جتنی ہے ترے پیکاں کی احتیاط

کچھ اس سے بہرے پاؤں کے ہیں آبلوں کو کام
اے برق کیجو خار بیاباں کی احتیاط

اے فلک باقی نہیں ہیں میرے دلمیں جائے داغ
اور کیوں دیتا ہے مجکو داغ پر بالائے داغ

تجھسا مہرو داغ ہجراں دیکے یوں جاتا رہے
حیف غم افسوس حسرت ہائے حرماں ہائے داغ

سخت بیدردی ہے بیدردوں سے کہنا درد دل
منت مرہم نہ کیجے کھینچئے ایذائے داغ

قطعہ

حسرت ہزار رنگ سے بولا میں جھوٹ سچ
یعنی کہ نوبت آئے سخن کی قسم تلک

لیکن سمجھ کے بات کو اس نے اڑا دیا
پہنچاتے ورنہ ہاتھ ہم اسکے قدم تلک

تری فرقت میں ہے شام وسحر مجکو عجب مشکل
جو شب کاٹی تو دن مشکل جو دن کاٹا تو شب مشکل

کرم سے کھول جو عقدے پڑے ہیں کام میں میرے
ترے آگے ہیں سب آساں مگر نزدیک سب مشکل

ظلم کر اور نہ رکھ عاشق بدنام سے کام
اپنے تو کام میں رہ کیا ہو مرے کام سے کام

گردش چشم نے ساقی کی چھکایا ہے ہمیں
کچھ نہیں ہمکو رہا گردش ایام سے کام

شیخ کو اس کی بہشتیں ہوں مبارک ہمکو
شیشہ و ساقی و گل یار و می و جام سے کام

قطعہ

کل روتے ہوئے جو اتفاقاً
حسرت کے مزار پر گئے ہم

پڑھتا تھا یہ شعر وہ تہِ خاک
پھر سنتے ہی جسکے مر گئے ہم

تو اماندوں پہ دیکھتے یہ کیا ہو؟
اپنا تو نباہ کر گئے ہم

نہ ہووے درد کیونکر آہ صبح وشام پہلو میں
کہ دل لیتا نہیں اک آن بھی آرام پہلو میں

ہوئے ہم بت کے بندے برہمن آداب کرتے ہیں
حرم کے رہنے والو! تم سے عشق اللہ کرتے ہیں

نہ دیکھ اے شیخ تو اُنکی طرف چشمِ حقارت سے
گدایانِ خرابات اِک نگہ میں شاہ کرتے ہیں

نکل جائے کسی دن جی بھی شاید ساتھ نالے کے
ہزاروں رات دن میں نالۂ جانکاہ کرتے ہیں

ہوا سے بال زلفوں کے جو رخساروں پہ پلٹے ہیں
دلِ بیمار اُٹھ بیٹھو کہ دونوں وقت ملتے ہیں

ساقی مے دے کہ اہلِ مجلس
ہائی ہائی پکارتے ہیں

بسایا ہم نے تو اے ہم صفیرو کنجِ زنداں کو
اب آتش دو چمن کو آہ اور پھونکو گلستاں کو

آنکلے اگر ادھر کیا کیجے نثار اُن پر
اِک جان ہے سو وہ اِک سر ہے سو شوریدہ

تجھ سے کیا کہتے دردِ دل لیکن
نہیں رہتی زبان کیا کیجے

آشیاں ہی اُجڑ گیا اپنا
رہ کے اے باغبان کیا کیجے

مفت مرتا ہے غم سے حسرتؔ نام
ایک بیکس جوان کیا کیجے

بہار ہو چکی اور شورِ بلبلوں کا گیا
مرے دماغ سے اُس گل کی ہائے بو نہ گئی

مثالِ نقشِ قدم یاں سے اُٹھ نہیں سکتے
تری گلی میں نجانا بھلا تھا جانے سے

اُڑ گئی پر سے طاقتِ پرواز
کہیں صیاد اب رہا نہ کرے

ق

تم جو کہتے ہو کہہ دو حسرتؔ سے
آہ و فریاد یاں کیا نہ کرے

آپ کا اِس میں کیا بگڑتا ہے
دردِ دل کی کوئی دوا نہ کرے

تمھیں غیروں سے کب فرصت ہم اپنے غم سے کم خالی
چلو بس ہو چکا ملنا نہ تم خالی نہ ہم خالی

کہہ بیٹھے بُرا مُنہ سے بھلا اور بھی کچھ ہے
دشنام ہی سُنے جانے ہے یا اور بھی کچھ ہے

فسانہ وصل کا جس سے دلِ بیتاب کہتا ہے
وہ کہتا ہے کہ افسانہ نہیں یہ خواب کہتا ہے

تاراج کیا صبر و دل و جان پھر اب آگے
کیا خاک بچی ہے جسے برباد کروگے

کس کا ہے جگر جس پہ یہ بیداد کروگے
لو دل تمھیں ہم دیتے ہیں کیا یاد کروگے

گر کہئے تو رات تو دن کو کہوں میں رات ہے
کفر کچھ اس میں نہیں یہ دل ملے کی بات ہے

جگر سوزاں ہے۔ دل بیتاب ہے۔ اور چشم گریاں ہے
الٰہی دن ہے میرے مرگ کا یا شامِ ہجراں ہے

یہ کسکی نعش جاتی ہے کہ جسکے ساتھ اک گروہ		غم و درد و الم فریاد و افغاں مرثیہ خواں ہے
یہ بھی اک ستم تھا کہ خواب میں مجھے شکل آکے دکھا گئے		کبھی نیند برسوں میں آئی تھی سو اسطرح سے جگا گئے
ہمارے کام پہ ہر چند آسمان پھرے	ق	تجھے قسم ہے جو تو اس طرف کو آن پھرے
دل درونِ نہاں آہ سے کیونکر نہ کرے		پر آہ تو تب کرے جو اس سے نہ ڈرے
وہ شکل ہے جیسے دشمنوں میں گھائل		دم لیوے تو سر کٹے نہ دم لے تو مرے
اب تو یہ دل اک بتِ نا آشنا کے ہاتھ ہے		اُسکے ہاتھوں چھوٹنا اسکا خدا کے ہاتھ ہے
بزم میں بیٹھے تھے گل چننے پری و حور سے		دیکھکر اُسکو لگے لینے بلائیں دور سے

حسرت

حسرت - منشی ذوقی رام حسرت - اگروال ویش - قدیم رئیس شاہ جہاں آباد - زیادہ تر فارسی شعر کہتے تھے اور صاحب دیوان تھے - فارسی زبان پر بہت اچھی قدرت حاصل تھی - شعر میں متانت کے علاوہ محاورہ اس خوبی سے نظم کرتے تھے کہ ایرانیوں کو ان پر اہلِ زبان ہونیکا دھوکا ہوتا تھا - نہایت خلیق - متواضع - اور نیک نہاد بزرگ تھے - مدتوں ریاست رامپور اور فرخ آباد میں رہے - اُساتذہ کا کلام انھیں بہت یاد تھا - کبھی کبھی اُردو میں بھی فکرِ سخن کیا کرتے تھے - مندرجۂ ذیل اشعار انھی کی طبعِ نازک کا نتیجہ ہیں - ملاحظہ ہوں -

یار کرتا ہے سفر گلشن میں آتی ہے بہار		دیکھیں اب کے سال کیا کیا گل کھلاتی ہے بہار
سر اٹھا سکتی نہیں شاخ گلوں کی مطلق		بس کہ ہے حسن سے اُس شوخ کے محجوب بہار
حسرت میں کس کس آفتِ جاں سے بچاؤں دل		عشوہ - ادا - نگاہ - تبسم - خرامِ ناز
قبا پہنے اگر وہ سیم بر سبز		ہنو سرو چمن زنہار سر سبز
عیب معشوق کا کب اہلِ وفا کہتے ہیں		خوب نہیں کرتے جو خوبوں کو بُرا کہتے ہیں
گر کوئی لیتا ہے میرا نام اُسکے رو برو		دے ہے مجکو سینکڑوں دشنام اُسکے روبرو
روز و شب چلتا رہے ہے یاں تو حسرت دورِ جام		یاد کیا ہے گردشِ ایام اُس کے روبرو
ہائے کس سے کہوں کہ او بدعہد		کیا کہا اور کیا کیا تو نے

ہوشیاری میں جو آرام نہ پایا ہیں نے
جان کر آپ کو دیوانہ بنایا ہیں نے

آنکھ تو روکے چھوٹ جاتی ہے
دل بچارے پہ آفت آتی ہے

شمع کے طور آتش الفت
سر سے پاؤں تلک جلاتی ہے

درد دل کس سے میں کروں اظہار
سن سکے کون کسکی چھاتی ہے

دن تو گزرا پہاڑ سا جوں توں
دیکھئے رات کیسی آتی ہے

غیر کے پاس روز جاتے ہو
اپنے حسرت سے عار آتی ہے

برنگ آبلہ اے وائے کیا یہ زندگانی ہے
کہ جسکے پاؤں پڑتا ہوں اُسیکو سرگرانی ہے

حسرت۔ منشی آتما رام صاحب باشندۂ دہلی خلف رائے دولت رام صاحب نبیرۂ راجہ کنول نین بہادر بیشتر بہت مرفہ الحال تھے مگر دلی کی تباہی کے بعد وہ صورت نہ ہی ۔ سنہ ۱۹۰۳ء میں ۳۱ ۔ ۷۶ برس کی عمر میں قضا کی۔ آخر عمر میں شعر گوئی بالکل ترک کر دی تھی کامل ۳۰ برس راقم تذکرہ کے والد مرحوم کے پاس ملازم رہے کلام درج ذیل ہے۔

وہ دن گئے جو راحت و عشرت نصیب تھی
حسرت تو مبتلائے غم و فکر نان ہے اب

دیکھا جدھر اُٹھا کے نگہ خاک کر دیا
دل کیا سمجھے کہ تیرے اشارے بلا کے ہیں

گردوں پہ سب شفق جو بتاتے ہیں ہے غلط
بادل رنگے ہوئے ترے رنگ حنا کے ہیں

غمزے میں چھیڑ۔ آنکھوں میں شوخی۔ نگہ میں ناز
ہر ہر ادا میں تیری چھلاوے بلا کے ہیں

تھے رنج جدائی میں ہائے صنم مرا چین گیا مری نیند گئی
کہوں کس سے جو دل پہ ہوئے ہیں الم مرا چین گیا مری نیند گئی

یہی کہتا ہے حسرت خستہ جگر ترے ہجر میں ہو کے بدیدۂ تر
تپ ہجر سے آ گیا لب پہ دم مرا چین گیا مری نیند گئی

تری محفل میں آوے کیوں نہ حسرت شمع رو ہر دم
کہ جس جا شمع ہوتی ہے وہاں پروانہ آتا ہے

اک دل وہی کے جرم پہ جو ہو سزا قبول
یہ ہی سزا تھی مجھ سے گنہگار کے لیئے

ہمارا دل ہی یہ جانے ہے کیا کہیں حسرت
خراب جیسے ہوئے شوخ پر جفا کے لیئے

حسرت۔ حافظ عبدالرحمن حسرت ساکن پانی پت شاگرد معارف دستگاہ قاضی

محمد ثناء اللہ صاحب مرحوم پانی پتی۔ عرصہ ہوا انتقال کر گئے۔ یہ کلام ہے۔

کس لئے چاک قفس بند کئے آئے صیاد	کیا ہوا میں نے اگر سوئے گلستاں دیکھا
تم بھی رو بیٹھوگے دل کو ہمیں ہنستے کیا ہو!	اگر آئینہ کبھی تم نے میرے بجاں دیکھا
اُسنے حسرت کو کیا قتل کہیں ہائے کہ آج	میں نے اُس شوخ سے ظالم کو پشیماں دیکھا
ہمتو حسرت کو سمجھتے تھے کہ اِک عارف ہے	یہ تو اے واعظ نہ کافر نہ مسلماں نکلا
گر نہیں دوست خدایا میری جاں کے دشمن	کیوں شبِ غم مرے جینے کی دُعا کرتے ہیں
ہائے کیا جور کشی کی ہمیں عادت ہے کہ آپ	اُس ستمگار کو تحریکِ جفا کرتے ہیں
کیا ہُوا دیکھ تو ناصح کہ ہمارے مُنہ سے	یا صنم نکلے ہے جب یادِ خدا کرتے ہیں
کیونکر کہوں کہ ہجر میں مطلق نہیں خبر	اِتنی خبر تو ہے کہ مجھے کچھ خبر نہیں

حسرت

حسرت۔ جناب حکیم غلام رسول صاحب عظیم آبادی شاگرد جناب خان بہادر شاد صاحب حالات باوجود کوشش کچھ معلوم نہیں ہوئے۔ کلام کا نمونہ ذیل کے دونوں شعر ہیں۔ ملاحظہ ہوں

جس جگہ شام ہوئی اپنا بسیرا ہے وہیں	ہم سے آواروں کا صیاد نشیمن کیسا؟
آفتاب اُسکو کہوں یا گلِ جنت حسرت	کیا بتاؤں کہ ہے اُس کا رُخِ روشن کیسا؟

حسرت

حسرت۔ کنور اعتماد علیخاں بہادر حسرت رئیس اعظم سعد آباد ضلع متھرا۔ آپ کنور ارشاد علیخاں کے بیٹے اور فنِ سخن میں حضرت فصیح الملک مرزا داغ کے قدیم شاگردوں میں ہیں۔ اُنکی زندگی ہی میں صاحبِ دیوان بھی ہو گئے تھے۔ چنانچہ آپ کا مطبوعہ دیوان موجود ہے۔ شعر خاصہ کہتے ہیں۔ زبان۔ بندش۔ صفائی۔ اور روزمرہ کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ ۴۰۔ ۵۰ سال کے درمیان عمر ہے۔ ناتجربہ کاری اور غفلت کیوجہ سے آپکی زمینداری کا کسیقدر حصہ تلف ہو گیا۔ اب صرف کچھ معاش باقی ہے۔ کلام کا انتخاب درج ذیل ہے۔ ملاحظہ ہو۔

سہل ہیں دل کے لگانے کو میری جاں سمجھا	ہائے جو کام تھا دشوار وہ آساں سمجھا
بیخودی کا ہو بُرا ہائے کیا کیا میں نے	دامنِ یار کو بھی اپنا گریباں سمجھا

پائے انگار کو لذت ہوئی حاصل کیا کیا
مسکراتے ہوئے قاتل کو جو دیکھا دمِ قتل
مژگاں سے چشمِ شعبدہ گر دل کو لے گئی

سرِ ہر خار کو میں تیر کا پیکاں سمجھا
زخمِ دل شورِ تبسم کو نمکداں سمجھا
ہے کسقدر یہ ہاتھ کی چالاک دیکھنا

ہے وہ نقشہ تری یکتائی کا
ہو گیا دلکی تمناؤں سے
پاسباں سے ہیں وحشت کیا تھی
روزِ محشر بھی نہ نکلے وہ ہے
اک نظر دیکھ لیں اسکی صورت

اُڑ گیا رنگ تماشائی کا
ایک شہرہ مری رسوائی کا
پاس تھا آپ کی رسوائی کا
حوصلہ تیرے تمنائی کا
جنکو دعویٰ ہے شکیبائی کا

خیالِ کینہ و بے رحمی صیاد بے جا ہے
اثرِ جاذب محبت نے خلش ہی رکھی

ہمارے نالۂ دل نے ہمارا آشیاں پھونکا
تیر نکلا مرے پہلو سے نہ پیکاں نکلا

دوست دشمن کا آشنا نہ ہوا
مجکو چاہت کی داد ملجاتی
غیر پر بھی اگر ستم ہوتا

مدعی کا بھی مدعا نہ ہوا
تو کسی پر بھی مبتلا نہ ہوا
شکوہ ہوتا نہ مجکو غم ہوتا

افسوس وقفِ حسرت وانذوہ ہو گیا
جدا اک دم خیالِ یار جی سے ہو نہیں سکتا
ہمیں کو چاہیئے کرنا ہمیں جو کام کرنا ہے
یہی وہ جنس ہے انسان جو مشکل سے دنیا ہے
مقدر جب برا ہو کچھ کسی سے ہو نہیں سکتا
تمھارے ہاتھ مرنا ہے تمھارے ہاتھ جینا ہے
خاکساری کا داغ اب آسماں پہ ہو گیا
چبھے جاتے ہیں پھر دلمیں مرے کچھ آج خنجر سے

دل قابلِ تصورِ جاناں نہیں رہا
یہ غم سے ہو نہیں سکتا خوشی سے ہو نہیں سکتا
کسی کا کام یہ سچ ہے کسی سے ہو نہیں سکتا
متاعِ دلکا سودا دل لگی سے ہو نہیں سکتا
مثل سچ ہے کہ کچھ بھی آدمی سے ہو نہیں سکتا
جو میرا کام ہے میری خوشی سے ہو نہیں سکتا
کسکے دامن پر لگا دھبا ہماری خاک کا
میری آنکھوں میں نقشہ پھر رہا ہے اسکی ابرو کا

یہی کمبخت مجکو رات دن بے چین رکھتا ہے
چیز اچھی ہو تو ہوتے ہیں خریدار بہت

کہ دلمیں ہو گیا ہے درد اُٹھو میرے پہلو کا
تم سے ملجائیں گے لاکھوں جو مرا دل ہوگا

اس بہانے سے موت آنی تھی
ٹال دی بات گالیاں دے کر

نہوا وصل تو وصال ہُوا
عرضِ مطلب کا یہ جواب ہُوا

ہوش آئے تو کرے خون کا دعویٰ کوئی
لذتِ وصل ملی وصل کی شب بھی نہ مجھے
اس کا ہیشِ پنہاں سے تو خوں ہوکے مرا دل
اُٹھتے نہیں وہ بزمِ عدو سے فغاں فغاں
دشمنوں کا نہیں شکوہ کہ تری اُلفت میں
سیکڑوں یونتو مسیحا نے جلا سے مُردے
کعبہ و دیر ہوئے شیخ و برہمن کے سپُرد

کشتۂ تیغِ ادا حشر میں بے ہوش رہا
رات بھر جلوۂ دیدار سے بے ہوش رہا
ہمراہ جو اشکوں کے نکلجائے تو اچھا
آتی نہیں ہے ہائے قیامت کو کیا ہوا
دوستوں کو انھیں آنکھوں سے بدلتے دیکھا
کوئی بیمارِ محبت نہ سنبھلتے دیکھا
ہم بھی دیکھیں آئیں ٹھکانا کہیں چلکر اپنا

شکر لازم ہے اِس عنایت کا
کوئی اُمید اب نہیں باقی

وصل میں کام کیا شکایت کا
ولولہ مٹ گیا محبت کا

داد ملنے کی نہیں کوئی تمنا ہمکو
قیامت وصل کی شب میں مجھے یہ اُنکا کہنا تھا

داورِ حشر ڈھکا رہنے دے پردا اُنکا
کہ تم تو مُنہ لگانے ہی ہوئے بیباک کیا کہنا

تم کو جانا ہے گھر سے چلے جانا
آ تو جاؤ میری عیادت کو
جب گزرنا ہماری تربت پر
جاتے ہیں جان سے ذرا ٹھیرو

شب کی شب ٹھیر کر چلے جانا
اِک ذرا دیکھ کر چلے جانا
اُنکو مُنہ پھیر کر چلے جانا
ہم اُدھر تم اِدھر سے چلے جانا

آرزوئے دلِ بیتاب کا بر آنا تھا
آنکھ نیچی نہیں ہوتی تھی تمھاری کل تک
نہ تم اپنے نہ دل اپنا نہ قسمت آشنا اپنی
عدو کے ساتھ گزاری ہے تم نے ساری رات

تیر کا سینۂ بسمل میں پرافشان ہونا
آج کیا ہے جو چُراتے ہو نظر آپ سے آپ
یہ میرا طالع واژوں یہ میری نارسا قسمت
خبر ہے کیا تمھیں کیسی کٹی ہماری رات

قاصد سے کہہ رہے ہیں مرا حال سُن کے وہ
اُسکی طرح سے تجکو بھی آتی ہے جھوٹ سچ

اب یہاں تک تو بڑھا اُنکے ستم کا انداز
میرے دشمن مجھے جینے کی دُعا دیتے ہیں

توبہ کرتا ہوں اگر پھر بھی مرے ہم مشرب
منتیں کرکے مجھے روز پلا دیتے ہیں

وہ نا اُمید کہ ہو موت سے ہی کچھ تسکیں
جہاں میں جس کا نہ ہو آسرا وہ کون کہ میں

شبِ فراق بلاؤں بھی تو نہیں آتی
جسے کہ بھول گئی ہو قضا وہ کون کہ میں

نہ موت آتی ہو جسکو نہ رزق ملتا ہو
جسے کہ بھول گیا ہو خدا وہ کون کہ میں

شوخی نہیں شامل جو تری شرم و حیا میں
چُبھتی ہوئی کچھ بات نہیں ناز و ادا میں

کیا قہر ہے مجکو لبِ جاں بخش نے مارا
تو زہر کی تاثیر ہوئی آبِ بقا میں

اِس ظلم و ستم پر بھی کروں مہر و محبت
دُنیا سے نیا چاہنے والا تو نہیں میں

وہ پاس بھی ہیں تو بھی سمجھتا ہوں دُور ہیں
فرقت کا بندھ رہا ہے تصور نگاہ میں

ایسے گنہ کیے ہیں کہ اللہ کی پناہ
لکھنے سے جسکے کاتبِ اعمال تنگ ہیں

ہر چند اُس نے خاک میں مجکو ملا دیا
دل پھر بھی کہہ رہا ہے کہ وہ بیوفا نہیں

دم کچھ ارمان نہیں ہے کہ نکل ہی نہ سکے
موت کچھ تم تو نہیں ہو کہ بُلا بھی نہ سکوں

حضرتِ ناصح یہ مانا بیوفا وہ شوخ ہے
جب نہو بس میں طبیعت پھر کروں تو کیا کروں

عرصۂ حشر میں اے واعظو کچھ ہو کہ نہ ہو
جیتے جی تم تو جہنم میں جلا دو مجکو

کسی صورت سے تو ارمان تمہارا نکلے
گالیاں اور بھی دو چار سُنا دو مجکو

اور کیا چاہیئے گر اسکو قرار آ جائے
موت سے دل جو بہلتا ہے بہلجانے دو

سوئے گورِ غریباں گر وہ جائیں تو یہ حالت ہو
نکل آئیں تڑپ کر قبر سے مُردے قیامت ہو

ہوئی ہائے نا منصفی کیسی کیسی
مجھے حشر پر تھے گماں کیسے کیسے

دل کو غم آشنا کرے کوئی
آپ سے جب وفا کرے کوئی

دل بھی کرنے لگا دغا ہم سے
کس کا اب آسرا کرے کوئی

خوشی گناہ میں اتنی ہے کردگار مجھے	کہ لوگ کہتے ہیں تیرا گناہگار مجھے
اثر یہ جذبۂ دل کا نہیں تو پھر کیا ہے	وہ اور بیٹھ کے روئیں سرِ مزار مجھے
خراب کر کے دلِ بیقرار چھوڑے گا	ابھارتا ہے یہ کمبخت بار بار مجھے
دبی زباں سے کہوں حرفِ مدعا اُن سے	سنبھلنے دے جو ذرا آج انتشار مجھے
وہ خوش نصیب ہوں آخر پلا ہی دیتے ہیں	چھپا چھپا کے حریفانِ بادہ خوار مجھے
وعدہ ہے اُنکے آنیکا اور موت آگئی	مرنا ہوا ہے آج تو دشوار اور بھی
بوسہ لیا تو خوبیٔ تقدیر دیکھیے	کمُلا گئے وہ پھول سے رخسار اور بھی
جسے ناداں کہتے ہیں قیامت	وہی تو تیرے ملنے کی گھڑی ہے

حسرت

حسرت - منشی احمد علی حسرت برادرِ صغیر حکیم محمد کبیر صاحب - زیادہ حالات معلوم نہیں ہوئے نمونۂ کلام میں ذیل کے دو شعر ملاحظہ ہوں -

تمہاری قدر لوگ کم جانتے ہیں	جو تم ہو پیارے سو ہم جانتے ہیں
شاید وہ شوخ آج پھر اغیار پاس ہے	جو دل پر اضطراب ہے اور جی اُداس ہے

حسرت

حسرت - مولانا حبیب الرحمن خان شروانی رئیس بھیکم پور ضلع علیگڈھ - آپ نواب عبدالشکور خان صاحب کے بھتیجے اور محمد تقی خاں کے فرزند رشید ہیں - اپنے ضلع کے عمائدین میں گنے جاتے ہیں - ۳۸ - ۴۰ کے درمیان آپ کی عمر ہے - عربی فارسی کی استعداد عالمانہ اور اخباری دُنیا میں آپکی شہرت معقول ہے - علی گڑھ کالج اور دیگر اسلامی مجالس کے رُکن ہیں - ندوۃ العلما کا رسالہ کچھ عرصے سے آپ ہی کی زیرِ نگرانی شائع ہوتا ہے قصبۂ بھیکم پور کے متصل آپنے اپنے نام سے ایک موضع حبیب گنج آباد کیا ہے اور وہیں زیادہ تر قیام رہتا ہے - فارسی میں اکثر طبع آزمائی کرتے ہیں - اُردو میں گاہے ماہے - لفظ شروانی جو آپکے نام یا تخلص کے ساتھ لکھا جاتا ہے یہ آپ کا خاندانی اور قومی نام ہے - آپکی نگارش سے معلوم ہوا کہ آپکے مورث اعلیٰ سلطنت لودیہ کے عہد میں قندھار کے نواح سے واردِ

ہندوستان ہوئے تھے غلزئی۔ لودی۔ اور شروانی۔ تینوں حقیقی بھائی تھے۔ عمر خان شروانی جن کا ذکر سکندر لودی کے حالات میں صاحب تاریخ فرشتہ نے کیا ہے آپکے مورث خاندان تھے۔ اکبری اور شاہجہانی عہد میں اِس خاندان کے لوگ دلّی سے نکل کر علیگڈھ کے ضلع میں آباد ہوئے۔ یہاں اپنی قوتِ بازو سے ریاستیں پیدا کیں اور گورنمنٹ کے زیر سایہ اُنھیں اور وسیع کیا۔ حسرت شروانی کی ولادت ۱۲۸۵ھ میں ہوئی۔ آپکی فارسی تعلیم ابوالفضل مینابازار اور سہ نثر ظہوری تک ہے۔ عربی میں تمام درس نظامی باستثنائے چند کتب ختم کیا ہے۔ اکثر درسی اور مذہبی کتب عربی مولنٰا مفتی لطف اللہ صاحب۔ قاری عبد الغنی صاحب اور شیخ حسین صاحب عرب محدثِ بھوپال وغیرہ علمائے عصر سے پڑھیں اور حضرت مولنٰا فضل الرحمٰن صاحب قدس سرہ سے آپ کو شرف بیعت حاصل ہے۔ انگریزی تعلیم پرائیوٹ اُستادوں سے اور آگرے کے سکول میں انٹرینس تک حاصل کی۔ لغات امیر کے سلسلے میں جناب منشی امیر احمد مینائی سے مُراسلت کا آغاز ہوا اور یہی سلسلہ آخر میں تلمّذ کا ذریعہ بنا۔ فارسی میں آپ جو کچھ فرماتے ہیں وہ ایک خاص اثر کا نتیجہ ہے۔ آپ نے عربی فارسی اور اُردو کا ایک کتبخانہ بھی وسیع پیمانہ پر جمع کیا ہے جس میں پرشین لٹریچر کا قلمی ذخیرہ بہت کچھ ہے۔ اور عمدہ ہے۔ اساتذہ میں خواجہ حالی۔ خواجہ عزیز لکھنوی۔ اور علامۂ شبلی سے آپکے گھرے تعلقات ہیں۔ اپنے ضلع کے درباریوں میں ہیں۔ ایکٹ اسلحہ سے مستثنٰی ہیں اور اسپیشل مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل ہیں۔ کلام کا انتخاب ملاحظہ ہو۔ (ایک نامے کے چند متفرق اشعار)

صبحِ وصل

صُبح کے وقت کا رنگ الاسماں	حُسن کا سب لُٹا ہوا ساماں
آنکھوں میں سُرمے کا یُونہی سا اَثر	بال بکھرے ہوئے وہ ماتھے پر
خوابِ نوشیں کی آنکھوں میں سُرخی	کچھ کُھلی کچھ بندھی ہوئی چوٹی
باسی پھولوں پہ کچھ اُداسی سی	اور بُو اُن کی بگڑی بگڑی سی

صبحِ رخصت

غزل

کیسی دلگیر صبحِ رخصت تھی — صبحِ رخصت کہ شامِ غربت تھی
گلے ملتی تھیں آرزوئیں بہم — دل کو تاراج کر رہا تھا غم
غم کی آمد خوشی کی رخصت تھی — اک تمنا ہزار حسرت تھی
ہر طرف بے کسی برستی تھی — بے کسی پر بھی بیکسی سی تھی
تیرا جانا بلا کا آنا تھا — کیا قیامت کا تیرا جانا تھا
دل پہ اک بے خودی سی تھی طاری — تھیں جنوں کی علامتیں ساری
ایک سکتے کا عجب تھا عالم — آرزوؤں کا دل میں تھا ماتم
پھر محبت بے حجاب یاد آیا — مایۂ اضطراب یاد آیا
دل سے رخصت ہوں سب تمنائیں — وہ سراپا حجاب یاد آیا
دل میں کچھ گدگدی سے ہوتی ہے — ہائے کس کا شباب یاد آیا
خودفراموش سے ہو کچھ حسرت — کوئی آج اسے جناب یاد آیا

ولہ

حسرت و یاس کا انبوہ فغاں کی کثرت — میں تری بزم سے کیا بے سر و ساماں نکلا

بدگمانی اس کی کم ہوتی نہیں — کس پہ یارب مجکو شیدا کر دیا

متاعِ نور سے لبریز اک عالم کی جھولی ہے — گرہ چینِ جبیں کی کس بتِ مہوش نے کھولی ہے
شرابِ ناز کے جلوے نگاہِ ناز پر صدقے — ابھی سوتے سے آنکھ اس فتنۂ دوراں نے کھولی ہے
اشارہ صاف کرتی ہے ترے سینہ کی موزونی — کہ جنسِ حسن قدرت نے اسی کانٹے میں تولی ہے
حصولِ مدعا اب کوئی دن کی بات ہے حسرت — نگاہیں مل چکی ہیں گفتگو مطلب کی ہو لی ہے

دل لگی کو ہنسی سمجھتے ہو! — ابھی بچپن کا ہے اثر باقی
چال مستانہ آنکھ متوالی — یہی ساقی یہی پیالہ ہے
حسن پر ناز ہے اگر تمکو — اپنے دل پر مجھے بھی دعوی ہے

حسرت

حسرت منشی دلیل الدین احمد آپکے والد مولوی محمد فیض بخش صاحب تعلیم کی ضرورت سے اپنے وطن جہانگیر نگر ڈھاکہ کو چھوڑ کر عنفوان شباب ہی میں کلکتے چلے آئے تھے چنانچہ کچھ دن ہُگلی کالج میں پروفیسر رہنے کے بعد مدرسۂ کلکتہ میں مدرس رہے۔ آپ سنہ ۱۸۷۶ء میں کلکتے میں پیدا ہوئے اور وہیں تعلیم پائی۔ بعدہٗ سنہ ۱۸۹۵ء میں مولنا ابو القاسم محمد شمس صاحب مرحوم کو کچھ غزلیں بغرضِ اصلاح دکھائیں وہ چونکہ آپکے والد کے شاگرد بھی تھے اس لیئے اُنکی آپ پر خاص توجہ رہی۔ اطرافِ دکن۔ مدراس۔ شمالی ہند کی سیر بھی کر چکے ہیں اب انگریزوں کو اُردو پڑھانے کا مشغلہ ہے۔ طبیعت کا اندازہ مندرجۂ ذیل اشعار سے ظاہر ہوگا

کہیں تھے بادیہ پیما۔ کہیں تھے سلسلہ جنباں
تری رنگیں ادائی کا وہ عالمگیر نقشہ ہے
نگاہِ ناز کی خاطر ہوئی ہے خانہ بربادی

جہاں پہنچے ہمارے پاؤں میں چکر ہی چکر تھا
کہ ہر ذرّے سے کثرت کے عیاں ہے نورِ وحدت کا
سدا لُٹتے ہوئے دیکھا ہے گھر اہلِ مروّت کا

قتلِ عاشق پہ ازدحام ہوا
بے نیازی کا ہے دعوی بیکار

خاص اک راز تھا سو عام ہوا
ایک کا ایک ہے انسان محتاج

اُٹھائیں نازِ دشمن آپ نے ہے کیا قیامت ہے
اب جفا سے بھی اُسے ہوگئی نفرت ہے ہے
مری تقدیر کی گردش کی شکلیں ہیں جُدا گانہ

مری جاں آپ کو زیبا نہیں ہے نازنیں ہو کر
کوئی بھی طرزِ وفا میرے ستمگر میں نہیں
بھنور ہوں بحرِ اُلفت میں بگولہ دشتِ غربت میں

چشمِ بلبل میں انتظار ہوں میں
کیوں میں نکلوں تمہاری محفل سے

آمدِ موسمِ بہار ہوں میں
دلِ دشمن کا کیا بخار ہوں میں

چکھائے ہیں جنوں نے وہ مزے فصلِ بہاری کے
خوشامد سے ہوئیں جنت میں بھی رسوائیاں کیا کیا
ہزار رنج اُٹھائے ہیں عیش کی خاطر
خدا کرے درِ جاناں ہو اور جبینِ نیاز

گل و غنچہ سمجھ کر چن رہا ہوں سنگِ طفلاں کو
بڑا دھوکا ہوا ہم پاسباں سمجھے تھے رضواں کو
خیالِ نفع نہ ہو گر تو پھر زیاں کیوں ہو
بلند دستِ دعا سوے آسماں کیوں ہو

برسنا سیکھ لے ابر بہاری دیدۂ تر سے
فلک مثل حباب بحر تیرے گر کبھی برسے

نزاکت سے ہو تم مجبور ہم اپنے مقدر سے
نہ خنجر میان سے نکلا نہ دم اس جسم لاغر سے

کہاں صحرا سے جاؤں اب کہ خار دشت پلٹے ہیں
مدد اے جوش وحشت یہاں بھی اپنے آشنا نکلے

عبث گلشن میں گلکاری ہے رشک خوشخرامی سے
گل و غنچہ کا منہ دیکھو حریف نقش پا نکلے

زانوے یار اور ہم ہم کہاں نصیب
[illegible]

حسرت

حسرت - جناب سید آل حسین صاحب تلمیذ حضرت احسان رامپوری۔ انکے حالات و واقعات بھی باوجود تحقیقات بلیغ ہم سے پوشیدہ ہی رہے لہذا مجبوری ہے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

اس بانکپن پہ کوئی نہ مرتا ہو تو مرے
خنجر کا کام لیتے ہیں ترچھی نظر سے آپ

دل چرایا ہے بھری محفل میں میرا آپ ہی
اور کہتے ہیں وہ مجھ سے ہم بتا سکتے نہیں

حال دل انکو سناؤں تو سناؤں کیونکر
بات تک بھی نہیں کرنے کی اجازت مجکو

یہ ستم غیر شب و روز ترے پاس رہے
یہ قیامت نہ ہو آنے کی اجازت مجکو

مجھپہ تا حشر میری جان یہ احسان رہے
نزع کے وقت دکھا جاؤ جو صورت مجکو

یار کا وصل ہو کب ہمکو میسر دیکھو
کیونکر اس غم سے چھٹے یہ دل مضطر دیکھو

وصل کے ذکر پہ وہ ہمسے بگڑ کر بولے
پھر نہ لانا یہ کبھی حرف زباں پر دیکھو

دل لیا تھا مرا جس ناز و ادا سے تمنے
اسی انداز سے پھر آنکھ ملا کر دیکھو

حال دل کہنے کو جاتے تو ہیں آپ حسرت
کیا غضب ڈھاتا ہے مجھپر وہ ستمگر دیکھو

حسرت

حسرت - شمس العلما حاجی مولنا محمد سعید صاحب عظیم آبادی۔ آپ ۲۷ ذیقعدہ سنہ ۱۲۳۱ھ میں بمقام عظیم آباد پیدا ہوئے۔ آپکے والد ماجد حاجی مولوی واعظ علی صاحب مرحوم عظیم آباد کے ایک باوقعت رئیس تھے عربی فارسی کے عالم اور فن خوشنویسی کے اچھے استاد تھے۔ مولانا حسرت کی ابتدائی تعلیم تو گھر ہی میں ہوئی مگر پھر کانپور میں مولنا شاہ محمد سلامت اللہ قدس سرہ کی خدمت میں ایک عرصے تک رہکر دستار فضیلت حاصل کی۔ اور تھوڑے ہی عرصے میں اپنی عالمانہ تصنیفات اور صوفیانہ برکات کی بدولت اسقدر مقبول و مشہور ہوئے کہ لوگ اطراف و جوانب سے

آکر شاگرد و مرید ہونے لگے۔ ۱۳۰۳ھ میں گورنمنٹ عالیہ نے شمس العلماء کا خطاب دیا۔ شاعری کی طرف آپ کا میلانِ خاطر اوائل عمری سے تھا۔ مگر عربی فارسی جانتے تھے اور عربی فارسی

ہی کہتے تھے۔ اُردو سے کچھ شوق نہ تھا۔ کبھی کبھی بتقاضائے احباب کچھ کہہ لیتے تھے۔ چنانچہ باوجود کوشش بلیغ ہمیں اُردو کے صرف چار شعر دستیاب ہوئے وہی ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں۔ آپ فارسی میں حسرت اور عربی میں سعید تخلص فرماتے تھے ٭

دل ترا جور پہ مائل نہ ہوا تھا سو ہوا ۔۔۔ تجھ سے آزردہ مرا دل نہ ہوا تھا سو ہوا
زخمِ دل پر مرے ہنس ہنس کے چھڑکتے ہو نمک ۔۔۔ یہ مزا عشق کا حاصل نہ ہوا تھا سو ہوا
کیا تڑپکر دلِ مجروح نے کی بے لطفی ۔۔۔ خوں سے تر دامنِ قاتل نہ ہوا تھا سو ہوا
پا گیا عشقِ مجازی سے حقیقت کو سعید ۔۔۔ للہ الحمد کہ کامل نہ ہوا تھا سو ہوا

حسرتی

حسرتی۔ منشی عبداللہ حسرتی۔ وقائع نگار و اڈیٹر ریاض الاخبار و دیگر اخبارات۔ شعر کا بھی شوق ہے اور اوسط درجے کے شاعروں میں بُرے نہیں۔ کچھ عرصے لاہور کے مشہور رئیس پنڈت جنار دھن صاحب کی سرکار میں وظیفہ خوار رہے۔ کیفر کردار اور دو تین ناول ان کی تصنیف سے شائع ہو چکے ہیں۔ کلام کا نمونہ درج ذیل ہے ٭

تم نہ چاہو ہمیں پھر ہم تمھیں چاہیں کیونکر ۔۔۔ ایسے بے مہر سے بتلاؤ نباہیں کیونکر
حالِ دل کہنے سے اُلٹا جو خفا ہوتا ہو ۔۔۔ ماجرائے غمِ دل اُسکو سنائیں کیونکر
جو ہنسا کرتا ہو خود کرکے دلوں کو گھائل ۔۔۔ زخمِ دل اُسکو کہو اپنے دکھائیں کیونکر
کیا نئی چھیڑ نکالی ہے یہ اُس نے مجھ سے ۔۔۔ کہتے ہیں روز بتا تجکو ستائیں کیونکر
حسرتی تیری خطا تھی دیا بیدرد کو دل ۔۔۔ اب کسی کو غلط الزام لگائیں کیونکر

حسن

حسن۔ نواب افتخار الدولہ محتشم الملک نواب مہدی علیخاں ضیغم جنگ خلف میرزا امام الدین حیدر بن شجاع الدولہ بہادر دام اقبالہ داماد حضرت فردوس منزل متخلص بہ حسن شاگرد سعادتخان ناصر صاحب دیوان تھے۔ اکثر چھوٹی بحروں میں فصاحت کی داد دیتے تھے۔ عاشقانہ مضامین

پُر اثر زبان میں باندھ جاتے تھے۔ کلام ذیل کی سطروں میں ملاحظہ کیجئے۔

جُدا تن سے پہلے یہ سر کیجئے	تو پھر آپ یاں سے سفر کیجئے
پریشاں کر دیا زلفیں دکھا کے	کیا عاشق کا خوں مہندی لگا کے
دیا سو منتوں سے ایک بوسہ	یہ غمزے ہیں نئے اُس دلربا کے
کیا مثلِ کتاں سینہ مرا شق	وہ مُکھڑا چاند سا مجکو دکھا کے
ہیں باتیں سخت تیری او بت بے پیر پتھر کی	کہاں تک رو کے چوٹیں یہ دلِ دلگیر پتھر کی
جو تو رات دن مجھپہ کرتا جفا ہے	یہی کیا زمانے میں رسم وفا ہے
اگر زندہ ہو تو ارسطو سے پوچھوں	کہیں دردِ دل کی بھی پیدا دوا ہے
نہیں یاں کے رہنے کا اِکدم بھروسا	یہ دُنیا نہیں ہے عزیزو سرا ہے
لپٹ جاؤ آکر گلے سے ہمارے	یہی ہے تمنا یہی مدعا ہے
نہیں دیکھتا جس میں اُڑنیکی طاقت	اُسے آج صیاد کرتا رہا ہے
پریشاں ہو کیوں حالِ مرغِ چمن کا	کسی پھول کو کیا صبا نے چھوا ہے
ہم سے صحبت جو یار نے کم کی	ندی جاری ہے چشمِ پُر نم کی
تیری خاطر سے او ستم ایجاد	باتیں سُنتے ہیں ایک عالم کی
مِسی مَلکر جو خندہ زن وہ ہوا	برق ابرِ سیاہ میں چمکی
اپنے بیمار کا نہ پوچھو حال	زندگی اُسکی ہے کوئی دم کی
کر دیا غم میں مبتلا تو نے	جس کا ڈر تھا وہی کیا تو نے
خوں سے آلودہ جوئے شیر ہوئی	ہائے فرہاد کیا کیا تو نے
بات کا ہو دھنی تو ایسا ہو	جو کہا مجھ سے وہ کیا تو نے
آیا کس روز اپنے وعدے پر	عہد کس دن وفا کیا تو نے
سب لے وفا تجھ کو باوفا سمجھے	ہم جو سمجھے تھے وہ بُرا سمجھے

حسن

حسن - خواجہ حسن خلفِ خواجہ ابراہیم از فرزندانِ میر بھکاری متوطنِ دہلی - جوانِ وجیہ عالی حوصلہ بڑے لطیفہ گو اور بذلہ سنج تھے - علوم موسیقی ہندی سے بخوبی ماہر اور استعداد اس فن کی اُنکی تصانیف سے ظاہر ہے - فنِ شعر میں جعفر علی حسرت کے شاگرد تھے - اِنکی نسبت شوق اپنے تذکرے میں لکھتے ہیں کہ علمِ نجوم میں بھی بھلا چنگا دخل رکھتے ہیں - علمِ تصوّف کے بادشاہ ہیں - حُسن پرست بھی تھے اکثر مقطعوں میں اپنے معشوق کا نام لایا کرتے تھے - اُمورات دنیا میں مرزا حسن رضا خان نواب سرفراز الدولہ سے تعلق تھا ریختہ میں صاحب دیوان تھے - آسودہ اوقات بسر کرتے تھے - قلندر بخش جرأت سے جو انکے بڑے دوست تھے - خواجہ حسن اور بخشی طوائف کی داستانِ عشق ایک مثنوی میں نظم کی ہے ✦

آ کا محال ہوش میں ہے مجھ سے مست کا — مدہوش ہو چکا ہوں میں روزِ الست کا

کیسی صحبت اُٹھ گئے کیوں یار کیا تھا کیا ہُوا — مٹ گیا نقشہ وہ سب یکبار کیا تھا کیا ہوا

جنکے جوہر دوستی کے خوب آتے تھے نظر — چلگئی اُن سے چھری تلوار کیا تھا کیا ہوا

وہ جب تک کہ زلفیں سنوارا کیا — کھڑا اُس پہ میں جان وارا کیا

دیکھنے سے مرے کاہے کو غضب ہوتے ہو — کیا غضب ہو گیا - گر میں نے بھی دیکھا دیکھا

رہی بیقراری اسیروں کی یوں ہی — تو صیاد ٹکڑے ترا دام ہوگا

جو بندہ خانہ میں آسیئے گا فقیر تمکو دُعا کرے گا — کسی کے دل کو جو خوش کروگے خدا تمہارا بھلا کریگا

میں تو سب طرح سے تیرا ہوں میاں — پر جو تو بھی کہیں میرا ہوتا

مانوں میں وعدۂ فردا اے یار — جب ترے وعدے کا فردا ہوتا

اُمنڈ کے آنکھوں سے اِکبارہ چلے آنسو — ہنسی ہنسی میں جو ذکرِ وداعِ یار ہوا

وقتِ وداعِ یار دلِ بیقرار نے — یہ آہ کی کہ عرشِ مُعلّی ہلا دیا

دل دلاسوں سے کرے ہی آہ و زاری بیشتر — خانۂ ماتم میں ہو پُرسے سے زاری بیشتر

جان بخشی کو بھی آیا نہ دمِ نزع حسن — اُسنے اِسوقت میں بھی ہمسے چھپائیں آنکھیں

بیان عشق و جان بخشی کی ✦ حسن از حضرت جان و دوبارہ وغیرہ ✦

بھلا میں دوانہ سہی پر یہ ناصح !	میرے ساتھ بکتا ہے عاقل کو دیکھو

فقط نقشہ نہیں خوب اُس کا عالم سے نرالا ہے
خدا نے اُسکو سر سے پاؤں تک سانچے میں ڈھالا ہے

خیال آتا ہے جب تیرا تو ہم جانے نہیں دیتے
ترے ملنے کا ہمنے یار اور ہی ڈھب نکالا ہے

نہ نکلوگے بھلا تم گھر سے کبتک یہ بھی دیکھینگے
بہانہ کرکے تم نے آج تو بندے کو ٹالا ہے

کس طرح سے زیست ہوویگی بھلا اے دوستو
اب تو قاصد بھی اِدھر کو آنے جانیسے رہے

کب میں کہتا ہوں کہ میری جان جانیسے رہے
پر ٹک ایسا ہو کہ یہ دِل تلملانے سے رہے

ہمنے ایسی بھی تو کچھ چوری نکی تھی آپ کی
بے سبب اب آپ جو ادھر کے آنے سے رہے

اُسنے کس کس طرح ٹالا ہمکو اپنے در سے پر
دیکھ تو ہم بھی حسن کس کس بہانے سے رہے

آکر بلا سے قتل ہی کر جائیے مجھے
صورت اِسی بہانے سے دکھلائیے مجھے

غم نے ایذا جو اے صنم بخشی	یہ بھی سرکار کی کرم بخشی

حسن

حسن سخنور کامل فن میر غلام حسن نام۔ حسن تخلص خلفِ میر غلام حسین ضاحک۔ آبا و اجداد اِنکے ہرات کے رہنے والے تھے۔ اِمامی ہروی نے کہ میر حسن کے جد تھے انقلاب زمانہ کے ہاتھوں وطن اصلی کو چھوڑ کر پُرانی دہلی میں سکونت اختیار کی۔ چنانچہ میر ضاحک دہلی میں پیدا ہوئے اور میر حسن کا بھی اِبتدائی زمانہ وہیں بسر ہوا۔ اِنکی وضع اور عادات کے متعلق کارسنڈی تیسی کا قول ہے کہ میر حسن برخلاف اپنی باپ کی وضع کے ڈاڑھی صفاچٹ کرواتے۔ پگڑی اگلے وقت کے لوگوں کی سی باندھتے اور پوشاک اپنے باپ کی سی پہنتے تھے یعنی سبز عمامہ اور بڑا جُبہ۔ قد لمبا تھا۔ رنگ سُبزا۔ ظریف۔ خوش خلق۔ بیہودہ اور کلام معیوب کبھی زبان سے نہ نکالتے تھے۔ شیریں گفتار اور پسندیدہ تعلیم یافتہ تھے۔ لیکن بعض کتابوں میں جو اُنکی تصویر دیکھنے میں آئی ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ بقول صاحب آبحیات اُسکے سر پر بانکی ٹوپی۔ تن میں تنزیب کا انگرکھا پھنسی ہوئی آستینیں۔ کمر سے ڈوپٹہ بندھا ہوتا تھا۔ گمان غالب یہ ہے کہ دہلی میں اُنکا طرز لباس وہی ہوگا جو اُنکے والد کا تھا۔ لیکن قیام لکھنؤ کے زمانے میں اُس میں کچھ تبدیلی ہوگئی

ہو گی میر حسن کو لڑکپن ہی سے شعر و شاعری کا بدرجۂ کمال شوق تھا۔ چنانچہ بزمانۂ نوعمری
شاہجہاں آباد میں مصلح غزلوں کے خواجہ میر درد صاحب تھے۔ عالمِ شباب میں مع والد
بزرگوار فیض آباد میں آکر آباد ہوئے۔ ضیاء الدین ضیا اصلاح دیتے رہے۔ کبھی کبھی مرزا رفیع
السودا سے بھی کہ ضیاء اُن کے ہم مشق تھے مشورہ کا اتفاق ہوا۔

اِس سے معلوم ہوا کہ میر حسن کی اُستادی کا فخر ایک سے زیادہ لوگوں کو حاصل ہے
لیکن درد اور سودا کی شاگردی کو عارضی سمجھنا چاہیئے۔ کیونکہ درد نے ابتدا میں اور سودا نے
آخر میں صرف چند روز اُنھیں اصلاح دی تھی۔ درحقیقت میر حسن مستقل شاگرد میر ضیاء الدین ضیا
کے ہیں جن کی نسبت مصحفی اپنے تذکرہ شعراء میں لکھتے ہیں کہ "میر ضیاء الدین ضیا اُستاد میر حسن
شاگرد میر تقی میر۔ میر حسن بسیار ثنا خوان و معتقد او بودہ" آزاد نے اُساتذۂ میر حسن کے
زمرے میں اُنکے والد میر ضاحک کو بھی شامل کیا ہے جو بالکل قرینِ قیاس ہے۔ میر حسن کی
علمی لیاقت فارسی دانی میں کوئی شبہ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ علاوہ متفرق فارسی اشعار کے
اُن کی اُردو شاعری میں بھی فارسی ترکیبوں یا اُنکے ترجموں اور عام فارسی اندازِ بیان کی
ایسی لطیف مثالیں کثرت کے ساتھ موجود ہیں جن کا کسی فارسی نہ جاننے والے شاعر کے
کلام میں موجود ہونا ناممکنات سے ہے۔

حسن نے باوجود کامل اُستاد ہونے کے کسیکو اپنا مستقل شاگرد بنانا پسند نہ کیا۔ حتّٰی
کہ آپ نے صاحبزادے میر مستحسن خلیق کو بھی خود اصلاح نہ دی بلکہ مصحفی کے سپرد کر دیا۔ یہی
وجہ ہے کہ دُنیائے غزل گوئی میں اُن کا سلسلۂ شاعری بہت جلد ناپید ہو گیا۔ لیکن جو کچھ
اُن سے نہ ہوا وہ بامرِ الٰہی اُنکی اولاد سے ظاہر ہوا۔ اور اِس شان سے ظاہر ہوا کہ اُن کے
پوتے انیس و مونس و انس اُردو زبان کی ایک صنف کے موجد قرار پائے اور فن مرثیہ گوئی
کا ایک ایسا نمونہ چھوڑ گئے جسکے اِسوقت ہزاروں پیرو موجود ہیں۔

میر حسن کے چار بیٹوں میں سے تین شاعر تھے۔ میر مستحسن خلیق۔ میر احسن خلق اور میر

محسن محسن - اِن سب کا قیام فیض آباد میں رہتا تھا۔ چنانچہ خلیق و محسن بہو بیگم صاحبہ والدۂ نواب آصف الدولہ کے داماد میرزا تقی کی سرکار سے متعلق تھے۔ اور میر خلق نواب ناظر داراب علیخان کی خدمت میں رہتے تھے۔ خلیق اور خلق سے ایک ایک دیوان بھی یادگار موجود ہے۔

اِنکی تصانیف سے دیوانِ حسن مشتمل برجملہ اقسامِ سخن اور مثنوی بدرِ منیر و گلزارِ ارم اِس وقت تک موجود و مشہور ہیں۔ دیوان چونکہ چھپا نہیں اِس لیئے کمیاب ہے۔ راقم تذکرہ کے کتبخانے میں اُس کا ایک صحیح نسخہ موجود ہے۔ یہی حال دو اور مثنویوں کا بھی ہے۔ جنمیں سے ایک کا قصہ اِس طرح پر ہے کہ ایک موقعہ پر میر حسن مرحوم کا سفر شاہ مدار کی چھڑیوں کے ساتھ مطابق پڑا۔ چنانچہ سفر ند کور کا حال ایک مثنوی کے قالب میں ڈھالا ہے۔ اِس میں فیض آباد کی تعریف اور لکھنؤ کی ہجو کی ہے۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اُس وقت عورتوں کی پوشاک وہاں کیا تھی اور چھڑیوں میں جانے والوں کے جزئیات رسوم کیا کیا تھے۔ شعرائے ریختہ کا بھی تذکرہ مُرتّب کیا تھا۔ مگر اب نہیں ملتا۔

دہلی چھوڑنے کے بعد میر حسن فیض آباد اور بعد ازاں لکھنؤ میں جا کر مقیم ہوئے جہاں اُنھوں نے بڑی شہرت پائی اور نواب سالار جنگ برادر بہو بیگم صاحبہ نیز اُنکے بیٹے نواب مرزا نوازش علی خان سرفراز جنگ کی مصاحبت میں عزت کے ساتھ زندگی بسر کی اور آخر کار وہیں عشرۂ اولیٰ ماہِ محرم ۱۲۰۱ھ میں بعہد نواب آصف الدولہ وفات پائی اور عقب باغ نواب قاسم علیخان واقعہ محلۂ مفتی گنج میں مدفون ہوئے۔ انتقال کے وقت آپکی عمر ۵۰ سال سے زیادہ تھی۔ شیخ مصحفی نے تاریخ کہکر حقِ آشنائی ادا کیا۔

چوں حسن آں بلبل خوش داستاں	رُوازیں گلزارِ رنگ و بو بتافت
بسکہ شیریں بود نطقش مصحفی	شاعرِ شیریں زبان۔ تاریخ یافت

حسن کا طرزِ کلام زیادہ تر میرؔ اور کمتر سوداؔ کے اندازِ شاعری سے ملتا جلتا نظر آتا ہے اور ایسا ہونا بھی چاہیئے تھا کیونکہ سوداؔ سے بلا واسطہ اور میرؔ سے ضیاؔ کے واسطے سے اُنکی شاگردی مُسلّم

ہے۔ بیان سے گزر کر زبان کو دیکھئے تو وہ بھی اِن ہی بزرگوں کی سی ثابت ہوتی ہے۔ وہی "میں دیکھا" "میں کیا"، جو میر اور سودا کے کلام میں پایا جاتا ہے اِن کے ہاں بھی موجود ہے۔ جسکی سادگی اور شیرینی حسن کے دیوان میں بھی وہی کیفیت پیدا کرتی ہے جسکی بہار میر کے کلام کی جان ہے اصنافِ سخن میں سے میر حسن قصیدے کے مرد میدان نہ تھے۔ البتہ غزل سرائی میں اُن کا صاحب امتیاز اور مثنوی میں یکتائے زمانہ ہونا قطعی طور پر ثابت ہے۔ جس سے کسی شخص کو انکار نہیں ہوسکتا حقیقت میں بقول حضرت آزاد "بے نظیر و بدر منیر کا قصّہ لاجواب لکھا۔ زمانے نے اُس کی سحر البیانی پر تمام شعرا اور تذکرہ نویسوں سے محضرِ شہادت لکھوایا۔ اسکی صفائی بیان اور لطفِ محاورہ اور شوخی مضمون اور طرزِ ادا کی نزاکت اور جواب و سوال کی نوک جھوک۔ حدِ توصیف سے باہر ہے۔ باوجود اسکے کہ سحر البیان کی تصنیف کے زمانے کو ۱۲۵ برس سے زیادہ گزر گئے لیکن اسکی زبان قریب قریب وہی ہے جو آجکل مروّج ہے" یہی ایک امر اسبات کا کافی ثبوت ہی کہ میر حسن مغفور صدر درجے سلیم المذاق شاعر تھے۔ اُردو زبان میں صرف ایک ہی اور مثنوی لکھی گئی جسکو اِس مثنوی کا ہم پایہ کہا جا سکتا ہے اور جو فی الواقع منصف مزاج مبصروں کے نزدیک اُسی تعریف کی مستحق ہے۔ فی الواقع قبولِ عام کی جو سند سحر البیان اور یادگار نسیم کو ملی وہ آجتک کسی تیسری مثنوی کو نصیب نہیں ہوئی۔

میر حسن کی غزلوں کا رُتبہ انکی مثنوی کی برابر بلند نہیں ہے۔ پھر بھی بقول صاحب آبِ حیات "اُنکے اشعار غزل کے اصول میں گلاب کے پھول ہیں اور محاورات کی خوش بیانی مضامین عاشقانہ کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ میر حسن کی نسبت لکھتے ہیں "مثنوی سحر البیان شہرت تمام دارد قطع نظر از پا لغزہائے شاعری محاورہ عام بد نہ گفتہ بلکہ داد بلاغت دادہ" اِنکے کلام کا اِنتخاب درج ذیل ہے ÷

طرفہ تر یہ ہے کہ اپنا بھی نہ جانا اور یونہیں رو رو کے کیا اُبتر سب کام مرے دل کا	اپنا اپنا کہہ کے مجکو سب سے بیگانہ کیا کھویا مری آنکھوں نے آرام مرے دل کا

آغازِ محبت میں دیکھا تو یہ کچھ دیکھا
جب تک میں جیا مجکو قاصد نہ ملا آخر
کوئی دن کے ہیں مہماں اِس چمن میں یکدن آخر
کیا جانے اُسکے جی پر کیا کچھ خیال گزرا
ایسی ہی آہ باتیں اُس بیوفا نے چھیڑیں
غیروں میں دیکھ تجکو بیٹھے ہوئے کہیں کیا
پر منصفی سے اِتنا فرمائیے کہ بارے
گر کیجے رقم کچھ تری وحدت کے بیاں کا
سربستہ رہا یوں ہی یہ رازِ حرم و دیر
جس عالمِ ہستی کو سمجھتے تھے بہار آہ
سر دیوے گا جبدم تو حسن تیغ کو اُسکی
جانا تو ہم نے چھوڑا پر کیا کریں حسن ہائے
تیرے ہی غم کا گھر ہے یہ دل جلا نہ اِسکو
بتخانہ ہی میں چل بیٹھ یا کعبہ میں حسن اب
کروں شکوہ تو بے وسواس اُس سے میں آنیکا
مجھے آتا ہے رونا دیکھ کر زانو کو اب اپنے
عشق کبتلک آگ سینے میں مرے بھڑکائیگا
کر چکے صحرا میں وحشت پھر چکے گلیوں میں ہم
تو گرفتاری کے باعث مضطرب صیاد ہوں
جب سے جدا ہوا ہے وہ شوخ تب سے مجکو
خدا جانے کہ آخر رفتہ رفتہ حال کیا ہووے

کیا جانیئے کیا ہوگا انجام مرے دل کا
اب جی ہی چلا لے کر پیغام مرے دل کا
مثالِ نکہتِ گل شام جانا یا سحر جانا
کچھ آپ ہی آپ اپنے دل پر ملال گزرا
روتے ہی روتے جبں میں روزِ وصال گزرا
جو کچھ کہ اپنے دل پر گزرا خیال گزرا
خدمت میں آپ کی بھی کچھ انفعال گزرا
تو چاہیئے خامہ بھی اُسے ایک زباں کا
معلوم ہوا بھید یہاں کا نہ وہاں کا
آخر کو جو دیکھا تو وہ موسم ہے خزاں کا
اسرار کھلے گا تبھی اِس سِرِّ نہاں کا
چھٹتا نہیں ہے دل سے ہرگز خیال اُس ہاں کا
ظالم تو پھر کسیکا کاہے کو گھر رہے گا
یوں کب تلک دوانے تو دربدر رہے گا
نہ ہو دھڑکا مرے دلمیں گر اُسکے روٹھ جانیکا
کہ تھا اِک وقت میں تکیہ کسی کے یہ سرھانے کا
راکھ تو میں ہو چکا کیا خاک اب سلگائے گا
دیکھئے اب کام ہمکو عشق کیا فرمائے گا
لگتے لگتے جی قفس میں بھی مرا لگ جائیگا
نت آہ آہ کرنا اور زار زار رونا
ہوا ہے بے طرح آنکھوں کو کچھ آزار رونیکا

مت سہم دل مبادا یہ خون سوکھ جاوے
آتا ہے تیر اُس کا پیاسا ترے لہو کا

غنچہ ہوں میں نہ گُل کا نے گُل ہوں میں چمن کا
حسرت کا زخم ہوں میں اور داغ آرزو کا

لایا غرور پر یہ عجز و نیاز تجھکو
تیرا گنہ نہیں کچھ اول سے میں ہی چُوکا

آہ! کیا جانیے محفل میں یہ کس کی خاطر
شمع روتی ہے جُدی جلتا ہے پروانہ جُدا

سیرِ گلشن کریں ہم اُس بِن کیا
اب نہ وہ دل نہ وہ دماغ رہا

شاد ہوں ہیں کہ دیکھ میرا حال
غیر کرنے سے التماس رہا

خار سے پھوٹے پھپھولے پاؤں کے
درد ہی آخر مرا درماں ہُوا

کیسی وفا۔ کہاں کی محبت۔ کدھر کی مہر؟
واقف ہی تو نہیں ہے کہ ہوتا ہی پیار کیا

نہیں مجکو دشمن سے شکوہ حسن
مرا دوست مجکو ستانے لگا

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
بس آج کی شب بھی سو چکے ہم

بہنے لگا لہو پھر آنکھوں سے کچھ حسن کی
زخم جگر کا شاید سر کا ہے اس کے چھالا

ق

آکے وہ بیٹھتا ہے تب ہم پاس
آپ میں جب ہمیں نہیں پاتا

زندگی سے وفا نہ کی ورنہ
میں تماشا وفا کا دکھلاتا

مر گئے کہتے کہتے اپنا حال
کچھ تو تو بھی زباں سے فرماتا

میں تو جاتا ہی آپ سے لیکن
تیرے کہنے سے اب نہیں جاتا

ہے عجب ماجرا کہ اپنا تو
تجھکو مطلق کہا نہیں بھاتا

اور ترا اختلاط ہر اِک سے
کیا کریں ہمکو خوش نہیں آتا

ظاہر میں گو لکھا نہ لکھا خط تو کیا ہُوا
ہوتے ہیں کوئی دل سے فراموش آشنا

مہر و وفا کا میری جو رو جفا کا اپنی
میری طرف سے اپنے دل میں حساب رکھنا

بھر بھر کے آہ و نالے غش کر چلی ہے بلبل
پیالی میں گُل کی شبنم تھوڑا گلاب رکھنا

خط کا جواب دے گا تو دیگا ہی وہ شوخ
نامہ کو پُرزے کرکے ہوا پر اُڑائے گا

تیرا سا دل یہ میرا نہیں اسکو جان رکھ
کسکو کرے گا یاد جو تجھکو بھلائے گا

اظہار خموشی میں ہے سو طرح کی فریاد
ظاہر کا یہ پردہ ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا

کیا پوچھے ہے مجھسے میری خاموشی کا باعث
کچھ تو سبب ایسا ہے کہ میں کچھ نہیں کہتا

دُور سے باغ جہاں دکھلا کے پروانہ کیا
متصل جانے نہ پایا میں کہ ویرانہ کیا

جی اگر اُس سے لگا یار شک سے دل جل گیا
دل اگر اُس کو دیا جی ہاتھ سے جاتا رہا

شاہ ہووے غلام کا بندہ
کون پوچھے ہے عاشقی میں ذات

وعدہ آنے کا ہے حسن مت رو
ہو نہ اُسکو بہانہ برسات

اس گنجفے کا یہاں کے ہے کھیل اور ہی کچھ
دیتے ہیں جان ناحق ناداں مورتوں پر

ماتھے پہ دلبروں کے افشاں نہیں چنی یہ
تحریر ہے طلائی قرآں کی سورتوں پر

جس طرح ہو کوئی حیران روئے حیراں دیکھکر
دل پریشاں ہو گیا زلفِ پریشاں دیکھکر

وصل کی شب کے مزے کو ہمنشیں پوچھیگا وہ
جو کوئی جیتا بچے گا روزِ ہجراں دیکھکر

پابرہنہ ساتھ فاقے کے چلا آیا ہے قیس
اک طرف کر دے صبا خارِ مغیلاں دیکھکر

دامنِ صحرا سے اُٹھنے کو حسن کا جی نہیں
پانو دیوانے نے پھیلائے بیاباں دیکھکر

اب جو چھوٹے بھی قفس سے تو کیا
ہو چکی واں بہار ہی آخر

میں حشر میں کیا روؤں کہ اُٹھ جاتے ہی تیرے
برپا ہوئی اک مجھپہ قیامت تو یہیں اور

گرچہ دلکو ہے یقیں خط کو نہیں پڑھتے کا وہ
پر تقاضا شوق کا لکھنے سے کب رہتا ہے باز

جوں چراغ صبح گاہی اے نسیم
عازم ملکِ فنا بیٹھے ہیں ہم

پھر چھیڑا حسن نے اپنا قصہ
بس آج کی شب بھی سوچکے ہم

کعبے میں نہ کافر ہو نہ یوں دیر میں دیندار
جس طرح کہ میں در پہ ترے خوار ہوا ہوں

صیاد کی مرضی ہے کہ اب گل کی ہوس میں
نالے نہ کریں مرغ گرفتار قفس میں

پھر کل کے تو وعدے پہ لگا کھانے قسم آج
کیا بھول گئیں اپنی وہ کل کی تجھے قسمیں

وصل ہوتا ہے جن کو دنیا میں
یارب ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں

ناز سے غمزے سے عشوے سے لگا لیتے ہیں
جسکو وہ چاہتے ہیں اپنا بنا لیتے ہیں

چل دل اسکے گلی میں رو آویں
کچھ تو دل کا غبار دھو آویں

گو ابھی آئے ہیں پہ ہے جی میں
پھر بھی ٹک اسکے پاس ہو آویں

دل کو کھویا ہے کل جہاں جا کر
جی میں ہے آج جی بھی کھو آویں

گو خفا سب ہوا کریں پہ ہم
اک ذرا اسکو دیکھ تو آویں

عدم عین ہستی انھیں کو ہوا ہے
جو ہستی کو اپنی عدم دیکھتے ہیں

اگر زندگی ہے تو چل کر حسن ہم
ان آنکھوں سے انکے قدم دیکھتے ہیں

نہ لپٹے اس طرح منہ پر زلف کو بکھرا کے ایظالم
ذرا اٹھ بیٹھ تو اسدم کہ دونوں وقت ملتے ہیں

تھا ہجر ہی بھلا کہ ہمیں تھی امید وصل
پھر ہجر کا خیال بندھا وصل یار میں

دیوانے گاہ رخ کے رہے گاہ زلف کے
یہ عمر کٹ گئی اسی لیل و نہار میں

موئے سفید نے نمک اس میں ملا دیا
کیفیت اب رہی نہیں جام شراب میں

وہ اور زمانہ تھا کہ خوباں میں تھی الفت
ایسا نظر آتا نہیں اب ایک بھی وس میں

غیروں کی بات کیا کہوں اسکی تو یاد میں
اپنا بھی مجکو دھیان کبھی ہے کبھی نہیں

اسکی جب بزم سے ہم ہوکے تنگ آتے ہیں
اپنے ساتھ آپ ہی کرتے ہوئے جنگ آتے ہیں

روٹھا کرے وہ کیوں نہ کسی اور سے حسن
یہ سب بگاڑ چاہ کا ہے اور کچھ نہیں

کل عہد کچھ کیا تھا دیا قول آج کچھ
پھر کہیو تو کہ میری بدلتی نہیں زبان

دروازہ گو کھلا ہے اجابت کا پر حسن
ہم کس کس آرزو کو خدا سے طلب کریں

کہتا ہے تو کہ میں ہی تجھ سے نباہتا ہوں
تو ہی کہیں ہو سچا میں یہ ہی چاہتا ہوں

مجھ کو باور ہی نہ آتا تھا بہت دور ہے تو
میں نے دیکھا تجھے اللہ بہت دور ہے تو

غیر کو تم نہ آنکھ بھر دیکھو
کیا غضب کرتے ہو ادھر دیکھو

دیکھنا زلف و رخ تمھیں ہر وقت
گل ہوئے جاتے ہیں چراغ کی طرح

شام دیکھو نہ تم سحر دیکھو!
ہم کو ٹک جلد آن کر دیکھو!

کمی جس جا کرے بارش تو یہ کہدیجو دہقاں کو
کہ اپنی کشت پر لیجائے میری چشم گریاں کو

کھلے ہے وہ صبا سے اور یہ تیری تیغ کے دم سے
مقابل گل سے کیونکر کیجے اپنے زخم خنداں کو

نہیں تقصیر کانٹوں کی مرا چھالا ہی پاؤں کا
برنگ کہربا کھینچے ہے خود خار مغیلاں کو

مری ہے زیست وابستہ اسی سے اسکو رہنے دو
نکل جاویگا میرا جی ہی گر کھینچوگے پیکاں کو

کل کہا اس سے کسی نے کہ حسن مرتا ہے
ہنس کے کہنے لگا میں کیا کروں مر جانیدو

عمارات جہاں کی پائداری پر تو اے منعم
نظر سے مت گرا دینا کسی کے دل کے کونے کو

حسن بھی آدمی ہے کچھ خفا ہوتے ہو تم جس سے
خراباتی - جنونی - باؤلا - سودائی - آوارہ

جو ہوا ہم پہ ستم ایجاد تیرے ہاتھ سے
کیا کریں اب آہ ہم فریاد تیرے ہاتھ سے

درد دل بھی ہے تجھی سے اور تو ہی درمان بھی ہے
داد تیرے ہاتھ سے بیداد تیرے ہاتھ سے

غیر سے شکوہ شکایت کچھ نہیں دل کو کہ ہے
شاد تیرے ہاتھ سے ناشاد تیرے ہاتھ سے

اک جان کے درپے ہیں مری اتنے ستمگر
غمزہ ہے - کرشمہ ہے - اشارہ ہے ادا ہے

گر بخت اپنا جاگے تو اک کام کیجئے
سایہ میں اسکی زلف کے آرام کیجئے

وہ دن گئے کہ دل میں رہتا تھا درد اپنے
اب دل نہیں سراپا اک درد ہو گیا ہے

حسن دیتا ہے تو کیوں جی بتوں پہ
رلا دینگے تجھے یہ کیا خدا سے

تیری یہ چھیڑ چھاڑ مرے جی کو بھا گئی
لی چٹکی اس ادا سے کہ بس جان آ گئی

لگاتے ہی لب لب سے بس جی دیا
حسن اور لینے کے دینے پڑے

تعجیل نہ کر اے دل آنے تو لگا ہے وہ
ملجائے گا بوسہ بھی کیا منہ کا نوالہ ہے

دی تھی یہ دعا کس نے مرے دل کو الٰہی
اجڑے ہے یہ گھر ایسا کہ پھر آباد نہ ہووے

کہنے کی ہیں یہ باتیں کس بن نہیں گزرتی
پر ایک جان تو ہے جس بن نہیں گزرتی

جو چاہیے آپکو تو اُسے کیا نچاہیے
اِنصاف کر تو چاہیئے یہ یا نچاہیئے
عیش و وصال صحبتِ یاراں فراغِ دل
اِس ایک جان کے لئے کیا کیا نچاہیئے

رات غیروں کا بیانِ آہ و زاری کر گئے
آپ اچھی آکے میری غمگساری کر گئے

کیا ہنسے اب کوئی اور کیا رو سکے
دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے
اَب کے بچھڑے ملوگے پھر کہ نہیں
کچھ تو وعدہ وعید کر لیجے

ہمیں تنہا نہیں اُس شوخ کے کوچے میں کتنے ہی
برنگِ نقشِ پا ہیں جو پڑے ہیں جا بجا ہم سے
پھر روئیو حسن تو نامہ تو لکھ لے ظالم!
تُو نے تو یہ کتابت رو رو کے ساری تر کی

یہ جو کھٹکے ہے دل میں کانٹا سا
مژہ ہے نوکِ خار ہے کیا ہے؟
چشمِ بد دُور تیری آنکھوں میں
نشہ ہے یا خمار ہے کیا ہے؟
کیوں گریباں تیرا آج حسن
اِس طرح تار تار ہے کیا ہے؟

جو دیکھ کے آئینے کو مُنہ اپنا چھپا لے
اُسکو تو نہ مجھسا ہو نہ باتوں میں لگا لے

جب تک جیئے مصیبت غم کی نہ سر سے سرکی
سر سے گزر کے آخر ہمنے ہم یہ سر کی
اِک داغ ہو گیا اور اک ٹکڑے ہو کے نکلا
یہ کچھ تو ہمنے دیکھی صورت دل و جگر کی

بے سبب رونا نہیں آتا کسیکو ہمنشیں
شمع کے دل میں بھی شاید کچھ غمِ پروانہ ہے

قمارِ عشق میں پانسہ پڑا برعکس ہی اپنا
کچھ اپنی قسمتِ بد نے عزیزو ہار ایسی کی
بلا سے اپنے گھر میں گالیاں دیتا تو بہتر تھا
خرابی تو نے کیوں میری سرِ بازار ایسی کی

قیس و فرہاد کے رونے کی جب آتی ہے لہر
کوہ و صحرا پہ گھٹا جا کے برس آتی ہے
زندگی ہے تو خزاں کے بھی گزر جائینگے دن
فصلِ گُل جیتوں کو پھر اگلے برس آتی ہے
جب قفس میں تھے تو تھی یادِ چمن ہمکو حسن
اَب چمن میں ہیں تو پھر یادِ قفس آتی ہے

اَبرو سے اور مژہ سے عالم کی جان لی ہے
پہلے پہل یہ اُس نے تیر و کمان لی ہے

جان و دل ہیں اُداس سے میرے
اُٹھ گیا کون پاس سے میرے

تم اُدھر دھوتے رہے مُنہ ہم اِدھر روتے رہے — روتے دھوتے دو گھڑی باہم فریبے کٹ گئی

جی اُڑانے زلف سے دل ہوش غمزے لے لیا — جنس ہستی اپنی سب غارت میں آ کر کٹ گئی

حسن

حسن - حاجی سیّد احمد حسن صاحب لکھنوی - شاگرد نواب معظم الدولہ عرف خواجہ صاحب دہلوی زیادہ حالات و واقعات کا پتہ نہیں چلا - نمونۂ کلام درج ذیل ہے - ملاحظہ ہو -

کسی حجاب سے اِن اَبرؤں کو کام نہیں — یہ تیغیں وہ ہیں جن کا کوئی نیام نہیں

پھری نگہ نہ کبھی اُسکے طاقِ اَبرو سے — یہ وہ نماز ہے جس کے لیئے سلام نہیں

ہوا ہوں بادۂ وحدت سے ای حسن سرمست — جو مَے خمار سے ہو پاک وہ حرام نہیں

حسن

حسن - دہلوی - میرزا کاظم حسین حسن عرف میرزا چھنو ولدِ مرزا عطا بیگ دہلوی نواب محمد سعید خان والئ رامپور کی سرکار میں ملازم تھے - مدّتِ دراز تک وہیں رہے - ستر برس کی عمر پاکر ۱۲۸۲؁ھ میں انتقال کیا - علم تاریخ میں اچھی مہارت رکھتے تھے - صاحب دیوان گزرے ہیں - یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے -

نہ مان کہنے کو واعظوں کے نہ مسلمان حرم میں جا کر — نماز روزہ گلے پڑے گا خدا خدا کر خدا خدا کر

جب پہ دعوی خون کا تھا کے آئے تھے فرہاد کو — حشر میں بھی حکمراں دیکھا اُسی جلّاد کو

وفورِ شوق میں کسکو خبر ہے — وفا کی اُسنے یا ہم پر جفا کی

یہی اک رند باقی تھا صد افسوس — خدا بخشے حسن نے بھی قضا کی

رہا ہے کون اگلوں میں حسن یا میرزا نوشہ — یہ دو باقی تھے رندوں میں سو بنکر پارسا بیٹھے

صبح ہوتی ہے شبِ غم نہ قضا آتی ہے — چارہ گر کچھ بتجھے مرنے کی دوا آتی ہے

حسن

حسن - منشی سیّد محمد حسن ولدِ میر حسن لکھنوی تلمیذ خواجہ وزیر لکھنوی - خود بھی نامور اور صاحب دیوان تھے - جس کا قلمی نسخہ راقمِ تذکرہ کے کتب خانے میں موجود ہے - اَمجد علی شاہ اور واجد علی شاہ کے زمانے میں نشو و نما پائی تھی - مگر اکثر شعر دیوان میں اَیسے ہیں کہ جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُنھیں شاعری کا مذاقِ سلیم نہ تھا - یا غالباً اُنکے عہد کی سوسائٹی کا اثر ہے

بہرکیف ہم نے اس قسم کے اشعار انتخاب میں نظر انداز کر دیئے ہیں۔ عمدہ کلام درج ذیل ہے

ہم بھول گئے جس کے لیے یادِ خدا کی
وہ بت بھی ہوا رام نہ اے برہمن اپنا

کہتی ہے یہ ہمت پس مردن بھی ہماری
کام آئے کسی اور کے دو گز کفن اپنا

رہائی ہو مجھے کیونکر بلائے تیرہ بختی سے
تعشق ہے مجھے زلف و خط و خالِ زنخداں کا

اس مستِ ناز کو گر شوقِ شراب ہوگا
خم آسماں بنے گا جام آفتاب ہوگا

جی کے بہلانے کو الفت کی تھی سوجھی ہی چلا
نفع جس میں سمجھے تھے اس میں ضرر ہونے لگا

جو خود بینی سے ہے وہ آئینہ رو
حال کیا پوچھے کسی غمناک کا

ہم سے بھی یوں ہی چھوٹ گیا کوچۂ صنم
جنت کو جیسے ہاتھ سے آدم نے کھو دیا

نہ تو رنگِ زلف سیاہ تھا نہ وہ چہرہ غیرتِ ماہ تھا
کہیں آپ صورتِ لیل تھا کہیں آپ شکلِ نہار تھا

شبِ ہجر سوؤں تو زیر سر ہے ہاتھ کس کا جو چین آئے
جو سحر کو اٹھوں تو دیکھوں کیا مرا آئینۂ رخِ یار تھا

پڑا مجھ پہ تیر جو یار کا تو بر آئی دونوں کی آرزو
مجھے صید ہونے کا شوق تھا اسے اشتیاقِ شکار تھا

دن نوحوں میں کٹا رات تڑپ کر گزری
عشقبازی کا مزا اے دلِ شیدا دیکھا

مر جاؤں ہیں تو خاک رہے کوئے یار میں
مٹی نہ کیجیو مری اے آسماں خراب

خونِ دل عاشقوں کا حاضر ہے
کیوں حنا ہاتھ میں لگائیں آپ

ترے لعلِ لب لیں یمن سے خراج
تری زلف چاہے ختن سے خراج

وہ سفاک ہے وہ کہ لے مرغِ روح
لیا تیغ نے جس کی تن سے خراج

نقلِ مکان کے واسطے تیرے مریض کو
جز قبر اور کوئی نہیں ہے مکان پسند

بلبل کو اب تو چھوڑ دے صیاد قید سے
سنتے ہیں ان دنوں میں ہے گلشن بہار پر

جل ہی گیا نہ شعلۂ عارض سے اے حسن
پروانہ سے ہوئی جو کبھی ہمکنار شمع

بے سبب کب ہے عرق آلودہ رخ پر یار زلف
چاٹتی ہے آ کے اس آتش کی چنگار یار زلف

آنکھیں ہوئے ختن ہیں نافہ مشکیں ہے خال
ہے رد آئینۂ رخ لب یمن، تاتار زلف

سرگشتہ نہ ہوں ایسا کہ پس مرگ بھی اکثر
بنتا ہے مری خاک سے اے چرخ کہن چاک

ہنستے ہیں وہ جو رو کے کہوں ماجرائے دل
بیدرد پر کسیکا الٰہی نہ آئے دل

پہلو میں دل جو ہو تو وہ لیجائے دلستاں
رکھتا ہوں میں تو پارۂ آتش بجائے دل

عارض پہ حسن اسکے نہیں زلف پریشاں
ہے صبح وطن شام غریباں کے مقابل

واہ رے خوبی قسمت کہ بگڑنے کے سوا
کوئی بنتا نہیں اپنا کسی تدبیر سے کام

تجھ سے اک بوسے کے طالب ہیں فقط اے شہ حسن
نہ غرض مال سے رکھتے ہیں نہ جاگیر سے کام

وصل ممکن نہ ہوا ہو گیا اے جان وصال
رہی آخر یہ مرے دل کی تمنا دل میں

اک دم ٹھہر کہ جان نکلتی ہے جسم سے
جاتا ہے اٹھ کے او بت نامہرباں کہاں

تکتا ہوں ہر طرف نہیں ملتی وطن کی راہ
مجھ ناتواں کو چھوڑ گیا کارواں کہاں

جائے کیونکر تری محفل سے یہ دیوانہ کہیں
شمع کو چھوڑ کے جاتا نہیں پروانہ کہیں

دل ہے کاکل میں پھنسا کیجو نہ تو شانہ کہیں
قید سے چھٹ کے نکلجائے نہ دیوانہ کہیں

ساغر وصل کا طالب جو ہوا میں تو کہا
ہو لبالب نہ تری عمر کا پیمانہ کہیں

دیکھا اس بت کو جو زاہد نے تو یہ حال ہوا
پھینکا عمامہ کہیں سبحۂ صد دانہ کہیں

جو پوچھتا ہوں کہ کیوں تاکتے ہو دلکو مرے
تو کہتے ہیں کہ ہم اپنا شکار دیکھتے ہیں

دکھا دی دور سے مثل ہلال شکل تو کیا
جو آپ پاس بلالیں تو ہاں کمال کریں

شعلۂ عارض پہ تیرے خط عیاں ہوتا نہیں
شمع روشن ہے وہی جس میں دھواں ہوتا نہیں

بد زبانی کے عوض خنجر لگانا خوب ہے
اندمال زخم شمشیر زباں ہوتا نہیں

جیتے جی اے جان جاں ہم تم جدا ہوں ہے عجب
بے موئے ہرگز فراق جسم و جاں ہوتا نہیں

بخدا تجھ سا حسیں او بت مغرور نہیں
ہمسری تجھ سے کرے حور یہ مقدور نہیں

تیری رسوائی کسی شکل سے منظور نہیں
ورنہ عاشق نہ کرے آہ یہ دستور نہیں

مثل سچ ہے کہ ہوتی ہے بلا ناجنس کی صحبت
الٰہی آدمی کوئی نہ ان پریوں پہ مائل ہو

کام کیا ہے درو درباں سے سبکساروں کو | بوئے گل پھاندتی ہے باغ کی دیواروں کو
فدائیوں میں ہمارا شمار ہونے دو | تم اپنے چاند سے رخ پر نثار ہونے دو

اب تجھ سے کیا کہوں میں کہ یہ کیونامہ بر | آنکھوں سے تو تو دیکھ چکا میرے حال کو
وہ باتیں کیں کہ اور بھی آزردہ کر گئے | آئے جو میرے پاس وہ رفع ملال کو
بوسہ دست صنم لے لیتا آرائش کے وقت | کاش میں ہوتا حسن تصویر پشت آئینہ
جس بزم میں وہ آئینہ رو یک بیک گیا | حیراں وہ بزم صورت تصویر ہو گئی
رہا ہوئے ہیں ہزاروں اسیر اے صیاد | ادھر بھی اک نظر بندہ پروری ہو جائے
مرے سوا نہ کسی اور پر کرو بیداد | مجھی پہ ختم تمہاری ستمگری ہو جائے
زلف کو دیکھے تو ہو جائے مسلماں کافر | رخ ترا دیکھے جو کافر وہ مسلماں ہو جائے

حسن ۔ مفتی محمد حسن صاحب حسن باشندۂ گوپامئو وکیل عدالت جونپور شاگرد مرزا حاتم علی بیگ مہر مغفور۔ انتقال کئے عرصہ ہوا۔ چند شعر یادگار ہیں +

ہزار بار اٹھائے گئے مگر نہ اٹھے | مثال نقش کف پا پڑے رہے در پر
مسافران عدم پاؤں کسطرح سے اٹھائیں | دراز راہ ہے بار گناہ ہے سر پر
ہمارے کاٹے تو کٹتی نظر نہیں آتی | شب پہاڑ نہیں ہے پہاڑ ہے سر پر
صورت نظر پڑی ہے فلک پر سحاب کی | ساقی خدا کے واسطے بھر دے شراب کی

حسن ۔ شیخ حسن بخش ولد مخدوم شاہ محمود ساکن ملتان۔ زیادہ حال معلوم نہ ہوا۔

زلف رخ سے ادھر نہیں ہوتی | کیسی شب ہے سحر نہیں ہوتی
تیرے دنداں کے روبرو ہرگز | قدر لعل و گہر نہیں ہوتی
بے کیئے عشق زلف اور کاکل | عمر اپنی بسر نہیں ہوتی

حسن ۔ مولوی سید امیر حسن صاحب مرحوم تخلص حسن ابن حاجی سید اکبر علی صاحب مرحوم ساکن سہارنپور سادات موسوی اثنا عشری تھے۔ انکے جد اعلی سید عبد الہادی صاحب

عرف شاہ چراغ کاشان سے سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ ہندوستان میں آئے تھے۔ مولسنا حسن نے تقریباً ۵ سال تک سرکار انگریزی کی عدالتہائے ضلع میں وکالت کی جائداد آبائی بھی بہت کچھ تھی۔ نہایت متقی و پرہیزگار۔ عربی و فارسی میں استعداد کامل رکھتے تھے۔ اس لیئے اوقات فرصت میں شغل درس بھی جاری رہتا تھا۔ اور علمی مباحثات اور اہل علم و فن سے انکی صحبت ہمیشہ گرم رہتی تھی۔ لکھنؤ دہلی کے باکمال سہارنپور میں وارد ہوتے تو انہی کے مہمان ہوتے۔ خوشنویس بھی اعلیٰ درجے کے تھے۔ عربی۔ فارسی۔ اُردو تینوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ ملک الشعرا مولوی مہدی علی خان صاحب مُراد آبادی اکثر انکے یہاں آکر مقیم ہوتے تھے۔ چنانچہ انھیں سے تلمذ اختیار کیا تھا۔ سہارنپور کے متقدر شرفا اور عمائد میں گنے جاتے تھے۔ دہلی و لکھنؤ بھی گئے اور وہاں کے اہل کمال سے ملکر داد سخن دینے اور لینے کا موقع ملا۔ آخر میں بوجہ پیرانہ سالی اور داغ مرگ فرزند جوان کیوجہ سے حواس میں اختلال آگیا تھا۔ ۱۸۸۹ء میں ۸۰ برس کی عمر میں انتقال کیا۔ اور سہارنپور میں دفن ہوئے۔ افسوس کہ کلام مصنف کے امراض دماغ اور ورثا کی کم التفاتی سے تلف ہوگیا۔ اس لیئے جو کچھ دستیاب ہوا حاضر کیا جاتا ہے ؎

جب آسیا کی طرح رات دن رہی گردش　　بزیر چرخ میسر تب ایک دانہ ہوا

غیر نے روک لیا مجکو جتانا کیا تھا　　عذر بدتر زگنہ بات بنانا کیا تھا

زلف و رخ انتخاب ہیں دونوں　　روز و شب کے جواب ہیں دونوں

سوز فرقت سے جل رہا ہوں میں　　جگر و دل کباب ہیں دونوں

وصل میں چین ہے نہ فرقت میں　　جان کو اک عذاب ہیں دونوں

شرم اِدھر ہے نہ کچھ لحاظ اُدھر　　نشہ میں سب بے حجاب ہیں دونوں

کام کے آدمی تھے قیس و حسنؔ　　عشق میں پر خراب ہیں دونوں

جہاں کی ہوتی ہے وہیں لیجا کے رہتی ہے　　حسنؔ پاؤں میں ہے ہر شخص کے زنجیر مٹی کی

موت ہستی پہ اپنی ہنستی ہے	وادریغا عجیب ہستی ہے
مجھے سب لوگ کہتے ہیں اسے پریونکا سایا ہے	خیال آنکھوں کا اُنکی یاں تلک دلمیں سمایا ہے
اسے اے شورِ محشر کس لیئے تونے جگایا ہے	حسن سوتا تھا کنج قبر میں آرام وراحت سے

حسن ۔ شاہ محمد حسن صابری خلف حکیم حافظ عبداللہ حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ کی اولاد میں تھے ۔ عموماً کسب کمالات کا شوق رہا خصوصاً فن ڈاکٹری کا بہت ذوق تھا ۔ کبھی کبھی شعر گوئی کی طرف بھی توجہ کرتے تھے ۔ نواب خلد آشیاں کے عہد میں ریاست رامپور کے متوسل تھے ۔ پہلے حکیم محمد حنیف رضا اپنے ماموں سے پھر اپنے پیرو مرشد سے اصلاح سخن لیتے تھے ۔ آخر میں حضرت امیر مینائی مرحوم کو بھی اپنا کلام دکھایا ۔ تذکرۂ انتخاب یادگار کے وقت ستر برس کی عمر تھی ۔ یہ اُن کے اشعار ہیں ؂

ہاتھ آئی جسکو روضۂ احمد کی خاک پا	مٹی نظر میں اُسکی ہے اکسیر و کیمیا
دیکھ کر گورِ غریباں کو وطن یاد آگیا	وادیِ غربت میں جا نکلا جو تکیے کیطرف
یہ حبیبِ خدا کی خوشبو ہے	بوستاں میں مہک رہے ہیں جو پھول

نواب خلد آشیاں کی مدح میں یہ قصیدے کے چند اشعار ہیں ۔

کہ ہر اک مصرعِ برجستہ ہے شمشادِ چمن	کس کے اوصاف کا کاغذ پہ کھلا ہے گلشن
گلِ فردوس سے گلچیں کا بھرا ہے دامن	نقطے حرفوں پہ دکھاتے ہیں لطافت کی بہار
کس گلِ تر کی صفت میں یہ کھلا ہے گلشن	دیکھا یہ رنگ تو خوش ہوکے یہ دل نے پوچھا
میرے ممدوح کا تو نام ہے سب پر روشن	ہنس کے تب بلبلِ دل کو یہ دیا میں نے جواب
معدنِ جود و عطا فیض و سخا کا مخزن	نامور کلبِ علیخانِ بہادر ہے لقب
خلق ایسا ہے کہ دشمن بھی جھکائے گردن	فیض ایسا ہے کہ ادنیٰ کو بناوے اعلیٰ

حسن ۔ سیّد علی حسن شاہجہاں آبادی ۔ آپ شجاع ۔ تیر انداز ۔ خوشنویس ۔ دستکار ۔ فن بانک و پٹہ میں مہارتِ کامل رکھتے تھے اور باہمہ صفت موصوف تھے ۔ صاحب غیرت آپ سے

تھے کہ اگرچہ عدم مساعدت روزگار سے پریشان رہے مگر کسی سے اپنی حاجت کا اظہار نہ کیا۔
طبع موزوں تھی یہ چند اشعار اُنکی یادگار ہیں۔

ناز آئینے پہ اتنا یہ سکندر مت کر یہ تم جانو ہو بجلی کو سکھائیں کس نے اُچپلیاں	کیا تماشا ہو جو سینے سے دل آوے باہر ہمارے دل ستی تعلیم لے سیکھی ہیں بے کلیاں

حسن - مولوی حاجی سید مجتبیٰ حسن ولد سید محمد حسن ساکن مارہرہ ضلع ایٹہ ۱۲۶۷ھ ہجری میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی کی تعلیم کے بعد کچھ دنوں تک محکمۂ پرمٹ میں ملازمت کی۔ نہایت ذہین اور طبّاع شخص تھے۔ طبیعت اِس فن سے مناسبت رکھتی تھی۔ اور اسی شوق کی وجہ سے ہر دوسرے مہینے اپنے ہاں مشاعرہ کیا کرتے تھے۔ سیّد علی احسن مارہروی انھیں کے بیٹے ہیں علاوہ شعر گوئی کے تاریخ گوئی میں بھی دخل تھا۔ چنانچہ اُنکی تاریخوں کا پورا دیوان موجود ہے۔ طبیعت نہایت دقیق اور سخن سنج پائی تھی۔ جب اپنے والد ماجد کی وفات کے بعد سجادہ نشین ہوئے تو شاعری سے تائب ہوگئے اور اپنے فرائض منصبی میں مصروف رہنے لگے حتی کہ ۱۳۱۱ھ ہجری میں معہ اہل و عیال سفر حجاز اختیار کیا۔ وہاں سے واپسی کیوقت طبیعت زیادہ ناساز ہوئی۔ اِنکے بیٹے احسن ہمراہ تھے۔ جوں توں ہندوستان پہنچے اور بمبئی پہنچ کر ۱۹ ربیع الاول ۱۳۱۱ھ ہجری کو انتقال کیا۔ اُن کا اُردو کلام جمع نہو سکا۔ کچھ اشعار اُنکے احسن مارہروی سے ملے وہ درج ذیل کیئے جاتے ہیں +

مقتل میں جو تلوار لیئے فتنہ گر آیا تقسیم ہوئی رزق کی تو حصے میں میرے دیکھی نہ جگہ کوئی ترے جلوے سے خالی یہ عقدہ خال لب سے کھل گیا خوب مدینے میں اگر مسکن ہوا اپنا	لے عاشق جانباز بھی ہاتھوں پہ سر آیا غم کھانے کو اور پینے کو خون جگر آیا جس سمت نظر اُٹھ گئی بس تو نظر آیا دہان تنگ کا رہبر ملا خوب حسن اوقات گزرے اپنی کیا خوب

حسن - میر محمد حسن ابن میر قلندر علی متوطن سکندرآباد مقیم دہلی منشی ہرگوپال تفتہ

و حکیم آغا جان عیش کے شاگرد تھے۔ روزگار پیشہ تھے اور ۱۸۶۰ء میں دلی میں رہتے تھے یہ اُن کا کلام ہے:

ناحق اُس بُت کی دوستی میں حسن	لگ گیا داغ پارسائی میں
حسن۔ کل آبلہ پا وحشیانہ سر کو ٹکراتا	اُٹھائے مُنہ گریباں چاک جاتا تھا بیاباں میں
مجھسے بُنیاد ہے محبت کی	عشق کا خاندان ہے مجھ سے
بُرا ہو یا الٰہی دل لگی کا	گھٹا کی عمر اور اُلفت بڑھا کی
رونے سے ایک پل نہیں مُہلت فراق میں	یہ آنکھ کیا لگی مرے پیچھے بلا لگی

حسن

حسن۔ سید محمد ابوالحسن خان مرحوم خلف جناب رضی الدولہ میر نور الحسن خاں صاحب نظام جنگ نبیرۂ امیر الملک والاجاہ مولوی سید محمد صدیق حسن خاں صاحب مرحوم اِس ناکام تمنا اور جوانا مرگ کی ولادت ۱۳۰۰ھ ہجری میں بمقام بھوپال ظہور میں آئی۔ ابھی نہ پُورا سا ہوش سنبھالا تھا۔ نہ درس و تدریس سے فرصت پائی تھی۔ درسیہ عربیہ قریب الاختتام تھیں اور آخری صحاح ستہ کا سبق ہوتا تھا کہ ۱۳۱۸ھ ہجری میں عین آغاز شباب کیوقت ماں باپ اور دوستوں کو داغ مفارقت دیکر عالم ہستی سے کوچ کیا۔ کُل ۱۸ برس دُنیا کی ہوا کھائی۔ مرنے سے ڈھائی تین برس پہلے شعر و شاعری کا شوق ہوا جو بڑھتے بڑھتے اِتنا بڑھا کہ بالکل اُسی میں منہمک ہو گئے۔ فارسی میں زیادہ محویت تھی۔ حضرت میرزا غالب دہلوی کی روش کو زیادہ پسند کرتے تھے۔ چنانچہ اُردو فارسی دونوں زبانوں میں اُنھیں کا تتبع کیا۔ عرشی اور حسن دو تخلص اختیار کیئے تھے۔ اِس میں شک نہیں کہ ہونہار طبیعت پائی تھی۔ مگر افسوس عمر نے وفا نہ کی۔ کُل دو ڈھائی سال کی مشق پر یہ عالم ہے کہ وہی فارسی ترکیبوں کے ساتھ میرزا کی طرح لفظوں کو جمع کرتے ہیں اور گویا پَر لگا کر اُڑنا چاہتے ہیں۔ مگر اکثر تو گر پڑتے ہیں اور کہیں کہیں سنبھل بھی جاتے ہیں پھر دونوں مصرعوں میں یکساں زور قائم نہیں رہتا تاہم ایک آدمصرعہ یا کوئی کوئی پُورا شعر بھی خاصہ بلکہ اچھا لکھ جاتے ہیں۔ حافظ خان محمد خاں صاحب شہیر سے تلمذ تھا۔ اگر کچھ دن مشق

جاری رہتی تو فی الحقیقت اچھا کہتے - اِنکے بھائی نے اُنکی بیاض راقم تذکرہ کے پاس بھیجدی تھی بطور یادگار چند شعر درج کیے جاتے ہیں +

نمایاں کاکلِ مشکیں سے ہونا رُخِ جاناں کا
چمکنا ہے شبِ تاریک میں مہرِ درخشاں کا

پہلے کسی کے وعدے کا ہوتا نہ تھا یقین
ازبسکہ دل شکستۂ پیمانِ یار تھا

چشمِ پروانہ سے خوبانِ جہاں کو دیکھا
شمع رویوں میں کوئی تجھسا طرحدار نہ تھا

تھا فقط پاسِ نزاکت ترا مجکو ورنہ
کھینچ لانا کششِ آہ سے دشوار نہ تھا

دیکھیے دل تو یہ معلوم ہوا ہمکو حسن
جسکو دلدار سمجھتے تھے وہ دلدار نہ تھا

واصلِ بحقیقت ہوں جو ہیں عشقِ بتاں سے
دل زندۂ جاوید ہوا ہے حسن اپنا

ہیولائے متاعِ عیش تھی آشفتگیٔ دل
جسے سمجھے تھے ہم خنظل اسی کو انگبیں پایا

آہِ دل سے جو شرر نکلا وہ خالص زر ہوا
آنکھ سے ٹپکا جو قطرہ میری وہ گوہر ہوا

لبِ زاہد ہم آغوشِ شرابِ تند ہے عرشی
ہوا ہے نذرِ آتش آج خرقہ پارسائی کا

اندوہِ کاوشِ غمِ ہجراں عیاں ہے اب
دل محوِ ذوقِ پردۂ سازِ بیاں ہے اب

دل سرد مہریوں سے حسینانِ دہر کی
سرگرم جوشِ نالۂ آتش فشاں ہے اب

ہوا ہے شادیٔ دلکا سبب رنج و الم مجھپر
وہ مجھپر رشک کرتے ہیں جو کرتے ہیں ستم مجھپر

بتوں سے رنجشِ بے التفاتی کی کوئی حد ہے
ہوئی ہے بے تکلف فرض اب سیرِ حرم مجھپر

یونہی ہر بات پر کھنچتی رہی گر تیغ اے عرشی
تو پھر آسان ہے دشواریٔ راہِ عدم مجھپر

ہے زخمِ تیر سینہ میں سرمایۂ طرب
پیکانِ یار دل میں ہوا رہنمائے عیش

آلودۂ سرشکِ ندامت ہے چشمِ یار
یہ بھی ادا ستم کی ہے عذرِ ستم نہیں

جاں بازِ شوق و طالبِ دیدارِ یار ہیں
نے دیر سے غرض نہ تعلق حرم کے ساتھ

سبو ہے اور نہ مینا ہے نہ ساقی ہے نہ پیمانہ
کسیکی نرگسِ میگوں سے اِک عالم ہے مستانہ

مستی فشاں مگر نگہِ میفروش ہے
پا در رکابِ جلوۂ نیرنگِ ہوش ہے

وفورِ کشتگانِ شوق سے گردوں بھی حیراں ہے
شفق آئینہ دارِ برقِ شمشیرِ درخشاں ہے

ہے آخر کس لیئے یہ التہابِ آتشِ دوزخ
نہیں غم گر مرا تر عرصۂ محشر میں داماں ہے

نہیں ذوقِ سخن مجکو مگر مجبور ہوں عرشی
کہ منظورِ دلِ غمگیں رضائے مرتضیٰ خاں[1] ہے

سخن میں بھی مرے رنگِ دلِ خونابہ افشاں ہے
مرا ہر حرفِ دیواں دانۂ تسبیحِ مرجاں ہے

گدازِ دردِ الفت کیجئے کیونکر بیاں عرشی
مرا دل شمع ہے اور خامشی گویا مری جاں ہے

یہی بس آرزوئے دل تھی ہمنے بھر پایا
کسیکا ہائے یہ کہنا کہ آرزو کیا ہے؟

یہ رنگ لائی ہے نیرنگ سازئ اُلفت
وگرنہ اشک کی جا آنکھ میں لہو کیا ہے؟

شور و سودائے محبت میں کہاں ہوتا ہے
دین و ایمان و دل و جاں کا زیاں ہوتا ہے

دل میں پوشیدہ کہیں عشقِ بتاں ہوتا ہے
آگ جس گھر میں سُلگتی ہے دُھواں ہوتا ہے

باغباں باغ میں بلبل کو چہک لینے دے
دو ہی دن میں تو یہ تاراجِ خزاں ہوتا ہے

سُن کے احوال مرا ہنس کے یہ ظالم نے کہا
اچّھا بیمارِ محبّت کا کہاں ہوتا ہے

ہم جستجوئے جلوۂ جانانہ کرینگے
طوفِ حرم و کعبہ و بتخانہ کرینگے

طاقِ ابرو کو جب سے دیکھا ہے
ہمنے ڈالی ہے خُو عبادت کی

نہ غرض دین سے ہے اُنکو نہ دنیا کی طلب
سب سے فارغ ہیں ترے عشق کی لت والے

سینہ۔ حریفِ کاوشِ مژگاں نہیں رہا
کسکی دل و جگر کو ابھی نظر ہوئی

آئے تھے آج پرسشِ زخمِ جگر کو لیک
دل کو بھی ہائے بسمل مژگاں بنا گئے

حسن

حسن۔جناب سید حسن عسکری صاحب متخلص بہ حسن۔ ولدیت اور تلمذ کا حال معلوم نہیں۔لکھنؤ وطن ہے۔نمونۂ کلام درج ذیل ہے۔

خطا دیوانگانِ عشق کی کوئی نہیں نکلی
غلط محشر میں تحریرِ کراماً کاتبیں نکلی

بلا آئی جو کچھ بھی جائے آسائش کہیں نکلی
فلک نے سر پہ وہ ڈالی کہ پاؤں سے زمیں نکلی

بھلا یا دل بتانِ حور وش کی سرد مہری نے
مری دوزخ سے بھی کیفیتِ خلدِ بریں نکلی

[1] آپکے بھائی کا نام ہے۔

کیا قاتل نے جب کشتہ مجھے شیریں ادائی سے — بجائے موجِ خوں شہ رگ میں جوئے انگبیں نکلی
نہ دی جب اُس بتِ نامہرباں نے دادِ دلسوزی — حسن نکلی تو کس مصرف کی آہ آتشیں نکلی

حسن - حسن تخلص حسن جان خلف شیخ غلام مرتضیٰ مصور ساکن قدیم شہر لکھنؤ محلہ نادان محل شاگرد خواجہ محمد عبد الرؤف عشرت لکھنوی عمر ۲۵ سال سلسلۂ شاگردی خاندانِ میر سے ملتا ہے ابتدائے سن سے شاعری کا شوق ہے - دیوان ناتمام ہے -

جس جرم کا حقیقت کو خود اعتراف ہو — رحمت تری پکار کے کہدے معاف ہو
ہرگز خیالِ گیسوئے جاناں نہ چھوڑیئے — صدمے ہوں لاکھ عشق کا داماں نہ چھوڑیئے
تھک جائیں پاؤں دشت کا داماں نہ چھوڑیئے — مرجائیے پہ ہاتھ سے میداں نہ چھوڑیئے
ہر شب یہ میری قبر پہ کہتی ہے بیکسی — یوں بے چراغ گورِ غریباں نہ چھوڑیئے
آزمانے کے لیے تیغ جو قاتل آئے — کون پھر میرے سوا ہے جو مقابل آئے

حسن - کرنل صاحبزادہ محمد حسن رضا خاں صاحب بہادر کمانڈر انگ افواج ریاستِ رامپور آپکے والد احمد رضا خان عرف پیارے صاحب مرحوم نواب خلد آشیاں کے بھانجے تھے - آپکی عمر اب ۳۵-۳۶ برس کے قریب ہے مضطر خیر آبادی سے فن سخن میں استفادہ کرتے ہیں اور ریاست میں ۵۰۰ روپیہ ماہوار کے منصبدار ہیں - اب کلام ملاحظہ ہو -

پھونکتا ہے دل چراغِ روئے جانانہ مرا — رات کیسی دن کو بھی جلتا ہے پروانہ مرا
تونے پھیری آنکھ چشمِ تر سے آنسو گر پڑے — یاس نے چھلکا دیا لبریز پیمانہ مرا
میں لیے پھرتا ہوں دل میں اک بتِ بیدرد کو — اب تو میرے ساتھ ہی رہتا ہے بتخانہ مرا
دل کی بربادی کا بھی اک روز پھل ملجائے گا — رنگ کچھ لائیگا مل کر خاک میں دانہ مرا
جب تعلق ہے تو اظہارِ تعلق چاہیئے — جب پری تم ہو تو رکھو نام دیوانہ مرا
رکھتے ہیں لاگ ایک نہ اک خوبرو سے ہم — لاچار ہیں مزاج سے - مجبور خو سے ہم
اک حیلہ چاہیئے مجھے لڑنے کے واسطے — امید صلح رکھتے ہیں اُس جنگجو سے ہم

بیتاب کرنہ اے دلِ ایذا طلب ہمیں
ایسے ہی تو وہ ہیں کہ چھپا لینگے عشقِ غیر
وہ خوب جانتے ہیں مرے دل کا مدعا

باز آئے تجھ سے اور تری آرزو سے ہم
سو بار تاڑ لینگے حسن گفتگو سے ہم
حالانکہ کچھ زباں سے کہتا نہیں ہوں میں

کوئی عدم کا بھلا کیا معا ملا سمجھے
کہا جو اُسنے کہ تم میرا مدعا سمجھے
جو بیخبر تھے وہ گھر جانتے رہے غافل
دیا جو رنج کسی نے تو خوش ہوا دلِ زار

جو مبتدا کو نہ سمجھا خبر کو کیا سمجھے
تو مسکرا کے وہ بولے مری بلا سمجھے
جو ہوشیار تھے دنیا کو وہ سرا سمجھے
اُٹھا جو درد کلیجے میں ہم دوا سمجھے

حسن

حسن - سخنور خوش بیاں ناظمِ شیریں زباں مولٰنا حاجی محمد حسن رضا خان صاحب حسن بریلوی خلف مولٰنا مولوی نقی علیخاں صاحب مرحوم و برادر مولٰنا مولوی احمد رضا خاں صاحب عالم اہلِ سُنّت و شاگرد رشید حضرت نواب فصیح الملک بہادر داغ دہلوی آپکے صاحبزادے نے جو حالات ارسال کیے اُنکا خلاصہ یہ ہے -

آپ ۴ ربیع الاوّل ۱۲۷۶ھ کو پیدا ہوئے - آپکے آبا و اجداد دلّی کے رہنے والے تھے آپکے جدِّ امجد محمد سعادت علیخاں صاحب کی وفات تک تو آپکے خاندان کا مسکن اسی شہر میں رہا مگر اسکے بعد مستقل سکونت بریلی میں قرار پائی - چنانچہ اب وہی وطن ہے - آپکے بزرگوں میں حضرت محمد اعظم علیشاہ صاحب بہت بڑی دولت و ثروت چھوڑکر تارک الدنیا ہو گئے تھے اور صاحبِ کشف و کرامات گزرے ہیں علم و فضل آپ کا خاندانی ہے - نعت گوئی میں اپنے برادرِ بزرگ مولوی احمد رضا خاں صاحب سے مستفیض ہیں اور عاشقانہ رنگ میں بلبلِ ہندوستان سے تلمذ تھا - جس زمانے میں حضرت داغ رامپور میں تھے آپ اُنکے شاگرد ہوئے اور ہر سال ایک دو مہینے اُنکی خدمت میں رہکر فیض صحبت سے مستفیض ہوتے رہے - داغ صاحب کو اِن سے خاص اُنس تھا اور اکثر پیارے شاگرد انھیں کہا کرتے تھے ۱۳۲۵ھ میں مع عیال حج کیا اور واپسی پر غزل گوئی ترک کر دی - محض نعت اور منقبت کو

ہی اپنا مشغلہ ٹھیرایا۔ چنانچہ نعت میں ایک پورا دیوان مرتب کیا اور بہنگام طبع جبکہ صرف دو یا تین ورق آخر کے چھپنے باقی تھے ۲۲ ماہِ رمضان ۱۳۲۶ھ کو ۵۰ سال چھ ماہ کی عمر میں بعارضۂ تپ اِس جہانِ فانی سے رحلت کی۔

آپ کا عاشقانہ کلام آپکے بعد طبع ہوا ہے۔ جو فی الحقیقت بہت اچھا ہے۔ صفائی۔ سادگی۔ بندش۔ اور شوکتِ الفاظ کے علاوہ پُر درد اور مؤثر بھی ہے۔ طرزِ بیان میں سادگی کے ساتھ تیکھاپن غضب کا ہے۔ تعقید اور آورد کا شروع سے اخیر تک نام و نشان بھی نہیں ہے۔ اکثر مصرعۂ ثانی کی نسبت مصرعۂ اولیٰ تو آپ غضب ہی کا لکھ جاتے ہیں۔ بعض اشعار میں مصرعۂ اولیٰ کے الفاظ کو الٹ پلٹ کر اس خوبی سے مصرعِ ثانی کا مضمون پیدا کر لیتے ہیں کہ تعریف نہیں ہوسکتی۔ بول چال اور محاورات میں بھی حرف گیری کی کم گنجایش ہے الغرض آپ کا مذاقِ شعر پاکیزہ اور اسلوب بیان قابلِ تعریف ہے۔ اس میں شک نہیں کہ نواب فصیح الملک مرزا داغ دہلوی کے تلامذہ میں آپ ایک امتیازی درجہ رکھتے تھے اور کچھ عجب نہیں کہ اگر زندگی مستعار وفا کرتی اور یہ مشغلہ قائم رہتا تو اُنکے نام کو جلا دیتے۔ دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کیوں دلِ زار محبت کا نتیجہ دیکھا — دردِ فرقت کا کوئی پوچھنے والا دیکھا
بس رُخِ یار سے اُٹھتے ہوے پردہ دیکھا — پھر خبر ہی نہ رہی کیا کہیں پھر کیا دیکھا
کان وہ کان ہے جسنے تری آواز سنی — آنکھ وہ آنکھ ہے جسنے ترا جلوہ دیکھا
آپ کہتے ہیں کہ جا دیکھ لیا دل تیرا — کیجئے تو اپنے سوا دل میں مرے کیا دیکھا
شربتِ دید میں کیا جانے مزے ہیں کیسے — جتنا سیراب ہوا اتنا پیاسا دیکھا

حُسن جب مقتل کیجانب تیغِ بُرّاں لیچلا — عشق اپنے مجرموں کو پابجولاں لے چلا
آرزوئے دیدِ جاناں بزم میں لائی مجھے — بزم سے میں آرزوئے دیدِ جاناں لیچلا
میرے گھر تک پاؤں پڑ کر اُنکو لایا تھا نیاز — نازِ دامن کھینچتا سوئے رقیباں لیچلا

بیمروت ناوک افگن آفریں صد آفریں
دل کا دل زخمی کیا پیکاں کا پیکاں لے چلا

اِس سے بڑھکر آرزو کیا تو ہو قاتل ہم شہید
پُوچھتا کیا ہے ستمگر تیغ بُرّاں لے چلا

دل کو جاناں سے حسن سمجھا بجھا کر لائے تھے
دل ہمیں سمجھا بجھا کر سُوئے جاناں لے چلا

بسملوں کو زخم زخموں کو مبارک لذتیں
سُوئے مقتل پھر کوئی تیغ و نمکداں لے چلا

مَیں کیا پوچھوں کہ ہے میری خطا کیا
عتاب بے سبب کا پُوچھنا کیا؟

داغِ اُلفت جگر میں دیکھ لیئے
بدگماں اب تو اعتبار ہوا

کیا قیامت ہیں پیار کی نظریں
میٹھی چھریوں سے دل فگار ہوا

دیکھو! نہ دیکھو اُسکی طرف چشم مست سے
چکرا کے گر پڑے گا پیالہ شراب کا

لکھا ہوا ہے پیرِ مغاں کی دوکان پر
کمظرف کو حرام ہے پینا شراب کا

بیخبر ہو۔ بے خبر کو کیا خبر اِس درد کی
سنگدل ہو سنگدل پر کیا اثر فریاد کا

خاک میں ملجائیگی قدر شہادت تیرے ساتھ
خونِ ناحق! بچ رہا دامن اگر جلّاد کا

خونِ حسرت! ہاں دکھا رنگیں مزاجی کی بہار
دامنِ گلچیں بنے دامن مرے جلّاد کا

جس طرح مُنہ تکتے ہیں ظالم ترا ہم تو یہی
مُنہ تکے تو حشر میں ہر شاکیٔ بیداد کا

کیوں نہ ہو میرے سخن میں لذّتِ سوز و گداز
اے حسن شاگرد ہوں میں داغ سے اُستاد کا

ذرا آہِ پُر درد سے بچتے رہنا
نہیں دل لگی دل دُکھانا کسیکا

اُس شوخ کے انکار سے دل ٹکڑے ہوا کیوں
یارب کوئی خنجر تو نہ تھا لفظِ "نہیں" کا

جس میں ہے تمھارے رُخِ رنگیں کا تصوّر
اُس دل کو لقب دیجئے فردوسِ بریں کا

اُس گل کی بُو سمائی ہے میرے دماغ میں
پھُولوں کی ہے چنگیر مرقّع خیال کا

سنگِ غمِ فراق سے دل پر لگا نہ چوٹ
آئینہ ٹوٹ جائے گا تیرے جمال کا

جلوے کی روک تھام کرے گا حجاب کیا
دریا کے آگے آبِ رواں کی نقاب کیا؟

کہتا ہے برق سے یہ مرا بیقرار دل
تڑپے ٹھہر ٹھہر کے تو پھر اضطراب کیا؟

آنکھوں کو روئیں دیکھنے والے جھلک کیساتھ
خوش ہوئے تھے ہم کہ خنجر تو گلے سے مل گیا
آج بیمارِ الم کے طور کچھ بیطور ہیں
گھبرا کے آئے وہ جو سُنا جان بلب مجھے
اِس بات پر خفا ہیں قتیلِ جفا سے وہ
مرے دُکھ دینے والے کیوں وہ قسمیں یاد ہیں تجھ کو

جلوہ حجاب جلوہ ہے پھر یہ حجاب کیا ؟
کیا خبر تھی یہ بھی دم دیکر جُدا ہو جائے گا
تم نظر بھر دیکھ آؤ گے تو کیا ہو جائے گا
لو مرتے مرتے زیست کا سامان ہو گیا
یہ کیوں کہا کہ میں ترے قربان ہو گیا
تری تکلیف تیرا دُکھ گوارا ہو نہیں سکتا

ایسے سے دل کا حال کہیں بھی تو کیا کہیں
آخر حسن وہ روٹھ گئے اُٹھ کے چل دیئے
درِ الفت میں زندگی کیسی ؟
خودی سے جُدا ہو کہ وصلِ خدا ہو
قتل کرنے کی وہ جلدی تھی کہ تھیں
پائے قاتل دامنِ قاتل سے بچ بچ کر پٹے

جو بے کہے کہے کہ چلو بس سُنا سُنا
کمبخت اور حالِ دلِ مبتلا سُنا
موت کا کون چارہ گر ہوگا
نہ ہو کر جو ہوگا وہ ہو کر نہ ہوگا
اب تڑپنا نہیں دیکھا جاتا
قتلگہ میں آئے ہیں بے سر نہ اتنا سر اُٹھا

وقتِ جلوہ شرم و شوخی کی کشاکش کیا کہوں
ایسی تری صورت مری آنکھوں میں بسی ہے
سن لیا ہم نے سوالِ وصلِ دلبر کا جواب
خنجر گلے پہ سر تہِ زانوئے دلربا
حیرت آنکھوں پہ برستی ہے زبانیں خاموش
بزم محشر۔ مجمع عشاق۔ جوشِ اشتیاق
بیقراری کل بھی تھی کل سے زیادہ آج ہے
آپ پر جادو بھری آنکھوں کا افسوں چل گیا
چاہا اگر تمھیں بہت اچھا۔ بُرا کیا

پردۂ روئے صنم اُٹھا کر گرا گر کر اُٹھا
جب آئینہ دیکھا تو مجھے تُو نظر آیا
نا اُمیدی کہہ گئی دل سے مقدر کا جواب
اے مجرمانِ عشق تمھارے خوشا نصیب
خود تماشا بنے بیٹھے ہیں تماشائی دوست
تُو بھی پردے سے نکل اے جلوۂ جانانہ آج
صبر کا یارا دلِ بیتاب کو کل تھا نہ آج
اے حسن سب کی زباں پر ہے یہی افسانہ آج
بخشو گے بھی خطائے محبت کسی طرح

کہتے ہیں رنجش بھی ہے تو خاص تیری ذات سے
وہ عداوت بھی جتاتے ہیں محبت کس طرح

ق

چپ چاپ دشتِ نجد سے ناقہ نکل چلے
شورِ جرس نہو مرے محمل نشیں بلند

مجنوں کی روح خوابِ عدم سے نہ چونک اٹھے
مرقد سے ہو نہ شورِ قیامت کہیں بلند

آئے میری قضا ادا ہو کر
دم نکل جائے مدعا ہو کر

چھپ گیا یار خود نما ہو کر
رہ گئی چشمِ شوق وا ہو کر

ہجر کے انقلاب کس سے کہوں
کھائے جاتا ہے غم غذا ہو کر

شورِ محشر جگانے آئے ہیں
تیری رفتار کی صدا ہو کر

ناتواں زندۂ جاوید ہوئے
ضعف میں جان سے جائیں کیونکر

سرِ دشمن ہے اور اُن کا زانو
وہ مرے خواب میں آئیں کیونکر

کوچۂ دوست میں کیوں کے حسن
زندگی ہو جسے اے یار عزیز

نہ پوچھ اب حال اے بیدرد مجھسے
بلا سے تیری ہیں غمگین یا خوش

مجھے کیوں خوش نہ کرے پھر مرا غم
مرے غم سے ہے میرا دلربا خوش

آتا ہے خالی ہاتھ حسن نامہ بر ترا
قسمت جواب دے تو کہو کون لائے خط

موت بھی کیا جانے کچھ بیمار ہے
کیوں نہیں آتی ترے بیمار تک

یار تجکو رحم کس دن آئے گا
اب ترس کھانے لگے اغیار تک

ہم ہیں وہ برگشتہ قسمت جانِ من
تم تو کیا منہ پھیر لے تلوار تک

واہ واے نگۂ یاس ترا کیا کہنا!
آج جلاد ہے بسمل تو ہے بسمل قاتل

آستیں اُلٹے ہوئے ہاتھ میں تلوار لیئے
آج خونریزیٔ بسمل پہ ہے مائل قاتل

زہر ہی سے میں کروں چارۂ بیماریٔ دل
لاؤں اب اُنکو کہاں سے پئے غمخواریٔ دل

آپ کے لطف نے تو قہر کیا
خوب تھے جورِ آسماں تک ہم

آئے تھے کیا جانے کیا حسرت لیئے
پھر چلے محروم تیرے در سے ہم

ہوائے وصلِ لیلیٰ خاکِ مجنوں کی گرہ میں ہے
بگولے ڈھونڈتے پھرتے ہیں محمل کو بیاباں میں

زباں میں مڑ گئیں سر جھک گئے خیرہ ہوئیں آنکھیں
نقاب اُلٹے ہوئے کون آ گیا محشر کے میداں میں

چمک ہے مرد کی یا دل سے آہِ آتشیں نکلی
یہ کیسی روشنی ہے کوچۂ چاکِ گریباں میں

بتانِ حیلہ جو تا بوسے جب باہر نکلتے ہیں
یہ دم دیکر نکلنے والے دم لیکر نکلتے ہیں

ترے آتے ہی تصویرِ قیامت بنتی ہے محفل
فدا ہونے کو عکس آئینوں سے باہر نکلتے ہیں

حسن اس آہ کے اس آہ کی تاثیر کے صدقے
مجھے ڈر سے اُٹھائے گھر سے وہ باہر نکلتے ہیں

وہ اگر یاد کریں ہم کو تو بھولیں کسکو
ہم اگر اُنکو بھلائیں تو کسے یاد کریں

ادبِ عشق اگر ہاتھ نہ رکھدے منہ پر
چٹکیاں لے جو کلیجے میں وہ فریاد کریں

اے تری شان ستا کر بھی وہ اچھے کہلائیں
ہم بُرے ٹھیریں اگر نالہ و فریاد کریں

دیکھئے دل ہی تو پھر گا لبوں کا شکوہ کیا
اُنکی بن آئی ہے اب چاہیں جو ارشاد کریں

حسرت اس پر ہے جو کم بخت اُنھیں یاد نہ آئے
میں تو مرتا ہوں اگر جور وہ کم کرتے ہیں

اک عندلیب کیا ہے میں کہدوں ہزار میں
بس ایک ہی تو پھول ہے ساری بہار میں

وہ حُسن ہے کہ قبضہ کرے دو جہان پر
وہ عشق ہے کہ کچھ نہ رہے اختیار میں

دل میں خیالِ عارضِ پُر نورِ یار ہے
ہم شمع لیکر آئے ہیں اپنے مزار میں

ہے ستمگر کی بات بات میں چھیڑ
مجھ سے کہتا ہے تم پہ مرتے ہیں

تیغِ جلاد مشکل آسان کر
دم ترا مدتوں سے بھرتے ہیں

لو خدا کے واسطے اپنا بنا لو اب مجھے
دونوں عالم چھوڑ بیٹھائیں تمھاری یاد میں

بتخانہ و کعبہ میں پتا اُس کا نہ پایا
اب جائیں کدھر آہ کہاں یار کو ڈھونڈیں

پھر کوچۂ دلدار میں ہم خاک کریں جمع
پھر آؤ حسن اپنے دلِ زار کو ڈھونڈیں

مشہور ہے جو دوست کا ہے دوست وہ ہے دوست
جی میں ہے کہ میں اب کسی دشمن ہی کو چاہوں

سیکڑوں ارمان ہیں کچھ فکرِ تنہائی نہیں
یادِ جاناں میں یہاں کب محفل آرائی نہیں

اے خدا تقدیر نے پھر اُن سے "شنوائی" نہیں
ہے تمھارے قول پر محبت جمالِ دلفریب
دستِ وحشت چاک کرنا جیب و داماں سوچکر
جان لینی ہے تو حاضر ہے مگر یہ جان لو
بہاریں سے بہاریں ہیں گلِ چاکِ گریباں ہیں
ہمارے ہاتھ میں ہوگا گریباں دستِ وحشت کا
مرے مذہب میں یہ رسوائی اُلفت ہے ای مجنوں
جو دشمن کو کرے خوش وہ نظر جب اس طرف آئے
ہمارا آشیاں کنجِ قفس قسمت نے ٹھیرایا
یہاں ہر ذرہ میں محمل ہے اور محمل میں لیلیٰ ہے

اب ترے در کے سوا عالم میں شنوائی نہیں
سچ کہا تم نے کہ مَیں مشتاق و شیدائی نہیں
کیا مری رسوائیوں میں اُنکی رسوائی نہیں
جانستانی لائقِ شانِ مسیحائی نہیں
گلستاں کے مزے ہمکو میسر ہیں بیاباں میں
اگر اک تار بھی باقی رہے گا جیب و داماں میں
کہ دل ٹکڑے نہوا اور چاک ہوں جیب و گریباں میں
جگر میں تیر، ناوک دل میں ہو، نشتر رگِ جاں میں
بہار اب قیدِ تنہائی کے دن کاٹے گلستاں میں
جناب قیس آئے ہی نہیں دل کے بیاباں میں

مرگِ عاشق کی جو مانیں منتیں
دیدیا ہے سب اطبّا نے جواب

وہ مرے مرنے کا ماتم کیا کریں
تم نہ کہدینا کہیں ہم کیا کریں

ہمیں بھی چاہ کے ارمان تھے کبھی کیا کیا
وہ مسکراتے ہیں مُنہ پھیر کر حسن! کیا کیا
اس نہیں پر تو یہ حالت ہے جو ہاں ہو کیا ہو
دلِ بیدرد نہ کہتے تو اسے کیا کہتے
کیوں پریشاں ہیں مرے قتل کی تدبیر سے آپ
خود معالج کی ضرورت ہے معالج کو مرے
دادِ شوریدہ سری کس سے ملیگی یارب!
ارمغاں بھیجتے مجنوں کے لیئے ہم بھی کچھ
یہ ہدایت مجھے نقشِ کفِ پا کرتے ہیں

پرا ہتو ذکرِ محبت سے ہوش جاتے ہیں
کبھی جو ہم اُنھیں زخمِ جگر دکھاتے ہیں
سیکڑوں طالبِ دیدار ہیں دوچار نہیں
قیس! جس چھالے کے اندر خلشِ خار نہیں
سُن کے حسرت مری کہدے تجھے اکبار "نہیں"
میرے نسخے میں کہیں شربتِ دیدار نہیں
جس جگہ مَیں ہوں وہاں در نہیں دیوار نہیں
پر حسن جیب و گریباں میں کہیں تار نہیں
راہِ محبوب میں اس طرح مٹا کرتے ہیں

عاشقی گردشِ قسمت کو کہا کرتے ہیں
دن کہیں چاہنے والوں کے پھرا کرتے ہیں

سب حسین ایک ہی عادت کے ہوا کرتے ہیں
پھول بھی نالۂ بلبل پہ ہنسا کرتے ہیں

آپ تو راضی ہو کہ ہم جینے سے بیٹھے ہیں خفا
اب تو خوش ہو کہ تمھارا ہی کہا کرتے ہیں

اپنے دشمن کو بُرا کون نہیں کہتا ہے؟
آپ ہر بات میں کیوں بول اُٹھا کرتے ہیں

جن پہ ہیں لطف وہی ظلم و ستم سہلیں گے
آپ اب کیوں مرے جینے کی دعا کرتے ہیں

جئے کس تمنّا پہ بیمارِ غم
حسینوں میں رسمِ عیادت نہیں

ہم آئے تھے کہنے کچھ احوالِ دل
یہاں بولنے کی اجازت نہیں

تمکو شوخی ہمکو بیتابی کی خو
سچ تو ہے تم کیا کرو ہم کیا کریں

بن سنور کر نعش پر آئے تو ہیں
اس سے بڑھکر وہ مرا غم کیا کریں

مرے لاشے پہ وہ کسواسطے بیٹھے ہیں منہ ڈھانکے
کوئی پوچھے تو اب بھی کیا مجھے زندہ سمجھتے ہیں

قیامت تک دلِ مضطر کو اپنے کل نہ آئیگی
اسے بھی ہم تمھارا وعدۂ فردا سمجھتے ہیں

لگایا پار بیڑا سیکڑوں کشتوں کا دم بھر میں
تمھاری تیغ کو ہم فیض کا دریا سمجھتے ہیں

مرا سر اُنکے قدموں پر ہے وہ دامن چھڑاتے ہیں
الٰہی کس طرح دنیا میں روٹھوں کو مناتے ہیں

مثالِ نقشِ پا بستر جما بیٹھے ہیں اُس در پر
ہمیں بھی دیکھنا ہی آج کیونکر وہ اُٹھاتے ہیں

مُسافر سے دمِ رخصت کوئی روٹھا نہیں کرتا
خدارا اب تو من جاؤ کہ ہم دُنیا سے جاتے ہیں

مرے رونے پہ رحم آیا اُنھیں جب بھی ستم ڈھایا
گلے میں ہار بھی ڈالی ہیں اور ہنستے بھی جاتے ہیں

نہ رحم آئے حسن مجکو اگر اُن کی نزاکت پر
ابھی وہ ایک نالہ میں کلیجہ تھامے آتے ہیں

نظارۂ رخِ جاناں کی ہمکو تاب نہیں
وہ بیحجاب ہوئے جب بھی بیحجاب نہیں

چھکا دیا نگہ مست نے زمانے کو
تمھارے دور میں کچھ حاجتِ شراب نہیں

بہارِ حسن کو شانِ غضب نے چمکایا
رُخِ جمال کا غازہ ہے یہ عتاب نہیں

لوگ کہتے ہیں عدو سے دوستی اچھی نہیں
کیا یہ عادت آپکے نزدیک بھی اچھی نہیں

ترجمہ: حسین پوشش زیبا نہیں چہرہ پہ نقاب ہے خوبصورت کہیں چھپ سکتے ہیں پردے میں بھی آراستہ ہیں +

موت اچھی ہے جو دم نکلے تمھارے سامنے
آنکھ سے اوجھل ہو تم تو زندگی اچھی نہیں

زلف ٹیڑھی ہو مگر عاشق سے تم ٹیڑھے نہو
زلف میں اچھی طبیعت میں کجی اچھی نہیں

کیا مزے کی بات ہو دل چھین لو بوسہ نہ دو
دل تو اچھا ہو مگر دل کی خوشی اچھی نہیں

آہ اُس عیّار کا انجان بنکر پوچھنا
لے حسن کب سے طبیعت آپ کی اچھی نہیں

بیکسی آکہ گلے ملکے بجھی سے روئیں
عید کا روز ہے ہمسے کوئی ملتا ہی نہیں

مانع دید نہ ہو چشم تصوّر کو حجاب
دیکھنے والوں کو تم نے ابھی دیکھا ہی نہیں

چشم بسمل کو خدا جانے تمنّا کیا تھی
آہ جلاد نے مُنہ پھیر کے دیکھا ہی نہیں

ہمیں تو اپنی کہانی انھیں سُنانی تھی
وہ اعتبار کریں یا نہ اعتبار کریں

ہنسی کی بات تھی وہ ایک دل بھی کچھ شئے ہے
ہزار دل ہوں تو ہم آپ پر نثار کریں

ہمارے نالہ و فریاد پر یہ شکوے ہیں
وہ اپنے ظلم و ستم تو ذرا شمار کریں

یہ چاہتی ہیں عفو و شفاعت کی لذتیں
سب گناہ کاش ہوں میرے حساب میں

سچ کہو تسکین دوں میں اپنی جان زار کو
سچ کہو سچا ہی سمجھوں وعدۂ دیدار کو

صبح ہونے آئی چین اسکو کسی پہلو نہیں
کروٹیں کبتک بدلواؤں دل بیمار کو

دیکھنا ہو گر نگاہ مست ساقی کا کمال
شیخ سے آئیں کسی ہشیار سے ہشیار کو

وہ چلے ہم بس گئے کیسا جنازہ کسکی گور
ان بکھیڑوں سے غرض کیا پائمال یار کو

دونوں ہاتھوں سے کلیجا تھامے بیٹھا ہی حسن
یا خدا اب کون پکڑے دامن دلدار کو

جو دم بھر دیکھ لوں میں عارض رنگین کے جوبن کو
تو واماں نظر پر رشک ہو گلچیں کے دامن کو

دم گلگشت رنگ تازہ بخشا تونے گلشن کو
ترے جلوے نے پھولوں سے بھرا پھولوں کے دامن کو

عشق میں بیتابیاں ہوتی ہیں لیکن اے حسن
جسقدر بے چین تم ہو اس قدر کوئی نہو

نہ دیتا دل کبھی خوش ہوتے جھسے یا خفا ہوتے
اگر معلوم ہو جاتا کہ ایسے بے وفا تم ہو

نرالی خود نمائی ہے کہ اک عالم سے پردہ ہے
نئی پردہ نشینی ہے کہ عالم آشنا تم ہو

بیقراری ہجر میں بے اختیاری وصل میں ہے ہائے ظالم دونو کی عادت ایک بھی اچھی نہیں

شکیبِ جاں ہو قرارِ دلِ حزیں تم ہو
ہمارے درد کی دارو تو بس تمھیں تم ہو

خدا خودی کو مٹائے دوئی اسی کی ہے
جو یہ نہو تو تمھیں ہم ہیں - ہم تمھیں تم ہو

نشانہ تیرِ نظر کا بناؤ دل کو مگر
اُٹھا کے پردہ ذرا دیکھ لو یہیں تم ہو

کہتے نہ تھے کہ کوئی بُرا مان جائیگا
لے آؤ بیقرار دلِ بیقرار ہو

جب اپنی جان آپ کو سارا جہاں کہے
کہئیے پھر آپ کا ہمیں کیا اعتبار ہو

اللہ اب تو داد کو پہنچیں یہ حسرتیں
وہ پوچھتے ہیں کسکے لیئے بیقرار ہو

پہلو میں ایک دم نہیں رہتے قرار سے
میرے لیئے تو تم بھی دلِ بیقرار ہو

ہیں شوخیاں وہاں تو یہاں اضطراب ہو
اب اُنکی بات بات کا بیدل جواب ہو

عاشق کے قلب و چشم میں رہتی ہیں حسرتیں
تم کسکے دل کے چین کن آنکھوں کے خواب ہو

فرقت میں کچھ تو لطف دکھائیں مصیبتیں
دم کھنچکے سینے ہو جلکے مرا دل کباب ہو

ہنگامہ گرم کُن ہوں جو محشر میں حسنِ عشق
تیرا جواب ہو نہ ہمارا جواب ہو

اُنکی گلی سے دشتِ مصیبت میں لا دھرا
اے وحشتِ جنوں ترا خانہ خراب ہو

کہتے ہیں ذرّے خاک نشینوں کی خاک کے
پھیرے ہمارے دن بھی اگر آفتاب ہو

تم جسکے دل کے چین ہو وہ مضطرب رہے
تم جسکی جان ہو اُسے جینا عذاب ہو

کچھ بھی نہ ہو تو دل کو تسلّی ہو کس طرح
خوئے کرم نہیں نہ سہی کچھ عتاب ہو

میں تمھیں یاد کروں تم کو مری یاد نہو
اور پھر کہتے ہو مضطر نہ ہو تا شاد نہو

ایک دم چین سے بیٹھا ہو جو دل ہجر کی شب
آپکے وصل سے کم بخت کبھی شاد نہ ہو

پوچھتے کیا ہو کہ دل میں کون ہے
لو یہ آئینہ اُٹھا کر دیکھ لو

اس نزاکت پر یہ دعوے قتل کے
پہلے خنجر تو اُٹھا کر دیکھ لو

بیخودِ بیمار کی تربت پہ میلا کیوں نہو
اُنکے جلوے کا تماشائی تماشا کیوں نہو

دلبر انکھیں ہوں تو دل کیونکر ٹھکانے سے رہے
دلنشیں صورت ہو تو دل میں ٹھکانا کیوں نہ ہو

خواہشیں اپنی فدا کر دے رضائے دوست پر
پھر میں دیکھوں چاہنے والا کا چاہا کیوں نہو

جو وہ چاہیں گے وہ ہوگا اب وہ جو چاہیں کریں
دل ہی جب چاہے انھیں پھر اُنکا چاہا کیوں نہو

جب کرم ہو حسن کا جب مہربانی عشق کی
پھر وہ میری کیوں سنیں پھر اُنکا کہنا کیوں نہو

جب ترے جلوے کو طرزِ خود نمائی ہے پسند
سیکڑوں پردوں میں چھپکر عالم آرا کیوں نہو

عندلیبانِ چمن بندۂ بے دام بنے
ہو لیے چھوڑ کے گلشن مرے صیاد کیساتھ

کس سے ملتے ہو حسن خیر ہے کیا کرتے ہو
کچھ عداوت ہے تمھیں کیا دلِ ناشاد کیساتھ

مے سے میں نے کب کی توبہ
توبہ توبہ کیسی توبہ

شیشہ اُٹھا کر طاق سے ہم نے
طاق پہ رکھدی ساقی توبہ

حسنِ ملیح چارۂ مجروحِ غم ہوا
زخموں میں بھر دیا وہ نمک زخم بھر گئے

ہر دلفگار لائقِ تیغ ادا نہیں
مژدہ انھیں جو عشق کے مجرم ٹھہر گئے

ان بیقراریوں میں وہ کیا چین پائینگے
ارمان کس امید پہ دل میں ٹھہر گئے

میں جانتا تھا میری ہی اُلفت کی حد نہیں
لیکن تمھارے ظلم بھی حد سے گزر گئے

اُس بدگمان نے یہ کہا میری لاش پر
اللہ رے فریب کوئی جانے مر گئے

میں جانتا ہوں دل پہ جو گزری شبِ فراق
دل جانتا ہے مجھپہ جو صدمے گزر گئے

ناصحِ ناداں عبث تو کر رہا ہے دق مجھے
دلکے قابو میں ہوں میں دل پر نہیں قابو مجھے

رات دن کی آہ وزاری ہر گھڑی کا اضطراب
کیا دلِ بیتاب اب جینے نہ دیگا تو مجھے

دل تمنے لیا۔ ہجر نے دم ۔ عشق نے راحت
برباد نہ اس طرح ہو دولت بھی کسیکی

موت سے دردِ جدائی کی دوا ہوتی ہے
یوں ہی بیمارِ محبت کو شفا ہوتی ہے

دلکے سو ٹکڑے کئے ٹکڑے سے ٹکڑا ہو جدا
پر کہیں تیغِ ادا دل سے جدا ہوتی ہے

رات کو آئینگے وہ صبح سے بے چین ہوں میں
شام تک دیکھئے حالت مری کیا ہوتی ہے

دستِ نازک سے کشاکش میں ہی تلوار کا دم
نہ جدا کرتی ہے سر کو نہ جدا ہوتی ہے

ایک تم ہو کہ وفا پر بھی جفا کرتے ہو
ایک ہم ہیں کہ جفا پر بھی وفا ہوتی ہے

دل میں تم۔ آنکھوں میں تم۔ چھپتے ہو پھر کسواسطے
تمکو شرم آتی نہیں عاشق سے شرماتے ہوئے

جاں بلب ہوں اک نظر کیواسطے آنکھیں نہ پھیر
جانے والے اِک نظر پھر دیکھ لے جاتے ہوئے

سوئے درِ حبیب جو ہم ناتواں چلے
بولی یہ نارسائی قسمت کہاں چلے

تیغ لیجے قتل کیجے۔ کام چلنے دیجئے
بیگناہی کو سفارش پر مچلنے دیجئے

حضرتِ زاہد نویں جنّت دکھالا دیں گے زہ
پھول کھلنے دیجئے چشمے اُبلنے دیجئے

ذبح کرنے کے لیئے منہ پھیر کر بیٹھیں نہ آپ
دم نکلتے وقت تو حسرت نکلنے دیجئے

قابلِ تعزیر یہ سرکش ہیں جنابِ محتسب!
دَور کی تقصیر کیا ہے دَور چلنے دیجئے

دعویٰ ہمارا کیا ہے۔ بگڑتا ہے کس لیئے
لے دشمنِ وفا ترے محفل سے ہم چلے

پھر کر تم دلِ بسمل کو نہ دیکھو دیکھو!
جن سے نفرت تھی تمھیں ہمیں وہ ارماں ہونگے

تھوڑی تکلیف اُٹھائی ہے حسن فرقت میں
اَب نہ دل دینگے بتوں کو جو مسلماں ہونگے

دیکھ آؤ مریضِ فرقت کو
رسمِ دُنیا بھی ہے ثواب بھی ہے

شکایت کو گئے تھے شکر کر آئے
یہ کیا تھا کچھ کا کچھ نکلا زباں سے

جو خاص جلوے تھے عشاق کی نظر کیلیئے
وہ عام کر دیئے تم نے جہان بھر کے لیئے

ہمیں تو دیکھتے دل دینے سے نہ منہ پھیرا
نگاہ پھیر گئے آپ اِک نظر کے لیئے

ہماری وصل کی رات اُنکی ہجر کی شب ہے
وہ آج شام سے بیچین ہیں سحر کے لیئے

دعائے وصل جو کی چرخ سے صدا آئی
یہ التجا تو بنی ہی نہیں اثر کے لیئے

تمھارے جلوے میں ہرجائی ہے کیفیت
سرور دل کے لیئے نور ہے نظر کے لیئے

کیا ہے طولِ شب ہجر نے عجب اندھیر
گرا ہے سجدے میں خورشید بھی سحر کے لیئے

کہو تو ہم سے بھی خط کا جواب کیا آیا
حسن جو آج قدم تم نے نامہ بر کے لیئے

کسیکے ہوش کھو دینا کسیکو خاک کر دینا
تجھے کچھ اَور بھی اے جلوۂ جانانہ آتا ہے

بہاروں میں ہوں یہ رنگینیاں پھولوں میں یہ جوبن
مگر پردے میں چھپکر جلوۂ جاناں نہ آتا ہے

آئی کیا جی میں تیغ قاتل کے
کہ جُدا ہو گئی گلے مِل کے

اب کوئی دم میں نہ ہم ہونگے نہ حسرت ہوگی
آج پوری تری مانی ہوئی منت ہوگی

حشر کو رویتِ دیدار مسلّم لیکن
ہمپہ تو ہجر کی راتوں میں قیامت ہوگی

دل گرفتارِ بلا۔ جان اسیرِ آفت
آپ کے عشق میں ہوگی جسے راحت ہوگی

نقشِ پا بن کے مٹینگے ترے پامالِ خرام
لاش اُٹھیگی نہ اُنکی کہیں تربت ہوگی

اللہ رے بیکسی کہ نہ دل ہے نہ یار ہے
اِک جانِ زار ہے بھی تو وہ جانہار ہے

کس درجہ گلفشانِ دہنِ تنگِ یار ہے
اِس غنچے میں ہزار چمن کی بہار ہے

دل بیچ کے لیں ہم تری آنکھوں کے لیے مول
دُنیا میں کہیں جنسِ مروّت نہیں ملتی

ہر ایک سے سائل نہیں ہوتا ہے زمانہ
ہر ایک کو یہ حُسن کی دولت نہیں ملتی

اے عاشقو نوید کہ سُنتے ہیں آج وہ
افسانہ دل جلوں کا زبانِ چراغ سے

بل کھا رہے ہیں چہرے پہ گیسوئے پُرشکن
مارِ سیاہ کھیل رہے ہیں چراغ سے

یہ گلفشانیاں تو نہ ہوتیں کبھی حسنؔ
تُم نے چُنے ہیں پھول یہ گلزارِ داغ سے

بیوفا خواب میں بھی تُو نے تو آنا چھوڑا
یونہی ہوتی ہے دوا ہجر کے بیماروں کی

نہ رہا کیجیو بر کُنجِ قفس تک آکر
کچھ تو سُن لے مرے صیّاد گرفتاروں کی

جسے دیکھا پھر اُس کا دل نہیں رہتا ٹھکانے سے
تری ترچھی نگاہوں میں شرارت ہی کچھ ایسی ہے

میں آؤں وعظ میں سو بار جب یہ دل بھی آنے دے
کروں کیا واعظو رندوں کی صحبت ہی کچھ ایسی ہے

میں کس گنتی میں ہوں وارکے مرد کی حقیقت کیا
ہزاروں جان دیتے ہیں وہ صورت ہی کچھ ایسی ہے

کوئی آئے یہ آتی ہے۔ کوئی جائے یہ جاتا ہے
مرا دل ہی کچھ ایسا ہے طبیعت ہی کچھ ایسی ہے

ہمارا کیا بگڑ جاتا حسنؔ تیری سفارش میں
ہماری اُنکی اب صاحب سلامت ہی کچھ ایسی ہے

اے حسنؔ شکر کرو زندہ وہاں سے آئے
دل کو جانا تھا گیا جان سلامت آئی

مریضِ غم کی نہ پوچھو حالت جو تمکو ملنا ہی جلد مل لو
نہ ہٹ کرو آؤ بل بھی جاؤ ۔ نہ مرنیوالوں سے منہ چھپاؤ
نہ باغِ جنت کی آرزو کر ۔ نہ جامِ کوثر کی جستجو کر
یہ ناز و انداز ہیں قیامت اور اسپہ یہ شوخیاں بلا ہیں
جو عالم آشنا ہی وہ تو پردے کی ادا کیوں ہے
جو آنکھوں میں بسا ہی آنکھیں اسکی منتظر کیوں ہیں
نہ آئیں وہ شبِ وعدہ تو انکی یاد بھی جائے
اگر ہم دیکھ سکتے تھے تو اُسنے کیوں کیا پردہ
تعلق عکس و پرتو سے نہیں جب حسن یکتا کو
کسیکی آنکھ کی پتلی بنے یا دل کا ٹکڑا ہو
ہمارا عشق دلمیں ہے تمھارا حسن پردے میں
اُنھیں ہم جان سمجھیں انکو اپنی زندگی جانیں
مرے خوں گشتہ ارمانکی سفارش گر نہیں کرتا
حسن جب دیکھئے دل ہی پھر ان باتوں کی کیا پروا
ہم رنج و الم سہتے ہیں کیا اپنی خوشی سے
دل چھین کے لیجائے جو ظالم خفگی سے
فرقت میں مجھے روز کٹے ہو نالہ کشی سے
تم چپکے سے اک بوسۂ عارض مجھیں دیدو
لاکھ سمجھایا تصور نے تجھے اے دل ہو وہی
رہے جس دل میں تجلّیٔ جمالِ لیلیٰ
صبا اکرم ! دلِ بلبل میں شوق باقی ہو

پھری ہیں آنکھیں چھٹی ہیں نبضیں بتاؤں کیا تمکو حال کیا ہے
یہ نیم جانوں سے رنج کیوں ہے مسافروں سے ملال کیا ہے
شراب لعنت حرام ٹھیری ۔ پھر اور زاہد حلال کیا ہے
زمانہ پامال ہو رہا ہی غضب ہے آفت ہی چال کیا ہے
اگر منظور ہے پردہ تو عالم آشنا کیوں ہے
جو دل میں جلوہ فرما ہی دل اُسکو ڈھونڈتا کیوں ہے
مرے سوئے ہوئے طالع کے گھر یہ رتجگا کیوں ہے
اگر دیدار کی طاقت نہیں تو خودنما کیوں ہے
دلوں کو ۔ آئنوں کو حکم دیتا کیا جلا کیوں ہے
ہماری طرح خاک اُفتادہ اُنکا نقشِ پا کیوں ہے
خدا جانے پھر ان دونوں کا چرچا جابجا کیوں ہے
خدا جانے پھر البیوں سے تمنائے وفا کیوں ہے
تو اُنکے پاؤں پر مچلا ہوا رنگِ حنا کیوں ہے
خیالِ غیر کیوں ہے ۔ فکرِ طعنِ اقربا کیوں ہے
دُنیا میں غرض اٹکے کسی کی نہ کسی سے
کیا قہر ہو ناصح وہ اگر خوش ہو کسی سے
ناصح ! ابھی واقف نہیں تم دلکی لگی سے
کہتے ہیں قسم کھا کے کہیں گے نہ کسی سے
تُو نے سمجھا ہے مسیحا جسے قاتل ہے وہی
حضرت قیس ! اگر سمجھو تو محمل ہے وہی
ابھی تو پردۂ رخسارِ گُل اُٹھا ہی رہے

قیس کے حال کو سن سنکے جگر پھٹتا ہے
ساتھ کھیلے کی محبت بھی بُری ہوتی ہے

کون کہتا ہے کہ آپ آئیں مسیحا بن کر
کیا مریضوں کی عیادت بھی بُری ہوتی ہے

آپ کی ضد سے نے مجھے اور پلائی حضرت
شیخ جی اتنی نصیحت بھی بُری ہوتی ہے

حشر بھی انجمن حسن خود آرائی ہے
عام دربار ہے مخلوق تماشائی ہے

کیا کریں ہم جو لبوں پر تری جان آئی ہے
دلِ بیتاب ہماری کہیں شنوائی ہے

دلِ وحشت زدہ مجنوں ہے کہ سودائی ہے
خیر وہ کچھ بھی سہی آپ کا شیدائی ہے

اِک جھلک دیکھ لے کیا خاک بتاؤں ناصح
کس پر آئی ہے طبیعت مری کیوں آئی ہے

اَچھے ہوتے ہیں نہ مرتے ہیں تمھارے بیمار
یہ نئے رنگ نئے ڈھب کی مسیحائی ہے

اپنے در پر بھی وہ آنے نہیں دیتا مجکو
جسنے رہنے کو مرے دل میں جگہ پائی ہے

حسین

حسین - شاعر فصیح البیان نواب غلام حسین خاں حسین مرحوم انکے والد نواب شیر دار خان رئیس شاہجہانپور نواب دلیر خان منصبدار دربار شاہجہانی وبانی قصبۂ شاہجہانپور کی اولاد میں تھے تمام عمر بڑی عزت و توقیر سے بسر اوقات کرتے رہے زیادہ تر توجہ فارسی نظم کی طرف تھی - اُردو بہت کم کہتے تھے ۱۲۹۶ھ تک حیات تھے - یہ انکا کلام ہے -

مَیں تو تدبیر میں تھا زخم جگر کی مصروف
دل بھی پہلو میں طپان تھا مجھے معلوم نہ تھا

آگے ملنے کی کوئی راہ نکل آئے گی
بیقراری تو مجھے اُسکے تو در تک پہنچا

تشنۂ آب دم خنجر ہے بسمل اور بھی
دستِ نازک کو ذرا تکلیف قاتل اور بھی

مرے اعمال ہیں رونے کے قابل
خدائی سالہا مجھ پہ ہنسا کی

ناصح مشفق نصیحت کچھ اگر آکر کرے
اِس میں کیا نقصاں ہوا اپنا اُسکے ہاں ہاں کیجیے

آگ سے موسیٰ کے ہاتھ آیا چراغ مُدّعا
آشکار الطف ہے الطافِ پنہاں کیجیے

رشک سے ایکدن کلیجے پر کٹاری مار دیئے
حوصلہ کہتا ہے یوں دشمن پہ احسان کیجیے

حسین

حسین - صاحبزادہ غلام حسین خاں حسین متوطن رامپور شاگرد خواجہ آتش لکھنوی - کئی

کئی برس ہوئے ۸۰ برس کی عمر پا کر انتقال فرمایا۔

یہی تقدیر میں یارب لکھا ہو　　کہ سر اپنا ہو اُس کا نقشِ پا ہو
جھڑکنے پر تو ہوں اُسکا ثنا خواں　　خدا جانے تسلی دے تو کیا ہو
پھری تقدیر تو بھی یہ نہ دیکھا　　کہ قاصد کوئے جاناں سے پھرا ہو

حسین

حسین۔ جناب منشی حسین الدین احمد صاحب سب انسپکٹر کوتوالی ہردوئی زیادہ حالات باوجود تلاش و کوشش معلوم نہیں ہوئے۔ کلام کا نمونہ اشعار ذیل ہیں۔

دستِ رنگیں جو دکھایا تم نے　　رنگ مہندی کا اُڑایا تم نے
دیکھو ہم جی سے گزر جائیں گے　　تیر پھر دل پہ لگایا تم نے
یہی اقرار یہی وعدہ تھا　　چار ہی دن میں بھلایا تم نے

حسینی

حسینی۔ محمد ماہ ساکن ماہرہ جوان خوبصورت درویش سیرت۔ جہاں دیدہ۔ قید مذہب سے آزاد۔ اگرچہ شاہ برکت اللہ بلگرامی کے مرید تھے مگر اکثر اُنکے مُنہ سے کلام موحدانہ سُننے میں آتے تھے۔ طبیعت موزوں پائی تھی اور دیوان ضخیم مرتب کیا تھا۔ یہ اُنکا کلام ہے۔

کبھی آنکھوں سے دور نم نہ ہوا　　اشکِ خونیں جگر سے کم نہ ہوا
تیرے پاؤں تلک بھی لے ظالم　　سرِ حسینی کا ہائے خم نہ ہوا

جب سے دیکھی ہے تری بالی تر کان کے بیچ　　تب سے ایجان مری جان نہیں جان کے بیچ

حشر

حشر۔ جناب محمد مجتبیٰ حسین صاحب از تحصیل سوار۔ مفصل حالات معلوم نہیں۔ نمونۂ کلام میں تین شعر درج کیے جاتے ہیں۔

خاکساروں کو سدا پھولتے پھلتے دیکھا　　دانہ سرسبز ہوا خاک میں پنہاں ہوکر
قصۂ وصلِ عدو میں نہ لکھوں گا ہرگز　　نیچی گردن نہ کریں آپ پشیماں ہوکر
کیا ہوا خیر تو ہے دیکھ لی صورت کس کی　　آئینہ دیکھ کے کیوں رہ گئے حیراں ہوکر

حشر

حشر۔ جناب سلطان علیخان صاحب لکھنوی۔ شاگرد جناب جلال۔ آپکے حالات بھی پوشیدہ

ہی ہے - نمونۂ کلام ملاحظہ ہو -

تھے بہت خار راہِ الفت میں ❖ چٹکیاں لیکے دستِ نازک سے	پاؤں ہمکو سنبھل کے دھرنا تھا دلِ غمگیں کو شاد کرنا تھا
روز اک چال نئی آکے وہ چل جاتے ہیں شوخیٔ یار کے آتے ہیں تصور جو کبھی	وصل کے دن شبِ فرقت سے بدلجاتے ہیں چٹکیاں لیکے کلیجے ہیں نکل جاتے ہیں

حشر - آغا محمد شاہ نام معروف بہ آغا حشر کاشمیری - آپکا آبائی وطن تو خطۂ کشمیر ہے - مگر اب ایک عرصہ سے اُنکے خاندان کا مسکن شہر بنارس ہے - جہاں شال کی تجارت کرتے ہیں آپکا مقامِ ولادت امرتسر ہے - فنِ شعر میں جہانتک ہمیں معلوم ہے آپ کسی کے شاگرد نہیں ہیں - عمر تقریباً ۴۴ - ۴۵ سال کی ہے - اک وضعدار - خلیق اور بامروّت انسان ہیں - طبیعت میں روانی اور آزادی انتہا کی ہے - عربی - فارسی - انگریزی - گجراتی - اور اُردو کم وبیش پانچ زبانیں جانتے ہیں - مذہبی بحث ومباحثے اور وعظ ونصائح کا بیحد شوق ہے - شعر وسخن کی قابلیت خداداد ہے - نظم ونثر دونوں اصناف میں بہت اچھی دستگاہ رکھتے ہیں -

فنِ ڈراما نویسی جسکا اصل ماخذ تو سنسکرت زبان ہے - مگر ایک عرصہ ہوا کہ زمانے کی دست بُرد نے اُسے ہمارے ہاتھوں سے قریب قریب بالکل چھین لیا اور ایسا چھینا کہ آج ہم سمجھتے ہیں کہ انگلستان کا شکسپیر ہی اس فن کا موجد ہے - اگر دیکھا جائے تو ایک حد تک یہ بات درست بھی ہے کیونکہ ہمیں دوبارہ یہ فن فی الحقیقت انگلش لٹریچر ہی کے مطالعہ کی بدولت نصیب ہوا ہے - اگرچہ اسکے کچھ پہلے مٹے مٹائے نشانات سوانگ راس اور بھگت کی صورت میں ابتک باقی تھے - بلکہ ہیں مگر کچھ ایسے بیہودہ اور ذلیل اسلوب سے کہ جنھوں نے اس فن کو اُلٹا اسکے اعلیٰ رتبہ سے گرا کر ہماری نظر میں بالکل واہیات اور خرافات بنا رکھا تھا گو واجد علی شاہ والی لکھنؤ کے زمانے میں اندر سبھا امانت اور مداری لال اور چند اور مثنویاں خود شاہ جنت کی تصنیف مرتب ہوئیں اور اچھی تصنیف ہوئیں - مگر صرف شاعری

کے لحاظ سے۔ فن ڈراما سے اُن کا کوئی تعلق نہ تھا۔ اِسکے بعد جب پارسیوں نے کمپنیاں قائم کرکے انگریزی اُصول پر سین سینری کے ساتھ اندرسبھا کے تماشے کرنے شروع کیے تو لوگوں کو اس کھیل سے ایک قسم کی دلچسپی پیدا ہوئی اور الف لیلیٰ۔ گل بکاؤلی۔ بدر منیر۔ فسانۂ عجائب وغیرہ دیگر قصص کے اُسی ڈھنگ پر تماشے تصنیف ہوگئے جنھیں کمپنیاں اسٹیج پر ایکٹ کرنے لگیں۔ مگر وہ تماشے محض تماشے ہی تھے۔ سوائے تک بندی کے اِن میں زبان اور لٹریچر سے کچھ لگاؤ نہ تھا۔ رفتہ رفتہ۔ رونق۔ ظریف۔ آغا شاعر۔ بیتاب۔ طالب بنارسی۔ احسن لکھنوی مُراد اور بہت سے ڈراما ٹسٹ پیدا ہوگئے۔ جنھوں نے اِس فن میں انگریزی اُصول کی تقلید پر ناٹک لکھے۔ دلفروش۔ بزم فانی۔ ظلم اظلم۔ سفید خون۔ نگاہِ غفلت وغیرہ متعدد تماشے مُرتب ہوئے مگر لٹریری مذاق کے اعتبار سے چند ہی ڈراماٹسٹ کامیاب ہوئے۔ آغا حشر کشمیری نے بھی اِس صنف میں درجۂ کمال حاصل کیا۔ چنانچہ شکسپیر کے چند ناٹک اُردو کے قالب میں اس خوش اسلوبی سے ڈھالے کہ اُنھیں دیکھکر کہا جاسکتا ہے کہ ہندوستانی ڈرامانگاری میں گویا دوبارہ اُسکی رُوح کو تازہ کردیا۔ طالب۔ احسن اور حشر کی تصنیفات نے اسٹیج پر آکر سچ مچ حشر برپا کردیا۔ تماشائی گویا اُسکی مٹھی میں ہوتے ہیں۔ مصنف جہاں چاہتا ہے رُلا دیتا ہے اور جہاں چاہتا ہے ہنسا دیتا ہے۔ رُلاتا ہے تو روتے روتے لوگوں کے رومال تر ہو جاتے ہیں۔ ہنساتا ہے تو تمام اسٹیج میں تماشائیوں کے قہقہے کی آواز گونجنے لگتی ہے گویا سب کچھ اُسی کے قبضہ میں ہوتا ہے۔ اب نمونۂ کلام میں ہم آپکی مشہور تصنیف "اسیر حرص" کا ایک سین یہاں نقل کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو کس ترکیب کی نثر ہے اور کس شان کی نظم۔ اور دونوں کو کس لطف سے دست وگریبان کیا ہے کہ اُسکی تعریف نہیں ہوسکتی۔

دیکھئے ظالم چنگیز کے سامنے اُس کا چچازاد بھائی ناصر پابزنجیر کھڑا ہوا ہے۔ چنگیز بے شرمی اور ڈھٹائی سے اُسکو ذلیل کرنا چاہتا ہے مگر بہادر ناصر اپنی جان کا خوف نکرکے برابر انصاف کی طرفداری کیے جاتا ہے۔

چنگیز۔ کہیئے اے شہبازِ زمانہ! آپنے اِس ناچیز کو پہچانا؟

ناصر۔ پہچانا! پہچانا!! شیطان کو کون نہیں جانتا ہے۔ بلکہ ہر شخص پہچانتا ہے۔

شکل و صورت دیکھ لی کبر و رعونت دیکھ لی	نام پہلے بھی سُنا تھا آج صورت دیکھ لی

چنگیز۔ مغرور تو زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے۔ مگر ابھی تک یوں اکڑا ہوا ہے۔

سر سے غرور مسندِ مخمل نہیں گیا	رسّی تمام جل گئی پر بل نہیں گیا

ناصر۔ عزت والے مصیبت سے کب ڈرتے ہیں۔ تارے اکثر رات کے عوض دن کو نکلتے ہیں

بھری برسات میں جن ندی نالوں میں روانی ہے۔ انھیں گرمی میں دیکھو نہ موجیں ہیں نہ پانی ہے ۔

مگر دریا کو اس تابش کا ہرگز غم نہیں ہوتا	لگا دو آگ بھی اُس میں تو پانی کم نہیں ہوتا
عطر کی مٹی میں بھی ملکر مہک جاتی نہیں	توڑ بھی ڈالو تو ہیرے کی چمک جاتی نہیں
سختیاں ہوں لاکھ پر جوہر نجائیں گے کبھی	نیند میں کچھ شیر کی شیرانہ خو جاتی نہیں

چنگیز۔ تو تُو نے بادشاہی اس لیئے چاہی۔ کہ مجھ سے کرے بُرائی! میں تیرا کون تھا؟

ناصر۔ کون تھا؟

چنگیز۔ چچا زاد بھائی۔

ناصر۔ بھائی؟؟ اُف بھائی کا نام لیکر تُو نے میرے مرحوم چچا کی روح کو تڑپا دیا۔ قبر میں سوتے ہوئے کو خواب راحت سے جگا دیا۔ مجکو تو کہتا ہے بھائی۔ اور بھائی کے ساتھ یہ کج ادائی۔ لعنت ہے او نا سزائی۔ ۔

جنکی گودوں میں پلا دشمن انھیں کا ہوگیا	تو نہیں پیدا ہوا اک سانپ پیدا ہوگیا

چنگیز۔ خیر اگر تم جانتے ہو کہ عیش کا نتیجہ دلگیری ہے اور شاہی کا انجام فقیری ہے ۔

تو ناحق رنج اٹھایا بن کے تاج و تخت کا والی	مجھے ہی تمنے ایسی سلطنت پھر کیوں نہ دے ڈالی

چونکہ چنگیز خود غرض ہے ظالم ہے ناصر کے لفظوں سے دل میں جھینپتا ہے۔ مگر ناحق کی زبان درازی سے ناصر کو دبانا چاہتا ہے اس لیئے مصنف دکھانا چاہتا ہے کہ اسکی باتوں میں سلسلہ نہیں ہے۔ یہی کمالِ فن ہے۔

ناصر- او ! تم کو؟

چنگیز- ہاں ہاں مجکو-

ناصر- تمکو سلطنت کا دیدینا ایسا ہے- جیسا انصاف کو ظلم کے ہاتھ میں دیدینا ہے یا شیر سے بکریوں کی حفاظت کا کام لینا ہے- ع

کر سکو نگا جب میں اس ظلم وجفا کا سامنا		جب نکر نا ہو قیامت میں خدا کا سامنا

چنگیز- جب رعیت ہی کی تقدیریں خراب ہونا ہے تو پھر تمکو کس بات کا رونا ہے- میں تو یہ سمجھتا ہوں

رنج ہو سبکو جو ہمکو غم نہیں تو کچھ نہیں-	اور روئیں اپنے گھر ماتم نہیں تو کچھ نہیں
آدمی دنیا میں خوش ہر دم نہیں تو کچھ نہیں	دم کے ہیں سب دم دمے جب دم نہیں تو کچھ نہیں

	ساری دنیا ہیچ ہے جب ہم نہیں تو کچھ نہیں-	

ناصر- بیشک ! اگر تمکو جس راحت و آرام کی امید ہے- اس کا اس دنیا میں پورا ہونا بعید ہے البتہ اگر خدا کے ہاں جاؤگے تو پورا آرام پاؤگے-

چنگیز- تو تُو نے میری موت چاہی- اس لیئے کہ تیری قید ٹوٹ جائے اور تو اس عذاب سے چھوٹ جائے

ناصر- نہیں نہیں میں کیا تیرے عذاب سے چھوٹوں گا بلکہ دنیا تیرے عذابوں سے چھوٹ جائیگی- اور تو دنیا کے عذابوں سے چھوٹ جائیگا- او ! خونریز ! چنگیز- ع

کونسا سوچا ہے تُو نے دشمنی سے فائدہ		کیا اُٹھانا چاہتا ہے رہزنی سے فائدہ !

چنگیز- فائدہ؟ سلطنت حاصل کرنے کا قاعدہ جس طرح ایک میان میں دو خنجر آبدار نہیں رہسکتے اسی طرح ایک ملک میں دو شہریار نہیں رہ سکتے- ع

بھوک میں ہرگز طبیعت صبر کر سکتی نہیں	ایک روٹی دو بشر کا پیٹ بھر سکتی نہیں

ناصر- یہ تو انسانی خصلت کے خلاف ہے- ایک انسان ایک روٹی دس آدمیوں کو بانٹ کر کھا سکتا ہے- مگر ایک کتا ایک ہڈی کو اکیلا ہی چچوڑتا ہے- ع

جہاں میں رشک کے جن لوگوں میں ایسی کج ادائی ہے		وہ اُلّو کتے ہیں گرچہ شکل انسانوں کی پائی ہے

چنگیز- دیکھ! اب بھی تو اگر اپنی بیہودگی سے باز نہ آئیگا- تو صبح آفتاب نکلنے سے پہلے تیرا دم نکل جائیگا

ناصر- اُف! جہاں تجھ سا کور باطن ہے وہاں آفتاب کا نکلنا ناممکن ہے-

چنگیز- کیوں-؟ کس لیئے؟

ناصر- اِس لیئے کہ تیرے گناہوں کی تاریکی نے تمام دُنیا میں اندھیرا پھیلا دیا ہے- اور آفتاب کی روشنی کو اپنی سیاہی میں چھپا لیا ہے- ؎

پردۂ گور میں جب جسم یہ تیرا ہوگا	اب اِسی روز زمانے میں سویرا ہوگا

چنگیز- خیر میں نے مانا کہ مَیں تیری نظروں میں خار ہوں- مکّار ہوں- بدکار ہوں- عیّار ہوں

مگر یہ دیکھ تو کیسا اسیر رنج و آفت ہے	خلاف اِسکے یہاں عشرت ہے راحت ہے مسرّت ہے

ناصر- او مغرور! یہ کیا بڑی بات ہے- عزت اور ذلّت دینا تو خدا کے ہاتھ ہے- ایک شاخ میں دو پھول ہوتے ہیں- ایک کو شادی کے وقت سہرے میں لگاتے ہیں- دوسرے کو قبر پر چڑھاتے ہیں- ایک صدف میں دو موتی ہوتے ہیں- ایک سے تاجِ شاہی کو زینت دیتے ہیں اور دوسرے کو کھرل میں پیکر خاک سیاہ بناتے ہیں-

چنگیز- تو وہ شرافت کس کام کی جو وقت پر کام نہ آئے- ؎

جوہر اگر دکھاتے مشکل پڑی نہ ہوتی	ہاتھوں میں آج کے دن یوں ہتکڑی نہ ہوتی

ناصر- ہتکڑی-؟

چنگیز- ہاں ہتکڑی؟

ناصر- جن بہادروں کو اپنی عزت عزیز ہوتی ہے اُنکے ہاتھوں میں ہمیشہ دو چیز ہوتی ہیں-

چنگیز- دو چیز؟

ناصر- ہاں دو چیز

چنگیز- کیا؟

ناصر- تیغ و شمشیر- یا ہتکڑی و زنجیر- البتہ جو طبیعت کا عورت ہو اُسکے ہاتھوں کے لیئے چوڑیاں

کی ضرورت ہے۔

چنگیز:۔ بدزباں کم نہیں ہوتی ہے حماقت تیری ✦ خیر معلوم ہوا۔ آگئی شامت تیری

ارے کوئی حاضر ہے؟

آکے لیجاؤ اسے قید رکھو آج کی رات　　خون پی لونگا صبح۔ ناشتۂ صبح کے ساتھ

حشم

حشمؔ۔ جناب نواب محمد مرزا خان صاحب شاگرد جناب جلال لکھنوی آپکا کلام بہت صاف اور پاکیزہ ہے۔ دل میں درد معلوم ہوتا ہے۔ مضمون میں بھی شوخی پائی جاتی ہے لیکن افسوس کل ۶ ہی شعر دستیاب ہو سکے۔

غیر ہی کو تم بناؤ قصہ خوانِ اہلِ درد　　کچھ کہیں سے سُن تو لوگے داستانِ اہلِ درد

رحم اُس ظالم کے دلمیں ڈالدے تو یا کریم　　یا مٹا ہی دے زمانے سے نشانِ اہلِ درد

دل دیا ہے جس طرح وہ جان بھی دیگے یونہی　　او ستمگر لے کبھی تو امتحانِ اہلِ درد

خوش جو ہوتے ہیں تو مجھپر وہ جفا کرتے ہیں　　غیر سے ہو کے خفا دیکھئے کیا کرتے ہیں

آپ اچھے رہے کے خواہاں ہیں یہ کہتا ہے وہ بت　　کبھی بھولے سے جو ہم یادِ خدا کرتے ہیں

نیاز آیا ہمیں تیری بدولت　　بتادے تجکو ناز آیا کہاں سے

حشم

حشمؔ۔ ڈاکٹر کرپا شنکر صاحب حشم۔ مرزا قربان علی بیگ سالک مرحوم سے تلمذ رکھتے تھے۔ کلام بھی اچھا ہے۔

رہتی ہے تیری زلف پریشان آتدن　　کیا صبر پڑ گیا مرے حالِ تباہ کا

پیر مغاں کیجے قدم چلکے میکدے　　زاہد جو آج بند ہے در خانقاہ کا

مجکو حکمت میں بہت دخل ہے لیکن اپنے　　درد دل کا نہیں پاتا کوئی درماں ابتک

تیرے قدموں کو چھوڑا مرے ہاتھوں نے کبھی　　نہ گیا ہاتھ سے کبر مرا ایماں ابتک

ہاتھ سے تیغ سے دامن ترے او قاتل　　ہائے چھوٹا ہی نہیں خونِ شہیداں ابتک

زندۂ جاوید کشتوں کو کیا　　ہیں خجل عیسیٰ ترے اعجاز سے

حشم

حشم - جناب شیر محمد خاں صاحب خلف اکبر نواب سید محمد خان صاحب رئیس دولت پور ضلع بلند شہر صاحب دیوان تھے - آپکے دیوان کے دیباچے میں کچھ حالات زندگی بھی درج ہیں اُس میں سے چند سطریں انتخاب کیجاتی ہیں - آپ کو ابتدے عمر سے شعر گوئی کا شوق تھا - باوجود کثرتِ کاروبار مشقِ سخن مدت العمر جاری رہی - دیوان کے طبع کرانے کا ارادہ تھا کہ ۱۹۰۵ء میں بقضائے الٰہی اِس دارِ فانی سے رحلت کی اور یہ حسرت پوری نہوئی آپکے بعد آپکے صاحبزادوں نے سنہ ۱۹۰۹ء میں آپ کا دیوان بلند شہر میں طبع کرایا - مگر تمام حالات میں آپکے استاد کا کہیں ذکر تک نہیں ہے - البتہ اِس شعر سے کچھ پتہ چلتا ہے

فیضِ طپش سے اپنا وہ لہجہ درست ہے	اہلِ حسد کو بند میں تقریر سے کروں

کلام خاصہ ہے بندش صاف ہے - انتخاب ملاحظہ ہو -

بے نقاب اُن کا رُخِ روشن اگر ہو جائیگا	ماہ کا شکل کتاں ٹکڑے جگر ہو جائے گا
تمھاری زلف کے خم میں جو پیچ و تاب آیا	بلائیں لینے مرے دلکی اضطراب آیا
قصۂ فرہاد و مجنوں کو بتاتے ہیں وہ جھوٹ	اضطراب دل پہ میرے پھر یقین لائینگے کیا
آج پھر کھجلاتے ہیں تلوے مرے وحشت سی ہے	آبلے پھر روئے خارِ دشت دکھلائینگے کیا
اُنکی باتوں ہی سے آزردہ دلی ہے آشکار	مجھسے ملنے کی حشم اب وہ قسم کھائینگے کیا
بال کب زلفوں کے ابروے خمناک پہ ہیں	پانی پیتے ہیں یہ آبِ دمِ شمشیر میں سانپ
ہمسری کرتے ہیں اکثر جو تری کاکل سے	سیکڑوں مارے گئے ہیں اسی تقصیر میں سانپ
چشمِ پُرخوں ہجر میں ہے غمگسارِ آستین	دید کے قابل ہے اے گل اب بہارِ آستیں

نہیں ابروئے یار زلف دوتا میں	مہ نو چمکتا ہے کالی گھٹا میں
لحد میں برابر ہے اعلیٰ و ادنیٰ	پسِ مرگ کیا فرق شاہ و گدا میں

تمھارے عارضِ پر نور پر نہیں زلفیں	متاعِ حسن پہ دو مار آکے بیٹھے ہیں
وفور رنج سے چہرہ اُتر گیا میرا	حضور آپ جو تیوری چڑھا کے بیٹھے ہیں

ناتوانی نے بچا رکھی ہے ابتک جانِ زار
لاغری سے ہم اجل کو بھی نظر آتے نہیں

گُل کی طرح خوشی سے دلِ تنگ کھل گیا
لائی صبا جو اُس بتِ غنچہ دہن کی بُو

مصروف جو وصفِ دُرِ دندانِ زباں ہو
مچھلی بنے پھر آب گہر میں وہ روان ہو

وصفِ غزالِ چشم تو لکھ جلد اے قلم
آنکھوں کے آگے سے کوئی مضموں ہرن نہو

پوشاکِ فاخرہ جو پہنتے تھے رات دِن
عبرت کی جا ہے اُن کو میسر کفن نہو

منتظر ہیں نگاہِ مہر سے کے ہم
تم خدا کے لیئے اِدھر دیکھو!

پاس عارض کے زلفِ مشکیں ہے
متّصل شام اور سحر دیکھو!

حور و غلماں شیفتہ جن و ملک مشتاق دید
حق نے وہ رُتبہ دیا ہے حسن آدم زاد کو

تیرہ دل کیا خاک سمجھے عزّتِ اہلِ صفا
قدر آئینہ ہو کیونکر کورِ مادرزاد کو

دل لگی خوش آئے کیا ہجرِ بُتِ عیار میں
ہمدمو سارے تعلّق ہیں سرورِ دل کے ساتھ

ہے جی میں چومیئے بتِ شیریں ادا کے ہاتھ
کیا غم جو اس خطا پہ کٹیں مبتلا کے ہاتھ

مانگیں تمام رات دُعائیں اُٹھا کے ہاتھ
سر کے مگر نہ چہرے سے اُس مہ لقا کے ہاتھ

تیرے سوزِ عشق سے اے گل جو ہاتھ آیا ہے داغ
عندلیبِ دل یہ کہتا ہے کہ باغ آیا ہے ہاتھ

پہلو سے جُدا وہ بتِ عیّار نہو جائے
یارب کہیں جینا مجھے دشوار نہو جائے

ابر کہتا ہے کوئی - دریا کوئی - کوثر مجھے
دیکھئے کیا کیا بنائے گی یہ چشمِ تر مجھے

اب نہ ترساؤ خدا کے واسطے
شکل دکھلاؤ خدا کے واسطے

رُخ میں ضَو آفتاب کی سی ہے
جسم میں بُو گلاب کی سی ہے

خیال تھا ہمیں تیرے جوِ آتشیں رُخ کا
فنا کے بعد ہمارے کفن میں آگ لگی

جو آ کر باغ میں دم بھر مرا گلگوں قبا ٹھیرے
تو روئے گُل پہ رنگ اصلا نہ اے بادِ صبا ٹھیرے

حشمت

حشمت - میر حشمت علی خلف میر حیدر علی - حیدر آباد دکن کے رہنے والے اور حیدر حسین خان حیدر کے شاگرد ہیں - اُردو و فارسی دونوں زبانوں میں فکرِ سخن کرتے ہیں - کلام خاصہ

ہے۔ اِنکے اُستاد بھی نامی شعرائے دکن میں شمار ہوتے تھے۔ خود میر حشمت علی فی الحال محکمۂ نظامت پٹہ خانجات میں ملازم ہیں۔ یہ اُن کا کلام ہے۔

کرکے آبرو کا اشارہ غیر کو وہ رُک گئے	خنجرِ بُرّاں میری گردن پہ چلکر رُک گیا
مرگِ عاشق پر اجی اِس طرح غم کھاتے نہیں	صبر کی جا ہے مرے کے ساتھ مرجاتے نہیں
ہوگئے ہیں جا کے شاید کوئے جاناں میں مقیم	حضرتِ دل آج پہلو میں نظر آتے نہیں
یادِ مژۂ یار ہے ایسی کہ نہ پوچھو	دل میں خلشِ خار ہے ایسی کہ نہ پوچھو
ہے جان و دل پہ ہمارے تو آپ کا قبضہ	ہمارا آپ پہ کچھ اختیار ہو کہ نہ ہو
ہجر میں ہم اسی اُمید پہ جیتے ہیں فقط	یار باقی ہے تو دنیا میں ہے صحبت باقی

حشمت

حشمت۔ محمد علیخاں حشمت۔ شاہجہاں آباد کے خوشحال لوگوں میں تھے۔ اور میرزا مظہر جانجاناں میر تقی میر۔ اور سودا کے ہمعصر عبدالحی تاباں اِنکے شاگرد تھے۔ اِنکے دو بھائی عابد یار خاں اور مراد علیخاں شاہ عالم ثانی کی سرکار میں داروغۂ جواہر خانۂ شاہی تھے۔ جناب حشمت بڑے جری اور بہادر اور قوی ہیکل شخص تھے۔ اور فنونِ سپہ گری میں طاق۔ پہلوانی پھینکیتی میں شہرۂ آفاق تھے ۱۱۸۸ھ میں رہیلوں کی لڑائی میں نواب قطب الدین خان نبیرۂ نواب نعمت اللہ خان رئیس مراد آباد کے ہمراہ شریک ہوئے اور دادِ شجاعت اور مردانگی دیکر اسی معرکے میں کام آئے۔ میر تاباں اُس وقت حیات تھے اُنھیں بہت صدمہ ہوا اور اُنکے غم مہاجرت میں اُنھوں نے ایک دردانگیز مخمس بھی لکھا جو اُنکے دیوان میں موجود ہے جناب حشمت نضیلت علمی کے ساتھ شعر بھی خوب کہتے تھے مگر اِس فن میں اپنی شہرت نہیں چاہتے تھے۔ غنی بیگ کشمیری سے تلمذ تھا۔ کلام میں سے ذیل کے دو شعر ہمیں ملے۔ درج کیئے جاتے ہیں۔

خط نے تیرا حسن سب اُڑا دیا	یہ سبز قدم کہاں سے آیا
غم نے لیا ہے گھیر مجھے یاں تلک کہ اب	دیتا ہے سانس دینے سے مجکو جواب دل

حشمت

حشمت۔ میرزا غلام فخرالدین حشمت مرحوم نبیرۂ حضرت شاہ عالم ثانی۔ حافظ عبدالرحمن خان

احسان مغفور کے شاگرد رشید تھے اور اپنے اُستاد سے ایسی محبت کرتے تھے کہ اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے کہ میرا سینہ اُستاد کے داغ کا گنجینہ ہو۔ چونکہ یہ دعا صدق دل سے تھی مقبولِ بارگاہِ خدا ہوئی اور اتفاق سے حضرتِ احسان کے انتقال سے ایک ہی روز پیشتر ۴۰ سال کی عمر میں قضا کی۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

زلفوں کے بنانے کا پردہ تھا بہانا تھا	مُنہ پردہ نشیں ہم سے پردے میں چھپایا تھا
گھر دو ہی قدم پر تو ہے اِن قدموں کے میں صدقے	بڑھیئے کوئی دو چار قدم اور زیادہ
مجھے روتے جو دیکھا ہنس کے بولے	تری حشمت بتا کیوں چشم تر ہے
پلا آبِ دمِ شمشیر قاتل	ترا بسمل تڑپتا خاک پر ہے

حشمت۔ عالیجناب فضیلت مآب کمالات انتساب مسٹر حشمت اللہ صاحب ایم اے ممبر سول سروس صوبہ متحدہ آگرہ و اودھ۔ آپ علیگڈھ کالج کے تعلیم یافتہ ہیں۔ سن شریف اب ۴۴ و ۴۵ برس کے قریب ہے۔ جب دہلی میں اول مرتبہ ۱۸۹۲ء میں محمڈن کانفرنس کا اجلاس ہوا تو آپ ہی اسکی صدر نشینی کے لیے منتخب ہوئے تھے۔ تکمیل علوم مغربی کے ساتھ ساتھ شعر و سخن کا مذاق بھی اعلیٰ درجے کا موجود ہے اور خود بھی خوب کہتے ہیں۔ راقم تذکرہ کو انھیں ایام میں شرفِ نیاز حاصل ہوا تھا اور جناب نے چند غزلیں بھی سنائی تھیں۔ بیان میں شوخی صفائی اور خیالات میں جدت اور بلندی سارے وصف باحسن وجوہ موجود ہیں۔ عرصہ دراز سے کلکٹری کے عہدے پر فائز ہیں۔ تازہ کلام باوجود کوشش دستیاب نہ ہو سکا۔ لہذا وہی چند شعر جو عرصہ ہوا سُنے تھے درج کر دیئے گئے۔

تیرا دیوانہ جو ہو وہ اسیراں میں نہیں	آج ہی شور و فغان گوشۂ زنداں میں نہیں
جلوہ دیکھا ہے جہاں آنکھ وہیں پڑتی ہے	گو یہ معلوم ہے نطق رہ اب امکاں میں نہیں
آپ سے وعدہ نہ ایفا ہو تو جانے دیجے	ہم کو شکوہ نہیں گر آپکے امکان میں نہیں
شکوۂ رنج و غم عبث۔ حجتِ کشمکش دروغ	خانہ نشین عاقبت بزم جہاں ہر آئے کیوں

حشمت

حشمت خستہ غیر سے ۔ چشم کرم بجا نہیں
دل و دین و دولت لٹائے ہوئے ہیں
تمھیں کیا بتائیں کہ ارمان والے
نسیم چمن میں کہاں قابلیت
قدم رنجہ فرمائیے بے تکلف
فلک کی یہ نیرنگیاں کب ہیں حشمت

گریۂ غم کو کیا غرض آتش دل بجھائے کیوں
سزا جرم الفت کی پائے ہوئے ہیں
تصور میں کیا لطف پائے ہوئے ہیں
یہ سب گل تمھارے کھلائے ہوئے ہیں
سر رہ ہم آنکھیں بچھائے ہوئے ہیں
پس پردہ وہ آپ آئے ہوئے ہیں

حیات ابد کی تمنا نہیں ہے
مریض محبت کو پروا نہیں ہے
بنو لاکھ بیگانے معصبت میں لیکن
مریض محبت کو ہم نے بھی دیکھا
خیال خط و خال جانے دو حشمت

مرا جیتے رہنے میں تنہا نہیں ہے
ترے ہوتے کیا غم جو عیسیٰ نہیں ہے
تعلق نگاہوں سے چھپتا نہیں ہے
نصیب عدو حال اچھا نہیں ہے
طبیعت میں وہ جوش سودا نہیں ہے

حوصلے بڑھ بڑھ کے آخر آفت جان ہوگئے
پردہ و درباں رہے رکھے کے رکھے طاق پر
جلوہ بینان حقیقت ہی رہے اک بت پرست
مہربانوں کو چھڑایا ایک رنگ وصل نے

کچھ دنوں ارماں رہے پھر دل میں پیکان ہوگئے
آنکھیں ملنا تھیں کہ مشتاقوں کے پیماں ہوگئے
باقی امید قیامت پر مسلماں ہوگئے
کچھ مرے ناصح بنے کچھ اسکے درباں ہوگئے

حشمت

حشمت ۔ محتشم علیخان حشمت ۔ سید صحیح النسب متواضع و خلیق ۔ ہر شخص کے دل میں انکی جگہ تھی ۔ مغلپورہ کے رہنے والے ۔ فارسی و ریختہ کے زبردست شاعر ہیں ۔ یہ دو شعر انکے حسن فکر کا نتیجہ ہیں ۔

نکہت گل سے جگا یا کسی زندان کے بیچ
بہار آئی دیوانے کی خبر لو

سر زنجیر کی جھنکار پڑی کان کے بیچ
اگر زنجیر کرنا ہے تو کر لو

حصین

حصین ۔ احسن الدولہ محسن الملک محمد حسین علیخاں بہادر خواجہ سرا تخلص حصین و اجد علیشاہ

والئ لکھنؤ کے زمانے میں حضور رَس اور مقرب بارگاہ تھے۔ عرصہ ہوا کہ اِس عالمِ فانی سے بعالمِ جاودانی رحلت فرما گئے۔ یہ چار شعر اُنکی یادگار باقی ہیں جو تذکرۂ سراپا سخن سے نقل کیے جاتے ہیں

تُو ہی کر انصاف ظالم غیر جب سلجھائے زلف　　کیوں نہ پیچ و تاب میں اُلجھا رہے شیدائے زلف
یک بیک پھر اُٹھ گیا دل سے مرے صبر و قرار　　ہو گیا بیٹھے بٹھائے پھر مجھے سودائے زلف
حشر تک مجموعۂ خاطر رہے گا منتشر　　اے صنم یونہی رہا گر مُنہ تو بکھرائے زلف
نورِ رُخ چمکا جو اُسنے بال باندھے اے حسیں　　بڑھ گیا دن گھٹ گئی جب سے شبِ یلدائے زلف

حضور۔ لالہ بالمکند۔ قوم کے کھتری دلّی کے رہنے والے۔ حضور تخلص اور خواجہ میر درد کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ عربی اچھی جانتے تھے۔ آخر عمر میں گجرات چلے گئے تھے۔ غدر سے پیشتر ہی انتقال فرمایا۔ یہ اُسکے کلام کا نمونہ ہے۔

نہ پاؤں میں جنبش نہ ہاتھوں میں طاقت　　جو اُٹھ کھینچوں میں دامن اُس دلرُبا کا
سرِراہ بیٹھے صدا ہے یہ اپنی　　کہ اللہ یاور ہے بیدست و پا کا
واں رشتۂ محبت معشوق توڑتے ہیں　　یاں ٹکڑے ٹکڑے دل کے ہم بیٹھے جوڑتے ہیں
چلے ہیں آپ جو اُس بُت سے ساز کرنے کو　　حضور! پاس بھی ہے کچھ نیاز کرنے کو؟
یاں مجھ میں نہیں ہے جان باقی　　واں اَب بھی ہے امتحان باقی
جفا کو ہم وفا سمجھے۔ ستم کو ہم کرم سمجھے　　اِدھر کچھ دلمیں تم سمجھے اُدھر کچھ دلمیں ہم سمجھے

حضور۔ محسن مرزا معروف بہ اچھے مرزا مولد و مسکن لکھنؤ منشی مظفر علیخاں اسیر مغفور کے شاگرد اور اچھا کہنے والوں میں سے تھے ۱۲۷۶ھ کے گلدستۂ شعراء وغیرہ سے ذیل کے اشعار انتخاب کیے گئے ہیں جس سے پایا جاتا ہے کہ اُس وقت زندہ تھے اور مشاعروں میں شرکت کرتے تھے۔

میں ہوں وہ عندلیب گلستانِ دہر میں　　صیّاد لیکے دام گیا میں جہاں گیا
تارِ نظر کی طرح نہ آیا کہیں نظر　　سو بار بزمِ یار میں میں ناتواں گیا
کیونکر رہے نہ تازہ گلِ زخمِ دل مرا　　ٹپکے ہیں اشک صورتِ شبنم تمام شب

کوچہ زلف میں ہم دن کو جو گھبرائے بہت — رات بھر خواب پریشان نظر آئے بہت

نقل کرتے تھے مرے رونے کی خوش ہو کر — آئینہ میں نے دکھایا تو وہ شرمائے بہت

پسند زیست میں ایجاد ہیں تو مرگ کے بعد — بشکل نقش کف پا ہو قبر پر تعویذ

حضور! ہجر صنم میں نہ کوئی کام آیا — پئے وصال لکھے ہم نے عمر بھر تعویذ

حضور! زیست میں مصروف سیر باغ رہے — ہماری قبر کے بھی گرد ہو چمن کی بہار

باتیں سنتا ہوں تو جلتا ہے مرا خرمن صبر — برق بن جاتی ہے اس رشک قمر کی آواز

دیکھوں گا فال بوسہ ملے گا کبھی مجھے — اس واسطے ہے مصحف رخسار کی تلاش

کیوں سنتے ہیں پھر وامق و مجنوں کا فسانہ — عشاق کی باتوں سے جو گھبراتے ہیں معشوق

بل کی لینے لگے عاشق سے سراسر گیسو — ٹھنڈی آہوں سے ہوئے اور ہوا پر گیسو

درج اخبار ہوا حال پریشانوں کا — چڑھ گئے مشق جفا میں سر دفتر گیسو

حضور ۔ مولوی منشی سید محمد عبد البصیر خلف مولوی عبد الغنی صاحب ۱۲۴۹ھ ہجری میں بمقام بلگرام پیدا ہوئے۔ آپکا بیان ہے کہ آپ کا شجرۂ نسب نواب امیر الحسام مجاہد بغدادی سے ملتا ہے جو افواج محمود غزنوی کے سپہ سالار تھے۔ اُسی زمانے میں آپکے بزرگ اشاعت اسلام کی غرض سے ہندوستان میں آکر فروکش ہوئے تھے۔ منشی صاحب موصوف عالم کمسنی میں شفقت پدری سے محروم ہو گئے تھے اور یہ وہ زمانہ تھا جبکہ بلگرام میں علم کا آفتاب غروب ہو چکا تھا۔ درس و تدریس کی راہیں تقریباً مسدود تھیں منشی صاحب نے اُس پُر آشوب زمانے میں ابتدائی تعلیم اس طرح حاصل کی کہ صبح ہوئی اور یہ اپنی کتاب لیکر گھر سے نکل آئے۔ آیند و روند میں سے جس شخص کو اپنے قیافے سے ذی علم سمجھا اُسی سے اپنا سبق پوچھنا شروع کر دیا اور اُس وقت تک برابر پوچھتے چلے گئے جب تک کہ اُسکی تیوری پر بل نہ آیا۔ اسیطرح شوق کی تائید اور ذوق کی رہبری سے برسوں کی کدّ و کاوش میں عربی فارسی کی اچھی خاصی لیاقت حاصل کر لی۔ جب سن بلوغ کو پہنچے تو تحصیل علم کے لیئے بلگرام چھوڑ کر لکھنؤ چلے آئے۔ طباعی اور ذہانت تو

فطرتی تھی طبیعت شعر گوئی کیطرف راغب ہوئی۔ اُس وقت خواجہ حیدر علی آتش کی سحر بیانی کے گیت لکھنؤ کے ہر گلی کوچے میں گائے جاتے تھے۔ چنانچہ منشی صاحب بھی اُنھیں کے حلقہ بگوش ہو گئے۔ مگر وہ حضرت آتش کی عمر کا آخری زمانہ تھا۔ اِس لیئے منشی صاحب اُن سے بہت ہی کم استفادہ کر سکے۔ اُنکی وفات کے بعد میر وزیر علی صبا سے مشورہ سخن کرنے لگے چونکہ اُردو کی نسبت فارسی کی طرف زیادہ توجہ رہی اس لیئے فارسی شعر خوب کہتے ہیں بولتے بھی بیساختہ ہیں۔ اخباری دُنیا میں بھی آپکے مضامین کی خاصی شہرت ہی۔ غزل کے سوا اور بھی جملہ اصنافِ شاعری میں آپ کو یکساں ملکہ حاصل ہے۔ تاریخ گوئی میں بھی بڑے مشّاق ہیں عرصۂ دراز تک نامہ نگاری کرتے رہے۔ اخبار روزنامچہ کے اڈیٹر بھی رہے۔ انجمن رفاہِ عام کے جوائنٹ سکرٹری رہے۔ آجکل گوالیار کالج میں عربی فارسی کے پروفیسر ہیں۔ افسوس یہ ہے کہ آپکا کلام بہت ہی کم نظر سے گزرا۔ اِنکے بیٹے محمد سعید ناطق بھی مشہور نامہ نگار اور ناولسٹ ہیں۔ نمونۂ کلام درجِ ذیل ہے۔

زندہ چمن میں ایک بھی بلبل نہ چھوڑنا
گلچیں تجھے قسم ہے کوئی گل نہ چھوڑنا

رُخ سے نقاب آج وہ اُلٹے گا زاہدو
گر مرد ہو تو صبر و تحمّل نہ چھوڑنا

سات پردوں میں کیا حسبِ اِبن یوسف کو چاہ
کیا زلیخا کی سرِ بازار رسوائی ہوئی

حُسن کو بدنام دُنیا بھر میں الفت نے کیا
قیس کو سودا ہوا لیلیٰ کی رُسوائی ہوئی

حضور۔ حافظ شیخ حضور احمد صدیقی مُرادآبادی۔ حضور تخلّص کرتے ہیں۔ زمانۂ حال کے شاعروں میں خاصے ہیں۔ چند غزلیں جو نظر سے گزریں اُن کا انتخاب درجِ ذیل ہے۔

گرمیٔ سوزِ محبت قتل میں ایسی بڑھی
پڑ گئے چھالے مرے خوں سے لبِ شمشیر پر

اُس نے کہا تھا شام کو آئیں گے گھر ترے
بیٹھا سحر سے ہوں میں اِسی انتظار میں

نہ وہ پہلی سی محبت نہ وہ پہلا سا کرم
غیر نے پھونکدیا آپکے کیا کانوں میں

حشر تک گزرے گی مرقد میں تڑپتے ہی مجھے
ہو گی کوچے میں اُس بُت کے جو تربت میری

حضیر

حضیر - حافظ عبدالرحیم صاحب عظیم آبادی - باوجود تلاش صرف یہ بات معلوم ہے کہ زمانہ حال کے شعرا میں ہیں - کلام کا رنگ مندرجۂ ذیل اشعار سے معلوم ہو سکتا ہے - طبیعت میں تلاش اور بات پیدا کرنے کا شوق صاف جھلکتا ہے - ملاحظہ ہو

بتا دیں ہم تمھارے کاکل و عارض کو کیا سمجھے	اِسے ہم سانپ سمجھے اور اُسے من سانپ کا سمجھے
یہ کیا تشبیہ بیہودہ ہے کیوں موذی سے نسبت دیں	ہُما عارض کو اور کاکل کو ہم ظلِ ہما سمجھے
غلط یہ ہو گئی تشبیہ بھی کیا ایک طائر سے	اِسے برق اور اُسے ساون کی ہم کالی گھٹا سمجھے
گھٹا اور برق کیسی کیوں گھٹا کر ان کو نسبت دوں	اِسے برگِ سمن اور اُسکو سُنبل کی جٹا سمجھے
نباتاتِ زمیں سے اُنکو کیا نسبت معاذ اللہ	اِسے ظلمات اُسکو چشمۂ آبِ بقا سمجھے
اگر کہیے یہی مقصود تھے حضر و سکندر کے	یدِ بیضا اُسے اور اُسکو موسیٰ کا عصا سمجھے
گر اس تشبیہ سے بھی حرف اُن دونوں پہ آتا ہو	اِسے قندیلِ کعبہ اُسکو کعبے کی ردا سمجھے
اگر یہ بھی پسند خاطرِ والا نہ ہو تو پھر	اِسے وقتِ نمازِ صبح اور اسکو عشا سمجھے
حضیر - اب ساری تشبیہوں کو یوں دُکر کے کہتے ہیں	سُویدا اِسکو سمجھے اور اُسے نورِ خدا سمجھے

حفیظ

حفیظ - محمد حفیظ حفیظ دہلوی مرثیہ گو - اِنکے بزرگ تو کشمیر کے رہنے والے تھے - مگر یہ خود دلّی میں پیدا ہوئے اور یہیں پرورش پائی - مرثیہ گو اچھے تھے - جس مجلسِ عزا میں شریک ہوتے تھے - اپنی خوش بیانی اور مضمون آفرینی کیوجہ سے خاطر خواہ داد پاتے تھے - اِنکے مرثیوں میں روایات دیگر مرثیہ گویوں کی طرح جھوٹی اور بناوٹی نہیں ہوتی تھیں اور واقعات کو صفائی کے ساتھ بیان کرتے تھے - دلّی میں درگاہ شاہ مردان کے راستے میں اِنکا مزار ہے اور اس پر یہ شعر کندہ تھا - ؎

شاہِ مرداں جو کوئی اس راہ سے جایا کرے	فاتحہ اس قبر پر للہ پڑھ جایا کرے

فنِ شعر میں حکیم قدرت اللہ خاں قاسم اور ثناء اللہ خان فراق سے تلمذ تھا - خود بھی صاحبِ دیوان تھے ۱۲۵۰ھ میں راہی عدم ہوئے - روشِ کلام یہ ہے -

مَیں تو بدنام ہوا عشق میں اللہ کرے	وہ بھی بدنام ہو جس نے مجھے بدنام کیا
محبت آہ کیا کیا رنگ عاشق کو دکھاتی ہے	اگر اک دم ہنساتی ہے تو پھر پہروں رُلاتی ہے
جو بیوفا ہیں اُن سے وفا ڈھونڈتا ہے تُو	حیراں ہوں میں حفیظ تری عقل کیا ہوئی
حضرت دل میرے حق میں دیکھئے کرتی ہے کیا	بیقراری آپ کی بے اختیاری آپکی
رُوبرُو غیروں کے کیا شکوہ کریں ہم آپکا	ہو رہینگی پھر کبھی باتیں ہماری آپکی

حفیظ

حفیظ- حافظ محمد علی جونپوری- آپنے اپنے مطبوعہ دیوان میں کچھ اپنے حالات درج کیے ہیں اُن کا خلاصہ یہ ہے:- میں ۱۸۶۵ء میں پیدا ہوا- ۱۴ برس کی عمر تک معمولی تعلیم پائی اور فارسی شیخ محمد تقی صاحب سے پڑھی- وہ شاعر بھی تھے- اِس طرح بچپن سے مجھے شعر و سخن کا مذاق ہوگیا اور صدہا شعر اُساتذہ کے میرے حافظے میں محفوظ ہوگئے- ۱۸۸۳ء میں بسلسلۂ تجارت پٹنہ کا سفر کیا اُن ایام میں وہاں شعر و سخن کا بڑا چرچا تھا میرے دل میں جو اس مذاق کی آگ دبی ہوئی تھی اُسکے نشو و نما کا وہاں خوب موقعہ ہاتھ آگیا- چنانچہ وہاں میں نے غزل کہنی شروع کی ۱۸۸۹ء میں جناب وسیم کا شاگرد ہوا- وہ مجھ پر خاص نظرِ عنایت رکھتے تھے- کامل ۶ برس میرا اُنکا ساتھ رہا- پھر اُنھیں کے ارشاد کے بموجب میں امیر مینائی مرحوم کے زمرۂ شاگردان میں داخل ہوا" جناب حفیظ دَورِ موجودہ کے شعرا میں متوسط درجے میں امتیازی پایہ رکھتے ہیں- آپکا کلام بحیثیت زبان بندش- درد اور صفائی روزمرّہ قابلِ تحسین ہوتا ہے- اگرچہ علمی استعداد زیادہ نہیں مگر کثرتِ مشق اور خداداد ذہانت سے اِس فن میں اچھی قابلیت حاصل کرلی ہے- اور آپکے کلام کا اُن نواح میں اچھا شہرہ ہے- کلام میں مزا اور بندش کا اسلوب قابلِ داد ہے آپکی طبیعت روزافزوں ترقی پر ہے اور اُمید ہے کہ اسی طرح مشق جاری رہی تو اپنے استاد کا نام روشن کریں گے- پہلے سید ظفر حسن خاں صاحب ظفر رئیس رسولپور کے یہاں کچھ مدت مصاحب رہے اب کئی برس سے راجہ سعادت علیخاں رئیس ہمیرپور کی سرکار میں

ملازم ہیں۔ دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کلیم غش میں گھڑی دو گھڑی رہے ہونگے
یہاں تو جا کے نہ پھر ہوش عمر بھر آیا

مصوّری مرے صورتگرِ خیال کی ہے
جدھر نگاہ کی نقشہ ترا نظر آیا

کیا ہے دستِ تسلّی نے کام مرہم کا
دھرا جو ہاتھ مٹا درد زخم بھر آیا

کام چھوٹوں سے نکلتا ہے بڑا
یہ سبق بھی آنکھ کے تِل سے مِلا

چھوڑ کر سب کچھ ادھر ہو جا رجوع
بابِ عرفاں ہے درِ دل سے مِلا

عصیاں کے داغ مٹ گئے دل پاک ہو گیا
ٹپکے جو اشک نامۂ اعمال دھو گیا

دل بن گیا تڑپ کے ترے آگے آئینہ
جس پر نگاہ پڑ گئی بیتاب ہو گیا

دشمن نہ تھا شباب تو نادان دوست تھا
بدنام کر گیا مجھے بدنام ہو گیا

مصروف کب ہوئے ہیں وہ فکرِ علاج میں
جب داغِ دل کلیجہ کا ناسور ہو گیا

دِل بجھ گیا جو رات جوانی کی ڈھل گئی
جاگا تمام شب کا سحر ہوتے سو گیا

دمِ رخصت تو مل لیتے گلے آپ
تڑپتا چھوڑ کر مجکو چلے آپ

فروغِ حسن کیا ایسا بھی اے شمع
کہ اپنی آگ میں کوئی جلے آپ

ایسا ادا شناس تو ہو آشنائے دوست
دل ہے کہ ہو رہا ہے سراپا ادائے دوست

کہتے ہیں یہ بت ستا ستا کر
جا اپنے خدا سے التجا کر

دل ہی میں وہ ہو گا دیکھ زاہد
کعبے میں خدا خدا خدا کر

رہتے ہیں جو یہاں اُنھیں دنیا کا غم نہیں
اے شیخ میکدہ بھی تو جنت سے کم نہیں

وہ ہے عدوئے عیش تو تو ہے عدوئے جاں
تیرا ستم فلک سے زیادہ ہے کم نہیں

ستم کی آنکھ یہ ہے لطف کی نگاہ یہ ہے
نظر شناس تری ہر ادا سمجھتے ہیں

یہ سچ کہا ہے زمانے کو اعتدال نہیں
کہ ایک حال پہ رہتا کسی کا حال نہیں

قضا کے ہاتھ میں کنجی متاعِ عمر کی ہے
جو ساتھ لائے ہیں قبضے میں وہ بھی مال نہیں

یہ کہہ رہا ہے امیدوں کا گھر کے رہجانا
چھپائے سے کبھی چھپتا نہیں ہے رنجِ دلی

کوئی طلسم تو یہ عالمِ خیال نہیں
ہزار منہ سے کہے جائیں وہ ملال نہیں

ابھی یہ بیچ تو یہ ہے سنئے گو ہم ہیں سے خفا تم ہو
گلے پہ اُنکے چھری جا بہ پھیر دے صیاد
آدمی کے لیئے امید ہے اک باغِ طلسم

بڑے ہی بے مروت خود غرض نا آشنا تم ہو
ترس رہے ہیں اسیرِ قفس رہائی کو
دم میں کر دیتی ہے سامان ہم کیا کیا کچھ

اللہ رے شانِ کبریائی
مٹھی میں بتوں کی ہو خدائی
باطن میں ہیں ایک جان دو قالب
ظاہر کی فقط ہے یہ جدائی
برساتی ہے آگ حشر کی دھوپ
اے ابرِ کرم تری دوہائی
دیکھا نہیں دیکھ کر عدو کو
آنکھوں کو بھی کچھ حیا نہ آئی
دل صاف نہ ہو تو کیا صفائی
اس میل سے خوب تھی لڑائی
انصاف کی اب کہاں توقع
برہم تم منحرف خدائی
ساقی ہی کے ہاتھ سے پئیں گے
نبھ جائیگی ضد میں پارسائی
بگڑا نہیں اب بھی کچھ ہے ملجاؤ
ہے بات ابھی بنی بنائی

ابھی سے صاف تم کہدو وہ کہنا ہم نمانینگے
محبت ہے - یہ فعلِ اختیاری تو نہیں ناصح
ابھی جس طرح چاہو تم دکھا لو دیکھ لو دلکو
زمانے بھر کی باتیں مان لینگے وہ یہ کہتے ہیں

کیا جو وقت پہ کچھ عذرِ بیجا ہم نمانیں گے
کوئی خود روگ پالے اپنے جی کا ہم نمانینگے
نکالوگے جو پھر کوئی بکھیڑا ہم نمانینگے
مگر کہنا فقط اک آپ ہی کا ہم نمانینگے

قابلِ دید ہے یہ رسوائی
ہم تماشا ہیں وہ تماشائی
اسکے یہ جوشِ گل کا عالم ہے
ہو رہی ہے بہار سودائی
تم کو مژدہ ہو میکدے والو
اودی اودی ہے پھر گھٹا چھائی
ہے یہ فیضِ بہار جوشِ نمو
جم گئی سطحِ آب پر کائی

ہیں کسی کے خیال سے باتیں
یوں پسند آگئی ہے تنہائی

قابلِ دادِ شعر اپنے حفیظ
لوگ کرتے ہیں عزت افزائی

کل مکر جائیں گے تیور یہ کہے دیتے ہیں
آج کھا کھا کے قسم عہدِ وفا ہوتا ہے

یوں ہی غفلت میں جو گزرنی تھی
عمر میخانے میں بسر ہوتی

دردِ دل کی دوا نہ تھی ممکن
ایک دنیا جو چارہ گر ہوتی

یہاں تو بیچ کر گھر جشنِ جمشیدی مناتے ہیں
بہار آتے ہی دستاویز اک مرقوم ہوتی ہے

وفا کا ذکر جب آتا ہے پہروں ہاتھ ملتے ہیں
وہاں اب یاد تیری لے دلِ مرحوم ہوتی ہے

مآلِ زندگی کو سوچ کر دُھنتا ہوں سر پہروں
وہ کیسے لوگ ہیں یارب جنھیں جینے کا ارماں ہے

دے جگہ خُلد میں یا بھیج دے وہ دوزخ میں
اپنا مشرب تو ہے راضی برضا کیا کہیے

لامکاں تک ہو رسائی جو بشر کی تو کیا
پھر اُسے خاک میں ملنا ہے کہ وہ خاکی ہے

بعد توبہ بھی وہی یاد ہے میخانے کی
گردش آنکھوں میں پھرا کرتی ہے پیمانے کی

اسلیئے وعدہ پہ وعدہ ہیں کہ بیچین رہوں
ایک ترکیب ہے یہ بھی مرے تڑپانے کی

ہائے رے موت جوانی کی کوئی میت پر
رو کے کہتا ہے کہ یہ عمر تھی مرجانے کی

آدمی سے جو محبت میں نہ ہو تھوڑا ہے
اتنی سی جان پہ ہمت ہے یہ پروانے کی

شام ہوتے ہی تری یاد نے بیچین کیا
رات بھر آج ہمیں نیند نہیں آنے کی

شمع سر دھنتی ہے روتی ہے کھڑی بالیں پر
زندگی سے کہیں موت اچھی ہے پروانے کی

آبرو ہاتھ سے جائے نہ محبت میں حفیظ
آدمی کے لیئے یہ بات ہے مرجانے کی

کسی کا ہائے کہنا تنگ آکر میرے نالوں سے
غضب میں جان ہے اللہ سمجھے مرنیوالوں سے

میری حیرت سے اسکے حسن کا اندازہ کرتے ہیں
کہاں پہنچے کہاں سے میری حالت دیکھنے والے

جو آبرو رہی تر دامنوں کی حشر میں شیخ
تو پانی پانی تری پاک دامنی ہوگی

جدائی میں بھی ہر دم مجھکو وصلِ یار حاصل ہے
تصور میں وہ صورت میری آنکھوں کے مقابل ہے

ناز دل جا حسینوں کی تو میٹھی میٹھی باتوں پر
کہ یہ شیریں زبانی تیرے حق میں سم قاتل ہے

محتسب چھین لینے دے اِک اک سبھے
دل کے ٹکڑے ہیں یہ ٹکڑے جام کے

حشر ہے وعدۂ دیدار وفا ہوتا ہے
بے نقاب آج وہ ہیں دیکھئے کیا ہوتا ہے

کچھ بنائے نہیں بنتی جو بگڑتا ہے نصیب
چارہ گر ہو جو مسیحا بھی تو کیا ہوتا ہے

ادا پریوں کی جوبن حور کا شوخی غزالوں کی
غرض مانگے کی ہر اک چیز ہے ان حسن والوں کی

ترے ہوتے یہ کیسی بات غیرت کی ہے او ظالم
اُڑائے آسماں یوں خاک تیرے پائمالوں کی

حاجت نہیں ہے چاند سے مُنہ کو نقاب کی
چھوڑی ہے رُخ پہ نور نے چادر حجاب کی

اِن لوگوں کے مشرب ہیں زمانے سے نرالے
دُنیا میں ہیں دنیا سے الگ میکدے والے

وہ یاد وطن کی ہے یہ غربت کی نشانی
کچھ داغ کلیجے میں ہیں کچھ پاؤں میں چھالے

چارہ فرما جو مرے دردِ نہاں کے آئے
دل پکارا کہ یہ دشمن مری جاں کے آئے

تیس۳۰ دن خوب رہا فاقہ کشی کا پردہ
ہوگئی عید جو روزے رمضاں کے آئے

اور مجھ بے کس کی بالیں پر اب آتا کون ہے
جب ہوا غش سے افاقہ یاد آئی آپکی

غیروں سے بھی رسم و راہ دیکھی
دیکھی دو دن کی چاہ دیکھی

دونوں جہاں میں حسن و محبت کی دھوم ہے
جلوہ جہاں جہاں ہے ترا اک ہجوم ہے

تمھیں سے دیدہ و دل ہیں منور
تمھیں سے شان ہے دیر و حرم کی

مزہ ہے جوشِ جوانی میں پارسائی کا
وہ ناخدا ہے جو کشتی بچائے طوفان سے

حفیظ

حفیظ مولوی حاجی حافظ شاہ سید نذر الرحمن رئیس عظیم آباد و پٹنہ۔ نبیرہ و سجادہ نشین حضرت مولانا محمد سعید متخلص بہ حسرت المخاطب بہ شمس العلماء مغفور۔ فضیلت و شہرت خاندانی کے سوا دولت علم سے مالا مال ہیں۔ فن سخن میں دستگاہ کامل رکھتے ہیں۔ حکیم آغا حسن ازل لکھنوی شاگرد میر وزیر علی صبا مرحوم سے تلمذ حاصل ہے۔ ۴۰-۵۰ سال کے درمیان آپکی عمر ہے۔ فن شعر کا شوق ابتدا ہی سے ہے۔ عظیم آباد کے سربرآوردہ شعراء میں آپ کا

شمار ہے سنہ ۱۹۰۴ء میں آپ نے عظیم آباد میں انجمن اردوے معلی کی بنا ڈالی اور ایک ماہوار رسالہ موسوم بہ "بہار" اپنی زیر نگرانی شائع کرنا شروع کیا ہے سنہ ۱۳۱۹ ہجری میں آپ کا ایک مبسوط دیوان بھی طبع ہو کر شائع ہوا ہے جو اپنے رنگ میں ہر طرح قابل تعریف ہے۔ جدّت پسندی۔ مضمون آفرینی۔ پرواز صوفیانہ۔ کہنہ مشقی۔ سلاست زبان۔ غرض اُسکے دیکھنے سے ہر ایک بات کا پتا چلتا ہے۔ راقم تذکرہ کے عنایت فرما ہیں۔ وہ دیوان آپ ہی کا عطیہ ہمارے کتبخانے میں بھی موجود ہے۔ اب کچھ کلام کا انتخاب لکھا جاتا ہے۔

خوشا وہ سر کہ جس سر میں ازل سے ہی ترا سودا
خوشا وہ دل جو مخزن ہے ترے اسرارِ یکتا کا

یاں تو قابو نہ ہوا اپنے بھی دل پر اپنا
یہ حسیں غیر کو کر لیتے ہیں کیونکر اپنا

رات بھر غیر کے ہمراہ بسر کی اُس نے
تجھ سے بھی ہائے فلکِ شعبدہ گر کچھ نہ ہوا

ایک بیمار محبت کی دوا ہو نہ سکی
آپکے لب میں ہے اعجازِ مسیحا کیسا

ہائے یہ کیا حشر بپا ہو گیا
آج وہ پھر مجھ سے خفا ہو گیا

ایک دم کے لیے آ جائیے گا
نزع کے وقت نہ ترسائیے گا

دیکھ کر لاش مری کہتے ہیں
یہ نہ سمجھے تھے کہ مر جائیے گا

موت کب آئی کہ جب وصل کے دن آئے قریب
شبِ فرقت میں تو کم بخت سے آیا نہ گیا

ہم بھی ہیں مستحق تری رحمت کے ہو گئے
اچھا ہوا لقب جو گنہگار ہو گیا

مجھ پر جو مہربان نہیں ہے نہ ہو مگر
یہ تو نہیں کہ غیر کا وہ یار ہو گیا

وہ کون دن تھا کہ گردش میں آسماں نہ رہا
مجھے ستا کے یہ ظالم بھی شادماں نہ رہا

لحد میں بعدِ فنا بھی یہ شادماں نہ رہا
زمیں پیس رہی ہے جو آسماں نہ رہا

آجتک لایا نہ نامے کا جواب
نامہ بر ہمکو ملا کیا لاجواب

ہم مصحفِ رُخ آپکا کس طرح نہ چومیں
کافر ہے وہ جسکو نہیں قرآن کی محبت

کیوں زلف رہا کرتی ہے رُخ پر ترے ہر دم
کیا ہو گئی کافر کو بھی قرآن کی محبت

یہ اشارے ابروؤں کے غیر سے
دیکھیے چلجائے گی تلوار آج

وہ سن کے دعا وصل کی فرماتے ہیں ہنسکر
کیا ہو اگر آ جائے اگر اسمیں اثر آج

دونوں یکساں ہیں تلوّن ہو کہ بیتابیٔ دل
میری وحشت کی طرح انکی طبیعت کیطرح

لے رہا ہے شب فرقت میں مجھے کیوں بیٹھا
شام سے چاند بھی خورشید قیامت کیطرح

منتوں سے جو ہو بیزار خوشامد سے خفا
ہائے اُس روٹھنے والے کو مناؤں کیونکر

جذبۂ دل فزوں ہوا کوچۂ یار دیکھ کر
بہک گئے ہم جنوں کے ہاتھ جوشِ بہار دیکھکر

بادہ پرست ہیں وے دل پہ بھی اختیار ہے
توبہ کریں سے ہم مگر اب کی بہار دیکھکر

ہجر کی شب کی [illegible] آفتیں درد کی سب اذیتیں
بھول گئیں وہ حالتیں روئے نگار دیکھکر

لینگے ہم بوسۂ ابرو وہ لگائے تلوار
مرد میداں ہے وہی منہ پہ جو کھائے تلوار

جھک کے ملتے ہیں گلا کاٹنے والے سب سے
کیوں نہ ہر وقت رہے سر کو جھکائے تلوار

المدد جوش جنوں پھر آ گئی فصل بہار
دستِ وحشت پھر بڑھا جیب و گریباں کیطرف

بیوفائی کی جب شکایت کی
ہنسکے بولے کہ آزماتے ہیں

اسلیئے اپنے گنہ روز کیا کرتا ہوں
دیکھنا ہے تیری قدرت کا تماشا ہمکو

نہ دل میں آکے رہتے ہو نہ آنکھوں میں ٹھہرتے ہو
وہ بے پروا ہو رکھتے ہو خبر گھر کی نہ باہر کی

دیکھکر خلوت میں اُن کو بیحجاب
شرم پاس آتے ہوئے شرمائیگی

رہا کرے بھی جو صیاد تو کہاں جائیں
اسیر وہ ہیں کہ ہم بال و پر نہیں رکھتے

وہ سوزاں ہیں تپ فرقت سے ہم گر فصد لیجئے
بجائے خوں ہماری ہر رگ پے سے دھواں نکلے

جب میں کہتا ہوں لقب کیوں آپکا لیلیٰ ہوا
ہنسکے کہتے ہیں تمھیں مجنوں بنانیکے لیئے

بوسۂ رخسار پر تکرار رہنے دیجئے
لیجئے یا دیجئے انکار رہنے دیجئے

جھوٹی شیخی تو مجھے باور نہیں بندہ نواز
آپ اور ہونگے مرے غمخوار رہنے دیجئے

یہ چھیڑ دیکھئے کرکے عدو سے ذکر وصل
ہمیں سے پوچھ رہے ہیں کہ کیا کہا سمجھے

تم وہ ہو پس مرگ بھی بیداد کرو گے	تم وہ ہو کہ مٹی مری برباد کرو گے

حفیظ

حفیظ۔منشی عبدالحفیظ حفیظ باپ کا نام محمد سمیع ہے قصبۂ نارہ پرگنۂ کرٹرا ضلع الہ آباد کے رہنے والے ہیں اِنکی عمر تخمیناً ۳۵ برس کی ہوگی۔طبیعت خاصی پائی ہے ابھی شاعری کی ابتدا ہے منشی محمد نوح ناروی سے اصلاح لیتے ہیں پہلے پولیس میں بمقام آگرہ ملازم تھے اب آجکل خانہ نشین ہیں۔معمولی استعداد معلوم ہوتی ہے یہ اُنکا کلام ہے۔

شکایت کچھ نہیں اُنکی جفا کی	اگر ہے بھی تو بختِ نارسا کی
محبت ہے مجھے اُس دلربا کی	قیامت جسکے قامت نے بپا کی
بہت کچھ سیر کی باغِ جہاں میں	کسی گُل میں نہ پائی بُو وفا کی
نقاب اُس شوخ نے رُخ سے اُٹھاکر	کہا لو دیکھ لو قدرت خدا کی
یا خدا ملجائیں کچھ دن کے لیئے	چھانتے ہیں خاک ہم جسکے لیئے
کیا اُجاڑا آشیاں صیاد نے	بلبلیں پھرتی ہیں کیوں تنکے لیئے
میرے پہلو سے جنابِ دل گئے	ہائے یہ بھی اُن سے جاکر مل گئے
فاتحہ کو وہ نہ آئے قبر پر	خاک میں ملنا تھا ہمکو مِل گئے

حفیظ

حفیظ۔حفیظ الدین نام ملیح آباد کے رہنے والے شیخ منتظم الدین تحصیلدار کے فرزند ابھی طالب علمی کی حالت میں ہیں۔طب پڑھتے ہیں۔اُردو میں اکثر اور فارسی میں کبھی کبھی شعر کہتے ہیں۔ذیل کے چاروں شعر اُنھیں کے نتیجہ فکر سے ہیں۔

میں مدتوں تری اُلفت میں یوں خراب رہا	کہ گاہ شورشِ دل گاہ اضطراب رہا
وہ مجکو صفحۂ ہستی پہ مثلِ حرف غلط	بناکے ہاتھ سے اپنے مٹائے جاتے ہیں
خاک تن اپنا کر دیا لیکن	ہائے کوئی وفا شعار نہیں
میری تربت کا مت پتہ پوچھو	عاشقوں کا کہیں مزار نہیں۔

حقانی

حقانی۔سید عبدالعلی حقانی باشندۂ حیدرآباد و منصب دار سرکار نظام۔دورِ

موجودہ کے شاعر ہیں رسالۂ محبوب الکلام میں چند غزلیں نظر سے گزریں اُن کا انتخاب ضبط تحریر میں آیا۔ ملاحظہ ہو۔

روتا کبھی نہ نعش پہ دشمن کی میں مگر
رونا یہ ہے کہ آپکو کیوں اتنا غم ہوا

جبتک ہو شاہِ گل کو تخت چمن مبارک
آصف تمھیں تمھارا ملکِ دکن مبارک
یوم سعید ہے یہ مولود بادشہ کا
کہتے ہیں ملکے باہم اہل دکن مبارک
جو لوگ اِس خوشی سے ہوتے ہیں چین ابرو
اُنکی جبیں کو دائم غم کی شکن مبارک

حقیر

حقیر۔ میر امام الدین معروف بہ کلو۔ مرد متین حلیم الطبع سرد و گرم سے واقف صاف دل پاک باطن خلیق اور بہت مسکین بزرگ تھے۔ ملک الشعرا خاقانی ہند ذوق کے عالم مشقی میں ہمیشہ ممد و معاون رہتے تھے اور اُنکے کمال کے باوجود مشاقی و پیرانہ سالی معتقد تھے۔ مکتب پڑھا کر اوقات بسر کرتے تھے۔ اور درگاہ قدم شریف دہلی کے خادموں میں منسلک تھے۔ غدر سے بیس بائیس سال پیشتر انتقال فرمایا۔ ایک دیوان اُنکی یادگار ہے۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے۔

چڑھی جو شیخ کو افیوں تو دانۂ تسبیح
سبحہ الائچی دانہ تمام ٹھونگ گیا
ہوں ہست و نیست عالم تصویر کیطرح
گویا ہوں اور خموش ہوں زنجیر کیطرح

دل میں ہے بیٹھ رہیں درِ صنم کے ہی حقیر
راہ کعبہ کی تو آتی ہے نظر دور ہمیں
یاد میں اُس بُتِ کافر کی ہوں ایسا مصروف
کہ خودی بھول گئی اور خدائی مجکو
دل شورشِ اشکوں نے تو ہر چند بجھایا
پر شعلۂ دل آہ مرے اور بھی بھڑکے
پہنچا نہ کوئی منزل مقصود کو کوئی
ہیہات یوہیں مر گئے سب پاؤں رگڑ کے
پامال ہوئے تم تو حقیر آہ جہاں میں
جوں نقشِ قدم یار کے قدموں سے بچھڑ کے
دل کو لپیٹ گیسوئے خمدار لے چلے
قرآن چھین گبرِ سیہ کار لے چلے
سب سے گلے لگی تیری شمشیر کس لیے
پر ہم سے وہ کھنچی رہی سب پیر کس لیے

حقیر

حقیر۔ اکبرآبادی منشی نبی بخش ولدِ منشی حسین بخش سرشتہ دار عدالتِ فوجداری علیگڈھ۔ فنِ سخن میں خلیفہ گلزار علی سے استفادہ کرتے تھے۔ فارسی میں معقول دستگاہ رکھتے تھے۔ کبھی کبھی اُردو میں بھی کہہ لیتے تھے اُنکے نتائجِ افکار سے چند اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔

سایۂ قصر ترا یاد آیا — پھر ہمیں ظلِ ہما یاد آیا

زخم کے مُنہ میں بھر آیا پانی — جبکہ پیکان کا مزا یاد آیا

بسکہ مصنوع ہے صانع کی صفت — بُت کو دیکھا تو خدا یاد آیا

پھر گریباں کے اُڑینگے ٹکڑے — پھر وہی چاکِ قبا یاد آیا

سُنتے ہیں گئے مانی و بہزاد عدم کو — اب کھینچیں تو کھینچیں کمر یار کی تصویر

ہاتھ دوڑائے جنوں نے پھر گریباں دیکھ کر — پاؤں پھر وحشت نے پھیلائے بیاباں دیکھکر

وہ نگاہیں جن سے تھی مجکو تسلّی کی اُمید — تشنۂ خوں آفت دل دشمن جان ہوگئیں

قتل تم ہنس کے کروگے تو مرینگے لاکھوں — کُشتہ ہر کشتہ کے ہمراہ صد ارماں ہونگے

حقیر

حقیر منشی سیّد ولایت حسین صاحب باشندۂ رودلی۔ طبیعت کا مذاق خاصہ معلوم ہوتا ہے زبان اور بندش بھی صاف ہے۔ یہ کلام کا نمونہ ہے۔

لبِ رنگیں سے دل خوں ہوگیا ہے — کرے دیکھیں وہ چشمِ سرمہ سا کیا

شرارت یہ تو دیکھو سُن کے سب کچھ — وہ بولے سے ہے تمھارا مدّعا کیا

اب کچھ اُمیدِ وصل ہوئی ہے فراق میں — گھِسکر جبین نوشتہ قسمت مٹا دیا

چھیڑنا اُس پری شمائل کا — اور دیوانہ پن بڑھا دل کا

ہم بھی انساں ہیں نہیں اب ضبط کا یارا ہمیں — ظلم ہم پر آپ کے بے انتہا ہونے لگے

حقیقت

حقیقت سید حسین شاہ مرحوم حقیقت تخلص خلف سید عرب شاہ متوطن خوست نواحِ غورستان امیر بُرہان حسب الطلب فرخ سیر بادشاہ مع تبرکات خوست سے لاہور آئے

اور سید میر کشاہ حقیقت کے دادا شاہ عالم کے عہد میں دلی میں وارد ہوئے یہ یہیں پیدا ہوئے اور تربیت بھی یہیں پائی - فارغ التحصیل ہونے کے بعد اپنے نانا کے ہمراہ لکھنو چلے گئے اور وہاں جاکر شیخ قلندر بخش جرأت کے تلامذہ میں داخل ہوئے پھر کارکٹ صاحب کے ہمراہ میرمنشی ہوکر چناپٹن احاطۂ مدراس کو چلے گئے اور وہیں وفات پائی - دیوان ریختہ و تحفۃ العجم - خزینۃ الامثال - صنم کدۂ چین - مثنوی ہشت گلزار - جذبۂ عشق وغیرہ آٹھ کتابیں اپنی یادگار چھوڑیں ۱۲۴۰ھ میں حیات تھے - کلام کا انتخاب درج ذیل ہے -

کیا ترے عشق میں اے عربدہ جو ہاتھ لگا
زیست سے ہاتھ بھی دھویا پہ نہ تو ہاتھ لگا

جنس دل بیچنے میں نفع جو کچھ ہو ہمکو
ہاتھ اپنے کوئی ایسا نہ خریدار لگا

سب حقیقت مجھے کہتے ہیں بقول جرأت
ہائے کیا اسکو جوانی میں یہ آزار لگا

کیونکر نہ قفس میں وہ پڑا تڑپے گرفتار
جس صید کو دل سے کرے صیاد فراموش

ہر لحظہ حقیقت تو تری یاد میں ہے آہ
کیوں تو نے کیا اے صنم ایجاد فراموش

باہر ہے گفتگو سے جو اپنا بیانِ عشق
کس طرح پھر بیاں کریں داستانِ عشق

ٹک آکے دیکھ سینے کے ہر داغ کو مرے
پھولا ہزار رنگ سے ہے گلستانِ عشق

پہنچے نہ واں ہزار اُڑے طائرِ خیال
عرشِ بریں سے بھی ہے بلند آشیانِ عشق

دلا اب دونوں مل کاٹیں گے اوقات آہ و زاری میں
ہوئے بیمار سے ہم بھی تری بیمار داری میں

ہو گئی ایک نگہ میں مجھے صحت حاصل
گرچہ بیمار ہیں لیکن ہیں مسیحا آنکھیں

سب یہاں جبہہ سائی کرتے ہیں
یہ بتاں بھی خدائی کرتے ہیں

بدگمانی کیا کہوں وہ مجکو وقتِ نزع بھی
آکے یوں کہنے لگے یہ سخت مکار و نہیں ہے

بات کرنی جو ترک کی ہم سے
کہیئے تقصیر کیا ہماری ہے

اور کچھ ذکر خوش نہیں آتا
نام تیرا زباں پہ جاری ہے

جو عدو ہیں مرے تم انکے ہو دوست
واہ کیا اچھی دوستداری ہے

جان گر تن سے نکل جائے تو ہو مجکو قبول	آہ پر دل سے نہ اُس تیر کا پیکان نکلے
روز و شب رہتی ہے سوزش سی جگر میں میرے	دل ہے یا پارۂ آتش ہے یہ تن میں میرے
شمع ساں آگ لگائی ہے یہ غم نے کہ مدام	شعلے اُٹھتے ہیں پڑے دیدۂ تر سے میرے

حکم

حکم۔ نواب عباد اللہ خاں خلف الرشید نواب عظیم جاہ بہادر مغفور پرنس آف ارکاٹ شیخ فاروقی و رئیس مدراس ہیں فن سخن میں شریف مدراسی سے مستفید ہوئے ہیں ۱۳۰۲ھ میں ۴۴ برس کا سن تھا۔ یہ دو شعر آپکے نتائج افکار سے ہیں۔

اُنکی زبان چلتی ہے تلوار کی طرح	اور ہم ادب سے چپ ہیں گنہگار کی طرح
تنہائی میں غم اُسکا ہے غمخوار کی طرح	پہلو میں درد و رنج ہے دلدار کی طرح

حکیم

حکیم۔ مسیح الزماں حکیم محمد اشرف خاں حکیم دہلوی ابن حاذق الزماں حکیم محمد شریفخاں مغفور شاہجہاں آبادی اپنے عہد کے اطبا میں بے نظیر تھے اور اکبر شاہ ثانی کے دربار میں شاہی طبیب تھے اُنھیں کے حسب الحکم مرزا جہانگیر کے ہمراہ الہ آباد گئے اور جبتک شاہزادۂ موصوف زندہ رہے اُنکے پاس رہے بعد اُنکی وفات کے وطن کو معاودت کی۔ اکبر شاہ ثانی کے عہد میں قضا کی۔ آپ حکیم محمود خاں صاحب مرحوم کے حقیقی چچا تھے حکیم اسد علیخاں صاحب مضطر اُنکے پوتے بڑے نازک خیال اور مشاق شاعر ہیں۔

مرے رونے اسکو مجھ سے کھویا	مجھے اِس دیدۂ تر نے ڈبویا
کہوں میں کیا بزنگ زخم ناسور	ہنسا یکبار گر سو بار رویا

کہے ہے لخت جگر اشک سے کہ اے ہمدم	ذرا تو ٹھیر کہیں لیویں بیٹھ کر ہم دم
نہ تاگے سے سیا جاوے نہ ریشم کا لگے ٹانکا	کہاں سے لائیں سینے کو دل صد چاک کے ٹکڑے

حکیم

حکیم۔ حکیم محمد پناہ خاں حکیم دہلوی فرزند سید محمد شریف خان المشہور بہ رنجش۔ خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے شاگرد تھے۔ پہلے نثار تخلص کرتے تھے پھر فن طب کی رعایت سے حکیم تخلص اختیار کیا حکمت۔ تاریخ موسیقی اور دیگر علوم شریفہ میں رتبہ کمال حاصل

تھا۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو ؎

پوچھتے کیا ہو حکیم جگر افگار کا گھر
کہتے ہیں حکیم آیا میخانے سے مسجد میں

ایک تکیہ سا ہے اُس شوخ کی دیوار کے پاس
ہمکو تو تعجب ہے وہ گبر مسلماں ہو

تیرے سبب خلق در بدر ہے
اے خانہ خراب تو کدھر ہے

ہم ہی صنم کے غم میں نہ ایمان سے گئے
کتنے ہی بندگان خدا جان سے گئے

ہمتو تو کیونکر کہیں کہ بوسہ دو
گر عنایت کرو عنایت ہے

جی کے جانے کی یہ علامت ہے
دل کا آنا نہیں قیامت ہے

حکیم میر محمد علی ابن میر احمد علی۔ باشندہ لکھنؤ فتح الدولہ محمد رضا خان برق کے شاگرد تھے۔ یہ چند شعر ان سے یادگار ہیں۔

زندگانی کا بھروسا نہیں نیکی کر لے
ہے بُری بات جو لیجائے بُرائی سر پر

آئی پیری گئی ہنگام جوانی ہیہات
اب تو ہشیار ہو غافل اجل آئی سر پر

روتے جب دیکھتے ہیں کہتے ہیں ہنسکر وہ حکیم
تو نے نالوں سے اُٹھائی ہے خدائی سر پر

حکیم۔ مرحمت الدولہ بہادر الملک منشی سید غضنفر علی خان صولت جنگ بہادر مرحوم۔ اونریری مجسٹریٹ و رئیس لکھنؤ خلف اکبر و شاگرد رشید تدبیر الدولہ حضرت اسیر مغفور ان کا عرف بڑے بھیّا تھا۔ اصول شاعری سے بخوبی واقف اور بڑے مشہور عروضی مینونسپل کمشنری اور اونریری مجسٹریٹی کے عہدے پر ممتاز تھے۔ چھوٹی سی عمر میں فن سخن میں اچھی دستگاہ اور معلومات و شہرت حاصل کی تھی۔ اپنے باپ کے نام نامی کو خوب چمکایا۔ انتزاع سلطنت اودھ سے پیشتر واجد علیشاہ کی سرکار سے مخاطب بخطاب مذکور الصدر ہوئے تھے۔ انکے شاگردوں میں پنڈت بشن نراین صاحب آبر بیرسٹر اور ڈپٹی تجمل حسین خان صاحب تجمل مشہور شاعر ہوئے۔ آپنے ۱۹۰۳ء میں انتقال کیا۔ دیوان مرتب ہو گیا تھا مگر شائع نہیں ہوا ؎ مذاق طبیعت

درست - الفاظ پاکیزہ - زبان نہایت شستہ - صاف اور ٹکسالی - مضامین عمدہ - خیالات بلند - اور مشاقی اعلیٰ درجے کی پائی جاتی ہے - متروکات زبان قدیمہ کا بہت خیال کرتے تھے کلام سنجیدگی اور متانت سے مملو اور عیوب شاعری سے پاک و مبرا ہے افسوس کہ باوجود پیہم کوششوں کے چند ہی غزلیں مل سکیں

مے پی بپاس خاطر ساقی تو کیا ہوا
دل توڑنا کسیکا مروت سے دور تھا

گیسو کو پیچ چشم کو جادو کمر کو بل
بخشا وہی خدا نے جسے جو ضرور تھا

کوچہ میں اسکے دفن ہوئی لاش غیر کی
شدّاد مر کے داخل باغ ارم ہوا

حسرت حکیم زخم مکرر کی رہ گئی
قاتل ہوا ستم سے پشیماں ستم ہوا

صاف اس درجے دل کا آئینہ
او بے عکس روئے یار افسوس

آپ کو دھیان مرے وعدہ کا رہتا تو یہ
یہ بھی کیا غیر کا وعدہ تھا کہ ٹلتا ہی نہیں

ہے آخر فصل گل کر دے رہا صیاد بلبل کو
ہوئی ہے سوکھ کر کانٹا یہ پھولوں کی جدائی میں

تیرا کیا کام ہے مینوشوں میں میخوار ہیں
دیکھ اے توبہ نہ شامل ہو گنہگاروں میں

دل ہے مرا سیاہی جرم گناہ میں
یا کعبۂ خلیل لباس سیاہ میں

بانگ درا کی طرح ہو نہیں قافلے کیساتھ
جاتا ہوں آگے پیچھے ہوں اتنا ہی راہ میں

چھڑ کا نمک اسی جا موئے سفید نے بھی
زخم غم جوانی جس جس جگہ تھے تن میں

دیکھئے کیا رہ اقلیم عدم میں گزرے
دور منزل ہے بہت زاد سفر کچھ بھی نہیں

ہو کے بیتاب چلے آتے ہو کیوں میرے پاس
تم تو کہتے تھے کہ نالوں میں اثر کچھ بھی نہیں

صورت آئینہ اس بزم کہ حیرت میں
محو نظارہ ہوں پر مد نظر کچھ بھی نہیں

موت نے آکے زمانے کے چکائے قصے
اقربا روتے ہیں مرنے کو خبر کچھ بھی نہیں

باغ میں دیکھ کے لالے کو یہ آیا ہمیں دھیان
حاصل عمر بجز داغ جگر کچھ بھی نہیں

وصل میں ہجر کا کیونکر نہ ہو کھٹکا ہر دم
موت کب آئیگی انساں کو خبر کچھ بھی نہیں

شکل ہستی و عدم آئینہ دکھلاتا ہے
کہ ادھر سب نظر آتا ہے ادھر کچھ بھی نہیں

چشم ظاہر کو مبارک رہے دید رخ زلف
میں وہاں ہوں کہ جہاں شام و سحر کچھ بھی نہیں

شکوۂ بیداد ہر دم کیا کریں
دل میں شرمندہ اُسے ہم کیا کریں

صبر پر مجبور ہم۔ تم جبر پر
حق یہ ہے تم کیا کرو ہم کیا کریں

روئیں کیا اوروں کو جب فانی ہیں خود
اپنے ہوتے غیر کا غم کیا کریں

ہم بتائیں وصل میں تم کیا کرو
تم بتاؤ ہجر میں ہم کیا کریں

سمجھے ہم برہمن و شیخ کی سُنکر تقریر
حشر تک ختم یہ جھگڑے نہیں ہونیوالے

زاہد عبث نماز ریائی پہ ناز ہے
سجدے کے داغ میں ہے سیاہی گناہ کی

زاہد کا بخل صاف ہے تسبیح سے عیاں
رکھا ہے کیا بخیل نے دانوں کو جوڑ کے

قہر حیراں کہ مجرم کو کدھر لے جائے
سارے دوزخ کو ہے گھیرے ہوئے رحمت تیری

غیر کو بہر طلب کیوں آپنے تکلیف دی
بھیج دیتے موت کو میرے بُلانے کے لیئے

ہے دوراہہ نیستی و ہستی عالم ضرور
ایک آنے کے لیئے ایک جانے کے لیے

نکرے بھول کے دولت کی تمنّا کوئی
ہو بشر ہو کے نہ یارب سگِ دنیا کوئی

دل سے وہ ناوکِ بیداد نہ نکلے یارب
کہ نہیں درد کے اُٹھنے کا سہارا کوئی

وہاں لطف و غضب دونوں یہاں ہے قہر ہی تنہا
خدا سے عشق آساں ہے بتوں سے سخت مشکل ہے

روز محشر بہر عفوِ جرم کافی ہے یہ شرم
پھرتی ہے آنکھوں میں صورت آپکی شرمائی ہوئی

ہر بلا کے گھر میں آنے کا یہ ہے مجکو یقین
جو نہیں آئی ہے سمجھا ہوں اُسے آئی ہوئی

وعدۂ وصلت کو جھوٹا کس طرح سمجھیں نہ ہم
وہ قسم کھائی ہے اسنے بھی جو ہے کھائی ہوئی

آئینہ رُو ہیں وہ مشاطہ نہ آئینہ دکھا
فائدہ آئینے کو آئینہ دکھلانے سے

یہی فرہاد یہی نل۔ یہی مجنوں کا ہے حال
لاکھ افسانے ہیں پیدا مرے افسانے سے

ڈھونڈے نہیں ملتا ملک الموت کو رستہ
کیا بھیڑ عدم تک درِ قاتل سے لگی ہے

حکیم

حکیم۔ سیّد جعفر حسین نام حکیم تخلص لکھنو کے رہنے والے اور حضرت ہوش کے شاگرد

ہیں ۱۸۷۸ء میں زندہ تھے۔ اسکے سوا کچھ حال باوجود تلاش معلوم نہیں ہوا۔ کلام خاصہ ہے چند شعر اُنکے یہاں نقل کیئے جاتے ہیں۔

بنا قاتل جو اپنا دھیان اُس ترکِ ستمگر کا
خیالِ ابروئے قاتل میں تھا کیا کاٹ خنجر کا

دلِ عاشق جو نہ جلتا تو نہ ہوتا مشہور
شمع کا نام ہوا بزم میں روشن ہوکر

دیکھیے پہلے ہی صبر و خرد و ہوش جواب
اب فقط جان ہے لیلے نہیں انکارِ صنم

سلسلہ اُنکو رہائی کا نہ ہاتھ آئیگا
دامِ گیسو میں ہیں جو لوگ گرفتارِ صنم

تُو وہ یوسف ہے کہ تجھ سے نکریں عذر ذرا
بیچ سے ہمکو اگر تو سرِ بازارِ صنم

صبا پنہاتی ہے زنجیر موجِ نکہتِ گل
عجب بہار کی وحشت مجھے بہار میں ہے

جو دیکھ لے تو ابھی سحر سامری بھولے
بھرا یہ کُوٹ کے جادو نگاہِ یار میں ہے

خدا ہی خیر کرے کس بَلا میں اُلجھا ہوں
کہ پیچ و تاب عجب یادِ زلفِ یار میں ہے

حکیم

حکیم۔ حکیم سید ظہور علی صاحب خلف سید محرم علی صاحب۔ ضلع بجنور میں دھام پور کے قریب ایک قریہ رسولپور کے نام سے مشہور ہے۔ ساداتِ رضویہ کی کچھ باقیات اِس میں آباد ہے حکیم صاحب بھی اسی قریہ کے رہنے والے ہیں ۱۸۵۸ء میں پیدا ہوئے بارہ سال کی عمر میں بغرضِ تعلیم نگینے گئے اور قاضی احسن الدین صاحب کی خدمت میں کچھ عرصے رہکر عربی فارسی میں کافی دسترس بہم پہنچائی۔ پھر دلی۔ لکھنؤ اور مُراد آباد وغیرہ کا سفر کیا اور دیگر علماء و کملاء کی صحبت میں رہکر اپنے علم و کمال کو ترقی دی۔ اب منحصر ایں طبابت کے ذریعے سے بسر اوقات کرتے ہیں۔ کبھی کبھی شعر بھی کہہ لیتے ہیں۔ مگر نہ مذہب میں کسی امام کے معتقد ہیں نہ فنِ شعر میں کسی شاعر کے شاگرد ہیں ذیل کے اشعار اُنھیں کے نتیجہ فکر سے ہیں۔ ملاحظہ ہوں ؎

شمع مدفن ہے نہ ہے پھولوں کی چادر دیکھنا
قبرِ دارا دیکھنا۔ گورِ سکندر دیکھنا

تیرے دیوانوں سے صحرائے قیامت تنگ ہے
سو جگہ سے چل دیا دامانِ محشر دیکھنا

مرے دل کی دو رنگی بھی کیسا رازِ پنہاں تھا	اسی میں کفر تھا واعظ اسی میں نورِ ایماں تھا
پی ہے اے شیخ اسے نام خدا کا لے کر	مے پلاتے ہیں بجھے رند کہ سم دیتے ہیں
معلوم ہے ہمکو جو بنائیں گے مسیحا	وہ اور علاجِ دلِ دیوانہ کرینگے
حکیم اُس لبِ نازک کے سامنے پھر	جِلانے کا دعویٰ مسیحا کریں گے
جوشِ گریہ سے زمین باغ ارم بنکر رہے	گو بجو مارے پھریں تسنیم و کوثر تو سہی

حکیم - سید محمد عبد الحکیم - اردلی حضور نواب صاحب والئی رامپور۔ شعر گوئی کا بھی شوق ہے زیادہ حالات معلوم نہیں ہوئے - یہ تین شعر اُنکے کلام کا نمونہ ہیں -

جب کہائیں نے تڑپ دیکھ لی دل کی دمِ قتل	بولے جھنجلا کے کہ ہاں تیرا کلیجا دیکھا
جلوہ فرما ہے بصد ناز وہ گلرو دل میں	بند کی آنکھ تو مَیں نے یہ تماشا دیکھا
جاں فروشوں میں دمِ قتل عجب شورش تھی	تنے مقتل میں نہ آکر یہ تماشا دیکھا

حلم - شاہزادہ مرزا سعید الدین عرف مرزا فیاض الدین حلم خلف الرشید مرزا محمد ریاض الدین بن مرزا خرم بخت بہادر بن مرزا جہاندار شاہ ولیعہد مقیم بنارس صاحب دیوان تھے - میر نواب نوّاب سے تلمذ تھا - ڈپٹی عبد الغفور خان نے اپنے تذکرہ میں ان کا ذکر کیا ہے اور حلم تخلص لکھا ہے - مرزا قادر بخش صاحب صابر گورگانی کے سمدھی تھے - اور غزل گوئی میں اُن سے مشورہ بھی کر لیتے تھے مگر کوئی خاص بات کلام میں نہیں ہے عرصہ ہوا انتقال کر گئے ÷

گرچہ ہے سیرِ چمن میں گل کا مدفن زیرِ پا	گاہ بھولے سے ہی لا عاشق کا مدفن زیرِ پا
نازکی کہتے ہیں اسکو وہ چبھے مانندِ خار	آئے اُس گل کے جو فرش کا سوزن زیرِ پا
دیکھ مستی کی اداہٹ لعلِ لب پر یار کے	بلبلیں ملنے لگیں گلہائے سوسن زیرِ پا
کب حنا کے رنگ سے اُسکی کفِ پا سرخ ہے	لعل کی رکھتا ہے اپنے یار معدن زیرِ پا
جائیں کیوں ہم گلستاں کو ناز گلچیں کیوں سہیں	زخم سے تلووں کے خود رکھتے ہیں گلشن زیرِ پا

کس طرح کوئے صنم کو حلم جائے وحشت سے	آبلہ پڑ کر کرے گا کارِ رہزن زیرِ پا

حلم

حلم۔ منشی دوارکا پرشاد حلم خلف اکبر منشی منگلی لال صاحب۔ آپ قوم کے کایستھ اور اس شریف معزز خاندان معروف بہ خاندانِ اخبار نویسان سے ہیں سنہ ۱۸۸۳ء میں آپ پیدا ہوئے۔ مولد و مسکن شہر بریلی ہے۔ سات سال کی عمر میں اردو فارسی کی تعلیم شروع ہوئی۔ دس سال کی عمر میں معمولی اردو لکھنا پڑھنا آگیا۔ پندرہ سال کی عمر میں انگریزی کی تعلیم کا آغاز ہوا جس کا انٹرنس تک پہنچ کر خاتمہ ہو گیا۔ اسی اثنا میں ناول خوانی کا شوق پیدا ہوا اور کچھ پڑھتے پڑھتے تصنیف کو جی چاہا تو ایک ناول مسمّی بہ "حسن و عشق" لکھا مگر چھپا نہیں بعدہ ہی شوق و ذوق شعر گوئی کا محرک ہوا اور حضرت داغ کے مشہور شاگرد مولانا حسن رضا خاں صاحب بریلوی کے شاگرد ہوئے۔ استاد کی مہربانی سے چند ہی روز میں اچھا خاصہ کہنے لگے۔ نمونۂ کلام درج ذیل ہے:

بسمل کی یہ حالت ہے کہ تڑپا نہیں جاتا	قاتل کا ابھی شوقِ تماشا نہیں جاتا
وہ خاک سنبھالیں گے دلِ زار کو میرے	جب اپنا ڈوپٹہ بھی سنبھالا نہیں جاتا
کس عجز سے وہ وصل کی شب کہتے ہیں مجھ سے	اِس طرح تو دشمن بھی ستایا نہیں جاتا
وہ وعدہ خلافی کریں دشمن پہ فدا ہوں	ہم سے تو کسی اور کو چاہا نہیں جاتا
وہ لطف ملا ہم کو تہِ خنجرِ قاتل	ہم دفن ہوئے پھر بھی تڑپنا نہیں جاتا
ناکامیٔ قسمت پہ ہنسی آئے نہ کیونکر	رونا تو اسی کا ہے کہ رونا نہیں جاتا
بالیں سے مری اٹھ گئے وہ کہکے دمِ نزع	اب حال کچھ ایسا ہے کہ دیکھا نہیں جاتا
عشق نے معشوق و عاشق میں لگا دی ایک آگ	شمع بجھ کر مٹ گئی پروانہ جل کر رہ گیا
سنائیں عرضِ تمنا پہ لاکھوں صلواتیں	مرا سوال تھا کیا اس جواب کے قابل
نبھے گا ساتھ نہ زاہد سے دخترِ رز کا	یہ نوجوان وہ بوڑھا خضاب کے قابل

نکیلا ہوگیا ہے ہوش کیا اُسنے سنبھالے ہیں
ڈراتے کیا ہو کہہ کر یہ خنجر ہیں یہ بھالے ہیں
کسی کے پاس رسوائی میں کیا جی کھولکر روئیں
لکھی ہو میری قسمت کی کہ بن آئی تیری زلفوں کے
خدا سمجھے تجھے صیاد چھوٹا بھی تو کب چھوڑا
تمھارے اُٹھتے جوبن کو دوپٹہ کیا چھپائیگا
اُلٹ اپنا نمکداں کیوں ہنسی کرتا ہے اے قاتل
خیالِ پاسِ جاناں ہوشیاری سے قدم رکھنا
جنابِ حلم جیسے فطرتی ہیں کوئی کیا جانے
وہ کہتے ہیں غضب ہیں جان کر کھی ہے نوالوں سے
بھرے بیٹھے ہیں جب پہونچے غضب کا سامنا ہوگا
طریقِ حق پرستی عشق والوں کا نرالا ہے
شبِ وعدہ خوشامد پر وہ آمادہ ہوئے آخر
بھلا تم اور بوسے دو سگے دل لیکر معاذ اللہ
یہی ہے آنکھ کی خواہش کہ رہیئے نازنینوں میں

ادائیں برچھیاں شوخی چھری انداز بھالے ہیں
یہ خنجر اور یہ بھالے سب ہمارے دیکھے بھالے ہیں
جو چار آنسو بہائے بھی تو فوراً پونچھ ڈالے ہیں
نہ یہ کچھ جانیوالے ہیں نہ وہ کچھ جانیوالے ہیں
اسیرانِ قفس نے بال و پر تیرے نوچ ڈالے ہیں
یہ دو سرکش بلا کے ایک سے کیا ڈسنے والے ہیں
دہانِ زخمِ دل کیا چٹکیوں سے بھرنیوالے ہیں
کہیں ٹھوکر نہ لگجائے ہمارے دلمیں چھالے ہیں
تخلص حسن نے گا کہہ اُٹھیگا سب بھولے بھالے ہیں
خدا ہی سمجھے اِن ظالم محبت کرنیوالوں سے
خدنگِ ناز چھیڑا چھی نہیں سینے کے چھالوں سے
نہ پروا سیم و زر کی ہے نہ مطلب ہے شوالوں سے
جو دیکھا کام اب چلتا نہیں حیلے حوالوں سے
یہ فقرہ اسکو دینا جو نہو آگاہ چالوں سے
یہی دل کا تقاضا ہے کہ ملیئے خوش جمالوں سے

حلیم ۔ حضرت عبدالحلیم شاہ صاحب متخلص بہ حلیم امروہے کے شیوخ عباسی سے ہیں۔ مظہر الہادی صاحب سہیل نے جو اُنکے حالات بھیجے اُنکا خلاصہ یہ ہے کہ بچپن ہی سے طبیعت میں سلامتی اور اطوار میں سنجیدگی تھی۔ آغازِ جوانی میں وطن سے نکلکر جیپور پہنچے اور بعہدۂ منصبداری محکمۂ فوج ملازمت اختیار کی۔ چونکہ اوراد و وظائف کی طرف شروع سے میلانِ خاطر تھا وقتاً فوقتاً تلاشِ مرشدِ کامل میں سفر ہائے دور دراز کیئے۔ آخرکار گھر بیٹھے جیپور ہی میں خاندانِ نقشبندیہ میں مُرید ہوئے مگر سماع کے بہت ہی

حلیم

شائق ہیں۔ مُرید ہونے کے بعد طبیعت کا رنگ بالکل ہی بدل گیا شہرت اور ناموری سے گریز۔ اہلِ دنیا سے بے تعلقی اور ملازمت کی پابندیوں سے نفرت ہونے لگی۔ ترک و تجرید نے غلبہ کیا لیکن ایک عرصہ تک ضبط سے کام لیتے رہے۔ جب وفورِ شوق و غلبۂ ذوق اتنا بڑھا کہ بیخود ہو گئے تو قیودِ ملازمت سے قطعاً دست بردار ہونا پڑا چونکہ شادی کی نہیں تھی اہل و عیال کا کچھ غم نہ تھا۔ اب آپ سراپا توکل ہیں۔ محض صبر و قناعت ہی کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا ہے۔ ابتدائے عمر سے نظم اور فنِ شعر سے دلچسپی ہے ضخیم دیوان تیار ہے۔ پیسہ اخبار پریس لاہور میں چھپنے کے لیے گیا ہوا ہے۔ اکثر جے پور و کوٹے میں قیام رہتا ہے۔ کلام صاف ہے۔ بندش و اسلوب بیان بھی خوب ہے اکثر شعر توحید اور تصوّف میں کہتے ہیں کھلا ہوا رنگ ہے۔ انتخاب ملاحظہ ہو:

کیا پوچھتا ہے چشمِ حقیقت طراز کا
جمتا نہیں نگاہ میں نقشہ مجاز کا

نہ جفاؤں کی شکایت نہ وفا سے مطلب
اُس کے طالب کو ہے تسلیم و رضا سے مطلب

صد شکر کہ فرماتے ہیں وہ ناز و ادا سے
ہم جانتے ہیں اِس شخص میں آثار محبت

بیاں ہو چکا ہے خونِ جگر آرزو کے ساتھ
اب تک سمجھ رہے ہیں مرے غمگسار جھوٹ

بیکسی تربتِ عاشق کا پتہ دیتی ہے
نہ ضرورت اسے کتبے کی نہ زیبا تعویذ

بوالہوس کے لیے درکار ہے نقشِ تسخیر
جذبِ صادق کے لیے چاہیئے کس کا تعویذ

مرے دل میں مری آنکھوں میں آکر
رہو تم بے تکلف گھر بنا کر

ابھی کیوں ہو مُدّعا ہو کر
غیر بنتے ہو آشنا ہو کر

اللہ رے خود رفتگی اتنا بھی نہیں ہوش
خُم منہ سے لگا لیتے ہیں پیمانہ سمجھ کر

انجمن ہو یا نہ ہو اسکی بلا سے کچھ بھی ہو
زندگی کا کر چکی لبریز جب پیمانہ شمع

یہ ہوا ہے اور نہ ہو گا تم سے روشن صبح تک
یہ نہیں ہے بزمِ جاناں ہے مرا غمخانہ شمع

مصیبت جھیل صبر و شکر کے ساتھ
مرے مجنوں مرے درد آشنا دل

وہ اپنی جفاؤں پہ شرما رہے ہیں ۔ تسلی مجھے دیکے تڑپا رہے ہیں

الٰہی وہ دلِ مضطر عطا ہو ۔ کہ جس میں درد سے تڑپا بھرا ہو
اگر دل محو تسلیم و رضا ہو ۔ تو ہر درد والم راحت فزا ہو

ہاں تُو نہیں تو لذتِ زخمِ جگر نہیں ۔ اے دردِ دلنواز عجب دلرُبا ہے تو
دل بنے چشمِ حقیقت تو کہیں دیکھے اُسے ۔ آنکھ کیا دیکھے تجلّی جمالِ یار کو

خاک کو تُو نے مُنوّر کر دیا ۔ اے محبت کیمیا دیکھا تجھے

وفا پرست شکایت کیا نہیں کرتے ۔ جفا اُٹھاتے ہیں لیکن گلہ نہیں کرتے
عجب مزا اُنھیں ملتا ہے درد کلفت میں ۔ مریضِ دردِ محبت دوا نہیں کرتے
اشک دامن تک نہ پہنچا تھا کہ دامن پاک تھا ۔ زنگِ عصیاں کے لیئے آنکھوں کا دریا چاہیئے
لذتِ ناز و نیازِ عشق تو مجھ سے نہ پوچھ ۔ دامنِ یوسف گریبانِ زلیخا چاہیئے
کیا کھنچے میکدہ تو مسجد بنا ہُوا ہے ۔ ہر مست بیخودی میں گردن جھکا رہا ہے

رنگ لائی یہ عاشقی دل کی ۔ مٹ گئی سب ہما ہمی دل کی
دل کے ہمراہ آرزو بھی گئی ۔ آج حسرت نکل گئی دل کی
اُنکے کوچے میں جاکے خاک ہوئی ۔ آبرو سب رہی سہی دل کی
میری آنکھیں تو ہیں اُنھیں کیطرف ۔ اُنکی مجھ پر نظر نہیں نہ سہی
موت تو ہے علاج دردِ فراق ۔ اُنکے در تک گزر نہیں نہ سہی

حمد

حمد۔ حضرت حمد لکھنوی کا نام نامی محمد محمود ہے اور رفیق الدولہ دبیر الانشا منشی محمد ظہیر الدین خان بہادر میر منشی واجد علیشاہ کے خلف الصدق ہیں۔ قوم کے شیخ اور حنفی المذہب ہیں نسب کا سلسلہ حضرت عثمان غنی سے ملتا ہے آپکے آبا و اجداد کا قدیمی وطن شہرِ قنوج تھا وہاں سے عہد نواب سعادت علیخاں بہادر میں لکھنو آئے اور دربار نواب میں باریاب ہوکر عہدہ ہائے جلیلہ پر ممتاز ہو گئے۔ آپکی پیدائش ۲۴ ماہ جمادی الاولی

سنہ ۱۲۷۰ء میں بمقام لکھنؤ ہوئی اور وہیں زیر سایہ اپنے والد بزرگوار کے تعلیم و تربیت پائی۔ آپ کی طبیعت بچپن ہی سے اسقدر موزوں واقع ہوئی تھی کہ کبھی دھوکے سے بھی کوئی شعر ناموزوں نہیں پڑھا۔ دس برس کی عمر میں اچھی خاصی غزل کہنے لگے تھے آپکے والد صاحب کو اُردو شاعری اور خصوصًا طرز عاشقانہ سے بالکل رغبت نہ تھی لیکن جب اِنکی طبیعت کا میلانِ خاطر ادھر دیکھا تو ممانعت بھی نہ کی آخر اُنھیں کے ایما سے جناب شیخ امداد علی صاحب بحر لکھنوی کے شاگرد ہوئے اُنکے انتقال کے بعد حضرت قدر بلگرامی کی خدمت میں آکر اُن سے استفادہ کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ آپ کا کلام عیوب شاعری سے پاک ہونے لگا۔ اور جب آپکی مشقِ سخن اِس حد کو پہنچ گئی تو قدر مرحوم نے اپنے بعض تلامذہ کی اصلاح آپ ہی کے متعلق کردی۔ چنانچہ قدر مرحوم کے بعض شاگرد اب تک شعر و سخن میں آپ ہی سے مشورہ کرتے ہیں۔ آپ ایک مستغنی المزاج کم سخن اور آزاد منش آدمی ہیں۔ عزلت گزینی پسند ہے۔ سلسلۂ تصنیف و تالیف برابر جاری ہے اور شعر و سخن کی طرف طبیعت کچھ ایسی محو ہے کہ اُسکے سوا دوسری فکر ہی نہیں ہے۔ علاوہ دیگر تصانیف کے دیوان موسوم باسم تاریخی "ارمغان جاوید" و رسالۂ متروکات موسوم بہ "مخزن التحقیق" بھی لکھا ہے۔ جس میں تمام اپنے اور دیگر فصحا کے متروکات و غیر فصیح الفاظ مع عیوب شعر و غلطی املا و قواعد نہایت تحقیق کے ساتھ درج کیے ہیں۔ آپکے کلام سے شوخی اور فصاحت ٹپکتی ہے۔ زبان کی صفائی اور روزمرہ بھی قابلِ داد ہے۔ آجکل لکھنؤ کے نامور کہنے والوں میں شمار ہوتے ہیں۔ آپکے کلام کا رنگ اپنے اُستاد حضرت بحر مرحوم لکھنوی سے بہت ملتا ہے۔ ملاحظۂ شائقین کے لیے اُنکے کلام کا انتخاب درج ذیل کیا جاتا ہے ✲

عکسِ ساقی شراب میں دیکھا	ماہتاب آفتاب میں دیکھا
تم نے ڈھا دینا کعبۂ دل کا	اے بتو کس کتاب میں دیکھا

رہ گیا طائرِ جاں بلبلِ شیدا بن کر
کچھ اعتبار نہیں تم پہ مرنے والوں کا
بڑا گھمنڈ تھا بس دیکھ لی مسیحائی
تمھارے کوچے میں چھکے قضا کے چھٹتے ہیں
کھڑے ہیں سہرا چڑھانیکو شہر کے گرو
کھلا اگر کہیں جوڑا تمھارے بالوں کا
ہجوم یاس ہے وہ فاتحہ کہاں پہ پڑھیں
غیروں سے بگڑے ہم تو ہمارے عدو تھے وہ
چلا نہ زور وہ دندان شکن جواب ملا
ہنس دیتے ہیں وہ سوزِ جگر کے بیان پر
دختِ رز پر لوٹتے ہیں پرہیزگار اب کے برس
ایسے یہاں ہیں غنچۂ دل میں ہزار داغ
فرحت دلوں کو دیتے ہیں اشعار جن کے پھول
یہ جو سنا کہ ہار تھے گوندھے ہوئے مرے
اللہ آپ سیر کو نکلیں پہن کے پھول
ہے روزِ حشر اور شبِ غم کا طول ایک
اللہ رے بیخودی کہ وہ پہلو میں بیٹھکر
آ گئی فصلِ جنوں میلے ہیں ویرانوں میں
یہ ہمیو نغ تمھاری ہر گھڑی کی دل لگی کیسی
دکھا دوں ایک دن انکو تو پھر ہو دل لگی کیسی
نہیں اک رنگ پر رہتی طبیعت ہے تری کیسی

جوہرِ تیغ میں قاتل کے گلستاں نکلا
سنبھلنے میں بھی ہے شک موت کے سنبھالونکا
کبھی پکڑا نہ لیا ہاتھ مرنے والوں کا
ہجوم دیکھ کے بے موت مرنے والوں کا
مرے مزار پہ میلا ہے پھول والوں کا
چلیگا ایک بھی منتر نہ سانپ والوں کا
کہیں نظر بھی تو آئے مزار کی صورت
اس پر حضور بزم سے اٹھکر چلے عبث
الجھ کے زلف سے شانے نے منہ کی کھائی آج
بجلی چمک کے گرتی ہے دیپک کی تان پر
زہد میں بٹا لگائے گی بہار اب کے برس
لالہ مقابلے کو چلا لیکے چار داغ
کیا کیا مہک رہے ہیں ریاضِ سخن کے پھول
سب پھینکے نوچ نوچ کے مارے جلن کے پھول
تقدیر اس چمن کی یہ ہیں جس چمن کے پھول
اسکی نہیں ہے شام تو اسکی سحر نہیں
دل لے گئے نکال کے ہمکو خبر نہیں
تھالی پھرتی ہے وہ بھیڑیں ہیں بیابانوں میں
طبیعت آدمی کی ہے کبھی کیسی کبھی کیسی
جسے کہتے ہیں کہ دیکھیں ہوتی ہے دل کی لگی کیسی
کبھی ایسی کبھی ویسی کبھی کیسی کبھی کیسی

بیانِ سوزِ دل رو رو کے کرتا ہوں تو کہتے ہیں
یہ قدرت قاف والوں کی کریں جو حُسن کا دعوی
بیو جہ کب یہ دلکی مرے دیکھ بھال ہے
رونے لگے سُن سن کے تمام اپنے پرائے
اِس بات پہ تاثیر دکھا دینگے فغاں کی
ناصح اثر ان کو نہیں کرنے کی نصیحت
شیخ جی لائے تھے تشریف نصیحت کرنے
مست کر دیتی ہے میخواروں کو اِسکی جھنکار
آنے جانے کی یہاں آڑ تو اچھی ہوتی
عشق بازی میں لڑائی بھی تو ہے عین ملاپ
کہا جو آپ پہ مرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں
کیا ناوکِ مژگاں نے اُڑائے ہیں نشانے
ساقی سفید ریش پہ ہلکا سا ہو خضاب

لگی ہے آگ جب دل میں تو آنکھوں میں تری کیسی
مقابل آ سکے پہلے حُور تو ہوئے پری کیسی
کھینچے نہ کھینچے آپ کی صورت سوال ہے
اس درد سے نالے کیئے دل سب کے بھر آئے
کہتے ہو نہیں آئیں گے؟ اچھا اگر آئے
یہ حضرتِ دل ہیں جدھر آئے اُدھر آئے
کیا بُری طرح نکالے گئے میخانے سے
شیشہ جب بزم میں لڑ جاتا ہے پیمانے سے
کاش مسجد ملی ہوتی کوئی میخانے سے
صاف ملجاتا ہے دل آنکھ کے لڑ جانے سے
سُنا کیئے یونہیں دیکھا کبھی نہ مرجاتے
دل اور جگر دونوں لگائے ہیں ٹھکانے
زاہد کے مُنہ پہ پھینکدے ساغر کھنگال کے

حمد - منشی احمد حسین حمد سوداگر ساکن لال کرتی بازار چھاؤنی میرٹھ مولنا شوکت سے ارادت رکھتے ہیں اور زمانۂ حال کے خوشگو شعرا میں ہیں - چند شعر حاضر ہیں ؛

سوز پنہانی میں ہے کیا چشمِ حیواں کا اثر
یہ حسرت تھی کہ رہتا کاش احسان تیغ قاتل کا
نہ سنبھلا دامنِ عصمت ہی اپنا تجھسے حب ناداں
حلقۂ گیسو کا ہے اب گھیرے ہوئے ہر سو ہمیں
دردِ دل تیرا بُرا ہو دیکھ بزم یار سے

آگ میں جلکے بھی عاشق ترا ٹھنڈا ہوا
رہا کیوں سخت جانی تیرا احساں میری گردن پر
زلیخا خاک بس چلتا ترا یوسف کے داماں پر
جسطرف دیکھیں نظر آتا ہے تو ہی تو ہمیں
کیوں اُٹھاتا ہے بھلا بیٹھے بٹھائے تو ہمیں

حمید - خواجہ حمید جان عرف پیارے نواب صاحب رئیس گیا حکیم سیّد عابد علی کوثر

خیرآبادی کے تلامذہ میں ایک خوش گو شاعر ہیں۔ مذاق ستھرا اور زبان صاف ہے شعر اچھا کہتے ہیں نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔

بلائیں جس قدر تھیں آسمان پر
وہ سب نازل ہوئیں مجھ خستہ جاں پر

میرے نالوں نے برپا کی قیامت
زمیں سے بھی زیادہ آسماں پر

وہ روٹھ کر چلے بھی گئے ہیں تو کیا ہوا
حاصل ہمیشہ وصل ہے ہمکو خیال میں

لاکھوں شکار تھے مگر آمد رے نصیب
میرا ہی دل پھنسا تری زلفوں کے جال میں

جھگڑا مٹا رقیب موا جانے دیجئے
بیکار آپ بیٹھے ہیں رنج و ملال میں

لیکے دل بھول گئے ہمکو یہ حال انکا ہے
ہمکو یہ خبط کہ ہر وقت خیال انکا ہے

آخر اس بیخودی غم سے کہیں کے نرہے
اب ہوش اپنا ہے ہمکو نہ خیال انکا ہے

حمید

حمید تخلص محمد اللہ نام قوم پٹھان متوطن قصبہ اورنگ آباد ضلع گیا پیشہ زمینداری و داروغی پولیس فارسی کی لیاقت اچھی اور جناب حکیم عابد علی کوثر کے شاگرد تھے۔ کئی برس ہوئے کہ آپنے انتقال کیا۔ زیادہ حال باوجود تلاش نہ مل سکا۔ چند شعر گلدستۂ فصاحت سے منتخب ہوکر درج ہوئے ؛

عبث عاشقوں کو امید وفا ہے
ہوا ہے نہ ہوگا ستمگر کسیکا

لئے تیغ ہاتھوں میں نکلا ہے قاتل
لڑا چاہتا ہے مقدر کسیکا

خلش نوک مژگاں کی جاتی نہیں ہے
رگ جاں میں چبھتا ہے نشتر کسیکا

کسیکا نہو فاش پردہ خدایا
نہو سامنا روز محشر کسیکا

بلا دیکھئے کسکے سر پر ہو نازل
حمید آج بدلا ہے تیور کسیکا

صفائی آئینہ کی سی ہے آب تیغ قاتل میں
نئے جوہر نکلے ہیں نہا کر خون بسمل میں

شب ہجراں سکون و صبر و طاقت ہوگئے رخصت
رفیق و مونس و ہمدم خیال یار ہے دلمیں

کھچی رہتی ہے گو پھر بھی گلے سے آ لپٹتی ہے
ادا و ناز معشوقانہ ہے شمشیر قاتل میں

وہی مضمون مستعمل سے سیدھا ہوگیا ہے ؛ بگڑ کر بنا ہے مقدر کسیکا ؛

سرِ مقتل کسی کی تیغ عریاں آج کھنچی ہے
کہ جوڑا سرخ پہنونگی نہا کر خون بسمل میں

پسیجے دل بتوں کا رحم کھا کر موم ہو جائیں
اثر ہو لحنِ داؤدی کا یا رب نالۂ دل میں

اِدھر آباد گھر میرا - اُدھر آباد گھر تیرا
تو میرے دل میں ہے اور غیر بستا ہے ترے دل میں

خزاں کے دن گئے گلشن میں گل پھولے بہار آئی
نوید جانفزا پہنچا صبا گوشِ عنادل میں

وہ آئے بھی تو غیر کے ساتھ آئے
بھلا ایسی حالت میں کیا بات ہوتی

شبِ وصل دل کی تمنا یہی تھی
ترے گیسوؤں سے بڑی رات ہوتی

غمِ ہجر میں جان پر بن گئی ہے
نہ اے کاش اُس سے ملاقات ہوتی

حمید

حمید - سید باقر مرزا حمید برادر زادہ و شاگرد حضرت تعشق مرحوم لکھنوی - انکی زبان کی تعریف فضول ہے کیونکہ ان کا خاندان لکھنؤ میں باعتبارِ زبان مستند مانا جاتا ہے اور شاعری انکے خاندان میں موروثی ہے - یہ خود بھی اِس فن میں اچھا دخل رکھتے ہیں - حالات اور کلام کے لیئے بارہا لکھا گیا - مگر کسرِ نفسی نے جواب کی اجازت ہی نہیں دی - جو کلام گلدستوں میں نظر سے گزرا اُس کا انتخاب درج ذیل ہے +

شوقِ دیدار اسکو کہتے ہیں تصور نے مرے
ہر در و دیوار پر کھینچا ہے نقشہ یار کا

حشر کا روز ہے لے یار دکھائے صورت
چاہیئے آج تو وعدہ کا وفا ہو جانا

نہیں ہے خوف ہمیں تیرگیٔ مدفن کا
کہ دل کے داغ میں عالم ہے شمع روشن کا

عجب مزاج ہے کچھ میرے یارِ پُرفن کا
کہ اپنے دوست کا دشمن ہے دوست دشمن کا

کرو نہ جھاڑ کے برباد عاشقوں کی خاک
خیال چاہیئے وابستگانِ دامن کا

سوا ہو عمر خدا اُنکے نام کو رکھے
نشاں مٹا تو گئے آکے میرے مدفن کا

کریں تدبیر کچھ آیا ہے دل گیسوئے جاناں پر
عبث احباب روتے ہیں مرے حالِ پریشاں پر

طالب نہ ہوتے تم تو انھیں کون پوچھتا
کچھ اصل تھی جگر کی نہ تھا کچھ وقارِ دل

کیوں پھر رہے ہو بال پریشاں کیئے ہوئے
کیا چاہتے ہو اور بڑھے انتشارِ دل

تمھاری چال سے ہوتا ہے حشر عالم میں
کہ محو خواب اجل ہوشیار ہوتے ہیں

لحد ہے کون سے محبوب کے مکان کی راہ
پیادہ ہوتے ہیں وہ جو سوار ہوتے ہیں

ہو لئے عشق سے تفریح کیوں نہو دلکو
کہ جھونکے اسکے عجب خوشگوار ہوتے ہیں

جینے کی کچھ خوشی نہیں مرنے کا غم نہیں
مدت ہوئی کہ آپ میں اے یار ہم نہیں

اے خفتگانِ خاک یہ کس وقت غم نہیں
تم سب کے سب ہو ایک جگہ اور ہم نہیں

بند وہ آنکھیں ہوئیں پردہ تھا جنکی وجہ سے
شرم کیوں کرتے ہو میری لاش پر آتے ہوئے

مرکے خواہش ہے اسے سفاک زخم تر کی
کہہ رہی ہے صاف حسرت دیدۂ نخچیر کی

مجکو لے سفاک ایسا زخم کھانیکا ہے شوق
دل مرا ٹوٹے جو ٹوٹے نوک تیرے تیر کی

ہمارا صبر ذرا دیکھ جاں نثاری دیکھ
گلا ہے تیغ کے نیچے گلا نہیں کرتے

حمید ۔ حاجی حافظ مولوی عبد الحمید صاحب متخلص بہ حمید خلف سید محمد عثمان ڈرافٹمین دفتر چیف انجینئر ایسٹ انڈین ریلوے باشندۂ کلکتہ نساخ مرحوم کے تلامذہ میں آپ یگانہ ہیں کچھ دنوں انسخ سے بھی مشورہ سخن کیا ہے ۔ زود گوئی میں اچھی مہارت حاصل ہے شعر اسقدر جلد لکھتے ہیں جیسے کوئی نثر لکھتا ہے ۔ کلام میں متانت اور پختگی ہے ۔ ملاحظہ ہو

حمید

درد سے چارۂ دردِ دلِ شیدا ہوگا
جوشِ حرماں سببِ ترکِ تمنا ہوگا

پاس میرے بھی کبھی آیئے گا؟
تا بکے دور سے ترسایئے گا؟

ہو گیا ہے عشق دلکو اس بتِ طناز کا
یا الٰہی ہو بخیر انجام اس آغاز کا

ہجر میں آساں ہے مرنا گر کوئی اُمید ہو
تم سے رکھا بھی بجھائیگا سر مدفن چراغ

ممکن ہے ہوں وہ رونقِ کاشانہ خواب میں
لوں وام بختِ خفتہ سے اک رات خواب کو

اُمید تیری دید کی پیر و جواں کو ہے
ارمان تیرے وصل کا ہے شیخ و شاب کو

واقف ہوں اسقدر کہ تری ذات ہے کریم
کچھ جانتا نہیں میں عذاب و ثواب کو

جسکی اُمید میں مئے و معشوق ہو حرام
دوزخ میں لیکے ڈال دو ایسے ثواب کو

ترکِ خیالِ یار کا دل کو خیال ہے	ایسا خیال ہے مگر امرِ محال ہے
گزرے برسوں لیکن اُس کا سوگ ہی تازہ ابھی	دیکھئے کب تک وفاتِ غیر کا ماتم رہے
ہم وہ قطرے ہیں کہ پہلے قلزم ذخار تھے	ہم وہ ذرّے ہیں کہ پہلے نیرِ اعظم رہے

حمید

حمید - منشی عبدالحمید - حمید و عطار و ولد منشی عبدالرشید آپ منشی محمد نوح متخلص بہ نوحؔ کے چچا زاد بھائی اور شاگرد ہیں - قصبۂ نارہ پرگنہ کڑا ضلع الہ آباد وغیرہ میں مکان ہے طبیعت بہت موزوں واقع ہوئی ہے - نمونہ کلام ملاحظہ ہو:-

اُڑا لائی ہے بو زلف دوتا کی	بلائیں کیوں نہ لوں بادِ صبا کی
چھپایا منہ جو عاشق سے مریجان	ادا کی - یا حیا کی - یا جفا کی
ہوئی وہ سرخرو پامال ہو کر	عجب تقدیر ہے اُلٹی حنا کی
نہ لٹکیں دی کسی نے ہجر کی شب	مگر کچھ شمع دل سوزی کیا کی
بتوں کی کیا نظر ہم سے پھری ہے	خدائی پھر گئی قدرت خدا کی
جو گزرے گی گزر جائیگی ہم پر	تمھیں حسرت نہ رہجائے جفا کی
خدا کے رُوبرو انصاف ہوگا	وفا کی کس نے اور کس نے جفا کی
کسی دن تجکو لے ڈوبے گی اے دل	محبت اُس بتِ ناآشنا کی
حسیں پھیلائیں اُسکے سامنے ہاتھ	زہے طالع زہے قسمت حنا کی

حمید

حمید - منشی رمضان علی خاں لکھنوی اوائل مشقِ سخن میں چند غزلیں جناب تدبیر الدولہ اسیر مرحوم کو دکھائی تھیں - پھر جناب اُنس مرحوم سے تلمذ اختیار کیا - یہ اُنکے اشعار ہیں

روز ہم اُن کے تقدیر کو رو جاتے ہیں	وہ کہانی میری سنتے ہیں تو سو جاتے ہیں
عمل نیک ہے وہ تخم کہ پھلتا ہے سدا	اسی دانے کو جو دانا ہیں وہ بو جاتے ہیں
ہو کے ناراض بُرا مجکو کہو گالیاں دو	سب کہو پر نہ یہ تم منہ سے کہو جاتے ہیں
بے رُخی کی بھی کوئی حد ہے تمھیں ہو منصف	منتیں ہم تو کریں تم یہ کہو جاتے ہیں

رہا بستہ سدا کوئے بتاں میں	لگے گا خاک دل باغِ جناں میں
ہم اور ظلم کا اُنکے شکوہ کرینگے	وہ جو کچھ کرینگے سو اچھا کرینگے

حمید

حمید۔ قاضی حمید الدین پروفیسر باشندۂ علی پور نواحِ کلکتہ۔ نہ زیادہ حالات کا پتہ ملا نہ کچھ کلام ہی دستیاب ہوا صرف تین شعر ہاتھ لگے جو زیبِ تذکرہ کیے جاتے ہیں۔

غمزہ یہ کہہ رہا ہے کسیکی نگاہ سے	بچکر نجانے پائے کوئی جلوہ گاہ سے
آنکھوں میں ہے خمار پریشاں ہیں موئے سر	نکلا ہے کس ادا سے کوئی خوابگاہ سے
پیرِ مغاں کے وصف سُنائینگے بادہ خوار	کیا پوچھتے ہو زاہدِ گم کردہ راہ سے

حمید

حمید۔ عبدالحمید خان نام ملیح آباد کے رہنے والے۔ غزل نہیں کہتے مگر فارسی مثنویات کے اکثر تراجم اُردو اور پشتو زبان میں آپنے کیے ہیں۔ فارسی اور پشتو کی مہارت خوب ہے مثنوی معنوی کا ترجمہ بھی مُرتب کیا ہے مگر چھپا نہیں ہے۔ مثنوی بو علی قلندر کا ترجمہ چھپ گیا ہے اسی کے چند شعر نمونۃً لکھے جاتے ہیں۔

آفریں اے بلبلِ باغِ کہن	مجکو باور ہے سبھی تیرا سخن
اے مرے بلبل کرم کی کر نظر	اُس گلِ رعنا کی دے مجکو خبر
آفریں اے میرے قاصد آفریں	تجھسے پہنچا مجکو جانِ نازنیں
ہُدہُد فرخ نشاں صد آفریں	طوطیٔ شیریں بیاں صد آفریں
دم میں تو ہفت آسماں کو طے کرے	مرکبِ حرص و ہوا کو پے کرے
دم بدم روشن کرے دل میں چراغ	عشق کا تو ہی لگائے دلمیں باغ

حنا

حنا۔ منشی عبدالکریم خان خلفِ سرور خان لکھنوی شاگرد میر وزیر صبا واجد علیشاہ کے زمانے میں تھے سُنا ہے کہ دیوان بھی مُرتب ہو گیا تھا۔ بہر حال یہ کلام بہم رسیدہ کا انتخاب حاضر ہے۔

یہاں تلک تو عدۂ فردا ہیں فردا ٹھیرا	حشر پر وصلِ بتِ حور لقا ٹھیرا

لیگئی کھینچ کے وحشت مجھے اُس وادی میں — آدمی کیا نہ جہاں خوف سے سایہ ٹھیرا
اللہ رے صعوبتِ طولِ شبِ فراق — کھچتا رہا رگوں سے مری دم تمام شب
سیر کیجے تو ذرا خانۂ دل کی میرے — کیا عجب ہے تمھیں آجائے یہ تعمیر پسند
جب سے اُس یوسف لقا کو دل دیا ہے اخفا — سورۂ یوسف زباں پر ہے زلیخا ہاتھ میں
ہو کبھی دشمن کو بھی یا رب نہ دشمن سے نصیب — رنج جو پہنچے ہیں مجکو دلربا کے ہاتھ سے

حنیف۔ صاحبزادۂ محمد حنیف خان خلفِ ارشد صاحبزادۂ محمد محمود خاں صاحب بہادر جنگ عزیز والیٔ ٹونک تلمیذ حضرت مضطر۔ اِن کے والد ناظمِ سائرات ریاست ہیں اور یہ خود بھی حاکمِ عدالتِ دیوانی ہیں ۳۵-۳۶ برس کی عمر ہے۔ خوش وضع زندہ دل شخص ہیں۔ نمونۂ کلام یہ ہے۔

بلبل کے جذبِ عشق نے کچھ تو اثر کیا — صیاد نے قفس پہ چڑھائے چمن کے پھول
بیٹھے ہیں بزمِ یار میں اغیار اے حنیف — قدرت خدا کی خار بنے ہیں چمن کے پھول
عجب کیا ہے وفا کا نام ہی اٹھ جائے دنیا سے — اگر دو چار بھی ایسے ہوں جیسے بیوفا تم ہو
حقیقت میں تمھیں سے لذتیں ہیں عشق کی ورنہ — محبت میں دھرا کیا ہے محبت کا مزا تم ہو
وفائے وعدۂ دیدار کا وہ کون موقع ہے — قیامت میں تو لاکھوں ہونگے صورت دیکھنے والے

حیا۔ طوطیِ شکرستانِ خوش مقالی۔ بلبلِ بستانِ نازک خیالی۔ فروغِ دودۂ شاہی جہانبانی ضیائے خانوادۂ گورگانی۔ صاحبِ عالم و عالمیان میرزا رحیم الدین حیا دہلوی مرحوم و مغفور۔ دلّی کا قلعۂ معلّی جہاں اُردو نے جنم لیا تھا وہیں آپ ۱۲۱۲ھ ہجری میں پیدا ہوئے میرزا کریم الدین رسا نبیرۂ شاہ عالم ثانی آپکے والد ماجد تھے۔ جو خود بھی ایک نہایت کہنہ مشق اور خوش گو شاعر گزرے ہیں۔ چنانچہ آپ کو بھی اوائل عمری سے شعر و سخن کا ذوق پیدا ہوا اور حضرت شاہ نصیر رحمت اللہ علیہ کے سلسلۂ تلامذہ میں داخل ہو گئے۔

خاندان تیموریہ میں آپ بہت اچھا کہنے والے شاعر تھے۔ طبیعت کی شوخی اور مضمون

آفرینی کے ساتھ زود گوئی اور فکرِ رسا بھی رکھتے تھے۔ اِسکے علاوہ نہایت نیک طینت خلیق اور بامروت انسان تھے۔ کلام میں عالمِ ضعیفی تک جوانی کا سا زورِ طبع دکھاتے رہے اِنکے جوش میں دریا کی سی روانی تھی۔ اور کسی وقت فکرِ سخن سے خالی نہ رہتے تھے۔ بلند پروازی کے علاوہ کلام میں ایک خاص بات قابلِ ذکر یہ تھی کہ شعر میں قافیے اور ردیف کی چسپیدگی کے ساتھ اکثر ردیف کا کوئی نہ کوئی ایسا نیا پہلو چمکاتے تھے جس سے سامعین داد دینے پر مجبور ہو جاتے تھے۔ طبیعت کچھ ایسی جدت خیز اور معانی آفرین پائی تھی کہ جس میں شوخی اور سادگی دو نو متضاد صفتیں جمع ہو گئی تھیں۔ شطرنج بےمثل کھیلتے تھے ولایت سے جسقدر مشکل نقشے آئے آپنے اُنکو حل کیا۔ اس فن میں حکیم شرافت علیخاں سے آپ مستفیض ہوئے تھے۔ ستار نوازی میں بھی کمال حاصل تھا۔ غدر سے کچھ پیشتر بنارس کا سفر کیا۔ راستے میں کچھ روز نواب یوسف علیخان والیٔ رامپور کے ہاں بھی مہمان رہے اور نواب نے بڑے تکلف سے میزبانی کی۔ پہلا دیوان جسپر میرزا غالب اور صہبائی مغفور نے تقریظیں لکھی ہیں غدر سے پہلے دلّی میں چھپا تھا۔ جو راقم السطور کے کتبخانے میں موجود ہے۔ غدر کے بعد جب قلعہ کا نقشہ ہی بگڑ گیا تو صاحب عالم مستقل طور سے رامپور چلے گئے۔ نواب کلب علیخاں نے بھی بڑی تواضع کا برتاؤ کیا اور اپنا مصاحب خاص بنا لیا آپ مدۃ العمر وہیں رہے۔ چنانچہ دوسرا دیوان نواب محمود علیخاں نے مرتب کرایا۔ اب دو دیوان اور ایک واسوخت آپکی یادگار سے موجود ہیں۔ نواب کلب علیخاں کی وفات کے آٹھ یوم بعد ۱۳۰۴ھ میں ۹۴ سال کی عمر پاکر اس جہانِ فانی سے رحلت کی۔ میرزا ے مرحوم کثیر العیال تھے۔ میرزا منیر الدین ضیاء اور میرزا ولی الدین فدا وغیرہ ۵ و ۶ صاحبزادے اب تک حیات ہیں جن میں سے اکثر کو اب بھی سرکارِ رامپور سے وظیفہ ملتا ہے۔ آپکے خاندان میں شعر گوئی اور شطرنج بازی کا شوق ابتک جاری ہے اور خوب ہے۔ سُنا ہے کہ میرزا حیا کا ایک تیسرا دیوان راجپوتانے کے سفر میں تلف ہو گیا تھا۔ اور آخر عمر میں اُنھوں نے

جو کچھ لکھا ہے وہ بھی ایک دیوان سے کم نہیں ہے۔ مگر اُسکے چھپنے کی اب کوئی ظاہرا امید نہیں ہے۔ راقمِ تذکرہ نے بے انتہا کوشش اور تلاش کے بعد دیوانِ دوم کی کچھ غزلیں دستیاب کیں۔ چنانچہ دونوں دیوانوں کا انتخاب ضیافتِ طبع شائقین نکتہ سنج کے لیے درج ذیل کیا جاتا ہے ÷ (از دیوان اوّل مطبوعہ ۱۲۷۰ھ)

خالق نے اپنا جلوۂ قدرت دکھا دیا — سینہ سے داغِ عشقِ مجازی مٹا دیا

اللہ رے دستگیریٔ پیدا کیے کی شرم — بخشا اُسی کو جسنے سر اپنا جھکا دیا

نہ پوچھو ہمدمو کٹنا شبِ تاریک ہجراں کا — دمِ شمشیر تھا گردن پہ ہر دم خم گریباں کا

جنوں یہ کشمکش ہے عبث تجکو زنداں میں — چھڑا دے قید سے ہمکو نو رستہ لیں بیاباں کا

عدو کیا جانے کیا کہتے ہیں اِسکو اور وہ کیا ہے — ہمارے دل سے پوچھو لطف کاوشہائے پنہاں کا

دیکھنے پائے نہ دل بھر کے قیامت میں اسے — روزِ محشر وصل کی شب کے برابر ہوگیا

التجائے غیر بھی کی ظلم بھی اُسنے سہے — اُس پہ کہتے ہیں کہ تو کہنے سے باہر ہوگیا

کون کہتا ہے کہ لیلیٰ سے محبت تھی اُسے — قیس دیوانہ مرا افسانہ سُن کر ہوگیا

اب نہیں کونیکے الفت جانے وے انساں ہیں — اے فلک یہ جُرم ہمسے ہوگیا گر گیا

اک نہ اک دن جان جانی آخرش یونہی حیا — مر گئے اُس پر تو اُسکے دل ہی میں گھر ہوگیا

بن ترے کل قتل کا گلشن میں ساماں ہوگیا — شاخِ گل ناوک بنی ہر غنچہ پیکاں ہوگیا

دن میں سَو سَو مرتبہ ہوتا ہے ٹکڑے چارہ گر — کیا بلا چاک جگر چاکِ گریباں ہوگیا

جی کو تسکیں دیں جگر پر ہاتھ رکھیں کیا کریں — دل کے ہاتھوں غم پہ غم ارماں پہ ارماں ہوگیا

مل گیا تو غیر سے یاں دلکی حسرت مٹ گئی — اب ترا ملنا نہ ملنا ہمکو یکساں ہوگیا

سایہ درو دیوار کا دشمن ہے ہمارا — اُس پر بھی گلی میں تری مسکن ہے ہمارا

رلا کے خاک میں کہتے ہیں مجکو۔ تھا یہ کون؟ — جو رہگذر میں مرے آکے پائمال ہوا

عدو کے ہاتھ سے پینے لگے وہ مے اتو — حرام موت بھی مرنا ہمیں ملال ہوا

دم موت ہجر میں آئی نہ مجکو خواب آیا
پس از فنا مرے لاشہ کو پائمال کیا

تصویر رات بھر تری دل پر دھری رہی
یاں پیکِ قضا کا ہے تقاضا مرے سر پر

نہیں ہیں قابلِ لُطف و کرم تو لے ظالم
مریضِ دردِ محبت کا دل نہ توڑ اپنے

سچ ہے یہ جلانا مرا نہیں منظور
بوسۂ لب بھی لیا جان بھر اُس پہ بچی

حاصل دلِ بیتاب تڑپنے سے نہیں کچھ
کیوں ہو تماشا ہے مری لاش پہ عالم

لاشِ عدو کے کل اُنھیں ہمراہ دیکھکر
کھُلی نہ آنکھ ترے کشتۂ تغافل کی

بھری ہیں آن کے سینہ میں حسرتیں ایسی
قرار آ ہی گیا غم میں دل سنبھل ہی گیا

خدا ہی ہے کہ رہے توبہ کعبے جانے تک
سزا یہی تھی کہ چھڑکا بتوں نے اور نمک

وہ بات ہی نہ رہی فکر غیر آتے ہی
یہانتک میں دل کے ہاتھ سے مجبور ہوگیا

ہاتھوں سے تیرے کاوشِ مژگانِ رخنہ گر
آہ جاتی ہے مگر عقدۂ وابستۂ دل

حکم گویائی نہیں اِسکو نسیم سحری
یہ کس عذاب میں ہوں میں یہ کیا عذاب آیا

یہ دل میں کیا ترے اے خانماں خراب آیا
سینہ پہ بھی لٹانے کا ارمان نکل گیا

قاصد ابھی واں سے نظر آتا نہیں آتا
ستم بھی محبپہ نکر رحم گر نہیں آتا

نہیں تو مُنہ سے نہ کر تو اگر نہیں آتا
مرے جنازے پہ وہ جان کر نہیں آتا

آب حیواں کے بھی پینے سے میں زندا نہ رہا
معشوق کے آنے پہ اجارا نہیں ہوتا

کہدو کوئی مَرتا ہے تماشا نہیں ہوتا
کیا کیا نہ ہمکو مرنے کا ارمان آ گیا

ہزار شورِ قیامت اُس سے پُکار آیا
کہ اب ٹھکانا نہیں دم کے بھی سمانے کا

گئے وہ دن کہ جو تھا فکر جان جانے کا
قدم قدم ہے تصوّر شراب خانے کا

مزا یہی تھا مرے زخمِ دل دکھانے کا
وہ وقت ہی نہ رہا اُلفت آزمانے کا

جو جس نے کہدیا سب مجھے منظور ہوگیا
جس جس جگہ پہ داغ تھا ناسور ہوگیا

جز صبا کس پہ کھُلے رنج و محن غنچہ کا
ورنہ لبریز شکایت ہے دہن غنچہ کا

جواب نامہ فرشتوں سے گور میں مانگا
پس از فنا بھی مرا دھیان نامہ بر میں رہا

بدلہ عدو سے لوں ستم بے شمار کا
گر آسماں بنے مرے مشتِ غبار کا

بُت پرستی میں میسّر ہے خدا کا دیدار
کچھ نہیں ہے مرے نزدیک مسلماں ہونا

ناصحا عشق نہ ہوتا تب مجھے سودا ہوتا
ہر طرح گھر سے نکلنا مری تقدیر میں تھا

لاغری سے اب تو یہ عالم ہے جسمِ زار کا
اپنے سایہ میں چھپا لے مجکو سایہ خار کا

جرمِ بیجا اور بھی ہیں اک گنہ یہ بھی سہی
میری ہی گردن پہ ہو اے کاش خونِ اغیار کا

چین کا ہیکو پڑیگا بعد مردن گور میں
یاد آئیگا تڑپنا دن میں سو سو بار کا

ہوئی لبوں کو جو جنبش کہ بس عتاب ہوا
تمھارا نام نہ لینا ہوا عذاب ہوا

وہ پوچھتے ہیں کہ ہوتی ہے آشنائی کیا؟
بتا! وفا کسے کہتے ہیں یہ بیوفائی کیا؟

چراغ تربتِ مجنوں پہ آج روشن ہے
جنوں! بتا تو کسی کی مراد آئی کیا؟

کہے سُنے سے مِلا اے حیا وہ آئینہ رو
ہوئی صفائی نہ دل سے تو پھر صفائی کیا؟

الاماں کی در و دیوار سے آتی ہے صدا
کس نے زخمِ جگرِ عاشقِ بیدل کھولا

ہوسِ عشق نہ تھی دل میں تو کیوں لیلیٰ نے
قیس کے دیکھنے کو پردۂ محمل کھولا

عجب نہیں ہے جو وقت مردن ہماری موت آئے حور بنکر
کہ ہم بھی رکھتے ہیں عشق در پردہ دل میں اِک شوخ نازنیں کا

خدا کی اسوقت ہو محبت نہیں ہے یہ مقتضائے اُلفت
کہ اپنی آنکھوں میں وقتِ رحلت جمال پھرتا ہے اک حسیں کا

جب تک مریضِ غم کی تری زندگی رہی
خونِ جگر کا چشم سے ٹپکا لگا رہا

سفرِ ملکِ عدم راس تو اے دل آیا
کہ وہ پہنچانے مجھے اولِ منزل آیا

ابتدائے صدمۂ فرقت میں یعنی تھی خبر
بنگئی جب جان پر اب پوچھتے ہو کیا ہوا

پھانس سا دل میں کھٹکتا ہے ہر اک تارِ نفس
سانس بھی سینے میں تجھ بن نوکِ سوزن ہو گیا

سوز دل ہی کام آیا کنج تنہائی میں رات
نالہ سوزاں ہمارا شمع روشن بنگیا

کیا خدا لگتی کہے کوئی کہ ہے انصاف شرط
یک نگاہ ناز وصد عالم برہمن بنگیا

کرکے توبہ تو ابھی اسلام لایا تھا دلا
اور ابھی کیا اسمیں دیکھا جو برہمن بنگیا

طائر فکر سخن کی نغمہ سنجی کو حیا
مصرعۂ موزوں مرا شاخ نشیمن بنگیا

رہ چکی اب شب غم جان کہ اس ظالم نے
وعدۂ وصل قیامت کی سحر پر رکھا

دل بیتاب نے تجھ بن نہ دیا چین مجھے
رات بھر شور قیامت مرے سر پر رکھا

اور بھی ڈھنگ نکالا کوئی ملنے کا حیا
یا فقط جذبۂ الفت کے اثر پر رکھا

ہم بھی دیکھیں گے کہ آنا ترا کیونکر نہ ہوا
یہ بھی اک کھیل ہوا فتنۂ محشر نہ ہوا

خدا کے نام پہ کیا کیا اُسے گماں ہوتا
قیامت آتی دم نزع گر وہ یہاں ہوتا

زاہدا! تجکو مبارک ہو طواف کعبہ
پھرنا کافی ہے ہمیں پیش وپس جام شراب

مر مر کے ہمنے رشک مسیحا کیا تمھیں
ہم سے رکھیں دماغ سر آسمان آپ

کبھی مجکو بھی یارب چین ہوگا
یہ جائیگی مری بے تابیاں کب

پس وصال میسر مجھے وصال ہوا
مرے جنازے پہ بیٹھے رہے وہ ساری رات

جگر کو تھام کے دلکو دیا جو صبر تو کیا
تڑپ تڑپ کے گزاری تو کیا گزاری رات

وہ ناتواں ہوں کہ آیا نظر نہ موت کو میں
قضا پھری مرے بستر کے گرد ساری رات

سچ بتا کیا تجھے آیا غم دلدار پسند
جان ناشاد خوش آئی کہ دل زار پسند

کھلیگی حشر کو بلبل کی جب زبان صیاد
تو اپنی جان چھپائیگا تو کہاں صیاد

اسیر دام محبت ہے سو بلا میں اسیر
قفس سے کم نہیں بلبل کو آشیاں صیاد

کیا اعتبار دین کا عاشق کے زاہدا
یاد آئے ہے خدا بھی تو کافر کو دیکھکر

نظارہ ہمیں کرنے دے دم بھر تہ خنجر
آنکھوں پہ نہ رکھ ہاتھ ستمگر تہ خنجر

رسوا نہ کیا خون میں بھر کر تجھے قاتل
تڑپا نہ مرا لاشۂ بے سر تہ خنجر

انتقامِ ظلم کا محشر کو دعوی ہے مگر
چھپکے ہی رہجائینگے صورت تمھاری دیکھکر

وائے حال اُسکا کہ جسکو مدتیں یونہی ہوئیں
تم ابھی گھبرا گئے دل کی بیقراری دیکھکر

پاسِ ناموسِ محبت ہے تو غیرت کی ہے جا
اور کو چاہے ترا چاہنے والا ہو کر

ترے نزدیک ای زاہد بتانِ ہند کافر ہیں
مرے آگے خدا کا سجدہ ہو تو لکھے داہن

الفت کا امتحاں ہے اگر انتظار پر
سو جاں نثار وعدۂ دیدار یار پر

آئی تھی دل میں آئے تو جانے نہ دیجئے
یہ بھی پہنچ گئی خبر اُس بیخبر کے پاس

اب بجز یاس نہیں کوئی دلِ زار کے پاس
آنا باقی ہے قضا کا ترے بیمار کے پاس

کس گھڑی سے تجھے چاہا تھا ستمگر میں نے
کہ کبھی چین نہ آیا دلِ غمخوار کے پاس

کوئی اتنا نہیں کہنے کو اُلفت کسکو کہتے ہیں
یہ چرچا ہے محبت کا ترے بیمارِ ہجراں تک

کہو کہ الفت نبھے یہ کیونکر کہ ضد ہے دونوں طرف برابر
وہاں قرارِ وصال آخر یہاں قرارِ وصال اوّل

ملے جو ٹھوکر سے خاک میں ہم تو اُس کا باعث ہوا یہ عالم
وگرنہ کب دیکھتے تھے ہر دم تم اپنی مُڑ مُڑ کے چالِ اوّل

اِک گفتۂ رقیب اور اک آپ کی سمجھ
دشمن سے جاکے شکوہ تمھارا کیجئے ہم

قتل کر جلد کہ پُر حسرت و ارماں ہوں ہمیں
اے مری جان کے خواہاں ترا خواہاں ہیں ہمیں

ہائے کیا محوِ جمالِ رخِ جاناں ہوں ہمیں
آپ ہی آئینہ ہوں آپ ہی حیراں ہوں ہمیں

ناز اٹھائے نہ ترے کیا جو یہ تو کہتا ہے
چاہنے والوں کے منہ اور ہوا کرتے ہیں

خوش اپنی آہِ سرد سے کیا کیا نہیں ہیں ہم
دوزخ ملا تو اُس میں بھی جلتا نہیں ہیں ہم

نفس کی آمد و شد سے کشاکش تھی دلِ جاں میں
قیامت تھی مرے سر پر شبِ تاریکِ ہجراں میں

میں نہ ہاں جاؤں وہ یاں آئیں میں یہ ہے تو وہ واں
شوق دونوں کو ملاقات مقدر میں نہیں

تم جو کہتے ہو کہ غیر آپکو کیا کہتے ہیں؟
اپنی عادت سے ہیں لاچار بجا کہتے ہیں

قتل ہونے کو سمجھتے ہیں حیاتِ جاوید
ہم پئیں خون جگر غیر پئے ساغر مے
کن کے پالے مجھے ڈالا ہے خدایا تو نے
پھر کہوگے کہ مرا دھیان نہیں اور طرف
اے جذبِ عشق جان میں تجھپر فدا کروں
جستجو ہے مجھے اُسکی جسے پا بھی نسکوں
آدمی ہوں نہیں پتھر کا کلیجہ میرا
زندہ ہوں مُردہ سے بدتر کہ بجز دوشِ صبا
دی ہے کس بت کی محبت یہ خدایا تو نے
حلقہ ہائے خم زنجیرِ محبت تیرے
ہمکو تو صبر جبھی آئیگا اے جذبۂ دل
ہز شب عیش نہیں چارۂ دردِ ہجران
وعدۂ وصل کرے کیوں وہ ستمگر کہ اُسے
دل مرا اُلفت میں سرتاپا تمنا بن گیا
جو جفائیں غیر پر کرنی اُنھیں منظور تھیں
چارہ گر نے جو مرے سینہ سے کھینچا پیکان
ہنگامہ نہ کیوں ہو تری رفتار سے برپا
مرنے کی جو ٹھانونگا تو میں اُسپہ مرونگا
بادہ نوشوں کو نہ رُلوا میکدے کو توڑ کر
ہزار توبہ کروں اس کا کیا علاج کروں
روزِ محشر کی درازی اسقدر تھی مختصر

آبِ شمشیر کو ہم آبِ بقا کہتے ہیں
اسے کیا کہتے ہیں ظالم اسے کیا کہتے ہیں
گھولکر زہر پلاتے ہیں دوا کہتے ہیں
آپ کیا سنتے ہیں ہم آپسے کیا کہتے ہیں
گر اُنکے دل میں آئے کہ وعدہ وفا کروں
وہ تمنا ہے کہ جو دل سے مٹا بھی نسکوں
اسقدر تو نہ ستم کر کہ اُٹھا بھی نسکوں
میں دریار تلک آپ سے جا بھی نسکوں
وہ مجھے دل سے بھلائے میں بھلا بھی نسکوں
پاؤں پڑ کر ہمیں لائے ہیں تو ہم آئے ہیں
وہ کہیں آئیں ہم اور ہم کہیں منظور نہیں
جز وصال اور علاجِ دلِ رنجور نہیں
دل کسی طرح سے رکھنا مرا منظور نہیں
رنجشیں غم کی بھریں جتنی سب ارماں ہوگئیں
وہ بھی قسمت سے ہمیں پر روزِ ہجراں ہوگئیں
لختِ دل ساتھ نکل آئے لپٹ کر لاکھوں
محشر جو خدا کو یونہی منظورِ نظر ہو
اے موت تجھے کیا نہ تو اتنا مرے سر ہو
کوئی دن رہنے دے زاہد کعبہ کی بنیاد کو
جھکاؤں سجدے میں سر دل خم شراب میں ہے
دیکھنے پائے نظر بھر کر نہ ہم دلدار کو

ہمسے بیتابِ تمنا حشر میں گر جائینگے
نہ ملائے اُس سے مجھے خدا یہی آپکا تو کلام تھا
یاں نالے میں اثر ہے تو ہونیکا کچھ نہیں
رہنے بھی دو یونہی مرے حالِ خراب کو
جیتا نہ پائے گر تو مجھے آکے نامہ بر
لبوں تک آئے ہیں نالے وہ آ نہیں سکتے
کہاں وہ شوخِ ستمگر کہاں مرا پہلو
تمہارے وعدے سے تسکین ہے گو وہ جھوٹے سہی
محبت اسکو کہتے ہیں تری خاطر سے اے ظالم
بتوں سے اب رہ و رسمِ پیام کیونکر ہو
زمیں سے اُگتا وہاں لالہ زار کیوں نہ رہے
رہے جو پاس تو چشم اشکبار کیوں نہ رہے
جفا سہی تھی تو دشمن کے کیوں بنے دشمن

ایک کی سُننے نہ دینگے داورِ داد ار کو
وہی اب ہیں آپ ہی حیا متین ہو کہ نہ یاد ہو
واں اُنکے دلمیں غیر کی اُلفت ہوئی تو ہو
جینے دو کوئی دن کسی حسرت مآب کو
پڑھیو بجائے فاتحہ خط کے جواب کو
اُنھیں کو راز کا پردہ نہو تو کیونکر ہو
سمجھ سے بات ہے باہر یہ ہو تو کیونکر ہو
اگر نہ اتنا بھی تم دل رکھو تو کیونکر ہو
اُٹھا لیتے ہیں ہم احسان سمجھکر ظلمِ دشمن کو
خدا جو کام بگاڑے وہ کام کیونکر ہو
جہاں گڑیں ترے کشتے بہار کیوں نہ رہے
بنے جو دل پہ تو جاں بیقرار کیوں نہ رہے
وہ چاہتے تھے تو تم دوستدار کیوں نہ رہے

مل گئے گر خاک میں تو کیا ہوا

بے نشانوں کی نشانی اور ہے

ستم یہ ہے کہ وہ ہمپر تمام ہوتے ہیں
آئینہ دیکھتے ہو تم مجھے ڈر رہتا ہے
دامن اُس شوخ ستمگر کا نہ چھوڑونگا میں
اے صبا خاک ہماری بھی وہاں تک پہنچا
دل ترا غیر پہ اے کاش کہ شیدا ہو جائے
عشق وہ شے ہے کہ تاثیر اُسے ہووے نہ ہووے
جا چکے جان شبِ غم میں کہیں جائے عذاب

ستم جو چاہئیں دشمن کے امتحان کیلیے
اسکے پَرتو سے کہیں رنگ نہ میلا ہو جائے
آج جو ہو مری تقدیر کا ہونا ہو جائے
بے ٹھکانے ہیں ہمارا ابھی ٹھکانا ہو جائے
میرا سا حال ہو میری سی تمنا ہو جائے
ہُوں میں ناپید تو اُلفت مری پیدا ہو جائے
کام تیرا دلِ ناکام تمنا ہو جائے

دل جگر سینے میں بے آگ جلے جاتے ہیں
پھونکے دیتی ہے مری آہ شرربار مجھے

شوقِ نظارہ دمِ نزع بھی ہے یار مجھے
مرنے دیتی ہی نہیں حسرتِ دیدار مجھے

خاک ہو کر ترے کوچہ میں اُڑا پھرتا ہوں
اب بھی پھرتی ہے لیئے حسرتِ دیدار مجھے

گر یہی دل کی طپش ہے تو خدا خیر کرے
رات کٹتی نظر آتی نہیں زنہار مجھے

نازبردارِ محبت کا نہ دل توڑنا تھا
ترک کرنا تھا جفا کو نہ کہ لے یار مجھے

کھوٹے داموں کوئی لیوے تو میں دیدوں تجھکو
کہ بہت تُو نے ستایا ہے دلِ زار مجھے

پُوچھے گر حال مرا داورِ محشر سو بار
تو بھی شکوہ نہ ترا مجھسے ستمگر ہووے

دشمنِ جان تو اپنے تھے نہ بیگانے تھے
دلِ بیتاب کو ٹکڑے مرے اُڑوانے تھے

دستِ گلِ خوردہ خدا کو نہیں دکھلانے تھے
ہاتھ خالی بھی تو دنیا سے نہ لیجانے تھے

ہائے اُسکی در و دیوار سے باتیں کرنی
ہمتو اپنے دلِ بیتاب کے دیوانے تھے

شعلۂ آتش فشاں ہے برق ہی سیماب ہے
دیکھو تم لیلو کہ یہ بھی چیز اک نایاب ہے

آئینہ دشمن کو دکھلاؤ کہ ہو غیرت سے غرق
تم نہ دیکھو اسکو اس میں قدِ آدم آب ہے

آ دیدۂ تر سر سے گزرنے کو ہی پانی
میرا ہی ڈبونا تجھے منظورِ نظر ہے

پہنچانے چلے وہ تو ہوا ساتھ زمانہ
ہنگامۂ محشر مرے ہنگامِ سفر ہے

گو آپ یہ کہویں کہ نہیں کچھ مجھے منظور
وہ میری نظر میں ہے جو منظورِ نظر ہے

قرارِ وصل پہ منہ سے نہیں تو کی تونے
ہزار شکر کہ لائق تری نہیں کے ہوئے

دم تو لیا جو ملکِ عدم کو پہنچ گئے
چکر سے تیرے گردشِ دوراں نکل گئے

ہنستے ہوئے ہستی کے چمن سے نکل آئے
اچھا ہوا ہم رنج و محن سے نکل آئے

وحشت اسے کہتے ہیں پس از مرگ بھی ہیں
تار اپنے گریبانِ کفن سے نکل آئے

سختِ جگرِ اشک کی سنکر مرے تعریف
معدن سے گہر لعل یمن سے نکل آئے

دیکھا نہ گیا چشمِ عدو پر تیرا دامن
منہ ڈھانک کے ہم اپنا کفن سے نکل آئے

آتے ہی آتے موت کے یہاں عمر ہو چکی
دل میرا دیکھنا کہ ترے رنج کے لیئے
پہنچا دیا مراد کو حسرت نے دید کی
انساں کو لاکھ طرح کا ہو عیش ای حیا
یہاں رنجِ ہجر تھا تو لحد میں ہو خوفِ حشر
دیا فراق سدا وصلِ یار کے بدلے
مر جائینگے پر عشق ہم اصلا نہ کرینگے
لب تر کیا نہ آبلۂ پا نے خار کا
کافر ہوں گرچہ دل میں ہو جینے کی آرزو
نگہ غور سے گر سینے میں دیکھے دل کو
ناتوانی کے سبب بیٹھنے اٹھتے ہر بار
مژدہ اے ولولۂ جوشِ جنوں آئی مراد
شعلہ رُو گھر سے نکلتے نہیں از خود انکو

جو ہے سو میری جان کو غفلت شعار ہے
مرنا رقیب کا بھی مجھے ناگوار ہے
آنکھوں کی راہ جانِ پُر ارمان نکل گئی
پر دیکھیئے تو شائی تقدیر دیکھیئے
ہم تو کسی طرح سے نہ چھوٹے عذاب سے
لیئے فلک نے یہ کس روزگار کے بدلے
جیتے ہیں تو دل کا کبھی کہنا نہ کرینگے
شرمندگی ہوئی مجھے صحرا کے سامنے
ہم کیا کرینگے جا کے مسیحا کے سامنے
کبھی لیلیٰ کے نہ مجنوں پس محمل آئے
ہم ترے کوچہ میں ای یار بمشکل آئے
کہ وہ میرے لیئے خود لیکے سلاسل آئے
ہوسِ گرمی بازار لیئے پھرتی ہے

پڑے اِس ہیں جو مشتِ خاکِ عاشق
دیا آگے رقیبوں کے خط اسکو
موت ہی چارہ سازِ فرقت ہے
ہدفِ تیر لوحِ تربت ہے
ہو چکا وصل وقتِ رخصت ہے
روز کی داد کون دیوے گا
کارواں عمر کا ہے رخت بدوش
سانس اک پھانس سی کھٹکتی ہے

تو دریا بوند بھر پانی کو ترسے
خدا سمجھے ہمارے نامہ بر سے
رنج مرنے کا مجکو راحت ہے
بعد مُردن بھی یہ عداوت ہے
اے اجل جلد آ کہ فرصت ہے
ظلم کرنا تمھاری عادت ہے
ہر نفس بانگِ کوسِ رحلت ہے
دم نکلتا نہیں مصیبت ہے

تم بھی اپنے حیا کو دیکھ آؤ

ہزار جان سے صدقے ہزار دل سے فدا

یارب وہ دن دکھا کہ منت بلائیں وہ
عیسیٰ نے پہلے کشتے ترے کون سے جلائے

جانید سے جاتے ہیں جو گھر اپنے وہ جذب دل
یونہیں مٹانا ہی خوب شرکا و گرنہ دیکھے گا وان زمانہ

حیا کہو اب تبان چمن سے تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش
تجھے غرض پند کرنیسے کیا مگر یہ مطلب اس بہانے

مصیبتیں بھی سہی ہیں سب نے ہوئی ہے الفت میں سبکو حسرت
حیا کی جان جگر پہ کسنے نہ ظلم توڑا تری گلی میں

چشم حسرت سے عدو کیا سر بسر دیکھا کیے
اک سہارا وعدۂ امروز و فردا کا رہا

غیر و نپہ لطف کرکے نہ ہر دم دکھا مجھے
دیتا ہے امتحان محبت مزا مجھے

شوق وصال یار نہ ہر دم دلا مجھے
میں جانتا تھا یہ کہ مرے ساتھ ہی یہ وضع

لوٹا کروں میں بستر ہجراں پہ تاب کے
دل حیرت زدہ جھپکائے ہمارا کیا آنکھ

آتے اسے دیکھا تو اک آفت نظر آئی
وہ بت نمک افشان جو ہوا سینہ پہ میرے

اس بت کی تہ تیغ جو ہیں سر کو جھکایا

آج اسکی کچھ اور حالت ہے

ہم اپنے شوخ بت شرمگیں کے اوپر سے
اور ہم کہیں کہ شوخ سمن بر پھر آئیں گے

ناحق اب آسماں سے اتر کر پھر آئینگے
تاثیر تجھ میں ہے تو پلٹ کر پھر آئینگے

چلیگی جو کچھ کہ روز محشر ہماری تمسے تمہاری ہمسے
کہ دوستی اب تلک بھی بے ثمر ہماری تمسے تمہاری ہمسے

اٹھانے آتا ہے ناصحا تو بھی رسم الفت کے ڈھنگ ہمسے
آپہی میں کس غضب میں ہیں کہ فرصت اکدم نہیں ہے غم سے

کسی سے بولا نہ مرتے مرتے وہ تھا ہی کچھ خوب جانتے دم
دیر تک زخم جگر کو چارہ گر دیکھا کیے

ہم تو یوں ہی جذبۂ دل کا اثر دیکھا کیے
کھوتا ہے اپنے ہاتھ سے کیوں دلربا مجھے

جی چاہے جب تلک ترا تو آزما مجھے
جینے دے کوئی دن فلک فتنہ زا مجھے

حال رقیب دیکھ کے صبر آگیا مجھے
اے چرخ اس سے خاک ہی میں تو ملا مجھے

چشم آئینہ میں خواب آئے یہ کہا ممکن ہے
مرنے بھی نہ پائے کہ قیامت نظر آئی

زخموں کی جراحت مجھے راحت نظر آئی
جنت مجھے ہنگام شہادت نظر آئی

رہتے ہو کہاں ہمکو تو بتلاؤ حیا تم
سنوائی ہمدموں نے تو لیسین وقتِ نزع

اے چرخ اور بھی تو ہیں عاشق جہان میں
دکھلاتے پھرتے ہیں وہ زمانہ کو میری لاش

اب جانِ پر ملال کے لالے ہیں ای حیا
قسم کھاتا ہوں میں تمکو محبت ہی رقیبوں سے

ہنگامِ نزع دیتے ہیں تسکیں عبث رفیق
مڑ مڑ کے دیکھتے ہیں وہ حسرت سے اپنی چال

اُلٹی چھری سے ایک تو کاٹا گلا مرا
توبہ دھری رہے جو وہ آ بیٹھے اسے حیا

حالت نہ کیوں ہو غیر دلِ بے قرار کی
اب کیا دھرا ہے دیتے ہو تیغِ نگاہِ یار

اللہ رے سوزشیں نفسِ شعلہ بار کی
اے چرخ ابھی ملا نہ مری خاک خاک میں

رہ رہ کے دشت گردی کی آتی ہے جی میں لہر
کس کس سے روزِ حشر کو دامن چھٹاؤ گے

ناکامِ تمنا ہوں مری آس نہ توڑو
اُلفت اسے کہتے ہیں کہ آپے میں نہیں تم

وعدہ کیا ہے ایکدن آنیکا یار نے
کیا جانے روزِ حشر کو کُھلتی نہ کھلتی آنکھ

رہا نہ داغ سے خالی کبھی ہمارا جگر

مدت میں ہے آج آپکی صورت نظر آئی
اور ہم یہ دل میں سمجھے کہ خط کا جواب ہے

یا کچھ ہمارے جی کا جلانا ثواب ہے
کیسا گلی گلی مرا مردہ خراب ہے

کہتے نہ تھے کہ دل کا لگانا عذاب ہے
نگاہِ شرمگیں رمز بیں کہے دیتی ہے چاہت کی

اب وہ کب آئے کب مرے عقدہ کشا ہوئے
اپنے خرامِ ناز پہ آپ ہی فدا ہوئے

تڑپا جو میں تو اور وہ اُلٹے خفا ہوئے
ہے کسکو اعتبار کہ تم پارسا ہوئے

آنکھوں کے آگے پھرتی ہے تصویر یار کی
اِک جان تھی سو پہلے ہی تجھ پر نثار کی

پھونکیں ہیں ہڈیاں مرے جسمِ نزار کی
کھا لینے دے ہوا کوئی دن کوئے یار کی

بے چین کرتی ہیں مجھے موجیں بہار کی
لی ہیں تمہارے ناز نے جانیں ہزار کی

ٹھیرو کہ کوئی دم کے دم اور آہ و فغاں ہے
بیٹھے مرے پہلو میں ہو دشمن کا بیاں ہے

دو بھر نہیں ہیں اب ہمیں برسوں گزارنے
اچھا ہوا اُڑا دی جو نیند انتظار نے

چراغ عشق کا جلتا رہا سدا ہم سے

لبوں پہ جان ہے اسیر یہ کہہ نہیں سکتے
کہ اب سہا نہیں جاتا ستم ترا ہمسے

جیئے تو ہم شبِ فرقت ہیں پر بُرے احوال
بنی یہ شکل کہ ڈرنے لگی قضا ہم سے

محبت اب نہیں کرنیکے چرخ جانے دے
کہ آدمی ہی تو تھے ہوگئی خطا ہم سے

حیا بتوں کو ہم ایمان تک تو دے بیٹھے
رہا وہ کیا کہ جو راضی رہے خدا ہمسے

دُنیا نہیں کہ جامے سے باہر نکل پڑے
مشکل پڑے گی حشر میں گر ہم مچل پڑے

یوں سینے کو ستم ترے سہتے ہیں غیر پر
میری طرح سہیں تو کلیجہ نکل پڑے

وہ آنکھ کیا جو روئے ہر اک بت کیواسطے
کس کام کا وہ دل کہ ہر اک جا پھسل پڑے

انتخاب از دیوانِ دوم مرزا حیا دہلوی غیر مطبوعہ

یہ جمال گر نہ ہوتا تو یہ بات بھی نہ ہوتی
کہ پرائے دل پہ ظالم تجھے اختیار ہوتا

حشر کچھ دنیا نہیں جو ظلم وہاں ہو جائیگا
ہم بھی ہونگے تم بھی ہوگے سب عیاں ہوجائیگا

سُنتے ہیں موقوف ہونے کو ہے کعبہ کا سفر
سنگِ اسود اُسکا سنگِ آستاں ہوجائیگا

یہاں تو یہ بھی تھا جفا کی چلدیا گھر چھپ رہا
عرصۂ محشر میں ظالم گم کہاں ہوجائیگا

ہم بتادیں غیر کے ملنے کی تدبیر آپ کو
گر پڑو پاؤں پہ جاکر مہرباں ہوجائیگا

دیکھے ارمان جان کے ہمراہ لیجائے اجل
یہ اگر رہ جائینگے مُردہ گراں ہوجائیگا

جسنے کاٹا ہی گلا محشر میں کہدیگا وہی
یہ جو خنجر ہے ترا تیری زباں ہوجائیگا

آنکھوں آنکھوں میں شتابی حشر بچ جائینگے
دل ہی دلمیں سب حسابِ دوستاں ہوجائیگا

دل تو اندھا ہوگیا ہی اُسکی اُلفت میں حیا
اِسکی باتوں میں نہ آجی کا زیاں ہوجائیگا

مجھے بھی قیس جانا ہے جنونِ عشق نے شاید
زباں پر نام تو لائے مرے چاکِ گریباں کا

ہماری سخت جانی نے یہ صورت کی دمِ کشتن
کہ دانتے پڑگئے منہ پھر گیا شمشیر بُراں کا

اسیرانِ محبت کی الٰہی خیر تو کیجیو
کہ بیوقت آج اُس ظالم نے کھولا قفل زنداں کا

وہ اپنی جنبشِ ابرو پہ اب افسوس کرتے ہیں
سمجھنے والا ٹکڑے ہوگیا اس رمزِ پنہاں کا

محبت میں عدو کی کچھ نہیں ہوش اے حیا اُنکو
بیاں کرتے ہیں وہ ہم سے شبِ عشرت کے ساماں کا

دل میں ہے کاٹکر میں زباں اپنی بھیجدوں
پیغامبر سے حال سنایا نہ جائے گا

کیا مانگتے ہو سینے میں کیا ہے دھرا ہوا
اک داغ ہے سو وہ بھی تمھارا دیا ہوا

اُس کہتے ہیں اسے ساتھ لیے کہتے ہیں
دم ہمارا ترے پیکاں کے برابر نکلا

جب نالہ کھینچا آگ سی سینہ میں لگ گئی
جب آہ کی دھواں سا دہن سے نکل گیا

اپنے شکستِ عہد کا کچھ بھی نہیں خیال
ہمپر ستم جو شکوہ دہن سے نکل گیا

سینہ میں آج ازسرِ نو پھر خراش ہے
شاید کہ تیر زخمِ کہن سے نکل گیا

اقرارِ وصل کیسا وہ انکار کر چکے
جو دل میں تھا وہ اُنکے دہن سے نکل گیا

برچھیاں دل میں لگاتی ہیں نگاہیں نیچی
دیکھیے اُٹھے جو اندازِ نظر کیا ہوگا

لاگ وہ آگ نہیں ہے کہ بجھانے سے بجھے
عشق وہ شعلہ نہیں ہے کہ جو پنہاں ہوگا

وہ جفا کیش خبر بھی نہوا اور ہم نے
جان دی تھی یہ سمجھکر کہ پشیماں ہوگا

شیطان کو پیر جان کے بیعت کی شیخ نے
مرشد وہ تھے کہ لیگئے ایمان مرید کا

اب کوئی دم کی ہے مہمان مری ناکامی
مژدہ اے شوقِ شہادت کہ وہ جلاد آیا

اے حیا ہم تو نہ محشر میں بھی منھ سے بولے
پاسِ رسوائی قاتل دمِ فریاد آیا

کیا ہوا اگر وصالِ یار ہوا
زیست کی طرح مستعار ہوا
وصل سے اور بڑھ گئی حسرت
صبر آیا تو بے قرار ہوا

ملتے ہیں وہ کیا کیا کفِ افسوس مرے بعد
ناپید بھی ایسا ہوں کہ پیدا نہیں ہوتا

دل وصل کا جویا ہے تو نظارہ کی آنکھیں
کس کس کا خیال مجھپہ تقاضا نہیں ہوتا

جب وصل کا خیال کیا ہو گیا وصال
جب آنکھ ہمنے بند کی دیدار ہو گیا

تھے اک نگاہ میں مرے عقدے تمام حل
اتنا سا کام آپ کو دشوار ہو گیا

اللہ رے درازیِ افسانہائے غم
محشر بھی ہو چکا مرا قصہ نہو چکا

ہاتھ سینے پہ رہا بعدِ فنا بھی تا حشر
کرلیا وعدۂ وصل اور ملائی نہ نگاہ
یہ بات کیا ہے! جو ہر بات پر بگڑتے ہو
نہ ہو قتل کا حشر میں کوئی شاہد
کہاں بھی سرِ طور برق تجلّی
آج تو خاتمہ ہے کیوں مجھے دم دیتے ہو
ہم بھی ہنگامۂ محشر میں دہائی دینگے
نہ موت ہجر میں آئی نہ مجکو خواب آیا
آنسو نہ پوچھنے کوئی غمخوار آئے گا
کس کس کے منہ پہ حشر میں رکھتے پھروگے ہاتھ
دیکھینگے کیا تو حشر میں اور کیا کہینگے ہم
جاگے ہوئے فراق کے چونکینگے حشر کو
اِتنے پڑینگے ہاتھ گریباں میں حشر کو
بتخانہ وہ مقامِ عبادت ہے زاہدا
روزِ جزا ہے آج تو ظالم نہ چوکیو
شامِ شب فراق مجھے موت آگئی
خاک آسماں کی آنکھوں میں ڈالی غضب کیا
ساتھ ہی دل کے جگر بھی کر ہدف
ہے یہ عصائے سبز جو واعظ کے ہاتھ میں
خواب میں رات وہ گیسو نظر آئے سنتے حیا
کہاں یہ اندازِ حسن نہ اہدا! گی بھی کبھی کہا کر

گور میں بھی دلِ بیتاب سے ہشیار رہا
دل سے اقرار رہا آنکھ سے اِنکار رہا
یہ شیوہ کیا ہے کہ جو تم نے اختیار کیا
مگر ہم نہ چھوڑینگے دامن کسیکا
وہ تھا سایۂ روئے روشن کسیکا
ہو چکا حشر تو پھر وعدۂ فردا کیسا
تم بھی دیکھوگے کہ ہوتا ہے تماشا کیسا
یہ کس عذاب میں ہوں میں کیا عذاب آیا
پھر کام آئے گا تو دلِ زار آئیگا
ہر شخص وا کئے لبِ اظہار آئیگا
اُس دن کی کیا خوشی کہ جو اک بار آئیگا
جو آئیگا وہ نیند میں سرشار آئیگا
ہر غمزدہ کے حصہ میں اک تار آئیگا
تُو بھی گلے میں ڈالکے زنّار آئیگا
ہاتھ اَے حیا نہ وقت یہ زنہار آئیگا
اچھا ہوا کہ ہونے نہ پائی تمام رات
پہنچا گلی میں اسکی ہمارا غبار آج
اور اک ترکش سے ظالم تیر کھینچ
اِک یہ بھی ہے حیا شجر مکروفن کی شاخ
صبح اُٹھتے ہی مرے سامنے آئی زنجیر
کہاں خدا اور کہاں وہ کافر خدا خدا کرخدا خدا کر

ملے ہم جو دوزخ میں جا کر بتوں سے ۔ تو زاہد ہُوا خاک جنت میں جل کر

کون کہتا ہے کہ تم گھر سے نہ نکلو باہر ۔ ہم تو کہتے ہیں کہیں جاؤ نگریاں ہو کر

یہ میدانِ محشر ہے دُنیا نہیں ہے ۔ کہ جھگڑے اُٹھا لو گے گھر سے نکل کر

اُدا سے جان لیتے ہیں اجل کا کام کرتے ہیں ۔ وہ اپنے سر کی یہ تہمت پرائے سر پہ دھرتے ہیں

وحشت کے ہاتھ ٹوٹیں جب دلکو چین آئے ۔ سو چاک ہیں جگر میں سو چاک پیرہن میں

دریائے غم کی لہریں اے دل بُری بلا ہیں ۔ رکھنا قدم سنبھل کر اِس بحرِ موجزن میں

ہم سے زنداں میں عدو کو نہیں دیکھا جاتا ۔ اُسکو گرفتہ کیا ہے ہمیں آزاد کریں

جان و دل کر چکے پہلے ہی فدا اُسپہ حیا ۔ اب دھرا کیا ہے جو ہم خاطرِ صیاد کریں

یارب مرے لیئے تو قیامت ہو چند بار ۔ یعنی مرا بیانِ ستم مختصر نہیں

شبِ غم کچھ تو یہ حالت ہے کہ سب گریاں ہیں ۔ منہ مرا دمبدم ارباب وطن دیکھتے ہیں

بولتے منہ سے نہ کچھ یار کے مُنہ کو تکتے ۔ آئینہ بھی تو خدا نے نہ بنایا ہمکو

اک بات پوچھتا ہوں اگر تم خفا نہ ہو ۔ انسان کیا جو وعدہ کرے اور وفا نہ ہو

سو بار حشر ہو مرا جھگڑا ادا نہ ہو ۔ سو بار فیصلہ ہو مگر فیصلہ نہ ہو

تم آؤ تو سہی مجھے صبر آ ہی جائیگا ۔ ممکن نہیں مرض کی دوا ہو شفا نہ ہو

ضرب المثل ہے ہوتے ہیں معشوق بیوفا ۔ یہ کچھ تمھارا ذکر نہیں ہے خفا نہ ہو

حُور بنکر مرے لینے کو قضا آتی ہے ۔ نفسِ سرد سے جنت کی ہوا آتی ہے

آج ہی دل کی نکالو حسرت ۔ کل تو سُنتے ہیں قیامت ہوگی

بالیں سے ساری رات نجانے دیا اُسے ۔ صد آفریں ہے اے نفسِ واپسیں تجھے

کہیئے کہ بازپُرس قیامت میں کس سے ہے ۔ اَب کون آنکھ نیچے کیئے شرمسار ہے

ٹھنڈے سانسوں نے بھی نہ کی تاثیر ۔ کم مری سوزشِ جگر نہ ہوئی

کون رویا نہ میری میت پر ۔ لیکن اُس بُت کی چشم تر نہ ہوئی

علاج اس کا نہ ہوگا چارہ گر سے	رِلا ہے چاک دل چاکِ جگر سے
نہ سینہ چاک ہے میرا نہ پہلو	نگاہیں لیگئیں دلکو کدھر سے
اُس کے کوچے میں سمانا مری تقدیر میں تھا	ورنہ کیا بوجھ تھا مجھ میں کہ زمیں بیٹھ گئی
صدمۂ ہجر سے گو جانِ حزیں بیٹھ گئی	دل سلامت رہے ہمت تو نہیں بیٹھ گئی
آج کل موت کو جانا کہیں پڑتا ہی نہیں	آئی اور کوچۂ قاتل کے قریں بیٹھ گئی
جان پر کھیل کے ارمان نکالا دل کا	آج ہم خنجرِ قاتل کے گلے سے مل آئے
ابھی وہ کئے ہیں دلکو قلق ابھی سے ہے	ابھی گئے بھی نہیں رنگ فق ابھی سے ہے
داغ سینے کے آبلے دل کے	پکے پھوڑے ہوئے ہیں چھل چھل کے
ایسے ہوتے ہیں ولولے دل کے	کیسے ٹکڑے کیئے سلاسل کے
داغ سینے کے دل کے سوکھ گئے	پھول پژمردہ ہو گئے کِھل کے
رفتہ رفتہ عدم کو پہنچیں گے	سب مسافر ہیں ایک منزل کے
دوست کیسے قضا آکے پھری	کوئی آیا نہ وقت مشکل کے
ہو لیا ساتھ اُس ستمگر کے	دل نے مارا مجھے حیا دل کے
جگر پر کبھی ہاتھ دل پر کبھی	یونہی پیٹتے عمر بھر ہو گئی
نگاہِ وفا کا کسے اعتبار	جدھر تم نے دیکھا اُدھر ہو گئی
دمِ قتل دیکھی جو حسرت مری	تو قاتل کی بھی چشم تر ہو گئی
محبت میں وعدے سے پھرتے نہیں	ہوئی بات جو فتنہ گر ہو گئی
محبت بلا جی کی ہو جائے گی	حیا گر فلک کو خبر ہو گئی

حیات - مولوی محمد حیات خان ولد سید احمد خان رامپور کے رہنے والے پڑھے لکھے آدمی تھے - فن سخن میں ملک الشعرا خاقانیِ ہند ذوق دہلوی کے شاگرد تھے - اکثر نعتیہ کہتے تھے - فارسی میں بھی شعر کہنے کا شوق تھا سنہ ۱۲۸۰ھ میں انتقال

کیا۔ تین شعر درج ذیل ہیں۔

دیا ہے خلعتِ نور اُسکو حق نے مجھکو اُس چاند کے تصور نے	نچھوڑا جس نے دامانِ محمد شب دیجور میں دکھایا چاند
جو نکہت اُس گلِ رعنا کے پیرہن میں ہے	نہ نسترن میں نہ گل میں نہ یاسمن میں ہے

حیدر

حیدر۔ نواب علی حیدر خان صاحب حیدر بریلوی شاگرد حضرت عبدالقادر خان صاحب وحشی رامپوری۔ زیادہ حالات معلوم نہیں۔ دو شعر بطور نمونۂ کلام درج ذیل ہیں ؎

کثرت عشاق کا احوال کیا کیجے بیان محتسب بھی مست ہو کر توڑتا ہی جام ہے	کوئے جاناں پہ گماں ہے مصر کے بازار کا شیخ جی! دیکھا اثر یہ خانۂ خمار کا

حیدر

حیدر۔ میر حیدر علی خان لاہوری حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی کی اولاد میں تھے۔ عیش و آرام سے زندگی بسر کرتے تھے۔ بسا اوقات دہلی میں بھی رہا کرتے تھے۔ ایک مدت شاہزادۂ شگفتہ بخت کے ساتھ بنارس میں مقیم رہے۔ زیادہ حال معلوم نہیں طبقہ دوم کے آخر شعرا میں تھے۔ یہ اُن کے اشعار ہیں۔

یہ رُتبہ رفتہ رفتہ عشق نے پہنچا دیا اپنا ارادہ ہے بیڈھب کچھ اُس چشمِ تر کا لے سنگِ وحشت مجھپر ہر خاص و عام نکلا دِل سلامت رہے پھر ہمکو ہیں دلدار بہت	کہ رونے پر مرے اب چاک ہنستا ہے گریباں کا خدا حافظ آج اپنے دیوار و در کا بارے جنوں کی دولت اپنا تو کام نکلا جب ہوئی جنس بکاؤ تو خریدار بہت

حیدر

حیدر۔ دلیر الدولہ محمد علیخاں فیروز جنگ بہادر نیشاپوری۔ معروف بہ مرزا حیدر خلف نواب رستم الملک مرزا محمد تقی خان ترقی۔ باشندۂ فیض آباد مقیم لکھنو۔ محمد رضا برق کے شاگرد تھے۔ بڑے ذی علم۔ ذکی، فہیم۔ اور نکتہ نواز فیاض رئیس تھے۔ شعرا اور دیگر باکمالوں کے بڑے قدردان تھے۔ لطف النسا بیگم جنھیں نواب بہو بیگم

صاحبہ مادر آصف الدولہ نے بیٹی بنا لیا تھا ان سے منسوب تھیں۔ اُنکی اولاد لکھنؤ میں اب تک موجود ہے اور بیش قرار وثیقہ پاتی ہے ۱۲۷۶ھ میں انتقال کیا۔ شعر و شاعری کا بہت شوق تھا۔ مرزا اعلیٰ جاہ اور مرزا والا جاہ انکے صاحبزادے تھے نواب مہدی حسین خاں آغا تو صاحب مرزا اعلیٰ جاہ کے لڑکے ہیں۔ چند اشعار اُنکے انتخاباً درج ذیل کیے ہیں ✦

اُسے بچپن ہی میں کہتے تھے یوں ہم شادماں ہو کر	کہ یہ اک آفت جانِ جہاں ہو گا جوان ہو کر
جگہ دی چشم و دل میں آپ کو ہم نے نہ یہ سمجھے	کہ مالک آپ بن بیٹھیں گے گھر میں میہماں ہو کر
سخاوت دشت گردی میں قدم کے ساتھ ہے اپنے	ہوا خاروں کو خلعت اپنا دامن دھجیاں ہو کر
نہ ہوتا تو کبھی گر برق کا شاگرد اے حیدر	جلاتا دشمنوں کو کس طرح آتش زباں ہو کر
کبھی میخانے میں جاتے ہیں کبھی کعبے میں	مل ہی جائیگا ترے گھر کا پتہ ایک نہ ایک
وہ یہ کہتا ہے کہ ہے پاس تمھارے دل و دیں	دو تم ان دو میں سے ہمکو بھی بھلا ایک نہ ایک
ایک سے اشک گرے دوسری میں بھر آئے	چشم کا جام رہا اپنے بھرا ایک نہ ایک
لاکھوں بسمل ترے کوچے میں تڑپتے ہیں مگر	سر بکف اسپہ بھی آتا ہے نیا ایک نہ ایک
قیس و فرہاد پہ کیا عشق ہوا اور دنیا ہو	اب بھی کر جاتا ہے یاں نامِ وفا ایک نہ ایک

حیدر

حیدر۔ میرزا حیدر شکوہ حیدر گورگانی۔ نبیرۂ مرزا سلیمان شکوہ۔ خلف شاہ عالم ثانی غدر سے آٹھ دس سال پیشتر اپنے بھائی مرزا نور الدین شاہی کے ہمراہ لکھنؤ سے دہلی آئے تھے۔ حضرت بہادر شاہ کے مزاج میں بہت دخل کر لیا تھا۔ انھیں کی تحریک و صحبت سے بادشاہ کے خیالات شیعہ مذہب کی طرف رجوع ہو گئے تھے کچھ عرصہ قیام کے بعد لکھنؤ چلے گئے۔ فنِ سخن سے رغبت تھی۔ چند شعر نظر سے گزرے اُن میں سے ایک شعر انتخاب کر کے درج کیا جاتا ہے ✦

ناز سے جب وہ چلتے ہیں پازیب سے آتی ہے یہ صدا	کافر کہیے اُنکو جو انکارِ قیامت رکھتے ہیں

حیدر

حیدر۔ آغا سید برہان الدین حیدر خان حیدر نبیرۂ صمصام الدولہ سید علی نقی خان

نیشاپوری۔ بعد انتزاع سلطنت اودھ نواب کلب علیخان والئی رامپور کی مصاحبت میں داخل ہو گئے تھے۔ منیر شکوہ آبادی سے تلمذ تھا۔ سنہ ۱۲۹۰ھ میں ۵۲ برس کی عمر تھی انکے بیٹے ننھے آغا جمیل تخلص کرتے تھے۔ یہ انکا کلام ہے:-

اب سمجھے ہم کہ ہجر ہی کا نام تھا اجل	تم سے چھٹے تو تفرقۂ جان و تن ہوا
شاکر ہے ظاہر و باطن میں نہ کچھ فرق رہا	ہو گیا چاک گریباں بھی جگر کی صورت
ہم بھی تو ہیں سر ہاتھ پہ رکھے ہوئے حیدر	کیا ڈر ہے جو سیدھی نہیں قاتل کی نظر آج
گریاں رہے کل تک دل گم گشتہ کی خاطر	کیا چاک کو روئیں گے مرے دیدۂ تر آج
کس طرح رہا یاد مجھیں خانۂ عاشق	اے جان جہاں بھول کے آئے ہو کدھر آج
دوستی داغ سے جگر کو ہے	درد سے دل نے آشنائی کی

حیدر

حیدر۔ عالیجناب نواب حیدر علیخاں بہادر خلف اصغر نواب یوسف علیخان بہادر والئی رامپور۔ آپ سنہ ۱۲۶۳ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ نواب فردوس مکان نے نہایت توجہ سے جملہ علوم و فنون انھیں تعلیم کرائے بیس برس کی عمر تھی کہ سایۂ پدری سر سے اُٹھ گیا اور انکے بڑے بھائی نواب کلب علیخاں مسند نشین ہوئے۔ تھوڑے ہی دنوں میں اُن سے ناچاقی ہو گئی اور مخاصمت اس حد کو پہنچی کہ انھیں ریاست چھوڑنی پڑی۔ مدتوں کلکتے مرشد آباد دکن مختلف مقامات میں پھرتے رہے۔ بالآخر بعض اعلیٰ حکام کی وساطت سے نواب کلب علیخاں سے مصالحت ہو گئی اور ریاست میں چلے آئے۔ پھر چند سال بعد ضلع بدایوں میں ایک وسیع قطعۂ اراضی خرید کر (جسکا ملبسی نام ہے) اُسے اپنا دیا نگاہ بنایا اور تا دم آخر وہیں رہے۔ علمی استعداد نہایت معقول تھی۔ نظم و نثر دونوں میں اچھا ملکہ حاصل تھا۔ جادۂ تسخیر نام افسانہ آپ ہی کی تصنیف سے ہے۔ فن سخن میں آپ ز کی کے شاگرد تھے اور فی الجملہ نہایت طبیعت دار ذہین رئیس تھے۔ انکی تصانیف میں نازک خیالی بندش کی نفاست۔ اور زبان کی صفائی کے علاوہ بیان کا طریقہ نہایت دلکش اور موثر

ہے - آپ نے سنہ ۱۹۰۲ء میں بعمر ۷۰ سال انتقال فرمایا - ۴ وہ صاحبزادے یادگار چھوڑے
خلف اکبر چھمن صاحب راقم سے ملاقاتی ہیں - افسوس کہ صرف چند شعر ملے حاضر کیے جاتے ہیں

بامزہ زیست کا قسمت میں جو ساماں ہوتا	دردہی ہر رگ و پے میں عوض جاں ہوتا
سادے انداز پہ قاتل کے ہیں کتنے مرتے	کیسی ٹھیرےگی اگر ہاتھ میں خنجر آیا
یہ نزاکت آنکھ سے دیکھی نہ کانوں سے سُنی	دل میں آسکتے نہیں آنکھوں میں پھر سکتے ہیں
ذرا انصاف کر یہ شرم ہے او بیوفا کیسی	پھر آنکھوں میں جب تو بے تکلف پھر چکا کیسی

ظلم سہنا اسقدر اچھا نہ تھا	ہمنے خود عادت بگاڑی آپکی
تھی مقدر میں اگر گردشِ افلاک ہی تو	اُسکے کوچے میں بھی اک روز رسائی ہوتی

قصیدہ در تعلی خود

اللہ نے بخشی ہے زباں کو مری تاثیر	الہام کے مضمون ہیں اعجاز کی تقریر
میں طوطی شکرشکن ہند ہوں گویا	ہے بلبل شیراز کو واجب مری توقیر
سلطانِ فصاحت ہوں شہنشاہِ بلاغت	باتیں مری جوہر ہیں زباں ہے مری شمشیر
ہمنام ہوں اُس کا جو ہے اژدر کا درندہ	گردوں کو ہلاتی ہے مرے نام کی تاثیر

حیدر

حیدر - منشی حیدر علی مرحوم خلف منشی غلام نبی مرحوم بن حسن خان مرحوم جو ولندیزوں کے عہد میں دہلی سے ہوگلی آئے تھے اور پھر وہیں سکونت اختیار کرلی تھی - بڑے ظریف آدمی تھے - فن سخن سے طبیعت کو لگاؤ تھا - ۱۲۷۵ھ سے پیشتر انتقال کرچکے تھے - یہ اُنکے اشعار ہیں +

کھڑا ہوکر مری بالیں پہ وہ رخصت جو ہوتا ہے	نظر آتا ہے حیدر نزع میں جلوہ قیامت کا
حالِ دل گر کہوں تو کہتا ہے	شوق مجکو نہیں کہانی کا
سست پیری میں کیوں ہوا حیدر	کیا ہوا ولولہ جوانی کا
سنگ ہاتھوں میں لیے ہیں ساتھ طفلانِ حسیں	میں وہ دیوانہ ہوں پریوں کا اکھاڑا ساتھ ہے

ایک بوسے کے لیئے اتنا بگڑتا ہے کوئی
تو ہی منصف ہو بھلا انصاف تیرے ہاتھ ہے

حیدر

حیدر۔ جناب نواب حیدر علیخان صاحب بہادر رئیس قلعہ شاہجہانپور۔ آپکو حضرت جلال لکھنوی سے تلمذ رہا ہے۔ زیادہ حالات معلوم نہیں نمونہ کلام درج ذیل ہے۔

یہ در پردہ ہے حسرت محرم کی خواہش
کہ سانچے میں ڈھلجائے جوبن کسیکا

ارادہ ہے یہ خونِ ناحق کا اپنے
نہ چھوڑوں گا تا حشر دامن کسیکا

کوئی چٹکی ہی سے کھینچے ہیں
اُسے کیونکر میں دیکھوں بے تکلف

یونہی پھوٹیں کچھ آبلے دل کے
نظر کا ڈر ہے اپنی بھی نظر سے

راہ کب دیکھتے ہیں جان سے جانیوالے
یار تو چل دیئے آتے رہیں آنے والے

امتحاں آکر کا لو ہم نہیں ڈرنے والے
تم نے شاید ابھی دیکھے نہیں مرنیوالے

ہوش گم کرکے نہ گھبرائے ذرا جلوۂ یار
آہی جاوینگے کبھی آپ میں آنیوالے

دل کو ہم تھام لیں مضبوط جگر کو کرلیں
ہاتھ روکے ہوئے اور پردہ اٹھانیوالے

ایک الزام مجسم ہیں تمھارے بیمار
لیئے مرتے ہیں مسیحا کو بھی مرنے والے

حیدر

حیدر۔ جناب شیخ حیدر رفیع صاحب سالن پارولہ۔ آپکے حالات کچھ معلوم نہیں نمونہ کلام ملاحظہ کیجیے

عطاء و فیض کا یارب ترے حساب نہیں
وہ کون ہے جو زمانے میں فیضیاب نہیں

یہاں تو وصل کا یہ شوق ہے کہ تاب نہیں
سوا "نہیں" کے وہاں اور کچھ جواب نہیں

نہ توڑ سخت کلامی سے محتسب اس کو
یہ میکشوں کا ہے دل شیشۂ شراب نہیں

ہزاروں پھرتے ہیں دیر و حرم میں آوارہ
ہمیں کچھ ایک رہِ عشق میں خراب نہیں

غش آگیا ہے جو بلبل کو رحم کر صیاد
چھڑک دے پانی میسر اگر گلاب نہیں

عبث نہ خوفِ عقوبت دلا مجھے ناصح
فراقِ یار سے بڑھ کر کوئی عذاب نہیں

یہ دل میں فکر ہے تشبیہ دیں تو کس سے دیں
کمر کا مثل دہن کا ترے جواب نہیں

بہار میں سرِ توبہ کو میکشو! توڑو!!
کہ اس سے بڑھکے کسی کام میں ثواب نہیں

خدا کے واسطے مُنہ سے کبھی تو کہیئے ہاں ۔۔۔ ہر اک سوال کا میرے ہی کیوں جواب نہیں
نہیں شمار ہے جس طرح تیری رحمت کا ۔۔۔ یونہیں ہمارے گناہوں کا بھی حساب نہیں

حیدر

حیدر۔ حیدر نواب نام۔ نواب مرزا ثریا قدر خلف شاہزادہ سلیمان قدر برادر واجد علیشاہ کے ہاں ملازم تھے سنہ ۱۳۱۲ھ میں شاید حیات تھے۔ یہ تین شعر اُنکے کلام کا نمونہ ہیں

نئی کچھ قدر جیتے جی سُنا جب مرگیا مجنوں ۔۔۔ گریباں چاک کرکے لیلیٰ پردہ نشیں نکلی
پسِ مُردن خدا سے کس طرح چھپتے گنہ میرے ۔۔۔ سند لکھی ہوئی پیشِ کراماً کاتبیں نکلی
پسِ مردن مری تربت پہ پڑھنے فاتحہ آئے ۔۔۔ یہ دل کی آرزو بعدِ فنا زیرِ زمیں نکلی

حیدر

حیدر۔ منشی مصطفےٰ حیدر۔ خلف مولوی غلام حیدر مدرس مدرسۂ عالیہ کلکتہ و سررشتہ دار کالج فورٹ ولیم وطن انکا چاٹگام تھا اور مولوی عبدالغفور نساخ کے شاگرد تھے سنہ ۱۲۷۵ھ میں کلکتہ میں ملازم تھے نمونہ کلام ہے

دل لیکے مرا صاف مکر جاتے ہیں کیسا ۔۔۔ جب مانگوں تو جھنجلا کے یہ فرماتے ہیں کیسا
ذرا سینے پہ میرے ہاتھ دھر کر دیکھتے جاؤ ۔۔۔ دھڑکتا ہے کلیجہ دل ہے مضطر دیکھتے جاؤ
غنچوں نے کان بھی نہ رکھا آہ و نالہ پر ۔۔۔ بلبل کو چٹکیوں میں اُڑائے چلے گئے
اِدھر تو دیکھو نہ بولو ذرا سنو تو سہی ۔۔۔ شب وصال ہے کیسی حیا سُنو تو سہی
بس قتل عاشقاں پہ نہ بیڑا اُٹھائیے ۔۔۔ لاکھوں کا خون ہوگا نہ لاکھا جمائیے

حیران۔ میر حیدر علی حیران شاہجہاں آبادی۔ آپ راجہ نکہت رائے رئیس لکھنؤ کی سرکار میں ملازم اور منشی سروپ سنگھ دیوانہ کے شاگرد تھے۔ صوبہ بہار میں آصف الدولہ کے زمانے میں قتل ہوئے اور اپنے قاتل کو بھی اپنے ہمراہ لیگئے۔ شوق سنہ ۱۲۱۰ھ میں لکھتے ہیں کہ آصف الدولہ کی سرکار کے واصلباقی نویس رائے میگولال سے توسّل رکھتے تھے۔ رائے مذکور کی وفات کے بعد برس چھ مہینے روزگار کی طرف سے پریشان رہے لیکن حسن اتفاق سے نواب آصف الدولہ ان پر اسقدر مہربان ہوئے کہ بجائے ۳۰ کے ۱۰۰ روپیہ مشاہرہ کر دیا اور ننو سوار انکے تحت میں کردیئے جس سے اُنکی بسر اوقات بخوبی ہونے لگی۔ کلام انکا یہ ہے

ہم لبِ گور ہوئے خوں ہو جگر اس غم سے
صبح ہر روز اسی غم میں ہمیں ہوتی ہے شام
دکھ اُس سے کون کہے تاب التماس کہاں
ہوا ہے اب تو نئے دوستوں سے ربط دلی
یہ کب کہتا ہوں میں تم کو نہ اے آرام جاں جاؤ
ترے کوچے کی ہیرا پھیری میں دن اپنا کٹتا ہے
لگا جو حال کہنے اُس سے میں منہ سے وہ یوں بولا

کرنی اُس غنچہ دہن سے نہ ہوئی بات نصیب
آہ جاگیں گے مرے کون سے اب رات نصیب
کہاں ہیں ہوش بجا۔ دل کدھر حواس کہاں
تمھیں اب آنے کو فرصت ہمارے پاس کہاں
مرا جی ٹک نکل سے پھر جہاں چاہے تہاں جاؤ
وہاں جاؤ یہاں آؤ۔ یہاں آؤ وہاں جاؤ
مجھے آتی ہے نیند اب کہہ چکے تم داستاں جاؤ

کل کہا میں نے میرے گھر چلئے
سُن کے تیوری بدل لگا کہنے
مجھ سے کہتا ہے میرے گھر چلئے

اِس میں کچھ کم نہ ہوگی محبوبی
رسم و راہِ ادب تو سب ڈوبی
دیکھنا اختلاط کی خوبی

حیران

حیران۔ حافظ بقاء اللہ خلف حافظ ابراہیم۔ یہ دونوں باپ بیٹے خط نسخ و نستعلیق خوب لکھتے تھے۔ شعر و سخن کا بھی مذاق تھا۔ ۱۲۴۸ھ میں زندہ تھے۔ یہ اُنکے کلام کا انتخاب ہے

جان بلب ہے جی جلا جاتا ہے غش طاری ہے آہ
تا فلک پہنچی وے کچھ دل میں سکے جا نکی
بعد مرنے کے یہ خواہش ہے مری اے دوستو
گرد تربت کے ہو اک آئینہ اور طوطی ہو ایک
کہدو مرے مزار پہ کوئی نہ لائے گل
حیراں کو بعد مرگ تکلف نہیں ضرور

جلد آ ظالم نہیں ہے وقت یہ تاخیر کا
آہ یہ دیکھا اثر اِس آہِ بے تاثیر کا
ق
کچھ نہ خواہش مند ہوں عزت کا نے توقیر کا
تا کہ جانے ڈھیر ہے حیران خوش تقریر کا
چھاتی پہ میری داغ ہیں کافی بجائے گُل
اک مشت استخواں ہے کہیں لیجے داب دو

حیران

حیران۔ قاضی محمد خلیل خاں بہادر مولوی قاضی عبد الجلیل صاحب مرحوم متخلص بہ جنوں رئیس اعظم بریلی ۲۷ صفر ۱۲۸۷ھ کو پیدا ہوئے ۲۱ سال کی عمر تک علوم درسیہ کی تحصیل کی اُسکے بعد ریاست کے انتظام میں مصروف ہو گئے۔ گورنمنٹ اور پبلک کے

بھی اکثر انتظام آپکے سپرد ہیں۔ شہر میں عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ فارسی اور عربی میں کافی دستگاہ ہے معقول و منقول پر اچھی طرح عبور ہے۔ شاعری کا ابتدائی عمر سے شوق ہے۔ قاضی خلیل الدین حسن صاحب حافظ۔ حافظ آبادی کے تلمیذ رشید ہیں۔ نثر لکھنے میں خاص کمال حاصل ہے۔ نامہ نگاری کا بھی شوق رہا ہے۔ نثر میں شوخ بیچین بریلوی کے شاگرد ہیں۔ صنعت و حرفت میں خاص مذاق ہے۔ اکثر فنون میں دخل ہے۔ ۱۹۰۸ء میں حاذق الملک حکیم عبدالمجید خاں صاحب کے طلب و تقاضے پر بغرض علاج و سیر دہلی تشریف لائے تھے اور انکے علمی جلسوں اور بے تکلف صحبتوں میں ہر وقت شریک رہتے تھے ایک روز چند شاعر جمع تھے جن میں سید مہدی حسین صاحب مجروح قابلِ ذکر ہیں۔ شاعری کا تذکرہ ہوا۔ سب صاحبوں نے کچھ نہ کچھ نظم کیا قاضی صاحب نے بھی چند رباعیات فی البدیہہ لکھیں جن میں سے ایک ہدیہ ناظرین ہے +

اے بوسعید حاذق ملک و وحیدِ خلق	یکتا تو ئی۔ وحید زمان و فرید خلق
محمودِ دہر و صادقِ عہد و شریف وقت	عبدالمجید۔ عبد مجید و مجید خلق

اسی طرح پھر ایک مرتبہ چند شعرا کا مجمع تھا۔ منشی اسمٰعیل حسین منیر کے قصیدہ فریاد زندانی کا تذکرہ تھا۔ احباب نے قاضی صاحب سے بھی فکر فرمانے کا اصرار کیا۔ چنانچہ آپنے ایک بہت طویل قصیدہ اُسی زمین میں رقم فرمایا۔ راقم تذکرہ سے دو بار ہنگام قیام دہلی ملاقات ہوئی۔ بڑے خلیق۔ ملنسار۔ نیک طینت شخص ہیں۔ قاضی صاحب نے اپنے کلام کا جو انتخاب عنایت کیا تھا درج ذیل کیا جاتا ہے۔

جہاں دیکھا نئے انداز سے وہ شوخ مہماں تھا	نگہ میں نور تھا۔ پہلو میں دل تھا دل میں ارماں تھا
نہ رکھا پردہ دستِ شوق نے ٹکڑے اُڑا ڈالے	حجاب روئے روشن دم میں عاشق کا گریباں تھا
ہوا ترکِ تعلق اب کہاں وہ لطف بے لطفی	مزہ عالم کا اے ظالم تری کاوش میں پنہاں تھا

نہ دیکھا آنکھ اُٹھا کر بھی کسی نے وائے ناکامی
ہمارا دستِ وحشت بھی کہیں بیکار رہتا ہے
ہماری کشتیٔ عمرِ رواں پہنچی تو کیا پہنچی
ہمارے سامنے ای قیس کیوں لیتا ہے وحشت کی
اُڑائیں دھجیاں ہیں جنوں نے دستِ وحشت سے
بجز خارِ تمنا کچھ نہ پایا باغِ عالم میں
کیا رازِ حقیقت نے مجھے حیراں اے حیراں
پردہ عارضِ محبوب تو اُٹھتا دیکھا
کیا خطا مجھ سے ہوئی کس لیے اتنا بگڑے
یہ عیادت بھی زمانے سے نرالی پائی
بند کی آنکھ تصور میں تو پردے اُٹھے
برقِ دیدار کی شوخی کو کہوں کیا حیراں
بادِ صرصر سے چلی میرا جنازہ دوش پر
خود جھکا دی میں نے گردن جب کھچی تیغِ ادا
رو دیئے ناسور جب سینے سے نکلا تیر یار
ہیں قیامت ہجر کی اُفتاد کی بے تابیاں
جلوۂ دیدار سے اپنی تو آنکھیں کھل گئیں
دامنِ صحرائے وحشت کی اُڑ دیں دھجیاں
اور بڑھائیں کسی زلفِ گرہ گیر کے پیچ
اُنھیں پھیرنے نہیں دیتیں شوخیاں اُنکی
بنا دیا ہے زمانے کو وادیٔ ایمن

کوئی بےچین تھا۔ بیتاب تھا۔ مضطر تھا۔ حیراں تھا
نہ جب باقی رہا اپنا۔ تو ناصح کا گریباں تھا
شبِ فرقت کا رونا تھا کہ اک سچ مچ کا طوفاں تھا
گریباں ہم بھی رکھتے تھے کبھی اپنا بھی داماں تھا
گماں تک بھی نہیں ہوتا گریباں تھا کہ داماں تھا
گلوں کا ذکر کیا کانٹوں سے بھی محروم داماں تھا
جو ہر ذرہ میں ظاہر تھا وہی آنکھوں سے پنہاں تھا
اب کیسے ہوش رہے جو یہ کہے کیا دیکھا
کیا کہا کس نے کہا کس نے سنا کیا دیکھا
بگڑے بیٹھے ہیں کہ ہمنے تجھے اچھا دیکھا
چشمِ مشتاق سے چھپکر ترا جلوہ دیکھا
بن سکے آپ تماشا وہ تماشا دیکھا
خاک ہو کر جب میں بیٹھا خاک ہی ہو کر اُٹھا
خود گلے لپٹا لیا جب ناز سے خنجر اُٹھا
ہنس دیئے زخمِ جگر جب چھیڑ کر نشتر اُٹھا
اشکِ غم پیکر گرا میں دردِ دل پیکر اُٹھا
کیا ہی تھی حضرت موسیٰ کے غش آنیکی بات
رہ گئی خوش قسمتی سے تیرے دیوانے کی بات
کام آجائیں الٰہی مری تقدیر کے پیچ
جو کئے دل کی طرح بھر گئے نظر کی طرح
نہ برقِ طور بھی چمکی تری نظر کی طرح

بنصیب سے وہ دلِ دردآشنا پایا
تم وہ تمھارے ہاتھ میں عالم کی جان ہے
گریہ ہمارا مانعِ دیدار ہو گیا
نالہ وآہ سے چھائی وہ دھواں دھار گھٹا
دیکھ پردہ نہ اُٹھا۔ جلوۂ تاباں نہ دکھا
اُنکی باتیں سخت اپنا قلبِ مضطر آئینہ
سامنے سے جو بلا آئی وہ گویا اس میں تھی
لاکھ اُلفت کو چھپاؤ پھر بھی صورت شکل سے
جس طرف دیکھا اُسی کا عکس ہے جلوہ فگن
ہو گیا آخر وہ خود بیں حسن کے نشہ میں مست
طُور ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا موسیٰ کو غش آ آ گیا
یہ اگر سچ ہے کہ دلکی دلکو ہوتی ہے خبر
ہم جلائے دل پہ نازاں تم صفائے رخ پہ غش
اور کیا آئینہ بندی ہو در و دیوار کی
رازِ الفت کیا چھپے جب اشکِ حسرت ہوں رواں
موت کی صورت نظر آنے لگی تلواریں
تمھارے مرنیوالوں کی تمنا بھی کہیں نکلی
مسخر کر لیا تیری محبت نے ارادوں کو
گئے تم غیر کے گھر یہ نہ آئی دل سے تک بھی
نہ ہو مجھسا بھی بدقسمت کہ مرتے دم تک آئے حیراں
دیوانے ہیں جو لیتے نہیں جنسِ محبت

جو بات بات میں بھر آئے چشمِ تر کی طرح
ہم وہ کہ اپنا دل بھی نہیں اختیار میں
تارِ نگاہ اُلجھے ہیں اشکوں کے تار میں
سحرِ غم پہ یہ دعوٰی کا ہے کہیں شام نہو
پرتوِ رُخ سے کہیں طور ترا بام نہو
ٹکڑے ٹکڑے کیوں نہوتا چوٹ کھا کر آئینہ
کس بلا میں ہوں صفائے دل سے بنکر آئینہ
دلکی باتیں ہو ہی جاتی ہیں عیاں ہر آئینہ
دو جہاں جلووں سے اُسکے ہیں سراسر آئینہ
کر گیا ہاتھوں میں اُسکے کارِ ساغر آئینہ
تاب لایا اُنکے نظارہ کی کیونکر آئینہ
کیوں نہیں ہے تشبیہ حالِ قلبِ مضطر آئینہ
ہے تمھیں پر منصفی کس کا ہے بہتر آئینہ
اُنکی محفل آئینہ۔ وہ آئینہ۔ گھر آئینہ
دیدۂ تر آئینہ ہے۔ دامنِ تر آئینہ
بنگیا لو ہا کفِ قاتل میں آکر آئینہ
اگر نکلا تو دم نکلا مگر حسرت نہیں نکلی
ہوئے جب شکوہ کرنیکو زباں سے آفریں نکلی
تمھاری آرزو مجھسے زیادہ شرمگیں نکلی
نہیں نکلی نہیں نکلی مری حسرت نہیں نکلی
سودا ہے جو اس سودے کا سودا نہیں کرتے

بوسے کا سوال اُن سے مَیں کرتا تو ہوں حیراں
اب دیکھیے ہاں کرتے ہیں وہ یا نہیں کرتے

سچ ہی مثل کہ سو کو ہرانی ہے ایک چپ
کیا بات ہے ترے دہنِ لاجواب کی

پردہ اُٹھا تو اور بڑھا رعب حسن کا
ہے بیحجابیوں میں بھی صورت حجاب کی

اس پر گمانِ جور ہو یا رحم کا یقین
انداز مہر کے ہیں نگاہیں عتاب کی

میرے خمیر میں جو ملایا خمیرِ عشق
مٹی پکار اُٹھی مری مٹی خراب کی

شوخ کچھ ایسی نگاہِ یار ہے
پیار میں بھی لڑنے کو تیار ہے

التجا منت سماجت عاجزی
سامنے اُس بُت کے سب بیکار ہے

داد خواہی کے لیئے آیا ہے کون
حشر میں بھی خواہشِ دیدار ہے

سجدہ کیا ہو وہ قدم ملتے نہیں
نقشِ پا میں شوخیِ رفتار ہے

حشر میں بے پردہ آنا ہی پڑا
انتقامِ حسرتِ دیدار ہے

اُسکے چہرہ کی تجلّی ہے غضب
پردہ دارِ جلوۂ دیدار ہے

حیران

حیران۔ شاعر فصیح البیان منشی رام نراین صاحب حیرآن دہلوی۔ آپ قوم سے کھتری اور منشی میگو سنگھ کے فرزند ہیں۔ شعر خوب کہتے ہیں اور اس فن میں نواب فصیح الملک بہادر سے ارادت رکھتے ہیں۔ علمی استعداد بہت معقول ہے۔ فنِ طب میں بھی اعلیٰ درجے کی دستگاہ حاصل ہے حکیم بہار الدین خان سے اس فن میں استفادہ کیا ہے اجمیر میں مطب کرتے ہیں۔ راقم السطور سے دہلی اور اجمیر میں بارہا ملاقات ہوئی۔ نازک سلیم اور فکر رسا کے ساتھ خلیق بھی انتہا کے ہیں۔ ۴۵-۴۶ برس کی عمر ہو گی۔ طبابت کے علاوہ ریلوے کے دفتر میں ملازمت کا سلسلہ بھی ہے۔ کلام سے معاملہ بندی کے دلدادہ معلوم ہوتے ہیں۔ زبان پاکیزہ اور ٹکسالی ہے۔ اسلوب بیان بھی اچھا ہے۔ کہیں کہیں مضمون کی طرف بھی میلان طبع پایا جاتا ہے غرض ایک حد تک تمام خوبیاں آپکے کلام میں موجود ہیں اشعار موصولہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

یوں تو ہونے کو کیا نہیں ہوتا — ایک میرا کہا نہیں ہوتا
اپنی عادت نہیں شکایت کی — اپنے منہ سے گِلہ نہیں ہوتا
یار سے خوب ہے تصورِ یار — مجھسے دم بھر جُدا نہیں ہوتا
غیر تو غیر ہیں مصیبت میں — آشنا آشنا نہیں ہوتا
شکلِ تصویر چُپ ہو کیوں حیراں — کوئی فقرہ نیا نہیں ہوتا

ہرگز نہ بات طنز کی لانا زبان پر — جانباز کھیل جاتے ہیں ہاتوں میں جان پر
للہ کان دیجیے اسے آپ سُن تو لیں — اِک حرفِ آرزو ہے کسیکی زبان پر
حیراں ہے فکر کیا تجھے کچھ مُنہ سے پھوٹ تو — کیوں آج مُہر لگ گئی تیری زبان پر
کبھی لائے نہ خاطر میں نہ اب خاطر میں لاتے ہیں — مجھے تو چٹکیوں میں آپ ہنس ہنس کر اڑاتے ہیں
شبِ وعدہ بھی دیکھیں وہ نہیں آتے کہ آتے ہیں — تجھے لے جذبۂ اُلفت آج ہم اور آزماتے ہیں
مضامیں صاف ہوں ستھری زباں ہو حضرتِ حیراں — غزل بزمِ سخن میں آئینہ رو سُننے آتے ہیں
مجھ سے اقرار نہیں غیر سے وعدہ بھی نہیں — پھر سرِ شام یہ کیوں تمنے نکھارا جوبن
دیکھ کر آئینہ کہتے ہیں مرے دیکھنے پر — ڈھل گیا دیکھتے ہی دیکھتے سارا جوبن
مال و دولت کا تو ہوتا ہے بھروسا سب کو — اِن حسینوں کا ہے لے دیکے سہارا جوبن
سمجھنے والے دل ہی دلمیں اپنے خود سمجھ لینگے — زباں سے کچھ نہیں کہتے تو کہتے ہیں اشاروں میں
کلامِ حضرتِ حیراں کی جب تعریف کی اُسنے — تو فرمایا وہی حیراں! ہمارے جاں نثاروں میں
گلرخوں کے ہیں عجب ڈھنگ نرالے انداز — جس سے ملتے ہیں اُسے رنج سوا دیتے ہیں
وہ دل ہی کیا جو عشق کی چیٹک لگی نہ ہو — وہ زندگی ہی کیا ہے جو دلبستگی نہ ہو
پہلو میں بیٹھکر مرے لیتے ہیں چٹکیاں — وہ بات کر رہے ہیں کسی نے جو کی نہ ہو
کوئی کسی سے اوپری دل سے مِلا تو کیا — ملنے کا لطف جب ہے کہ دلمیں دوئی نہ ہو
کہنا کسیکا ہائے وہ عرضِ وصال پر — ہمسے تو آجتک کبھی ایسی ہوئی نہ ہو

بیداد ایسی کیجئے وہ کیجئے جفا
حیراں یہی شعار ہوا اپنا تو خوب ہو

دیکھی نہو جو آنکھ سے کانوں سُنی نہو
نیکی نہو سکے تو کسی سے بدی نہو

مرگئے تو مٹیں تمنائیں
نکلے ارمان خاک میں مل کے

اک بتِ کافر کو دل دیکر پشیمانی ہوئی
ہوگئی عشقِ بتاں میں اسقدر حالت زبوں

ہم نشیں انتو جو ہونی تھی وہ نادانی ہوئی
دیکھکر حیراں کی صورت سخت حیرانی ہوئی

وہ مرے پہلو میں ہنستے آئے ہیں
آگئے نا۔ چال میں اغیار کی

رات دن روتا تھا میں جنکے لیئے
ہمتو روتے تھے اسی دن کے لیئے

کیوں نہ دلکو رنج ہو کیونکر نہ دل پرغم رہے
ایسی کیا خوبی ہے دنیا ایسی تجھ میں کیا ہی بات
جس طرح بتیں دانتوں میں یہ رہتی ہے زبان
منتوں پر بھی نمانے تم دلِ ناشاد کی
مرگئے تو جان سے اپنی گئے پروا نہیں

آپ صاحب مہرباں یُوں بے سبب برہم رہے
چھوڑکر جنت کو آخر حضرتِ آدم رہے
آپکی خاطر سے بزمِ غیر میں یوں ہم رہے
پھر وہی تم نے جفا کی پھر وہی بیداد کی
ہوگئی تعمیل لیکن آپ کے ارشاد کی

مری آہ کیوں بے اثر ہوگئی
بہت دلکو حیراں بچایا مگر
برچھیاں جب نگہ کی چلتی ہیں
دل ہی جب اپنا جا ملا اُن سے
وہ چمن ہی نہیں رہا حیران
ایک سر سینکڑوں ستم کے لیئے
رنج فرقت بھی رشکِ دشمن بھی

اُسے بھی کسیکی نظر ہوگئی
وہ ترچھی نظر کارگر ہوگئی
دل بھلا رہتا ہے اختیار کسے
غیر کا پاس و اعتبار کسے
دے صبا مژدۂ بہار کسے
ایک جاں ہے ہزار غم کے لیئے
کیا مصیبت ہے ایک دم کے لیئے

منہ اُٹھائے دلِ بیتاب کدھر جاتا ہے
سر کھپاتے نہیں تجھسے ناصح ناداں حاصل

کوئے قاتل ہے یہاں بات پہ سر جاتا ہے
اِس سے سودائے محبت کا اثر جاتا ہے!

درد اُٹھتا ہے مرے پہلو میں کیوں تھم تھم کر
تم نہ آئے شب وعدہ تو کوئی مر نہ گیا
غیر اور آپکے حیراں کو دکھائیں آنکھیں
قرینہ کا نداق اچھا سلیقہ کی ہنسی اچھی
نگہ شرمیلی اچھی ہے طبیعت چلبلی اچھی
کھٹک ہو درد الفت کی وہ غم اے ہمنشیں اچھا
وہ آئیں یا نہ آئیں مشغلہ اچھا ہے رہنے دو
مجا شہر خموشاں ہوگیا آباد قدرت سے
یہ ہیں دونوں کے دونوں عاشق ناشاد کے دشمن
ہمیشہ خوف کھانا چاہیئے ابرو و مژگاں سے
ہے مغرور اک عالم ہوا اپنی کسر شان جسمیں
جہاں اک جام مے بھر کر پیا جلوہ نظر آئے
یہ جو کچھ ہے جناب داغ کا ہی فیض سب حیران
کچھ اچھی میری پھر برگشتہ قسمت ہونیوالی ہے
کبھی تو دو قدم تم ناز سے چلکر دکھا دیتے
عدو کی ذلتیں سنکر نہ حیراں دلمیں خوش ہونا

آج مہمان کوئی غیر کے گھر جاتا ہے
بات رہجاتی ہے اور وقت گزر جاتا ہے
آپکا منہ ہے جو کچھ پاس وہ کر جاتا ہے
پسند خاطر احباب ہو وہ دل لگی اچھی
گلہ در پردہ اچھا اور زیر لب ہنسی اچھی
خوشی جسمیں کسیکی مہرباں وہ ہی خوشی اچھی
تصوّر ہی سے اُنکے ہورہی ہے دل لگی اچھی
خدا کی شان ویرانے میں یہ بستی بسی اچھی
نہ صبح وصل اچھی ہے نہ شام بیکسی اچھی
کماں کی راستی اچھی نہ تیروں کی کجی اچھی
نہ اتنی سرکشی اچھی نہ اتنی عاجزی اچھی
یہ شغل اچھا مرا زاہد کہ تیری بندگی اچھی
سخنور سُنکے کہتے ہیں غزل تو نے لکھی اچھی
کسی اچھے سے پھر صاحب سلامت ہونیوالی ہے
بہت مدت سے سُنتا ہوں قیامت ہونیوالی ہے
تمھارے حال پر بھی کچھ عنایت ہونیوالی ہے

حیران

حیران - منشی محمد حسین خانصاحب تنکوہ آبادی ملازم ریلوے گورنمنٹ پولیس اندور خلف منشی محمد اعظم خانصاحب داروغہ آبکاری شاگرد نواب فصیح الملک بہادر داغ دہلوی - آپ ناولسٹ بھی ہیں "شاہد رعنا" اور "کرشمۂ شباب" وغیرہ کئی ناول شائع کر چکے ہیں - رسالہ "جلوۂ حیران" کے اڈیٹر ہیں عنفوان شباب سے آپ کو شعروشاعری کا شوق ہے - صاحب دیوان ہیں مگر دیوان ہنوز غیر مطبوعہ ہے کلام سادہ ہے اور خاصہ کہہ لیتے ہیں - نمونۂ کلام ہنگام

ترتیب وصول ہوا اُس کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

آئینہ پہ غبار جو دیکھا ہے خواب میں	دشمن کا سر نہو کہیں زانوئے یار پر
نہ وہ اگلی سی ہے صحبت نہ وہ اگلا سا مزاج	کچھ سے کچھ ہو گیا اب تو ترے دربار کا رنگ
خونِ ناحق بھی چھپائے سے کہیں چھپتا ہے	حشر کو دیگا شہادت تری تلوار کا رنگ
تصوّر سے ہماری بن پڑی ہے	زیارت اُنکی دلکو ہر گھڑی ہے
ہزاروں رہتے ہیں ارماں دلمیں	جگہ تھوڑی سی گنجایش بڑی ہے
چین دن کو نہ شب کو راحت ہے	عاشقی کیا ہے اک مصیبت ہے

ہم اُسکے جلوے کو ڈھونڈتے ہیں وہ اپنے رخ کو چھپا رہا ہے

صدا ہماری ہے رب ارنی وہ لن ترانی سُنا رہا ہے

ہوا ہے جو جلکے طور سرمہ ۔ گرے ہیں بیہوش ہو کے موسیٰ

یہ کس کے رُخ سے نقاب سرکی ۔ یہ کون جلوہ دکھا رہا ہے

غرنگیں آنکھوں سے ہوتا ہے کیسی ظاہر	ہونہ ہو آج تو دشمن کا کہا مان گئے
تمھاری دید کی خواہش وہاں بھی ظاہر کی	فرشتے لیگئے جب سامنے خدا کے مجھے
کیا کرونگا حور کا میں اسے خدا	دل تو اُس کا طالب دیدار ہے
مسجد و مندر سے کیا حیراں کو کام	نشۂ الفت میں وہ سرشار ہے

حیرت ۔ پنڈت اجودھیا پرشاد کاشمیری حضرت جرأت کے شاگرد تھے ۔ شیفتہ انکی بابت لکھتے ہیں کہ پنڈت صاحب نے چند مثنویاں بھی کہی تھیں اور ایک مختصر سا دیوان بھی مُرتب کر لیا تھا ۔ فنِ موسیقی میں اپنے زمانے میں لاجواب تھے ۔ اکثر لکھنو اور گاہ گاہ دلّی میں رہا کرتے تھے ۱۲۳۴ھ میں ۳۵ سال کی عمر پاکر انتقال ۔ ایک شعر اُنکا بطور یادگار اور نمونۂ کلام درج کیا جاتا ہے ۔ ملاحظہ ہو

برنگِ نقشِ پا اُسکی گلی سے اُٹھ نہیں سکتا	ہوا ممنونِ احسان خوب اپنی ناتوانی کا

حیرت

حیرت میر مراد علی تاجر مراد آبادی۔ شاہ عالم بادشاہ کے عہد میں تھے۔ اور تذکرۂ مصحفی سے پیشتر انتقال کر چکے تھے۔ کوہستان کی طرف بغرضِ تجارت گئے تھے اُسی سفر میں قضا کی۔ فن سخن سے طبیعت کو لگاؤ تھا اور اچھا کہتے تھے یہ چند اشعار انکے لکھے جاتے ہیں +

سمجھ کے دیکھا تو بیجا تھا سب گلہ دل کا	یہ چشمِ تر نے ڈبویا معاملہ دل کا
شریک آہ ہے شورِ جنوں ہے۔ وحشت ہے	عجب جلوس سے جاتا ہے قافلہ دل کا
کہاں ہے شیشۂ مے محتسب خدا سے تو ڈر	مری بغل میں چھلکتا ہے آبلہ دل کا
کیا کہیے ترے حسن خداداد کی خوبی	حیرت سے ہے نہ مقدور قلم کا نہ زباں کا
نظر آیا یہ جہاں نقش بر آب آخر کار	تاج سر پر سے گرا مثل حباب آخر کار
سادہ رویوں کی دلا مہر و محبت پہ نہ بھول	مُنہ پہ دیوینگے تجھے صاف جواب آخر کار
رخسار کیا جھلکتے ہیں حلقہ میں زلف کے	آپس میں ہو رہے ہیں بہم کفر و دیں گرہ
حیرت کے دل میں ہائے کوئی آرزو رہی	لکنت سی ہے زباں پہ دمِ واپسیں گرہ
اب چھوڑ کر کنشت جو کعبہ کو جایئے	وہاں بھی یہی صنم ہو تو کیا مُنہ دکھایئے
کیا پوچھتے ہو زلفِ سیہ من میں ڈسے ہے	یاں جان چلی جاتی ہے واں اُنکی ہنسی ہے
ہم تو اک شیشۂ ساعت کی طرح سے حیرت	خاک چھانا کیئے دنیا میں اور آزاد رہے

حیرت

حیرت دہلوی۔ میرزا رمضانی۔ پسر مرزا صمصام الدین اولاد امجاد حضرت شاہجہاں بادشاہ نیک مزاج اور خوش خلق شخص تھے۔ مرزا رحیم الدین حیا کے شاگرد تھے۔ یہ اُنکے اشعار ہیں

کیوں خفا غیر کے کہے سے ہوئے	کیا سُنا تم نے اور کیا دیکھا
وہ خار ہوں کسی سے اُلجھتا نہیں ہوں میں	دشمن کی آنکھ میں بھی کھٹکتا نہیں ہوں میں
دل لگتے ہی یاں جان کے لالے پڑے حیرت	آویگا ابھی دیکھیئے کیا کیا مرے آگے
حیرت اب یار سے کیوں ترکِ وفا کرتے ہو	پہلے ہی تم نے محبت نہ بڑھائی ہوتی
اب کے گر جی بچے تو اے ناصح	ہاتھ اُٹھائیں گے دل لگانے سے

حیرت

حیرت۔ میر غلام فخرالدین صاحب حیرت دہلوی۔ اعتماد الدولہ قمرالدین خان شہید کے بیٹے اور میر منّو کے پوتے تھے فارسی شعر بیشتر کہتے تھے بسا اوقات کالپی میں رہایش رکھتے تھے شاہ عالم ثانی کے زمانے میں انتقال کیا۔ چند شعر ملے ہدیۂ ناظرین ہیں۔

اوّلِ عشق ہے اور تازہ بہار آئی ہے	اب مرا ہاتھ ہے اور دامنِ رسوائی ہے
یہ ستم دیکھوں میں کن آنکھوں سے اے غیرتِ عشق	ایک عالم اُسی کوچے کا تماشائی ہے
ہم اُس بزم سے یوں پُر ارمان نکلے	جوانی میں جس طرح سے جان نکلے
مَیں ڈھونڈا جو سینے میں دل اُسکے بدلے	کئی اُسکے تیروں کے پیکان نکلے

حیرت

حیرت۔ حافظ عبدالرحمن حیرت ساکن جھنجھانہ ضلع مظفر نگر۔ آپنے مولوی امام بخش صہبائی سے فنِ شعر میں استفادہ کیا اور فن طب کی تکمیل حکیم احسن اللہ خان دہلوی کے مطب میں رہکر کی۔ محکمۂ دیوانی میں ملازم ہوئے اور عرصے تک دہلی میرٹھ اور مراد آباد میں متعین رہے۔ سر سید احمد خان مغفور آپ کو بہت عزیز رکھتے تھے۔ چنانچہ ملازمت سے استعفا دلوا کر اپنے پاس رکھکر علیگڈھ سوسائٹی کے مطبع کا کام انکے سپرد کردیا۔ مشہور رسالہ تہذیب الاخلاق کی بنیاد بھی آپ ہی کے ہاتھوں قائم ہوئی تھی۔ آپ کا سر سید سے نہایت ارتباط بڑھا ہوا تھا۔ اور سید محمود کے بچپن کے یہی اُستاد تھے الغرض ۴۵ برس تک سر سید مرحوم کے پاس رہے اور تا دم مرگ اِن سے جُدا نہ ہوئے۔ اُردو میں چند مثنویاں اور ایک ساقی نامہ موسوم بہ "ساقی نامہ حیرت" آپکی یادگار ہے ✽ آپکی استعداد علمی بہت معقول تھی اور فنِ شعر کے اُصولوں سے خوب واقف تھے۔ صفائی اور سادگی کے ساتھ انکے کلام میں مزہ بھی ہے۔ اعلیٰ درجے کے مشاق تھے اور کیوں نہو بڑے بڑے اُستادوں کی آنکھیں دیکھیں تھیں۔ چند شعر جو دستیاب ہوئے ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں ✽

کچھ دلمیں بیکلی ہے کچھ ہے جگر میں سوزش	ہیں عشق کی بدولت مجھ پر عذاب کیا کیا
پہلو میں اک کسک سے چلی جاتی ہے مدام	یہ دل ہے یا چھپا ہے کوئی خار دیکھنا

گر شربتِ وصال نہیں موت ہی سہی　　کوئی تو نکلے اِس دلِ بیمار کی ہوس

دین کو زلف و خط و خال و مژہ نے چھینا　　دل بھی غالب ہے کہ ہو گا رہی دو چار کے پاس

نہ کھلا ہائے مرا غنچۂ امید کبھی　　حسرتیں دل کی رہیں دل ہی میں کیا کیا باقی

اِس زرد ہوئے چہرہ کا کہو حال تو حیرت　　کیا دلکو لگا بیٹھے کسی رشکِ قمر سے

حیرت

حیرت منشی محمد جان خان خلفِ بایزید خان۔ آپ الہ آباد کے رہنے والے اور خواجہ آتش کے مشہور شاگرد مرزا اعظم علی اعظم سے ارادت رکھتے تھے۔ آپکا مطبوعہ دیوان موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اصنافِ سخن میں اچھی دستگاہ حاصل تھی اور ضروریاتِ شاعری کے موافق استعدادِ علمی بھی معقول تھی۔ زبان کی طرف البتہ توجہ کم تھی۔ چنانچہ اکثر متروک الفاظ اور محاورات نظم کر جاتے تھے مگر انکے مشاق سخن سنج ہونے میں شبہہ نہیں بعض بعض شعر تو بے مثل کہہ جاتے تھے ۱۲۸۵ھ کے قریب انتقال فرمایا۔ اب دیوانِ مطبوعہ کا انتخاب ملاحظہ ہو۔

کیوں قالبِ خاکی میں ہوا روح کا مسکن　　عقدہ نہیں کھلتا ترے اسرارِ نہاں کا

بیوجہ میرا دل نہیں مجھ سے بدل گیا　　افسوں تمھاری چشمِ فسوں گر کا چل گیا

اللہ رے شعلۂ رخِ روشن ترا فروغ　　نظارہ جاکے صورتِ پروانہ جل گیا

دل کیجاتا ہے جو کچھ تم کو دکھاؤں کیونکر　　داغ دیکھا ہے کبھی لالۂ صحرائی کا

نہ تو بلبل کا ٹھکانا نہ کہیں گل کا پتا　　اے خزاں تو نے اُجاڑے ہیں گلستاں کیا کیا

شریک روح ہے قالب میں آپکی اُلفت　　یہ جب تلک ہے مرا دم نکل نہیں سکتا

خود بخود آج رگِ جان کا لہو جوش میں ہے　　یاد آیا ہے اسے نشترِ مژگاں کسکا

دکھلائے خدا اُس بتِ گلفام کی صورت　　دنیا میں یہی ہے مری آرام کی صورت

پڑی کشتیٔ عمرِ رواں بحرِ طلاطم میں　　یہ عشق آیا ہے جسدن سے بلائے ناگہاں ہوکر

مجال کیا جو کریں عذر حکمِ یار میں ہم　　دل اُسکی قید میں ہے دل کے اختیار میں ہم

اُن کو تم اپنا فتنۂ قامت دکھا نہ دو
بلا کی حسن میں آرایش وایجاد کرتے ہیں
وہ خود کیسا ہے جس نے اِن حسینوں کو بنایا ہے
تم بھی رہو جو پاس تو ہو لطف ورنہ یار
حسینانِ جہاں جسکو نگاہِ ناز کہتے ہیں
نگاہ تیرے مارا جلایا مُسکراہٹ نے
کچھ سوئے مردمِ بیمار نظر ہے کہ نہیں
آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں
نہ چین پائے کسی طرح سے دلِ عاشق
چلتے ہیں عبث چال قیامت کی یہ گلرو

جن جن کو گفتگو ہے قیامت کے باب میں
پریزادوں کو دیوانہ یہ آدم زاد کرتے ہیں
انھیں جب دیکھتے ہیں ہم تو اُسکو یاد کرتے ہیں
ہم رہ کے کیا کرینگے اکیلے بہشت میں
جو عاشق ہیں اُسی کو تیر بے آواز کہتے ہیں
کرامت اِسکو کہتے ہیں اُسے اعجاز کہتے ہیں
پھر بھی رونا تجھے اے دیدۂ تر ہے کہ نہیں
سامان سو برس کے ہیں کل کی خبر نہیں
یہی تو ایک وہ کارِ ثواب سمجھے ہیں
پامال کیے دیتے ہیں ہستی کے چمن کو

اُٹھاؤ خونِ ناحق سے مرے ہاتھ
یہ ہو جائے گا دامنگیر دیکھو

دیکھتے دیکھتے مرجائینگے ہم یار کی راہ
بیدار دہیں وہ پھینک دیں پاؤں سے مل کر
جاتی تو ہے یہ عمرِ رواں راہِ طلب میں
او دیدۂ بیدار جو کچھ دیکھنا ہے دیکھ لے
سُنا ہے زخمیِ تیغِ ادا کا دم نکلتا ہے
مرقد سے میرے اُٹھ کے بگولا جو رہ گیا
وہی دل اپنے قابو میں نہیں ہے
نہالِ دل ابھی سرسبز ہو جائے
پڑا ہے بسترِ غم پہ نہ دانہ ہے نہ پانی ہے
تری آنکھوں کی سُرخی دیکھکر میخوار کہتے ہیں

دم بھی نکلیگا تو اس دیدۂ بیدار کی راہ
پچھتائیگا اے دل مرے پہلو سے نکل کر
دیکھیں اسے کب عشق کی منزل نظر آئے
حشر تک جس سے نہ جاگینگے وہ خواب آیا ہے
ترا احسان ہے اے قاتلِ عالم نکلتا ہے
کہنے لگے یہ خاک کسی ناتواں کی ہے
جسے پالا کیے خونِ جگر سے
جو تیرا ابرِ رحمت آ کے برسے
تمھارے عاشقِ شیدا کی طرفہ زندگانی ہے
بلوریں جام میں شاید شرابِ ارغوانی ہے

جو زیر بغل اس بت بیکس کے ...ان کی ... آبرو رکھنی ... ہے

اُس جگہ دل کو لیگئی تقدیر — کہ تصور جہاں گذر نہ کرے

دن کو خیالِ رخ ہے تو شب کو ہے یادِ زلف — بس ہمنتو ہو گئے اسی لیل و نہار کے

باز آؤ ظلم سے کہ یہ ظلم دو روزہ ہے — اُڑ جائینگے ہوا کی طرح دن بہار کے

نرگس کے پھول قبر پہ دیکھے تو بول اُٹھے — مرنے پہ گل کھلے نگہِ انتظار کے

اُس کا تو نور جلوہ نما ہر بشر میں ہے — اے غافلو! فتور تمھاری نظر میں ہے

تلخی اگرچہ صبر کی شاخ و شجر میں ہے — شیرینی انتہائی پر اُسکے ثمر میں ہے

تب حال کھُلے گا مری بیتابیٔ دل کا — پڑ جاؤ گے جسدن کسی بیرحم کے پالے

اے گل صدائے نالہ مرے ہر نفس میں ہے — سینہ میں دل ہے یا کوئی بلبل قفس میں ہے

درپیش ہیں جو رنج و الم کہہ نہیں سکتے — ہم پہ جو گزرتی ہے وہ ہم کہہ نہیں سکتے

دسترس یار پہ کیونکر مجھے حاصل ہو جائے — اُس سے کیا زور چلے جسکی طرف دل ہو جائے

دعوئ حسن بہت چودھویں کے چاند کو ہے — زلف اُلٹو تو جواب مہِ کامل ہو جائے

مُرغ دل ہی نہیں کچھ تیرِ نگہ سے بسمل — طائر جاں بھی تو صیاد ترے دام میں ہے

چشمِ میگوں کے اشارے سے یہ فرماتے ہیں — بیخودی نام ہے جس کا وہ اسی جام میں ہے

مذہب عشق میں عاشق کو عجب لطف ملا — کہ نہ وہ کفر میں حاصل ہے نہ اسلام میں ہے

جیتے جی عشق سے راحت نہ پس مرگ نجات — اسکے آغاز میں جو ہے وہی انجام میں ہے

حیرت

حیرت۔ جناب بابو عبد القدیر خان صاحب پانی پتی۔ آپکو کوثر خیرآبادی سے تلمذ حاصل ہے بھٹنڈے میں زیادہ تر سکونت رہتی ہے حالات باوجود تلاش نہیں ملے کچھ کلام نظر سے گزرا۔ اس میں سے یہ چند شعر منتخب ہوئے۔

رک گئی چلکے ذرا تیغ جو گردن پہ مری — زخم کو خوبیٔ تقدیر پہ خنداں دیکھا

وہ دل ہے کیا جو شیفتۂ مہ وشاں نہیں — وہ جان کیا جو وقفِ نثارِ بتاں نہیں

فتنے قدم قدم پہ اُٹھاتا ہے لاکھ لاکھ — انداز اُسکی چال کے محشر سے پوچھ لو

حیرت کو آج قسمتِ جمشید مل گئی	جام شراب ہاتھ میں دلبر بغل میں ہے
دل کے داغوں سے ہے یاں سروِ چراغاں وحشت	شمع تربت پہ ہماری نہ جلائے کوئی
ضد تو جب ہے کہ ابھی میری بغل میں آ جاؤ	کہہ رہا ہوں کہ مرے پاس نہ آئے کوئی

حیرت

حیرت - محمد اسحٰق نام مراد آباد کے رہنے والے اور حضرت قمر مراد آبادی کے شاگرد صرف یہ معلوم ہے کہ ۱۸۸۰ء میں زندہ تھے نمونۂ کلام میں صرف دو شعر درج ذیل کیے جاتے ہیں

یاد آتی ہے تری جنبشِ مژگان جو مجھے	تیر سا اک مرے پہلو میں کھٹک جاتا ہے
غل یہ ہوتا ہے کہ خورشیدِ قیامت نکلا	داغ دل سے مرے پھاہا جو سرک جاتا ہے

حیرت

حیرت - مولوی احمد کبیر وکیل عدالت پٹنہ - صرف اتنا معلوم ہوا ہے کہ آپ ۱۸۷۰ء کے قریب زندہ سلامت موجود تھے اور پٹنہ کے مشاعروں میں شریک ہوتے تھے یہ چند شعر اُنکے نتائج افکار سے ہیں۔

منصب ملا نہ فقر کا تمغہ نہ جاہ کا	یا رب بُرا ہو اخترِ بختِ سیاہ کا
خرقہ وہی ہے خوب جو بھٹی میں رہن ہو	مشرب بدل دو زاہد واب خانقاہ کا
تارے ہوئے غروب حسینانِ دہر کے	کوکب ہوا طلوع جو اُس رشکِ ماہ کا
کیا راہِ پُر خطر سے گیا بے خطر وہ شخص	جو شخص معترف ہوا اپنے گناہ کا
کیوں تلخیٔ گناہ کو شیریں کرے نہ عفو	ہے عفوِ حق قاص دلِ عذر خواہ کا

حیرت

حیرت - مولوی سید عنایت احمد صاحب ابن مولوی سید مطیع احمد صاحب مرحوم بدایوں کے رہنے والے ہیں - آپکی تحریر سے معلوم ہوا کہ آپ کا سلسلۂ نسب حضرت سید شرف الدین محمد علی نقوی قبائی سے ملتا ہے جو ساتویں صدی ہجری کے اوائل میں مسجدِ قبا سے قبۃ الاسلام بغداد سے بدایوں میں آکر آباد ہوئے اور ۶۵۱ ہجری میں انتقال کرکے خاک چندوسی میں مدفون ہوئے اُنکے بعد سید علاؤ الدین علی رضوی حضرت سلطان المشائخ سید نظام الدین بدایونی کے پیر تھے اُنکے جانشین ہوئے - اسیطرح یکے بعد دیگرے

سید حمزہ دانشمند بدایونی مصنف میزان الصرف وغیرہ بہت سے بزرگ اس سلسلہ میں جانشین ہوتے رہے جو دانشمند کے خطاب سے ممتاز کیے جاتے تھے لفظ دانشمند شاہی زمانے میں آجکل کے ایم اے کا ہم معنی سمجھا جاتا تھا، چنانچہ آخر میں آپکے والدِ ماجد اسی سلسلہ میں اپنے اسلاف کے جانشین ہوئے۔

آپکا مقام ولادت لشکر گوالیار ہے، ۲۷ رجب ۱۲۹۵ھ ہجری کو آپ پیدا ہوئے۔ چودہ سال کی عمر تک پرانے اصولوں پر فارسی پڑھتے رہے اسکے بعد عربی شروع کی اور میزان سے لیکر تمام علوم عقلی و نقلی درسِ نظامی کے مطابق اُن سے حاصل کیے۔ اسکے بعد آپکے والد ماجد صاحب نے آپکو انگریزی پڑھانی چاہی مگر اُسوقت آپکے نزدیک انگریزی پڑھنا گویا کفر تھا۔ لہٰذا ایک سال ضائع بھی کیا مگر بجز پرائمری کے اور کچھ نہ پڑھا۔ لیکن اب اُس ضائع شدہ وقت اور اپنے خام خیال کا آپ کو نہایت افسوس ہے۔

اسکے بعد آپ کو شعر گوئی کا شوق پیدا ہوا اور اپنے عم بزرگ مولانا مولوی دلدار علیصاحب مذاق کو کلام دکھانا شروع کیا جو خاقانی ہند اُستاد ذوق کے ارشد تلامذہ میں سے تھے مگر آخر عمر میں اُن کا دل و دماغ چونکہ ضعیف ہو گیا اُنکو اصلاح کی تکلیف دینا مناسب نہ سمجھکر آپ حضرت داغ دہلوی کے حلقہ بگوش ہو گئے۔ مگر آپکے کلام کا بدقسمتی سے بہت سا حصہ ضائع ہو گیا۔ اب چند غزلیں اور دو ایک قصیدے باقی ہیں جو آپنے بطور سندِ تفاخر اپنے پاس رکھ چھوڑے ہیں اور جن پر اُستاد نے کہیں کہیں اصلاح فرمانے کے بعد آپکے کلام کی تحریری داد بھی دی ہے۔ آپنے اُن قصائد اور غزلونکی نقلیں درج تذکرہ ہونے کی غرض سے قاضی مقصود حسن صاحب حیرت کی معرفت بھیجی بھی تھیں مگر افسوس قاضی صاحب کے دفعتہً انتقال ہو جانے کی وجہ سے راقم تک نہ پہنچیں۔ سُنا ہے کہ آپنے چند ایسی کتابوں پر حواشی اور شرحیں بھی لکھی ہیں جو اُردو کے لیے نہایت مفید ہیں مگر افسوس وہ ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہیں۔ آپ سابق میں پاپچوڑہ کے مجسٹریٹ بھی رہ چکے ہیں اب پولیس کمشنری کے

معزز عہدے پر ممتاز ہیں۔ شعر خوب کہتے ہیں۔ شوخی مضمون اور معاملہ بندی میں اپنے اُستاد کی تقلید خوب کرتے ہیں۔ اب کوئی ۲۵ سال کی عمر ہوگی خلیق اور بامروت انسان ہیں جو کلام ہنگام ترتیب ہمیں موصول ہوا ہے اُس کا انتخاب ملاحظہ فرمائیے۔

تاک میں ہے آنکھ چوکی ال یاروں کا ہوا
ورنہ کیوں اکثر اُٹھایا دل کو اکثر رکھ دیا

یوں تسلی دیجیے تڑپا یا ہے اُف رے شوخیاں
اور مضطر کر دیا جب ہاتھ دل پر رکھ دیا

یہ کوئی میٹھی چھری تھی یا نگاہِ ناز تھی
میں ترے قربان یہ کیا دل کے اندر رکھ دیا

ایسے افسانے ہیں واعظ سینکڑوں حیرت کو یاد
ساغر مے تیرے کہنے سے مقرر رکھ دیا

عبث دستِ جنوں ہے مبتلائے سودائے ساماں میں
کفن کو بھی نہیں ہے تار باقی اب گریباں میں

چھپائے سے چھپیں گے ہیں جو رخنے جیب و داماں میں
ذرا مُنہ ڈالکر دیکھو تو تم اپنے گریباں میں

ٹھہرنے کیوں لگے وہ پردۂ چشم گریاں میں
رہے پاپوش اُنکی ایسے پُر آشوب زنداں میں

طرائے بھر رہی ہیں حسرتیں آوارہ گردی کی
بیاباں ہے مرے دلمیں مرا دل ہے بیاباں میں

کشش کا لطف کاوش کا مزہ پایا کہ رہتا ہے
ترا پیکاں مرے دلمیں مرا دل تیرے پیکاں میں

بڑا ہی تیر مارا آنکھ اُٹھا کر مجھکو کیا دیکھا
یہ کچھ منت ہے منت میں یہ کچھ احساں ہے احساں میں

عبث ہذیاں سرائی کی سفر میں تم نے اے حیرت
نہایت خوب تھا خاموش رہتے بزم یاراں میں

کھلیں آنکھیں تو آنکھیں بند ہو جانیکا وقت آیا
مجھے زندہ تبھی تک جانیو جبتک کہ غافل ہوں

ہوا کرتے ہیں ناز انداز یوں تو سب حسینوں میں
کہاں سے لائے کوئی آپکے بیساختہ پن کو

اُمنگیں حسن کی اُسپر تقاضا خود نمائی کا
چھپا رکھیں چھپا سکتے ہیں گر وہ اپنے جوبن کو

خلش نوکِ مژہ کی زخم دل کو یاد آئی ہے
ذرا قابو میں رکھنا بخیہ گر تو نوکِ سوزن کو

یہی شادی ہو اے جوشِ جنوں جی کچھ تو ٹھنڈا ہو
مرے دامن کا آنچل ہو مرے اشکوں کا سہرا ہو

خیال اسکا عبث ہی مجھکو کیوں غیروں سے شکوا ہو
اُسے دشمن کی کیا حاجت ہی جسکا دوست ایسا ہو

بہانا آپ اچھے آپکی آنکھیں بہت اچھی
کوئی بیمار اچھا ہو تو ہم سمجھیں مسیحا ہو

سنا جائیے باتیں دکھائے جائیے آنکھیں
نہ ٹھکراؤ مرا سر بخت خفتہ جاگ اٹھے گا
ہوئے جاتے ہیں باہر آپ تو جامے سے غصے میں
مریجاں اسقدر پرہیز کیوں کرتے ہو حیرت سے
دیکھکر شائستہ طوق گراں جانی مجھے
کیوں دکھاتے ہو عرق آلودہ پیشانی مجھے
غیر کو آنے ندوں تمکو کہیں جانے ندوں
میری تنہائی ہوئی یا آکی یکتائی ہوئی
دوستی نادان سے کی ہو گیا جی کا زیاں
ہو اگر گھر در تو کچھ اندیشہ وحشت نہیں
عقل سے کیا واسطہ سرشار جام عشق کو
ملگیا جو کچھ کہ ملنا تھا ہمیں روز ازل
دیکھئے حیرت کی صورت کیا خدا کی شان ہے

قسم ہے میں نے گر کچھ بھی سنا ہو کچھ بھی دیکھا ہو
جگانا منع ہے اسکا جو بیٹھی نیند سوتا ہو
اگر اس طرح کوئی دیکھ لے فرمایئے کیا ہو
مرے دلمیں رہو تم تو مرے دلکی تمنا ہو
کردیا پابند قید ہستی فانی مجھے
اس پشیمانی سے ہوتی ہے پشیمانی مجھے
کاش ملجائے تمھارے گھر کی دربانی مجھے
ایک دونوں کا نظر آتا نہیں ثانی مجھے
اب مزا دیتی ہے کیا کیا میری نادانی مجھے
میں بیاباں گرد ہوں کیا فکر ویرانی مجھے
کوئی دیوانہ سمجھتی ہے یہ دیوانی مجھے
پاک دامانی بخشے اور چاک دامانی مجھے
جی رہا ہے کیونکر ابتک ہی یہ حیرانی مجھے

دوست ہو میرے مگر کس کام کے
یہ قدم سر پر ہوں یا قدموں پہ سر
ساقی سرمست میخانے کی خیر
دوست دشمن کا نہیں کچھ امتیاز
کر گئی آخر کو رسوا تاک جھانک
رات دن ہے کام تمکو غیر سے
کنج گمنامی میں حیرت چھپ رہو
کیا اب نہ ہوگی میری طرف کو نگاہ بھی

غیر کے دشمن ہو لیکن نام کے
ہیں یہی دو ڈھب مرے آرام کے
دیر سے سائل ہیں ہم بھی جام کے
خاصے ہیں اُنکے لطف عام کے
ہیں نتیجے ہی بُرے بد کام کے
دن پھریں کیونکر کسی ناکام کے
مرحلے طے کر کے ننگ و نام کے
آخر کوئی خطا بھی ہے کوئی گناہ بھی

منہ تاکتی ہی رہ گئی عاشق کی آہ بھی
نکلا نہ منہ سے آپکے جھوٹوں نکو واہ بھی

حیرت بُری بلا ہے حقیقت میں چاہ بھی
انکو نباہتے ہی بنیگی نباہ بھی

یہ بھیڑ بھاڑ اور یہ قیامت کی آب و تاب
محشر سے کم نہیں ہے تری جلوہ گاہ بھی

چاہا انھیں خطا ہوئی فرمائیے معاف
ہوتا ہے آدمی ہی سے آخر گناہ بھی

اُنکی طرف ہے آنکھ انھیں کیطرف ہے دل
ساقی نہیں ہمارے ہمارے گواہ بھی

ہے بلا خنجر کوچۂ قاتل
جسکو پروا ہے سر نہو جائے

بیطرح گھات میں ہے دزدِ نگہ
کچھ ادھر کا اُدھر نہو جائے

ہے قیامت کی دھوپ محشر میں
خشک دامانِ تر نہو جائے

حیرت

حیرت - سخنور خوش فکر و ماہر فن قاضی مقصود حسن خلف حاجی ارشاد علی صاحب آپکی مرسلہ تحریر سے معلوم ہوا کہ آپکے آبار و اجداد کا اصلی وطن یمن تھا۔ پھر دلی ہوا۔ اب شاہجہانپور رہیلکھنڈ ہے۔ جس وقت ہندوستان میں اسلامی حکومت زوروں پر تھی اور دلی دار الخلافہ ہونیکی وجہ سے ہنرمندوں کا مرجع وستم رسیدوں کا ملجا و ماوی تھا آپکے بزرگ قاضی سید مہدی صاحب دلی میں تشریف لائے اور بتائید اقبال حکم شاہی سے خدمتِ قضا پر مامور ہو گئے۔ زمانہ جبتک موافق رہا آپکے بزرگ دہلوی ہونے پر فخر کرتے رہے مگر انقلابِ زمانہ اور اتفاقات وقت نے ہمیشہ دلی میں رہنے نہ دیا چنانچہ حکمِ شاہی سے شاہجہانپور گئے اور عہدۂ قضا کا فرمان بھی ساتھ لیتے گئے۔ اُسوقت سے وہیں ہیں اور یہ عہدہ بھی ابتک آپکے خاندان میں چلا آتا ہے۔

آپ ۱۸۶۹ء میں پیدا ہوئے چودہ برس کی عمر تک اپنے چچازاد بھائی سید محمد حسن میاں سے فارسی اور عربی کی صرف و نحو پڑھتے رہے۔ موزونی طبع اور شاعرانہ مذاق ازل سے اپنے ساتھ لائے تھے اس لیئے تعلیم و مطالعہ میں اکثر نظم اور فنِ نظم ہی کی کتابیں رہیں۔ مولٰنا جامی۔ حضرت نظامی۔ امیر خسرو۔ اور علامہ فیضی کے علاوہ دیگر باکمال

اساتذہ اور مشاہیر شعرائے اُردو کی تصنیفات سے بھی استفادہ کرتے رہے۔ اِس اثنا میں جب کبھی آپکا فطری جوش اُبھارتا تھا تو فارسی یا اُردو کچھ کہہ بھی لیتے تھے۔ مگر بزرگوں کے خوف اور لوگوں کی ہنسی کی شرم سے جو کچھ کہتے تھے اُسکو مخفی رکھتے تھے۔ رفتہ رفتہ بزرگوں کی چشم پوشی اور ہمنشینوں کی تحریک سے وطن کے مشاعروں میں جانے لگے۔ مگر کیفیت یہ رہی کہ اپنی غزل جو بڑے ذوق و شوق سے لکھتے تھے وہ یونہی یونہی بغیر پڑھے واپس لے آتے تھے تاہم اِن جلسوں کے اثر سے روز بروز اِس شوق کو ترقی ہوتی گئی۔ طبیعت قدرتی طور سے تشبیہ و استعارہ سے بے لگاؤ تھی اور زبان کی سادگی۔ بندش کی چستی اور محاورات کی چسپیدگی پر مٹی ہوئی تھی۔ لہٰذا جو کچھ کہتے تھے اپنے رنگ میں کہتے تھے اور خود ہی کہکر اپنا دل خوش کر لیتے تھے یہ طریقہ بہت دن تک جاری رہا۔ پھر بعض شفیق دوستوں کے اُبھارنے سے مشاعروں میں غزل پڑھنی شروع کر دی۔ کچھ عرصہ بعد آپ بہ تلاشِ روزگار عازم گوالیار ہوئے اور منشی سوہن لال صاحب چیف جسٹس کی عنایت سے صدر عدالت گوالیار میں ملازم ہو گئے انھیں ایام میں آپکے دوست مولوی غلام غوث صاحب توجہ اور منشی کفایت علیخاں صاحب رُسوا نے انھیں ایک باقاعدہ اور بالالتزام شاعر بننے کی صلاح دی اور نواب فصیح الملک بہادر حضرت داغ دہلوی کا کلام بھی اکثر سنایا۔ آپ اِس طرزِ ادا کے دلدادہ تھے ہی بلا تامل حضرت ممدوح کے حلقہ بگوش ہو گئے۔ ۱۸۹۳ء میں اصلاح کے لیئے غزل بھیجی اور تلامذہ کی فہرست میں نام درج ہونے کا فخر حاصل کیا۔ دربار تاجپوشی ۱۹۰۳ء کے موقع پر آپ دلی بھی تشریف لائے تھے۔ اور منشی رام پرشاد صاحب ظاہر دہلوی کے ہمراہ راقم سے ملاقی بھی ہوئے تھے۔ اُن ایام میں حضرت داغ بھی دلی میں تشریف فرما تھے۔ چنانچہ آپ روزانہ حضرت داغ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور بڑی عقیدت و ارادتمندی سے پیش آتے تھے۔ آپنے ۲۰ سال کامل مشقِ سخن کی اور فطری ذہانت

کیو جہ سے بہت اچھا ملکہ پیدا کرلیا تھا۔مشہور زمینوں میں ایسے ایسے شعر نکال لیجاتے تھے کہ مستند اُستادوں کے کلام میں ملا دیتے تھے۔ تقریبًا ۵ اغزلیں اور متفرق قطعات رباعیات ۔مسدسات اور مخمسات حضرتِ اُستاد کی نظر سے گزرے ہوئے اور اصلاح شدہ آپکے پاس موجود تھے۔روزمرہ کی صفائی۔مذاق اور خیال دونوں پاکیزہ مضمون کیطرف بھی میلانِ خاطر تھا اور بندش کی ندرت اور چستی آپکے کلام کا خاص جوہر تھی۔ مگر افسوس صد افسوس بعالمِ شباب ۳۷ یا ۳۸ سال کی عمر پاکر ۱۹۰۶ء میں انتقال کیا۔ دس بارہ برس ہوئے آپنے اپنے دیوان کا انتخاب راقمِ تذکرہ کو بھیجا تھا اُس میں سے مفصلۂ ذیل شعر انتخاب کرکے پیش کشِ ناظرین کیئے جاتے ہیں *

ہم سے تو شکر بھی ہے ہونا محال تیرا
وہ لطف وہ کرم ہے اے ذوالجلال تیرا

تُو جان کا بھی مالک ایمان کا بھی مالک
یہ بھی ہے مال تیرا وہ بھی ہے مال تیرا

آنکھوں کو نور بخشے دل کو سرور بخشے
کیا جلوہ جانفزا ہے اے ذوالجلال تیرا

کیفیتیں طلب کی اس دل سے کوئی پوچھے
جس دل میں بس رہا ہے شوقِ وصال تیرا

ہر شے میں دیکھتے ہیں تیری تجلیاں ہم
آنکھوں کے سامنے ہے ہر دم خیال تیرا

حیرت کی یہ دعا ہے جبتک جیوں الٰہی
ہر وقت دُھن ہو تیری ہر دم خیال تیرا

خانۂ دلمیں نہ ڈھونڈا یونہیں بھٹکے گھر گھر
لگ چکا تم کو پتہ شیخ و برہمن اُنکا

کیا قیامت تھا وعدۂ دیدار
قدت العمر میں وفا نہ ہوا

غمِ عشق راحت فزا ہو گیا
مرا دردِ میری دوا ہو گیا

ستم کرکے اب دلمیں نادم نہو
مری جان جو کچھ ہوا۔ ہو گیا

ہُوا غیر جب سے شریکِ ستم
تمھارا ستم بے مزا ہو گیا

وہ جادو بھری ہے کسیکی نگاہ
جدھر پھر گئی فیصلہ ہو گیا

حسیں آشنا اپنے مطلب کے ہیں
ہمیں خوب یہ تجربا ہو گیا

کیوں کیا تم سے نہ آکر پائمال
میرا لاشہ خاک پر لوٹا کیا

ذبح تو کر ڈالا تیغ ناز سے
اور پھر یہ کہتے ہو مَیں نے کیا کیا

آہ بیکار ہی گئی آخر
دل ناکامیاب دیکھ لیا

آپ نے پی کے حضرت واعظ
لطف جام شراب دیکھ لیا

بیخودی کیوں ہے اے دل ناداں
کسکو خانہ خراب دیکھ لیا

آرزوؤں سے جو ٹھیرے وہی ہماں اچھا
ڈھیٹ بنکر نہیں رہنا شب ہجران اچھا

دشمن جان بھی غارت گر ایمان بھی ہیں
ان بتوں سے جو رہے دور وہ انسان اچھا

وہ اگر تیز کئے بیٹھے ہیں خنجر اپنا
ہم بھی پھرتے ہیں ہتیلی پہ لئے سر اپنا

مژدۂ قتل مبارک ہو مرے دشمن کو
آپ احسان نہ رکھئے مرے سر پر اپنا

قتل نامہ مرا یوں تو نہ مکمل ہوگا
پہلے تم نام تو لکھو سر محضر اپنا

ابھی ٹھیرو کہ مٹی جاتی ہے بیتابی دل
ابھی رہنے دو ذرا ہاتھ جگر پر اپنا

تم سمجھتے ہو کہ محشر میں رعایت ہوگی
گر طرفدار ہوا داور محشر اپنا

ہوگئی حشر میں سب خلق خدا انکی طرف
ہائے کوئی بھی نہیں ہے سر محشر اپنا

اور دم بھر رہے مصروف تماشا قاتل
دو گھڑی اور بھی تڑپے دل مضطر اپنا

اُسنے پہچان لیا بزم میں ہمکو **حیرت**
کیا پشیمان ہوئے بھیس بدلکر اپنا

ستم کر گیا اور بھی وقت رخصت
وہ مڑ مڑ کے انکا ادھر دیکھ لینا

میرے مرنیکا یقیں جب انکو پورا ہوگیا
ہاتھ مل مل کر کہا افسوس یہ کیا ہوگیا

سرگزشت ہجر میں بھی تو مزا آنے لگا
ہم مصیبت کہنے بیٹھے انکو قصہ ہوگیا

شوق کے پہلو بچا کر اسنے کی تھی گفتگو
چھپ سکا لیکن نہ اظہار تمنا ہوگیا

کیا کہیں کس سے کہیں غمخوار اپنا کون ہے
ایک دل اپنوں میں تھا وہ بھی پرایا ہوگیا

کیوں بگڑتے ہو نہیں تھے غیر کے ہمراہ تم!
میری ہی تقصیر ہے مجکو ہی دھوکا ہوگیا

مال ہی کیا تھا جو تم دلکو اڑا کر لیگئے
انکو جاتا تم سے حیرت کو وفاداروں میں فرد

امتحاں ہمکو اسی میں بس تمھارا ہوگیا
امتحاں کا تھا ارادہ وہ بھی پورا ہوگیا

حالِ دلِ ہجر کا نقشا نہیں دیکھا
کیا لاکھوں حسیں اپنی نظر سے نہیں گزرے
دشمن کی مدح اور ہماری مذمتیں
ظالم کی جو ادا ہے غرض دلفریب ہے
جھوٹے غضب کے تھے مجھے بیچین کر گئے
مجھ میں بہت ہی دم ترے خنجر کیواسطے
یہ کہکے وہ تو داورِ محشر سے چلدیئے
مایوس ہوکے پوچھتے ہیں مجھ سے اہل شہر
تقصیر وار کون ہے انصاف سے کہو

دیکھو تو ادھر پھر تو کہو کیا نہیں دیکھا
اس وضع کا اس طرز کا ایسا نہیں دیکھا
اسکے سوا ہے اور تمھارے دہن میں کیا
شوخی میں کیا ہے ناز میں کیا سادہ پن میں کیا
یارب بھرا ہوا تھا ہوائے وطن میں کیا
اتنی بھی جان اب نہیں مجھ خستہ تن میں کیا
کیا جانے بک رہا ہے یہ دیوانہ پن میں کیا
حیرت جنابِ داغ ہے اب کن میں کیا
مجھ پر عتاب ہے کہ دلِ بیقرار پر

نہ قبضہ دل پہ ہے اپنا نہ قابو جانِ مضطر پر
ترے بیمار غم کے واسطے آبِ بقا سم ہے
یہ جھگڑا تو ہمیں کا تھا ہمیں اسکو مٹا دیتے
خیالِ چشمِ میگوں میں یہ کیفیت ہے حیرت کی
[illegible] سے ہم دیکھتے ہیں
ترا [illegible] تو کرے سیر سے ممکن ہی نہیں
سینہ و دل کبھی آباد تھے ارمانوں سے
غیر مقتل سے کوئی دم میں ہوا ہوتا ہے
اے اجل اب تو یہیں ڈھیر ہمارا ہوگا
دیکھنے دو ہمیں چہرے کو چھپاتے کیوں ہو

الٰہی کیا کروں دل لوٹ کر آیا ہے دلبر پر
کہ اسکی زندگی تو منحصر ہے آبِ خنجر پر
ہمارا فیصلہ کیوں منحصر رکھا ہے محشر پر
کبھی گرتا ہے شیشہ پر کبھی گرتا ہے ساغر پر
صورتِ آئینہ حیران سے ہم دیکھتے ہیں
یہ تو باہر ترے امکان سے ہم دیکھتے ہیں
اب وہی گھر ہیں کہ ویراں سے ہم دیکھتے ہیں
پاؤں اکھڑے ہوئے میداں سے ہم دیکھتے ہیں
پاؤں اٹھتا نہیں میدان سے ہم دیکھتے ہیں
کیا خبر تمکو کس ارمان سے ہم دیکھتے ہیں

وہ ترے شعر سنا کرتے ہیں اکثر حیرت
وصل کے وعدے پہ وہ اچھی طرح جمتے ہیں

ذاتِ والا میں تو ہیں سارے فرشتوں کے صفات
اپنا یہ حال جان چلی اضطراب میں
بے التفاتیوں کا گلہ اُن سے کیا کروں

عاشق بھی کہیے مجکو کہا ہے جو نامراد
ہر روز ایک کشمکشِ تازہ پیش ہے
نکلنا دلسے تیروں کا ترے مشکل سمجھتے ہیں
دمِ تقریر سو پہلو بچاؤں میں تو مطلب کے

بڑے لیلوٹ ہیں ہنتے چڑھا جو انکے آنکھے ہے
تمھاری طرح یہ بھی خون ارمانوں کے کرتا ہے
تجھی کو مانگتے ہیں تجھسے تیرے مانگنے والے
بڑی بدمذہب جگہ آملکے ہوا کی بار لے حیرت
سینہ و دل میں چلا کرتی ہیں چھریاں کیا کیا
ناوک انداز میں قربان تری آنکھوں کے
نہ وعدوں ہی سے ملتے ہیں نہ اقراروں سے ملتے ہیں
جنابِ شیخ اب چھپ چھپکے میخواروں سے ملتے ہیں
ملاقاتوں سے نیت کوئی مشتا تو نکی بھرتی ہے
مزا ملتا ہی اسمیں ہے کسیکو بے طلب کوئی
یہ حسن و عشق کی دولت ہے جتنے داغ ہیں دلپر
نہ جلوہ دلربا تجھسا نہ تو ہے جانفزا تجھ سی

ذوق ہے کچھ ترے دیوان سے ہم دیکھتے ہیں
عہد کچھ یونہی سے ہیں پیمان کچھ یونہی سے ہیں
شیخصاحب آپتو انسان کچھ یونہی سے ہیں
اُنکا یہ قول ٹالیے برسوں جواب میں
کیا کم عنایتیں ہوئیں مجھ پر عتاب میں
اتنا اضافہ اور ہو میرے خطاب میں
حیرت کی جان عشق نے ڈالی عذاب میں
بُتِ ناوک فگن ہم انکو جزوِ دل سمجھتے ہیں
غضب یہ ہے وہ میرا مدعا لے دل سمجھتے ہیں
پرایا دل سمجھتے ہیں نہ اپنا دل سمجھتے ہیں
تمھیں قاتل نہیں ہم دلکو بھی قاتل سمجھتے ہیں
حقیقت دو جہاں کی کیا ترے سائل سمجھتے ہیں
تمھارے داؤں میں وہ آئے ہم مشکل سمجھتے ہیں
جبسدم آتا ہے خیالِ خمِ ابرو دل میں
تیر تیرے ہوئے سب آکے ترازو دل میں
خدا جانے یہ بُت کیونکر طلبگاروں سے ملتے ہیں
یہ اپنی وضع کے پابند ہیں یاروں سے ملتے ہیں
تمنا اور بڑھتی ہے جو دلداروں سے ملتے ہیں
یہ کیا ملتا ہے دو بوسے جو تکراروں سے ملتے ہیں
یہی انعام ان فیاض سرکاروں سے ملتے ہیں
یہ گل رنگت میں کچھ کچھ تیرے رخساروں سے ملتے ہیں

مزے کی چھیڑ ہوتی جاتی ہے صحرا نوردی میں
قدم کے آبلے سب پھوٹکر خاروں سے ملتے ہیں

مری حالت پہ وقت واپسیں کیا اُنکو رحم آیا
الٰہی خیر وہ کیوں میرے غمخواروں سے ملتے ہیں

اے چارہ گر نہ پوچھ کہاں ہے کہاں نہیں
قابل علاج ہی کے یہ دردِ نہاں نہیں

تھا اُن شرارتوں کا مزہ کم سنی کے ساتھ
پہلے جو شوخیاں تھیں وہ اب شوخیاں نہیں

بدلی ہوئی نگاہ کو پہچانتے ہیں ہم
یوں آپ لاکھ کہیے کہ ہم بدگماں نہیں

اُمیدِ لطف تم سے نہو تو کسی سے کیا
کون اپنا مہرباں جو تمھیں مہرباں نہیں

حیرت کسی نے یاد کیا ہے تمھیں ضرور
بیوجہ ہجر یار میں یہ ہچکیاں نہیں

مری تصویر کا سر کاٹنے بیٹھے ہیں خنجر سے
اُنھیں ہر دم یہی دُھن ہے ستم ہو اور نرالا ہو

جفائے غیر کا شکوہ کیا میں نے تو وہ بولے
ہمارے چاہنے والے کا پتھر کا کلیجا ہو

مرے نالے وہ سنکر حشر میں کہنے لگے چپ چپ
یہ کیا کہتا ہے ظالم داورِ محشر نہ سنتا ہو

نگہ یاس بھی قیامت تھی
کچھ نہ پوچھو جو اُنکی حالت تھی

آج دیکھا نقاب بے حجاب اُنھیں
ہائے کیا دلفریب صورت تھی

دردِ اُلفت کی سختیاں اُف اُف
رات بھر نزع کی سی حالت تھی

ہوش جاتے رہے خدا کی قسم
اُنکا جلوہ تھا یا قیامت تھی

کون کرتا ہے گلہ تم سے شکایت کیسی
مہرباں خوب کرو ظلم رعایت کیسی

بات میں بات نئی فقرہ پہ فقرہ تازہ
چلبلی پائی ہے ظالم نے طبیعت کیسی

اُن سے پوچھا کہ تمھیں رسمِ وفا آتی ہے
ہنسکے فرمایا نہیں ہمکو جفا آتی ہے

جلوۂ روئے بتاں ہے وہ جناب زاہد
جسکے نظارے سے آنکھوں میں ضیا آتی ہے

شب غم نالہ ہو۔ فریاد ہو۔ یا آہ و فغاں
شغل ہو کوئی غرض دل کے بہلنے کے لیئے

شکوۂ رشک عدو پر یہ ملا ہمکو جواب
تجھے اللہ نے پیدا کیا جلنے کے لیئے

ہمارے حق میں جفا تنگ ہو آپ سے ہرگز
اُٹھا نہ رکھنا کوئی بات مہرباں باقی

جلوۂ ہوش رُبا دیکھ کے اوسان گئے
کلمہ پڑھتے ہوئے اُس بُت کا مسلمان گئے

ہائے کیا بزم تھی کیا لوگ تھے کیا جلسے تھے
یا الٰہی وہ کدھر عیش کے سامان گئے

منصف ہو تو دشمن کے طرف دار نہ ہونا
انصاف وہ کیا جس میں رعایت ہو کسی کی

ظالم تری تصویر میں جادو کا اثر ہے
جچتی ہی نہیں آنکھ میں صورت ہو کسی کی

گھبرا کے وہ کہنے لگے فریادِ ستم پر
اچھا جو ستانے ہی کی عادت ہو کسی کی

تغافل کی ادا ظالم کی دنیا سے نرالی ہے
قیامت توڑ دی ہے جب نظر چل پھر کے ڈالی ہے

الٰہی خیر یہ ہل چل مچی ہے کسکے آنے کی
سرِ گورِ غریباں کیا قیامت اٹھنے والی ہے

کیا اپنے فن میں دزدِ حنا کو کمال ہے
چھو کی ذرا نگاہ کہ یاروں کا مال ہے

افسانۂ عدو میں یہ دلچسپیاں کہاں؟
آپ اسکو سنیئے۔ سننے کے قابل یہ حال ہے

کسکی اُڑائی طرزِ روش تو نے فتنہ گر
یہ تو نہ چرخ کی نہ قیامت کی چال ہے

کچھ بھی پلّے نہ پڑا داغِ تمنا کے سوا
ایسی کمبخت تھی پھوٹی ہوئی قسمت دلکی

مہرباں بوسۂ لب کوئی بڑی بات نہیں
آپ گھبرا گئے کیوں سنتے ہی قیمت دلکی

مختصر جلے ہیں وہ شوق کی تحریروں کے
شکر یہ آپ کا ہے اور شکایت دلکی

کیا کہیں آپ سے حیرت کا بُرا حال ہے کیوں
کچھ کرم آپکا ہے کچھ ہے عنایت دلکی

ہزاروں میں نکلتا ہے کوئی شخص
نہ خواہاں وفا کے ہر بشر سے

مزے دیتا ہے کیا کیا خارِ اُلفت
کھٹک اسکی کوئی پوچھے جگر سے

میرے جھگڑوں کے لئے کافی نہیں روزِ جزا
یا الٰہی دوسرا اک اور محشر چاہیئے

غیر سے ہے تجھ سے زیادہ باوفا یہ کیا کہا
دل میں کچھ انصاف بھی اے بندہ پرور چاہیئے

حیرت اُسکے چاہنے والے ہزاروں ہوں تو ہوں
اپنی قسمت چاہیئے اپنا مقدر چاہیئے

یہ شبابِ حُسن یہ حسنِ شباب
حشر تک تجھ پر یہی عالم رہے

ایک دن دو دن نہایت تین دن
عمر بھر کیوں غیر کا ماتم رہے

حیرت

حیرت منشی نور احمد خان دہلوی محرر سارجنٹ پولیس زیادہ حال معلوم نہ ہوسکا۔ چند شعر ملے درج کیے جاتے ہیں +

منظور اگر ترکِ ملاقات ہے بہتر		حاصل تھیں کیا روز کے بیفائدہ شر میں
چھائی ہے گھٹا سر پہ غم و رنج و الم کی		ہر روز برستی ہیں بلائیں مرے گھر میں
عاشق ہو کہ معشوق اسے مان لو حیرت		ہے جلوہ ذات ایک جو آتا ہے نظر میں

حیرتی

حیرتی منشی محمد علیخان باشندہ عظیم آباد پٹنہ۔ راجہ پیارے لال اُلفتی دہلوی مقیم پٹنہ اور میر وزیر علی حیرتی سے فن سخن میں فیض پایا تھا۔ عرصہ ہوا انتقال کیا یہ اُنکا کلام ہے

نہ پوچھو ہم ہوا نام و نشاں میرا بتاؤں کیا		میں اک لیلی کا مجنوں ہوں ہیا بانِ وطن میرا
ہمارے لختِ دل ہیں اسطرح اشکِ مسلسل میں		پڑے ہوں دانۂ یاقوت جیسے سلکِ گوہر میں
آے ماہ جب آنکھوں میں تو ہی جلوہ نما ہو		پھر مردم دیدہ کی کہاں آنکھوں میں جا ہو
اِس طرح مری پیاس بجھا اے مرے قاتل		آب دمِ شمشیر ہو اور میرا گلا ہو
کس طرح دکھلائے وہ کسی غیر کو صورت		آئینہ نہ دیکھا کبھی جسنے یہ حیا ہو
اِدھر تو کشورِ دل لوٹتا ہے ترکِ نگاہ		اِدھر ہے لشکرِ مژگاں پرا جمائے ہوئے

حیف

حیف ۔ میر چراغ علی حیف لکھنوی شاگرد میر شیر علی افسوس۔ آخر اٹھارھویں صدی کے شعرا میں تھے۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو +

جسکی ہر اک اُمید مبدل بہ یاس ہو		کیا اُس مریضِ عشق کے جینے کی آس ہو

ملنے بھی نہ پائی اُس جواں سے	ق	حسرت زدہ ہم چلے جہاں سے
کافی ہے ترا ہی دید مجکو		کیا کام بہار و بوستان سے
کیا پوچھے ہے حیف کی حقیقت		ناشاد گیا وہ اس جہاں سے
وہ مہر جہانتاب اگر بام پر آوے		تا بندگی نیرِ اعظم نظر آوے
ہے اپنے تو نزدیک وہ فاخوب لیکن		ہو لطف جو تیری بھی طبیعت ادھر آوے

کہتا ہے کوئی بال اُسے کوئی رگِ گُل　　کچھ میں بھی کہوں تیری کمر جو نظر آوے
کانوں میں نہیں ہیں اُسکے بالے　　اِک چاند کے دو ہوئے ہیں ہالے

حیف

حیف شیخ محمد حاجی متوطنِ شاہجہان آباد متخلص بہ حیف۔ آخر اٹھارہ صدی میں حیات تھے شوق نے اپنے تذکرہ میں انکا ذکر کیا ہے۔ یہ کلام کا خلاصہ ہے ۔

نظر آیا جو مجھکو رات کو اُس مہرِ تاباں کا　　خجل ہو ماہ نے منہ چادرِ مہتاب میں ڈھانکا
اکیلا بیٹھکر روتا ہوں سر زانو پہ رکھ ہمدم　　اُٹھانا یاد جب آتا ہے مجھکو اُسکے داماں کا
اُسنے چھپکر مجھے لکھی تھی حقیقت جس میں　　وائے قسمت وہ کتابت لگی اغیار کے ہاتھ
حیف کا قتل ترے ہاتھ سے ہوگا ظالم　　یہ کہا دیکھ برہمن نے مرے یار کے ہاتھ
آتا نظر نہیں کوئی ہمدرد یاں سے مجھے　　اے گردشِ سپہر لے آئی کہاں مجھے

حیف

حیف منشی عبدالمجید حیف باشندۂ خان پورہ شاگرد شوکت۔ کلام صاف ستھرا ہے استعداد بھی خاصی معلوم ہوتی ہے۔ طبیعت میں جدت ہے اور مضمون پیدا کرنیکی کوشش کرتے ہیں۔ چند شعر حاضر ہیں ۔

کیوں بارِ عشق تو نے رقیبوں کے سر دھرا　　اِتنا تو ناتواں یہ ترا ناتواں نہ تھا
سبک کر بارِ احساں سے بہت بھاری ہے سر تیرا　　وگرنہ بوجھ محشر تک رہیگا تیری گردن پر
ہو تسلی دلکو اے وعدہ شکن اقرار میں　　فرق جب معلوم ہوا اقرار اور انکار میں
اللہ اللہ کیا ہے لذت آب پیکاں میں ترے　　تیر کی جا اُڑ کے دل خود جا لگا سوفار میں
نوکِ مژگاں گھات میں ہے تیغِ ابرو تاک میں　　دل کی کچھ بحث آپڑی ہے تیر اور تلوار میں
جسمیں ہو وہ دل تو دلمیں ہے خدا جلوہ گزیں　　تو نے اس کعبہ کا باندھا کبھی احرام نہیں
کیا کہیں گر نہ ہوئیں گردشِ قسمت اسکو　　جوش پر ابر ہے گردش میں مگر جام نہیں
[illegible] ہیں اہلِ ندا سے آکر سما جاؤ　　منہ میں تم ہو جدھر دیکھوں حرم ہو یا کلیسا ہو
وہ کہتے ہیں قیامت پہلے آلے تو ہم آئینگے　　وفائے وعدہ کے حق میں جو فقرہ ہو تو ایسا ہو

ہماری تشنہ کامی کو ہے کافی تیغ قاتل	دکھا خنجر اُسے جو آبِ خنجر کا پیاسا ہو
تماشائے جمالِ یار پر غش ہیں تماشائی	تماشا اُسکا خود محو تماشا ہو تو پھر کیا ہو
کہاں سے بھر گئیں نوکِ سناں میں لذتیں ایسی	کہ اب تک ہر لب زخم جگر کو کاٹتا دل ہے
ہیں کیوں مجنوں صفت وحشت میں صحرا کو نکلجاؤں	کہ میرے خلوتِ دل لیلیٰ عرفاں کا محمل ہے

حیف

حیف - وجیہ الدین احمد خاں ولد سعید الدین احمد خاں - ریاست رامپور کے رہنے والے ایک خوشخو اور خوش رو نوجوان ہیں - آبائی پیشہ مالگذاری تھا - مگر آپنے اُسے ترک کرکے چندوسی ضلع مُرادآباد میں شکر کا کارخانہ جاری کیا - گردشِ زمانہ سے وہ بھی نہ چلا پھر ۱۸۹۸ء سے ۱۹۰۱ء تک چھالاوار کی ریاست میں اُمیدوار ملازمت رہے - محض غزل گوئی اور مدح سرائی سے شغل رہا - پھر ریاست کوٹہ میں ملازمت اختیار کی اب وہاں سب انسپکٹر ہیں - شروع مشق میں مولوی عبد النبی خانصاحب جاوید تلمیذ منیر سے اصلاح لیتے رہے اُنکے انتقال کے بعد امیر مینائی کے سلسلۂ تلامذہ میں داخل ہوگئے - کلام اچھا ہے صفائی سادگی بندش ہر ایک صفت ایک حد تک موجود ہے - انتخاب ملاحظہ ہو +

ہر ادا یار کی ہے دل کی اُڑانے والی	چور ہیں گھات میں مشکل ہے بچانا دل کا
کیا بُرا حال ہوا عشق بتاں میں اے حیف	ہم نہ کہتے تھے کہ اچھا نہیں آنا دل کا
اور کس سے ہو اُمیدِ دوستی	دل جو اپنا تھا پرایا ہوگیا
واں شام شب وعدہ لگی پاؤں میں مہندی	یاں رنگ اُڑا روئے دعائے سحری کا
لاتے ہیں مجھے ہوش میں یہ کہکے "وہ آئے"	ممنوں ہوں احباب کی اس چارہ گری کا
وہ آکے گئے بھی تجھے کچھ ہوش نہ آیا	اے حیف ٹھکانا ہے تری بے خبری کا
ہماری چال ہم سے چلگئے وہ	ہمیں کو دیگئے فقرہ ہمارا
کچھ اشاروں میں بتایا کچھ نگاہوں میں کہا	کہدیا سب کچھ مگر مُنہ سے کہا کچھ بھی نہیں
غیر کی جان ہے؟ یوں ہجر کے صدمے جھیلے	میری ہمت - مرا دل - میرا کلیجا دیکھو

آپنے اپنے ہی خنجر کی روانی دیکھی　　ٹھیرو ٹھیرو تنِ بے سر کا تماشا دیکھو

پرتو فگن جو سبزۂ رخسارِ یار ہو　　لوحِ زمرّدیں مری لوحِ مزار ہو
پسند آیا لباسِ خاکساری　　مجھے ریگِ رواں آبِ رواں ہے
نگوں بختِ ازل سے کیا ملے گا　　بہت اونچا مزاجِ آسمان ہے

ہر سعادت کا مری چہرہ سیہ ہو جائیگا　　تیرہ بختی یہ ترا کاجل سلامت چاہیئے
لڑکھڑاتے ہیں رہِ شوق میں جب پائے طلب　　تھامنے مجکو مری لغزشِ پا آتی ہے
شوخی کی چھیڑ چھاڑ ہے شرم و حجاب سے　　اُلجھا ہوا ہے اُنکا لڑکپن شباب سے

حیفی

حیفی منشی محب الدین احمد دہلوی خلف منشی چندن لال کالستھ تحصیلدار تخلص حیفی تلمیذ منشی ہرگوپال تفتہ - سابق میں نواب کلب علیخان والی رامپور کے ملازم تھے - اور وہیں مذہب آبائی کو چھوڑ کر مسلمان ہوئے اب خانہ نشین ہیں - فارسی میں بھی سخن طرازی کرتے ہیں اور اُردو میں بھی - دونوں میں صاحب دیوان ہیں - قصیدہ و تاریخ گوئی میں بھی مہارتِ تامّہ حاصل ہے اب ۷۰ برس کی عمر ہے یہ چند شعر اُنکے ہیں *

مثلِ نگہت جب وہ گلِ زیبِ گلشن ہو گیا　　خندۂ شادی ہر اک بلبل کا شیون ہو گیا
غیر اُس بزم سے ہو کر جو پشیمان نکلا　　حسرتِ دل یہ پکاری مرا ارماں نکلا
کشتہ سمجھ کے گردشِ چشمِ نگار کا　　آہو طواف کرتے ہیں میرے مزار کا
افسردہ دل کو وہ ہی جلن بعد مرگ ہے　　گل بھی ہوا نصیب تو شمع مزار کا
دجلہ بار آج ہے پھر دیدۂ حیفی افسوس　　ساتھ غیروں کے وہ شاید لبِ دریا پہنچے

ماںگیئے گر شوقِ جفا مانگیئے　　چاہیئے گر دردِ جگر چاہیئے
پوچھتا قسّامِ ازل ہم سے گر　　کیا تجھے اے خاکبسر چاہیئے　　ق
ہم یہی کہتے بدمِ سردِ آہ　　داغِ دل و داغِ جگر چاہیئے
میں اک عیسیٰ نفس پہ مر گیا ہوں　　مرے حصے میں عمرِ جاوداں ہے

دیکھئے خاک میں کس کسکو ملائے تقدیر
آج اِک آئینہ رو محو خود آرائی ہے

مندرجہ ذیل شاعر کا کلام بعد ترتیب بہم پہنچا اِسلیئے آخر میں درج کیا گیا

حیا

حیا - منشی عبد الغفور باشندہ علیگڑھ حال مقیم اجمیر۔ آپکی عمر ۳۰ برس کے قریب ہے اور کئی برس سے منشی امیر مرزا زاہد اکبرآبادی کے شاگرد ہیں۔ عین ہنگام کتابت میں چند غزلیں ملیں اُن میں سے اشعار ذیل منتخب ہوئے۔

اب کیا وعدہ وفا تم نے تو کیا
جب نہ کچھ باقی رہا بیمار میں

میں رہ جاتا ہوں اُسدم کوسکر اپنے مقدر کو
ادا سے جب وہ کہتے ہیں پرے ہو دور ہو سرکو
کبھی متنا کبھی بنکر بگڑ جانا تماشا ہے
پھر اسپر کہتے جاتے ہیں بڑھاتے ہو تمھیں شر کو
حالِ دل اُسکو سنائے کی بنے کیا صورت
جب وہ صورت ہی دکھانیکا روادار نہو
دلِ بیتاب کو کیونکر ہو تسلی ظالم
خواب میں بھی جو میسر ترا دیدار نہو

آج بیڈھب وہ بگڑے بیٹھے ہیں
دل میں کیا جانے کیا سمائی ہے
چھپکے پینا شراب کا زاہد
واہ کیا خوب پارسائی ہے

تقاریظ

خمخانہ جاوید جلد دوم

تقریظ از نتائج افکار گہر بار فخر شعرائے زمان سعدی ہندوستان سلطان قلم و فصاحت موجد طرز نوی شمس العلماء مولنا الطاف حسین حالی مدظلہ از ارشد تلامذہ حضرت غالب مرحوم

خمخانہ جاوید یعنی تذکرہ شعرائے اردو زبان مرتبہ جناب لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے۔ رئیس دہلی خلف الصدق جناب آنریبل رائے بہادر لالہ مدن گوپال صاحب مُرگباشی اِس تذکرے کی جو اہمیت میرے دل میں ہے اور جو خصوصیت مجکو صاحب تذکرہ اور اُنکے معزز خاندان سے حاصل ہے اُسکے لحاظ سے مجکو اُسکی پہلی جلد پر سب سے پہلے اپنے خیالات ظاہر کرنے چاہئیں تھے۔ مگر بد قسمتی سے ایسے مکروہات پیش آتے رہے کہ میں اطمینان کے ساتھ اُسکی نسبت کچھ نہ لکھ سکا۔ اگرچہ کافی اطمینان اب بھی میسر نہیں ہے لیکن چونکہ تذکرے کی دوسری جلد بھی عنقریب چھپکر شائع ہونے والی ہے اسلیئے میں نے خیال کیا کہ مبادا اس اہم تالیف کی نسبت پھر مجکو اپنے دلی خیالات ظاہر کرنے کا موقع نہ ملے لہذا میں نے نہایت ضروری سمجھا کہ اپنی ناچیز رائے اُسکے متعلق ظاہر کرنے میں اب دیر نکروں +

اس تذکرے کی پہلی جلد کو چھپے ہوئے تین برس گزر چکے ہیں۔ دہلی و لکھنؤ اور اطراف

ہندوستان کے بڑے بڑے نامور شعرا اور اہلِ کمال نے اُس پر نہایت عمدہ رائیں ظاہر کی ہیں جس صفائی اور سلاست سے اُس میں شعرا کے تراجم لکھے گئے ہیں اور جس سلیقہ سے اُن کا کلام انتخاب کیا گیا ہے اور جس کوشش و جانفشانی سے اُنکے حالات اور اُن کا کلام بہم پہنچایا گیا ہے اور جس ادب و احترام کے ساتھ قدما سے لیکر معاصرین تک سب کا نام لیا گیا ہے اِن سب باتوں کو تقریبًا تمام تقریظ نگاروں نے تسلیم کیا ہے اور سب سے بڑھکر میں نہایت صدق دل سے تسلیم کرتا ہوں۔ پس تذکرہ یا تذکرہ نویس کو پبلک سے روشناس کرانے کی اب زیادہ ضرورت نہیں ہے میں اس موقع پر صرف تذکرے کی جامعیت کی نسبت چند الفاظ لکھنے چاہتا ہوں ۞

اب تک اِس تذکرے کی صرف پہلی جلد راقم کی نظر سے گزری ہے جو ۹۸۹ صفحوں پر ختم ہوئی ہے۔ اُسکے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس جلد میں صرف اُن شاعروں کا کلام اور اُنکے حالات درج ہوئے ہیں جن کا تخلص الف یا بے سے شروع ہوتا ہے۔ اِس سے ظاہر ہے کہ منجملہ بتیس ۳۲ کے صرف دو ردیفیں اِس جلد میں قلمبند ہوئی ہیں اور کم سے کم ۲۸ ردیفیں باقی ہیں۔ اِس سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ اگر سب ردیفیں اسی شرح و بسط کے ساتھ لکھی گئیں جیسی کہ الف اور بے کی ردیفیں لکھی گئی ہیں تو یہ تذکرہ جامعیت کے لحاظ سے بلا مبالغہ شعرائے اردو زبان کی ایک ایسی سائیکلو پیڈیا ہوگی جسکی نظیر اردو تذکروں میں نایاب سمجھی جائیگی۔ اور اُردو زبان میں یہ ایک ایسا اضافہ ہے جس کا تمام اہل ملک کو ممنون ہونا چاہیئے۔ آجکل اہل ملک کی بدقسمتی سے جو اختلاف ہندو مسلمانوں میں اُردو زبان کی مخالفت یا اُسکی حمایت کی وجہ سے برپا ہے اُسکی رفعدا و اگر ہو سکتی ہے تو اسی طریقے سے ہو سکتی ہے کہ ہندو تعلیم یافتہ اصحاب کشادہ دلی اور فیاضی کے ساتھ اُردو زبان میں جو درحقیقت برج بھاشا کی ایک ترقی یافتہ صورت اور اُسکی ایک پروان چڑھی ہوئی اولاد ہے اِسی طرح تصنیف و تالیف کریں جس طرح ہمارے ہر دل عزیز ہیرو نے اِس

خمخانۂ جاوید جلد دوم

طولانی تذکرے کو ختم کرنے کا ارادہ کیا ہے اور مسلمان مصنفین بے ضرورت اُردو میں عربی فارسی کے غیر مانوس الفاظ استعمال کرنے سے جہانتک ہو سکے پرہیز کریں اور اُنکی جگہ برج بھاشا کے مانوس اور عام فہم الفاظ سے اُردو کو مالا مال کرنے میں کوشش کریں۔ اور اس طرح دونوں قوموں میں آشتی اور صلح کی بنیاد ڈالیں اور ایک متنازع فیہ زبان کو مقبولۂ فریقین بنائیں۔ جیسی کہ لکھنؤ جانے سے پہلے تقریباً اہل دہلی کی زبان تھی۔ مذکورۂ بالا اختلاف کے متعلق جو تعصب اور ناگواری کا الزام ہندوؤں پر لگایا جاتا ہے اسی قسم کا بلکہ اس سے زیادہ سخت الزام مسلمانوں پر لگایا جا سکتا ہے کون نہیں جانتا کہ مسلمان باوجودیکہ تقریباً ایک ہزار برس سے ہندوستان میں آباد ہیں مگر اس طول طویل مدت میں اُنھوں نے چند مستثنیات کو چھوڑ کر کبھی سنسکرت یا برج بھاشا کی طرف باوجود سخت ضرورت کے آنکھ اُٹھا کر نہیں دیکھا۔ جس سنسکرت کو یورپ کے محقق لاطینی و یونانی سے زیادہ فصیح زیادہ وسیع اور زیادہ باقاعدہ بتاتے ہیں اور جسکی تحقیقات میں عمریں بسر کر دیتے ہیں۔ مسلمانوں نے عام طور پر کبھی اسکو قابل التفات نہیں سمجھا۔ اگر یہ کہا جائے کہ سنسکرت کا سیکھنا کوئی آسان کام نہیں ہے تو برج بھاشا جو بمقابلۂ سنسکرت کے نہایت سہل الوصول ہے اور جسکی شاعری نہایت لطیف شگفتہ اور فصاحت و بلاغت سے لبریز ہے اُسکو بھی عموماً وہ ہمیشہ بیگانہ وار نظروں سے دیکھتے رہے حالانکہ جو اُردو اُن کو اسقدر عزیز ہے اُسکی گرامر کا دارومدار بالکل برج بھاشا یا سنسکرت کی گرامر پر ہے عربی۔ فارسی سے اُس کو صرف اسقدر تعلق ہے کہ دونوں زبانوں کے اسمار اس میں کثرت سے شامل ہو گئے ہیں۔ باقی تمام اجزائے کلام جنکے بغیر کسی زبان کی نظم یا نثر مفید معنی نہیں ہو سکتی۔ برج بھاشا یا سنسکرت کی گرامر سے ماخوذ ہیں۔ سچ یہ ہے کہ مسلمانوں کا ہندوستان میں رہنا اور سنسکرت یا کم سے کم برج بھاشا سے بے پروا یا متنفر ہونا بالکل اپنے تئیں اس مثل کا مصداق بنانا ہے کہ "دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر"

قصہ مختصر جس ذوق و شوق سے معزز مؤلف نے اِس تذکرے کے لکھنے پر کمر باندھی ہے اور جس استقلال کے ساتھ وہ طالب علمی کے زمانے سے لیکر آج تک اُن تمام مشکلات پر غالب آتے رہے ہیں جو اس مفید کام کے انجام دینے میں اُن کو پیش آئیں اُس سے اِس عام خیال کی بوجہ احسن تردید ہوتی ہے کہ انگریزی تعلیم بجائے اِسکے کہ قومی تعصبات سے دلوں کو پاک کرے اور اُلٹی تعصب و ناگواری کی آگ ملک میں مشتعل کرنے والی ہے۔

بہر حال ہم دل سے دُعا کرتے ہیں کہ جو مفید کام ہمارے دلی دوست مسٹر سری رام صاحب نے شروع کیا ہے اللہ تعالیٰ اُسے بخیر و خوبی انجام کو پہنچائے اور اس تصنیف کو قبولِ عام کے زیور سے آراستہ فرمائے۔

آخر میں ہم معززِ مصنّف کی خدمت میں اِس بات کے عرض کرنے کی معافی چاہتے ہیں کہ صفحہ ۳۰۸ پر جہاں حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی رحمۃ اللہ کا حال لکھا گیا ہے اُس میں چند فروگزاشتیں ہوگئیں ہیں - اول تو شاہ صاحب ممدوح کا اُردو زبان میں شعر کہنا اور اشتیاق تخلص کرنا ثابت نہیں ہوا - دوسرے اُن کا وطن سرہند اور مجدد الف ثانی کی نسل سے ہونا اور فیروز شاہ کے کوٹلہ میں سکونت پذیر ہونا غلط معلوم ہوتا ہے - کسی طریقہ سے اِس غلطی کی اصلاح فرما دیجائے +

راقم - خاکسار **الطاف حسین** حالی - از پانی پت

تقریظ دلپذیر از فکر ارجمند آسمان پیوند نخلبند گلستان معانی واقف رموز شیرین بیانی سخن طراز جادو نگار افسر الشعرا حضرت آغا شاعر دہلوی از ارشد تلامذہ حضرت فصیح الملک مرزا داغ مغفور

یا مالکِ کُل جس چیز پر میں اسوقت قلم اُٹھا ہوں وہ خمخانہ جاوید کی ایک تقریظ

ہے گو اسکی بابت ایک عرصے سے مجھ پر تشدد ہو رہا تھا مگر افسوس میں ایسا بدنصیب تھا کہ کسی طرح بھی اپنی بیقاعدہ زندگی میں سے کوئی وقت اس لاثانی کتاب کے لیے نہ نکال سکا۔ آج اتفاق سے میں نے برسوں کے بعد پھر اس جلد کو اٹھا لیا اور اب جو کچھ میں دیکھتا جاتا ہوں حوالۂ قلم کرتا ہوں۔

"خمخانہ جاوید یا تذکرۂ ہزار داستان کی یہ پہلی اشاعت ہے جو تقریباً ۰۰ ۷ صفحوں پر ختم ہوتی ہے۔ لکھائی چھپائی سب قابل تعریف۔ مگر سرورق کے بعد جو صفحہ ہے اُسے دیکھ کر تو بے اختیار کاغذ پر باغ و بہار کا دھوکا ہوتا ہے۔ واقعی یا تو میری نگاہوں نے آجتک اس سے بہتر نقاشی لیتھو پریس پر نہیں دیکھی۔ یا خمخانۂ جاوید کا حجاب ہی ایک نرالا سین ہے جو اُردو کی کسی کتاب پر اس شان سے نہیں کھینچا گیا۔ آگے چلکر اس تذکرہ کا ڈیڈیکیشن بھی خاص نوعیت رکھتا ہے۔ کیونکہ اس بیش بہا تالیف کو ہز ہائنس بندگانِ عالی حضرت آصفجاہ خلد اللہ ملکہٗ فرماں روائے دکن کے نام نامی سے معنون کیا گیا ہے۔ یہ صفحے جہاں اُلٹے پھر ایک دریائے ذخار موجزن تھا اور اُس میں غوطہ لگانا مجھ جیسے ناآشنائے شناوری کا کام نہیں مگر پھر بھی اتنا ضرور کہونگا کہ اُردو دان پبلک کے لیئے یہ کتاب یقیناً غیر معمولی نعمت ہے۔ جسے دلی کے ایک لبا قابل۔ بیدار مغز سخن فہم بلکہ فنا فی الشعر شخص نے اپنے ۷ اسال کی محنت۔ کاوشِ دل و دماغ اور صرف زر کثیر سے ترتیب دیکر ملک میں مفت تقسیم کر دیا ہے رہا انتخابِ کلام اور شعرا کی تعداد۔ اسکے لیئے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ میں محاسب نہیں اور بقول لارڈ ٹینسن ایک شاعر کو حساب سے کچھ تعلق بھی نہیں ہو سکتا بدیں وجہ یہ لکھدینا کافی ہوگا کہ میری رائے میں خمخانۂ جاوید ایک ایسی جامع فرہنگ ہے جو فرہنگ آصفیہ سے پہلو مارتی ہے۔ مولوی سید احمد صاحب دہلوی نے اگر ۵ دماغوں کے برابر ایک دماغ سے کام لیا ہے تو میرے معزز دوست لالہ سری رام صاحب ایم اے

نے بھی اِس تذکرے کی تالیف سے اپنے آپ کو غیر معمولی انسان ثابت کر دینے میں ذرہ برابر کمی نہیں کی ﴿

آخر میں اقسامِ شعر اور ہر شاعر کی قدرتِ دستگاہ پر بحث کرنا یا مؤلف کے ذاتی ریمارکس پہ روشنی ڈالنا یہ ملکی نظر بازوں پر موقوف ہے کیونکہ ؎

پرکھنا شعر کا ہیرا پرکھنے سے زیادہ ہے	نظر کا کھیل ہے ہمنو نظر بازوں پہ مرتے ہیں

با ایں ہمہ "خمخانۂ جاوید" زمانۂ حال کی ایک بہترین ایجاد ہے۔ اُردو علمِ ادب کا ایک گنگا جمنی زیور ہے۔ اور شعراء جیسے معدوم فرقے کے لیئے اِس سے بہتر بقائے دوام کا اور کوئی ذریعہ بھی نہیں ہو سکتا۔

سچ یہ ہے آنکھ ہو تو ہیں جوہر کمال کے	کاغذ پہ رکھدیا ہے کلیجا نکال کے

آثم۔ افسر الشعراء **آغا شاعر**۔ قزلباش دہلوی

از نتیجۂ قلمِ جادو رقم ماہر کامل فن محقق والا نظر سخن گستر منشی سید احمد صاحب دہلوی مؤلف فرہنگ آصفیہ و دیگر کتب متعدد وظیفہ خوار سرکار نظام

اِس تذکرہ کی اول جلد کو بھی ہمنے پڑھا اور ریویو لکھا تھا۔ اب دوسری جلد پر بھی سرسری نظر ڈال کر دونوں کے فرق و امتیاز کو ظاہر کرتے ہیں

یہ ایک مشہور کہاوت چلی آتی ہے کہ "نقاش نقشِ ثانی بہتر کشد ز اول" یہ مثل سُنا کرتے تھے مگر پُوری پوری تصدیق جلد ثانی کو دیکھکر ہوئی۔ لالہ سری رام صاحب جیسے معدوم الفرصت کا ہر ایک شاعر کے کلام پر اسقدر نظر غائر ڈالنا۔ کلام کا ایسا لاجواب انتخاب کرنا کہ جس سے شاعر کی عظمت۔ وقعت اور طبیعت بڑھے معترضوں کے اعتراض کا ان گھٹے۔ اِس پہ پروف نیز کاپیوں کی صحت کا خود ہی ذمہ دار ہونا کچھ آسان کام نہیں ہے بلکہ "کارے دارد" کہنا چاہیئے ﴿

اکثر ڈوبے ہوئے ناموں کو اُچھال دیا - اور دبے ہوئے کلاموں کو اُبھار دیا۔ شوق گویا کیں نگار مشاطۂ حسن افزائے دلبر سخن کر۔ نکتہ چینیاں فرمائیں مگر نکتہ داں۔ نکتہ رس نکتہ شناس۔ نکتہ پہ ور سخن کر۔ اگر کسی کو روہ کا ماہِ تاباں یعنی گوڈر کالال ہے تو کیا مجال کہ اُسکے کلام پر صاد نہو - اور جو کسی نامی شہر کا آفتاب جہانتاب پُراز جاہ وجلال ہے تو کیا ممکن کہ تذکرہ میں اُسکی داد نہو - نہ اہلِ دہلی کی طرفداری ہے - نہ اہلِ لکھنؤ کی غمگساری - اُنکے نزدیک ایک باپ کے دو بیٹے ہیں - جن میں سے ایک تو باپ کے ساتھ سیاحت وسفر میں شریک و دلیر ہے دوسرا ماں کیخدمت میں اپنے ہی گھر پر شیر ہے ٭

جس ذکر کو لیا تنقید یا محاکمانہ نظر سے لیا - جس تذکرہ کو چھیڑا منصفانہ دلائل سے فیصلہ کیا - آخر بنتے بھی تو منصف ؟ وہ فیصلہ کیا جو آگے جاکر نہ ٹوٹ جائے اور وہ انصاف فرمایا جس کا کوئی پہلو نہ چھوٹ جائے - یہ صرف تذکرۂ شعرائے ہند ہی نہیں بلکہ ایک قسم کی شاہانہ تاریخ بھی ہے - **نصیر الدین** حیدر بادشاہِ اودھ متخلص بہ بادشاہ کے ذکر کو پڑھو - **جہاندار شاہ** - جہاندار - مرزا جہانگیر متخلص بہ جہانگیر وغیرہ کے حالات ملاحظہ فرماؤ - کیسا تاریخی لطف دکھا رہے ہیں ٭

دیگر نامی شعرا میں سے کس کس کا حوالہ دوں - اِن پانسو صفحوں میں کئی سو شعرائے ذوی القدر موجود ہیں اوروں کی تو گنتی ہی نہیں - بائے فارسی سے لیکر حائے حطی تک مجلسِ ہزار داستاں جمع ہے - مشاعرہ ہو رہا ہے - شہرِ خموشاں کے سخن سنج اِس میں گونج رہے ہیں - اور شہرِ گویا کے خوشنوا اِس میں چہک رہے ہیں - شمعِ ہزار داستان شمعدان ہزار فتیلہ بن کر اُنھیں روشنی دکھا رہی ہے - واہ واہ کی صدا پر صدا آرہی ہے سخن فہم اُچھل اُچھل کر داد دے رہے ہیں - نیچرل شاعری کے دل دادہ اُس میں جلوس فرما ہیں اور خیالی ذہن رسا کے روشن دماغ - روشن خیال

بلند پرواز۔ زمزمہ پرداز اس میں کرسی نشیں ہیں۔ حضرت حالی مدظلہ العالی کی نیچرری
و ایشیائی شاعری کا لطف اس میں ہے۔ عبدالحی تاباں کا دلربا جمال اس میں
ہے۔ جرأت کی عاشقانہ جرأت و دردانگیز اظہارِ کمال اس میں ہے۔ مرزا اسمٰعیل
تپش۔ غلام محمد خاں تپش با دلِ تپیدہ اپنا اپنا ذاتی جوہر لیئے ہوئے اس میں حاضر
ہیں۔ الغرض شاہ تراب کی منکسرانہ خاکساری۔ میر حسین تسکین کی تسلی بخش شیریں
بیانی۔ امیر اللہ تسلیم کی سلامت روی۔ محمد علی تشنہ کے کلام پر العطش کی پکار
نواب شہاب الدین احمد خاں ثاقب کے حسنِ بیان پر نورانی بہار حسبِ موقع عجیب
عجیب لطف دکھا رہی ہے۔ ہمارا شاہد ہمارا گواہ اگر درکار ہے تو یہی تذکرہ ہزار داستان
ہمارا سچا اور بلا تصنع اظہار ہے۔ فقط

سید احمد دہلوی۔ مؤلف فرہنگ آصفیہ۔ ۲۱ مارچ ۱۹۱۱ء

قطعات تاریخ اشاعت خمخانہ جاوید از نتائج افکار ماہر باکمال مشاق عدیم المثال مولوی حامد حسین صاحب قادری بچھرایونی مقیم رامپور

کیا خوب یہ تذکرہ ہے سبحان اللہ — روشن ہوا سب ہیں اس سے نام شعرا
تاریخ کی فکر ہے تو حامد لکھو — بے مثل خزانۂ کلام شعرا ۱۹۱۰ء

دیگر

تذکرہ لکھا ہے بے مثل و نظیر — سب میں مشہور یہ افسانہ ہوا
اک نظر جس نے اسے دیکھ لیا — عاشق و والہ دیوانہ ہوا
تذکرے طبع ہوئے بہتیرے — سچ تو یہ ہے کوئی ایسا نہ ہوا
تذکرہ کیا ہوا یہ اے حامد — بادۂ شعر کا خمخانہ ہوا ۱۹۱۱ء

دیگر

خوش سلیقہ ہیں بڑے لالہ سری رام ایم اے — یہ کتاب آپنے لکھی ہے بہت ہی اچھی
یوں تو لکھے ہیں بہت تذکرے لوگوں نے مگر — ہمنے تالیف نہ دیکھی کوئی ایسی اچھی

اِس میں حالات کیے جمع سب عمدہ عمدہ
ایسی ہی طبع ہوئی جیسی کتاب اچھی ہے
چاہتے ہو تم اگر سالِ اشاعت حامد

اور غزلیں بھی لکھیں چھانٹ کے اچھی اچھی
کاغذ اچھا ہے قلم اچھا چھپائی اچھی
کہہ۔ و تاریخ لکھی ہے شعرا کی اچھی

۱۹۱۱ء

دیگر

تاریخ شاعروں کی ہے یہ یا مشاعرہ
ہر نقطہ اس کتاب کا ہے رشکِ آفتاب
پھیلی ہوئی کہیں ہے بلاغت کی چاندنی
کیوں آفتاب بن کے نہ چمکے جہان میں
ترتیبِ جلد دوم کا حامد یہ سال لکھ

یہ تذکرہ ہے یا شعرا کی ہے انجمن
ہر لفظ اس کتاب کا ہے غیرتِ چمن
دریا کہیں ہے اسمیں بلاغت کا موجزن
ہیں قدر دانِ تذکرہ شاہنشۂ دکن
چھاپا گیا ہے خوب یہ گلدستۂ سخن

۱۹۱۰ء

دیگر

ہیں جلوہ گر قرینہ سے سب شاعرانِ دہر
حامد نے جلد دوم کی تاریخ یہ لکھی

ہے یہ نمونہ انجمن اہلِ ہند کا
یہ انتخاب ہے سخن اہلِ ہند کا

۱۹۱۱ء

دیگر

سچ تو یہ ہے حق ہیں اُردو شاعری کے یہ کتاب
سال ہجری کی اگر ہے فکر لے حامد حسن

رحمتِ پروردگار و فخرِ خالقِ مطلق ہوئی
کہدو اُردو شاعری کو اس سے اب رونق ہوئی

قطعہ تاریخ نوشتہ مولانا مولوی حاجی محمد فیاض الدین صاحب رامپوری

سخن پروراں فیض حاصل کنند
بگوشم ندا از سروش آمدہ

کہ ایں تذکرہ ہست محبوب طبع
بگو سال فیاض۔ مرغوب طبع

۱۳۲۹ھ

تقریظ و تاریخ رنجیتہ کلک جواہر سلک سخنور یکتا شاعر بے ہمتا رشکِ عرفی و خاقانی جناب مولوی عبد الحی صاحب نجود بدایونی مجسٹریٹ ریاست جودھپور فخر تلامذہ حضرت فصیح الملک داغ مرحوم

ناظرین! ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک سیکڑوں علوم ہزاروں فنون ایجاد

ہوکر اس طرح معدوم ہوگئے کہ اُن میں سے اکثر کا اب کوئی نام بھی نہ جانتا ہوگا۔ اور جانتا بھی ہو تو اُن کا تحصیل کرنا سعی بے حاصل سمجھا جاتا ہوگا +

اِس پیہم اختراع اور بالآخر اُسکی فنا کا باعث بجز اُسکے کیا سمجھا جائے۔ کہ انسانوں کی طبیعت۔ اُنکے مذاق۔ اُنکے خیالات۔ اُنکے مشاغل ایک دوسرے سے جُدا رنگ رکھتے چلے آئے ہیں۔ اور اِس دہرِ فانی میں خواہ کوئی کمال ہو یا اہلِ کمال کسیکو ثبات ہے نہ قیام۔ معہذا انسانی خصلت وضرورت کو بھی آج نہیں تو کل تغیّر و تبدّل لازمی ولابدی ہے +

انسان کی حالت بھی بدل جاتی ہے	اور اُسکی طبیعت بھی بدلجاتی ہے
صورت۔ سیرت۔ مزاج۔ کسکا ہےوجود	بس حد ہے کہ قسمت بھی بدلجاتی ہے

دیکھئے سنسکرت کی عملداری میں اہلِ عرب ایران کے قدم آئے تو اُسی ضرورت ومذاقِ طبیعت کی بدولت اہلِ ہند عربی وفارسی میں تکمیل کرکے عالم بنے منشی کہلائے عرب وایران کے باشندے سنسکرت کی وسعت وحلاوت دیکھکر اسکے ایسے ماہر ہوئے کہ بجائے خود پنڈت بن بیٹھے۔ لیکن یہ حالت خواص سے متجاوز ہوکر عوام تک نہ پہنچی نہ پونہچ سکتی تھی۔ اور ضروریاتِ دینی ودنیاوی کے ہاتھوں ایک کو دوسرے سے سابقہ پڑنا ضروری تھا۔ لہذا تازگی وجدت پسند۔ ایجاد واختراع دوست طبائع کے میل جول سے ایک نئی زبان پیدا ہوئی جو لفظ اُردو سے منسوب اور مسمّی تھی اور ہے

یہ زبان اوّل اوّل تو صرفِ ضروریات ومعاملات میں مستعمل رہی۔ مگر اسکی دلکشی۔ اسکی وسعت اِسکی حلاوت۔ اسکی آسانی سے یومًا فیومًا اسکی ترقی اور قدر بڑھتی گئی۔ یہاں تک کہ انشا پردازوں سخن طرازوں نے اوائل عمر ہی میں اسکو اپنے آغوش میں اُٹھا لیا۔ اور دلی جذبات وخیالات کا اسی کے ذریعے سے اظہار شروع کردیا۔ آخر الامر نظم ونثر کے اربابِ کمال ونازک خیال حضرات کی

بدولت نوبتِ کار یہانتک پہنچی کہ قصوں کہانیوں میں اسی کا جلوہ۔ مکاتب و مدارس میں اسی کا جلوس۔ سرکاری و پرائوٹ مطابع۔ اہلِ شرافت و تہذیب کے مجامع میں بلا امتیاز مذہب۔ اسیکا نور و ظہور۔ دفاتر و مجالس میں اِسی کا دور دورہ نظر آنے لگا۔ دینی و دنیاوی۔ تاریخی و مذہبی۔ علمی و عملی کتابیں اسی میں لکھی اور ترجمہ کی جانے لگیں۔ علم کی مسندِ حکومت کی کرسی۔ تجارت کی دوکان پر بھی یہی متمکن ہوئی ✣

جب انگریزی حکومت و زبان کا عہد آیا تو بھی زمانۂ دراز و مدت مدید تک ہر ایک علم و فن۔ اور یورپ کے اعلیٰ سے اعلیٰ انشاپردازوں مستند سے مستند مورخوں کی عمدہ ترین تصانیف کے ہزارہا ترجمے۔ ذی استعداد اہلِ قلم نے اسی زبان میں کیئے۔ جو مقبولِ خاص و عام ہوئے اور ابتک ہیں ✣

الحاصل سالہا سال نہیں بلکہ قرناً بعد قرنِ اطرافِ عالم میں اسی کا آوازہ رہا۔ کوسِ لِمَنِ الْمُلْكُ الْیَوْمَ اسی نے بجایا۔ قوانین و اخبار۔ گزٹ و اشتہار اسی زبان میں شائع ہوئے۔ حضور معدلت ظہور۔ ملکہ معظمہ امپرس وکٹوریا مرحومہ جیسی بیدار مغز رعایا پرور۔ ذی فراست شہنشاہ نے ایشیائی زبانوں میں اِسی کو قابلِ ترجیح تصور فرماکر تحصیل فرمایا ✣

یہ واقعہ ترقی اُردو کے لیئے معراج تھا اور ہر ترقی کی ایک غایت ہر عروج کی ایک نہایت مقرر ہے چنانچہ اب ادھر تو اکثر معترضین میں اِسی اُردوئے معلّی کے خلاف ایک جوش پیدا ہوا اور خلافِ اصلیت اِسکو صرف مسلمانوں کی زبان ٹھہرا کر ترک و اجتناب کے قابل قرار دینا شروع کر دیا۔ ادھر نئے مذاق نئے فیشن نے جہاں اور قدیمی رسم و رواج وضع و لباس سے اہلِ زمانہ کو نفور و بیزار کر دیا۔ وہاں موزوں طبع حضرات نے شاعری کی روشِ قدیم کو بھی چھوڑ کر ایک اَور ہی آہنگ اختیار کی جو نیچرل یا مہذب یا سچی شاعری کے معزز نام سے مسمّٰی ہوئی ہے اور زبانِ اُردو

کی طرح اساتذۂ متقدمین کی طرز روش کو بھی بغیر استثنا کے واجب الاحتراز قرار دینے میں ساعی و کوشاں ہوئے +

واہ رے جوش تنافصلِ خزانِ اُردو
وہ بتاتے ہیں زباں اپنی غضب ہے ہندی
گو ہر اک گھر میں ہے اخبار و کتب کا انبار
اُنکو رہتی ہے مگر اب یہی کوشش شب و روز

اہلِ اُردو ہی مٹاتے ہیں نشانِ اُردو
جنکے آجداد تھے سب مرتبہ دانِ اُردو
جس سے ہر طرح نمودار ہے شانِ اُردو
کہ فنا وقت سے پہلے ہو زبانِ اُردو

اِس پُر آشوب اور سراپا شورش زمانے میں مکرّم سراپا اکرام گرامی منش عالی مقام زیبا خیال رنگیں کلام لالہ سری رام صاحب ایم اے کی ذات والا صفات مغتنمات سے ہے۔ جنھوں نے اپنا بیش بہا وقت اور بہت سا روپیہ خرچ فرما کر اردو علم ادب کی ایک بسیط کتاب یعنی تذکرۂ شعراء کی تالیف کا ارادہ اور پھر اُس ارادے کو پورا کیا +

بیخود ہیچمدان کو مؤلفِ ممدوح سے حصولِ نیاز یا ہمکلامی کا موقع آجتک نہیں ملا ہے مگر بفحوائے اِذَا عَدَمَ الْمَاءُ فَالتَّیَمُّمُ جَائِزٌ مراسات کی نوبت بارہا آئی اور آتی رہتی ہے۔ اسکے سوا خمخانۂ جاوید یعنی تذکرہ موصوف کی جلد اول من اوّلہ الی آخرہ کرتا بعد اُخری دیکھ چکا ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَعَلَیہِ عَیْنُ اللّٰہِ۔ کیا زبان ہے اور کسقدر صفائی اور روانی بیان۔ ہر ایک شاعر و ناظم کے بیانِ حال میں جو عبارت تحریر فرمائی ہے وہ بیساختہ اور ایسی مطبوع و مرغوب کہ آنکھ پڑتے ہی دل میں گھر کیئے بغیر نہ رہے سب کا کلام اس طرح منصفانہ و بے تعصب منتخب و درج فرمایا ہے جس سے صاحب کلام کو شکایت یا ناظرین کو بے دماغی و سر گرانی کا موقع نہ ملے۔ شعر کے مذاق طبیعت و رنگ سخن۔ یا اُنکے کلام کی دل کشی و دل نشینی کی نسبت جو رائے ظاہر یا قائم کی ہے وہ راستی و صداقت سے اسقدر دوشادوش ہے کہ ہر ایک کا کلام

زبانِ حال سے مؤلفِ زیدِ مجدّہٗ کی ہمکلامی اور ہم خیالی کر رہا ہے۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ شعرائے اُردو زبان کے تذکرے قبل ازیں بہت سے تالیف ہوکر شائع ہو چکے ہیں۔ اور اُن میں سے اکثر کے سر پر اولیت کا تاج یا اولویت کا سہرا ابھی نظر آتا ہے۔ لیکن جامعیت و تعمیم، شرح و بسط کا زیبا اور موزوں خلعت جو خمخانۂ جاوید کو میسّر ہوا ہے یہ اسی کا حصہ تھا اور ہے۔

اور تذکروں کے مصنّفین نے زبانِ اُردو کی طفلی یا شباب و کمال کے زمانے میں شعرا کی مدح سرائی کی تھی۔ اسکے ناز کھیال بے تعصب سنجیدہ مذاق کامل الاستعداد مؤلف نے بیمارِ اُردوئے معلّٰی کے آخر وقت میں چارہ فرمائی و مسیحائی کی ہے ویسے میرے اُستاد الاستاد نجم الدولہ حضرت غالب دہلوی مرحوم نے ایک قصیدے کی تشبیب میں جہاں شاعرانہ تعلّی اختیار کی ہے وہاں فرماتے ہیں کہ۔

گوہر نہ بکان۔ کاں بگہر روی شناس ست	بر فرّخی ذات دلیل اب و عم را

اِس دَور اور اس عہد میں اِس مضمون کے مصداقِ تام وہی مخدوم الانام جناب لالہ سری رام صاحب ہیں کہ آجکے دن یگانۂ عصر و مشہور ہیں اُنکے جدِّ امجد عالیجناب راجہ ٹوڈرمل بہادر زندہ ہوتے تو یکتائے روزگار نبیرۂ لیاقت شعار کی ذات ستودہ صفات پر فخر و مباہات کرتے۔

مرجع علم و ہنر لالہ سری رام ایم اے	وہی مسکن و رنگیں رقم و سحر بیان
صاحب جاہ و حشم منبعِ احسان و کرم	فلک مہر و عنایات کے مہر تابان
جن کا ہر ایک یہ ظاہر ہے حسب اور نسب	جنکے اوصاف گرامی ہیں زمانے میں عیان
نیک خو نیک سیر نیک منش نیک نہاد	اہل دل اہلِ وفا اہلِ [illegible] اہلِ زبان
برتے برتائے ہوئے شیوۂ ارباب کمال	جیسے کہ چاہئے ہوتے [illegible]
اُنکی تصنیف نہ ہر شخص کو ہو کیوں مطبوع	اُنکی تالیف ہو کس طرح نہ مقبولِ جہان

وہ ہر فانی سے فنا ہو گئے جتنے شعرا
جنکو مہلت ہے ابھی خلق میں زندہ ہیں وہ لوگ
اندراج اسقدر اشخاص کا کچھ سہل نہ تھا
نظم سے رائے زنی اہل سخن کی نسبت
کسنے کی جس سے ہوا ہو نہ کسیکو شکوہ
نثر دلچسپ وہ جسپر دل نثار نثار
خوبیاں سب یہ مؤلف ہی کا حصہ تھیں غرض
کسکو فرصت ہے زمانے میں جو اسطرح رہے
کسکو ہمت ہے زمانے میں جو یہ صرف اٹھائے
کیا لکھے بیخود مغموم صفت در خور شوق
وہ طبیعت ہے نہ وہ دل نہ وہ دن ہیں نہ وہ سن
اب تو بس ترک سخن عین سخن فہمی ہے
یہ دعا ہے کہ رہے شاد مؤلف اس کا
فکر تاریخ اگر ہے تو یہ لکھدے بیخود

وہ انکی ناموں کی بقا کا ہے یہ اچھا سامان
انکو یہ جنس گراں مایہ مبارک ارزاں
انتخاب اسقدر اشعار کا کب تھا آسان
وہ بھی اس طرح کہ جو راست ہو بے ریب وگمان
کسنے کی جس میں تصنع کا نہ ہو نام و نشان
منتخب شعر وہ جس پر شعرا خود قربان
ہیں یہی معرکہ نظم کے مرد میداں
سالہا در پئے تالیف عیاں اور نہاں
اور ہمت بھی اگر ہو تو یہ مقدور کہاں
کہ نہ قابو میں طبیعت ہے نہ کہنے میں زبان
جن میں دشوار ہی و مشکل تھی نظر میں آساں
ابتولسان وہی ہے جو کرے کف لسان
اور یہ خمخانہ رہے دہر میں با مہر و نشان
کہ ہے خمخانہ یہی فرج دہ پیر و جواں
۱۱ ۱۹ء

دیگر

سراپا لطف مخدومی سرہ برام
خیال آیا انھیں تالیف کا جب
بظاہر سہل تھا یہ کام لیکن
ہزاروں شاعروں سے خط کتابت
جوابوں کی رسیدیں سب کو دینی
ہر اک شاعر کے کچھ حالات لکھنے
مرے مخدوم والا منزلت نے

ہر اک جانب ہے جن کا آج شہرا
تو لکھا تذکرہ یہ شاعروں کا
سمجھ ہو تو یہی دشوار بھی تھا
ہزاروں پر جوابوں کا تقاضا
کلاموں کا پرکھنا جمع کرنا
بہ آئین خوش و الفاظ زیبا
یہ سب کچھ کر دکھایا اور سب اچھا

لکھوں سالِ اشاعت اس کا میں بھی	یہ میرے دلمیں بھی رہ رہ کے آیا
تو نکلے تین سنہ اک ماضے میں	یہ خمخانہ ہے اب۔ ہمیشل لکھا

یہ خمخانہ ہے اب۔ یہ خمخانہ ہے اب ہمیشل۔ یہ خمخانہ ہے اب ہمیشل لکھا۔
سنہ ۱۳۲۹ ہجری — سنہ ۱۹۱۱ء — سمت ۱۹۶۷ بکرمی

اقتباس از تحریر و قطعہ تاریخ از سخنور شیریں زبان فصیح اللسان منشی محمد نوح صاحب رئیس قصبہ نارہ ضلع الہ آباد از تلامذۂ حضرت فصیح الملک مرزا داغ دہلوی مرحوم

میں نے تذکرۂ ہزار داستان کو دیکھا۔ جسقدر آپکی محنت کی داد دیجائے وہ کم ہے آپنے تمام شعراء کا حال لکھکر اردو زبان پر بڑا احسان کیا اور سب کے کلام کو از سرِ نو زندہ کر دیا میں سچے دل سے آپکی اس گرانمایہ تالیف کی قدر کرتا ہوں۔ خدا اس کا اجر آپ کو عطا کرے۔ تاریخ حاضر ہے۔

کیا کروں وصف سر سرام کا میں	تذکرہ ہے کہ کوئی افسوں ہے
نوح خمخانۂ جاوید کا سال	ساغرِ بادۂ تو۔ موزوں ہے
	۱۳۲۹ھ

اقتباس از عنایت نامہ محررہ شاعر نازک خیال رنگین مقال منشی افضل حسین ثابت لکھنوی ریٹائرڈ ڈویژنل کورٹ ریاست کوٹہ راجپوتانہ

مخدومی! (محسنِ شاعرانِ ہندوستان) زاد عنایتکم۔ تسلیمات۔ تذکرہ ہزار داستان مرسلۂ جناب میں نے وقتاً فوقتاً جابجا سے اور پھر شروع سے اخیر تک دیکھا حقیقت میں آپنے بڑا کام کیا ہے اور بڑی بے تعصبی سے لکھا ہے۔ تقریظوں میں جو کچھ تعریفیں بعض معاصرین نے فرمائی ہیں۔ وہ بالکل سچ ہیں۔

اقتباس از تحریر عالم بے بدیل فاضل نبیل مولنا غلام نبی صاحب امرتسری

لالہ سری رام صاحب ایم اے - رئیس دہلی - میں نے تذکرہ خمخانۂ جاوید کو سرسری نظر سے مطالعہ کیا - نہایت ہی دلچسپ عجیب غریب اور اپنے نرالے ڈھنگ میں یکتا ہے - میں اس پر ریویو نویسی کا مدعی نہیں - یہ بڑا کام میری لیاقت - طاقت اور حیثیت سے باہر ہے اور یہ کام آسان امر نہیں - نہ ہی بازیچۂ طفلاں ہے - اس پر جو کچھ لکھنا چاہیئے تھا وہ بڑے بڑے چیدہ سخن سنج اصحاب لکھ چکے ہیں - جو نادر رائیں منظوم اور منثور اس جلد اول کے آخر میں چھپاں ہیں - واقعی جو کچھ ان صاحب قلموں نے اس بے نظیر کتاب پر ارقام فرمایا ہے وہ نہایت ہی موزوں اور مستحسن ہے ٭

اس مبسوط اور معقول کتاب کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکے واسطے مصالحہ فراہم کرنے کے لیئے بہت محنت شاقہ برداشت کی ہے - ہر ایک شاعر کے کلام سے اس کا چیدہ کلام نقل کر کے انگریزی قاعدے کے مطابق اسکی بایوگرافی یعنی مختصر تذکرہ بھی ساتھ ساتھ دیا ہے - اور اسے اس طور سے لکھا ہے کہ اسکے کلام کی وقعت اور توقیر بھی مشرقی مذاق کے ساتھ قائم رہے - اور ایسی حیرت انگیز عبارت لکھتے ہیں کہ پڑھنے والے پر دوچند اثر کرتی ہے - اگر میری رائے غلط نہیں ہے تو ہندوستان کی ہر ایک بڑی لائبریری میں یہ کتاب ہونی چاہیئے - اور باقی سکولوں میں اسکی ایک ایک جلد گورنمنٹ انڈیا کی سفارش سے رکھی جانی چاہیئے - کیونکہ اردو میں اس مضمون کی بڑی کتاب ابتک نظر سے نہیں گزری ٭

راقم - غلام نبی امرتسری

قطعاتِ تاریخ از نتیجۂ قلم مشکین رقم جناب خواجہ میرزا قمر الدین خان صاحب راقم دہلوی

خلف الصدق ناظم بے نظیر و ناثر بے عدیل جناب خواجہ بدر الدین خان المعروف بہ خواجہ امان دہلوی مترجم بوستان خیال ہر ہشت جلد و نبیرۂ نجم الدولہ دبیر الملک میرزا اسد اللہ خان غالب دہلوی مرحوم و مغفور

تذکرہ کے لیے تاریخ نئی کیا لکھوں
خاطرِ دوست کا ایما کہ ادا ہو پیغام
چار و نا چار قلم سے یہی نکلا راقم
کیا تذکرہ لکھا ہے سرا مرام آپ نے

کیا دہلوی زبان ہے کیا ریختہ کلام
ہر نثر دلفریب ہے۔ ہر نظم دلربا
مضموں کو دیکھیے تو مذاق آفریں خیال
بے مثل و لا جواب ہے راقم یہ تذکرہ
کم کر دو قافیہ سے الف تا رہے مدام
تذکرہ کیا تذکرہ ہے یادگارِ شاعراں

جتنی تاریخیں ہیں تقریظیں ہیں معنی آفریں
نظم رنگیں۔ نثر رنگیں۔ وہ دل آرا دلفریب
فقرہ فقرہ میں ہے اعجاز مسیحائی اثر
ہے کمالِ شاعری رنگِ عبارت دیکھیے
سلکِ معنی میں مصنف نے پروئے ہیں گہر
لاؤ گلچیں کو کہاں ہے؟ چُن لے دامن بھر گل

فکر سالم نہیں مشکل مجھے پوری یہ ہے
کرنی فرمائش مخدوم ضروری یہ ہے
نثر زیبائی میں بیہ نشۂ ظہوری یہ ہے

دیگر

قاصر ہے جسکے وصف میں کلکِ گہرفشاں ۱۹۰۹ء
پیدا ہیں فقرہ فقرہ سے ہر رنگ شوخیاں
دلکش سخن سخن ہے دل آرا زباں زباں
ہر لفظ رنگِ حُسن میں ہے حُسنِ شاہداں
خمخانہ میں رہے گا یہی جام جاویداں
صورت کدہ میں دہر کے تصویرِ شاعراں ۱۳۲۷ھ

دیگر

کارنامہ ہے سخن کا۔ یا زبانِ ریختہ
پیدا اک اک لفظ سے ہو داستانِ ریختہ
ہر نقطہ کا سرمہ ہے فیضِ زبانِ ریختہ
جان میں اُردو کے آئی تازہ جانِ ریختہ
صفحہ صفحہ میں بہارِ بوستانِ ریختہ
کانِ گوہر ہے بنی زیبا زبانِ ریختہ
بکھرے مضموں پر ہیں گلہا بیانِ ریختہ

قفل ہے کنجی نہیں۔ کیونکر کھُلے باب سخن کہدو راقم راز تاریخ از سرِ باب سخن	بند ہے گنجینۂ راز نہانِ ریختہ بحرِ معنی ہے زباں۔ قلزم زبانِ ریختہ ۱۹۰۹ء

تقریظ دلپذیر از علامۂ عصر فضیلت مآب جناب سید کرار حسین صاحب روحانی میرٹھی سپرنٹنڈنٹ دفتر صاحب کمشنر الہ آباد

گزارش بصد تسلیم و تعظیم۔ بخدمت جناب رائے سری رام صاحب ایم۔ اے۔ رئیس دہلی و منصف لاہور۔ خلف الصدق آنریبل جناب رائے بہادر مسٹر مدن گوپال صاحب ایم۔ اے۔ ممبر کونسل و بیرسٹرایٹ لا دہلوی مرحوم۔

کل کیا اچھی صبح تھی کہ آپکے تذکرہ ہزار داستاں یعنی "خمخانۂ جاوید" کی جلد اول جسمیں ردیف الف و بے کے تمام شاعران اُردو مندرج ہیں۔ اِس خاکسار کے پاس پہنچی۔ علی الفور میں اُسکے مطالعہ میں مصروف ہوگیا۔ جستہ جستہ دیکھا۔ اُسکی مسرّت اور شوق مطالعہ میں ایسا محو ہوا کہ جملہ ضروریات سہو ہوگئیں۔ آپکے خاندان کے مورثِ اعلیٰ راجہ ٹوڈرمل نے جو کارنامے سلطنتِ اکبری میں کیئے۔ اور آپکے والدِ مرحوم نے علومِ قوانین میں جو مرتبۂ بلند حاصل کیا۔ اُس سے آپکی یہ تذکرہ نگاری کسی طرح کم عظمت نہیں رکھتی۔ سترہ سال تک جو محنتِ شاقہ آپنے کی ہے۔ سفر کیئے ہیں صحت کھوئی ہے۔ روپیہ خرچ کیا ہے۔ نہایت ادب اور تہذیب سے ہر شاعر کا تذکرہ لکھا ہے۔ اور بڑے اہتمام صفائی اور عمدگی سے اُس کو چھپوایا ہے۔ اور اس شغل سے دیگر مشاغل کو جو زیادتیٔ جاہِ دُنیوی کا باعث ہوتے ترک کیا ہے۔ اور شعرائے اُردو کے تمام ناموں اور حالات کو جو ہنوز کسی نے پُورے یکجا نہ کیئے تھے۔ اِس کتاب میں آیندہ نسلوں کے لیئے محفوظ کیا ہے۔ وہ واللہ آپ کو درجۂ بلند میں قائم کرتا ہے۔ خلعتِ جاوید پہناتا ہے۔ خدا آپ کو جزائے کثیر دے۔ بغیر ایسی ہمّتِ مستقل اور محنتِ جاں گسل اور ذوقِ فطرتی اور شوقِ قدرتی اور تائیدِ ایزدی کے یہ کام

کسی سے ہونے والا نہ تھا۔ ایلین کی تاریخ انقلاب یورپ اور سپہر کی ناسخ التواریخ کو۔ جو جامعیت کا سہرا حاصل تھا وہی آپکے تذکرے کو تاج ملنا چاہیئے۔ مجکو اس امر کی تصدیق کا کامل موقعہ ہے کہ جو حالات شعرا کے لکھے گئے ہیں وہ صحیح اور تاریخی ہیں۔ مثلاً اُن لوگوں کے حالات سے میں اس امر کا بخوبی اندازہ کرسکتا ہوں جنسے میں بذاتہٖ واقف ہوں +

(۱) مرزا ارشد گورگانی صفحہ ۲۶۲ میرے والدِ مرحوم کے بڑے دوست تھے مہینوں میرٹھ میں والدِ مرحوم کے پاس رہے۔

(۲) میر اکبر حسین صاحب جج الٰہ آبادی۔ کہ میرے بڑے مکرم ہیں صفحہ ۳۸۱

(۳) برادرِ عم زاد مرحوم سید محمد مرتضیٰ بیان و یزدانی کہ والدِ مرحوم کے شاگرد ہی تھے۔

(۴) مرزا محمد جعفر اوج خلفِ میرزا دبیر کہ اُن سے نیاز موروثی حاصل ہے۔

میں چونکہ میرٹھ کا رہنے والا ہوں اور دادا صاحب مرحوم سید کفایت علی صاحب قبلہ ۱۸۶۳ء سے ۱۸۶۹ء تک دہلی میں سرکاری عہدوں پر ممتاز رہے۔ میں وہیں پیدا ہوا وہیں تربیت پائی اور جناب والدِ مرحوم کی صحبت میں ہمیشہ دہلی کے عمائد و اکابر رہتے تھے اس کتاب میں اُن سب کو دیکھتا ہوں کہ مر گئے تھے۔ پھر زندہ ہوکر آ بیٹھے۔

حسن سیرت کے علاوہ کتاب میں حسنِ صورت بھی ہے۔ عمدہ جلد ہے۔ جلد پر طلائی نام لکھا ہے۔ ٹائٹل پیج نہایت لاجواب مطلا۔ رنگین۔ اور خوشنما۔ تصویریں آپ کی نہایت دلاویز۔ خط آپ کا نہایت پاکیزہ۔ چھاپہ نہایت روشن صاف۔ کاغذ اعلیٰ ولایتی شفاف تقریظیں بڑے بڑے باکمالوں کی۔ غرض کوئی دقیقہ اُسکی خوش اسلوبی اور محبوبی میں باقی نہیں۔ میں نے چونکہ والدِ مرحوم کے کلیات کی تدوین میں ۲۳ سال محنت کی۔ فراہمی کلام۔ اور عمدہ چھپوانے کا انتظام ایک بلائے عظیم تھا۔ لہٰذا میں آپکی مستقل محنت گرد آوری تذکرہ کا پورا پورا اندازہ کرسکتا ہوں۔ آخر میں آپ کو دُعائے خیر دیکر رخصت ہوتا ہوں۔

سید کرار حسین۔ ۱۴ر جولائی ۱۹۰۹ء

تقریظ ریختۂ کلک جواہر سلک شاعر شیریں مقال ناظم باکمال جناب ارشاد نبی صاحب آرشاد - وکیل بہاولپور متعینہ ریاست پٹیالہ

ع "مردے از غیب بروں آید و کارے بکند"

یہ مصرع اگرچہ مدت سے سنتے چلے آتے ہیں - اور شاید پہلے سیکڑوں کی حالت پر منطبق بھی ہوا ہوگا - مگر فی زمانہ جیسا کہ لالہ سریرام صاحب ایم - اے - دہلوی کی شان میں صادق آیا ہے - شاید ہی کسی کے لیئے آیندہ موزوں ہو - "خمخانہ جاوید" کی تالیف کا وہ کارِ اہم انھوں نے انجام دیا ہے کہ جسکی نظیر زمانۂ موجودہ میں تو کجا شاید زمانہ آیندہ میں بھی نہ ملے -

اِن دنوں میں جبکہ زبانِ اُردو کی کشتی گرداب میں پڑی ہوئی تھی اور بادِ مخالف کے جھونکوں سے ڈگمگا رہی تھی - لالہ صاحب موصوف نے ناخدائی کی اور خمخانۂ جاوید کی تالیف سے اُردو کو تباہی سے بچا لیا - اور اِس ناؤ کو ڈوبنے نہ دیا ÷

مغربی تعلیم کا اُردو پر خراب اثر پڑا - اور نئے تعلیم یافتہ صاحبوں نے اُردو کی اصلیت کو چھپا دیا - خواہ مخواہ بلا ضرورت انگریزی کے الفاظ اُردو میں داخل کر کے ایک نرالی زبان بنالی - جسکو عوام النّاس تو کیا سمجھیں - تھوڑی بہت انگریزی پڑھے ہوئے بھی اچھی طرح نہیں سمجھتے - بیچارے متکلم کا مُنہ تکتے ہوئے رہ جاتے ہیں ÷

لالہ سریرام صاحب ایم - اے نے باوجود گریجویٹ ہونے اور زبانِ انگریزی کی معراج پر پہنچ جانے کے ایسی پاکیزہ اور سلیس اُردو لکھی ہے کہ دوسرے گریجویٹ سے دشوار ہے جو تمہید لالہ صاحب نے لکھی ہے اُسکو پڑھکر پچیس تیس برس پیشتر کا زمانہ یاد آجاتا ہے - اُس وقت کی مجالس و محافل کا سماں آنکھوں میں پھر جاتا ہے - مؤلف نے کتاب لکھنے میں اِس امر کا التزام رکھا ہے کہ حتی الوسع کوئی لفظ انگریزی زبان کا نہیں آنے دیا ہے وہ ٹھیٹھ اُردو لکھی ہے جسکو اُردوئے معلّیٰ کہنا بہت موزوں ہوگا ÷

آجکل جبکہ اُردو کی فصاحت اور دیگر خوبیوں پر خاک ڈالی جا رہی ہے۔ اور صریح مخالفت اُسکو بدنما صورت میں دکھا رہی ہے۔ مؤلف نے اپنی وضع قدیم کو قائم رکھا۔ اپنی مادری زبان میں سرِ مو فرق نہ آنے دیا اور اُردو کی اصل خوبی و خوبصورتی و وسعت کو دکھا دیا ✤

"خمخانۂ جاوید" کی تالیف سے مؤلف نے ایک قسم کی کرامت دکھائی ہے جو بِلا تائیدِ ایزدی اِنسان سے ظاہر ہونی دشوار ہے۔ مُردوں کو جوہر مسیحائی دکھا دیا اور زندوں کو خضر صفت آب حیات پلا دیا۔ متقدمین کے نام کو زندہ کر دیا۔ اور شعرائے حال کے نام زندہ رہنے کا سلسلہ کر دیا۔ وہ کام کیا کہ مدعیانِ مسیحیت سے بھی اِس کا پاسنگ نہ ہو سکا "خمخانہ" کو اگر "حیاتِ جاوید" کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا ✤

اہلِ ہند کو مؤلف کا دل وجان سے مشکور ہونا چاہیئے۔ شائقینِ اُردو کو "خمخانہ" زیر مطالعہ رکھنا چاہیئے۔ تصانیفِ جدیدہ میں وہ خمخانہ سے بہتر کوئی کتاب نہیں پا سکتے۔ اگرچہ اُردو زبان میں اخبار رسالے۔ اور ناول بکثرت شائع ہوتے ہیں۔ مگر اُن میں یہ خوبی زبان کہاں؟ بعض کی زبان تو پایۂ فصاحت سے ایسی گری ہوئی ہوتی ہے۔ گویا کہ انگریزی کا لفظ بلفظ ترجمہ کیا گیا ہے۔ چند ہی سطور پڑھ کر دل اُکتا جاتا ہے۔ برعکس اِسکے "خمخانہ کی" ایک ہی سطر میں وہ لُطف و سُرور حاصِل ہوتا ہے کہ کتاب چھوڑنے کو دل نہیں چاہتا ✤

اُمید ہے کہ ایسے گوہر بے بہا کو صاحب ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب بھی ہاتھ سے نجانے دینگے اور اُردو کورس میں اِس کا بھی کوئی حصہ داخل کر کے بچّوں کو بھی اِس سے فائدہ اُٹھانے دینگے ✤

"خمخانۂ جاوید" ایسا بسیط تذکرۂ شعرا ہے کہ اِسکی موجودگی اور تذکروں کی تلاش سے مستغنی کر دیتی ہے "خمخانۂ جاوید" بہمہ صفت موصوف۔ سلاستِ عبارت۔ پاکیزگی خط وعمدگی کاغذ کے لحاظ سے اپنی نظیر آپ ہے۔ لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے کی تلاش

جانفشانی۔ لیاقت۔ ثابت قدمی کی جو تالیفِ خمخانہ میں اُن سے ظاہر ہوئی ہے دل سے داد دیتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح اپنی تائید بتالیفِ تذکرہ میں مؤلف کے شاملِ حال فرمائی تھی اُسی طرح اشاعت میں بھی امداد فرمائے تاکہ کوئی گھر "خمخانہ" سے خالی نہ رہنے پائے۔ بادہ کشوں کے ہاتھ میں بجائے ساغرِ شرابِ انگوری کے خمخانہ سرپرائی ہو

کہاں نسبت ہے خمخانہ سے میخانے کو اے ساقی!	جلائے فہم ہو اس سے نہ رکھے ہوش وہ باقی

قطعات تاریخ تذکرہ ہزار داستان معروف بہ خمخانہ جاوید جلد دوم از رشحہ قلم جواہر رقم منشی فیاض احمد فاروقی کورٹ انسپکٹر جودھپور و از تلمیذ حضرت داغ دہلوی مرحوم

دولت ہے حقیقت میں بڑی فنِ سخن بھی
محفوظ ہے ہر حال میں واللہ یہ پونجی
اِس فن کی زمانے میں کبھی قدر تھی ایسی
ہر ایک کو تھی اسکی طلب اسکی تمنا
لوگ آتے تھے خوش محفلِ اشعار سے ایسے
جی کھول کے کی قدر شریفوں نے سخن کی
آنکھوں پہ جگہ دیتی تھی دنیا شعرا کو
وہ کونسا میدان ہے جو اِن سے بچا ہو
ہر انجمن و بزم میں ممتاز یہی تھے
اچھے ہی لیئے کام طبیعت سے انھوں نے
یہ لوگ گر اِسکے مددگار نہ ہوتے
ہوتی نہ کبھی محبتِ الفاظ پہ ستکیں
اب کوئی نہیں پوچھتا اربابِ سخن کو

تقدیر سے دے جسکو خداوندِ تعالیٰ
صندوق کی حاجت ہو نہ درکار ہے تالا
ہر شخص سمجھتا تھا اِسے گھر کا اجالا
گو مشغلۂ شعر نہیں مُنہ کا نوالا
پی آئے ہیں گویا مئے خالص کا پیالا
اِس فن کو بڑے شوق بڑے پیار سے پالا
تھا مرتبۂ اہلِ سخن برتر و بالا
کس معرکہ میں اِنکے رہا ہاتھ نہ پالا
بول اِن کا رہا دہر میں ہر طرح سے بالا
سکہ نہ نکلتا کوئی اِس سانچے میں ڈھالا
اُردو کا نکل جاتا حقیقت میں دوالا
ملتا نہ اگر قولِ سخنور کا حوالا
اب انجمنِ شعر و سخن ہے تہ و بالا

اِس درجہ نحوست نے اُنھیں گھیر لیا ہو — تاریک اگر رات ہے تو دن بھی ہے کالا
بے شبہہ وہ بیقدری ابنائے زماں ہے — اِن لوگوں کو جس چیز نے پستی میں ہے ڈالا
کچھ ایسی گئی گزری تھی حالت شعرا کی — ہر شخص سے آسان نہ تھا اِس کا اِزالا
ہوتا نہ کسی طرح فروغ اہلِ سخن کو — لیتا یہ گروہِ متبرّک نہ سنبھالا
مٹجاتا زمانے سے نشانِ شعرا ہی — رہتی یہی حالت اگر اے حضرت والا
صد شکر کہ کی لالہ سری رام نے ہمت — ترتیب دیا تذکرۂ خوب۔ نرالا
اِس شخص نے بروقت خبر لی شعرا کی — بیطرح مصیبت سے پڑا تھا اُنھیں پالا
حالاتِ سخن گویاں پہ وہ روشنی ڈالی — آنکھوں سے نظر آیا اندھیرے میں اُجالا
چھوڑا کسی شاعر کو نہ۔ زندہ ہو کہ مُردہ — ہر اِک پہ ہوا ہے کرم حضرتِ والا
اِس بزم میں ہیں ہندو مسلمان برابر — ہے ایک یہاں۔ خواہ ہو تسبیح۔ کہ مالا
اب آتی ہیں آنکھوں سے نظر اُنکی شبیہیں — جن لوگوں کو ہمنے کبھی دیکھا ہے نہ بھالا
پائینگے عروج اہلِ سخن دیکھنا کیا کیا — گمنامی و پستی کو ملا دیس نکالا
بے فکر رہیں اب شعرا خوب سمجھ لیں — یہ تذکرہ عمرِ ابدی کا ہے قبالا
یہ چیز بڑے کام کی ہے غور سے دیکھو — سمجھو نہ اِسے تم کوئی بیکار رسالا
ہے دلکش و دلچسپ و دل آویز یہ دفتر — پائیگا عجب لُطف ہر اِیک دیکھنے والا
کیوں روح تر و تازہ نہ ہو دیکھکے اسکو — یہ تذکرہ گلہائے شگفتہ کا ہے تھالا
ہے اِسکی بہار ایسی کہ غیرت سے چمن میں — بیمار جو نرگس ہے تو پُر داغ ہے لالا
کیا خاک نظر آئیں اُنھیں خوبیاں اِسکی — ہر حاسد و بدخواہ کی ہے آنکھ میں جالا
نیت ہو اگر نیک تو ہر کام ہے اچھا — مسجد کوئی بنوائے کہ بنوائے شوالا
لیکن ہے حقیقت میں بڑی سب سے یہ نیکی — اِک ڈوبے ہوئے فرقے کو پستی سے نکالا
گو کام تھا یہ سخت مگر کرکے ہی چھوڑا — اُکتائی طبیعت نہ۔ زہے ہمتِ والا

کس طرح نہ ہم اِسکے مصنف کو سراہیں
تھا شوق لڑکپن سے اِسی کام کا اُسکو
اِسکے لیئے کوسوں کا سفر اُسنے کیا ہی
دن رات کی جاں کاہی و محنت کا ثمر ہی
یہ لالہ سری رام کا احسان ہے بھاری
یہ تذکرہ مطبوع خلائق ہوا آہی
فیاض نے تاریخ کہی تذکرہ پاکر
اِحسان مند لالہ سری رام کیوں نہ ہوں
فیاض کہدو مصرعۂ تاریخ طبع تم

دیگر

کام آنہیں سکتا ہے کوئی حیلہ حوالا
تھی مدنظر دُھن یہی جب ہوش سنبھالا
حارج ہوا دریا نہ کوئی راہ میں نالا
کچھ سہل نہیں جمع ہوا ہے یہ مسالا
جو شخص نہ مانے وہ ہے لاریب نرالا
ہر سمت سے آواز یہی آئے کہ لالا
پایا ہے مُرقّعِ شعرا رکا یہ نرالا
دلچسپ و دلپذیر ہے چھاپا یہ تذکرہ
لاریب بے بدل ہے سراپا یہ تذکرہ

تقریظِ دلپذیر از نتائج اعجاز رقم منشی دیا نراین نگم بی اے اڈیٹر رسالہ "زمانہ"

تذکرۂ "ہزار داستان" کی جلد اوّل بھی کل مل گئی - اِس ہدیہ کے لیئے میرا دلی شکریہ قبول فرمایئے - میں تہ دل سے اِسکی اشاعت پر مبارکباد دیتا ہوں - شکر ہے کہ آپکی سترہ سال کی محنت ٹھکانے لگی - اور تذکرہ جسکے لیئے آنکھیں ترس رہی تھیں بالآخر شائع ہوگیا - بیشک آپنے زبانِ اُردو پر جو احسان کیا ہے اُس کا شکریہ ممکن نہیں ہے - آج اور کل کے درمیان میں اِسے اکثر دیکھ گیا ہوں - "زمانہ" میں بہت جلد ایک بسیط تنقید شائع ہوگی جسے پڑھ کر یقیناً آپ خوش ہونگے - اِس جلد کے آنے سے قبل ہی میں نے ایک لائق دوست سے تنقید لکھوانا شروع کر دی ہے - بیشک آپنے اسکی ترتیب تالیف میں ہزار ہا روپیہ اور اپنے بیش بہا وقت کا خاصہ سرمایہ صرف کیا ہے - ملک اور اُسکے علمی قائم مقاموں کو دل کھولکر اِس محنت اور محبت کی داد دینا چاہیئے *

اِتنے بڑے تذکرے میں چند فروعی اغلاط کا رہجانا غیر ممکن نہیں ہے - مگر پھر بھی

آپکی جستجو۔ آپکی تحقیقات اور محنت ہر طرح سے قابلِ داد ہے۔ فروعی غلطیوں سے میری مُراد حالاتِ شعراء سے مثلاً غلام یٰسین آہ کے متعلق رسالۂ الصدق وغیرہ کے اجراء کا ذکر۔ انکے بھائی آزاد سے تعلق رکھنا ہے۔ مگر یہ باتیں اتنی ضخیم کتاب میں ناگزیر ہیں۔ بہ حیثیت مجموعی تذکرہ نہایت خوش اسلوبی اور بڑی لیاقت کیساتھ لکھا گیا ہے۔ اور اِس پر ہم سب کو ناز کرنا چاہئیے خدا کرے بقیہ جلدوں کی اشاعت میں بھی زیادہ تعویق نہ ہو۔ کیونکہ اِس جلد نے شوق مطالعہ کو اب دوبالا کر دیا ہے۔ مرقوم ۳۱ جولائی ۱۹۰۸ء

تقریظ از قلم مرصّع نگار ناظم باکمال و ناثر بےمثال جناب منشی رام رچھپال صاحب شیدا دہلوی اڈیٹر آرمی نیوز لدھیانہ

مطبوعہ ۸ اگست ۱۹۰۸ء

تذکرہ ہزار داستان یعنی اُردو شعراء کا تذکرہ جس کا تاریخی نام "خمخانۂ جاوید" ہے۔ لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے منصف دہلوی۔ خلف الصدق آنریبل رائے بہادر مدن گوپال صاحب بیرسٹرایٹ لا مرحوم کی تصنیف سے ہے۔ اِسکی پہلی جلد جسکی ضخامت ۸۰۰ صفحہ کے قریب ہے چھپکر تیار ہوئی ہے اور وہ اس وقت ہماری میز کو زینت دے رہی ہے۔ یہ تذکرہ پانچ جلدوں میں ختم ہو گا۔ فاضل مصنف کی ۱۶ سولہ سال کی محنت اور صدہا مرتبہ کی نظرثانی اور ہزارہا روپیہ کے صرف کے بعد یہ نادر کتاب ظہور میں آئی ہے۔ تذکرے یوں تو صدہا لکھے گئے ہیں اور ان سب میں باتفاقِ اہلِ نظر "آبِ حیات" کو سب پر فوقیت حاصل ہے۔ مگر آبِ حیات میں صرف چند نامی گرامی استادوں کا ذکر ہے۔ اگرچہ جو کچھ ہے اُردو زبان کے لیئے مایۂ ناز ہے تاہم شائقین سخن کی پیاس بجھانے کو کافی نہیں۔ "خمخانۂ جاوید" گویا آبِ حیات کی تفسیر ہے جو نہایت مکمل اور واضح ہے۔ اعلیٰ حضرت آصفجاہ نظام دکن نے جو اُردو زبان کے سب سے بڑے سرپرست اور اقلیم سخن کے بھی تاجدار ہیں "خمخانۂ جاوید" کو اپنے نام نامی سے معنون کرنے کی اجازت دیکر مصنف کی عزت

افزائی کی ہے۔ ہمیں ذاتی علم ہے کہ مصنف نے اس بے نظیر کتاب کی تصنیف میں کسقدر خونِ جگر کھایا ہے۔ کسقدر سفر کئے ہیں اور کس طرح روپیہ پانی کی طرح بہایا ہے۔ ایک ایک شاعر کے حالات دریافت کرنے میں کسقدر تحقیقات اور تجسّس اور چھان بین کی ہو۔ ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان میں کوئی کتاب آجتک ایسے عاشقانہ شوق اور محنت سے نہیں لکھی گئی ؂

شمس العلماء مولٰنا آزاد کا یہ قول سچ نکلا کہ زبانِ اردو کو وہی لوگ ترقی دے سکتے ہیں جو مغربی اور شرقی علوم میں یکساں کامل دستگاہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کوئی محض فارسی خواں کبھی اسقدر سر دردی نہ اُٹھاتا جو لالہ سری رام نے (جو زبانِ انگریزی کے بھی ماہر کامل ہیں) ایک محقق کی حیثیت سے شعراء کی یہ جامع تاریخ لکھی ہے۔ اس کتاب کی معنوی خوبیوں پر تو ہم کبھی آیندہ مفصل بحث کرینگے۔ سردست اسکے حسنِ صوری کا ذکر کیئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ کیا کاغذ۔ کیا لکھائی۔ کیا چھپائی۔ اور کیا جلد ایسی اعلیٰ درجے کی ہے کہ اس ملک میں اس خوبی کے ساتھ شاید گنتی کی ہی دو چار کتابیں آجتک چھپی ہونگی ؂

تقریظ از فکر لطیف شاعرِ خوش بیان و سخنور نکتہ دان جناب سید مظفر علی صاحب کوثرؔ رئیس جانسٹھ ضلع مظفر نگر

حقیقت یہ ہے کہ آپنے زبانِ اردو پر ایسا احسان کیا ہے کہ ہر شخص پر جو اردو بولتا ہے آپکا شکریہ ادا کرنا واجب ہے۔ ملک میں سیکڑوں تذکرے موجود ہیں۔ مگر آپکا تذکرہ اپنا آپ ہی نظیر ہے خصوصًا ایسے زمانے میں جبکہ زبانِ اردو کے مٹانے کی کوشش ہو رہی ہے۔ آپ کا زبانِ مذکور کی حمایت پر کمربستہ ہونا۔ اور دامے۔ درمے۔ قلمے اس غریب زبان کی مدد فرمانا ایک ایسا مستحسن فعل ہے کہ جس کا شکریہ تمام ملک سے ادا ہونا مُحال ہے۔ گو جناب کی خدمت میں کمترین کو ظاہری نیاز حاصل نہیں ہے۔ مگر مکرمی

جناب حکیم رضی الدین خان صاحب رئیس دہلی کی زبانی آپکے اوصافِ حمیدہ و خصائل پسندیدہ سُنکر غائبانہ سلسلہ نیازمندی میں داخل ہوں۔ خداوندِ عالم سے دعا ہے کہ آپکی صحت و سلامتی میں یہ تذکرہ مکمل ہوکر شائع ہو اور ایسا درجۂ قبولیت حاصل کرے کہ آپ کے سامنے ہی متعدد مرتبہ طبع ہو*

تقریظ از فکرِ گہربار و قلمِ جادونگار منشی احسن مرزا صاحب احسن لکھنوی خویش سید مہدی حسن احسن

نقشِ فریادی ہے کسکی شوخیِ تحریر کا	کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

آج میرے سامنے وہ ضخیم کتاب موجود ہے جسکی آبی رنگ کی جلد پر سُنہری حرفوں میں جلی قلم سے لکھا ہوا ہے "تذکرۂ ہزار داستان المعروف خمخانہ جاوید" سرورق پر انگریزی وضع کی سُنہری بیل اور رُوپہلی حرفوں میں "تذکرۂ ہزار داستان" خطِ گلزار میں خمخانۂ جاوید تحریر ہے۔ ٹائٹل پر سُرخ حرفوں میں پھر اِس تذکرے کا نام اور طلائی کے کام کی ایک رنگین خوشنما بیل دی گئی ہے۔ اِسکے بعد ایک ورق اور ہے جس میں حضور نظام دکن اِس کتاب کے معنون ہونیکا تذکرہ سبز اور سنہری حرفوں میں مع ایک خوبصورت حاشیہ کے ہے بعد اسکے دو تصویریں ہیں۔ جو اپنی وضع میں مختلف ہیں۔ ایک انگریزی پوشاک میں ہے جسکے نیچے لکھا ہوا ہے "سری رام ۱۸۹۲ء" دوسری ہندوستانی پوشاک میں ہے جو اُس سے بھی زیادہ بھلی معلوم ہوتی ہے۔ پہلی تصویر کمسنی اور طالبعلمی کی خبر دیتی ہے۔ دوسری لیاقت اور جوانی کی۔ اب گیارہ صفحوں کا ایک دیباچہ ہے جسکی ابتدا اِس شعر سے کی گئی ہے۔

کھُلتا کسی پہ کیوں مرے دل کا معاملہ	شعروں کے انتخاب نے رُسوا کیا مجھے

اِس دیباچہ میں مولّفِ تذکرہ نے اپنی زندگی کے مختلف واقعات۔ اپنے تعلیمی زمانے کے مختصر حالات اور اُسی کے ساتھ ساتھ اِس کتاب کا مواد جمع کرنے کی کاوشیں اور بعض وقتی عذر حوالۂ قلم کیے ہیں۔ بارہویں صفحہ کے تمام ہونیکے بعد تذکرۂ ہزار داستان۔ آزاد مرزا

مہدی حسن خان خلف مرزا جعفر خان لکھنوی کے نام سے شروع ہوتا ہے صفحہ ۶۸۹ میں بیہوش لالہ گردیال صاحب وکیل عدالت لکھنؤ کے نام پر تمام ہوتا ہے۔ اسکے بعد چھ صفحوں کا ایک صحت نامہ دیا گیا ہے۔ ایک جزو میں فہرست اسماء شعرائے مندرجہ تذکرہ ہے۔ پھر صفحہ ایک سے ۷ تک میں تقاریظ و قطعات تاریخ لکھے گئے ہیں +

اِس بڑے تذکرے کے چند جزو میری نظر سے اُس وقت بھی گذرے تھے جسوقت یہ تذکرہ زیر طبع تھا۔ اِسکے اعلیٰ پیمانہ پر چھپنے کی خبر نے اور اسکے پروف کے چند اوراق نے جب ہی سے مجکو اس کتاب کا مشتاق بنا رکھا تھا۔ آج وہ مبارک دن ہے کہ میری مشتاق نگاہیں اسکے اہتمام و انتظام کی بہار لوٹنے کے بعد نثر و نظم کی دل چسپیوں سے ہم آغوش ہیں۔ میری پُر شوق آنکھیں ہر ہر سطر کو بہت غور سے دیکھ دیکھ کر بجائے خود مؤلف تذکرہ کو اسکی کامیابی پر مبارکباد دیتی جاتی ہیں اور میں شعرائے ماضی کی جیتی جاگتی تصویروں سے اُنکے واقعات سُن رہا ہوں۔ کہیں اُنکی زندگی کے نشیب و فراز سے آگاہی حاصل کر کے چپ ہو جاتا ہوں۔ کبھی شعرا حال کی دل آویز نظمیں۔ اور مؤلف صاحب کی وقایع نگاری میرے دل پر ایسا گہرا اثر ڈالتی ہیں کہ تھوڑی دیر کے لیئے میں بالکل محو ہو جاتا ہوں علی الخصوص وہ بعض خیال جنکی میں اب لکھنے والا ہوں مجھپر حیرت کا عالم طاری کر دیتے ہیں اور وہ تخیلات منصف دہلوی لالہ سریرام صاحب ایم اے کے حالاتِ زندگی سے وابستہ ہیں۔ ایک ایسے شخص کا جو آبائی تموّل کے سبب آرام کا عادی ہو بستر راحت سے اُٹھ بیٹھنا۔ خواب شیریں کو ٹھوکر مار کر زندگی کی پیاری راتیں تعلیم انگریزی کی جی توڑ محنت میں گذارنا۔ ایم۔ اے۔ کی ڈگری حاصل کر لینے کے بعد اپنے منصبی فرائض کی انجام دہی میں سرگرم ہونا۔ اپنے ذاتی کاروبار اور صحت قائم رکھنے کے ذکروں سے جان چھڑا کر ایک ایسے بڑے کام کے لیئے مستعد ہو جانا کسی طرح تعجب سے خالی نہیں +

یہ تذکرہ جو پانچ جلدوں پر منقسم ہے اور جسکی پہلی جلد میرے سامنے موجود ہے جسطرح

شعرائے ماضی و حال کی دل آویز نظموں سے بھرا ہوا ہے۔ اسی طرح مؤلف تذکرہ کی خوبیوں سے مملو نظر آتا ہے ٭

ایک مورخ کے فرائض کی اہمیت کو کچھ وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں اور وہی قدر کر سکتے ہیں جنھوں نے کبھی ایسے مشکل کام کے لیئے قلم اٹھایا ہو۔ اِس میں شک نہیں کہ لالہ سری رام صاحب نے اپنی خدا داد قابلیت سے پہلے ہی وہ فرائض چن چن کر اپنے دماغ میں محفوظ کر لیئے ہیں اسکے بعد شاید ایسی دشوار گزار راہ میں قدم رکھا ہے۔ اِنکے لکھے ہوئے ہر ذکر سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ لکھنے کے وقت اُنھوں نے کسی کی جانب داری نہیں کی کسیکی رعایت سے کام نہیں رکھا مروّت کو بالائے طاق رکھا۔ اپنے ارادوں سے سر مو تجاوز کرنے کو عیب جانا۔ اپنی مجوزہ حدود پر نظر برابر جمائے رہے ہیں بلکہ جو خیال دل کی تہ سے نکلا ہے اُس کو بے کم و کاست حوالۂ قلم کر دیا ہے۔ اُنکے قلم کی آزادانہ روش بتا رہی ہے کہ جو کچھ کیا ہے نیک نیتی سے کیا ہے اور جو کچھ لکھا ہے سچائی سے لکھا ہے۔ مگر اسے وہ کیا کریں کہ ایک شاعر شہرت سے ہی بے نیاز ہو کر محض اپنے نہ رُکنے والے جذبات سے مجبور ہو کر کبھی کبھی شعر کہہ لیتا ہے اور اسی وجہ سے تذکرہ نویسوں کی درخواست کو بھی نامنظور کر دیتا ہے۔ تذکرہ نویس چاہتا ہے، کہ جہانتک ممکن ہو سچے واقعات قلمبند کروں۔ مگر جب اُسکو وہ واقعات جو صحت پر مبنی ہیں دستیاب ہی نہوں تو وہ کیا کرے۔ لیکن یہ عجب دلشکن مشکل ہے کہ قلم سے نکلنے کے بعد اُن مشہرہ حالات کی صحت و غیر صحت پر ضرور نظر ڈالی جاتی ہے اور یہی باتیں مابہ الامتیاز فرق پیدا کرنے والے اہل قلم کے لیئے مدح و ذم کی باعث ہوتی ہیں۔ ماورا اسکے بعض ایسی پیچیدہ رہجانے والی باتیں ہوتی ہیں جو اپنی طرف توجہ دلانے پر مجبور کر دیتی ہیں۔ چنانچہ موجودہ تذکرے کو دیکھتے دیکھتے میں صفحہ ۲۸۵ تک پہنچا تھا کہ یکایک چونک پڑا اور حکیم مرزا آغا حسن صاحب آزل مرحوم خلف میرزا عبّاس صاحب کے ذکر میں جو میرے قرابت داروں میں سے ایک بزرگ تھے، بعض ایسے غیر واقعی حالات دیکھنے میں آئے کہ

مجکو ایک اچنبہ سا ہو گیا۔ اِسی صفحہ کی سترھویں سطر میں مسطور ہے کہ جناب ازل اصلی امامیہ مذہب تھے مگر کسی وجہ سے قیام بہار کے زمانے میں تبدیل مذہب کرکے سُنی ہو گئے تھے۔ مگر مرض الموت میں مذہب امامیہ کا اعلان کرکے انتقال کیا" یہ امر ایسا خلاف واقع معلوم ہوتا ہے کہ کسی طرح دل نہیں چاہتا کہ ایک یادگار تذکرے میں ہمیشہ کے لیئے ایسی فاش غلطی نظر انداز کی جائے بلکہ اِس کا کسی طور سے اعلان کر دینا مرحوم شاعر اور مہتمم بالشان تذکرے کے حق میں بہر صورت بہتر وانسب معلوم ہوتا ہے۔ صحت نامے میں "آغا حسن" کی جگہ "آغا حسین" لکھا گیا ہے۔ حالانکہ صحیح آغا حسن ہی ہے +

اب میری نظر صفحہ ۶۵ھ کی آخری سطر سے چلکر صفحہ ۶۶ھ کی دوسری سطر پر رُک گئی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ جناب اُنس میر مہر علیصاحب مرحوم کے حالات میں ایک سخت غلطی نظر آئی ہے جس کا اعلان ضروری معلوم ہوتا ہے۔ مرحوم کے واقعات کی عبارت یہ ہے۔ "اُنس۔ میر مہر علی لکھنوی۔ خلف میر مستحسن خلیق فرزند میر حسن صاحب بدر منیر۔ اپنے والد مرحوم کے شاگرد اور اکثر مرثیہ کہتے تھے۔ آپ میر انیس مغفور کے حقیقی بھائی تھے اِنکے بیٹے میر وحید اور میر تعشق بڑے خوش فکر اور شیریں زبان شاعر گزرے ہیں" "اُنکے بیٹے میر وحید" یہاں تک تو میری نظر برابر جمی رہی لیکن "میر تعشق" کا نام آتے ہی کچھ میری نگاہیں منتشر سی ہو گئیں اور میں ہکا بکا ہو کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔ کیونکہ تعشق جناب سید صاحب مرحوم کا تخلص ہے جو محمد مرزا صاحب اُنس کے بیٹے اور میاں (عشق) کے بھائی اور پیارے صاحب رشید مدظلہ کے حقیقی چچا تھے اور مرثیہ گوئی میں ان کا بھی ایک رنگ خاص تھا۔ اسکے بعد بہت تعجب کے ساتھ اس بات کا افسوس ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ باوجود تلاش صرف چند شعر غزل ہی کے صاحب تذکرہ کو دستیاب ہوئے۔ حالانکہ جناب اُنس مرحوم کے کلام کا ایک معتد بہ حصہ مثل مرثیوں۔ سلاموں۔ رباعیوں کے

؎ مؤلف تذکرہ نے آزل صاحب کے شاگرد رشید مولوی شاہ حفیظ رئیس پٹنہ سے آزل مرحوم کے حالات دریافت کیئے تھے چنانچہ انھیں کے مرسلہ حالات سے جناب ازل کے حالات اقتباس کرکے درج تذکرہ کیئے گئے ہیں۔

ہندوستان کے متعدد شہروں میں پھیلا ہوا ہے۔ علی الخصوص پٹنہ عظیم آباد میں +
اب میں صفحہ ۴۶۶ کے بعد جستہ جستہ کلام دیکھتا ہوا چلا جاتا تھا۔ اور ورق گردانی میں مصروف تھا کہ صفحہ ۵۲۸ پر آکر الف تمام ہوگیا اور آمین حکیم حافظ مولوی محمد احمد سکندرپوری کے اس آخری شعر نے اس حصے کو علیحدہ کردیا۔ ؎

تو ہی اے دیدۂ تر اب کوئی تدبیر بتا	لگ گئی آتش غم دل میں بجھائیں کیونکر

اسی صفحہ کا باقی حصہ ایک گلدستے اور چار گوشوں سے مزین کیا گیا ہے۔ جو مورخ اور مہتمم تذکرہ کی خوش سلیقگی کی خبر دینے سے خالی نہیں۔ اور جس سے یہ بات ثابت ہے کہ تذکرہ کو بہمہ وجوہ خوشنما بنانے میں کوئی وقیقہ فروگذاشت نہیں کیا گیا ہے۔

صفحہ ۵۲۹ کی ابتدا حرف (ب) سے ہوتی ہے اور میر بادشاہ علی کے اس شعر سے تذکرہ پھر شروع ہوتا ہے۔ ؎

بلبل شیدا نے پوچھا گل سے یوں روز بہار	اے گل رعنا ترے دامن سے کیوں لپٹے ہیں خار

تذکرے کی خوبیاں ہمکو اسکے معائب کیطرف نظر اُٹھانیکو مانع ہیں بلکہ گناہ ثابت کررہی ہیں لیکن افسوس تو یہی ہے کہ گناہ سے وہی لوگ بچ سکتے ہیں جنکو دنیا کی دلچسپیوں سے کوئی کام نہو اور یہ ہو نہیں سکتا کہ ہم "خمخانۂ جاوید" کے متوالے نہ بنیں اور اسکی جرعہ کشی سے دست بردار ہو جائیں۔ جب ہم تمام ہندوستانی شاعروں کا کلام ایک جگہ مدون ہونا خیال کرتے ہیں اور مورخ کی وہ محنت اور وہ جانفشانیاں جو کسی طرح خیال میں آنے والی نہیں۔ ہمارے سامنے آتی ہیں تو خود ہمکو ہمارے ارادے اور بہت پست نظر آتی ہے۔ نگاہوں میں حیرت اور دلمیں رشک کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ اس وزنی احسان سے سبکدوش ہونیکا جب کوئی پہلو نظر نہیں آتا تو مجبور ہوکر یہ کہنا پڑتا ہے کہ کاش زبانِ اُردو سے ہمکو کوئی تعلق نہوتا اور یہ زبان ہماری زبان نہوتی واقعی اُردو لٹریچر میں یہ پہلا معتد بہ اضافہ ہے۔ جسنے ہمکو گھر بیٹھے ہندوستان کے تمام شاعروں سے ملنے کا موقع دیا۔ ہم بہت خوشی اور نہایت شکرگزاری کے ساتھ اس احسان کا

بار اپنے سر پر لیتے ہیں۔ کیونکہ بہت سے ایسے خوش فکر شاعروں کا کلام دیکھنے میں آرہا ہے جنکے کلام سے اِسکے قبل فیضیاب ہونے کا کبھی موقع نہ ملا تھا۔

مجھے اُمید ہے کہ مؤلف صاحب مجھے اپنا ایک سچا بہی خواہ تصوّر کرکے اِن اغلاط سے متنبہ کردینے سے کوئی بُرا اثر نہ لینگے۔

تقریظ خمخانۂ جاوید نتیجۂ قلم جادو رقم جناب محمد قطب الدین خاں طالب وکیل ریاست گوالیار و حاضر باش محکمہ رزیڈنسی میواڑ

ہست نہالِ ریاضِ قدیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِس وقت میرے ہاتھ میں ایک ایسی کتاب ہے کہ باعتبار صورتِ ظاہری فقط ایک خوشنما جلد میں مجلد ہے اور اعلیٰ قسم کے کاغذ پر خوشخط لکھی ہوئی ہے لیکن بلحاظ خوبی ہائے باطنی و دلفریبی ہائے معنوی ع "اپنی نظیر آپ ہے اپنی مثال آپ" کیوں نہو کیسے لائق و فائق بہترینِ افاضل فخر اماثل لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے کی مصروفیت و عرقریزی سالہاسال کا برترین نتیجہ ہے۔ کون نہیں جانتا کہ جس فن کو لالہ صاحب ممدوح نے لباس جاوید پہنایا ہے مدّت ہوئی کہ روشِ زمانہ سے نہ صرف عریاں ہی ہوا تھا بلکہ بعض خیالات میں تو اس کا وجود بھی قریبًا درجۂ عدم تک پہنچ چکا تھا۔ ایسی سرد بازاری و گمنامی کے وقت میں لالہ سری رام صاحب کی مثل قابل و فاضل و عالی دماغ کا متوجہ ہونا اور انتہا سے بالغ نظری سے اِس ضرورت کا احساس کرکے بصرفِ اوقات و اموال اس گرانقدر سرمایہ کا جمع فرمانا واقعی آسان کام نہ تھا ع

"صد آفریں مؤلف عالی دماغ پر"

آنے والی نسلیں جہاں تک مؤلفِ گرامی کی شان اِس جلیل القدر احسان کی شکر گزار ہوں اور خوش دماغانِ سخن جس حد تک اِس سرمایہ پر فخر کریں حق بجانب ہیں۔ کیونکہ ہر انسان بالقتضائے

فطرت نظم پر بالطبع مائل ہے کوئی ملک عرب ہو یا عجم - ہند ہو یا فارس - کوئی قوم جرمنی ہو - یا روسی - ترکی ہو یا تاتاری لطفِ کلام و مذاقِ سخن سے بے بہرہ نہیں - بلکہ حقیقتاً ہر فرو بشر مانوس ہے - اِس اِستدلال پر حضرت متقدمین کا کلام شاہد ہے - خسرو - ؎

دل بہ ایں محنت نہ از خود دادہ ایم	ما ہمہ در اصل شاعر زادہ ایم

پس جب یہ مسلّم ہے کہ سخنگوئی لوازم انسانیت سے ہے تو ایک ایسی زبان کے لیئے جس کا کوئی ممد و معاون نہیں لالہ صاحب کا ایسا منفعت بخش حامی و سرپرست ہونا اُنکے و نیز ملک و قوم کے لیئے کیسا کچھ موقع مسرّت و مبارکباد ہے اِس لیئے میں اپنی مختصر تقریظ کو اس دعا پر ختم کرتا ہوں - اللہ سبحانہ و تعالیٰ لالہ سری رام صاحب کو تندرست و ذی اقبال رکھے اور توفیق عطا فرمائے جس تمہید و ہدایت کے ساتھ خمخانۂ جاوید کا آغاز کیا ہے - اُسی تکمیل و نہایت کے ساتھ وہ انجام کو پہنچائیں - آمین ثم آمین

قطعہ تاریخ طبع جلد دوم خمخانۂ جاوید

اے سری رام - ایم - اے منصف	عدل و نصفت میں تم بھی یکتا ہو
خلق و تہذیب و قابلیت میں	آپ ہی تم جواب اپنا ہو
تم ہو اہلِ مذاق کے محسن!	کیوں نہ ممنوں ہر اک تمھارا ہو
نام زندہ کیئے ہزاروں کے	عہد کے اپنے تم مسیحا ہو
کیا مرتّب کیا ہے خمخانہ	وصف کیا کیا زباں سے اِسکا ہو
بس دُعا ہے کہ یہ رہے آباد	اِس کا ہر چار سمت چرچا ہو
میکشوں کا ہجوم ہو اس میں	جام ہر رنگ کا چھلکتا ہو
ہے تمھاری جو ہمّت و کوشش	اس کا حاصل تمھیں نتیجہ ہو
قطعہ اب ختم کیجیئے طالب!	لطفِ صنعت ولیکن ایسا ہو
سالِ ہجری بھی عیسوی سن میں	سن و تاریخ سے نکلتا ہو

۱۳۲۷ ۱۹۰۹

تقریظ

نتیجۂ طبع وقاد جناب سید آغا حیدر صاحب بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی۔ سہارنپور

اگرچہ مجھے خدمتِ سامی میں حصولِ نیاز کا شرف نہیں لیکن غائبانہ معرفت ضرور ہے۔ آج حسنِ اتفاق سے ایک صاحب کے پاس جناب کے تذکرہ شعرا کی جلد اول دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ فی الحقیقت جناب نے بڑی محنتِ شاقہ اور دردسری کو اپنے سر لیا جس میں بہت کچھ دماغ سوزی کرنی پڑی ہوگی اور بہت سا وقتِ عزیز صرف ہوا ہوگا۔ ملک اور زبان دونوں پر آپ کا احسان ہے جسکی اہلِ ملک کو تہِ دل سے شکرگزاری کے بعد قدر کرنی چاہیئے زیادہ قابلِ فخر اور مسرت انگیز یہ امر ہے کہ آپ جیسے ایجوکیٹیڈ جنٹلمین نے اِس طرف توجہ کی اور اپنے ملک کے مُردہ از یاد رفتہ باکمالوں کو جنکے رنگ کو رنگِ زمانہ تقریبًا مٹا چکا تھا۔ نئے سرے سے حیاتِ جاوید بخشی۔ سچ یہ ہے کہ ایسا جامع تذکرہ جسکو شعرائے ہند کا انسائیکلوپیڈیا کہنا چاہیئے ابتک نہیں لکھا گیا تھا علاوہ بریں حسنِ تحریر و خوبی کاغذ اتقا دلکش و دلفریب ہو کہ بیساختہ دلکو اپنی طرف کھینچے لیتی ہے۔ اِس لئے اُمید کی جاتی ہے کہ حسنِ قبول و پسندِ عام سے بھی یہ تذکرہ ممتاز ہوگا۔ ساتھ ہی مجکو افسوس ہے کہ ایسا جامع وحاوی تذکرہ ہمارے سہارنپور کے بعض برگزیدہ اور مقتدر شعرائے ماضی وحال کے اسمارگرامی سے معرّا و خالی ہے۔ لیکن اُس شکایت و معذرت سے جو ابتدائے کتاب میں جناب نے بعض حضرات کی بے پرواہی و غفلت شعاری سے جوابِ خطوط تک نہ دینے کی تحریر کی ہے ضرور تلافی ہوتی ہے ✤ مرقومۂ ۲۱ ستمبر ۱۹۰۸ء

قطعہ تاریخ ترتیب تذکرۂ ہزار داستاں المعروف بہ خمخانہ جاوید از طبع وقاد پنڈت سکھدیو پرشاد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ریاست بھرتپور

عجب ہے مہر یہ خمخانۂ نسخۂ نایاب	کہ جسکی تاب سے آبحیات ہی بیتاب

نظیر آپ یہ اپنی ہے آج دنیا میں
نہ اس کا دلّی میں ہے اور نہ لکھنؤ میں جواب

نئی صدی کی ہے واللہ یہ نئی سوغات
یہ انتخاب حقیقت میں ہے بڑا خوش آب

نگاہِ لطف سے اب دیکھیں دیدۂ مشتاق
نقاب رُخ سے اُٹھاتا ہے مہرِ عالمتاب

مہک جہان میں پھیلی گلِ مضامین کی
رہے یہ باغِ سخن ہند کا سدا شاداب

کہو یہ بہرِ طبع سنِ عیسوی اے مہر
لکھی ہے رلے سری رام نے یہ خوب کتاب

دیگر

یہی ہے صلۂ محنتِ شاقہ کا
کہ بھر مار ہر سمت سے داد کی ہے
۱۹ ۸

ہوا غیب سے مادّہ مہرِ تصدیق
یہ تالیف خود مہرِ استاد کی ہے
۱۹ ۲

تقریظ نظم از کلکِ گہرسلکِ شاعرِ شیریں بیان ناظمِ نکتہ دان پنڈت جواہر ناتھ صاحب کول غمخوار دتاتریہ لسبوہ دار متخلص بہ ساقی دہلوی

ہو رہا ہے بلبلانِ نغمہ زن میں تذکرہ
یہ گلِ رعنا ہے معنی کے چمن میں "تذکرہ"

کیوں ہو معروف یہ ہر انجمن میں "تذکرہ"
ہو گیا مشہور یہ اہلِ سخن میں "تذکرہ"

حال کا یہ حال ہے ماضی کا استقبال ہے
یادگارِ کو ہے یہ دہرِ کہن میں "تذکرہ"

شہرت اسکی ہو گئی پنجاب میں بنگال میں
شرق میں چرچا ہے اسکا ہے دکن میں تذکرہ

اتحادِ وحدت و کثرت سری میں رام میں
شوق و رم کا رنگ ہے ستر و علن میں تذکرہ

دیکھ کر حسن ادا سب اسکے شیدا ہو گئے
ہو گیا محبوبِ عالم حسنِ ظن میں "تذکرہ"

بلبلِ شیدا بنا ہے باغ میں ہر ایک گل
ہو رہا ہے اسکا سبزانِ چمن میں "تذکرہ"

اس کا آوازہ ہوا فردوس میں فردوسِ گوش
قدسیوں میں بھی ہوا باغِ عدن میں تذکرہ

ساقی خلوت نشیں ہم بھی ہوئے ہیں شادماں
جلوہ آرا یہ ہوا اپنے وطن میں "تذکرہ"

اقتباس از تحریر جناب پنڈت اندر پرشاد صاحب دہلوی وکیل عدالت ضلع مظفر نگر

اتفاقیہ ایک دوست کی عنایت سے آپ کا مؤلفہ "خمخانۂ جاوید" دیکھا۔ اور خوب اچھی طرح دیکھا

اُسکے دیکھنے سے جسقدر مجکو مسرت ہوئی ہے اُسکو میں ظاہر نہیں کرسکتا۔ جزاک اللہ آپنے نہ صرف اُردو شعرا پر بلکہ اُردو زبان پر جو احسان کیاہے اُس احسان کے بارگراں سے کبھی اُردو زبان سبکدوش نہیں ہوسکتی۔ یہ کام آپ ہی ایسے عالی ہمت مذاقِ زبان رکھنے والے عالم باعمل شخص کا کام تھا جو آپنے پورا کیا خدا کرے پبلک آپ کی ایسی ہی قدردانی کرے جیسکے آپ ہرگونہ مستحق ہیں ؎

تقریظ دلپذیر از تحریر شاعر سخن سنج معنی طراز منشی چندی پرشاد شیدا دہلوی تلمیذ حضرت مولنا عبد الرحمن صاحب راسخ دہلوی

اودھ پنچ جلد سی و سوم نمبر ۷ مطبوعۂ ۱۱ فروری ۱۹۰۹ء میں ا-ع-م- کے پردہ نشین نام سے خمخانۂ جاوید کے متعلق ایک طول طویل مضمون نظر سے گزرا جس کا ذکر ریاض الاخبار گورکھپور کے لائق ایڈیٹر نے بھی اپنے اخبار میں کیاہے۔ واقعی اُنکی رائے صُلح کل کا پہلو لیئے ہوئے ہے اودھ پنچ کے قابل نامہ نگار نے جو کچھ لکھاہے وہی خود ذرا انصاف کی عینک لگا کر دیکھیں کہ تمام کمال راست راست اور بے کم و کاست شاعروں کے کلام کا موازنہ کیاہے اگر ایسا نہیں ہے تو اُنھیں کہاں سے یہ حق حاصل ہوگیا کہ دوسروں پر یک طرفہ رائے زنی کریں۔ لالہ سری رام صاحب نے سترہ برس محنتِ شاقہ اُٹھاکر اور زرکثیر خرچ کرنے کے بعد یہ شعرائے ماضی و حال کا تذکرہ لکھاہے۔ اگر احیاناً بعض شاعروں کا حال اُس میں صحیح درج ہونے سے رہ گیاہے تو اُس کا بار لالہ صاحب موصوف پر ہرگز نہیں آسکتا۔ جس ذریعے سے اُنکو حالات معلوم ہوئے ہیں یہ اُس خبر رساں کی غلطی پر محمول ہوسکتاہے۔ اِسکی نسبت مجھے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ یہ کمی ایسی ہے کہ دوسرے اڈیشن میں پوری ہوسکتی ہے کیونکہ اُن کا یہ دعوی بھی نہیں ہے کہ جو کچھ اس تذکرے میں لکھا گیاہے اُس میں ترمیم و تنسیخ ہو ہی نہیں سکتی۔ اِتنے بڑے تذکرے کا لکھنا آسان کام نہیں ہے۔ تحقیق کے واسطے ناگزیر

ایسے وسائل اختیار کرنے پڑتے ہیں جن میں فروگذاشت ہوجانا ممکنات سے ہے۔ پس آپ کی بعض و طعن آپ کے لیے ہی موجب شرمساری ہوسکتی ہے ورنہ اتنی محنت اور زر کثیر خرچ کر کے تمام ماضی و حال کے شاعروں کا صحیح صحیح تذکرہ خود ہی لکھکر دکھایئے۔ بات کہدینا آسان ہے اور کچھ کر دکھانا مشکل ہے۔

حضرت داغ اور جناب امیر لکھنوی کی نسبت جو آپنے ارشاد فرمایا ہے کہ امیر مرحوم کے شاگرد داغ مغفور کو اُن کا ہمپلہ نہیں سمجھتے تھے تو یہ اُنکی لیاقت اور ادب شناسی کی بات تھی حضرت ریاض اور جلیل کی بابت جو حضرت داغ کا مقابلہ کرنے کا بے سر و پا قصہ گھڑ لیا گیا ہے اُس سے حضرت داغ کی شان میں کچھ فرق نہیں آتا۔ گستاخی معاف یہاں کے بعض نوشق شعراء کی بعض بعض غزلیں حضرت امیر کی غزلوں سے بڑھ گئی ہیں تو کیا ہم یہ سمجھ لیں کہ حضرت امیر کی اُستادی میں فرق آگیا۔ یا وہ کچھ نہ رہے۔ اگر حضرت ریاض و حضرت جلیل نے جناب داغ کے مقابلے میں بیٹھکر لکھنے کا چیلنج دیا تو یہ اُنکی اخلاقی کمزوری تھی کہ ایک مسلم الثبوت استاد کا اِس شوخ چشمی سے ترکِ ادب کرتے تھے۔ شاعری کا فن کسیکی میراث نہیں۔ اگر حضرت داغ کے شاگرد اسی طرح جناب امیر لکھنوی سے کہہ بیٹھتے تو کیا امیر مرحوم اُسی وقت اُنکے مقابل لکھنے بیٹھ جاتے؟ اور اپنے پیرِنابالغ ہونے کا ثبوت دیتے؟ درحقیقت جو صفائی زبان شوخی بیساختہ پن اور آمد میرزا داغ کے کلام میں پائی جاتی ہے۔ وہ جناب امیر کے ہاں موجود نہیں ہے۔ گو وہ اشعار بلحاظ دیگر اُمور بہت اچھے سہی لیکن دعوی تو یہی ہے کہ صفائی زبان۔ الفاظ کی برجستگی۔ بندش کی چستی اور سادگی ایسی ہے کہ اُن کا کلام مقبولِ عام ہوگیا صبا۔ سحر۔ وفا۔ فدا۔ آہ۔ بیخود۔ اور گوہر۔ انتخاب۔ کے اشعار جو نقل کیے گئے ہیں۔ یہ زبان کی صفائی دکھائی گئی ہے۔ لیکن نظر انصاف سے دیکھنے والے بخوبی جانتے ہیں کہ حضرت داغ کے شاگردوں کے کلام میں اس سے بہتر صفائی پائی جاتی ہے۔ اِن مرحوم شاعروں کے دیوان میں فیصدی بہت ہی کم شعر نکل سکیں گے۔ جبکہ جناب میرزا داغ مرحوم کے ۴ دیوان

موجود ہیں۔ آپنے داغ صاحب کے اس شعر پر تمسخر اڑایا ہے۔ ؎

دیکھنا پیر مغاں حضرتِ واعظ تو نہیں	کوئی بیٹھا نظر آتا ہے پسِ خم مجکو

واقعی آپکی رنگین عینک وارنگاہ میں اِس شعر سے کوئی بات نہیں نکلتی لیکن ریاض گورکھپوری جو آپکے ممدوح ہیں اُنکے اِس شعر میں تمام علوم کا خزانہ بھرا ہوا ہے۔ ؎

کوچے میں اُنکے پھرتے تھے کل اِس طرح ریاض	اِک پُشت خار ہاتھ میں اور سر مُنڈا ہوا

اگر داغ مرحوم نے متقدمین کی تقلید کی تھی تو ہم حیران ہیں کہ امیر مرحوم کا ایجاد بھی ہمیں کہیں نہیں ملتا۔ سوائے امیر اللغات کے جسکی بابت زمانہ جانتا ہے جیسی کہ وہ ہے۔ سبحان اللہ آپنے صاف و شستہ اشعار کو تو بازاری زبان فرمادیا لیکن اُلجھے ہوئے ریشم کو کس مقام کی بولی کہوگے۔ یہ شاید خانگی زبان میں داخل کیجائے گی +

معلوم ہوتا ہے حضرت کو خبر نہیں کہ زمانے کے ساتھ مذاق بھی بدلتا جاتا ہے۔ پہلے دور اور اِس زمانے کی شاعری میں زمین و آسمان کا فرق ہوگیا ہے۔ کوہ کندن و کاہ برآوردن جسکی بہت سی مثالیں موجود ہیں اب موزوں نہیں سمجھا جاتا۔ ؎

قبح کے دیکھنے والے تو بہت ہیں تو لگیر!	اور یہاں قدر شناسانِ سخن تھوڑے ہیں

کسی شخص کی محنت پر خیال کر کے حوصلہ افزائی تو درکنار بلکہ بے حصول نکتہ چینی کا شعار لوگوں نے لیاقت کا تمغہ سمجھ رکھا ہے۔ لیکن انصاف پسند حضرات اچھی طرح جانتے ہیں کہ جسقدر آپکی لیاقت ہے کسی سے پوشیدہ نہیں اخبارات کے قیمتی اوراق ایسے بے نتیجہ مضامین سے سیاہ کرنا عقلمندوں کا شیوہ نہیں۔ اتنا وقت کسی اور کام میں صرف کیا جاتا تو بہتر ہوتا۔ ہمیں یقین ہے کہ آیندہ نامہ نگار صاحب اِس مضمون کو طول نہ دیکر کسی مفید مشغلہ میں اپنا وقت صرف کرینگے۔ ورنہ ؎

مصلحت پردہ دری میں نہیں ہرگز ورنہ	آپکے گھر کے ہیں نظروں میں مری تو سو راخ

ریاض الاخبار کے فاضل اڈیٹر حکیم برہم نے بھی اپنی پوربی زبان میں "خمخانۂ جاوید"

کی نسبت اپنے تخلص کی رعایت سے کچھ برہمی کا ثبوت دیا ہے۔ لیکن ہم سمجھتے ہیں ؎

نیش عقرب نہ از پئے کین ست	مقتضائے طبیعتش این ست

اور خاموش ہو رہتے ہیں۔ انکی رائے کے موافق اودھ پنچ کے نامہ نگار نے خمخانہ کی مٹی تو کیا پلید کی ہے بلکہ اپنی بھدّی لیاقت اور بھونڈی سمجھ کا نمونہ پیش کیا ہے۔ ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم	چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

اتنا مختصر مگر صفائی اور سچائی کے ساتھ کسیکو منع گستاخی کرنا اور اسکی ناشائستگی اسے واضح کرکے بتا دینا انسانیت کا فرض ہے اس پر بھی اگر کوئی ناراض یا رنجیدہ ہو تو اسکی محرومیٔ قسمت۔ تقدیر بنانا خدا کا کام ہے۔ ہمارا کام نہیں کسیکی تذکرہ نظر سے نہ گزرنے کی شکایت اسکے افلاس کا ثبوت یا بخل کی دلیل ہے اور محض سنی سنائی باتوں پر مؤلف کی لیاقت کا اندازہ کر لینا بیوقوفی اور حماقت کا نشان +

تذکرے کی خوبیاں خود تذکرے سے ظاہر ہیں اور دنیا بھی ابھی جوہر شناس نگاہوں سے خالی نہیں ہوئی ہے۔ جیسا کہ دیگر ارباب کمال اور اہلِ فن حضرات کی تقاریظ اور ریویو نگارشوں سے ظاہر ہو رہا ہے +

فی الحقیقت مؤلف کی محنت اور جانکاہیوں کی جسقدر داد دیجائے تھوڑی ہے۔ یہ دردِ سر اور صرف زر لالہ سری رام صاحب کے سوا دوسرے کے بس کا نہ تھا۔ سچ مچ لالہ صاحب نے ملک اور ملک کی زبان پر جو احسان کیا ہے اُس کا کوئی نعم البدل ہو ہی نہیں سکتا۔ حیف ہے اگر اہلِ بینش لفظی ستایش اور زبانی داد سے بھی دریغ کریں۔ میں دلی شکریہ کے ساتھ لالہ صاحب کو اس عظیم الشان تالیف پر مبارکباد دیتا ہوں اور بقیہ جلدوں کی تکمیل و اشاعت میں کامیابی کے لیئے دست بدعا ہوں اور جانتا ہوں کہ بافضالِ ایزدی لالہ سری رام صاحب کو اسکے علاوہ کسی دوسرے صلے یا معاوضے کی پروا بھی نہیں ہے۔ ؎

طمع گوشۂ چشم است زارباب خرد	ورنہ مستغنیم از مال و منال زر و سیم

اقتباس از نگارشِ گرامی دریائے شاعری کے بے بہا گوہر جناب حکیم معشوق علی صاحب جوہر شاہجہانپوری وکیل بھوپال رئیس بندر شاہجہانپور وزیر روہیلکھنڈ

پیارے سیری رام! میں تم پر نثار۔ میں تم پر صدقے۔ اللہ تم کو چشمِ زخم۔ نظرِ بد۔ نگاہِ حاسد۔ دیدۂ زمانہ۔ غماز و نمام کی تاک جھانک سے محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین۔ میرے اِس خط میں جو فقرے روشِ قدیم کے خلاف بطرزِ جدید پاتے ہو اُس کی وجہ محض اِس وقت کی میری از خود رفتگی ہے۔ مجھپر جو عالم طاری ہے میں اُسکی تفصیل نہیں کرسکتا بلکہ اجمالاً بھی بیان نہیں کرسکتا۔ بلکہ ایک شمّہ بھی ادا نہیں کرسکتا ہوں۔ آج یکایک اُس شاہدِ رعنا نے جلوہ دکھلایا جس کا اشتیاق مدّتوں سے تھا۔ الحمدللہ کہ ع اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم، کیا کہوں کہ کیا عالم اُسنے طاری کردیا کہ نہ اپنے ہوش میں ہوں نہ حواس میں۔ ٹھیک ایک بجے ڈاکیہ نے جلد تذکرۂ ہزار داستان دی نماز ظہر کے ارادے سے بیٹھا تھا کہ وضو کرکے نماز ظہر پڑھوں اور اُسکے بعد یہ وقت تا بمغرب تلاوتِ قرآن کا ہے۔ مگر اس وقت کہ چار بجا چاہتے ہیں نہ وضو کیا ہے نہ نماز پڑھی ہے سوائے اسکے کہ تمھاری ترقی عمر و اقبال کی دعائیں مانگ رہا ہوں اور تمھارا نادیدہ مشتاق ہوگیا ہوں۔ جو کچھ میرے قلب کی حالت ہے میں اُسکو ظاہر نہیں کرسکتا ہوں۔ میں اپنے آپ کو فنائے سخن سمجھتا تھا اور یہ دعوی تھا اِس وجہ سے کہ نہایت غریب کا بیٹا۔ نہایت غریبی میں زندگی کٹی۔ افکار و مہمات کا ہمیشہ سامنا رہا مگر کبھی دامنِ مذاقِ سخن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ مگر بھائی تمھاری حالت اور تمھارے تذکرے کا دیباچہ پڑھکر جس میں ایک حرف بھی تصنع کا نہیں ہے دل بے قابو ہوگیا۔ اور خفقان کی سی حالت ہوگئی۔ افسوس کہ تم نے لکھنؤ سے واپسی کے وقت مطلع نہ کیا ورنہ میں اسٹیشن پر ضرور ملتا۔ اور تمھارے دیدار سے آنکھیں منور کرتا۔ تمھارے پہلے خط کے آنے پر اور میرے کلام کی طلبی پر میں نے اغماز کیا تھا۔ کیونکہ میری عادت ہے میں کسی گلدستے میں غزل نہیں بھیجتا

کسی کتاب کی تقریظ نہیں لکھتا۔ تاریخ نہیں لکھتا۔ کیونکہ میں دیکھتا ہوں ان میں ایسے لوگوں کی تاریخیں تقریظیں بھی شامل ہوتی ہیں جن کو موزوں اور ناموزوں میں بھی امتیاز نہیں ہوتا ہے۔ گلدستوں کا خاص ڈھنگ یہ ہے کہ ایک موزوں طبع چند غزلیں لکھ کر اُن اطفال کے نام سے گلدستوں میں بھیجدیں جن کو نظم و نثر کا فرق بھی معلوم نہیں۔ کچھ اپنی استادی کی شہرت اور کچھ اُن کی شاعری کی شہرت کی غرض ہے۔ مجھے اُنکی مجلس میں اپنا وجود ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا کہ آموں میں گولر۔ چنانچہ اسی بنا پر کہ ایسا ہی یہ تذکرہ ہوگا۔ مَیں نے اپنا کلام بھیجنا مناسب نہ سمجھا۔ لیکن بھائی آج جو تذکرہ دیکھا تو مَیں نہیں کہہ سکتا کہ میرے دل کی کیا حالت ہوگئی ہے +

تقریظ جو مَیں نے بھیجی تھی تو مجھے نہایت تردّد تھا کہ کتاب کے صرف چند جزو دیکھے ہیں اور تقریظ لکھدی۔ تقریظ اُس خاص مضمون کا نام ہے جو بلا افراط و تفریط کتاب اور مصنّف کی حالت کو عیاں کردے۔ یارے الحمدللہ کہ تقریظ کے مضمون سے کتاب و صاحبِ کتاب بدرجہا بہتر ہے۔ کوئی لفظ میری تقریظ کا اغلاق و غلو یا تعلّی شاعرانہ میں داخل نہیں ہے۔ اب میں اس تذکرہ کے متعلق ایک خاص کام کرنے کی ہمّت باندھتا ہوں۔ اور جہاں تک مجھ سے اِسکی خدمت کیجائیگی کرونگا۔ میری نظر و خیال میں جو حالات و خیالات اس تذکرے کے لائق ہیں وقتاً فوقتاً آپکی خدمت میں بھیجونگا۔ میرے اِس خط میں جو کچھ بے اعتدالی اس وقت ہوا اُس کو معاف کردینا۔ کبھی "تم" اور "تمکو" اور کبھی "آپ" اور "آپ کو" مختلف الفاظ سے مخاطب کیا ہے۔ یہ محض میری محویّت اور بیخودی ہے اِسی کو آپ اداے شکریہ اور مبارکباد سمجھیں جو آج اِس تذکرہ کو دیکھ کر میرا فرض ہے۔ اب بتاؤ کہ تذکرہ تو دیکھنے کو مل گیا مگر تم کیونکر دیکھنے کو ملوگے! اور یہ آرزو کب اور کس طرح پوری ہوگی

تمہارا نادیدہ مشتاق

معشوق علی۔ جوہر۔ مرقومہ ۸ ستمبر سنہ ۱۹۰۸ء از شاہجہانپور

اقتباس از عنایت نامہ مکرمی محمد رئیس الزمان صاحب سکرٹری آنریبل راجہ صاحب بہادر والی محمود آباد

جناب معظم مخدوم مکرم دام مجدکم۔ تسلیم و نیاز۔ "خمخانۂ جاوید" کی جلد اول خوبصورت موصول سرکار ہوئی۔ عنایت کا شکریہ قبول فرمایئے۔ اور مجھے اس اعتراف کی اجازت دیجئے کہ اس صدی میں بے یار و مددگار اردو زبان پر آپنے جو احسان کیا وہ یادگار احسان ہے انصاف یہ ہے کہ آپنے اس زبان کے حق میں مسیحائی کی۔ آپ کی ہمت اور دلی توجہ کا یہ نتیجہ ضرور ہوا کہ اُن لوگوں کی دماغ سوزی اور بلند خیالی۔ بلند پروازی اور سخن سنجی کے منتخب نمونے اس زمانے میں قدرشناس اور سخن سنج حضرات کے رُوبرو ایک مجموعے کی صورت میں نہایت حسن و خوبی سے پیش ہو گئے۔ جنکی یاد دلوں سے محو ہو رہی تھی۔

ہندوستان میں آپکی تالیف قدر کے ساتھ مدت ہائے دراز تک محفوظ رہیگی۔ میں نے اس قسم کی تالیفات میں صرف تذکرۂ "آبِ حیات" کو اس دورِ آخر میں وقعت کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ مگر سچ یہ ہے کہ اُس تالیف میں جو بہت بڑی کمی تھی وہ آپنے پوری کردی۔ جو گو حق تلفی کے ساتھ اُس کتاب میں باریاب نہیں ہوئے تھے۔ یا جنکی باریابی کامل نہ تھی اُسکی آپنے بہت اصلاح کردی۔ اور اس سے اُنکی اچھی اشک شوئی ہوگئی۔

یہ خداداد ہمت تھی جو مدتِ مدید سے آپکے قلبِ سلیم میں ودیعت ہوئی تھی۔ آپنے نہایت استقلال سے اُس سے کام لیا اور موجودہ تالیف اُس کا خوشگوار ثمر ہے۔ آپکی محنت اور دلسوزی کا شکریہ اُردو داں پبلک کی زبانی ادا نہیں ہو سکتا۔ میں نے ہنوز اس کتاب کو بالاستیعاب نہیں دیکھا ہے۔ مگر کچھ زمانے کے بعد میں اپنی ناچیز رائے نہایت تفصیل کے ساتھ بے تکلف عرض کرونگا۔ مجھے نہایت مسرت ہوگی اگر آیندہ حصص کی تالیف میں کوئی خدمت آپکی کرسکوں گا۔ آپ نے اُردو زبان کے ساتھ بڑا احسان کیا۔ خداوند عالم آپکو اسکی

جزائے خیر دے سرکار ہر دالاقتدار حضرت آصفجاہ خلد اللہ ملکہٗ کی بڑی عنایت ہوئی کہ انھوں نے بکمال ہنر پروری و قدر شناسی کتاب کو آپ کے نام سے معنون کرنے کی اجازت دی۔ یہ آپکی ایسی کامیابی ہے جسکی مبارکباد دیتا ہوں۔

بکمال اخلاص و نیاز آپکا دلی خیر طلب محمد رئیس الزمان سکرٹری راجہ صاحب محمود آباد قیصر باغ

ریویو

از جناب منشی محبوب عالم صاحب اڈیٹر پیسہ اخبار لاہور

"تذکرہ ہزار داستان" یہ وہ کتاب ہے جس کا پبلک کو کئی سال سے انتظار تھا یعنی لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے دہلوی کا تذکرہ شعرا اردو۔ اس تذکرہ میں مؤلف نے یہ التزام کیا ہے کہ قدیم و جدید جتنے شاعر اردو زبان کے ہیں ان سب کا تھوڑا بہت حال معہ نمونہ کلام آجائے۔ اور اس غرض کو حاصل کرنے کے لیئے مؤلف صاحب نے نہایت تلاش و کاوش سے قابلِ قدر مواد فراہم کیا ہے۔ کتاب کا تاریخی نام "خمخانۂ جاوید" ہے جس سے ۱۳۲۵ھ ہجری نکلتے ہیں۔ ناموں کی ترتیب تخلص اور حروف تہجی کے لحاظ سے رکھی گئی ہے پہلی جلد جو حال میں چھپ کر تیار ہوئی ہے۔ اس کے اصل مضمون کے ۶۹۰ صفحوں میں صرف ردیف الف اور بے کے تخلص ہیں۔ حضور نظام نے اس تالیف کو اپنے نام نامی سے معنون کیا جانا منظور فرمایا ہے۔ ٹائیٹل پیج دو ہیں۔ اندر کا ٹائیٹل پیج رنگین اور نہایت خوشنما چھپا ہوا ہے شروع میں مؤلف نے اپنی دو تصویریں بھی دی ہیں۔ ایک عنفوان شباب ۱۸۹۲ء کی ہے اور ایک تازہ لکھائی چھپائی میں خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ اگرچہ کتاب میں بعض بعض فروگزاشتیں ہیں۔ بعض بعض شعرا کا نام درج ہونے سے رہ گیا ہے۔ بعض کے حالات میں کسیقدر غلطی ہے ۔ مگر ایسی باتیں ناگزیر ہوتی ہیں۔ چھپائی میں جو غلطیاں رہ گئی

اُس کے لئے غلط نامہ لگا دیا گیا ہے۔ جن شعراء کا پہلی جلد میں تذکرہ ہے اُنکی فہرست بھی آخر میں دیدی ہے۔ آخر میں متعدد اصحاب کی تقریظیں درج کی گئی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ کتاب فی نفسہ نہایت مفید اور بڑی عرق ریزی اور مشقت کا کام ہے اور اس سے اُردو لٹریچر میں قیمتی اضافہ ہوا۔ مطبوعہ پیسہ اخبار مورخہ ۱۴ستمبر ۱۹۰۸ء

تقریظ منظوم و قطعہ تاریخ از منشی للتا پرشاد صاحب شاد میرٹھی سابق اڈیٹر اخبار دلشاد و نظم الہند وغیرہ و مصنف کتب متعددہ

پلا مجھکو اے ساقیٔ خوش جمال
چمن ہے۔ شبِ ماہ ہے۔ ابر ہے
مری آج حالت جو دیکھے کوئی
کہ کیوں اسقدر خوش ہے اے شاد تو
کوئی تُو نے جینا ہے پالا کہیں؟
کہیں مل گیا کوئی محبوب۔ یا
بتا تو سہی ماجرا کیا ہے یہ
ابھی کل ہی کی بات ہے یاد ہے!
زمانے نے دیکھی ہے حالت تری
جو ارزاں تھی وحشت ترے واسطے
ٹپکتا تھا چہرے سے رنج و قلق
مگر آج کچھ اور ہی شان ہے!
کبھی لیمنیڈ۔ برف کی مانگ ہے
یہ کیا بات ہے یار کیا راز ہے؟

رِلا برف میں بادۂ کُہنہ سال
خدا کے لئے اب نہ کر قیل و قال
تو حیرت میں آکر کرے یوں سوال
کہیں سے لگا کچھ ترے ہاتھ مال
نکالی ہے شطرنج کی کوئی چال؟
کسی نے پلادی شرابِ وصال؟
کدھر جا پڑا دھیان کیا ہے خیال؟
کہ تُو پھر رہا تھا یونہی خستہ حال
کبھی خشک لب تھے کبھی زرد گال
تو عشرت کا تھا کُل زمانے میں کال
طبیعت میں تھے جا گزیں صد ملال
مسرت سے چہرہ بھی ہے لال لال
کبھی خواہشِ بادۂ پرتگال
سمجھ میں نہ آیا مری کچھ یہ حال

یہ سنکر کلام اُس سے میں نے کہا — کہ اے بے ادب! بس زباں کو سنبھال
تجھے کیا خبر ہے کہ غافل ہے تو — یہ باتیں ہیں تیری حماقت پہ دال
مجھے رنج تھا اس لئے پیشتر — کہ آیا ہے فنِ سخن کو زوال
کہیں شاعری کو کہ منحوس ہے — بہت ناپسند ہیں ان دنوں بد خصال
نہیں پوچھتا کوئی شاعر کو اب — ذرا بھی نہیں علم کی دیکھ بھال
جو فنِ سخن موجبِ ناز تھا — ہوا آج اُلٹی چھری سے حلال
جہاں سے گئے ذوق و داغ و دبیر — امیر و ظفر کا ہوا انتقال
بیاں ہے نہ راسخ نہ ناسخ نہ رند — ہوا ہائے فنِ سخن پائمال
نہ سودا نہ آتش نہ غالب نہ مہر — نہیں کوئی بھی شاعرِ باکمال
بہت یاوہ گو اور تُنک بند ہیں — نہیں ہیں مگر ہائے اہلِ کمال
غنیمت ہیں اس وقت مضطر رسا — ریاض اور بیخود ظہیر و جلال
مبارک ہیں حالی و کیفی۔ اُفق — حسن شوکت احسن وجاہت کمال
مگر کوئی ان کا نہیں قدرداں — ہوا اس زمانے میں جینا وبال
غرض ہیں سخنور نہ اب قدرداں — لیاقت رہی اور نہ قدرِ کمال
کہاں ہیں وہ پہلے سے اہلِ نظر — صلہ میں جو دیتے تھے شاعر کو مال
مصیبت میں ہیں وائے سارے شریف — ترقی پہ ہیں اب کمین و سفال
اگر قدرداں کوئی آئے نظر — تو سمجھوں میں کیونکر مبارک فال
سُنا جب یہ میں نے کہ اک دہلوی — تہِ دل سے کرتا ہے قدرِ کمال
اُسی وقت سے ہے مسرت مجھے — اُسی وقت سے ہوں میں فرخندہ حال
مجھے تھا الم بیشتر۔ بیشتر — بچھا تھا غم و رنج کا گرد جال
پرانی خوشی عود کر آئی پھر — مجھے چاہیے بادۂ کہنہ سال

اسی واسطے مے کا طالب ہوں میں | اسی واسطے یاد آیا کلال
مجھے اب یہ کہنا ضروری ہوا | کہ ہے کون وہ قدردانِ کمال
وہ مشہور لالہ سری رام ہیں | نجیب و شریف و عدیم المثال
فہیم و سخن سنج اور نکتہ داں | نثارِ کمال اور اہلِ کمال
لیاقت میں عالمِ زمانے کے ڈنگ | امارت میں قاروں بھی آشفتہ حال
الٰہی وہ دائم رہیں بامُراد | الٰہی وہ زندہ رہیں لاکھ سال
اُنھیں نے بنایا ہے یہ تذکرہ | ہر اُردو کے شاعر کا لکھا ہے حال
یہ مژدہ ہے کیا کم مرے واسطے | کہ زندہ ہوا نام اہلِ کمال
بڑی عرق ریزی کا ثمرہ ہے یہ | اِسے دیکھ کر میں ہوا ہوں بحال
وہ پہلی تھی یہ دوسری جلد ہے | لکھیں گے ابھی اور بھی چند سال
سخن کو اگر آسماں مان لیں | تو اِسکو ابھی اُس کا سمجھو ہلال
کہا ہاتفِ غیب نے شاد سے | کہ چھاپا ہے کیا تذکرہ بے مثال

۱۹۲۲ ہجری

دیگر

سخنشی والاہمم شیریں مقال | غمگسارِ نکتہ سنج و خوش خصال
عالمِ بے مثل و یکتا و لئیق | فاضل و اہل امارت نیک فال
کرد تالیف و رقم ایں تذکرہ | خرم و مسرور شد اہل کمال
سالِ طبعش گفت ہاتف شاد را | بیمثال و بے عدیل ست ایں کمال

۱۳۴۷ھ

دیگر

تذکرہ کس نے یہ لکھا اچھا | خوب جسے کہتے ہیں اچھا اچھا
اہلِ دہلی کا بھلا ذکر ہی کیا | غیر تک کہتے ہیں اچھا اچھا
آن و انداز کے کیا کہتے ہیں | صورت اچھی ہے سراپا اچھا
کاغذ اعلیٰ ہے عبارت عمدہ | جادو تحریر ہے چھاپا اچھا
ٹائٹل پیج کی جدت واللہ | مرحبا ہے رخِ زیبا اچھا

دیکھیں موسیٰ تو گریں غش کھا کر — طور سے ہے جلوہ اچھا
اہلِ فن آج بتاتے ہیں اِسے — ساری دنیا سے نرالا اچھا
سچ تو یہ ہے کہ بہ نسبت اِس کی — کوئی بھی کام نہ ہوگا اچھا
تھوڑے داموں میں یہ شے لی ہم نے — ہاں قسمت ہی سے پایا اچھا
مصرعۂ سال لکھو تم اسے شاد — ہے گلستانِ سخن کیا اچھا

۱۳۲۷ھ

تقریظ مع تاریخ از فکرِ لطیف شاعرِ شیریں سخن جناب میر شرافت علی صاحب کشتہ اکبرآبادی

جہاں میں شور ہے منشی سریرام — بڑا جوہر شناس اہلِ فن ہے
لیاقت میں ہے ایم۔ اے منصفی پاس — سعادت جو شریفوں کا چلن ہے
فطانت اِس جواں کی ہے قیامت — متانت صورتِ پیرِ کہن ہے
طلاقت اُسکی ہے جادو کی پُتلی — جوابِ سامری یہ سحر فن ہے
عبارت دیکھئے گا تذکرے کی — کہ جو میدان ہے صحنِ چمن ہے
ملاحت ہے حلاوت بھی ہے اُس میں — کہ شورِ بلبلِ شیریں سخن ہے
مُسجّع و مُرصّع و مقفّیٰ — یہ نثرِ دلپذیرِ اہلِ فن ہے
سنوارا ہے ہر اک فقرے کو ایسا — کہ پہلی رات کی گویا دُلہن ہے
کہیں گلہائے مضموں ہیں شگفتہ — کہیں گل چینیِ باغِ سخن ہے
کہیں چوٹی کے مضموں ہیں مسلسل — کہیں پیچیدہ زلفِ پُرشکن ہے
کہیں وصفِ گل و لالہ کے مضموں — کہیں ذکرِ محبتِ غنچہ دہن ہے
کہیں شمشیرِ ابرو ہے برہنہ — کہیں وصفِ لبِ سیبِ ذقن ہے
کہیں اُٹھتی جوانی کے ہیں چرچے — کہیں معنی میں کوئی بانکپن ہے
کہیں مضموں ادا و ناز کے ہیں — کہیں تیرِ نظر ناوک فگن ہے

کہیں ہجر و شب فرقت کے مضموں
کہیں مرغ سحر سے کچھ جلن ہے

کہیں ہے جدّت حسنِ معانی
کہیں ٹکسالی سکّہ کا چلن ہے

کہیں ہے چستی بندش کی خوبی
کہیں لفظی نشستِ اہلِ فن ہے

بھری رکّھی ہے خوشبوئے معانی
جوابِ نافۂ مشکِ ختن ہے

یہ الفاظ و معانی کہہ رہے ہیں
پری زادوں کی زلفِ پرشکن ہے

جُدا ہے الغرض ہر پھول کی بُو
عجب گلدستۂ باغ سخن ہے

ہُوا ہے یہ بڑا کارِ نمایاں
یہ کچھ تائید ربِّ ذوالمنن ہے

جِلائے سینکڑوں مُردے پُرانے
مسیحائی کا اُس کو یاد فن ہے

بہت ایسے کہ اُن کی قبر تو کیا
نہ ہڈّی ہے نہ اک تار کفن ہے

اُنہیں زندہ بنا کر لا دکھایا
جسے دیکھو وہ شمع انجمن ہے

امیر و آتش و آباد و انور
اسیر و آرزو کی انجمن ہے

اسیرِ اکبر آبادی و آغا
جو ہے وہ انتخاب اہلِ فن ہے

ہر اک اپنے زمانے کا وہ لائق
کہ گویا طوطیٔ شکّر شکن ہے

ہر اک یکتا و حید عصر گزرا
ہر اک سلطانِ اقلیم سخن ہے

یہ سب جلوے نظر آتے ہیں یکجا
بڑی دلچسپ گویا انجمن ہے

کہوں تاریخ کیا اِس تذکرے کی
ورق ہر اک ہزارہ کا چمن ہے

سنِ ہجری کہا ہاتف نے کشتہ
نشانِ قائم بزمِ سخن ہے

قطعات تاریخ بطریق تقریظ از قلم گوہر رقم جناب حاجی محمد اسمعیل خان صاحب المتخلص صبر امیٹھوی ملقب بہ بلبل تسلیم تلمیذ رشید منشی امیر اللہ تسلیم لکھنوی

ساقی گل پیرہن جام مئے گلرنگ دے
دیکھ تو باغ جہاں میں ہے عجب رنگِ بہار

بنگئی مشاطہ ہے بادِ صبا گلزار میں
نوجوانانِ چمن کا ہے عروسانہ سنگھار

نرگس و سوسن کہیں پر ہیں کہیں پر نسترن
سنبل و ریحاں کہیں پر ہیں کہیں پر لالہ زار

بلبلوں کے چہچہے سن سنکے گل ہیں باغ باغ
خندۂ گل میں ادائیں دلبری کی ہیں ہزار

سبزہ بھی انگڑائیاں لیتا ہے مستوں کیطرح
دیدۂ نرگس کی حیرت سے عیاں ہے انتظار

ساغرِ مے کی جو صورت گل میں آتی ہے نظر
دیکھنے سے تازہ ہو جاتی ہے روحِ بادہ خوار

اس ہوائے سرد اس کالی گھٹا کو دیکھکر
کیا عجب آتی ہو دلمیں شیخ کے بھی بار بار

پاکدامانی و زہد و وعظ و تقوے لے چھوڑکر
بادہ خواروں میں چلیں مے پیکے ہوں یاروں کے یار

پی کے پے در پے چھ سات ساغر بھر کے دے ساقی تو مجھے
تا دلِ بیتاب و مضطر ٹھیر سے دم بھر ہو قرار

مجکو لکھنا وصف ہے خمخانۂ جاوید کا
آچکے ہیں خط کئی دلی سے اب آئیگا تار

خوبیِ قسمت سے اک پیدا ہوئے ہیں قدر دان
تذکرہ لکھا جنھوں نے شاعروں کا باوقار

بے تکلف نامِ نامی کو بتاؤں کس طرح
صاف آسکتا نہیں اس بحر میں ہے ناگوار

پہلے لالہ پھر سری پھر رام پھر منصف لکھوں
جمع پھر الفاظ سب ہوں نام ہو جب آشکار

ذی لیاقت اہلِ دولت با مروت خوشخصال
کم نظر آتے ہیں ایسے زیبِ بزمِ روزگار

تذکرہ لکھا ہے جس خوبی سے کیا تعریف ہو
منہ ہے چھوٹا یہ بڑی ہے بات مشکل ہے دوچار

رونقِ بزمِ جہاں اک جلد چھپکر ہو چکی
اک نظر میں نے بھی دیکھی تھی کہیں پر ایکبار

کاغذ اچھا تھا چھپی تھی صاف خط پاکیزہ تھا
حال ہر شاعر کا لکھا تھا قرینِ اعتبار

نقطے نقطے سے عیاں تھی صورتِ نجمِ فلک
ہر کشش پر شیفتہ قوسِ قزح کی تھی بہار

دائروں کی گر ہلالِ عید سے تشبیہ دوں
کیا عجب ہمشکل ہونے پر ہو پیدا افتخار

رشکِ حسنِ کہکشاں تھا جلوۂ بین السطور
زلفِ حورِ خلد الفاظِ مسلسل پر نثار

شاہدِ معنی کی وہ بانکی ادائیں دلفریب
دیکھتے ہی خود بخود بے اختیار آتا تھا پیار

روشنی ہر صفحہ میں ایسی کہ جسکو دیکھ کر
آفتابِ صبحِ روزِ وصل بھی ہو شرمسار

فقرہ ہر اک شکلِ موجِ حوضِ کوثر بیگماں
ہر ورق میں تختۂ گلزارِ جنت کی بہار

دوسری بھی جلد چھپکر اب قریب الختم ہے
اُسکے جلوے پر نگاہِ شائقاں ہوگی نثار

کشتیٔ مے کی طرح پیشِ نظر جب آئیگی
کیا عجب مشتاق ہو دنیا بزنگِ بادہ خوار

دائرہ ہر ایک ہوگا ساغرِ مے سے سوار
دیکھتے ہی اُسکو چھک جائیگا ہر اک میگسار

دیکھکر اُسکے بیاضِ صفحہ کو شرمائیگی
پانی پانی ہوگی حسنِ دخترِ رز کی بہار

اُسکے ہر فقرے سے پیدا ہوگا جوشِ موجِ مے
دُردِ مے کے ذرّے بنکر ہونگے نقطے آشکار

پڑھنے میں ہوگی صدائے قلقلِ مینا کی دھن
کوئی دم مسرور ہوگا جو سنیگا دلفگار

شاعروں کو چاہیئے اب شکر کے سجدے کریں
تا قیامت نام دنیا میں رہیگا برقرار

اک قصیدہ پیش کرتا مدح میں اُسکی مگر
آجکل میری طبیعت میں ہے بیحد انتشار

خوبیٔ تقدیرِ برگشتہ کو دیکھو تو سہی
صبر کہتا ہے زمانہ صبر مگر ہوں بیقرار

کیا کہوں کیونکر کہوں دل ہی نہیں قابو میں ہے
رنجِ مرگِ دوستاں سے چشم تر ہے اشکبار

حضرتِ نوح کی تاکیدوں سے عاجز ہوگیا
اس لیئے اشعار موزوں کردیئے ہیں چہار

فکر میں تاریخ کی بیٹھا تو یہ دل نے کہا
صبر لکھدو شاعروں کی پوری یادگار

۱۳ ۲۹

ریویو قمر زدہ اڈیٹر اخبار ہندوستان لاہور

جو لوگ اُردو زبان کو اپنی قومی میراث کہا کرتے ہیں وہ چشمِ بصیرت سے دیکھیں کہ لالہ سری رام ایم اے مصنف دہلوی نے اُردو زبان پر وہ احسان کیا ہے جو بڑے سے بڑے حامیٔ اُردو مسلمان سے نہیں ہوسکا۔ تذکرہ ہزار داستان جس کا تاریخی نام خمخانۂ جاوید ہے اُسکی پہلی جلد ۲۲×۲۹ کے ۶۸۹ صفحہ پر شائع ہوگئی ہے۔ جس میں اُردو زبان کے ۶۶۹ شعرائے قدیم و جدید کا کلام اور مختصر حالات درج ہیں تذکرے کی ترتیب ردیف وار ہے اور اس جلد میں صرف الف اور بے کی ردیف

اسکی ہے جس سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ کل کتاب ضخامت کے لحاظ سے اُردو علم ادب کے تذکروں میں سب سے اول نمبر پر ہوگی جسے اُردو لٹریچر کا انسائیکلوپیڈیا کہنا بیجا نہوگا ۔ ہر دور کے شعراء کا منتخب کلام یکجا اور باترتیب دیکھنے کے مشتاق کو اسکی خریداری میں ذرا تامل نکرنا چاہیئے ؎ (از پرچہ مطبوعہ ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۰۹ء

قطعۂ تاریخ از سید امجد علیخان صاحب نبیرۂ نواب مختار الدولہ و نجم الدولہ سید ابو القاسم خان و نواسہ نواب امیر الدولہ حیدر بیگ خان وزیر سلطنت اودھ

ہیں سرِ رام اک رئیس ذی وقار و باکرم
کہتے ہیں "خمخانۂ جاوید" اُس تصنیف کو
گو سرور افزائے اہلِ ذوق ہوگی میکشی
جب سنے اسکے لطائف میرے گوشِ شوق نے
عیسوی سال اُس کا واصف نے قلم برداشتہ

تذکرہ کیا خوب تالیف اُس سخنور نے کیا
نام تاریخی یہ اُس کا سالِ ہجری ہیں عیاں
شرع کے پابند کو کام ایسے میخانے سے کیا
دل میں آبادھیاں اُسکی طبع کی تاریخ کا
اُلفتِ خمخانۂ جاوید بس ہے ۔ لکھدیا
۱۹۰۸

قطعۂ تاریخ بطرز تقریظ از تصنیف لطیف ناظم ہمیشال شاعرِ نازک خیال منشی پیارے لال صاحب رونق دہلوی اڈیٹر کمال دہلی تلمیذ رشید مولنا راسخ

شکر ایزد کہ پھر بہار آئی
رشک افزائے خواب مخمل ہے
ہے ہر اک گل نمونۂ قدرت
برگ برگِ گلِ شگفتہ سے
فرقِ گل پر ہے تاجِ شاہانہ
ہے عروسانِ گل کی مشاطہ

گوہر افشاں ہے ابرِ نیسانی
نزہتِ سبزۂ گلستانی
ہر ورق میں ہے شانِ یزدانی
حرف حرفِ کتابِ عرفانی
زیب تن ہے قبائے سلطانی
موجِ بادِ نسیم نیسانی

فرقِ گُل پر نسیم کرتی ہے / پنجۂ موج سے مگس رانی

سلکِ گوہر ہیں قطرۂ باران / سائباں ہے سحابِ نیسانی

دیکھ کر خندۂ لبِ گلبرگ / صدقے ہوتے ہیں لالِ رمّانی

اللہ اللہ فیضِ بادِ بہار / اوس کرنے لگی دُر افشانی

پھر نویدِ نشاط لائی نسیم / پھر ہوئی عیش کی فراوانی

مژدۂ انبساط پھر پہنچا / پھر دلوں سے مٹی پریشانی

روزِ عید الفطر ہے پھر ہر روز / پھر مہِ نو کی ہے درخشانی

چھاگئی پھر چمن پہ گل رنگی / اُڑ گیا رُخ سے رنگِ حیرانی

بن گیا ہے ترانۂ عشرت / نغمۂ بلبلِ گلستانی

گا رہا ہے ہر اک خوشی کے راگ / دے رہی ہے مزا غزلخوانی

کچھ تو ہے اِس نشاط کا باعث / کس لیئے ہے طرب کی ارزانی

جس کا شوقِ لقا تھا مدت سے / جسکی تھی آرزوئے مہمانی

عالم افروز ہوگیا وہ مہر / ہر طرف اُسکی ہے درخشانی

اُسکے پرتو نے کر دیا یکسر / دلِ اہلِ سخن کو نورانی

وصف میں اُسکے ہم بھی دیکھینگے / توسنِ طبع تیری جولانی

زینتِ دہر ہے وہ میخانہ / دَور جس کا شرابِ نورانی

چھپ گیا ہے وہ تذکرہ جس کا / صفحہ صفحہ ہے فیضِ روحانی

نقطہ نقطہ ہے گوہرِ یکتا / لفظ لفظ اُس کا لالِ رمانی

جدولیں رشکِ کہکشانِ فلک / غیرتِ آفتاب پیشانی

حُسنِ بین السطور سے اظہر / جلوۂ موجِ بحرِ نورانی

لمعۂ حسن سے خجل الماس / آب سے آبِ آئینہ پانی

کھینچنی چاہے اُسکی گر تصویر — دنگ رہ جائے خامۂ مانی
لاجواب انتخاب میں ہر شعر — مصرعہ مصرعہ ہر ایک لاثانی
انتخابِ سخن ہے وادِ طلب — ہے عیاں جوہرِ زباندانی
مردمِ چشم کو سوادِ خط — بن گیا سرمۂ سلیمانی
ہیں وہ اشعار صاف و پاکیزہ — جن سے حاصل ہو لطفِ روحانی
ہوں مؤلف کے کیا بیاں اوصاف — حُسن و خوبی میں فرد و لاثانی
ہیں سرپراُم ماہر ہر فن — ختم ہے آپ پر سخندانی
ذاتِ عالی ہے مجمعِ اوصاف — اور ہر فن میں آپ لاثانی
پاسباں اُنکے گھر کے فضل و ہنر — ذی ہنر پر ہے فرض دربانی
اُن کا کوچہ ہے خاص دارالعلم — اُنکی صحبت ہے فیضِ ربانی
دل نوازی شعار ہے اُن کا — اور جہاں کی فرض مہمانی
اُنکی محفل میں روز رقص و سرود — اور ہر شب ہے جشنِ سلطانی
رونقِ جلسۂ علوم و فنون — زینتِ محفلِ سخندانی
کام مشکل سے تھا جو مشکل تر — کر دکھایا ہے وہ بآسانی
وہ لکھا تذکرہ عجیب و غریب — انتخابِ جہاں و لاثانی
کھل رہا ہے کہیں سخن کا چمن — ہے کہیں نثر کی گل افشانی
بھولے بھٹکوں کو راہ پر لائے — شاعروں کے ہیں خضرِ دورانی
حال سے جنکے بیخبر تھا جہاں — کھل گیا اُن کا رازِ پنہانی
آگئی دامنِ محبت میں — تھی جو اُردو کو پرورش پانی
سچ تو یہ ہے بڑا ہی کام کیا — بات پوچھو تو ہے یہ ایمانی
منحرف ہوں جو اسکی خوبی سے — ہے سراسر یہ اُن کی نادانی

تا قیامت رہے مؤلف کے
ختم کر بس یہیں سخن رونق
یہی تقریظ ہے یہی تاریخ
ہے سری رام کا جہاں مداح

دیگر

خوبیاں اسکی ہو گئیں روشن
واقعی تھی یہ آپ کی ہمت
بن گئے شاعروں کے خضر و مسیح
روح پھونکی زبانِ اُردو میں
شکر اس کا ادا ہو کس مُنہ سے
کیوں نہ مقبولِ عام ہو یہ کتاب
سُن لو تاریخ طبعِ رونق سے
تذکرہ لاجواب ولاثانی
۱۹۲۶

دیگر

وہ لکھا سری رام نے تذکرہ
نہ ہو فیض یاب اس سے کیوں اک جہاں
کیا ذکر ہر نغمہ گفتار کا
کیے منتخب وہ معنی بلند
دکھایا وہ اعجاز حسنِ رقم
نہوں مست کیوں جرعہ نوشانِ علم
سر آنکھوں پہ رکھیں گے وہ شوق سے
سُنا دو یہ تاریخ رونق اُنھیں
گلِ معنیِ تازہ سے سربسر

شاملِ حالِ فضلِ یزدانی
تا کہ مضمون ہو نہ طولانی
کیا ہی نایاب تذکرہ لکھا
اک زمانے پہ مثلِ آئینا
سچ تو یہ ہے بڑا ہی کام کیا
کر دیا اُن کے نام کو زندا
ہر سخن بن گیا زباں گویا
شاعروں پر کرم جو فرمایا
درحقیقت سے تذکرہ یکتا
وفترِ شاعراں چھپا اچھا
۲۷ ۱۳ ۱۹۲۶ ء

عیاں ہو گئی جس سے شانِ سخن
یہ ہے معدنِ علم و کانِ سخن
نہ چھوڑا کوئی خوش بیانِ سخن
زمیں بن گئی آسمانِ سخن
بنے نوحہ گو مدح خوانِ سخن
یہ خمخانہ ہے میکشانِ سخن
جو دیکھیں گے دلدادگانِ سخن
جو ہیں حامی و قدر دانِ سخن
ہے آراستہ بوستانِ سخن
۱۹ ۶ ۱۱

تقریظِ دلپذیر از طبعِ وقاد و ذہنِ نقاد بابو چندی پرشاد صاحب شیدا دہلوی تلمیذ رشید مولانا راسخ دہلوی

نوید جانفزا ہو کر خبر لائی کسی گل کی
نسیمِ صبح کے جلوے میں ہے رنگِ گلستانی

الٰہی کون ہے وہ روح پرور شاہدِ رعنا
بنا خورشیدِ محشر جس کا نورِ صبحِ پیشانی

ذرا دیکھو تو ہے کس اوج پر حسنِ فلک رفعت
کہ کرتا ہے ہلالِ عید جامے کی گریبانی

بنا ہے جا پتلے کا گویا سلسلہ دامانِ محشر سے
ہوئے عمرِ خضر طولِ امل گیسوئے طولانی

ہزاروں راز اسکی اک خموشی سے نکلتے ہیں
معمّہ ہیں دہن کے بھرتے ہیں اسرارِ پنہانی

بہارِ بیخزاں قربان ہوتی ہے کفِ پا پر
رخِ رنگیں پہ گلزارِ ارم کی ہے گل افشانی

زمانے میں ہے یہ کس شان پر حسنِ صفا پرور
ہمائے بختِ یاور جسکی کرتا ہے نگہبانی

ہزاروں رنگ کے پھولے چمن اِس میں نظر آئے
بنی ہے تختۂ فردوس منظر۔ لوحِ پیشانی

مضامینِ زبان رشکِ بتانِ شوخ و پرفن ہیں
سحابِ حسن سے ناز و ادا کا کھیت ہے دھانی

دکھائے سوزِ پنہاں کے کرشمے کس صفائی سے
کہ جسپر اشکی و آہی ہوئے عرفی و خاقانی

بیاں ہے سر بسر اسمیں گنہگارانِ الفت کا
وہ جنکے دامنِ تر میں نہاں ہے پاک دامانی

نظر آتے ہیں کیا کیا عاشق معشوق کے جلوے
کہیں رنگِ نزاکت ہے کہیں طرزِ گرانجانی

کہیں تعریفِ حسنِ روح افزا کی قیامت ہے
کہیں عشاقِ سرگشتہ کا ہے ذکرِ پریشانی

کہیں فرقت کہیں عشرت کہیں خلوت کہیں جلوت
غرض ہر رنگ کی اسمیں دکھائی ہے فراوانی

کہیں رشکِ رقابت ہے کہیں سامانِ عشرت ہے
کہیں محشر کا دن ٹھیرا شبِ فرقت کی طولانی

حجابِ چشمِ بدبیں سے بری ہیں خوبیاں اسکی
کسی پردے سے چھپ سکتی نہیں شعلہ کی عریانی

نکالے کیوں نہ پر پرزے غضب کے طائرِ مضموں
کھلایا ہے پلایا ہے نیا دانہ نیا پانی

بنے ہیں خضرِ رہ لالہ سری رام آج عالم میں
پلایا شاعرانِ ہند کو آبِ بقا - پانی

فنا کا دخل کیا خمخانہ جاوید کے آگے
مکمل ایک اُردو شاعروں کا تذکرہ لکھا
ذرا دیکھو تو اسکو ہمت مردانہ کہتے ہیں
اسی میں صرف کی ہے اپنی اوقات گرامی
فراہم حال سارے شاعرانِ ہند کا کرنا
بڑی تحقیق سے لکھا ہر اک کا کلام اب
چھپے ہیں مثل افشاں واہ کیا اشعار برجستہ
سخن فہمی سخن دانی سے مشکل ہو زمانے میں
غضب کا حافظہ ہو شعر ہیں نوکِ زباں لاکھوں
نظر میں ہے خیالِ مختصر فکر سخن گستر
کہاں تو ہے کہاں یہ تذکرہ خاموش اے شیدا

حیات جاودانی کر رہی ہے گھر کی دربانی
دکھا دی خلق کو لفظ و معانی کی فراوانی
اُٹھایا بار اتنا دوش پر اپنے بآسانی
بنے پھر کیوں نہ مہر نیکنامی نور پیشانی
کچھ آساں تھا۔ یہ ہمت ہو گئی تائید یزدانی
دکھائی اشہب طبع رواں کی خوب جولانی
وہ حسن منتخب ہے آب گوہر بھی بھرے پانی
زر خالص پہ لکھ سکتا نہیں کوئی بآسانی
بجا ہے اِس معانی ہیں جو کہدوں فیضی ثانی
مشرح گر کہوں تو عرض ہو جائیگی طولانی
کہ چھوٹا منہ بڑی باتیں کہی جاتی ہے نادانی

قطعہ تاریخ بطرز تقریظ از نتیجہ افکار شاعر بےنظیر خوش تقریر جناب منشی گورشنکر صاحب قصبہ تلمیذ حضرت سید ظہیرالدین صاحب ظہیر دہلوی

گیا ذہن اُس جا سر ارم کا
لکھا تذکرہ اک عجیب و غریب
کھلے ہیں چمن اس میں وہ تازہ تر
ہر اک شعر ہے انتخابِ سخن
کشش ہے بہار معانی کی یہ
فراہم ہے سب شاعروں کا کلام
شگفتہ ہے کیا ہر غزل برمحل

جہاں جا نہ سکتا تھا وہم و گمان
کہ ہے وصف میں جسکے قاصر زبان
بنا تذکرہ روکشِ بوستان
ہر اک مصرع تر ہوا داستاں
دل و جاں سے ہیں اہلِ اقراں
ہر اک کا نرالا ہے رنگِ بیان
کہ ہے موجِ گلزارِ باغِ جنان

منجل کیوں نہ ہو اس سے باغِ ارم
مضامین شستہ زباں صاف صاف
دکھایا وہ اندازِ نوکِ قلم
مہیا ہوا جامِ آبِ حیات
جھکی جس سے پیرِ فلک کی کمر
ہر اک مصرعۂ تر ہے رشکِ چمن
وہیں کھچ گیا ایک دلسوز سین
دکھائی ہے وہ سادگی میں بہار
سخنداں جہاں کے کہیں تو بجا
کہیں ذکرِ معشوقِ طناز ہے
کہیں ہیں مضامینِ سوز و گداز
یہ ہے خوان تازہ مضامین کا
دکھایا اثر وہ سمۓ نظم نے
نہوں اِس سے سیراب کیوں تشنہ لب
ہر اک شخص کیفِ سخن سے ہے مست
کھلایا ہے سر سبز ایسا چمن
بڑے لائق و فائق و علم دوست
زمانے کو ہے جسکی شوکت پہ ناز
چھپا ہے عجب شان کا تذکرہ
کیا نام لالہ سری رام نے
نیں لکھنے لگا اسکی توصیف جب

بھری ہیں قیامت کی رنگینیاں
یہ اردو ہے مقبولِ ہندوستاں
دلِ اہلِ عالم میں لیں چٹکیاں
یہ ہے دوستوں کے لیے ارمغاں
اُٹھایا ہے وہ سر پہ بارِ گراں
ہر اک نظم ہے نظمِ گیتی ستاں
دکھایا جہاں رنگِ آہ و فغاں
ندیں داد کیوں اسکی پیر و جواں
سری رام کو فخرِ ہندوستان
کسی جا ہے سوز و الم کا بیاں
کہیں وصل و فرقت کی ہے داستاں
جو تھے میہماں ہو گئے میزباں
ہوا دیکھکر مست سارا جہاں
یہ "خمخانہ" ہے ساغرِ میکشاں
بنا آج خمخانہ پیرِ مغاں
نہیں جسکو تا حشر خوفِ خزاں
یہ لالہ سری رام ہیں ہمگماں
یہی ہے قابلِ فخر وہ خانداں
ہوا دیکھکر ہر بشر شادماں
کہ ہے مدح خواں ان کا سارا جہاں
قلم یکقلم ہو گیا ہمزباں

مجھے فکرِ تاریخ جس دم ہوئی
ہو گر عیسوی سال لینا قصیر
ندا آئی بہ غیب سے ناگہاں
تو لکھ چھپ گیا تذکرہ دستاں
۱۹ ۱۱

دیگر

جناب لالہ سری رام محسنِ اردو
چو سالِ خاتمۂ طبع آں ہمی جستند
کتاب نادر و نایاب و بے نظیر نوشت
جا بہ تذکرۂ شاعراں قصیر نوشت
۱۹ ۶۸ ء

تقریظ از قلم جادو نگار منشی سید اصغر علی بلگرامی بی اے نائب تعلقدار ریاست حیدر آباد دکن

جلد اول خمخانہ جاوید مع سرورق مکمل ہو گئی خدا خدا کر کے برسوں کی محنت ٹھکانے لگی۔ خدا آپ کو جزائے خیر دے اور کامران و فائز المرام کرے۔ فی الحقیقت یہ تذکرہ کیا ہے ایک باغ ہے سرسبز و شاداب جس میں گلبن ہزار در ہزار میوہ دار درخت۔ بیشمار و زمین سراسر سبزہ زار۔ بہت حوض بہت نہریں۔ مٹی نظر نہیں آتی۔ سبزہ یا لہریں بلا شائبہ جنبہ داری میری رائے یہ ہے کہ آپ نے تذکرہ لکھکر ایک نہایت مستبعد اور اہم کام کو آسان کر دکھایا ہے اور قوم پر ایسا لاجواب احسان کیا ہے جس سے وہ ہرگز عہدہ برآ نہیں ہو سکتی۔ اور جس بے نفسی کے ساتھ آپ نے اس کنٹر و دربیل راہ میں گام فرسائی کی ہے وہ صرف آپ ہی کا حصہ تھا۔ حساد تو اپنے تقاضائے طبیعت سے مجبور ہیں انھیں یونہی آتشِ حسد میں جلنے دیجئے سو ہر کسے را بہر کارے ساختند حقیر آپ کا خیر سگال اور آپکی قدر دان کا دعا گو ہے ؂

اقتباس از تحریر عالیجناب چودھری خوشی محمد صاحب گورنر صوبہ کشمیر

آجکل نیازمند خمخانۂ جاوید کی جرعہ نوشی میں مصروف ہے۔ آپنے اس نادر تصنیف

سے اہلِ ملک پر ایسا احسان کیا ہے جس کا شکریہ ادا نہیں ہوسکتا ع آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ تو ٭ آپکی اِس محنت کی بدولت بہت سے گمنام اہلِ کمال کی خدمت میں نیاز حاصل ہوگیا - آپنے مختصر الفاظ میں نقادی اور سخن فہمی کی داد دی ہے - سید شجاع الدین انور دہلوی کے دیدار سے دیدۂ ناظر منور ہوئے ہیں - افسوس کہ یہ باکمال عنفوانِ شباب میں دنیا سے اُٹھ گیا - اس میں کوئی شک نہیں کہ بقول آپکے اگر آج حضرت انور زندہ ہوتے تو کسی کا چراغ اُنکے سامنے روشن نہوتا آپنے جو اُنکا ایک دیوان طبع کرایا ہے براہِ عنایت اُسکی ایک جلد بذریعہ وی پی میرے نام ارسال فرمائیں - حضرت انور کا کلام - رنگینی - تصوف بلند پروازی شوکت و شیرینی کا ایک عجیب مجموعہ ہے ٭

فرمایئے اب اوقات کس طرح گزرتی ہے اور خمخانہ کے کسقدر خم اور مینا رہ گئے ہیں - اور آنے والی جلدوں کی کبتک توقع ہوسکتی ہے - مجھے اندیشہ ہے - کہ ناظر کا نمبر آنے تک کہیں ساقی کا نشہ ہرن نہ ہوجائے - آپکے استقلال پر ایسی بدگمانی کرنا درست نہیں - سہ مگر گردش فلک کی چین دیتی ہے کسے انشا ٭ کیا معلوم کہ کل کیا ہونے والا ہے ٭

ریویو رقمزدۂ کلک حکیم محمد ہدایت الحسن سند یافتہ مدرسہ تکمیل الطب لکھنؤ حال وارد کلکتہ

سرمایۂ نازش و افتخار جناب لالہ سری رام صاحب ایم اے دام بالاحترام - تسلیم مزاج مبارک - کل ایک دوست کے یہاں تذکرۂ ہزار داستاں دیکھنے میں آیا - کتاب کی توصیف زبان و قلم کے احاطۂ قدرت سے باہر ہے اسکی خوبیوں کا کچھ اندازہ دیکھنے ہی سے ہوسکتا ہے - یہ کتاب نہ صرف اُردو لٹریچر میں ایک بہترین اضافہ ہے بلکہ اُن اصحاب کے لیئے جو اُردو کی حمایت میں خالی تقریریں کرتے

انجمنیں قائم کرتے اور لا طائل رزولیوشن پاس کیا کرتے ہیں شرم و غیرت کا تازیانہ ہے۔ کسی زبان کی بہترین خدمتوں سے ایک یہ بھی ہے کہ اُس زبان کے نظم و نثر کے ماہرین کے سوانح لکھے جائیں۔ خدا آپ کی اس کتاب کو آپکے ہی ہاتھ سے تمام کرائے۔ اور آپکی عمر میں برکت دے۔ ہماری آیندہ آنیوالی نسلیں جب ہماری پولیٹیکل کشمکش کی دلچسپ تاریخ ملاحظہ کرینگی تو اُردو ناگری کی پالٹیکس پر نظر ڈالتے ہوئے خمخانۂ جاوید کے مصنف کو مسلمان نہ پاکر وہ متحیرانہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہونگی کہ ایسے زمانے میں جبکہ ہندو اقوام اُردو زبان کے میٹنے کے واسطے سر توڑ کوشش کر رہی تھیں تو اُس میدان مبارزہ میں اُردو زبان کا احیا کرنیوالا اُردو کی مدد کرنے والا اور اُردو لٹریچر اور علم۔ اُس کے علم ادب کے ذخیرہ میں بہترین اضافہ کرنے والا بھی ایک ہندو ہی تھا۔ میں بحالت بیخودی اس قابل قدر محنت کی آپ کو غائبانہ داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا + ناچیز خادم۔ حکیم ہدایت الحسن ۵ جنوری ۱۹۰۹ء

اقتباس از نگارش گرامی اکمل زمان افصح دوراں عالیجناب فضیلت مآب کمالات انتساب مخدومی و مکرمی خان بہادر اکبر حسین خان صاحب اکبر الہ آبادی۔ سابق ڈویژنل جج و رئیس الہ آباد

خمخانۂ جاوید کی تالیف سے بابو سری رام صاحب ایم۔ اے۔ رئیس دہلی نے ملک اور قوم اور زبان اُردو پر بڑا احسان کیا ہے۔ ایسا کوئی مجموعۂ کلام شعرا ابتک مُرتب نہ ہوا تھا جس میں ہر جگہ اور ہر درجہ کے شعرا کے کلام اور اُنکی سوانح عمری مندرج ہو۔ یہ کتاب زبانِ اُردو اور لٹریری مذاقِ ملک کا آئینہ ہے۔ بابو صاحب ہی کا کام تھا کہ اس زمانے میں اس کام کے لیئے اتنی محنت اور اتنا صرف کثیر گوارا فرمایا تمام ہندو مسلمانوں اور جملہ اہل ملک کو بابو صاحب کا شکر گزار ہونا چاہیئے۔ بابو صاحب

ایک نہایت ذہین ذیعلم - خوش اخلاق - فیاض طبع - کریم النفس بزرگوار ہیں - خدا اُنکو صدوسی سال تک زندہ وتندرست اور خوش وخرم رکھے ✤ اکبر حسین ۱۱/۱۱

قطعات تاریخ از نتیجہ فکر وسادہ نشین بزم وزارت و نونہال گلشن امارت مشفقی و مکرمی جناب نواب مرزا انقی علی خانصاحب بہادر مہر رئیس اعظم خلف الرشید نواب صاحب شیش محل لکھنؤ

ہیں سریرام اک کرمفرما مرے ناز کخیال
آئی ہاتف کی صدا مجکو کہ کہدو مہر تم

جن کا ہے زورِ قلم بھی اک زبانی تذکرہ
کس مزہ کا لکھدیا ہندوستانی تذکرہ
۱۱ ۱۹ء

دیگر

ہیں سریرام ایک دوست مرے
جو کہ برسوں سے تھا خزاں آلود
اُنکی محنت ہی کا یہ ثمرہ ہے
بارک اللہ بڑے بڑے مضموں
ماہِ کابل کی کیوں نہ آنکھ پڑے
یوں ہیں الفاظ میں چھپے معنی
فکرِ تاریخ طبع جب سے ہوئی
خوف حاسد ہے تخرجہ کا سبب
اِس سے خارج رہے حسد یارب

صاحبِ علم و واقفِ ہر فن
وہی تازہ کیا ہے اب گلشن
جو ہوا نخلِ شعر پر جوبن
اللہ اللہ نئے نئے جوبن
نئی شے ہے یہ زیرِ چرخ کُہن
جیسے پتوں میں شاہدانِ چمن
مہر کی ہے دُعا یہ ربِّ زمن
اور سخن سے غرض ہے باغِ سخن
کیا ترو تازہ ہے بہارِ سخن
۱۱ ۱۹ء

تقریظ بزبان فارسی از نتائج افکار جواہر نثار جناب منشی کرپارام صاحب جوہر رئیس دہلی و یادگار جناب صہبائی مرحوم

ثنا ہا ہمہ ایزدِ پاک را
ثریا دہ طارمِ تاک را

که خورشید را صورتِ جام ازوست		شرابِ شفق در خمِ شام ازوست	

آما بعد سیہ مستانِ صہبائے خمخانۂ سخنوری - و بادہ کشانِ میخانۂ معنی پروری را نوید کہ دریں ایام کہ علم و ہنر را آفتاب بر سرِ دیوار بود - و تحصیل و تکمیلش را در مسدود خضرِ رہ گم کردگانِ سخندانی - و مسیحائے بیمارانِ الفاظ و معانی - اعنی جلد اول تذکرۂ خمخانۂ جاوید زیور انطباع پوشیدہ بچشم منتظران دیدار جلوہ آرا گردید - و آں جامِ جہاں نما اوادر رسیدہ مشتاقانِ سخن را نور و سرور دیدہ و دل بخشید - اگر ایں را با جامِ جم نسبت دہم نسبت اعلیٰ ست با سفل - و ادائے تمثیل سب محل - زیرا کہ آں محض افسانہ ایست کہ پیشنیاں را برزباں و ایں سرمایۂ ذوق و شوق بل راحتِ روحِ روانِ سخنورانِ زماں - آں شنیدہ است و ایں دیدہ "شنیدہ کے بود مانند دیدہ" شعرے اُردو بہ تغیر لفظی مصداق حال ایں مجموعۂ دانش مالامال است کسے کہ گفتہ و رشفتہ ؎

پنہی تھی جامِ جم کی گئی جامِ جم کے ساتھ		وابستہ ہے طلسمِ جہاں اسکے دم کیساتھ

خردمندان دانشور و دانشورانِ خرد پرور را اگر سر بزانوئے تفکر در آرند دانند کہ لالہ سری رام صاحب ایم - اے مصنف خلف الصدق آنریبل رائے بہادر مدن گوپال صاحب بیرسٹرائٹ لا کوششے کہ در تلاشِ حالات و اشعارِ زباندانانِ اُردو فرمودہ اند و سعی مشکور کہ در تدوین ایں مجموعۂ دانش خرد بجا آوردہ انداز احاطۂ نگارش بیرونست و از اندازۂ قیاس افزوں ناچار از اں درگزشتہ بدعائے کہ گوش سامعین بصدائے غلغلۂ آمین آمین کان پُر شوری ہمین و سعادت گردو میگرائیم - تا نوا سنج سپہر سوئمی بزم آرایانِ فلک را جرعہ بخش بادۂ نشاط و انبساط است ایزدِ توانا ایں ساقی مغبطہ سخن را تا یوم التناد بحصولِ آرب مقاصدِ دلی رسانا دو از آنچہ است بہ اعلیٰ مراتب علمی فائز گرداناد ؎

نیاز کیش مستہام کرپا رام

تقریظ ریختہ کلکِ گہر سلک جناب کنور بدری کرشن صاحب فروغ شاگرد رشید منشی ہرگوپال صاحب تفتہ رئیس اعظم وجاگیردار سکندرآباد ووکیل دہلی

خامہ ام آن گریہ وزاری کجاست — آں دوزبانے کہ تو داری کجاست
گشت زباں بند وصریرت چہ شد — جوشِ دل وچشمِ بصیرت چہ شد
ایں ہمہ خاموش نشستن چرا — بال وپرِ خویش شکستن چرا
چوں نکنی قصد بسوئے آسمان — وقت ہم آمد کہ کشائی زباں
بازنمایم درِ باغِ سخن — رُخ سوئے "خمخانہ جاوید" کن

آوازۂ شیریں گفتاری سخن کہ بگوشِ ہوش جہانیاں رسیدہ باشد چناں نباشد کہ پردۂ چشمِ نیم بازِ محبوبانِ خفتگانِ ناز را بر اندازد۔ وحلاوتِ چاشنیٔ قند مکررِ معانی کہ زبانِ خامہ چشیدہ باشد آں نباشد کہ ہر دوزبانش را کہ از عذوبتِ شیریں زبانی باہم چسپان گشتہ از ہم جدا سازد۔ آنست کہ از وسلسلۂ گوش وچشم را باہم پیوستند۔ واین ست کہ شیرینیش را در کاغذ بستند۔ کمالِ علم وعلمِ کمال۔ وجمالِ حسن وحسنِ جمال بیکجا فراہم گردید تا وجود علم وعلم وجود تابشِ آتش رخان بامتزاج باہم گردید۔ شیریں سخنی کہ بصدائے کامرانی موصوف ست وحلاوتِ چاشنی کہ باظہارِ معانی موقوف اگر بتوصیف حسنِ جہاں فریبِ کج کلہانِ دہر کامیاب گردد مجلسے فراہم آید کہ بگرد ہر شمعش ضیارِ آفتاب گردد۔ ہمان ست کہ این بزم دل افروز پیش نظر داشتہ ام۔ واز دنیا وہر چیز کہ دروباشد چشم ودل برداشتہ ام۔ آفتاب در پیش تابش شمعش ذرہ تمثال ست و ماہتاب بزیر ضیارِ چراغش ناقابل خیال۔ مشتری انداز دلبری از حسینانش اندوختہ وزہرۂ فلک چشمِ شوق بر حسن ماہ رخسارانش دوختہ۔ تیرِ فلک در توصیف حسن حاشیہ نشینانش قلم در کف ومریخ وزحل بارکانِ ثوابت وسیار پیش گوشہ گزینانش

صفت بہ عین چشم حقیقت بینِ جہانیاں بنظارۂ جمالِ خوبرویانش مشتاق - و تذکرۂ
مسیحا دمی شیریں لبانش شہرۂ آفاق - ہمانا بزمے کہ مہر و ماہ سرگردانۂ خیال گوشہ
نشینیش در سر وارند - و کواکب چرخ بہ آرزوئے نظارۂ جمال جہاں آرایش در رقصاند
ہمیں گلزار ست کہ از باغ ارم گوئے سبقت ربودہ - و غنچہ ہالیش چوں دہانِ معشوقان
از خندیدگی و شگفتگی عقدۂ مالا ینحل وا نمودہ - سبحان اللہ گلستانیست ہمیشہ بہار
و بہاریست ہمیشہ گلزار - نئے نئے بہار بہ سلسلہ چاکرانش بر رفت و روب خاشاکش غلامیست
درم ناخریدہ و خزاں از محرومی طالع خویش بجیابانش بار نیافتہ در مغاک عدم رسیدہ
در حیرتم کہ من بچہ خیال و خامہ ام در چہ فکر مبتلا گشتہ کہ ایں مجموعۂ سخن گاہے بہ بزم
طرب و وقتی بہ گلزار بہار و ساعتی بہ بزم دل افروز آشنا گشتہ - اے **فروغ**
ژولیدہ بیان نمیدانی کہ ایں گلستان معانی و بزم خیال چہ نام دارد کہ سخن سرایان
شیریں کلام و رندانِ مے آشام را نور در چشم و سرور در مشام دارد - ہمانا نامش
خمخانۂ جاوید و مشہور بہ تذکرۂ ہزار داستانست و ہر فرد بشر کہ بہرہ از سخن سنجی
دارد خریدارش بجان ست - مضامینش بآں پایہ رسیدہ کہ افلاکیاں را دل و
جاں بجانبِ خود کشیدہ - در حقیقت شاہدیست کہ از ہر ادائے معشوقانہ و انداز محبوبانہ
صفحۂ اوراق زمانہ را از ہم دریدہ - الفاظ مسلسلش چوں زلفِ مشکیں مویاں دلہا را
بخود آویختہ و بین السطورش مانند رخسار خوبرویاں گرد حسرت بر چہرہ آفتاب بیختہ کیست
کہ بہ تحریر و ترتیبش پرداختہ - و دل و جان را بہ نظم و انتظامش وقف ساختہ - خامہ اش را
اگر بہ کلکِ عطارد متقابل ساختہ باشم سر از اوج فلک بحضیض زمین انداختہ باشم و یک
نقطۂ تحریرش را اگر بہ سیارگانِ چرخ بہ تقابل آوردہ باشم نظرِ فلک رسا را از آسمان
بہ ستارۂ آب چاہ عمیق بردہ باشم - ہمین است کہ نگارخانۂ چین ست و از نتائج طبع وقاد
لالہ سری رام صاحب ایم اے از کتمِ عدم بمنصۂ شہود پدید آمدہ و کلک قضا و قدر از پئے

تحریر مضامین معانی خیزش بنامش سکہ زدہ۔ ہر لفظے کہ از خامہ اش چکیدہ کار مسیحائی رسانیدہ و زندگان راکہ از دیرینہ زمان بخواب عدم چشم بستہ اند زندہ جاوید گردانیدہ منم کہ خامہ ام در تجسس الفاظ توصیفش از عدم مقدرت بر خود لرزانست۔ و خیالم از ناکامیابی تحریر مدحش بسانِ دود آہِ عاشقان بر خود پیچانست۔ انصافش بر سخن سنجان زمان وامی گزارم و اوصافش را بنگاہِ انصاف دیدہ وران می سپارم و خود بر تحریر قطعہ تاریخ طبعش اکتفامی نمایم۔ و معذوری خامہ را بر عذر لاچاری واگزاشتہ بدعامی آیم الٰہی مصنفش را زندۂ جاوید دارد و تصنیفش را خلعتِ قبولیت سپارد۔ آمین

قطعہ تاریخ طبع خمخانۂ جاوید

۶ ۱۹ ۱۱ — ۶ ۱۹ ۱۱

وہ چہ آمد چیز از بابو سیرام سے فروغ — نسخۂ حیرت فزا آبِ حیات آمد زوے
گفتم از ہر مصرع سالِ طبع اش ساقی چنان — طبع شد خمخانہ جاوید و من جام سے دمے

۶ ۱۹ ۱۱ — ۶ ۱۹ ۱۱

بدری کرشن فروغ

قطعات تاریخ خمخانہ جاوید از مولوی محمد عبد الحق خان صاحب حقی و صفا قادری رامپوری تلمیذ حضرت جلال لکھنوی

شگفتہ ہیں سب شعر اس تذکرے کے — مضامین رنگین سے رشک چمن ہے
بہار یہ تاریخ لکھدی صفا نے — کہ گلدستۂ بزم اہل سخن ہے

۱۳ ۲۹

دیگر

سخنور تذکرہ خوش جمع فرمود — بہار نیخزانش پر فضا باد
صفا پرسید سالش گفت ہاتف — کہ این گلشن شگفتہ دائما باد

۱۳ ۲۹

دیگر

شاعر دہلی کنوں تالیف بنمودہ چہ خوب — تذکرہ اہل سخن را از پئے نام و نشان
مصرعِ تاریخ او کلکِ صفا بنوشت صاف — خانۂ کاشانۂ زیبا۔ یادگار شاعران

۶ ۱۹ ۱۱

تقریظ خمخانہ جاوید از نتیجہ طبع آغا مرزا ہادی حسن چغتائی رسوا تخلص ابن حاجی مرزا ولیجان بیگ صاحب ساکن پانسن بلی شاگرد حضرت اسیر لکھنوی

بیا در محفل جاناں کہ یابی صد وفا اینجا	زر اینجا۔ گوہر اینجا حشمت اینجا۔ افتخار اینجا

اس وقت صبح کے کوئی چھ بجے ہونگے کہ پورب سمت سے ایک روشنی پیدا ہوئی اور تیز شعاعی کرنیں جلد جلد ترقی کرنے لگیں۔ یکایک پردۂ شب ہٹا کر شاہ خاور مد ظلہ نے دریچۂ مشرق سے سر نکالتے ہی سپاہ انجم کو کمر کھولنے اور بارہ گھنٹہ آرام کرنیکا حکم دیدیا۔ پہاڑوں کی بلند چوٹیاں سنہری بوتلیں بنکر مسکینوں کا دل لبھانے لگیں شبنم دوش صبا پر گلاب پاش لیئے ہوئے منہ ہاتھ دُھلانے دوڑی۔ مرغان خوش الحان جھوم جھوم کر خوشی کے ترانے گانے لگے۔ سب اہل جہاں اپنی اپنی آرامگاہ چھوڑ کر استقبال کو اٹھ کھڑے ہوئے۔ اس وقت ہم بھی اپنے دوست حافظ ارشاد کے ہمراہ توسن خیال پر فراٹے بھرتے ہوئے قطب صاحب کی لاٹ واقع دہلی کے سب سے اونچے درجے پر بہار قدرت کا تماشا دیکھنے میں مصروف ہیں۔

ارشاد۔ تر دسر سبز نگیں اندنوں ہر اک گلستاں ہے۔ رسوا نظر جائے جہانتک تختۂ گلشن بیاباں ہے

" کہیں گلنار رشک لعل لب ہائے حسیناں ہے	" کسی جا جعد سنبل غیرت زلف پریشاں ہے
" کسی تختہ میں ہر گل غیرت لعل بدخشاں ہے	" کہیں ناصر علی کا شعر ورد مرغ بستاں ہے
" بہار آمد بصحرا باز کن چشم تماشا را	" کہ چون آئینہ گل در بر گرفت اطراف دریا را

اس قسم کی باہم شعر خوانی ہو رہی تھی کہ دفعۃً ملک دکن کیجانب سے ایک عجیب شئے سطح ہوا کی صاف سڑک پر ہماری طرف آتی ہوئی دکھائی دی۔

ارشاد۔ دشانہ ہلا کر مرزا صاحب ادھر دیکھئے۔ یہ عنقا ہے یا کوئی بادل کا ٹکڑا۔

مرزا رسوا۔ آپکو معلوم نہیں یہ ایک نئی صنعت اور اہل فرنگ کی معجز نما ایجاد ہے۔

اسکو ہوائی جہاز کہتے ہیں ؏

ارشاد۔ بھئی یہ تو ہماری طرف آرہا ہے؟ ۔

مرزا رسوا۔ یقیناً۔ طرفۃ العین میں وہ ہوائی جہاز زمین سے دو میل اونچا اسی سبزہ زار پُر بہار پر ٹھہر گیا۔ آہا اسپر تو حضرت آصفجاہ دکن خلد اللہ ملکہ جلوہ گر ہیں حضرت مہاراجہ کے یمین و یسار آنکے چار سکڑی یعنی اُستادِ جہاں میرزا غالب۔ موجدِ فن میر مصحفی۔ امیر الشعرا امیر مینائی۔ فصیح الملک میرزا داغ رونق افروز ہیں۔ اِن حضرات نے بحکم شاہ جمجاہ اطراف شرق و غرب جنوب و شمال کیجانب سے بآوازِ بلند پکارنا شروع کیا۔ خدا جانے اِن آوازوں میں کس بلا کا اثر اور کیسی کشش مقناطیسی تھی کہ چشم زدن میں تمام شعرائے ہند ماضی و حال اُسی صحرائے پُر بہار میں جمع ہوگئے پھر زور کی ہوا چلی اور سمت لاہور سے تند و پُر شور ایک ابر اُٹھا اور چادر ظلمات پھاڑتا ہوا چشمۂ آبحیات پر جھکا اُسکا سب پانی پیا بحر عدن میں غوطے لگانے لگا اور ہزاروں مَن گوہر آبدار اپنے وسیع دامنوں میں بھر کر بسرعت برق و باد اُسی سبزہ زار پُر بہار پر محیط ہوگیا۔ پھر ہوا کی فوری جنبش سے آبحیات اور موتی برسانے لگا تمام شعرائے دوڑ دوڑ کر موتی لوٹے اور آبحیات پیا۔ پھر اُس ابر میں دو آفتاب درخشاں متصل نظر آئے پھر وہ ابر سمٹا اور روبرو حضرت آصفجاہ خلد اللہ ملکہ کے بصورت گلدستہ بن گیا اور اُس گلدستہ کے چپ و راست وہ دونوں سورج بشکل انسان متمثل ہوگئے تمام شعرا نے چاروں طرف سے اشعار مبارکباد پڑھنا شروع کیئے۔ اُسکے بعد وہ تمام جلسہ اور ہوائی جہاز نظروں سے غائب۔ ہم یہ نمونۂ طلسم دیکھ کر محو حیرت ہوگئے ؏

ارشاد۔ بھئی ایسی ہوش ربا کیفیت کبھی دیکھی نہ تھی۔

رُسوا۔ حافظ صاحب وہ ہوائی جہاز اعلی حضرت شاہ دکن خلد اللہ ملکہ کی توجہ خاص ہے اور وہ ابر جو گلدستہ بن گیا "خمخانۂ جاوید" ہے۔ آبحیات جو آسنے برسایا۔ گویا

شاعروں کو زندۂ جاوید بنایا اور وہ گوہر آبدار شعرا کے اشعار۔

ارشاد۔ اور وہ دو سورج متصلہ باہم۔؟

رسوا۔ پہلا سورج گوہر درج اقبال لالہ مدن گوپال بیرسٹرائٹ لا۔ اور دوسرا سورج مخدوم انام مرجع خاص وعام جامع کلام ایم اے۔ منشی سری رام منصف صاحب چیف کورٹ لاہور جنکی تصاویر خمخانۂ جاوید کے ٹائیٹل پر موجود ہیں۔ ہمنے جو اشعار مبارکباد اس جلسۂ شعرا میں پڑھے تھے وہ مؤلف ممدوح کی نذر کرتے ہیں اور قطعۂ تاریخ اسکے علاوہ۔ ٭

چمک دکھلا رہا ہے دُرِ تاج آصفی کیا کیا
نمایاں ہے رُخِ انور سے شانِ قیصری کیا کیا

حضور حضرت ملک دکن مسرور ہو ہو کر
ترانے گا رہی ہے آج مضموں کی پری کیا کیا

سوادِ حرف سے عالی گہر منصف مؤلف نے
جمائی ہے لبِ مضموں پہ مستی کی دھڑی کیا کیا

جھلک نور معانی کی عیاں ہے صاف لفظوں سے
پری شیشہ میں دکھلاتی ہے شانِ دلبری کیا کیا

مسرت سے مبارکباد دیتی ہے مؤلف کو
مناتی ہے خوشی بزم سخن میں شاعری کیا کیا

زمیں سے تا فلک اسکے خریداروں کی کثرت ہے
بنے ہیں چاند سورج اور زہرہ مشتری کیا کیا

مضامیں نذر کرکے عالم جاوید تک پہنچے
ہوئی ہے شاد پڑھکر روحِ میر و مصحفی کیا کیا

وہ نظمِ منتخب "خمخانۂ جاوید" میں پائی
کہ جسکی داد دیتی ہے نگاہِ منصفی کیا کیا

کنول روشن کئے ہیں تذکرے میں نور مضموں کے
مؤلف نے سجایا ہے یہ ایوانِ پری کیا کیا

سری رام ایم اے والا گہر منصف مؤلف نے
دُرِ مضموں کے یکجا کر دیئے ہیں جوہری کیا کیا

سوادِ حرف ہے کحل الجواہر میرزا رسوا
ہوئی ہے چشمِ نابینا کو حاصل روشنی کیا کیا

قطعۂ تاریخ طبع خمخانۂ جاوید

چھپا ہے یہ رسوا عجب تذکرہ
بنا جو خدائی کا محبوب طبع

سنِ سال ہاتف نے دی یہ ندا
کہ ہے تذکرہ کیا ہی مرغوب طبع

۱۳۲۹

قطعہ تاریخ محررۂ منشی حیدر علیخاں نو شاد مصاحب صاحب اصناد و نپرتی حیدرآباد دکن شاگرد مہاراجہ مدار المہام پیشکار بہادر

پھولا ہے نیا گلشن خمخانہ جاوید
ہر بلبل دل جس کا خریدار ہوا آج
ارشاد کو لازم ہوا تاریخ کا لکھنا
گلدستہ سیرام کا گلزار ہوا آج
۱۳۲۵

قطعات تاریخ طبع از نتیجۂ فکر گرامی مرزا واجد حسین صاحب واقف لکھنوی ملازم خاص سرکار نواب مرزا محمد باقر علیخانصاحب رئیس اعظم شیش محل لکھنو

کیوں نہوں مشہور عام خاص سریرام بھی
صاحب علم ادب شاعر شیریں سخن
اُسکے صفات اسطرح پھیل گئے ہند میں
دیتا ہے بُو جس طرح آپ ہی مشک ختن
آپکی توصیف میں اسکے سوا کیا لکھوں
اسے یہ ثنا یت مگر لعل زبان و دہن
ایسی چھپی یہ کتاب جس کا نہیں ہے جواب
قول مضامین یہ ہے اپنا یہی ہے وطن
کرد ے یہ واقف رقم مصرعۂ تاریخ سال
گلشن صاحب سخن ہے شعر کا چمن

دیگر

ماشاء اللہ کیا سری رام
ہیں فن سخن میں فیض بنیاد
مطبوع ہوا کلام جن کا
مشہور نہ کس طرح ہوں اُستاد
اِس فن کو دی ہے کیا ترقی
اُجڑا ہوا گھر کیا ہے آباد
دل میں جو کرے کوئی تصوّر
آنکھوں سے کرے تصدق و صاد
کہتا ہے قلم جھکائے سر کو
ممنوں ہوں میں بھی اُنکا آزاد
خالق نے دیا کمال جنکو
سب کرتے ہیں آجتک انھیں یاد
یہ بھی ہوئے ہیں اُنھیں کی مانند
اللہ رکھے انھیں بھی آباد
کیا خوب یہ تذکرہ لکھا ہے
سبحان اللہ لطیف ایجاد

واقف نے کہا یہ مصرع سال | شعر زر کا چمن یہ ہے خداداد

تقریظ از نتیجۂ افکار گوہربار نقشبند گلزار معانی بلبل بوستان شیوا بیانی مولانا سید وحید الدین احمد صاحب بیخود دہلوی جانشین حضرت داغ مرحوم

حریفان خمخانۂ سخن را مژدہ باد کہ دومی جلد خمخانۂ جاوید تذکرۂ اردو گویاں بہ آئین بہیں باتمام رسیدہ بہ طبع درآمد۔ درہائے شادی برروئے مشتاقان باز شد۔ بسے زاویہ گزیناں خاک را بلند آوازہ ساخت۔ وبسیارے زندگاں را زندگی دوباوید بخشید الواحش از رنگینی رشک بال طاؤس چمن ست۔ و اوراقش از خوبی وزیبائی غیرت خیابان گلشن۔ گوش از شنیدنش داماں گلچیں و دیدہ از دیدنش نگارخانۂ چین ٭

بحروفش صدائے روے رباب | بسطورش شکنج زلف ایاز
باشد از نقشہائے نگار رنگ | صفحۂ او نمونۂ ارژنگ

مؤلف این ہمایوں نامہ فرزانہ مکرمی معظمی لالہ سری رام صاحب ایم۔ اے سابق منصف لاہور کارے کردہ است کہ بجاست آفریں از لب میر تر و منت بسیار بر اردو زبان نہادہ واین ہیچمان را تازہ جانے داد۔ و بہ ترتیبش کمر است و ہمت گماشت بسیار سعی بکار برد و فراواں کوشش بعمل آورد سعی مشکور شد و کوشش بجائے رسید۔ از لب فروبستگاں جوشے و خروشے سرزد واز افسردہ طبعان ذوقے و شوقے روئے نمود۔ پنداشتنی کہ در دلہائے سوختہ آتش نغمے اثر میریزد و در جگرہائے برشتہ سوزے از نو نہاد۔ روزگار طرح دیگر انداخت و زمانہ رنگ دگر ریخت۔ درین بوستان خزاں دیدہ نوبہار رسید و ابرہائے نو نو بار ریزید۔ گلہائے گوناگوں شگفت و سبزہ ہائے مطرا دمید۔ در ہر چمن بلبل ہر غولہ نوائے کہ دم درکشیدہ بود صفیرے برکشید و شورے برانگیخت۔ و در ہر گلشن عندلیبے خوش صفیرے کہ زبان بستہ بود خروشے درانداخت

وغلغلۂ در افگند- در ہر شہرے سرائے غزلہائے تازہ بتازہ نو بنو سرودن گرفت و در ہر دیارے تازہ خیالے خیالہائے تازہ بر روئے کار آورد- آرے کہ بلبل بہ نوا آید واز نوا کردن + بندہ بیخود از افسردہ دلی و پریشانی خاطری سالہاسے در از لب بہ حرف نکشودہ بود بگفتار در آمد- وبتقریب تقریظ زمزمۂ چند سرود- امید کہ این صحیفہ قبول خاطرے اہل کمال شود- واز ہر چہ باید ونشاید در امان باشد +

خاکسار سید وحید الدین احمد بیخود دہلوی عفی عنہ

اقتباس از تحریر حکیم محمد منظر الہادے سہیل صاحب امروہوی ملازم ریاست کوٹہ (راجپوتانہ)

محسن شعرا و مسیحائے اُردو- تسلیم-

میر محمود حسن صاحب وکیل کی عنایت سے آپکی بے نظیر کتاب ذکرہ نظر سے گزرا- اس موقعہ پر میں صرف اتنا ہی کہنا چاہتا ہوں کہ آپنے ایک ایسا کارنامہ مرتب کردیا ہے کہ آیندہ نسلیں گزشتہ خیالات کے معلوم کرنے میں ہمیشہ آپکی احسان مند رہیں گی- اور تمام مرحوم شاعروں کی روحیں ابدالآباد تک آپکے لیئے دعا کرنا اپنی ادنی مشکوری سمجھیں گی +

اقتباس از تحریر جناب شفاء الملک حکیم رضی الدین احمد خانصاحب بہادر رئیس دہلی

تذکرہ کی خوبیوں کے متعلق پہلے ہی اپنی ناچیز رائے میں ریویو میں ظاہر کرچکا ہوں- مگر جب اسکا کوئی جزو نظر سے گزرتا ہے تو بے اختیار احسنت زبان سے نکلتا ہے +

فی الحقیقت جسقدر بلیغ کوشش وہمت آپنے اس تالیف میں کی ہے وہ ایک غیر معمولی اہتمام ہے- علاوہ تالیفی محاسن کے اسکے انطباع کی خوش سلوبی

ندرت - انوکھاپن - یہ ایسی دلکش ہیں کہ جدّت و نفاست پسند طبیعت کی خاص تفسیر ہیں - آپ نے کوئی دقیقہ اسکے مرغوب بنانے میں اُٹھا نہیں رکھا ؀

تقریظ نگاشتۂ قلم مشکین رقم شفیق کرم گستر محقق والا نظر خواجہ محمد عبد المجید خاں صاحب بی اے پروفیسر مشن کالج و رئیس دہلی

درین خرابۂ آباد نمائے گیتی دیارے است کہ ہندوستان نام نہادہ اند و مینو نظیر و جنت نشان خوانند خالِ رخِ دلبران ہست و غنچۂ شگفتہ دہان - آرے آن را کہ دولتِ حسن بیشتر باشد آسیبِ چشم زخم کمتر نرسد - بارہا پامالِ حوادثِ دوران شدہ و سالہا لذّتِ شربتِ امن و امان نچشیدہ - تا آن زمان فتنہ خیز کہ راحت از میانِ مردمان برخاستہ شد و غم و اندوہ برجانِ ایشان تسلط گرفت - باغیان بغاوت آغاز کردند و ہوائے روزگار را بسے ناساز - خونِ ناحق ریختند و مردمانِ لائق و فائق را بخاک و خون آمیختند - پریشانی فزودند و دولتِ امن ربودند - بے کسان را بے خانمان ساختند و خوان یغمائے خود آراستند - حتی کہ اقبال مملکت انگلشیہ یاوری کرد و بخت ایشان بمددگاری برخاست و چمن خزان دیدہ را بارِ دگر پیراست - لذتِ امن و امان کام و دہن مردمان چشید و لعل گم کردہ راحت در جیب آفت رسیدگان رسید **بیت** فلک گہ خزان آورد گہ بہار ؀ کہ بریک نمطے نگیرد قرار ؀ خجستہ بلادِ دہلی و لکھنؤ کہ ازین بادِ مخالف گزندِ زہرافعی بہ آنہا رسیدہ بود در سایہ دولت عظمت مدار انگلشیہ رونقِ دگر یافتند - و چمن خضرائے سخن کہ عبارت ازین بلدین مینو سواد باشد برگ و بار آورد باغبانانِ گلشن سخنوری نو بر سخن را آراستہ کردند و سرو آزادِ معنی را پیراستہ - نونہالان برخاستند کہ صیتِ گوہر فشانی شان اقصائے عالم را فرا گرفت و چشمان عالمیان را روشن ساخت - مدہا صنفِ کلام بر مسندِ عزت متمکن شدند و افاضہ خود در بسیطِ عالم جاری داشتند - ہمہ بلاد و امصار ہند غاشیۂ شاگردی ایشان را بر دوش بہ رضا و رغبت کشیدند و از جام جمشیدی ہوش ربائے ایشان مے مرام چشیدند - افضل تر بلدۂ دہلی کہ دایۂ مہربانِ اردو زبان ہست و گہوارۂ بلبلانِ شیرین بیان -

بعد این دورِ فتنہ و فساد آن گوہرہائے نایاب را در کنارِ خویش پرسید کہ دیدۂ روزگار خوبتر از ایشان
ندیدہ مثلِ ستارۂ صبح بر افقِ شہرت درخشیدند و زود غروب شدند ع پس ازین چنین خرابی باد آن
خرابہ جائیست * درین دورِ آخری نیز از خاکِ پاکِ دہلی حالی و داغ برخاستند و زبانِ ریختہ را
زیب و زینت نو دادند و رونقِ رفتگان را در چشم ما افزودند و دل از دست ربودند۔ داغ باز ارم
پرورِ این خرابۂ دہلی را گذاشت و رخت اقامت سوئے ملکِ دکن کشید و بخاک خفت۔ آرے
بیت ہر کجا چشمہ بود شیرین * مردم و مرغ و مور گرد آیند * چون نام ملکِ دکن بر زبانِ قلم رفت
در سرِ او سودائے پدید آمد و در بنیانِ قصیدہ آغاز نہاد۔ مرحبا بلدۂ حیدر آباد خجستہ بنیاد و چہ خوب
آن والیٔ نیک نہاد کہ در کنفِ عاطفتِ گوہر شناسی او مایہ دارانِ سخن جا گیرند و از خوانِ نوالِ او بہرہ
چینند۔ تا دیدۂ طمع سیر گردد و دل بر سخن دلیر شود۔ خود صاحبِ تخت و تاجِ سخن دان است و کاوشِ
گوہر آفرینیٔ شاعرانِ نازک بیان بر خاطرِ عاطرِ او پنہان نیست و ازین دلیل دلدہیِ ایشان را لازم دانستہ
و ہنروران دور و نزدیک را پیش خود خواند۔ دلجوئی نماید و دل را از دست رباید۔ تا آنکہ خاکِ دکن را دامنگیر
گردانند و خاطرِ شان از خاکِ اوطان بر گردانند بیت شنائے آن شہِ والا چسان کنم آغاز * کہ کوتہ دستِ
مجالِ کلام و قصہ دراز * نیرنگیٔ زمانۂ بوقلمون بہ حدے رسیدہ است کہ دہلیٔ مرحوم اگرچہ از شعرائے
عالی مقام خالی شدہ است و در آشیانۂ زرتارِ بلبل زاغِ سیاہ بال بیضہ نہادہ است۔ تاہم یکے از
سیدان پدید آمدہ کہ در سخن فہمی و سخن سنجی ید طولی داشتہ است و ہمت خود برین گماشتہ کہ نامِ پیشینیان
را روشن کند و آوازۂ روشِ نیکوئے شان را در آفاق رساند۔ سعی مے برد و بیکار کمتر نشیند۔ تا کارے
کردہ است کہ از یک گروہِ دلا مثقان سر انجامِ آن دشوار می نمود۔ از گلبنہائے سخن گلہا چیدہ است
کہ ہمہ گل سرسبد بودہ اند و این را یکجا آوردہ۔ خمخانۂ جاوید نام نہادہ۔ لاریب این نسخہ زیبا
را این نامِ نامی سزاوار است۔ چرا کہ این خمخانہ ایست کہ در آن جنس مے پر جوشِ سخن لبہا از آن است
و جاوید بودن یکے از لوازمِ آن۔ این نوجوانِ رہ نوردِ جادۂ سخنمندی از خانوادہ برخاستہ کہ در زبان دانی
و سخن گستری در این شہرِ دہلی از قدیم سر آمدِ روزگار بود و بہر کارے کہ توجہ نمودند گوئے سبقت از

دیگران ربودند پدر بزرگوار این نوجوان پاکیزہ بنیان در کشور پنجاب بر مسند عزت نشستہ بود و از دولت انگلشیہ اعزاز خطاب **اونریبل** یافتہ و در آئین دانی و آئین فہمی نظیرے نداشت۔ آرے چنان پدرے را چنین پسر لازم است کہ از ہمہ کمالات آراستہ باشد و بہرہ از علوم مغربی کما حقہٗ برداشتہ و علوم مشرقی را کہ در معرض زوال اند ہم فراموش نہ کردہ۔ بلکہ روح دیگر در قالب آن از سعی خود دمیدہ۔

خلق عمیمش شاعران و سخندانان را گرویدۂ خود گردانیدہ و احسانی بزبان اردو کردہ کہ تا این زبان زندہ ماند احسان او از یاد نرود۔

اکنون آن سبے بصران کجا اند کہ میخواہند در حجلۂ آراستۂ اردو عجوزۂ سال خوردہ برج بہا شارا نشانند۔ اگر در قوائے دماغی ایشان خلل نپذیرفتہ است خمخانۂ جاوید را بینند و انصاف کنند آیا ہندی آن قدر و منزلت دارد کہ پیش نوعروس اردو شکل مکروہ خود را از چادر بیرون آرد۔ و دلائل نوجوانان ہند را از غمزۂ پیرانہ خود بربایند بلیت۔ دماغے را کہ بوئے سیر مختل ساخت کے داند بہائے عنبر سارا و ارزنافۂ مشکین۔

دلخواہ این بندہ درگاہ بود کہ سطرے چند برین کتاب نایاب نبیسد اما از بے بضاعتی خود شرم داشت کہ در صف مایہ داران نشیند کہ ناگاہ قبلہ گاہی ادام اللہ برکاتہٗ امر کردند و گفتند کہ لالہ سری رام صاحب ایم اے دوست دیرینۂ من است و ترا لازم است کہ از پاس خاطر انجناب قلم عجز را نا سپاس بگردانی چون امر شد چارہ ندیدم و سطرے چند از نظم و نثر فراہم آوردم کہ ہرگز در نظر نگارندہ این ارزندارد کہ شامل نسخۂ لاجواب خمخانۂ جاوید شود۔ چرا کہ بران کتاب سایۂ شہرت۔ قسام ازل انداختہ است خود زندہ است و از سعی کسے کم و بیش نمی شود بمصداق این شعر

مشک ختن نہفتہ نماند ز ہیچ کس	از بوئے خوش نسیم بہ گیتی خبر برد

محمد عبید المجید

فہرست اسمائے شعرا مندرجہ تذکرہ خمخانۂ جاوید

جلد دوم